آئینۂ وَیسی

یعنی

اِسلام آباد چاٹگام کے مُسلمانوں کی مذہبی اور علمی تاریخ،
حسّانِ عجم، داؤدِ نعتم، قُطبِ ارشاد حضرت صُوفی سیّد فتح علی ضیا
وَیسی چاٹگامی ثُمّ مُرشد آبادی قدّس سرّہٗ، اُن کے والد محترم
پیر و مرشد خلفاء اور متوسّلین کے حالات اور کارنامے اور ان
کی شاعری کا مفصّل تنقیدی جائزہ

محمد مُطیع الرحمٰن

Marfat.com

۲
۲۹۷۶۹۲
و ۹۳ م
20976
DATA ENTERED

آئینہ ویسی

• مولّفہ و مُصَنّفہ ـــــ سگِ درگہہ ویسی، غلامِ غلامان محمد مطیع الرحمٰن پٹنہ کالج۔ پٹنہ
• مورخہ ـــــ اتوار ۵ ربیع الاوّل ۱۳۹۶ھ۔ مطابق ۷ مارچ ۱۹۷۶ء
• مطبوعہ ـــــ لیبل لیتھو پریس۔ رمنہ روڈ، پٹنہ ۴
• کتبہٗ ـــــ عبدالخالق۔ سوز داناپوری
• تعداد اشاعت ـــــ ایک ہزار
• قیمت ـــــ پندرہ روپے

PANJAB UNIVERSITY LIBRARY
12/6/28
Marfat.com

انتساب

محترم المقام مرشد زادہ جناب محمد عضد الدین خاں صاحب مدفیوضہ

اُستاد شعبہ تعلیمات اسلامی، مُسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

کے نام

گر قبول افتد زہے عزّ و شرف

Marfat.com

حسّانِ عجم، داؤدِ نغمہ، قطبِ ارشاد

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب وسیؔ چاٹگامی ثم مرشد آبادی رحمۃ اللہ علیہ

آبائی وطن — اسلام آباد چاٹگام، شرقی بنگال

والد محترم — مولوی صوفی سید وارث علی صاحب شہیدؒ (خلیفہ امیر المومنین سید احمد شہیدؒ)

پیدائش — ۱۲۴۱ھ، مطابق ۱۸۲۵ء = ۱۲۳۲ بنگلہ فصلی

تعلیم — مدرسہ دہلیہ - تھانہ جگت بلبھ پور، ضلع ہوڑہ

پیر و مرشد — حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری (خلیفہ امیر المومنین سید احمد شہیدؒ)

سلاسلِ طریقت — عالیہ قادریہ، عالیہ چشتیہ اور عالیہ نقشبندیہ مجددیہ

ملازمت — پولٹیکل پنشن آفس - ٹیلا برج - کلکتہ

شادی — پُناسی تھانہ بھرت پور - ضلع مرشد آباد (سرکار شریف آباد)

اولادِ امجاد — سیّد محمد مصطفیٰ علی صاحبؒ اور بی بی سیّدہ زہرا قدس سرّہا

انتقال — ۸ ربیع الاوّل ۱۳۰۴ھ مطابق ۶ دسمبر ۱۸۸۶ء = ۲۰ اگہن ۱۲۹۳ بنگلہ فصلی

مزار مبارک — ۲۴/۱ منشی پارا لین - لالہ بگان - مانک تلا - کلکتہ ۶

تصنیف — دیوانِ وسیؔ (فارسی) مطبوعہ ۱۸۹۸ء، ۱۹۲۲ء اور فروری ۱۹۳۵ء

اصنافِ سخن — ۱۷۵ غزلیں؛ ۲۳ قصیدے اور ۶ متفرقات

تعدادِ اشعار — ۳۳۴۷ (نعتیہ اشعار — ۳۲۱)

دو نامور خلفاء — مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب عباسیؒ اور مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقیؒ

Marfat.com

ارشاد فیض بنیاد

شیخ طریقت غوث زمان ہادیٰ و مرشدنا الحاج الحافظ حضرت

مولانا محمد سعید خاں صاحب قبلہ ادام اللہ فیوضہ

منکر انوار ضلع اعظم گڑھ یوپی

"ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن صاحب نے آئینہ ویسی لکھ کر ایک بڑی کمی پوری کردی۔ اس کتاب کا بڑا محرک ڈاکٹر صاحب کا دینی شغف اور اہل اللہ سے محبت معلوم ہوتا ہے اللہ جل شانہٗ اجر کا مستحق بنائے اور نفع ہو۔"

نزد جامع مسجد اعظم گڑھ
۸ رجون ۱۹۷۴ء

محمد سعید خاں

Marfat.com

یدِ بیضا لئے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں میں

جلا سکتی ہے شمعِ کشتہ کو موجِ نفس ان کی
الٰہی! کیا چھپا ہوتا ہے اہلِ دل کے سینوں میں

تمنّا درد دل کی ہو تو کر خدمت فقیروں کی
نہیں ملتا یہ گوہر بادشاہوں کے خزینوں میں

نہ پوچھ ان خرقہ پوشوں کی ارادت ہو تو دیکھ ان کو
یدِ بیضا لئے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں میں

ترستی ہے نگاہِ نارسا جس کے نظارے کو
وہ رونق انجمن کی ہے انہیں خلوت گزینوں میں

کسی ایسے شرر سے پھونک اپنے خرمنِ دل کو
کہ خورشیدِ قیامت بھی ہو تیرے خوشہ چینوں میں

(حکیم الامت علامہ اقبال)

Marfat.com

الف

۶۸۶

عرض حال

اُنیسویں صدی عیسوی کے بلند پایہ شیخ طریقت، عاشق صادق اور باکمال شاعر قطب الاشاد حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی قدس سرّہٗ ۱۸۲۵ء میں چاٹگام میں پیدا ہوئے اور ۱۸۸۶ء میں اُن کا کلکتہ میں انتقال ہوا۔ نعتیہ کلام پر مشتمل اُن کا فارسی دیوان پہلی بار کلکتہ سے ۱۸۹۵ء میں شائع ہوا اور تیسری بار ۱۹۳۵ء میں کان پور سے۔

اگست ۱۹۶۹ء میں جب ہادیٔ دنیا و مُرشدنا الحاج الحافظ حضرت مولانا محمد سعید خاں قبلہ عالم قُدس سرّہٗ خانقاہ نیڑل شریف ضلع ہوگلی میں مقیم تھے اور اللہ کے فضل و کرم سے اِس ناچیز کو خدمت عالی میں پہلی بار حاضری کی سعادت نصیب ہوئی، تو حصول شرف بیعت سے ایک روز قبل بدھ ۶ اگست ۱۹۶۹ء کو دیوان ویسی مطبوعہ ۱۹۳۵ء کا ایک نسخہ وقتی مطالعہ کے لئے عنایت ہوا۔ اور پٹنہ واپس ہونے سے قبل کلکتہ جاکر دِلّی دال قبرستان منشی پارالین، مانک تلا کلکتہ ۶ میں حضرت ویسیؒ کے دربار میں حاضر ہونے کا حکم دیا گیا۔ چنانچہ اتوار

Marfat.com

۱۰ اگست ۱۹۶۹ء کو مانک تلہ میں حضرت وسیؒ کے مزار مبارک پر حاضری کی سعادت نصیب ہوئی۔

دیوان وسیؒ میں دیئے ہوئے چند نامکمل پرانے پتوں کی مدد سے کچھ دشواری کے بعد اکتوبر ۱۹۶۹ء میں رالیہ نبگال بی بی زہرا قدس سرہا کے پوتے جناب سید عبدالمتین صاحب مدظلہ سے رابطہ قائم ہوا اور کچھ معلومات حاصل ہوئیں۔ نومبر ۱۹۶۹ء میں دیوان وسیؒ کا ایک نسخہ کلکتہ سے منگوایا۔ حضرت صوفی صاحبؒ کے سلسلہ سے وابستہ ایک بزرگ ممتاز المحدثین جناب مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلہ، گوشہ نشین خانقاہ کان کھولی شریف۔ گارڈن ریچ کلکتہ نے ۱۹۵۵ء میں حضرت صوفی صاحب قدس سرہٗ کے متعلق ایک مختصر مگر نہایت ہی کارآمد تصنیف حیاتِ وسیؒ کے نام سے بنگلہ اور اردو میں شائع کیا تھا۔ اس کا ایک نسخہ ۱۹۷۱ء کے موسم گرما میں اعظم گڑھ کے ایک صاحب ذوق وکیل کے یہاں دیکھنے کا موقع ملا۔ میری گذارش پر مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلہ نے اس کتاب کا ایک نسخہ روانہ کیا، جو ۸ اگست ۱۹۷۲ء کو ملا۔

مارچ ۱۹۷۳ء میں شجرۂ طریقت کی ترتیب و تدوین کے بعد قطب ارشاد حضرت صوفی سید فتح علی صاحب وسیؒ قدس سرہٗ کے حالات اور ان کی شاعری کے متعلق ایک کتاب لکھنے کا خیال پیدا ہوا۔ ۱۹۷۴ء کے موسم گرما میں کتاب تیار ہو گئی اور اس کا مسودہ صاف کر کے اوائل جون ۱۹۷۴ء میں اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کی خدمت بابرکت میں اعظم گڑھ حاضر ہوا۔ اعلیٰ حضرت نے مختلف نشستوں میں بکمال توجہ و محبت

Marfat.com

کتاب کے مسودہ کی سماعت فرمائی۔ لفظ و نسیی کی تحقیق کے سلسلہ میں دارالمصنفین کی لائبریری سے کتابیں منگوا کر پوری طرح اطمینان حاصل کیا۔ کہیں کہیں عبارت میں ترمیم و تنسیخ کیا۔ غلطیوں کی تصحیح فرمائی۔ کتاب کو پسند فرمایا۔ مسرت و شادمانی کا اظہار فرمایا اور محترم المقام جناب بابو محمد اسرار الحق خاں صاحب کی گذارش پر ۸ رجون ۱۹۷۴ء کو کتاب کے متعلق چند دعائیہ کلمات بھی تحریر فرمائے۔

آئینہ وطنی کا جو ابتدائی مسودہ اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کی منظوری کے لئے پیش کیا گیا تھا وہ زیر نظر کتاب کا صرف ایک تہائی حصہ تھا۔ اعظم گڑھ سے واپسی کے بعد کتاب کی طباعت و اشاعت میں تاخیر ہوئی اور اسی دوران بنگال کے چند بزرگوں سے خط و کتابت کا سلسلہ قائم ہوا اور امیر المومنین حضرت سید احمد شہید کے خلفا اور ان کے متوسلین کے متعلق گرانقدر معلومات حاصل ہوئیں جن کا کچھ حصہ کتاب میں شامل کرنا مناسب سمجھا۔

کتاب کے ابتدائی مسودہ میں حضرت مولوی سید فتح علی صاحب وطنی کے آبائی وطن اسلام آباد چاٹگام کے متعلق دور اسلامی کے حالات بہت مختصر تھے لیکن بعد میں مختلف ذرائع سے مفصل معلومات حاصل ہونے پر تاریخی پس منظر، اسلامی اقتدار اور مذہبی خدمات کے تین ابتدائی ابواب کو قدرے شرح و بسط سے بیان کر کے چاٹگامی مسلمانوں کی اہمیت اور ان کی بیش بہا خدمات کو واضح کرنے کی کوشش کی گئی۔

اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ نے کئی بار اپنے پیر و مرشد حضرت حافظ

Marfat.com

حامد حسن صاحب علوی رح کے حوالے سے ارشاد فرمایا کہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کی ولی اللّٰہی شاخ میں امیر المومنین حضرت سید احمد شہید بریلوی رح کے حالات مطبوعہ ہیں اور تمام بزرگوں سے متعلق کتابیں بآسانی مل جاتی ہیں۔ لیکن حضرت سید احمد شہید رح کے بعد کے سلسلہ کے بزرگوں کے حالات اور ان کے کارناموں کے متعلق کوئی کتاب موجود نہیں ہے۔ چنانچہ زیر نظر تصنیف میں جہاں امیر المومنین رح کے نامور خلیفہ اور حضرت صوفی صاحب رح کے پیر و مرشد حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری رح کے حالات درج کئے گئے ہیں۔ وہاں حضرت امیر المومنین رح کے دوسرے خلفاء حضرت مولانا امام الدین بنگالی رح حضرت مولانا کرامت علی جون پوری رح اور حضرت گلزار ملا رح اور ان کے خلفاء اور متوسلین کے بھی مختصر حالات پیش کئے گئے ہیں۔

قطب ارشاد حضرت صوفی سید فتح علی صاحب دہلوی قدس سرہ کے خلفاء میں حضرت مولانا شاہ محمد ابو بکر صاحب صدیقی رح اور شمس العلماء حضرت مولانا غلام مسلمانی صاحب عباسی رح اور ان دونوں بزرگوں کے خلفا اور متوسلین کی دینی اور ادبی خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اس سلسلہ عالیہ سے وابستہ بیسویں صدی عیسوی کی تین عظیم المرتبت ہستیوں حضرت سید عبد الباری شاہ رح۔ حضرت حافظ حامد حسن رح صاحب علوی رح اور حضرت مولانا محمد سعید خاں قبلہ عالم قدس سرہ کی گراں قدر خدمات اور ان کے شاندار اور زریں کارناموں کو مفصل طور پر پیش کر کے حضرت صوفی صاحب رح کے سلسلہ کے بزرگوں کے بارے میں کتاب کو پوری حد تک جامع اور مکمل بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ ابتدائی مسودہ میں

Marfat.com

ان تینوں کے بزرگوں کے حالات شامل نہ تھے۔ ممکن ہے کہ ان تینوں بزرگوں کے سلسلہ میں بعض تفصیلی حالات عام لوگوں کے لیے بہت زیادہ دلچسپی کا باعث نہ ہوں۔ لیکن سلسلہ سے وابستہ لوگوں کے لیے ان باتوں کی بڑی اہمیت ہے اور آنے والے دور میں جب ملتِ اسلامیہ کی تاریخ مرتب کی جائے گی اور ہندوستان میں احیائے اسلام کی تحریکوں کا جائزہ لیا جائے گا، تو اُس وقت اِن باتوں کی بہت زیادہ اہمیت ہوگی اور جہاں تک زاغم السطور کا تعلق ہے ؎

لذیذ بود حکایت دراز تر گفتم

آئینہ وسیمی کے دوسرے حصّہ میں قطب الارشاد حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب وسیمیؒ کی فارسی شاعری اور اُن کے نعتیہ کلام کا مختلف زاویہ نگاہ سے جائزہ لیا گیا ہے اور دوسرے اساتذہ فارسی کے کلام سے اُن کے اشعار کا مقابلہ اور موازنہ کرکے اُن کی شاعری کی قدر و قیمت واضح کرنے اور فارسی شاعری میں حیثیت سے اُن کا مقام متعیّن کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ہر عنوان کے تحت اُن کے کلام کا کافی نمونہ پیش کیا گیا ہے اور اخیر میں اُن کی ۲۷ مکمّل غزلیں پیش کی گئی ہیں۔ تاکہ ان مکمّل غزلوں کی روشنی میں حضرت صوفی صاحبؒ کی فارسی شاعری اور اُن کی غزل گوئی کے محاسن کا اندازہ لگایا جاسکے۔

آئینہ وسیمی کی ترتیب و تدوین میں جن کتابوں سے مدد لی گئی ہے۔ یا جن حضرات کے خطوط کی روشنی میں کوئی واقعہ درج کیا گیا ہے۔ ہر جگہ

Marfat.com

فٹ نوٹ میں اُس کا مفصّل حوالہ دیا گیا ہے اور کتاب کے آخیر میں کتابیات کے عنوان سے اُن تمام کتابوں کے نام مقام اور سال اشاعت کے ساتھ درج کیے گئے ہیں اور اسی عنوان کے تحت اُن ۳۲ آدمیوں کے نام اور پتے بھی دیے گئے ہیں، جن کے خطوط سے مدد لی گئی ہے۔ جن دوستوں اور بزرگوں نے مزارات وغیرہ کے عکس بھیجے ہیں ان کے نام اور پتے بھی ایک الگ عنوان کے تحت درج کر دیئے گئے ہیں۔

ادبی، مذہبی اور سیاسی شخصیتوں، تاریخی اور جغرافیائی ناموں کی ضروری حوالوں کے ساتھ فٹ نوٹ میں وضاحت کی گئی ہے، جس سے پڑھنے والوں کو آسانی ہو اور اگر خواہش ہو تو اُس سلسلہ میں متعلقہ کتابوں کا براہ راست مطالعہ کر کے اپنی معلومات میں اضافہ کر سکیں۔

ہر جگہ ہجری سال کے ساتھ عیسوی سال اور کہیں کہیں ضرورت کے لحاظ سے بنگلہ فصلی سال بھی دیا گیا ہے تاکہ سال اور تاریخ کے تطابق میں آسانی ہو۔ متعلقہ علاقوں اور مقامات کی وضاحت کے لئے کتاب میں کل ۱۷ نقشے دیئے گئے ہیں حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب قبلہ قدس سرّہٗ کی تحریر اور ان کے دستخط بزرگوں کے مزارات اور چند کتابوں کے صفحات کے کل ۲۱ عکس کتاب میں پیش کئے گئے ہیں۔

کتاب کا بیشتر حصّہ چھپنے کے بعد جو ضروری باتیں معلوم ہوئی ہیں، وہ اور ۲۷ محرم الحرام ۱۳۹۶ھ = ۳۰ جنوری ۱۹۷۶ء کو ہادیٔ و مرشدنا الحاج الحافظ حضرت

مولانا محمد سعید خان صاحب قبلہ عالم قدس سرّہٗ کے انتقال پُر ملال اور منگرانواں ضلع اعظم گڈھ میں اُن کی تدفین اور مزار مبارک کے متعلق تمام حالات کتاب کے اخیر میں بطور ضمیمہ شامل کر دیئے گئے ہیں۔

آئینہ وسیبی اعلیٰ حضرت پیر و مرشد قبلہ عالم قدس سرّہٗ کی نگاہ کرم اور اُن کی دعائے نیم شبی کی برکتوں کا نتیجہ ہے۔ گرچہ اعلیٰ حضرت قبلہ عالم غفرلہ سرّہٗ نے اپنے ایک ناچیز اور ادنیٰ ترین غلام کی کاوشوں کے تقریباً تمام حصّے کا مطالعہ فرمایا تھا اور انہیں بہ نظر استحسان دیکھا تھا۔ لیکن کتاب کو آخری شکل میں دیکھنے سے تقریباً مہ روز قبل وہ اپنے مولا سے جا ملے۔ کتاب کی اشاعت میں جو غیر معمولی تاخیر ہوئی اس میں میری کوتاہی سے زیادہ میری بے بسی کا دخل ہے۔

ناچیز راقم السطور کو اپنی بے بضاعتی اور کم مائگی کا مکمل احساس ہے۔ حتی الامکان کتاب کو مفید اور کارآمد بنانے کی پوری کوشش کی گئی ہے۔ کالج میں درس و تدریس کے مشاغل اور بعض انتظامی اُمور کی ذمہ داریوں کے ساتھ آئینہ وسیبی کی کتابت اور طباعت کی ہر منزل میں سارا کام خود تن تنہا انجام دینا پڑا ہے۔

حضرت صوفی سید فتح علی صاحب وسیبی قدس سرّہٗ کے حالات کے سلسلہ میں مولانا زین العابدین صاحب اخری مدظلہٗ کی کتاب حیات وسیبی نے بنیادی کام کیا ہے۔ مولانا نے اپنے بہت سے خطوط کے ذریعہ میری مدد کی ہے اور ہمت افزائی بھی۔ ڈھاکہ سے محترم المقام الحاج الحافظ مولانا سید ابو البشر محمد لبشیر الدین صاحب ادام اللہ فیوضہٗ نے کتاب کی تدوین کے سلسلہ میں تقریباً ۳۵ خطوط لکھے۔

Marfat.com

کتابیں بھیجیں۔ بزرگوں کے مزارات اور کتابوں کے عکس روانہ کئے۔ دوسروں سے خطوط لکھوائے۔ حضرت صوفی صاحبؒ کی اولاد امجاد اور اُن کے خلفائے مریدین اور متوسلین کے حالات مرتب کرنے میں مجھے مولانائے محترم کے خطوط سے بہت مدد ملی ہے۔

مولانا محمد اظہار الحق صاحب کے خطوط سے ملے پاش (پرگنہ نظام پور) ضلع چاٹگام، مولانا عبد السلطان صاحب کے خطوط سے فُرفُرا شریف ضلع ہوگلی اور ڈاکٹر محمد ابو تراب صاحب کے خطوط سے منگل کوٹ ضلع بردوان اور وہاں کے بزرگوں کے متعلق ضروری معلومات حاصل ہوئیں۔ میری گذارش پر میرے برادر طریقت اور کرمفرما جناب حاجی غلام کبریا صاحب نے ڈھاکہ سے سید مرتضیٰ علی کی کتاب "ہسٹری آف چٹاگانگ" کی ایک جلد روانہ کی۔ جس سے ابتدائی ابواب کی ترتیب اور اضافہ میں بہت مدد ملی۔

محب گرامی قدر جناب الحاج پروفیسر سید شاہ امین احمد صاحب کاظمی صدر شعبہ عربی پٹنہ یونی ورسٹی سے مدیح رسول ﷺ حضرت حسّان ابن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں اور عزیزی ڈاکٹر سید انوار احمد صاحب صدر شعبہ فارسی پٹنہ کالج سے حضرت شیخ یوسف گدا آور اُن کی کتاب تحفۃ النصائح کے متعلق میری معلومات میں اضافہ ہوا اور مدد ملی۔ عزیزی ڈاکٹر حبیب المرسلین صاحب لکچرر شعبہ فارسی پٹنہ یونی ورسٹی نے آئینہ دلیسی کے آخر میں حضرت ولیسیؒ کی مکمل غزلوں کی تعداد میں اضافہ کرنے کا مفید مشورہ دیا۔ میرے آقائے نوا سے الحاج بابو

Marfat.com

محمد اسرار الحق خان صاحب محترم نے حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رح کے خلفاء کی فہرست روانہ کی۔ میں ان تمام حضرات کا ممنون احسان ہوں۔ ان کے علاوہ جن بزرگوں، دوستوں اور عزیزوں نے کسی طرح سے بھی اس کتاب کی تدوین میں میری مدد کی ہے، خطوط لکھے ہیں۔ مزارات کے عکس بھیجے ہیں، مشورے دیئے ہیں۔ ہمت افزائی کی ہے اور جن کی کتابوں سے میں نے مدد لی ہے، ان سب کا رہین منت اور شکر گذار ہوں۔

اس موقع پر جناب مولوی غفران احمد صاحب رضوی قادری مرحوم (پوکھریرہ۔ تھانہ پوپری۔ ضلع سیتامڑھی۔ بہار) کا ذکر بھی مناسب معلوم ہوتا ہے۔ جنہوں نے بچپن میں اس ناچیز کو والد مرحوم کی نگرانی میں نہایت ہی خلوص اور محبت کے ساتھ فارسی زبان و ادب کی تعلیم دی تھی۔ وہ تعلیم آئینہ ویسی کی تدوین کے وقت کام آئی۔ اللہ پاک اُن کی قبر کو اپنی رحمت کے پھولوں سے بھر دیں اور اُن کا مقام بلند فرمائیں۔

بہار یونیورسٹی فلیٹ، لا کالج کمپاؤنڈ
پٹنہ نمبر ۶

اتوار ۲۸ صفر المظفر ۱۳۹۶ھ
مطابق ۲۹ فروری ۱۹۷۶ء

سگِ درگہہ ویسی اور غلام غلاماں
ناچیز
محمد مطیع الرحمٰن

Marfat.com

آئینہ قدیمی

فہرست مضامین

حصہ اوّل

۱۔ اسلام آباد چاٹگام کا تاریخی پس منظر ——

چاٹگام اور ارایان کے ساحل پر عرب مسلمانوں کی آمد ص۲ ؛ مخدوم الملک ص۶ ؛ حضرت شرف الدین بہاری رح ص۳ ؛ حضرت سید نجتیار ماہی سوار رح ص۱۰ ؛ حضرت صوفی سید محمد دانم رح ص۱۱ ؛ حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی رح ص۱۱ ؛ خواجہ شہاب الدین حق گو رح ص۱۲ ؛ مخدوم سید اشرف جہانگیر سمنانی رح ص۱۸ ؛ شاہ رکن الدین رکن عالم رح ص۲۳ ؛ حضرت جلال یمنی رح ؛ سپہ سالار سید نصیرالدین رح ص۲۸ ؛ سید قتال رح ص۳۲ ؛ شاہ چاند اولیا رح ؛ شاہ محسن اولیاء رح ؛ حضرت سلطان بایزید بسطامی رح کی درگاہ ص۳۳ ؛ شیخ فرید رح کا چشمہ ص۳۵ ؛ حضرت سید محمد یوسف شاہ پیر رح ص۳۷ ؛ حضرت جلال جلتی رح ، شاہ ملا مسکین رح ؛ شاہ عمر رح ؛ قاضی مُرکّل رح ؛ حضرت حامد شاہ رح ص۳۹ ؛ بہیڑی اولیاؒ ؛ شاہ معین الدین رح ص۴۲ ؛

ک

شاہ احمداللہ رح ؛ حضرت شاہ امانت اللہ صاحب نقشبندی مجددی رح ؛ شاہ وعظ الدین رح ص۴۳ ؛ مولانا سید تجمل علی رح ؛ مولانا سید نورالحق رح ، سید شاہ ابوالقاسم رح ص۴۴ ۔

۲۔ چاٹگام پر اسلامی اقتدار ——— ۴۵

فخرالدین مبارک شاہ ؛ علاءالدین حسین شاہ ص۴۷ ؛ ناصرالدین نصرت شاہ ؛ داؤد خاں قرّانی ص۴۹ ؛ پرتگالی بحری قزاقوں کے مظالم ؛ مغل صوبہ دار نواب اسلام خاں ص۵۰ ؛ نواب قاسم خاں ؛ نواب ابراہیم خاں ، ص۵۱ ؛ نواب خانہ زاد خاں ، نواب قاسم خاں جوینی ص۵۳ ، نواب اسلام خاں مشہدی ص۵۴ ، سلطان شجاع ص۵۵ ؛ امیرالامرا نواب شائستہ خاں ص۵۸ ؛ چاٹگام پر مغل فوج کا حملہ اور قبضہ ص۶۲ ؛ بزرگ امید خاں ؛ میر مرتضیٰ ؛ رامو پر قبضہ ص۶۴ ، جامع مسجد چاٹگام ص۶۵ ، نصیرآباد کی مسجد ص۶۶ ، حمزہ خاں کی مسجد ص۶۷ ، الساکی مسجد ؛ دو ہزاری ؛ دیوان ہاٹ کی مسجد ص۶۸ ؛ مسجد جولاہارا ؛ مسجد ولی بیگ خاں ، چار یاکی مسجد ، مسجد قدم مبارک ؛ فوجدار یٰسین خاں ص۶۹ ؛ اَدھو خاں ؛ ضلع چاٹگام کی آبادی اور سلمان ص۶۹ ؛ چاٹگام میں حضرت صوفی سید فتح علی صاحب یمنی رح کا خاندان ص۷۰ ۔

۳۔ چاٹگامی مسلمانوں کی مذہبی خدمات ——— ۷۱

بنگال میں وہابی تحریک کے اثرات ؛ سید سلطان رح ؛ شیخ پران ص۷۳ ؛ حاجی محمد صاحب رح ؛ نصراللہ خاں رح ص۷۳ ؛ محمد خاں رح ص۷۴ ؛ شیخ مطلب رح ص۷۷ ؛

سید محمد شفیعؒ ؛ عبدالحکیمؒ ص۷۸ ؛ نوازش خاں ص۷۹ ؛ قمر علی ؛ عبدالنبی صدیقیؒ ص۸۰ ؛ محمد فصیح ؛ محمد جان ؛ شیخ منصور ؛ محمد وزیر علیؒ ص۸۱ ، علاول ص۸۱ ، اخوندکار شاہ عبدالکریم ص۸۴ ؛ علی رضاؒ ؛ سید محمد مقیمؒ ص۸۶ ، محمد علی عادل پوری ص۸۷ ؛ سید نورالدینؒ ص۸۷ ؛ خان بہادر حمید اللہ خاں نقشبندی مجددیؒ ص۸۸

۴ - حضرت سید احمد شہیدؒ کے بنگالی رفقائے کار ——— ۹۲

حضرت سید احمد شہید بریلویؒ ؛ بنگالی مجاہدین ؛ مولوی امام الدین بنگالیؒ ص۹۶

۵ - حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوریؒ ——— ۱۰۲

حضرت سید احمد شہید بریلویؒ سے شرف بیعت ؛ حاجی چاندرؒ ؛ مولانا محمدی انصاریؒ ص۱۰۳ ؛ نگر ضلع بیر بھوم ؛ صوفی صاحبؒ کے انتقال کی تاریخ ؛ پرگنہ نظام پور ص۱۰۶ ؛ شیر شاہ سور ؛ نظام شاہ سور (نوگانزل) ص۱۱۰ ؛ اراکانی راجاؤں پر اسلامی اثرات ؛ دولت وزیر بہرام خاں ص۱۱۳ ؛ فتح آباد ؛ میر سرائے اور ملے پاش ص۱۱۶ ؛ صوفیہ روڈ ؛ صوفیہ نوریہ مدرسہ ؛ حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوریؒ کی ہمشیرہ کی اولاد ص۱۲۰ ؛ مولانا عبدالغنی صاحب مدظلہ ؛ جامع مسجد چاٹگام کی داگذاری ص۱۲۲ ؛ احادیث النحو (متن) ؛ مولانا امام الدین بنگالیؒ کا وطن ص۱۲۴ ؛ اُن کی وفات کی تاریخ ؛ سعد اللہ پور ضلع نواکھالی ، تبرکات عالیہ ص۱۲۷ ۔

حضرت مولانا کرامت علی صاحب جون پوریؒ ص۱۲۷ ؛ مولانا حافظ احمد جون پوری ص۱۳۱ ؛ مولانا حافظ عبدالرب جون پوریؒ ص۱۳۳ ؛ مولانا شاہ محمد یعقوب

Marfat.com

بدر پوری ص ۱۳۴؛ حضرت مولانا شاہ گلزار ملا رح ص ۱۳۶؛ خواجہ لاسکیر ملا رح؛
حضرت شاہ احسن اللہ صاحب صدیقی نقشبندی رح ص ۱۳۷؛ شاہ عبدالعزیز صاحب
مجددی رح؛ جناب الحاج سید ابوالبشر محمود حسین صاحب مدظلہ ص ۱۳۹۔

۶۔ مولوی سید وارث علی صاحب رح ——— ۱۴۱

۷۔ حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی رح کی پیدائش اور تعلیم ——— ۱۴۶

تاریخ پیدائش؛ مدرسہ دہر ضلع ہوڑہ ص ۱۴۷، حضرت مولانا
شاہ صوفی غلام قادر صاحب رح؛ فارسی زبان وادب پر عبور کامل۔

۸۔ حصول بیعت اور تعلیم طریقت ——— ۱۴۸

۹۔ سلاسل طریقت ——— ۱۴۹

طریقہ عالیہ نقشبندیہ؛ طریقہ عالیہ قادریہ؛ طریقہ عالیہ چشتیہ

۱۰۔ ملازمت ——— ۱۵۰

نواب واجد علی شاہ اختر والی اودھ ص ۱۵۱؛ مٹیا برج ص ۱۵۲، پولٹیکل
پنشن آفس ص ۱۵۳؛ ملازمت سے استعفا

۱۱۔ شادی ——— ۱۵۴

بی بی فاطمہ قدس سرہا؛ سرکار شریف آباد؛ مخدوم شاہ محمد غزنوی عرف
راہی پیر رح؛ شاہ عبداللہ گجراتی رح ص ۱۵۶

حضرت مولانا شیخ حمید الدین دانشمند بنگالی رح ص ۱۵۶؛ حضرت امام ربانی
سرہندی رح سے ملاقات اور شرف بیعت ص ۱۵۸؛ شہزادہ خرم (شاہ جہاں)

Marfat.com

کی دربار میں حاضری ص۱۶۰ ؛ شاہ جہانی مسجد، پیر لوکھر منگل کوٹ ص۱۶۱ ؛ رشید شہزادپوری کا خراج عقیدت ؛ مکتوبات حضرت امام ربّانیؒ اور حضرت شیخ حمید بنگالیؒ ص۱۶۳ ؛ خلافت نامہ ص۱۶۵ ؛ مزار مبارک کی صفائی اور مرمّت ص۱۶۷۔

حضرت ذاکر علی القادریؒ ص۱۶۹ ؛ شاہ طفیل علی قادریؒ ص۱۷۰ ، سید مہر علی قادریؒ ص۱۷۱ ؛ سیّد مُرشد علی القادریؒ ؛ سیّد شاہ ارشاد علی قادریؒ ص۱۷۲۔

اخوندکاران صدّیقی ص۱۷۲ ؛ حاجی بہرام سقّہ بردوانیؒ ص۱۷۳ ؛ بردوان، منگل کوٹ ضلع بردوان ص۱۷۴ ؛ پناسی ضلع مرشد آباد ص۱۷۵ ؛

۱۲۔ انتقال ——— ۱۷۶

مزار مبارک کے کتبے ؛ قطعہ تاریخ وفات ؛ مدرسہ دارالفنون مانک تلّہ۔

۱۳۔ ایصال ثواب کا سالانہ جلسہ ——— ۱۸۱

۱۴۔ اولاد امجاد ——— ۱۸۵

سیّد محمد مصطفیٰ علیؒ ؛ مولانا سیّد مسعود الرحمٰن صاحبؒ ص۱۸۶ ؛ جناب الحاج سیّد محمد جان عالم صاحب ایڈووکیٹ ص۱۸۸ ؛ سیّد شہید عالم صاحب بار ایٹ لا ؛ آنریبل مسٹر جسٹس عبدالرحمٰن چودھری ؛ رابعہ بنگال حضرت بی بی سیّدہ زہراؒ ص۱۸۹ ؛ بی بی سیّدہ زہرا کی اولاد ص۱۹۰ ؛ جناب سیّد عبدالمتین صاحب ص۱۹۱ ؛ اولاد کا شجرۂ نسب ص۱۹۲۔

۱۵۔ اخلاق و عادات ——— ۱۹۳

Marfat.com

۱۶ - کشف و کرامات ——— ۱۹۴

مولانا شاہ سعادت حسین صاحبؒ ؛ سائیں توکّل شاہؒ

۱۷ - خلفا اور مریدین ——— ۱۹۹

مولوی ایاز الدین صاحبؒ صـ۲۰۲ ، صوفی نیاز احمد صاحبؒ صـ۲۰۳ ؛ کاٹرائیتا شہر بردوان صـ۲۰۶ ؛ مسٹر فضل الرحمٰن مرحوم صـ۲۰۷ ؛ مولانا صوفی اکرام الحق صاحب صـ۲۰۸ ؛ مولوی عبدالعزیز صاحبؒ چنسُورہ ضلع ہوگلی صـ۲۱۱ ؛ مولوی اکبر علی صاحبؒ، صـ۲۱۴ ؛ مولوی امجد علی صاحبؒ صـ۲۱۵ ؛ مولوی احمد علی صاحبؒ ؛ مولوی عبدالقادر صاحبؒ ؛ شاہ دیدار بخشؒ ؛ شیخ قربان علیؒ - شیخ واجد علیؒ صـ۲۱۶ ؛ مرزا اشرف علیؒ صـ۲۱۷ ؛ مولوی عطار الرحمٰنؒ ؛ مولوی سیّد ذوالفقار علی صاحبؒ ؛ مولوی عطائے الٰہی صاحبؒ صـ۲۱۹ ؛ میر نثار علی عرف تیتو میر مرحوم صـ۲۲۱ ؛ شاہ بقار اللہ صاحبؒ ؛ مولوی قاضی خدا نواز صاحبؒ صـ۲۲۲ ؛ منشی شرافت اللہ صاحبؒ صـ۲۲۴ ؛ مولوی مبین اللہ صاحب صـ۲۲۵ ؛ مولوی عبدالقادر صاحبؒ صـ۲۲۶ ؛ شاعر محمد مزمّل حق ؛ مولوی گل حسین صاحب خراسانیؒ صـ۲۲۸ ؛ حافظ محمد ابراہیم صاحبؒ ؛ منشی صداقت اللہ صاحبؒ صـ۲۲۹ ۔

۱۸ - مولانا عبدالحق صاحبؒ ——— ۲۳۰

۱۹ - فرفرا شریف ——— ۲۳۴

سیرام پور ضلع ہوگلی صـ۲۳۷ ؛

۲۰ - حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقیؒ ——— ۲۴۲

مدرسہ صوفیہ نوریہ ملے یاش اور مدرسہ فتحیہ فرفرا شریف ص۲۴۴؛ اولاد،
خلفا، مولانا شاہ ابو نصر محمد عبدالحی صاحب مدظلہ، ص۲۴۹؛ مولانا محمد روح الامین
صاحبؒ ص۲۵۰؛ مولانا عبدالخالق صاحبؒ؛ بیگم سیدہ فاطمہ فضل الرحمٰن
عرف نسیمی بیگم ص۲۵۱؛
مولانا شاہ صوفی احمد علی صاحب جلالیؒ ص۲۵۲؛ مولانا محمود بخت بختیاری
مدظلہ، ص۲۵۵؛ مولانا زین العابدین صاحب اخری مدظلہ؛ حیات وسیی ص۲۵۶؛
مولوی تمیز الدین خان مرحوم ص۲۵۹؛ مولوی سید حاتم علی مدظلہ، ص۲۶۳،
مولانا سید ابو البشر محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ، ص۲۶۳؛ خان بہادر ابو الخیر
محمد صدیقؒ ص۲۶۸؛ نواب زادی عصمت آرا بیگم صاحبہ ص۲۷۰؛ الوزا ہر
جلیل صاحب ص۲۷۱۔
ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ ص۲۷۵؛ انتقال؛ علمی کارنامے ص۲۸۱؛
محمد صفی اللہ صاحب ص۲۸۷؛ مولانا شاہ محمد ابو بکر صاحب صدیقیؒ کے مریدین ص۲۸۸
۲۱- شمس العلما حضرت مولانا غلام سلمانی صاحب عباسیؒ ——— ۲۸۹
شہنشاہ جارج پنجم سے ملاقات ص۲۹۳؛ اولاد ص۲۹۴؛ مولانا ابو البرکات
محی الدین صاحبؒ ص۲۹۶؛ مدحیہ نظمیں ص۲۹۸؛ خلفا اور مریدین ص۳۰۱؛
قطب ارشاد حضرت سید عبدالباری شاہؒ ص۳۰۲؛ بال گڑھ ضلع
ہوگلی ص۳۰۳؛ محلہ بالی شہر ہوگلی ص۳۰۴؛ نل ڈانگا ضلع ہوگلی میں قیام ص۳۰۵؛
حضرت کریم بخش علویؒ سے شرف بیعت ص۳۰۸؛ حضرت مولانا شاہ غلام سمنانیؒ

Marfat.com

سے شرف بیعت ص۳۱۱ ؛ کوہنڈہ ضلع اعظم گڑھ کا سفر ص۳۱۲ ؛ حافظ حامد حسن صاحب علویؒ کی تربیت ؛ مولوی عبدالصمد صاحبؒ ص۳۱۵ ؛ بھنائوں مرحوم (نابینا) ص۳۱۶ ؛ وزیر مرحوم ؛ اجودھیا کا سفر ص۳۱۸ ؛ انتقال ص۳۲۰ ؛ جذب وکیف ص۳۲۲ ؛ اندراج النہایت فی البدایت ص۳۲۵ ؛ خلفا اور مریدین ص۳۲۷ ؛ سوانح حیات ص۳۲۹ ؛ خانقاہ بنڈیل شریف ص۳۳۰ ۔

حضرت حافظ حامد حسن صاحب علویؒ ص۳۳۱ ؛ حضرت کریم بخش علویؒ کا سلسلہ عالیہ چشتیہ ص۳۳۲ ؛ کوہنڈہ ضلع اعظم گڑھ ص۳۳۴ ؛ حضرت مولانا شاہ غلام سلمانیؒ کے دربار میں ص۳۴۱ ؛ چاٹگام کا سفر ص۳۴۲ ؛ معمولات ص۳۴۶ ؛ انتقال ص۳۵۱ ؛ اولاد ص۳۵۲ ؛ قوت تاثیر اور علمی تبحر ص۳۵۸ ؛ مولانا فصیح احمد صاحب بہاریؒ ص۳۵۹ ؛ حضرت حافظ حامد حسن صاحب علویؒ کے اخلاق حسنہ ص۳۶۱ ؛ مریدین اور متوسلین کے لئے وصیت ص۳۶۴ ؛ خلفا ص۳۶۸ ۔

ڈاکٹر احمد اللہ صاحبؒ ص۳۷۰ ؛ الہ آباد ص۳۷۱ ؛ حافظ محمد ظہور صاحبؒ ؛ مئوناتھ بھنجن ضلع اعظم گڑھ ؛ مولانا عبدالسمیع صاحبؒ ص۳۷۲ ؛ ہفنیان ضلع پورنیہ ص۳۷۴ ؛ صوفی عبدالحلیم صاحب ہفنیاں ص۳۷۶ ، ضلع پورنیہ کی مسلم آبادی ؛ مولانا شبلی مرحوم نداؤں ص۳۷۷ ؛ حافظ محمد منیر صاحبؒ چاٹگام ص۳۷۹ ؛ ضلع اکیاب (برما) کے خلفا ص۳۸۱ ؛ رنگون (برما) کے خلفا ص۳۸۳ ؛ ماسٹر محمد عیسیٰ صاحب کوریا پار ص۳۸۴ ؛

الحاج مولانا محمد سعید خاں صاحب قبلہ مدظلہ ص۳۸۵ ؛ نونہاری ضلع

اعظم گڑھ ص۳۸۷ ؛ بچھتے پور ضلع اعظم گڑھ ص۳۹۰ ؛ تعلیم ص۳۹۳ ؛ شبلی نیشنل ہائی اسکول اعظم گڑھ ص۳۹۴ ؛ حرمین شریفین کی زیارتیں ص۳۹۴ ؛ تبلیغی دورے اور سفر ص۳۹۵ ؛ مہمانوں کی تواضع ص۳۹۷ ؛ روزانہ کے معمولات ص۳۹۸ ؛ لباس اور طعام ص۳۹۹ ؛ منگرانواں ضلع اعظم گڑھ ص۴۰۰ ؛ اولاد ص۴۰۳ ؛ جناب ظفر الدین خان صاحب ص۴۰۵ ؛ جناب محمد عضد الدین خان صاحب ص۴۰۶ ؛ جناب محمد افتخار صاحب ؛ پیغام عمل ص۴۱۰ ؛ خلفا اور مریدین ص۴۱۴ ؛ (مریدین کے سلسلہ میں ص۵۴۲ ، پر ضمیمہ بھی ملاحظہ فرمائیں)۔

۲۲ - حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح کا تخلّص ——— ۴۱۷

۲۳ - دیوان ویسی ——— ۴۱۸

——— حصّہ دوم ———

قطب ارشاد حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح کی شاعری

۱ - حضرت ویسی قدس سرّہٗ اور عشق رسول ص ——— ۴۲۶

۲ - حضرت ویسی رح کی غزل گوئی ——— ۴۳۰

۳ - نعت نویسی کی روایت ——— ۴۳۳

شیخ شرف الدین سعدی شیرازی رح ص۴۳۴ ؛ مولانا جلال الدین رومی رح ؛ خواجہ ابوالحسن خسرو رح ص۴۳۶ ؛ مولانا نور الدین عبدالرحمٰن جامی رح ص۴۳۷ ؛ شیخ ابوالفیض فیضی ، حضرت مرزا جان قدسی رح ص۴۳۹ ؛ مرزا اسد اللہ خاں غالب ؛

Marfat.com

ق

علامہ اقبالؒ ص۴۴۱ ؛ مولانا احمد رضا خان صاحب بریلویؒ ؛ ایک بنگالی شاعر۔

۴۔ حضرت ولیسی قدس سرہٗ اور نعت رسولؐ ——— ۴۴۵

۵۔ اتباع سنّتِ رسولؐ ——— ۴۵۰

۶۔ مدح و توصیف رسولؐ ——— ۴۵۴

۷۔ محبوب کے مظاہرِ حسن اور رنگ تغزّل ——— ۴۵۸

۸۔ اے خوشا شہرے کہ آں جا دلبرست ——— ۴۶۲

۹۔ آرزوئے دیدارِ جمالِ جاناں ——— ۴۶۳

۱۰۔ القاب محبوب ——— ۴۶۷

۱۱۔ منقبت شاہ اولیاءؒ و غوث الاعظمؒ ——— ۴۶۹

۱۲۔ متفرقات ——— ۴۷۳

مرثیہ مولوی محمد شاہؒ ؛ تاریخ وفات اہلیہ حکیم حفاظت حسین صاحب عظیم آبادی ص۴۷۴ ؛ خط بنام شمس العلما مولانا محمد سعید عظیم آبادی ص۴۷۵

۱۳۔ حضرت ولیسی رح اور اساتذہ فارسی ——— ۴۷۸

خواجہ حافظ شیرازیؒ ص۴۷۹ ؛ خواجہ امیر خسروؒ ص۴۸۶ ؛ عرفی شیرازی ص۴۸۷ ؛ خواجہ معین الدین چشتیؒ ص۴۸۸ ؛ حکیم سنائی ص۴۸۹ ؛ حکیم افضل الدین خاقانی ص۴۹۱ ۔۔

۱۴۔ حضرت ولیسیؒ اور اُن کی شاعری کے متعلق دوسروں کے خیالات ——— ۴۹۴

نواب صدیق حسن خاں مرحوم ؛ حاجی عبدالغفور صاحبؒ ص۴۹۷ ؛ ڈاکٹر محمد شہید اللہ

Marfat.com

مرحوم ص۴۹۸ ؛ مولانا محمد سعید احمد اکبرآبادی ؛ مولانا شاہ عبدالحنان صاحب عبقری
مولانا امیرالدین احمد ص۵۰۰ ؛ مولانا شاہ خلیل الرحمٰن صاحب ص۵۰۱ ؛ مولانا
ابومحفوظ الکریم صاحب معصومی ص۵۰۱ ؛ ڈاکٹر سید محمد حسن صاحب ص۵۰۲ ۔

۱۵۔ حضرت ولیسی رح کو خراج عقیدت ——— ۵۰۲
مولانا شاہ خلیل الرحمن صاحب سندن پوری ، مولانا شاہ عبدالحنان
صاحب عبقری ص۵۰۳

۱۶۔ خاتمہ کتاب ——— ۵۰۴

۱۷۔ انتخاب غزلیات ——— ۵۰۸

۱۸۔ کتابیات ——— ۵۲۸
کتابیں ؛ نقشے ، ص۵۳۶ ؛ خطوط مرسلہ ص۵۳۶ ۔

۱۹۔ عکس مزارات مبارک و عکس اوراق کتب مرسلہ ——— ۵۳۹

۲۰۔ ضمیمہ آئینہ ولیسی ——— ۵۴۲
نواب سید محمد صاحب مرحوم ص۵۴۲ ؛ جناب سید ابوالبشر محمود حسین صاحب
ص۵۴۳ ، حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ولیسی رح کے مزار شریف کے کتبے ص۵۴۳ ؛
جناب امیرالاسلام صاحب شرقی ص۵۴۴ ؛ حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ولیسی رح
کے ایصال ثواب کا سالانہ جلسہ ص۵۴۴ ؛ اولاد امجاد حضرت صوفی سید فتح علی صاحب
ولیسی رح ص۵۴۵ ؛ حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ولیسی رح کے خلفاء اور مریدین
ص۵۴۶ ؛ آرام باغ ضلع ہوگلی ص۵۴۷ ؛ فرفرا شریف کا سالانہ جلسہ ص۵۴۸ ؛

Marfat.com

مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح کے خلفا اور مریدین صـ۵۴۸ ؛ اولاد امجاد حضرت حامد حسن صاحب علوی رح صـ۵۵۰ ؛ جناب بابو محمد اسرار الحق صاحب مدفیوضہٗ صـ۵۵۱ ؛ جناب مولانا مخلص الرحمٰن صاحب، ڈھاکہ صـ۵۵۲ معذرت بسلسلہ فہرست مریدین حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ صـ۵۵۲ -

شیخ طریقت غوث زماں ہادیٔ دیں و مرشدنا الحاج الحافظ حضرت مولانا محمد سعید خاں صاحب قدس سرہٗ کا انتقال پُر ملال صـ۵۵۵

اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کا مزار پُر انوار صـ۵۶۳

Marfat.com

فہرست نقشہ جات

سلسلہ وار نمبر	نقشہ	پیمانہ فی انچ	صفحہ
۱	ضلع چاٹگام	۳۲ میل	۳۶
۲	ضلع چاٹگام (شمالی حصّہ)	۱۶ میل	۴۰
۳	ضلع چاٹگام (جنوبی حصّہ)	۱۶ میل	۴۱
۴	معرکہ زار صوبہ سرحد	۱۶ میل	۹۴
۵	پنجتار (علاقہ سوات، صوبہ سرحد)	ایک میل	۹۶
۶	مشہد بالاکوٹ (ضلع ہزارہ، صوبہ سرحد)	۳۵۲ گز	۱۰۱
۷	ملے یاش (میر سرائے، ضلع چاٹگام)	خاکہ	۱۱۸
۸	قلعہ پنجتار (صوبہ سرحد)	۲۱۵ گز	۱۴۲
۹	سرکار شریف آباد (بنگال)	۸ میل	۱۵۵
۱۰	کلکتہ	۱ میل	۱۷۷
۱۱	مانک تلا۔ کلکتہ	۵۸۶ گز ۸ انچ	۱۸۲
۱۲	چندور، کان پور، فرفرا شریف (ضلع ہوگلی)	۹ میل	۲۲۳

Marfat.com

ث

سلسلہ وار نمبر	نقشہ	پیمانہ فی انچ	صفحہ
۱۳-	فُرفُرا شریف اور بنڈیل شریف (ضلع ہوگلی)	۶½ میل	۲۴۰
۱۴-	کوہنڈا، چھتّے پور، نوناری (ضلع اعظم گڑھ)	۴ میل	۳۳۵
۱۵-	منگرانواں، نوناری اور اعظم گڑھ	۴ میل	۴۰۱
۱۶-	شمالی حصّہ موضع منگرانواں ضلع اعظم گڑھ	۲۰۰ گز	۵۵۶
۱۷-	مزار پُرانوار اور مسجد منگرانواں شریف	۲۴ گز	۵۶۷

Marfat.com

فہرست عکس مزارات مبارک و عکس اوراق کتب

سلسلہ وار نمبر	عکس	مقابل صفحہ
۱	بالاکوٹ ضلع ہزارہ (کنہار ندی اور پل) صوبہ سرحد، پاکستان	۹۲
۲	گڑھی حبیب اللہ خان ضلع ہزارہ۔ صوبہ سرحد، پاکستان	۹۴
۳	مرقد انور حضرت صوفی نور محمد صاحب نظامؔ پوریؒ۔ لے پاش ضلع چاٹگام	۱۱۸
۴	احادیث الخوانین (تاریخ حمید) صـ۲۰۷ مصنفہ خان بہادر حمید اللہ خان مرحوم	۱۲۴
۵	مزار مبارک مولانا کرامت علی صاحب جون پوریؒ۔ رنگ پور	۱۳۰
۶	مزار مبارک اور مسجد حضرت شاہ احسن اللہ صاحبؒ موساری کھولا۔ ڈھاکہ	۱۳۸
۷	دستخط مبارک حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسیؒ	۱۵۳
۸	مزار مبارک حضرت شیخ حمید الدین دانشمند بنگالیؒ۔ منگل کوٹ ضلع بردوان	۱۶۰
۹	خلافت نامہ حضرت شیخ حمید الدین دانشمند بنگالیؒ منگل کوٹ ضلع بردوان	۱۶۶
۱۰	مزار مبارک حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسیؒ مانک تلہ۔ کلکتہ ۶	۱۷۶
۱۱	لوح مزار پُر انوار حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسیؒ مانک تلہ۔ کلکتہ ۶	۱۷۸
۱۲	تحریر مبارک قطب ارشاد حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسیؒ	۲۰۹
۱۳	تحریر مبارک قطب ارشاد حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسیؒ	۲۱۰

Marfat.com

سلسلہ وار نمبر	عکس	مقابل صفحہ
۱۴	مرقد انور حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح۔ فرفرا شریف ضلع ہوگلی	۲۲۴
۱۵	مزار مبارک حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب عباسی رح۔ فرفرا شریف ضلع ہوگلی	۲۹۱
۱۶	مزار پر انوار حضرت سید عبدالباری شاہ رح بنڈیل شریف ضلع ہوگلی	۲۳۰
۱۷	خانقاہ بنڈیل شریف ضلع ہوگلی	۳۳۰
۱۸	دیوان وصیی مطبوعہ ۱۸۹۸ء کا سرِ ورق	۴۱۸
۱۹	گنبد خضریٰ	۴۲۶
۲۰	مزار مبارک حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رح فیض آباد روڈ۔ گونڈہ	۳۵۲
۲۱	مزار پر انوار حضرت مولانا محمد سعید خاں صاحب رح منگرانواں شریف ضلع فیض آباد (اب اعظم گڑھ)	۵۷۰

Marfat.com

ض

دربارِ رسالت مآب ﷺ میں

یادِ صبا کی موج سے نشو و نمائے خار و خس
میری نفس کی موج سے نشو و نمائے آرزو

خونِ دل و جگر سے ہے میری نوا کی پرورش
ہے رگِ ساز میں رواں صاحبِ ساز کا لہو

فرصتِ کش مکش مدہ اس دلِ بے قرار را
یک دو شکن زیادہ کن گیسوئے تابدار را

لوح بھی تُو، قلم بھی تُو، تیرا وجود الکتاب
گنبدِ آبگینہ رنگ تیرے محیط میں حباب

عالمِ آب و خاک میں تیرے ظہور سے فروغ
ذرّۂ ریگ کو دیا تو نے طلوعِ آفتاب

شوکتِ سنجر و سلیم تیرے جلال کی نمود
فقرِ جنید و بایزید تیرا جمال بے نقاب

شوق ترا اگر نہ ہو میری نماز کا امام
میرا قیام بھی حجاب! میرا سجود بھی حجاب

تیرہ و تار ہے جہاں گردشِ آفتاب سے
طلعِ زمانہ تازہ کر جلوۂ بے حجاب سے

(بلبلِ باغِ حجاز علامہ اقبالؒ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱- اِسلام آباد چاٹگام کا تاریخی پسِ منظر

ہندوستان میں اسلامی حکومت کے قیام سے پہلے عرب مسلمان کاٹھیاوار، کونکن، مالابار اور کارومنڈل کے ساحلی مقامات کی طرح چاٹگام اور اراکان کے ساحل پر آٹھویں اور نویں صدی[1] عیسوی میں تجارت اور تبلیغ دین

---

[1] مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق (اُردو ترجمہ)۔ مطبوعہ کراچی ۱۹۵۷ء۔ ص ۲۵۳، بحوالہ اراکان راج بنگلہ ساہتیہ (اراکان دربار کا بنگالی ادب) ڈاکٹر انعام الحق۔ "یہ واقعہ روزنگ راجاؤں میں سے 'مہاتویانگ'، 'ساندھیا' یا 'مہات چندرا' (۸۱۰-۷۸۸ء) کے دور کا ہے کہ عرب تاجروں نے چٹگام آکر مستقل سکونت اختیار کرنا شروع کی۔ کسی حد تک ان عرب تاجروں کی بدولت یہ ہوا کہ آٹھویں اور نویں صدی عیسوی میں اس علاقہ میں اسلام پھیلنا شروع ہو گیا تھا۔" ہسٹری آف چٹاگانگ (انگریزی) سید مرتضیٰ علی۔ مطبوعہ ڈھاکہ ۱۹۶۴ء ص ۱۰-۹ بحوالہ ۱۔ ابن خُرداذبہ متوفی ۳۰۰ھ/۹۱۲ء (ابوالقاسم عبیداللہ بن عبداللہ بن خُرداذبہ۔ کتاب المسالک والممالک ۲۵۰ھ/۸۶۴ء۔ ۲۔ المسعودی۔ متوفی ۳۴۵ھ/۹۵۶ء (ابوالحسن علی مسعودی مصری۔ کتاب تاریخ الزمن۔ [بقیہ حاشیہ ص ۲ پر]

Marfat.com

کے خیال سے پہنچے تھے۔ لیکن چونکہ علاقہ بہت پیچیدہ پہاڑوں اور گھنے جنگلوں سے بھرا تھا، ذرائع آمدورفت کی دشواری تھی اور اندر کے جنگلی علاقوں میں نہایت غیر مہذب اور وحشی قومیں آباد تھیں۔ اس لئے یہ عرب مسلمان اندرون ملک میں نفوذ نہ کر سکے اور ان کی تجارتی اور تبلیغی کاوشیں چاٹگام اور اراکان کے علاقہ میں صرف ساحل سمندر کی پتلی سی دھجی تک محدود رہیں۔ کچھ عرب مسلمان آباد بھی ہوئے۔ مقامی عورتوں سے شادیاں کیں۔ چنانچہ آج بھی چاٹگام کے بعض علاقوں اور اراکان کے ساحل پر مسلمانوں میں عرب خون کی آمیزش ملتی ہے[1]۔ عرب مسلمانوں کے اثرات کا نتیجہ ہے کہ آج بھی عام ہندوستانیوں کے مقابلہ چاٹگام کے مسلمان سمندر پر چھائے ہوئے ہیں۔ وہ کثیر تعداد میں ملکی اور غیر ملکی جہازراں کمپنیوں میں ملازم ہیں۔ دنیا کے گوشہ گوشہ میں جاتے ہیں۔ کلکتہ میں ان چاٹگامی جہازرانوں کی اتنی کثیر تعداد تھی کہ تقسیم ہند کے بعد جب کہ نفرت و حقارت، بے اعتمادی اور مذہبی جنون کے کالے بادل چھائے ہوئے تھے، ان چاٹگامی مسلمانوں کے بغیر کلکتہ کی بندرگاہ پندرہ بیس سال تک کام چلانا مشکل تھا۔ پاکستان کی بحری فوج میں بنگالی مسلمانوں کی اکثریت تھی اور ان میں معتدبہ تعداد چاٹگامی مسلمانوں

[بقیہ حاشیہ صفحہ کا] مروج الذہب و معادن الجواہر) ۳۰۳ھ/۹۱۵ء۔ ۳ سلیمان۔ سلسلۃ التواریخ ۲۳۸ھ/۸۵۲ء اور ۴ الادریسی (پیدائش ۴۹۳ھ/۱۰۹۹ء۔ کتاب ۵۴۹ھ/۱۱۵۴ء)؛ مضمون بنگال میں اسلام (عہد مغلیہ سے قبل) احمد حسن دانی۔ ماہ نو کراچی ستمبر ۱۹۵۳ء۔ صفحہ ۲۷۔

[1] ہسٹری آف چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی صفحہ ۱۳۷ "مسلم سوسائٹی"

ہی کی تھی۔ تبلیغی کاموں سے مسلمانوں کی بے اعتنائی اور شمالی ہندوستان کے عظیم اسلامی مراکز سے کافی دور ہونے کے باوجود آج بھی وہاں کی ہواؤں میں بوئے یمن اور وہاں کی نواؤں میں رنگِ حجاز کے زندہ جاوید ثبوت[1] ملتے ہیں۔

تیرہویں صدی عیسوی میں مشرقی ہندوستان کے عظیم المرتبت روحانی پیشوا اور عارف کامل حضرت مخدوم الملک شیخ شرف الدین[2] بہاری رح کو جن کی تعلیم عرصہ تک بنگال میں ڈھاکہ کے پاس دارالحکومت سُنار گاؤں[3] میں اس دور کے مشہور فاضل علّامہ

---

[1] ہسٹری آف چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص۹ و ص۱۵۶ الکرن (القرن) سُولِک بہر (سُلوک البحر) گودِ رپارا (قطیرہ) اور سراندیپ وغیرہ؛ اراکانی زبان میں۔ تھُوراتان (سُلطان)۔

[2] مخدوم الملک حضرت شیخ شرف الدین بہاری فردوسی رحمۃ اللہ علیہ، ابن حضرت مخدوم شیخ یحییٰ منیری رح۔ پیدائش منیر شریف ضلع پٹنہ (بہار) ۲۶ شعبان ۶۶۱ھ = جولائی ۱۲۶۲ء۔ وفات بہار شریف ضلع نالندہ (بہار) ۶ شوال ۷۸۲ھ = جنوری ۱۳۸۰ء۔ تاریخ پیدائش "شرف آگیں" اور تاریخ وفات "پُر شرف" ہے۔ شرف بیعت حضرت خواجہ نجیب الدین فردوسی رح سے حاصل تھا (۶۹۱ھ = ۱۲۹۲ء) مکتوبات صدی۔ مکتوبات دو صدی۔ مکتوبات بست و ہشت۔ معدن المعانی۔ مخ المعانی۔ مغز المعانی۔ خوان پر نعمت۔ راحت القلوب۔ فوائد غیبی۔ عقائد شرفی۔ مونس المریدین اور شرح آداب المریدین آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔ قاموس المشاہیر جلد دوم ص۱۷، کرنٹ اسٹڈیز پٹنہ کالج ۱۹۵۸ء ص۱۱۰؛ آب کوثر، شیخ محمد اکرام ص۵۱۰-۴۹۹؛ تحفہ بہار۔ مولانا عبدالمتین بہاری ص۲۰۹۔ تاریخ سلسلہ فردوسیہ۔ محمد معین الدین دردائی ص۲۴۴-۱۳۷۔

[3] ضلع ڈھاکہ مشرقی بنگال (بنگلہ دیش) کے نارائن گنج۔ [بقیہ حاشیہ ص۴]

Marfat.com

شیخ شرف الدین توامہ بخاری کی نگرانی میں ہوئی تھی۔ علاقہ چاٹگام میں دین متین کی تبلیغ واشاعت کا شدید احساس تھا۔ چنانچہ جب سلسلہ زاہدیہ کے مشہور بزرگ حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی میرٹھی آپ سے ملنے کے لئے بہار شریف تشریف لائے تو آپ نے اُن کو علاقہ چاٹگام میں دین اسلام کے تبلیغی کاموں پر مامور کر کے وہاں روانہ کیا۔ کہا جاتا ہے کہ حضرت بدر عالمؒ چاٹگام میں پتھر کے تختہ پر تیرتے ہوئے پہنچے تھے اور آپکی اس کرامت سے وہاں کے لوگ بہت متاثر ہوئے اور کافی تعداد میں مسلمان ہو گئے۔ اِن دنوں چاٹگام میں اجنّا اور شیاطین کا بڑا زور تھا اور وہ لوگوں کو بہت تنگ کیا کرتے تھے۔ حضرت بدر عالم رح نے ان لوگوں سے صرف ایک چراغ کی جگہ مانگی۔ چراغ روشن کرتے پر اُن کی رُوحانی طاقت کا اظہار ہوا اور تمام جن پری۔ دیو۔ بھوت بھاگ گئے۔ چنانچہ آج بھی شہر چاٹگام کی سب سے بلند پہاڑی پری ہلس (پری پہاڑی) پر جہاں سرکاری کچہریاں اور حکام کے مکانات ہیں۔ کمشنر چاٹگام ڈویژن کی کوٹھی کے سامنے حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی رح کا چراغ روشن کیا جاتا ہے۔ اور اس کے اخراجات ہندو، مسلمان اور فرنگی سب دیتے ہیں[۱]۔

[بقیہ حاشیہ صـ۳ کا] سب ڈویژن میں ڈھاکہ شہر سے پندرہ میل پورب میگھنا ندی کے قریب مشرقی بنگال کا قدیم دارالحکومت ۱۳۵۱ء سے ۱۶۰۸ء تک مشرقی بنگال کے گورنر کی اقامت گاہ اور شیر شاہ کی بنوائی ہوئی گرینڈ ٹرنک روڈ کی مشرقی حد۔ امپریل گزیٹیر آف انڈیا، جلد بست وسوئم صـ۸۱

[۱] چاٹگام ضلع گزیٹیر۔ ایس ایس۔ او میلی۔ کلکتہ ۱۹۰۸ء۔ صـ۵۶۔

سترھویں صدی عیسوی میں شہاب الدین طالش[1] نے لکھا ہے کہ "قلعہ چاٹگام میں بلندی پر ایک مزار ہے جس کو پیر بدر کا آستانہ کہتے ہیں۔ ماگھ مشرکین نے اس آستانہ میں کچھ مواضعات وقف کئے ہیں۔ ماگھ قبائل کے لوگ حضرت بدر عالمؒ کے بہت معتقد ہیں۔ زیارت کے لئے آتے ہیں اور چڑھاوا پیش کرتے ہیں"[2]۔

چاٹگام ضلع گزیٹیر کے مصنّف نے لکھا ہے کہ ابھی تک سمندر میں کام کرنے والے ملّاح پنج پیر کے ساتھ پیر بدرؒ کے نام کی دہائی دیتے ہیں :-

آنارا چی پولا پان گاجی آپھے نیکھا بان

---

[1] شہاب الدین طالش ابن ولی محمد نے ۱۶۶۶ء میں فارسی میں تاریخ آسام لکھی تھی جس میں شہنشاہ اورنگ زیب کے سپہ سالار اور بنگال کے صوبہ دار میر جملہ کی مہم آسام ۱۰۷۷ھ = ۱۶۶۶ء کا حال لکھا تھا۔ شہاب الدین طالش کچھ دنوں تک چاٹگام میں قیام پذیر تھا۔ اس نے اپنی کتاب میں چاٹگام کی ابتدائی تاریخ بھی لکھی ہے۔ جس میں فخر الدین مبارک شاہ (۱۳۴۹ - ۱۳۳۸ء) کی فتوحات کا ذکر ہے۔ یہ کتاب علاقہ چاٹگام میں فخر الدین مبارک شاہ کی فتوحات کے ۳۲۵ سال بعد لکھی گئی۔ تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی۔ مطبوعہ ڈھاکہ ۱۹۶۲ء صفحہ ۱۳؛ میر بہادر علی حسینی نے فورٹ ولیم کالج کلکتہ میں شہاب الدین طالش کی کتاب تاریخ آسام کا ۱۲۲۰ھ = ۱۸۰۵ء میں اردو میں ترجمہ کیا۔ منشی کریم الدین نے طبقات الشعراء میں اس ترجمہ کا ذکر کیا ہے۔ فرانسیسی زبان میں یہ ترجمہ ۱۲۶۱ھ ۱۸۴۵ء میں شائع ہوا۔ تاریخ داستان اردو۔ مولانا حامد حسن قادری صفحہ ۱۱۰

[2] چاٹگام ضلع گزیٹیر۔ ایس۔ ایس۔ او میلی۔ مطبوعہ کلکتہ ۱۹۰۸ء۔ صفحہ ۵۷

Marfat.com

شیرے گنگا دریا پنج پیر بدر بدر بلا[1]

سیّد مرتضیٰ علی اپنی کتاب تاریخ چٹاگانگ میں لکھتے ہیں کہ علاقہ چاٹگام میں یہ روایت مشہور ہے کہ حضرت سیّد بختیار ماہی سوارؒ بارہ اولیاء کے ساتھ ساندوپا اور چاٹگام آئے۔ جن میں بدر عالمؒ۔ حاجی خلیلؒ۔ شاہ سندر اولیاءؒ۔ شاہ تتالؒ۔ شاہ عمرؒ۔ شاہ بادلؒ۔ چاند اولیاءؒ۔ شاہ جلالؒ۔ شرف الدینؒ اور تین اور بزرگ تھے[2]۔

حضرت سیّد بختیار ماہی سوارؒ کی اولاد کو چاٹگام میں بڑا عروج حاصل ہوا۔ پندرہویں صدی عیسوی کے اخیر میں آپ کی تیسری پشت میں مجلس اعلیٰ راستی خاں چاٹگام کے حکمراں ہوئے۔ انہوں نے ۷۸۷ھ = ۱۳۷۳-۷۴ء میں ہت ہزاری کے پاس فتح آباد میں ایک شاندار مسجد تعمیر کرائی[3]۔ راستی خاں کے دو بیٹے پراگل خاں اور مینا خاں تھے۔ بنگال کے عربی النسل سلطان سیّد علاء الدین حسین شاہ (۱۵۱۹-۱۴۹۴ء) کے زمانہ میں جب شہزادہ ناصر الدین نصرت شاہ نے چاٹگام کو پھر سے فتح کیا، تو پراگل خاں چاٹگام کے گورنر مقرر ہوئے۔ ان کا صدر مقام ضلع چاٹگام کے شمالی حصّہ میں فینی ندی کے کنارے میر سرائے تھانہ کے پراگل پور میں تھا۔ پراگل خاں نے علم و ادب کی سرپرستی میں نمایاں حصّہ لیا۔ پراگل خاں کے بیٹے نصرت خاں

---

[1] چاٹگام ضلع گزیٹیر۔ ایس۔ ایس اومیلی ص ۵۶

[2] تاریخ چٹاگانگ (انگریزی) سیّد مرتضیٰ علی۔ مطبوعہ ڈھاکہ ۱۹۶۴ء۔ ص ۱۸

[3] " " سیّد مرتضیٰ علی ص ۱۸

عرف چوٹی خاں اور مینا خاں کے بیٹے جعفر خاں تھے۔ پراگل خاں کے بعد اُن کے بیٹے چوٹی خاں چاٹگام کے گورنر ہوئے۔ یہ دونوں باپ بیٹے نامور جنرل ہوئے ہیں۔ اِن دونوں نے اُتر میں ٹیپرا راجہ کو اور دکھن میں اراکانیوں کو دبایا۔ بنگلہ شاعر سری کارانندی کے مطابق چوٹی خاں کے خوف سے ٹیپرا کا راجہ پہاڑوں میں چھپ گیا اور بعد میں ہاتھیوں اور گھوڑوں کا نذرانہ پیش کر کے چوٹی خاں کو خوش کرنے کی کوشش کی۔ پراگل پور میں پراگل خاں اور چوٹی خاں کے بنوائے ہوئے تالاب اور مساجد موجود ہیں اور اُن کا خاندان اب تک یہاں آباد ہے[1]۔

سیّد سلطان رح کے شاگرد اور خلیفہ، بنگلہ زبان کے نامور شاعر، صحابار کتھا (اصحاب نامہ)، مقتول حسین، قیامت نامہ، دجّال نامہ، حنیفیر لڑائی اور قاسمیر لڑائی کے مصنّف محمد خاں (۱۵۸۰ - ۱۶۵۰ء) مجلس اعلیٰ راستی خاں کی ساتویں پشت میں تھے[2]۔

حضرت سیّد بختیار ماہی سوار رح کی اولاد میں اٹھارہویں صدی عیسوی میں چاٹگام کے حضرت صوفی سیّد محمد دائم رح بڑے نامور بزرگ ہوئے ہیں۔ وہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجدّدیہ میں چاٹگام کے مشہور صاحب خانقاہ بزرگ حضرت صوفی شاہ امانت اللہ صاحب رح[3]

---

[1] تاریخ چٹاگانگ۔ سیّد مرتضیٰ علی ص ۲۱-۲۰؛ تاریخ بنگال۔ سر جدوناتھ سرکار جلد دوم، ڈھاکہ ۱۹۴۸ء۔ ص ۵۰۔ [2] مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق۔ کراچی ۱۹۵۷ء ص ۲۱۱-۲۰۰؛ تاریخ چٹاگانگ۔ سیّد مرتضیٰ علی ص ۱۶۷

[3] حضرت صوفی شاہ امانت اللہ رح پیر و مرشد کی تلاش میں سرگرداں اور پریشان رہے۔ [بقیہ ص ۸ پر]

Marfat.com

سے بیعت تھے۔ صوفی شاہ امانت اللہ صاحبؒ ڈھاکہ کے شاہ عبدالرحیم صاحب شہیدؒ[1] کے خلیفہ تھے۔ شہر چاٹگام میں جیل خانہ کے اُتر اور لال دِگّی کے پورب آپ کا مزار مرجع خلائق ہے۔ ہر سال یکم ذی الحجہ کو آپ کا عرس ہوتا ہے۔ صوفی سیّد محمد دائمؒ چاٹگام سے ڈھاکہ آئے اور جناب شاہ عبدالرحیم صاحب شہیدؒ کی ہدایت کے مطابق پٹنہ عظیم آباد آئے۔ سلسلہ نقشبندیہ ابوالعلائیہ کے مشہور بزرگ حضرت منعم[2] پاکیزہ اور پھلواری شریف

[بقیہ حاشیہ ص] دہلی کشمیر اور لکھنؤ کا سفر کیا۔ مرشد آباد میں شرف بیعت حاصل ہوا۔ پیر کے حکم سے چاٹگام جاکر ضلع جج کے دفتر میں چپراسی مقرر ہوئے۔ پھالنی کے ایک مقدمہ کے سلسلہ میں کرامت کا اظہار ہوا۔ ملازمت ترک کرکے گوشہ نشیں ہوگئے۔ ۳۰ ذی قعدہ ۱۱۸۷ھ = فروری ۱۷۷۴ء کو وصال ہوا۔ عَیْنٌ جَارِیَہ۔ سیّد شاہ احمد اللہ صاحب۔ مطبوعہ ڈھاکہ ۱۹۶۴ء۔ ص ۲۱-۱۸ اور ضمیمہ ص ۱ بحوالہ تذکرہ اولیائے بنگالہ مصنفہ مولانا محمد عبدالحق صاحب پرنسپل مدرسہ عالیہ۔ فتنی۔

[1] حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب شہیدؒ کشمیری الاصل تھے تین واسطوں سے آپکا سلسلہ حضرت خواجہ محمد معصومؒ اور چار واسطوں سے حضرت امام ربّانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندیؒ تک پہنچتا ہے پہلے مرشد آباد۔ پھر ڈھاکہ آئے۔ سنہ ۱۰۷۲ھ = ۱۶۶۱ء میں پیدا ہوئے تھے اور ۹ رمضان المبارک سنہ ۱۱۵۸ھ = اکتوبر سنہ ۱۷۴۵ء کو انتقال فرمایا۔ جہانگیر ڈھاکہ میں جہاں آپکا مزار ہے۔ وہ محلہ میدان میاں صاحب کہلاتا ہے۔ شاہ امانت اللہ صاحب چاٹگامیؒ اور لکھنؤ کے صوفی شاہ پیر محمد صاحبؒ آپکے نامور خلیفہ تھے۔ رود کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۶۶-۲۶۵ اور عَیْنٌ جَارِیَہ صوفی شاہ سیّد احمد اللہ صاحب سجادہ نشین میدان میاں صاحب ڈھاکہ ۱۹۶۴ء۔ ص ۱۶

[2] حضرت منعم پاکؒ حضرت شمس الدین حقانی فاروقی کی اولاد میں ہیں جن کا مزار لکھی سرائے

Marfat.com

کے شاہ نعمت اللہ قادری[1] رح سے اکتسابِ فیض کیا اور ڈھاکہ واپس آکر تبلیغ دین اور ہدایت خلق کے کاموں میں مصروف ہوئے۔ باقی زندگی اپنی خانقاہ دائرہ عظیم پورہ میں بسر کردی۔ آپ کو بڑی مقبولیت حاصل ہوئی۔ ڈھاکہ۔ ٹپرا۔ نواکھالی اور چاٹگام کے اضلاع میں آپ کے مریدین اور متوسلین کی بہت کافی تعداد تھی۔ احکام شرعی کے سختی سے پابند تھے۔ خانقاہ میں طلبار کی کثیر تعداد رہتی تھی۔ جن کی تعلیم و تدریس کے لئے علماء مقرر تھے اور سب کے قیام و طعام اور لباس کا انتظام خانقاہ کے لنگر سے ہوتا تھا۔ یکم شعبان ۱۲۱۴ھ = دسمبر ۱۷۹۹ء کو وصال ہوا۔

صوفی سید محمد دائم رح کے بعد آپ کے بڑے صاحبزادے صوفی احمد اللہ صاحب رح

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۸ کا] ضلع مونگیر کے پاس موضع بیلوری میں ہے۔ آپ شیخپورہ ضلع مونگیر (بہار) کے پاس قصبہ بچنہ میں ۱۰۸۲ھ = ۷۲-۱۶۷۱ء میں پیدا ہوئے۔ تحصیل علوم سے فراغت پانے کے بعد ۲۰ سال میں سید خلیل الدین قادری سے بیعت ہوئے۔ تیس[۳۰] سال کی عمر میں دہلی تشریف لے گئے۔ شاہ فرہاد کے خلیفہ سید اسد اللہ ابوالعلائی رح سے خلافت حاصل کیا اور پٹنہ واپس آکر ۲۳ سال تک رشد و ہدایت میں مشغول رہے۔ ۱۳ رجب ۱۱۸۵ھ = ۱۷۷۱ء کو پٹنہ میں انتقال ہوا۔ ملاّ تین کی مسجد کے بیرونی صحن میں دفن ہوئے۔ کیفیت العارفین۔ شاہ عطا حسین گیاوی ص ۱۲۳-۱۱۱۔ اور تذکرۃ الصالحین حسیب اللہ مختار ص ۲۲)

[1] حضرت شاہ نعمت اللہ قادری رح۔ تاج العارفین شاہ محمد محب اللہ قادری رح کے صاحبزادے ۱۴ محرم ۱۱۶۰ھ = ۲۶ جون ۱۷۴۷ء کو پھلواری شریف ضلع پٹنہ میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد کے انتقال کے بعد ۱۱۹۱ھ = ۱۷۸۲ء میں ان کے جانشین ہوئے۔ ۲۹ شعبان ۱۲۴۷ھ = جنوری ۱۸۳۲ء کو وصال ہوا۔ (اعیان وطن۔ شاہ محمد شعیب پھلواروی ص ۶۲-۲۳۹)۔

Marfat.com

پھر دوسرے صاحبزادے صوفی لقیت اللہ رح سجّادہ نشین ہوئے۔ اِن کے بعد صوفی لقیت اللہ صاحب رح کے صاحبزادے شاہ ولی اللہ رح جانشین ہوئے۔ ان کا سنہ ۱۳۰۱ھ = ۱۸۸۴ء میں وصال ہوا۔ صوفی احمد اللہ صاحب رح کے صاحبزادے صوفی وجیہ اللہ صاحب رح سنہ ۱۲۱۸ھ = سنہ ۱۸۰۳ء میں پیدا ہوئے۔ بڑے صاحب کمال بزرگ تھے۔ سنہ ۱۲۷۸ھ = سنہ ۱۸۶۱ء میں وصال ہوا۔ آپ کے زمانہ میں جہانگیر نگر ڈھاکہ کا دائرہ عظیم پورہ تصنیف و تالیف کا مرکز بن گیا۔[1]

حضرت سید بختیار ماہی سوار رح کے ساتھ آنے والے بزرگوں میں حضرت بلند عالم رح کے متعلق سید مرتضیٰ علی اپنی کتاب تاریخ چٹاگانگ میں لکھتے ہیں کہ "وہ علاقہ چاٹگام میں بدرالدین علامہ، بدرپیر، بدرشاہ اور بدر اولیاء کے ناموں سے مشہور ہیں۔ شہر چاٹگام کے بخشی بازار میں اس نام کے ایک بزرگ کا مزار ہے۔ جہاں ہر سال ۲۹ رمضان کو عرس ہوتا ہے۔ روایات کے مطابق وہ فخر الدین مبارک شاہ (۱۲۴۶ - ۱۳۵۲ء) کے عہد حکومت میں چاٹگام پر مسلمانوں کے پہلے حملہ کے وقت تشریف لائے۔ ان کے اثرات سے مقامی آبادی کا بڑا حصّہ جو زیادہ تر بودھوں پر مشتمل تھا مشرّف بہ اسلام ہوا۔ اس علاقہ کے ملّاح آپ کے بہت معتقد ہیں۔ روایات کے مطابق وہ پتھر کے تختہ پر تیرتے ہوئے آئے تھے۔ ڈاکٹر وائز کے مطابق وہ بدرالدین

---

[1] رود کوثر۔ شیخ محمد اکرام۔ کراچی سنہ ۱۹۵۸ء۔ ص ۴۶۷؛ عین جاریہ۔ سید احمد اللہ صاحب سجّادہ نشین میدان میاں صاحب ڈھاکہ سنہ ۱۹۶۴ء۔ ص ۷۸-۷۳

بدر عالم ہیں۔ جن کا دسمبر ۱۴۴۰ء میں انتقال ہوا اور بہار شریف کی چھوٹی درگاہ میں دفن ہیں۔ وہ حضرت جلال الدین بخاریؒ (۱۲۹۱-۱۱۹۲ء) کے خلیفہ شیخ فخر الدین زاہدیؒ کے پرپوتے ہیں۔ میرٹھ کے رہنے والے تھے۔ ان کو شیخ شرف الدین یحییٰ منیریؒ نے بہار شریف بُلایا تھا۔ اپنے سفر کے زمانہ میں انہوں نے ہندو ملّاحوں کی کثیر تعداد کو دائرہ اسلام میں داخل کیا اور کچھ زمانہ تک چاٹگام میں مقیم رہے۔ (انسائکلوپیڈیا آف اسلام۔ نیا ایڈیشن)[۱]

ڈاکٹر انعام الحق 'مسلم بنگالی ادب' میں لکھتے ہیں کہ "بدر الدین مبارک علّامہ عرف بدر شاہ، جو سلطان فخر الدین مبارک شاہ (۱۳۴۹-۱۳۳۴ء) کے زمانے میں ضلع چاٹگام میں رہتے تھے"[۲]۔ اور پھر دوسری جگہ لکھتے ہیں کہ ابن بطوطہ کو یہ بھی معلوم ہوا کہ درویش بدر الدین علامہ عرف 'بدر پیر' نے سلطان فخر الدین کے ایک جرنیل بادل خاں کو چاٹگام فتح کرنے کے لئے بھیجا۔ بدر پیر کا بنگال پر جو اثر تھا۔ اس کا آپ اس بات سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ آج بھی مشرقی بنگال کے مانجھی جب طوفانی ندیوں میں گھِر جاتے ہیں تو پُکارتے ہیں: "اللہ نبی، پنج پیر بدر بدر"[۳]

نیتی شاستر ورتا، ساعت نامہ اور خان جان چرترا کے مصنّف اور بنگلہ زبان کے مشہور شاعر مزمّل کے بارے میں ڈاکٹر انعام الحق رقمطراز ہیں کہ "ساعت نامہ میں مزمّل ایک جگہ لکھتے ہیں کہ انہوں نے یہ کتاب اپنے پیر شاہ بدر الدین کی ہدایت پر لکھی

---

[۱] تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۱۵۷-۱۵۶ [۲] مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق ص ۳۱ [۳] مسلم بنگالی ادب ص ۳۳

Marfat.com

تھی۔ شاعر[1] مقیم کے بیان کے مطابق مزمّل چٹاگانگ کے رہنے والے اور ایک صوفی شاعر تھے۔ علم الساعت علم تصوّف کی ایک کتاب ہے اور کسی عربی کتاب کو بڑی آزادی کے ساتھ بنگلہ ماحول کے مطابق ڈھال دیا گیا ہے۔ مزمّل یقینی طور پر ۱۶۴۰ء سے پہلے اور بعد میں تذکرہ تھے۔ اگر وہ پندرہویں صدی کے اوائل میں نہ تھے، تو یقینی طور پر پندرہویں صدی کے وسط کے شاعر ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اُن کی زبان اُس قدر پرانی ہے[2]"

اسی سلسلے میں لکھتے ہیں کہ "پیر بدرالدین بدر عالم بہاری نے کالنا ضلع بردوان میں اِسلام کی تبلیغ کی۔ اِن کے بارے میں یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ چاٹگام بھی گئے تھے۔ بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ چاٹگام کے بدر شاہ (جن کا ذکر پنجھیوں میں بدر عالم کے نام سے آیا ہے) اور بدرالدین بدر عالم بہاری ایک ہی بزرگ کے دو نام ہیں۔ ان کا انتقال ۱۶۴۰ء میں بہار میں ہوا۔ اگرچہ ان کا ایک فرضی مقبرہ کالنا میں اب بھی موجود ہے[3]"

چاٹگام کے حکمراں راستی خاں کی اولاد میں محمد خاں (۱۶۵۰-۱۵۸۰ء) نامور شاعر ہوئے ہیں۔ انہوں نے اپنی کتاب حنیفہ لڑائی میں چاٹگام کے پیر بدرؒ کی شان میں مدح و توصیف کے اشعار لکھے ہیں[4]۔ انہوں نے اپنی دوسری کتاب مقتول حسین (۱۶۴۶ء)

---

[1] محمد مقیم اٹھارہویں صدی عیسوی کے بنگالی شاعر۔ گل بکاؤلی۔ فیض المقتدی اور ایوب نبی کتھا کے مصنف ۱۷۷۳ء میں حیات تھے۔ [2] مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق ص ۸۳-۸۲

[3] مسلم بنگالی ادب ص ۸۲ [4] مسلم بنگالی ادب ص ۲۰۷

Marfat.com

میں لکھا ہے کہ چاٹگام پر فخر الدین مبارک شاہ کے حملہ کے وقت اِس علاقہ میں حاجی خلیلؒ اور بدر الدین علاّمہؒ دین اسلام کی تبلیغ و اشاعت میں مشغول تھے۔ فخر الدین مبارک شاہ کے جرنیل قادر خاں غازی جس نے چاٹگام کو فتح کیا۔ ان دونوں بزرگوں سے ملا اور ان کی بہت عزت افزائی کی۔[1]

سید مرتضیٰ علی اپنی کتاب تاریخ چٹاگانگ میں لکھتے ہیں کہ بدر الدین علاّمہ وہی بدر پیر ہیں جن کے مانجھی بہت معتقد ہیں۔ شاہ جلالؒ جو ۱۳۰۳ء میں سلہٹ آئے۔ ان کے ساتھ آنے والوں میں ایک بدر پیرؒ بھی تھے، جو بعد میں گیارہ دوسرے بزرگوں کے ساتھ سلہٹ کے جنوبی حصّہ میں ترافت کی طرف گئے۔ ان کے ساتھ خادم پور ضلع ٹپرا کے احمد گیسو درازؒ اور مدن پور ضلع میمن سنگھ کے شاہ سلطان رومیؒ[2] بھی تھے۔ ان بزرگوں نے مقامی

---

[1] تاریخ چٹاگانگ صـ۱۳ - [2] نترو کونا ضلع میمن سنگھ (مشرقی بنگال) کے قریب مدن پور میں حضرت شاہ سلطان رومیؒ کی درگاہ ہے۔ اس کو درگاہ مدن کہتے ہیں۔ جب آپ اس مقام پر آکر آباد ہوئے تو یہاں کے کوچ راجہ نے آپ کو زہر دیکر مار ڈالنے کی کوشش کی۔ لیکن بعد میں آپ کی شخصیت اور بزرگی سے متاثر ہو کر اس نے اسلام قبول کیا اور وہ موضع درگاہ کے اخراجات کے لئے ہمیشہ کے لئے آپ کے حوالہ کر دیا۔ ۱۸۲۹ء میں جب سرکار انگریزی نے اس لاخراج موضع پر قبضہ کرنا چاہا تو ۱۰۸۲ھ کے ایک پرانے کاغذ کے مطابق جاگیردار سید جلال الدین محمد کو موضع واپس کر دیا گیا۔ اس کاغذ میں لکھا ہے کہ شاہ محمد سلطان رومیؒ اپنے پیر و مرشد سید شاہ سرخ قُل اُنطیہ اور بہت سارے خدّام کے ساتھ ۴۴۵ھ = ۱۰۵۳ء میں یہاں آباد ہوئے۔ بستی کی پوری آبادی آپ کے دس خادموں کی اولاد میں ہونے کا دعویٰ کرتی ہے (میمن سنگھ ضلع گزیٹیر آف اے۔ پی سے۔ ۱۹۱۷ء صـ۱۵۲ -

Marfat.com

ہندو راجہ اچاک نارائن کو شکست دیا ہو سکتا ہے کہ علاقہ تراف کی فتح کے بعد بدر پیرؒ چٹاگانگ گئے ہوں۔ بدرالدین بدر عالمؒ جو بہار کی چھوٹی درگاہ میں دفن ہیں۔ وہ سلہٹ کے بدر پیر سے مختلف ہیں۔ ستر ہویں صدی عیسوی میں چاٹگام میں نظام شاہ سور کے وزیر خزانہ اور بنگلہ شاعر دولت وزیر مہرام خاں نے اپنی کتاب "لیلیٰ مجنوں" میں حضرت بدر پیرؒ کا ذکر کیا ہے۔ چاٹگام شہر میں ایک چھوٹی سی پہاڑی کا نام "بدر پتی" ہے۔ مسٹر بلوخ مین اور شمس العلماء ہدایت حسین صاحب نے لکھا ہے کہ حضرت بدرالدین بدر عالمؒ جن کا ۱۴۴۰ء میں انتقال ہوا اور جو بہار کی چھوٹی درگاہ میں دفن ہیں، وہ چاٹگام تشریف لائے تھے اور کچھ دنوں یہاں قیام فرمایا تھا۔ اس کا زیادہ امکان ہے کہ چٹاگانگ کے بدر پیرؒ وہی بدرالدین بدر عالمؒ ہیں۔ ڈاکٹر عبدالکریم نے اپنی تصنیف "مسلمانانِ بنگال کی سماجی تاریخ" میں لکھا ہے کہ دونوں ایک ہی بزرگ ہیں۔ ۱۹۶۲ء میں جناب محمد صدیق خاں نے بدر پیرؒ کے متعلق تمام حوالوں کا مفصّل جائزہ لے کر ثابت کیا کہ چاٹگام کے بدر پیرؒ اور بدرالدین بدر عالمؒ جو بہار میں دفن ہیں ایک ہی شخص ہیں اور حضرت بدرالدین بدر عالمؒ کی پیدائش میرٹھ میں ہوئی تھی"۔[1]

حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدیؒ جو بہار شریف ضلع نالندہ (بہار) کی چھوٹی خانقاہ میں دفن ہیں۔ اُن کے حالات کسی مستند کتاب میں نہیں ملتے اور نہ کہیں آپکی تاریخ پیدائش کا پتہ چلتا ہے۔ مسٹر وائز، مسٹر بلوخ مین، چاٹگام ضلع گزیٹیر

---

[1] تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ۱۹۶۴ء۔ صفحہ ۱۴-۱۳

کے مصنّف مسٹر اس۔ اس۔ اومیلی؛ شمس العلماء ہدایت حسین، ڈاکٹر عبدالکریم، محمد صدّیق خاں، ڈاکٹر انعام الحق اور سیّد مرتضیٰ علی سب نے آپ کا سال وفات ۱۴۴۰ء تسلیم کیا ہے۔ مدرسہ عزیزیہ بہار شریف ضلع نالندہ کے پرنسپل جناب مولانا محمد عبدالمتین صاحب نے اپنی کتاب 'تحفۂ بہار' میں لکھا ہے کہ آپ کا ۲۷ رجب ۸۴۴ھ (دسمبر ۱۴۴۰ء) کو بہار شریف میں وصال ہوا۔ سیّد مرتضیٰ علی نے تاریخ چٹاگانگ میں لکھا ہے کہ جس زمانہ میں اراکان کے بودھ راجاؤں نے بنگال کے مسلمان سلاطین کی ماتحتی قبول کر لی تھی۔ اپنے ناموں کے ساتھ کچھ اسلامی نام بھی شامل کر لیا تھا اور اپنے سکّوں پر کلمہ لکھوانا شروع کیا تھا۔ اُسی دور میں سلطان جلال الدین محمد شاہ کے عہد حکومت میں حضرت بدرالدین بدر عالم رح اپنے کچھ رفقاء کار کے ساتھ چاٹگام تشریف لائے اور دین اسلام کی تبلیغ و اشاعت میں مصروف رہے۔[1]

سلطان جلال الدین ابوالمظفر محمد شاہ نے ۱۴۱۷ء سے ۱۴۳۱ء تک چودہ سال بنگال میں حکومت کی۔ یہ بھانُدریا اور دیناج پور کے ہندو راجہ کنس نارائن یا گنیش[2] کے بیٹے تھے اور بنگال کے مشہور روحانی پیشوا اور سلسلۂ عالیہ چشتیہ نظامیہ کے نامور بزرگ

---

[1] تاریخ چٹاگانگ۔ سیّد مرتضیٰ علی ص ۱۷

[2] راجہ کنس نارائن یا گنیش نے خواجہ حافظ شیرازی (۱۳۸۹ - ۱۳۱۵ء) کے ہمعصر اور میتھلی زبان کے شاعر ودّیاپتی ٹھاکر (۱۴۵۰ - ۱۳۶۰ء) کے مربّی سلطان غیاث الدین اعظم شاہ (۱۴۱۰-۱۳۸۹ء) کو سازش سے قتل کرا دیا تھا۔ اور گوڑ میں مختصر مدّت کے لئے برائے نام دو بادشاہوں کے بعد

(بقیہ ص ۱۶ پر)

Marfat.com

حضرت نور قطب عالم رح (متوفی ۱۴۱۵ء) کے فیض سے مشرف بہ اسلام ہوئے تھے۔ ان مصنفین کے خیالات کی روشنی میں یہ اندازہ ہوتا ہے کہ حضرت بدرالدین بدر عالم رح کا رجب ۸۴۴ھ = دسمبر ۱۴۴۰ء میں انتقال ہوا۔ لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔

[بقیہ حاشیہ ص۱۵ کا] ۱۴۱۴ء میں خود سلطنت پر قابض ہو گیا۔ بہت سے علماء اور مشائخ کو قتل کیا۔ مسلمانوں پر سخت ظلم ڈھایا۔ ایسے نازک حالات میں شیخ طریقت حضرت نور قطب عالم رح کو معاملات ملکی میں دخل دینے پر مجبور ہونا پڑا۔ آپ نے جون پور کے سلطان ابراہیم شاہ شرقی (۱۴۰۲-۱۴۳۶ء) کو جسے آپ کے پیر بھائی حضرت سید اشرف جہانگیر سمنانی رح (کچھوچھہ شریف ضلع فیض آباد) سے کمال عقیدت تھی، خط لکھا۔ چنانچہ سلطان ابراہیم شاہ شرقی نے ۸۱۶ھ = ۱۴۱۴ء میں بنگال پر حملہ کیا۔ اس حملہ کے اثرات سے بچنے کے لئے گنیش نے اسلام قبول کرنا چاہا۔ لیکن اس کی دھرم پتنی مانع ہوئی۔ آخر اس نے اپنے بیٹے جدو (جٹ مل) کو حضرت نور قطب عالم رح کے ذریعہ اسلام قبول کرایا۔ تاکہ جونپور کی فوج واپس چلی جائے اور سلطنت اس کے خاندان میں باقی رہے۔ سلطان ابراہیم شاہ شرقی کے واپس جانے کے بعد راجہ گنیش نے اپنے بیٹے جدو کو پھر ہندو بنانے کی کوشش کی۔ لیکن حضرت نور قطب عالم رح کے فیض کے باعث جدو نے مرتد ہونے سے انکار کر دیا اور گنیش کے بعد ۱۴۱۷ء میں وہی جلال الدین ابو مظفر محمود شاہ کے نام سے حکمراں ہوا۔ اس کے زمانہ میں بنگال میں اسلام کو بڑی رونق حاصل ہوئی۔ اس کے بعد اس کا بیٹا شمس الدین احمد شاہ (۱۴۳۱-۱۴۴۲ء) حکمراں ہوا۔ سلطان جلال الدین نے پانڈوا شریف کے قریب مشہور اخلاقی روضہ تعمیر کرایا جس میں وہ خود، اُن کی بیگم اور ان کے بیٹے احمد شاہ دفن ہیں۔ آب کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۵۲-۳۵۰ [بقیہ ص۱۷ پر]

Marfat.com

اخبار صدائے عام پٹنہ کی مئی ۱۹۵۵ء کی ایک اشاعت میں بہار شریف کے جناب شاہ شمیم اختر صاحب کا ایک مضمون حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی رح کے بارے میں شائع ہوا تھا۔ اس میں موصوف لکھتے ہیں کہ "حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی رح آٹھویں صدی ہجری کے آغاز میں میرٹھ میں پیدا ہوئے۔ بہت دنوں تک دہلی میں رہے۔ جون پور ہوتے ہوئے بہار شریف آئے۔ پھر مخدوم الملک نے آپ کو چاٹگام روانہ کر دیا۔ جب کئی بار بہار شریف میں سیلاب سے بڑی تباہی ہوئی، تو حضرت مخدوم الملک نے روحانی طاقت کے ذریعہ سیلاب کو روکنا چاہا۔ شہر کے ایک گوشہ میں خود رہے۔ دوسرے گوشہ میں اپنے خالہ زاد بھائی حضرت مخدوم احمد چرم پوش سہروردی رح اور تیسرے گوشہ میں حضرت نور قطب عالم رح کے خلیفہ حضرت فریدالدین طویلہ بخش رح کو مامور کیا اور چوتھے گوشہ کے لئے حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی رح کو بنگال سے طلب کیا۔ حضرت بدرالدین بدر عالم رح سیکڑوں سواروں کے ساتھ ذی الحجہ ۷۸۲ھ (اپریل ۱۳۸۰ء) میں بہار شریف تشریف لائے۔ آپ کے آنے سے قبل شوال کے مہینہ میں حضرت مخدوم الملک رح کا وصال ہو چکا تھا۔ آپ کچھ دنوں بہار شریف کی چھوٹی درگاہ میں رہے۔ پھر محلہ سوہ ڈیہہ میں منتقل ہو گئے۔ جہاں شہنشاہ فیروز شاہ کے حکم سے آپ کے لئے ایک شاندار مسجد تعمیر کی گئی۔ جس کا

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۶ کا]

بحوالہ ریاض السلاطین؛ الدہ ملخص گزیٹیر۔ جی۔ ای۔ لمبورن۔ کلکتہ ۱۹۱۸ء؛ مسلم بنگالی ادب، ڈاکٹر انعام الحق ص ۴۳-۴۴؛ آئین ایڈوانس ہسٹری آف انڈیا جلد دوم، کالی کنکر دت وغیرہ۔ ص ۳۴۴-۴۵؛ تاریخ بنگال سر جادوناتھ سرکار۔ جلد دوم ص ۱۲۹-۱۳۰۔

کتبہ آج بھی چھوٹی درگاہ میں حضرت کے آستانہ پر موجود ہے۔ گیارہ سال بہار شریف میں رہے۔ تشریف آوری کے وقت عمر شریف ۸۱ سال کی تھی۔ ۲۵ رجب ۷۹۳ھ (جولائی ۱۳۹۱ء) کو وصال ہوا۔[۱]

حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی رح کے دادا کا نام خواجہ شہاب الدین حق گو رح تھا۔ آپ کی حق گوئی اور بادشاہ کو ظالم کہنے کے باعث شہزادہ جونا خاں محمد تغلق (۱۳۵۱-۱۳۲۴ء) نے آپ کو فصیل قلعہ سے نیچے گرا کر شہید کرا دیا تھا۔ مولوی محمد عالم شاہ فریدی نے اپنی کتاب "مزارات اولیائے دہلی" میں لکھا ہے کہ یہ واقعہ ۷۳۰ھ = ۱۳۲۹-۳۰ء میں پیش آیا۔ شاہ شمیم اختر صاحب بہاری نے لکھا ہے کہ چاٹگام سے بہار شریف تشریف آوری کے وقت عمر شریف ۸۱ سال تھی۔ اس طرح حضرت بدرالدین بدر عالم رح کی تاریخ پیدائش ۷۰۱ھ = اکتوبر ۱۳۰۱ء متعین ہوگی۔ دادا کی شہادت کے وقت ان کی عمر تقریباً ۲۹ سال تھی۔

حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی رح کے والد کا نام حضرت فخرالدین ثانی تھا۔ ان کا مزار دہلی میں حوض شمسی پر ہے۔ لیکن ان کی تاریخ وفات معلوم نہیں ہے جناب پروفیسر سید حسن عسکری صاحب اپنے ایک مضمون میں حضرت مخدوم سید اشرف جہانگیر سمنانی رح (کچھوچھہ شریف ضلع فیض آباد) کے مکتوبات کے سلسلہ میں

---

[۱] آب کوثر شیخ محمد اکرام ص ۴۶۳-۶۴؛ مضمون شاہ شمیم اختر صاحب بہار شریف۔ صدائے عام پٹنہ مئی ۱۹۵۵ء؛ مزارات اولیائے دہلی مولوی محمد عالم شاہ فریدی ص ۶۶۔ تحفۂ بہار، مولانا محمد عبدالمتین ص ۱۶

Marfat.com

ہیں رقمطراز ہیں کہ جب دیناج پور کے راجہ کنس یا گنیش نے گوڑ کے تخت شاہی پر قبضہ کر لیا تھا اور اس کے خلاف حضرت نور قطب عالمؒ نے جون پور کے سلطان ابراہیم شرقی سے مدد طلب کی تھی۔ اُسی موقع پر حضرت سید اشرف جہانگیر سمنانیؒ نے سلطان ابراہیم شرقی کو خط لکھا تھا اور اس پر زور ڈالا تھا کہ وہ حضرت نور قطب عالمؒ کی گذارش پر ضرور توجہ کرے۔ کیونکہ بنگال کی قابل فخر سرزمین میں بیشمار مشائخ عظام اور اولیائے کرام مدفون ہیں۔ صوبہ بنگال کا کوئی شہر، کوئی قصبہ اور کوئی دیہات ایسا نہیں ہے، جہاں ان متبرک ہستیوں کے قدوم میمنت لزوم نہ پہنچے ہوں۔ گرچہ ان میں سے اکثر کا انتقال ہو چکا ہے۔ لیکن ان عظیم المرتبت بزرگوں کی اولاد اور ان کے معتقدین زندہ ہیں۔ آپ نے خاص طور پر دیوگاؤں[1]، مہسوں[2]۔ دیوتلہ[3]۔ نار کوٹی[4] اور

---

[1] دیوگاؤں سے غالباً دیوکوٹ یا دیوی کوٹ (دُملدہ) مراد ہے، جو مغربی دیناج پور ضلع میں ضلع کے صدر مقام بالُرگھاٹ سے تقریباً ۲۵ میل اُتر پچھم اور دیناج پور شہر سے ۱۸ میل دکھن پُونربھابا ندی کے کنارے گنگارام پور تھانہ کا صدر مقام ہے۔ قصبہ گنگارام پور سے ایک میل کے فاصلہ پر دھالی دیگھی ایک شاندار تالاب ہے۔ اس کے کنارے ایک مسجد ہے اور حضرت ملا عطاء الدین رح (متوفی ۱۳۵۵ء) کا مزار ہے۔ بنگال کے آزاد مسلمان حکمرانوں کے زمانہ میں ایک بڑی فوجی چھاؤنی تھی۔ گنگارام پور سے کچھ اُتر بان نگر میں آثار اسلامی بہت ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ مشہور فاتح بختیار خلجی کا دیوی کوٹ میں انتقال ہوا تھا۔ یہاں ایک بڑا میلہ لگتا ہے۔ (دیناج پور ضلع گزیٹیر ص ۱۳۴، مسلم بنگالی ادب ص ۳۲ اور ص ۵

[2] مہسوں (مٹھ راجہ) ضلع مغربی دیناج پور (مغربی بنگال) میں سب ڈویژن کے (بقیہ حاشیہ ص ۲۰ پر)

سُنارگاؤں[1] کا ذکر کیا ہے۔ سنارگاؤں کے سلسلہ میں تحریر فرمایا ہے کہ وہاں حضرت مخدوم شرف الدین منیریؒ کے اُستاد حضرت شرف الدین توامہؒ آسودۂ خاک ہیں اور وہیں حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدیؒ کے والد کو عروج حاصل ہوا[2]۔ جناب احسن دانی نے اپنے مضمون 'بنگال میں اسلام' (عہد مغلیہ سے قبل) مطبوعہ ماہ نو کراچی ستمبر ۱۹۵۳ء میں حضرت مخدوم سیّد اشرف جہانگیر سمنانی رح کے اس خط مرقومہ ۷۱۵ھ/۱۳۱۵ء کا ذکر کیا ہے[3]۔

حضرت مخدوم سیّد اشرف جہانگیر سمنانی رح کے بارے میں اب تک یہ تسلیم کیا جاتا تھا کہ وہ سمنان (ایران) میں ۶۸۸ھ = ۱۲۸۹ء میں پیدا ہوئے اور بحساب قمری

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۹ کا]

صدر مقام رائے گنج سے چھ میل اُتر اور قاسم پور کنتور سے دو میل دکھن کیٹھہ ندی کے قریب واقع ہے۔ یہاں حضرت مولانا شیخ سلمان سہروردی رح اور امام غزالی رح کی کتاب احیاء العلوم کے شارح مولانا تقی الدین سہروردی رح کے مزارات ہیں۔ حضرت شیخ سلیمان سہروردیؒ، حضرت مخدوم احمد چرم پوشؒ بہار شریف کے پیر مولانا علاء الدین سہروردیؒ (پورینی بھاگل پور) کے پیر و مرشد ہیں۔

[3] دیوتلہ مالدہ سے گنگا رام پور اور دیناج پور جانے والی سڑک پر مالدہ ضلع کے بگول تھانہ میں پانڈوا سے ۴ میل اُتر پورب سنکرول کے پاس ہے۔ یہاں حضرت جلال تبریزیؒ کا چلہ ہے۔

[4] ماہ کوٹی کا صحیح محل وقوع معلوم نہیں ہے۔ سر جدوناتھ سرکار کا خیال ہے کہ یہ گھوڑاگھاٹ ضلع دیناج پور کے پاس تھا۔ تاریخ بنگال جلد دوم صفحہ ۳۶

[1] ضلع ڈھاکہ، بنگلہ دیش میں ڈھاکہ سے ۱۵ میل پورب مشرقی بنگال کا قدیم دارالحکومت۔ [2] کرنٹ اسٹڈیز۔ پٹنہ کالج۔ مارچ ۱۹۵۸ء ص ۱۰ مضمون تصوف عہد وسطیٰ کے بہار میں [3] ماہ نو کراچی ستمبر ۱۹۵۳ء صفحہ ۲۸

Marfat.com

۱۲۰ سال کی عمر میں ۸۰۸ھ = ۱۴۰۵ء میں کچھوچھہ شریف ضلع فیض آباد (اودھ) میں انتقال[1] فرمایا۔ کچھوچھہ شریف میں مزار مبارک پر "وصالش بتاریخ بست و ہشتم ماہ محرم در ۸۰۸ ثمان و ثمان ماہ" درج ہے۔ "اشرف المومنین" اور "بدر یا رسید قطرۂ آب" سے بھی ۸۰۸ھ خارج ہوتا ہے۔ راجہ گنیش نے ۱۴۱۴ء میں گوڑ کی سلطنت پر قبضہ کیا تھا۔ اور اسی سال یعنی ۸۱۶ھ = ۱۴۱۴ء میں سلطان ابراھیم شرقی نے بنگال پر حملہ کیا تھا۔ اگر حضرت مخدوم سید اشرف جہانگیر سمنانی رح نے سلطان ابراہیم شرقی کو بنگال پر حملہ کی ترغیب دیتے ہوئے خط لکھا تو یقیناً آپ کا وصال ۸۱۶ھ = ۱۴۱۴ء کے بعد ہوا ہے اور محرم ۸۰۸ھ = جولائی ۱۴۰۵ء میں آپ کی وفات کی تاریخ صحیح نہیں ہے۔ آپ کے پیر بھائی حضرت نور قطب عالم رح کا ۸۱۸ھ = ۱۴۱۵ء میں انتقال ہوا۔

خیر حضرت مخدوم سمنانی رح کے مکتوب سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ حضرت بدر الدین بدر عالم زاہدی رح کے والد حضرت فخر الدین ثانی رح عرصہ تک سُنار گاؤں میں مقیم تھے۔ جناب سید شمیم احمد نے اپنے ایک مضمون "بنگال دوش کے آئینہ میں"[2] غلام حسین زیدپوری کی فارسی کتاب ریاض السلاطین (مرتبہ ۱۷۸۸ء) کے حوالہ سے لکھا ہے "کہ سلطان علاؤ الدین حسین شاہ بڑا دین دار، عادل، اُلوالعزم اور نامور حکمراں گذرا ہے اور وہ

---

[1] داستانِ تاریخ اُردو۔ مولانا حامد حسن قادری ص ۱۷ اور مقدمہ سیرۃ الشرف۔ مرتبہ منشی امیر احمد علوی ص ۷۲-۷۱

[2] ماہِ نو کراچی۔ دسمبر ۱۹۶۲ء۔ ص ۳۸

Marfat.com

حضرت غلام شاہ فخر الدین زاہدیؒ کا مرید تھا۔ جو بہار شریف (پٹنہ) میں رہتے تھے۔ یہ غلام شاہ فخر الدین زاہدیؒ کوئی دوسرے بزرگ ہیں۔ کیونکہ سید علاء الدین حسین شاہ کا زمانہ ۱۴۹۳ء سے ۱۵۱۸ء تک ہے۔ وہ دہلی کے بادشاہ بہلول لودی اور سکندر لودی کا ہمعصر ہے اور حضرت فخر الدین ثانیؒ محمد تغلق اور فیروز تغلق کے زمانہ میں تھے۔

حضرت بدر الدین بدر عالم زاہدیؒ کی ایک ہمشیرہ کی شادی حضرت شیخ علاء الحق علاء الحق بنگالی ابن شیخ اسعد لاہوریؒ سے ہوئی تھی۔ حضرت علاء الحقؒ نے پانڈوا شریف ضلع مالدہ میں ۸۰۰ھ = یکم رجب بدھ ۲۰ مارچ ۱۳۹۸ء کو انتقال فرمایا۔ اُن کے صاحبزادے حضرت نور قطب عالمؒ جو حضرت بدر الدین زاہدیؒ کے حقیقی بھانجے ہیں، ان کا پانڈوا شریف میں ۸۱۸ھ = ۱۴۱۵ء وصال ہوا۔ حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ نے آپ کا سال وفات ۸۱۳ھ = ۱۴۱۰ء لکھا ہے اور ڈاکٹر انعام اللہ نے ۸۱۹ھ = ۱۴۱۶ء تسلیم کیا ہے۔ حضرت بدر الدین بدر عالم زاہدیؒ کی دوسری ہمشیرہ نظام المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہیؒ (۱۲۳۸-۱۳۲۵ء) کے حقیقی چچازاد[1] بھائی حضرت جمال اولیاءؒ کے صاحبزادے سید ابراہیمؒ سے ہوئی تھی۔ جن کو حضرت نظام المشائخؒ کے خلیفہ حضرت عثمان اخی سراج آئینۂ ہند (متوفی ۷۵۸ھ

---

[1] حضرت نظام المشائخؒ کے چچا کا نام حضرت سید محمد بخاریؒ تھا۔ کہا جاتا ہے کہ حضرت جمال اولیاءؒ کا مزار بھونگیر ضلع نل گونڈہ (اندھرا پردیش) میں ہے۔ آپکی اولاد بہار شریف ضلع نالندہ، خسرو پور ضلع پٹنہ لودی کٹرہ پٹنہ سیٹی، دریاپور اور سبزی باغ پٹنہ میں ہے۔ (بحوالہ جناب سید اختر حسین سبزی باغ۔ پٹنہ ۴

20976

Marfat.com

=۱۳۵۷ء) اپنے ساتھ گوڑ لے گئے تھے حضرت سیّد ابراہیم چشتی رح کے صاحبزادے حضرت فریدالدین طویلہ بخش رح ہیں۔ جن کا مزار محلہ چاندپورہ بہار شریف میں ہے۔ یہ حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی رح کے دوسرے بھانجے اور حضرت نور قطب عالم رح کے خالہ زاد بھائی اور ان کے خلیفہ ہیں۔ چاندپورہ بہار شریف میں ایک مسجد سنہ ۷۱۰ھ = سنہ ۱۳۱۰ء کی ہے[1]۔

حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی رح کے ایک صاحبزادے حضرت مخدوم شہاب الدین قتّال رح کا مزار چوکی حسن، تھانہ برہریا۔ ضلع سیوان (بہار) میں ہے۔ لیکن اُن کی تاریخ وفات معلوم نہیں ہے۔ آپ کے صاحبزادے حضرت مخدوم شاہ رکن الدین رکن عالم رح صاحب ولایت شہر خرید کا مزار موضع زاہدی پور (متصل چک حاجی عرف شیخ پورہ پرگنہ سکندرپور شرقی)۔ ضلع بلیا میں قصبہ سکندرپور سے تین میل یعنی ۴½ کیلومیٹر پورب ہے۔ آپ یہاں سنہ ۸۷۱ھ = سنہ ۱۴۶۶-۶۷ء میں تشریف لائے اور ۱۱ ذی الحجہ سنہ ۹۱۱ھ = سنہ ۱۵۰۶ء کو انتقال فرمایا[2]۔ یہ "تاریخین مزار شریف کے

---

[1] مضمون "تصوف عہد وسطیٰ کے بارے میں" پروفیسر سید حسین عسکری، کرنٹ اسٹڈیز۔ پٹنہ کالج۔ جنوری سنہ ۱۹۵۸ء صفحہ ۳۴ (عسکری صاحب نے حضرت قربالدین طویلہ بخش رح کی وفات کا سال سنہ ۸۹۷ھ = سنہ ۱۴۹۱ء تحریر فرمایا ہے۔ جو ان کے خالہ زاد بھائی حضرت نور قطب عالم رح کی وفات کے ۷۶ سال بعد ہے۔ اس لئے کچھ مشکوک ہے۔)

[2] زاہدی پور ضلع بلیا کی درگاہ میں حضرت مخدوم رکن الدین رکن عالم رح کے مزار پر جو کتبہ ہے۔ اُس میں
(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۴ پر)

باہر کندہ ہیں۔ لیکن دوسرے ذرائع سے ان کی تصدیق نہیں ہو سکی ہے۔ حضرت رکن الدین رکن عالم رح کے صاحبزادے حضرت مخدوم بڑے زاہدیؒ کا مزار بھی چوکی حسن ضلع سیوان (بہار) میں ہے۔ لیکن یہاں بھی کوئی کتبہ نہیں ہے اور تاریخ وفات معلوم نہیں ہو سکی ہے۔

حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدیؒ کے ایک بھائی مخدوم صدرالدین صدر عالمؒ چھپرہ ضلع سارن کے پاس گھگھٹا[1] میں آرام فرما ہیں۔ لیکن ان کا بھی کوئی حال معلوم نہیں ہے۔ شیراز ہند جون پور کے مؤلف جناب سید اقبال احمد نے لکھا ہے کہ مخدوم سید صدرالدین شاہ زاہدیؒ جو بہار شریف ضلع پٹنہ کے سید بدرالدین بدر عالم زاہدی رح کے حقیقی بھائی تھے۔ وہ مخدوم شاہ حسام الدین مانک پوری رح سے اجازت و خلافت حاصل کرنے کے بعد جون پور آئے۔ ۵ رمضان المبارک ۹۳۳ھ = ۱۲ اکتوبر ۱۵۲۶ء کو انتقال ہوا۔ ملا ٹولہ شہر جون پور میں دکھن طرف املی کے درخت کے نیچے مزار ہے۔ جناب شاہ شمیم اختر صاحب بہاری نے بھی اپنے مضمون میں لکھا ہے کہ حضرت بدرالدین بدر عالمؒ دہلی سے جون پور آئے جہاں آپ کے بڑے بھائی کا مزار ہے۔

---

[1] بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۳ کا

آمد ۸۷۱ھ کے نیچے ۱۴۳۸ء اور وصال ۱۱ ذی الحجہ ۹۱۱ھ کے نیچے ۱۵۰۶ء درج ہے جو غلط ہے راقم الحروف نے اتوار ۲۷ اکتوبر ۱۹۶۸ء زاہدی پور میں، کتبہ کی پوری عبارت تاریخوں کے ساتھ نوٹ کی تھی یہاں ہجری سال کو صحیح مان کر عیسوی سال درست کر دیا ہے۔ ۱۰ بحوالہ جناب شاہ ذکی اشرف صاحب چوکی حسن، تھانہ برہریا ضلع سیوان (بہار) منگل ۲۲ اکتوبر ۱۹۶۸ء۔

ہوسکتا ہے کہ گھگھٹا ضلع سارن (بہار) کے زاہدی بزرگ اور جون پور کے مخدوم صدرالدین زاہدی کے ناموں میں کچھ فرق ہو۔ لیکن صاحب شیراز ہند کی تحریر میں بعض سخت تضاد کے باعث ان کا بیان محلّ نظر ہے۔ اگر حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی رح کی تاریخ وفات رجب ۸۴۴ھ (۱۴۴۰ء) تسلیم کی جائے تو ان کے بڑے بھائی کی تاریخ وفات سے ۹۸ سال کا فرق ہوتا ہے اور ۷۹۳ھ (۱۳۹۱ء) سے ۴۰ سال کا فرق ہوتا ہے۔ دونوں صورتیں ناممکن ہیں۔ دوسرے حضرت حسام الدین مانک پوری رح خلیفہ ہیں حضرت نور قطب عالم رح کے جو بھائی ہیں۔ حضرت بدرالدین زاہدی رح کے حضرت نور قطب عالم کا ۸۱۵ھ = ۱۴۱۵ء میں اور حضرت حسام الدین مانک پوری رح کا ۸۸۲ھ = ۱۴۷۷-۷۸ء میں وصال ہوا۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ حضرت نور قطب عالم رح کے بڑے ماموں کا ان کے ۱۱۵ سال بعد انتقال ہوا ہو۔ اس لئے جون پور حضرت صدرالدین زاہدی رح کی تاریخ وفات لکھنے میں غلطی ہوئی ہے۔

حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی رح کے دادا حضرت خواجہ شہاب الدین حق گو شہید رح کے واقعۂ شہادت ۷۳۰ھ = ۱۳۲۹-۳۰ء اُن کے برادر نسبتی حضرت شیخ علاء الدین علاء الحق رح کی تاریخ وفات یکم رجب ۸۰۰ھ = ۳۰ مارچ ۱۳۹۸ء اُن کے سُسر فیروز شاہ تغلق (۱۳۸۸-۱۳۵۱ء) کی تاریخ وفات

Marfat.com

۱۳ رمضان ۷۹۰ھ = ستمبر ۱۳۸۸ء۔ اُن کے بھانجے حضرت نور قطب عالم رح کے سال وفات ۸۱۸ھ = ۱۴۱۵ء۔ اُن کے پوتے حضرت رکن الدین رُکن عالم رح (زاہدی پور ضلع بلیا) کی تاریخ وفات ۱۱ ذی الحجہ ۹۱۱ھ = ۱۵۰۶ء اور حضرت مخدوم الملک شرف الدین بہاری رح کی تاریخ وفات ۶ شوال ۷۸۲ھ = جنوری ۱۳۸۰ء کی روشنی میں ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی کی عمر، چاٹگام سے بہار شریف کو واپسی اور اُن کے انتقال کی جو تاریخیں جناب شاہ شمیم اختر صاحب نے لکھی ہیں وہ صحیح ہیں[1]۔ یعنی وہ میر ۱۳۰۱ء میں ۷۰۱ھ = اکتوبر ۱۳۰۱ء میں علاء الدین خلجی کے عہدِ حکومت میں پیدا ہوئے اور بہار شریف ضلع نالندہ (بہار) میں ۲۵ رجب ۷۹۳ھ = جولائی ۱۳۹۱ء کو بنگال کے سلطان غیاث الدین اعظم شاہ کے عہد حکومت میں انتقال فرمایا۔

بنگلہ زبان کے شاعر اور ساعت نامہ، کے مصنّف مزمّل نے اپنے پیر کا نام شاہ بدرالدین لکھا ہے۔ اگر اُن کے پیر حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی رح ہیں تو مزمّل کے پندرہویں صدی عیسوی کے وسط کے نہیں، بلکہ چودھویں صدی عیسوی کے وسط کے شاعر ہیں۔ کالنا ضلع بردوان میں بلدیا صاحب نامی بزرگ کے مزار کے سلسلہ میں جو ڈاکٹر انعام الحق نے لکھا ہے کہ وہاں حضرت بدر عالم رح نے اسلام کی تبلیغ کی تھی۔ اور وہاں ان کا ایک فرضی مقبرہ موجود ہے۔ بردوان گزیٹر میں لکھا ہے کہ "ضلع کے دو اور بزرگ جن کی ہندو اور مسلمان دونوں یکساں عزت کرتے ہیں۔ وہ کالنا کے بلدیا صاحب رح

---

[1] روزانہ صدائے عام۔ پٹنہ۔ مئی ۱۹۵۵ء کی ایک اشاعت

Marfat.com

اور مجلس صاحبؒ ہیں۔ دونوں کے مزارات دریا کے کنارے ایک میل کے فاصلہ پر ہیں۔ یہ دونوں بھائی تھے اور چار سو سال قبل تبلیغ و اشاعتِ اسلام کے لئے یہاں آئے تھے۔ دونوں مزارات کے درمیان زائرین بالکل محفوظ رہتے ہیں اور ندی میں مزارات کے درمیان گھڑیال بھی انسان کو نہیں پکڑتا۔ ان دونوں مزارات پر مٹی کے چھوٹے چھوٹے گھوڑے۔ پھول اور مٹھائیاں پیش کی جاتی ہیں[1]۔ یہ ممکن ہے کہ حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدیؒ نے تبلیغ دین کے سلسلے میں کالنا ضلع بردوان میں قیام فرمایا ہو۔ لیکن یہاں کے بدر صاحبؒ مجلس صاحبؒ کے بھائی سمجھے جاتے ہیں اور ان کا زمانہ (سنہ ۱۵۱۱ء) سولہویں صدی کے آغاز کا ہے اور راقم الحروف کے خیال میں یہ حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدیؒ سے مختلف بزرگ ہیں۔

سلہٹ کے راجہ گوڑ گوبند نے برہان الدین نامی ایک مسلمان پر سخت ظلم ڈھایا۔ بچہ کی پیدائش کے موقع پر گائے ذبح کرنے کے جرم میں ان کے نومولود بچہ کو قتل کر دیا گیا اور اُن کا ایک ہاتھ کاٹ لیا گیا۔ انہوں نے گوڑ کے مسلمان بادشاہ سلطان فیروز شاہ دہلوی (۱۳۲۲ - ۱۳۰۱ء) کے دربار میں فریاد کی۔ چنانچہ گوڑ گوبند کی سرکوبی کے لئے بادشاہ نے اپنے بھانجے سکندر غازی کی ماتحتی میں فوج روانہ کی۔ اس فوج کو گوڑ گوبند کے مقابلہ میں ناکامی ہوئی، تو سکندر غازی کی مدد کے لئے سپہ سالار سید

---

[1] بردوان ضلع گزیٹیر۔ جے۔ سی۔ کے۔ پیٹرسن سنہ ۱۹۱۰ء صفحہ ۵۱ اور ۱۹۸

Marfat.com

نصیر الدین کی ماتحتی میں ایک اور فوج بھیجی گئی۔ مسلمان گورنر گوبند کی فوجی طاقت اور اس کی جادوگری سے کچھ ہراساں تھے۔ اس زمانہ میں حضرت شاہ جلال مجردؒ یمنیؒ اپنے مریدوں اور معتقدوں کے ساتھ اس علاقہ میں مصروف کار تھے۔ سکندر غازی اور سپہ سالار نصیر الدین حضرت شاہ جلال مجرد یمنیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ دعا اور مدد کی درخواست کی۔ حضرت جلال یمنیؒ نے دعا کی اور اپنے ۳۶۰ مریدوں کے ساتھ جہاد میں شریک ہوئے۔ آپ نے بہادر پور میں براک ندی کو اپنے مصلیٰ پر بیٹھ کر عبور کیا۔ سپہ سالار سید نصیر الدین جن کی نماز فجر کبھی قضا نہیں ہوئی تھی، انہوں نے راجہ کی آہنی کمان کو چڑھایا۔ گورنر گوبند فرار ہو گیا اور ۷۰۳ھ = ۱۳۰۳ء میں سلہٹ فتح ہو گیا۔ شیخ محمد اکرام نے آب کوثر میں لکھا ہے کہ "شاہ جلال مجرد قطب بود" سے تاریخ وفات نکلتی ہے اور حضرت کا وصال ۲۰ ذی قعدہ ۷۴۰ھ یعنی ۱۸ مئی ۱۳۴۰ء کو ہوا۔ لیکن ڈاکٹر انعام الحق نے اپنی کتاب 'مسلم بنگالی ادب' میں حضرت شاہ جلال مجردؒ یمنیؒ کا سال وفات ۱۳۴۶ء تسلیم کیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ابن بطوطہ ۴۶-۱۳۴۵ء میں بنگال سے گذرا، تو وہ سلہٹ جا کر حضرت شاہ جلال یمنیؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ۱۳۴۷ء میں جب وہ چین پہنچا، تو اسے حضرت شاہ جلال یمنیؒ کی وفات کی خبر معلوم ہوئی۔[1]

---

[1] آب کوثر، شیخ محمد اکرام ص ۳۶۳-۳۵۵؛ حضرت شاہ جلال سلہٹ، مضمون سید مرتضیٰ علی۔ ماہ نو کراچی۔ مئی ۱۹۵۹ء ص ۵۲؛ مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق ص ۵۷

Marfat.com

حضرت جلال مجرّد یمنیؒ کے سلسلہ میں بدر پیرؒ کا ذکر آتا ہے۔ تاریخ چٹاگانگ کے مصنّف سید مرتضیٰ علی کا یہ خیال صحیح ہے کہ سلہٹ کے بدر پیرؒ بہار شریف کے حضرت بدر عالمؒ سے مختلف ہیں۔ کیونکہ ۱۳۰۳ء میں سلہٹ کی فتح کے وقت حضرت بدر الدین بدر عالم زاہدیؒ کی عمر دو تین سال سے زیادہ نہ تھی۔ شہر چاٹگام کے بخشی بازار محلہ میں بدر اولیاءؒ نامی ایک بزرگ کا مزار ہے۔ جہاں ہر سال ۲۹ رمضان کو عرس ہوتا ہے قیاس غالب ہے کہ جنوبی سلہٹ کی فتح کے بعد حضرت بدر پیرؒ چاٹگام کے علاقہ میں آئے اور یہاں بخشی بازار محلہ میں اُن ہی کا مزار ہے۔ جنوبی سلہٹ کے علاقہ ترافت کے سلسلہ میں مدن پور ضلع میمن سنگھ کے حضرت شاہ سلطان رومیؒ کا نام آیا ہے۔ یہ سلہٹ کے حضرت شاہ جلال مجرّد یمنیؒ سے ڈھائی سو سال قبل اس علاقہ میں دین اسلام کی تبلیغ و اشاعت کے لیے آگئے تھے۔ کیونکہ ۱۰۷۱ء کے ایک [illegible] کاغذ کے مطابق ۴۶۵ھ = ۱۰۵۳ء میں آپ کے یہاں آکر آباد ہونے کا حال معلوم ہوتا ہے۔ اِس لیے ان کو سلہٹ کے حضرت جلال مجرّد یمنیؒ کے ساتھ شامل کرنا مناسب نہیں ہے۔

حضرت بدر الدین بدر عالم زاہدیؒ شیخ الاسلام[1] حضرت احمد جام زندہ پیلؒ

---

[1] شیخ الاسلام حضرت احمد النامقی الجامیؒ چھٹی صدی ہجری کے اکابر صوفیہ میں گذرے ہیں۔ ۴۴۱ھ = ۱۰۴۹ء میں پیدا ہوئے اور ۵۳۶ھ = ۱۱۳۵ء میں انتقال ہوا۔ چشت کے مشہور بزرگ حضرت خواجہ مودود چشتی (متوفی ۵۲۷ھ = ۱۱۳۳ء) کے ہم عصر تھے [بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۰ پر]

Marfat.com

کی اولاد میں تھے۔ چنانچہ آپ کے دادا شیخ شہاب الدین حق گورہ، جو بڑے صاحبِ صدق بزرگ گذرے ہیں۔ انہیں کچھ لوگ شیخ زادہ جام[1] بھی کہتے تھے۔ ان ہی کو بادشاہ محمد تغلق نے فصیل قلعہ سے نیچے گرا کر شہید کرا دیا تھا[2]۔ کہا جاتا ہے کہ حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدیؒ کے جدِ اعلیٰ حضرت شہاب الدین کبیرؒ کعبہ شریف میں امام تھے۔ وہاں سے بشارت نبویؐ کے مطابق میرٹھ آئے اور وہاں سکونت اختیار کی۔ حضرت شہاب الدین کبیرؒ۔ ان کے بیٹے حضرت فخر الدین زاہدیؒ اور حضرت فخر الدین زاہدیؒ کے تین بیٹوں کا مزار شہر میرٹھ میں[3] ہے۔ شہر میرٹھ میں ایک محلہ زاہدی نام کا موجود[4] ہے۔ حضرت شہاب الدین حق گو شہیدؒ حضرت فخر الدین زاہدیؒ کے بیٹے تھے۔ ان کا مزار دہلی میں تغلق آباد میں فصیل قلعہ کے پاس ہے۔ حضرت بدر عالم زاہدیؒ کے والد حضرت فخر الدین ثانی زاہدیؒ کی زندگی کا بڑا حصہ بنگال کے قدیم دارالحکومت سُنار گاؤں میں گذرا۔ آپ دہلی میں حوض شمسی کے پاس آرام فرما ہیں۔

[بقیہ حاشیہ ص ۲۹]

ملا عبدالرحمٰن جامیؒ نے نفحات الانس میں آپ کا ذکر کیا ہے۔ انیس الطالبین، مفتاح النجات، بحر الحقیقت وغیرہ آپ کی تصانیف ہیں۔ قاموس المشاہیر میں سال وفات رجب ۵۳۶ھ = فروری ۱۱۴۲ء لکھا ہے ۱۸ سال تک جنگلوں اور پہاڑوں میں عبادت کی تھی۔ سیرت الشرف جلد اوّل ص ۷۷ اور قاموس المشاہیر جلد اوّل ص ۶۶-۶۵

[1] آب کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۲۶۳۔ [2] آب کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۲۶۴ بحوالہ ترجمہ سفرنامہ ابن بطوطہ جلد دوم ص ۱۴۸ [3] تحفہ بہار مولانا محمد عبدالمتین صاحبؒ۔ [4] میرٹھ ضلع گزیٹیر ایچ۔ آر نیویل الہ آباد

سنہ ۱۳۴۰ء میں فخر الدین مبارک شاہ (۱۳۳۹ - ۱۳۳۸ء) کے عہد حکومت میں چاٹگام پر مسلمانوں کے پہلے حملہ کے وقت حضرت بدر الدین بدر عالم زاہدیؒ چاٹگام میں موجود تھے۔ بنگال میں ۱۳۴۶ - ۱۳۴۵ء میں افریقی سیاح ابن بطوطہ کی سیاحت کے وقت بھی وہاں آپ کی موجودگی ثابت ہوتی ہے۔ چاٹگام کی بدر پتی پہاڑی آپ کے نام پر ہے۔ اور فری ہلز پر آپ ہی کے نام کا چراغ جلتا ہے۔ بنگلہ زبان میں چیٹی ہٹی[1] کے دیا کو کہتے ہیں۔ اور آپ نے جو چراغ روشن کیا تھا۔ اسی کی وجہ سے اس مقام کا نام چیٹی گاؤں[2] ہو گیا۔ سمندر میں کام کرنے والے ملاح آپ ہی کے نام کی دہائی دیتے ہیں۔

حضرت بدر الدین بدر عالم زاہدیؒ سلطان غیاث الدین تغلق (۱۳۲۱ - ۱۳۲۲ء) سلطان محمد عادل تغلق شاہ (۱۳۲۴ - ۱۳۵۱ء) اور سلطان فیروز شاہ تغلق (۱۳۵۱ - ۱۳۸۸ء) کے دور حکومت میں تھے۔ آپ کی ایک شادی سلطان فیروز شاہ تغلق کی صاحبزادی بی بی فہمیدہ سے ہوئی تھی اور دوسری شادی پرتھوی راج چوہان کے خاندان میں۔ دوسری بی بی کا نام بی بی نتھی تھا۔ ان سے ایک بڑے حضرت سلطان زاہدی اور ایک صاحبزادی بی بی ابدال تھیں۔ اور بی بی فہمیدہ سے آپ کے چار صاحبزادے تھے۔ بہار شریف ضلع نالندہ میں حضرت مخدوم الملک شیخ شرف الدین بہاریؒ کے مزار مبارک سے تقریباً نصف میل پورب دکھن محلہ نکیہ کلاں میں آپ کا مزار ایک احاطہ کے اندر ہے۔ اس کو چھوٹی درگاہ کہتے ہیں۔ آپ کے مزار شریف پر آسیب جل جاتے ہیں۔ اس لئے بہت سے لوگ آپکو

---

[1] تاریخ چٹگاؤں۔ سید مرتضیٰ علی ص۹ بحوالہ چاٹگام مردم شماری رپورٹ ۱۹۶۱ء ص ۱۳-۱

جلو پیر بھی کہتے ہیں۔

آپ کے زمانہ میں بنگال میں حضرت عثمان اخی سراج آئینہ ہندرح (متوفی ۱۳۵۷ء) اُن کے خلیفہ اور آپ کے برادر نسبتی حضرت مخدوم علاء الدین علاء الحق رح (متوفی ۱۳۹۸ء) آپ کے بھانجے حضرت نور قطب عالم رح (متوفی ۱۴۱۵ء)؛ دیوی کوٹ (دُمدمہ) ضلع دیناج پور کے مولانا شاہ عطار رح (متوفی ۱۳۵۵ء) شمس الدین محمد الیاس کے دور حکومت کے حضرت راجہ بیابانی رح (متوفی ۱۳۵۴ء)؛ فُرفرہ شریف ضلع ہوگلی کے شاہ انور قلی حلیؒ (متوفی ۱۳۷۵ء) اور سلہٹ کے حضرت جلال مجرّد یمنی رح (متوفی ۱۳۴۷ء) دین اسلام کی تبلیغ و اشاعت میں مشغول تھے۔

حضرت بختیار ماہی سوار رح کے ساتھ آنے والے بارہ اولیاء میں سے حضرت بدرالدین بدر عالم زاہدی رح کے سوا دوسرے بزرگوں کے مفصّل حالات معلوم نہیں ہیں۔ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے کچھ بزرگ چاٹگام اور سیتا کنڈ کے مابین کومیرا اسٹیشن کے پاس بارہ اولیا نامی بستی میں آباد ہوئے۔ وہاں ایک ساتھ بارہ[۱۲] پرانی قبریں دکھلائی جاتی ہیں[۱]۔ شاہ قتال رح کا مزار شہر چاٹگام کے شمالی مضافات قتال گنج (قتل گنج) میں ہے۔ عام طور پر ان کو قتال پیر رح کہتے ہیں۔ مغل عہد حکومت میں سرکاری کچہریاں قتال گنج ہی میں تھیں[۲]۔ شاہ چاند اولیا رح چاٹگام سے آٹھ میل جنوب مشرق کی طرف پاٹیا میں سری متی ندی کے کنارے آرام فرما ہیں۔ کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ حضرت چاند اولیا رح

---

[۱] تاریخ چٹاگانگ سید مرتضیٰ علی ص ۷ [۲] تاریخ چٹاگانگ سید مرتضیٰ علی ص ۱۵۸ اور ۱۰۹

سولہویں صدی عیسوی میں دہلی سے چاٹگام آئے۔ اور لنگوٹ بند رہے[1]۔

حضرت بدر عالمؒ کے ساتھ آنے والے بزرگوں میں ایک نام حضرت شاہ محسن اولیاءؒ کا ملتا ہے۔ پہلے آپ کو جھیاری میں سنکھا ندی کے کنارے دفن کیا گیا۔ لیکن جب ندی کی دھارا بدل گئی، تو آپ کی قبر بھٹالی کو منتقل کی گئی۔ آپ کی صاحبزادی کا نام نرمئی بی بی تھا۔ جن کی شادی آپ کے بھتیجے شاہ سکندرؒ سے ہوئی تھی۔ ان کے بیٹے شاہ قطب الدینؒ تھے۔ اُن کی اولاد اب تک جھیاری آباد ہے۔ یہاں طغرئی کا ایک کتبہ ہے جس میں ۸۰۰ھ = ۱۳۹۷ء کی تاریخ درج ہے[2]۔

شہر چاٹگام سے چار میل اتر، پچھم نصیر آباد میں حضرت سلطان بایزید بسطامیؒ کی درگاہ ہے۔ اس کو سلطان بایزید بسطامیؒ کا چلّہ کہتے ہیں۔ چلّہ کی سادہ مگر باوقار مربع عمارت ایک ٹیلہ کے اُوپر ہے اور ٹیلہ کے دامن میں عہد عالمگیری کی ایک شاندار مسجد ہے، جس کا رُوکار اور مرکزی قبہ قابل دید ہے۔ ابھی تک حضرت سلطان بایزیدؒ کے متعلق تحقیق نہیں ہو سکی ہے کہ یہ کون بزرگ ہیں اور یہاں کب تشریف لائے۔ ڈاکٹر انعام الحق کا خیال ہے کہ فی الحقیقت یہ حضرت شاہ سلطان بلخیؒ کی درگاہ ہے۔ جو ساندوِپ سے نصیر آباد آئے تھے[3]۔ دوسروں کا کہنا ہے کہ نویں صدی عیسوی میں دنیائے اسلام کے عظیم روحانی پیشوا حضرت خواجہ بسطامیؒ[4] تبلیغ اسلام کے سلسلہ

---

[1] تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص۱۵۸۔ [2] تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص۱۵۸-۱۵۷۔ اور مسلم بنگالی ادب ص۵۷۔ [3] تاریخ چٹاگانگ ص۱۲۔ [4] حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانیؒ کے پیر و مرشد حضرت خواجہ بایزید بسطامیؒ۔ ایران میں شاہ رود کے پاس بسطام میں ۱۶۰ھ = ۷۷۷ء

(باقی حاشیہ ص۳۴ پر)

میں چاٹگام تشریف لائے اور چھ سال تک یہاں مقیم رہے۔ لیکن خواجہ بایزید بسطامیؒ (۸۷۵ - ۷۷۷ء) کے چاٹگام تشریف لانے کا کوئی تاریخی ثبوت نہیں ہے حضرت سلطان سخی سرورؒ[1] کبھی مشرقی پنجاب میں تشریف نہیں لائے۔ لیکن جالندھر اور لودھیانہ کے تمام سلطانی ہندو جاٹوں کی بستی میں آپ کی درگاہ موجود ہے۔ اس کو زیارت کہتے ہیں۔ ہر جمعرات کو زیارت صاف کی جاتی ہے اور اس میں رات کو چراغ جلایا جاتا ہے اور اجمیر شریف میں غوث الاعظم حضرت سیّد محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ[2] کے تشریف نہیں لانے کے باوجود حضرت خواجہ بزرگؒ[3] کے مزار مبارک کے سامنے

[بقیہ حاشیہ ص۳۳ کا]

میں پیدا ہوئے اور ۱۵ شعبان ۲۶۱ھ = ۲۶ مئی ۸۷۵ء کو وصال ہوا۔

[1] حضرت سید احمدؒ (سلطان سخی سرور لکھ داتا) کرسی کوٹ میں پیدا ہوئے۔ حضرت غوث الاعظمؒ اور شیخ الشیوخ حضرت شہاب الدین سہروردیؒ سے فیض حاصل کیا۔ لاہور سے ۷۰ میل سودھرہ میں پھر گئی سال دھونکل میں رہے۔ ضلع ڈیرہ غازی خاں کے شاہ کوٹ تشریف لے گئے۔ ۱۱۱۸ء میں شہید ہوئے۔ مزار مبارک شاہ کوٹ (سخی سرور) میں ہے۔ ہندو آپ کے بہت معتقد ہیں۔ آب کوثر۔ شیخ محمد اکرام ۱۹۵۸ء ص۹۱، امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد بست ویکم ص۳۹۰

[2] سلسلہ عالیہ قادریہ کے امام غوث الاعظم حضرت سیّد محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ ایران کے ضلع جیلان (گیلان) کے گاؤں نائف (نیف) میں یکم رمضان المبارک ۴۷۰ھ = مارچ ۱۰۷۸ء کو پیدا ہوئے اور ۱۱ ربیع الآخر ۵۶۱ھ = ۱۴ فروری ۱۱۶۶ء کو بغداد شریف میں وصال ہوا۔

[3] سلطان الہند حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ ۱۴ رجب ۵۳۷ھ = فروری ۱۱۴۳ء کو علاقہ سجستان میں پیدا

(باقی حاشیہ ص۳۵ پر)

Marfat.com

"نارا گڑھ پہاڑی کے راستہ پر آپ کا چلّہ تعمیر ہوا۔ جہاں حضرت غوث الاعظمؒ کے ایک عقیدت مند نے بغداد شریف سے آپ کی درگاہ کی ایک اینٹ لاکر اپنے سینہ کے اُوپر دفن کرایا۔ اِسی طرح عین ممکن ہے کہ سلطان العارفین حضرت خواجہ بایزید بسطامیؒ کے سلسلہ کے کسی بزرگ نے ازراہ عقیدت مندی آپ کے نام سے یہ چلّہ تعمیر کرایا ہو اور چونکہ عام طور پر اسے حضرت خواجہ بایزید بسطامیؒ کی درگاہ یا آپ کا چلّہ کہتے ہیں اس لئے اس میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے کہ یہ درگاہ شریف آپ کے نام سے تعمیر کی گئی ہے۔ آپ کی طرف اس کی نسبت صحیح ہے۔

شہر چاٹگام سے ایک میل اُتر ایک چشمہ ہے جس کو شیخ فریدؒ کا چشمہ کہتے ہیں۔ اس علاقہ میں یہ روایت مشہور ہے کہ اس مقام پر شیخ فریدؒ نے اُلٹا لٹک کر چلّہ کیا تھا اور بہ چشمہ آپ کے آنسوؤں سے جاری ہوگیا۔ ظاہر ہے کہ اس چشمہ کے سلسلہ میں شیخ فریدؒ سے حضرت شیخ فرید الدین مسعود گنج شکرؒ[1] (۱۱۷۵ء-۱۲۶۵ء) مراد ہیں۔ جو عام طور پر بابا فریدؒ کے نام سے مشہور ہیں۔ آپ کا مزار مبارک (اجودھن) پاک پٹن، پاکستان میں بہت بڑی زیارت گاہ ہے۔ لیکن بابا صاحبؒ کبھی چاٹگام تشریف نہیں لائے اور

[بقیہ حاشیہ صـ۳۴ کا]

ہوئے۔ ۱۰ محرم ۵۶۱ھ = ۱۶ نومبر ۱۱۶۵ء کو اجمیر شریف تشریف لائے اور ۶ رجب ۶۳۳ھ = ۱۶ مارچ ۱۲۳۶ء کو اجمیر شریف (راجستھان) میں وصال ہوا۔

[1] حضرت شیخ کبیر بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ ملتان میں پیدا ہوئے۔ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کے خلیفہ اور نظام المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہیؒ اور حضرت مخدوم

(باقی حاشیہ صـ۳۷ پر)

Marfat.com


چاٹگام ہل ٹریکٹ
لکسام
ضلع ٹیپرا
نوتوسا
تری پورا
نیلونیا
گولے ہاڈنگ
رام گڑھ
مہال چاری
(ہندوستان)
برکال
لکشمی پور
ضلع نواکھالی
سودھارام
مالک سالی
رام دیوان پارا
میرسرائے
نواکھالی
سیتا کنڈ
ستھو ہزاری
راؤجن
زنگامتی
ناتوی ندی
کیون کھونگ
رنگونیا
چاٹگام
پاٹیا
سندرابن
انوارا
دو ہزاری
پول ٹائی
ٹکھا
بالش کھالی
چاٹگام ہل ٹریکٹ
قطب دیا
لاما
علی قدم
فلائن ڈونگ
عیدگاؤں
مہیش کھال
گرجانیلہ
کوکس بازار
رامو
لیٹاکان
اوکھیا
ضلع اکیاب
(برما)
کنیا
ٹکناف
کنائن چونگ
بوتھی ڈونگ
پیلبرین
خلیج بنگال
۱- ضلع چاٹگام
پیمانہ ایک انچ = ۳۲ میل

Marfat.com

چودھویں صدی عیسوی سے قبل چاٹگام کا علاقہ مسلمانوں نے فتح نہیں کیا لیکن یہ روایت صحیح نہیں[1] ہے۔ ممکن ہے کہ کسی عقیدت مند نے اس پہاڑی چشمہ کو آپ کے نام سے اس لئے منسوب کر دیا ہو کہ اس علاقہ کے مسلمان حضرت بابا صاحبؒ کی عظمت اور بزرگی سے واقف ہو سکیں۔

حضرت سید محمد یوسفؒ جو شاہ پیرؒ کے نام سے مشہور ہیں۔ ان کا مزار چاٹگام سے تقریباً پندرہ میل دکھن پورب ست کانیا میں ہے۔ روایت کے مطابق آپ کا تعلق ایک شاہی خاندان سے تھا لیکن دنیاوی عیش و آرام سے الگ ہو کر درویشی اختیار کر لی اور ست کانیا میں آباد ہوئے۔ سلسلہ شطاریہ میں شاہ پیر نام کے ایک بزرگ گذرے ہیں۔ جن کا میر ٹھ[2] میں ۱۶۳۰ء میں انتقال ہوا[3]۔ ۱۵۰۵ء میں حضرت جلال جلسیؒ (۱۴۶۲-۱۵۲۳ء) چاٹگام تشریف لائے۔ ان کا مزار پھاٹک چاری تھانہ کے جلال آباد میں[4] ہے۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۵ کا]

علاء الدین صابرؒ کلیر شریف کے پیر و مرشد ہیں۔ ۵ محرم ۶۶۴ھ = ۱۷ اکتوبر ۱۲۶۵ء کو پاک پٹن (اجودھن) ضلع ساہی وال (سابق ضلع مونٹ گومری) میں وصال ہوا۔ راحت القلوب اور اسرار الاولیاء آپ کے دو ملفوظات ہیں۔ جنوبی پنجاب میں اسلام کی اشاعت آپ کی کوششوں کی رہین منت ہے۔ آب کوثر شیخ محمد اکرام ص ۲۵۵-۲۴۴ [1] تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۱۵۷

[2] میر ٹھ گزیٹیر میں لکھا ہے کہ شہر پناہ کی دیوار کے ۹ دروازوں میں ایک کا نام شاہ پیر دروازہ ہے۔ یہ دروازہ شاہ پیرؒ کے مقبرہ کے پاس ہے۔ سنگ سرخ کا یہ شاندار مقبرہ ملکہ نور جہاں نے ۱۶۲۸ء میں ایک فقیر کی یادگار میں بنوایا تھا۔ شاہ پیر محلہ بھی آپ ہی کے نام پر آباد ہے۔ میرٹھ ضلع گزیٹیر۔ اے۔ آر۔ نیول الہ آباد ۱۹۰۴ء۔ ص ۲۷۲۔ [3] تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۱۵۸ [4] تاریخ چٹاگانگ ص ۱۹

شہر چاٹگام کے چاند پور محلہ میں شاہ ملّا مسکین رح کا مزار ایک ٹیلہ کے اُوپر ہے۔ درگاہ کے پاس ایک مسجد ہے، جو پٹھانوں کے عہد کی معلوم ہوتی ہے۔ آپ حضرت بدر پیر رح کے کچھ دنوں بعد چاٹگام آئے۔ آپ کے ساتھ آنے والوں میں شاہ نور رح، شاہ اشرف رح کابلی شاہ رح۔ بندہ رضا شاہ رح اور شاہ مبارک علی رح تھے۔ ان بزرگوں کے مزارات بھی حضرت شاہ ملّا مسکین رح کے مزار کے پاس ہیں[1]۔

چاٹگام سے رامو اور کوکس بازار کو جانے والی پختہ سڑک پر چاٹگام سے تقریباً ۲۵ میل دکھن چکریا تھانہ ہے۔ تھانہ کے پُورب ایک چھوٹی سی وادی میں حضرت شاہ عمر رح کا مزار ہے۔ ضلع نواکھالی کے پرگنہ عمر آباد میں آپ کی ایک درگاہ[2] ہے اور شاید پرگنہ کا نام بھی آپ ہی کے نام پر ہے۔ دہلی کے شہنشاہ محمد شاہ (۱۷۱۹ - ۱۷۴۸ء) نے آپ کی گذارش پر اس پرگنہ کو احسن اللہ خاں اور نثار اللہ خاں دو بھائیوں کے نام مال کی معمولی سالانہ آمدنی پر بندوبست کر دیا تھا۔ زیادہ تر لوگوں کا خیال ہے کہ نواکھالی کے شاہ عمر رح اور چکریا کے شاہ عمر رح ایک ہی بزرگ[3] ہیں۔

نیز سرائے تھانہ میں گب لیّا دیگھی کے کنارے قاضی مُرسل رح (متوکل؟) کی درگاہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ آپ شہنشاہ اورنگ زیب عالم گیر کے عہد حکومت میں دہلی میں قاضی القضاۃ کے عہدہ پر فائز تھے اور بادشاہ بیگم کے ناراض ہو جانے کے بعد

---

[1] تاریخ چٹاگانگ ص ۱۹ [2] تاریخ چٹاگانگ - سیّد مرتضیٰ علی ص ۱۵۸

[3] تاریخ چٹاگانگ سیّد مرتضیٰ علی ص ۵۹ - ۱۵۸

Marfat.com

دہلی سے چاٹگام چلے آئے اور باقی ماندہ زندگی تبلیغ واشاعتِ اسلام اور عبادت و ریاضت میں گذاری[1]۔

پھاٹک چاری (فتح چاری) تھانہ کے کفایت نگر میں حضرت حامد شاہؒ کی درگاہ ہے۔ پہلے اس درگاہ میں بہت بڑی جاگیر تھی۔ حامد شاہؒ کے مورث اعلیٰ عرب سے ہندوستان آئے اور دارالحکومت گوڑ میں آباد ہوئے۔ ۱۵۷۳ء میں منعم خاں کی صوبہ داری کے زمانہ میں گوڑ میں پلیگ پھیلا اور حامد شاہؒ کے دادا گوڑ سے چاٹگام چلے آئے۔ حامد شاہؒ کے والد کا نام عبدالصمد تھا۔ حامد شاہؒ کی اقامت کے بعد کفایت نگر میں جنگل صاف کرکے آبادی ہوئی[2]۔ پھاٹک چاری چاٹگام سے پندرہ میل شمال مشرق اور میرسرائے سے آٹھ میل مشرق قدرے جنوب کی طرف ہے۔

کرنافلی ندی کے کنارے مرزا جیل میں ہمیئی اولیا کی درگاہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ہمیئی اولیا پہلے ایک ہندو حجام تھے۔ اُن کے دو بیٹے تھے اِن تینوں نے اسلام قبول کیا۔ اِن کے بیٹوں کا نام عتیق اللہ اور محمد شریف رکھا گیا۔ یہ تینوں بڑے نامور بزرگ گذرے ہیں۔ شہنشاہ اورنگ زیب عالمگیرؒ نے ان لوگوں کو جاگیریں عطا کیں۔ نواپارا اور شرف بھاٹا میں ذمہ عتیق اللہ اور ذمہ محمد شریف ان دونوں بزرگوں کے نام پر ہیں۔

حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوریؒ (متوفی ۱۸۵۸ء) اور ان کے خلیفہ

---

[1] تاریخ چٹاگانگ ص ۱۵۹

[2] تاریخ چٹاگانگ ص ۱۵۹

Marfat.com



۲ - ضلع چاٹگام

(شمالی حصہ)

پیمانہ ایک انچ = ۱۶ میل

Marfat.com



۳- ضلع چاٹگام.
(جنوبی حصّہ)

پیمانہ ایک انچ = ۱۶ میل

قطب الارشاد حضرت صوفی سیّد رفیع علی صاحب ویسیؒ (متوفی ۱۸۸۶ء) کے معاصرین میں جناب شاہ معین الدین صاحبؒ کی درگاہ شہر چاٹگام کے مضافات میں پہاڑتلی سے ایک میل کے فاصلہ پر ہے۔ وہ تقریباً ۱۳۵ سال قبل حیات تھے۔ جناب شاہ احمد اللہؒ صاحبؒ کی درگاہ پھاٹک چاری تھانہ کے بیج بھنڈار نامی مقام میں ہے۔ یہ ۱۸۲۷ء میں پیدا ہوئے۔ اور ۱۹۰۵ء میں ان کا وصال ہوا۔ وہ اپنے زمانہ کے بہت بڑے عالم اور صاحب معرفت بزرگ گذرے ہیں۔ ہر سال ماگھ مہینہ کی دسویں تاریخ کو اُن کے عرس میں چاٹگام اور آس پاس کے اضلاع سے ہزاروں ہزار زائرین شریک ہوتے ہیں[1]:

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجدّدیہ کے صاحب خانقاہ بزرگ جناب شاہ امانت اللہ صاحبؒ کا تعلّق بھی اس دور سے ہے۔ فروری ۱۷۷۴ء میں آپ کا وصال ہوا۔ حضرت بختیار ماہی سوارؒ کی اولاد میں حضرت صوفی شاہ دائمؒ کے سلسلہ میں قبل آپ کا ذکر آچکا ہے۔ آپ ضلع جج کی عدالت میں چپراسی کا کام کرتے تھے۔ مولانا سیّد شاہ احمد اللہ صاحب نے اپنی کتاب عینٌ جاریہٌ میں تذکرہ اولیائے بنگالہ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ مہیش کھالی کا ایک شخص اپنے ایک سنگین مقدمہ کے ضروری کاغذات گھر چھوڑ آیا تھا۔ اس کے وکیل نے بتلایا کہ اگر کل تاریخ سماعت کے وقت وہ کاغذات پیش نہیں کئے جاسکے، تو وہ مقدمہ ہار جائے گا۔ چاٹگام سے اس کا مکان بہت کافی فاصلہ پر تھا اور دو تین روز سے کم میں کاغذات لے کر واپس آنا

---

[1] "تاریخ پٹاگانگ" ص ۱۵۹

Marfat.com

ممکن نہ تھا، وہ سخت پریشان ہوا۔ شام کو گھر جانے وقت اس کا روتا پیٹنا دیکھ کر آپ بہت متاثر ہوئے۔ آپ کی ایک کرامت کا اظہار ہوا۔ صبح تک وہ کاغذات لے کر چاٹگام واپس آگیا اور مقدمہ خارج ہو گیا۔ تاکید شدید کے باوجود اس شخص نے کرامت کے اس راز کو ظاہر کر دیا۔ آپ کی شہرت ہو گئی۔ ملازمت سے سبکدوش ہو کر گوشہ نشینی اختیار کر لی۔ اور رشد و ہدایت میں مشغول ہو گئے۔ چاٹگام میں آپ سے اور بھی چند کرامتوں کا اظہار ہوا۔ اس علاقہ کے بہت لوگوں نے آپ سے فیض حاصل کیا۔ ہر سال یکم ذی الحجہ کو آپ کا عرس ہوتا ہے۔ مزار پر ایک عالی شان عمارت ہے اور مرجع خلائق ہے۔[1]

جناب شاہ وعظ الدین رح ۱۸۰۵ء میں کان کھالی تھانہ رنگونیا میں پیدا ہوئے۔ بارہ زمین دور کمروں میں چلہ کشی کرتے رہے۔ چاٹگام اور اکیاب کے علاقہ میں۔ آپ کے مریدین اور متوسلین کی تعداد بہت کافی تھی۔ ۱۸۸۰ء میں انتقال ہوا۔ کان کھالی ہی کے مولانا سید تجمل علی رح عربی و فارسی کے زبردست عالم اور مشہور بزرگ گذرے ہیں۔ ۱۸۳۰ء میں پیدا ہوئے اور ۱۸۹۵ء میں وصال ہوا۔ ان کے بڑے بیٹے

---

[1] رود کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۴۶۶؛ عین جاریہ۔ شاہ احمد اللہ صاحب۔ مطبوعہ ڈھاکہ ۱۹۶۴ء۔ ضمیمہ ۱ بحوالہ تذکرہ اولیائے بنگالہ مصنفہ مولانا محمد عبدالحق صاحب پرنسپل مدرسہ عالیہ فنی اور تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۱۶۰-۱۵۹

Marfat.com

مولانا سیّد نور الحق صاحبؒ (۱۸۶۷ء-۱۹۲۸ء) کو اپنے زمانہ میں بڑی شہرت حاصل ہوئی۔ میرپور۔ ڈھاکہ اور پھاٹگام میں کثیر تعداد میں لوگ اِن سے مرید ہوئے۔ تقریباً اسی دور میں جناب سیّد شاہ ابوالقاسمؒ بڑے نامور بزرگ ہوئے ہیں۔ وہ بریا کھالی تھانہ راؤزان میں ۱۸۶۵ء میں پیدا ہوئے۔ مُنج بھنڈار تھانہ پھاٹک چاری کے شاہ احمد اللہ صاحبؒ کے خلیفہ تھے۔ ۱۹۲۸ء میں بنے نگر تھانہ رنگونیا میں ان کا انتقال ہوا۔[1]

---

[1] تاریخ چاٹگانگ۔ سیّد مرتضیٰ علی ص ۱۶۰

۲- چاٹگام پر مسلمانی اقتدار

مُسلمانوں نے بنگال کا صوبہ تیرہویں صدی عیسوی کے آغاز میں فتح کر لیا تھا۔ سنہ ۱۲۰۳ء میں سکندر غازی اور سپہ سالار سیّد نصیر الدین نے حضرت جلال یمنیؒ کی مدد سے سلہٹ پر قبضہ کر لیا تھا۔ لیکن چودھویں صدی عیسوی کے وسط تک وہ میگھنا ندی کے پورب نہیں بڑھ رہے تھے۔ سُنار گاؤں[1] کے فخر الدین مبارک شاہ (۴۹-۱۳۳۸ء) بنگال کے پہلے آزاد مسلم حکمران تھے۔ جنہوں نے سنہ ۱۳۴۰ء میں میگھنا ندی کے پورب تواکھالی۔ ٹیپرا۔ چاٹگام اور سلہٹ کے علاقوں کو فتح کیا[2]۔ اسی

---

[1] سُنار گاؤں میں غیاث الدین بہادر شاہ کی دوبارہ سرکوبی اور خاتمہ کے بعد سلطان محمد بن تغلق کے رضاعی بھائی تاتار خاں جو عام طور پر بہرام خاں کے نام سے مشہور ہیں، گورنر تھے۔ سنہ ۱۳۳۶ء میں اُن کے انتقال کے بعد فخر الدین مبارک شاہ حکمران ہوئے۔ سنہ ۱۳۳۸ء میں انہوں نے اپنی آزادی کا اعلان کر دیا اور اپنے نام کا سکّہ جاری کیا۔ اُنہوں نے دس سال حکومت کی۔ ان کے بعد اُن کا لڑکا اختیار الدین غازی شاہ حکمران ہوا۔ سنہ ۱۳۵۲ء میں حاجی شمس الدین محمد الیاس نے سُنار گاؤں کو اپنی سلطنت میں ملا لیا۔ ایڈورڈ ہسٹری آف انڈیا۔ جلد دوم۔ کالی کنکر دت وغیرہ صفحہ ۳۴۳-۳۴۴؛ تاریخ بنگال۔ سر جدوناتھ سرکار۔ جلد دوم صفحہ ۹۱-۹۰ اور صفحہ ۱۰۵۔ [2] چاٹگام ضلع گزیٹیر۔ ایس۔ ایس۔ او میلی صفحہ ۲۰

بادشاہ کے عہدِ حکومت میں اس کے جنرل قدر خاں غازی نے چاٹگام پر حملہ کیا تھا۔ اس جنرل کے نام پر چاٹگام ضلع کے راؤجن تھانہ میں قدل پور (قدر پور) بستی ہے۔ جہاں ایک قدیم مسجد بھی ہے۔ اس علاقہ میں حاجی محمد خلیلؒ اور حضرت بدرالدین بدر عالمؒ نے اسلام پھیلایا۔ فاتح جنرل قدر خاں غازی نے ان دونوں مبلغین اسلام سے ملاقات کر کے اُن کی عزت افزائی کی تھی۔ فخر الدین مبارک شاہ نے دارالحکومت سنارگاؤں کو ایک اعلیٰ درجہ کی سڑک کے ذریعہ چاٹگام سے ملانے کی کوشش کی۔ چنانچہ چاندپور سے چاٹگام تک پختہ سڑک بنوائی۔ چاٹگام میں مسجدیں اور مقبرے تعمیر کرائے۔[1]

۷۴۶ھ = ۱۳۴۵-۴۶ء میں مشہور افریقی سیاح ابن بطوطہ چاٹگام آئے تھے۔ ان کے سفرنامہ سے اسلامی فتوحات اور قیام سلطنت کی تصدیق ہوتی ہے۔ بنگالی شاعر محمد خاں نے ۱۶۴۶ء میں اپنی کتاب "مقتول حسین" میں اور ۱۶۶۶ء میں شہاب الدین طالش نے اپنی کتاب "علاقہ چاٹگام" میں فخر الدین مبارک شاہ کی فتوحات کا ذکر کیا ہے۔

۷۸۷ھ = ۱۳۸۵-۸۶ء میں حضرت سید بختیار ماہی سوارؒ کے پرپوتے اور چاٹگام کے حاکم مجلس اعلیٰ راستی خاں نے ہتھ ہزاری کے پاس فتح آباد میں گوڑ کے حبشی سلطان رکن الدین باربک شاہ (۱۴۷۴-۸۵۸ء) کے عہد میں فقیر علیؒ کی یادگار میں جو مسجد تعمیر کرائی تھی، اس کے کتبہ سے بھی اس علاقہ میں مسلمانوں کی حکومت کا ثبوت ملتا ہے۔[2]

۱۴۰۵ء میں جب چینی سفیر چاٹگام آیا تھا، تو اس وقت بھی وہاں مسلمانوں

---

[1] تاریخ چٹاگانگ۔ سید علی مرتضیٰ علی ص ۱۳ [2] چاٹگام ضلع گزیٹیر ص ۲۲ اور تاریخ چٹاگانگ ص ۱۸

Marfat.com

کی حکومت قائم تھی[1]۔ لیکن ۱۵۱۲ء میں چاٹگام پر ٹیبرا کے راجہ دھنیا مانکیا (۱۵۱۵-۱۴۶۳ء) کا قبضہ ہو گیا تھا۔ پھر کچھ ہی دنوں بعد گوڑ کے عربی النسل سلطان علاء الدین حسین شاہ[2] (۱۵۱۸-۱۴۹۳ء) نے کوملّا کے پاس قصبہ نامی مقام میں ٹپرا راجہ کو شکست دیا اور بادشاہ کے بیٹے ناصر الدین نصرت شاہ[3] (۳۲-۱۵۱۸ء) نے بغدادی تاجر الفا حسین کی ترغیب سے چاٹگام پر حملہ کر کے وہاں پھر اسلامی اقتدار قائم کر دیا

---

[1] چاٹگام ضلع گزیٹیر ص ۲۲ [2] سلطان علاء الدین حسین شاہ پہلے گوڑ کے حبشی سلطان کے وزیر تھے۔ ۱۴۹۳ء میں اُمرائے سلطنت نے ان کو بادشاہ بنایا۔ ۲۶ سال حکومت کی اور ۱۵۱۸ء میں انتقال ہوا۔ یہ عربی النسل تھے، لیکن شادی ایک شاہ بنگالی خاندان میں ہوئی تھی۔ بہت ہی دین دار، وسیع النظر اور عالی خیال حکمراں تھے۔ اُڑیسہ۔ مگدھ، کوچ بہار۔ آسام اور چاٹگام کو فتح کیا، کثرت سے مساجد اور مدرسے تعمیر کرائے۔ اُن کے لئے اور بزرگوں کی مزارات کی نگہداشت کے لئے ہزاروں بیگھے زمین وقف کی ہر سال حضرت نور قطب عالم رح کے مزار کی زیارت کے لئے پانڈوہ شریف جاتے تھے۔ اس خانقاہ کے اخراجات کے لئے بہت بڑی جائداد وقف کی جس کو بائیس ہزاری کہتے ہیں۔ گوڑ میں داخل دروازہ بنوایا اور گوڑ کے پاس سعد اللہ پور میں حضرت عثمان اخی سراج آئینہ ہند رح کا مقبرہ تعمیر کرایا۔ بنگالی زبان کی سرپرستی کی۔ ان کے عہد حکومت میں منسا منگل۔ ودیا سندر اور پراگلی مہابھارت بنگلہ زبان میں لکھی گئی۔ بہار شریف ضلع نالندہ (بہار) کے حضرت غلام شاہ فخر الدین زاہدی رح کے مرید تھے۔ (رود کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۴۵۰؛ مسلم بنگالی ادب ص ۵۰-۴۸؛ مالدہ گزیٹیر ص ۲۰-۱۹؛ ایڈوانس ہسٹری آف انڈیا جلد دوم ص ۳۴؛ ماہ نو کراچی۔ دسمبر ۱۹۶۲ء ص ۴۳)۔ [3] ناصر الدین نصرت شاہ اپنے باپ کی طرح لائق و فائق

(باقی حاشیہ ۴۸ پر)

Marfat.com

اس فوجی مہم میں بغدادی تاجر الفا حسین[1] اور چاٹگام کے سابق حاکم سید راستی خاں کے بیٹے سنزل پراگل خاں نے شہزادہ کی بہت مدد کی تھی۔ شہزادہ نصرت شاہ نے چاٹگام سے ۸ میل پر فتح آباد کو اپنا صدر مقام بنایا اور اس زمانہ میں بہت کافی آبادی مسلمان ہو گئی۔

۱۵۳۸ء تک مسلمانوں کا قبضہ رہا۔ پھر مگھ قبائل حاوی ہو گئے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے نصرت شاہ کے انتقال کے فوراً ہی بعد ۱۵۳۲ء ٹپرا کے راجہ بجے مانکیا (۱۵۲۸ء - ۷۰) نے چاٹگام پر قبضہ کر لیا۔ لیکن ۱۵۵۶ء میں جب بجے مانکیا نے چاٹگام پر حملہ کر کے آٹھ مہینوں تک شہر کا محاصرہ کیا، تو بنگال کے حکمراں بہادر شاہ کے رشتہ دار اور چاٹگام کے گورنر مبارک خاں نے ٹپرا کی فوج کو بری طرح شکست دیا تھا۔ بعد میں جب پٹھان فوجی کھانے پکانے میں مشغول تھے تو ٹپرا کی فوج نے دوبارہ حملہ کر کے مسلمانوں کی شکست دی۔ مبارک خاں کو گرفتار

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۷ کا]

حکمراں تھا۔ اس نے ترہوت کو فتح کیا۔ گوڑ میں بڑا سونا مسجد اور قدم رسول تعمیر کرایا۔ مہابھارت کا بنگالی زبان میں ترجمہ کرایا۔ ۱۵۱۸ء میں حکمراں ہوا اور ۱۵۳۳ء میں اسے قتل کر دیا گیا۔ (مسلم بنگالی ادب صفحہ ۵۱ مالدہ گزیٹیر صفحہ ۱۹ - ایڈوانس ہسٹری آف انڈیا جلد دوم صفحہ ۴۶)

[1] الفا حسین بغداد کے رہنے والے عربی تاجر تھے۔ اُن کے پاس سمندر میں جانے والے ۱۴ جہاز تھے۔ بعد میں نصرت شاہ کے خاندان سے اُن کے ازدواجی تعلقات قائم ہوئے۔ (تاریخ چٹاگانگ۔ سید رتضیٰ علی صفحہ ۲۰، تاریخ بنگال سر جدوناتھ سرکار جلد دوم صفحہ ۱۵۰ بحوالہ احادیث الخوانین مصنفہ حمید اللہ خاں صفحہ ۱۸-۱۷)

Marfat.com

کرلیا اور پجاری چنتی کی ترغیب سے دیوی کے سامنے قربان کر دیا۔ ۱۵۷۳ء میں بنگال کے بادشاہ داؤد خاں قرّانی نے چاٹگام پر قبضہ کرنے کے لئے فوج روانہ کی۔ ٹپیرا کے راجہ اُدے مانکیا کے بہنوئی رنا گن نارائن نے باون ہزار فوج کے ساتھ مقابلہ کیا۔ لیکن نواکھالی ضلع کے قندال نامی مقام پر ٹپیرا کی فوج کو شکست ہوئی۔ تیس ہزار ٹپیرا کے فوجی مارے گئے۔ پانچ ہزار پٹھان شہید ہوئے۔ اس فتح کے بعد داؤد خاں قرّانی نے مزید فوج فیروز خاں اَنی اور جمال خاں پنی کی ماتحتی میں روانہ کیا۔ ان دونوں نے ٹپیرا پر حملہ کیا اور کوملا کے پاس مہر کل نامی مقام پر ٹپیرا راجہ کو پھر شکست دی۔ ضلع چاٹگام میں راجہ ٹوڈرمل کی بندوبستی میں سلیمان پور مہال کا نام ملتا ہے، جو داؤد خاں قرّانی کے والد سلیمان خاں قرّانی کے نام پر اس فتح کی یادگار میں ہے۔ ۱۵۷۶ء میں داؤد خاں قرّانی کے انتقال کے بعد اس علاقہ پر اراکان راجہ کا قبضہ ہو گیا۔ ۱۵۸۵ء میں جب سیّاح رالف فچ یہاں آیا تھا[1] تو اس وقت اراکانیوں کا قبضہ تھا۔

پرتگال کے بحری قزّاقوں کی مدد سے اراکانیوں اور ماگھ قبائل نے مسلمانوں پر بہت ظلم ڈھایا۔ ہزاروں ہزار کو تہہ تیغ کر دیا اور بہت سے لوگوں کو غلام بنا لیا۔ ۱۶۰۹ء میں پرتگالیوں نے فتح خاں کو شکست دے کر جزیرہ ساندویپ پر قبضہ کر لیا۔ ہندوؤں نے پرتگالیوں کی ماتحتی قبول کی اور ان کی مدد سے بہت سے مسلمان

---

[1] تاریخ چٹاگانگ ص ۳۰-۲۷

مارے گئے۔ اِن بحری قزّاقوں کے ظلم و تشدّد سے ساحلی علاقے ویران ہو گئے تھے۔ چنانچہ ان بحری قزّاقوں کے حملوں کو روکنے کے خیال سے گورنر اسلام[1] خاں نے ۱۶۱۱ء میں صوبہ کا دارالحکومت راج محل سے جہانگیر نگر ڈھاکہ منتقل کر دیا۔ ۱۶۱۴ء میں اراکانیوں اور پرتگالیوں کی مشترکہ فوج نے بنگال پر حملہ کیا لیکن ناکام رہے۔ اراکانی راجہ نے پھر دوبارہ حملہ کیا۔ بھلوا (نواکھالی) کا مغل فوجدار فرار ہو گیا لیکن مرزا نورالدین اور دوسرے مغل حکّام نے بہادری سے مقابلہ کر کے راجہ کو جنوری ۱۶۱۶ء میں پوری طرح شکست دیا۔ اراکان کا راجہ بڑی مشکلوں سے جان بچا کر فرار ہونے میں کامیاب ہوا۔ اراکانیوں کو مزید سزا دینے کے لئے بنگال کے صوبہ دار قاسم خاں نے فروری ۱۶۱۶ء میں عبدالنبی کی ماتحتی میں ایک فوج چاٹگام روانہ کی۔ چاٹگام سے بیس میل شمال مغرب کی جانب کٹ گھر نامی مقام میں اراکانیوں کا ایک نامکمل قلعہ تھا جہاں

---

[1] اعتضاد الدولہ شیخ علاء الدین اسلام خاں، فتح پور سیکری کے حضرت شیخ سلیم چشتی رح (متوفی فروری ۱۵۷۲ء کے پوتے اور بابا فرید گنج شکر رح کی اولاد میں تھے۔ ان کی شادی شیخ مبارک ناگوری کی صاحبزادی لاڈلی بیگم سے ہوئی تھی۔ ۱۶۰۸ء میں شہنشاہ جہانگیر نے ان کو بنگال کا صوبہ دار مقرر کیا۔ اگست ۱۶۱۳ء میں اُن کا انتقال ہوا۔ لاش فتح پور سیکری (ضلع آگرہ) لا کر دفن کی گئی۔ جہاں حضرت شیخ سلیم چشتی رح کی درگاہ کے احاطہ میں ان کا شاندار مقبرہ موجود ہے۔ ان کے بعد نواب قاسم خاں بنگال کے صوبہ دار مقرر ہوئے وہ اُن کے بھائی تھے۔ نواب اکرام خاں ان کے صاحبزادے تھے (قاموس المشاہیر جلد اوّل ص ۷۸؛ تاریخ بنگال۔ سر جدو ناتھ سرکار۔ جلد دوم ص ۲۸۸-۲۴۷)

ایک لاکھ پیدل فوج، چار سو ہاتھی اور ایک ہزار جنگی کشتیاں موجود تھیں عبدالنبی بڑی تیز رفتاری سے آگے بڑھا اور قلعہ پر اچانک حملہ کیا۔ سخت مقابلہ ہوا۔ اراکانی مغلوب ہو کر قلعہ چھوڑنا ہی چاہتے تھے کہ عبدالنبی نے اپنے چند حکام کے مشورہ سے جنگی کارروائی دوسرے روز کے لئے ملتوی کر دی۔ اس غلط فیصلہ سے دوسرے روز لڑائی کا پانسہ پلٹ گیا۔ پھر عبدالنبی نے اراکانی قلعہ کا محاصرہ کیا۔ چند مہینے بعد رسد کی کمی کے باعث مغل کمانڈر کو محاصرہ اٹھا لینا پڑا اور وہ مئی ۱۶۱۶ء میں ڈھاکہ واپس آیا۔ اس مہم میں چاٹگام کے پرگنہ نظام پور پر شاہی فوج کا قبضہ ہو گیا۔ لیکن فوج کی واپسی کے بعد پھر ماگھوں نے قبضہ کر لیا۔

صوبہ دار ابراہیم خاں نے مارچ ۱۶۲۱ء میں ٹپرا کو فوجی مرکز بنا کر چاٹگام پر حملہ کیا۔ راستہ سیدھا ضرور تھا لیکن پہاڑی اور جنگلی علاقہ ہونے کے باعث سخت دشوار گذار تھا۔ راستہ کی دشواری، رسد کی کمی اور وبائی امراض کے پھیلنے کے باعث صوبہ دار کو ناکام واپس آنا پڑا۔ ۱۶۲۵ء میں بنگال کے صوبہ دار کے اشارہ پر چاٹگام میں ماگھ سرداروں نے بغاوت کی۔ اراکانی راجہ تھیری تھودما نے حملہ کر کے نہ صرف بغاوت کو دبا دیا۔ بلکہ ۱۶۲۶ء میں بنگال پر حملہ کر کے بھلوا (نواکھالی) پر قبضہ کر لیا۔ اور بھلوا کے فوجدار مرزا باقی کی ناکامی کے بعد آگے بڑھتا ہوا ڈھاکہ کے مضافات تک آ گیا۔ صوبہ دار خانہ زاد خاں قبل ہی دارالحکومت ڈھاکہ کو اپنے ماتحتوں پر چھوڑ کر راج محل چلے آئے تھے۔ مغل حکام نے اراکانی راجہ کا مقابلہ کیا۔ لیکن اُن کو شکست ہوئی۔ اراکانی راجہ نے شہر کو

Marfat.com

لُوٹ لیا۔ بہت کافی مال غنیمت اور بہت سے لوگوں کو قیدی بنا کر لے گیا۔ قیدیوں کے ساتھ جانوروں کا سا برتاؤ کرتا تھا۔ صوبہ دار خانہ زاد خاں دار الحکومت اور اس کے باشندوں کے حفاظت میں بالکل ناکام رہے۔

صوبہ دار شیخ اسلام خاں (۱۳-۱۶۰۸ء) نے اراکانیوں کی طاقت کو بڑھنے نہیں دیا۔ ان کے بعد تین صوبہ دار قاسم خاں[1] (۱۷-۱۶۱۳ء)۔ ابراہیم خاں[2] (۲۴-۱۶۱۷ء) اور خانہ زاد خاں[3] (۲۶-۱۶۲۵ء) کے زمانہ میں اراکانیوں سے

---

[1] نواب شیخ قاسم خاں جو عام طور پر شیخ ملّے خاں کے نام سے مشہور تھے حضرت شیخ سلیم چشتی رح (فتح پور سیکری ضلع آگرہ) کے پوتے تھے اور صوبہ دار بنگالہ شیخ اسلام خاں کے بھائی تھے۔ اپنے بھائی کی وفات کے بعد ۱۶۱۳ء میں بنگال کے صوبہ دار مقرر ہوئے۔ ۱۶۱۷ء میں بادشاہ نے ان سے ناراض ہو کر ان کو واپس بلا لیا۔ (قاموس المشاہیر جلد دوم ص ۳۷-۱۳۶)، تاریخ بنگال سر جدوناتھ سرکار۔ جلد دوم ص ۹۸-۲۸۹

[2] نواب ابراہیم خاں فتح جنگ چہار ہزاری منصب دار تھے۔ حضرت شیخ سلیم چشتی رح کے پوتے نواب قاسم خاں کے بعد ۱۶۱۷ء میں بنگال کے صوبہ دار مقرر ہوئے۔ شہزادہ خرّم کی بغاوت کے زمانہ میں اپریل ۱۶۲۴ء میں اکبر نگر کی لڑائی میں مارے گئے۔ ان کی بی بی روح پرور خانم نے عہد عالم گیری میں انتقال کیا۔ (قاموس المشاہیر جلد اوّل ص ۱۵۔ تاریخ بنگال سر جدوناتھ سرکار۔ جلد دوم۔ ص ۳۰۹-۲۹۸

[3] نواب خانہ زاد خاں کا نام مرزا امان اللہ تھا۔ وہ عہد جہانگیری کے نامور سردار زمان بیگ مہابت خاں (متوفی ۱۶۳۴ء) کے بڑے لڑکے تھے۔ ۱۶۲۵ء میں شہنشاہ جہانگیر نے ان کو بنگال

(بقیہ حاشیہ ص ۵۳ پر)

Marfat.com

لڑائیاں ہوتی رہیں۔ لیکن اراکانیوں کے مقابلہ اس علاقہ میں مغلوں کی طاقت کمزور ہوتی گئی۔ ابراہیم خاں شہزادہ خرّم کی بغاوت کے زمانہ میں ۱۶۲۴ء میں مارے گئے۔ اراکانی راجاؤں کے حملوں کو روکنے میں ناکامی کے باعث شہنشاہ جہانگیر قاسم خاں اور خانہ زادخاں سے سخت ناراض ہوئے اور ان دونوں صوبہ داروں کو واپس بلا لیا گیا۔ ۱۶۲۸ء میں عہد شاہ جہانی میں قاسم خاں جوینی[1] صوبہ دار مقرر ہوئے اُنہوں نے سلطنت کے اس دُور دراز صوبہ میں مغل شہنشاہ کا اقتدار پھر سے طرح بحال کر دیا۔

[بقیہ حاشیہ ص ۵۲ کا]

کا صوبہ دار مقرر کیا۔ لیکن دو سال کے اندر واپس بُلا لیا۔ عہد شاہ جہانی میں ان کو پنج ہزاری منصب ملا اور خان زمان بہادر کا خطاب عطا ہوا۔ شاعر تھے اور امانی تخلّص کرتے تھے۔ ایک کتاب موسوم بہ مجموعہ اور ایک دیوان یادگار ہے۔ ۱۶۳۷ء میں دولت آباد (اورنگ آباد دکن) میں انتقال کیا۔

مآثر الامراء ص ۲۱۰-۲۲۰۔ تاریخ بنگال سر وجدوناتھ سرکار۔ جلد دوم ص ۱۵-۳۱۳

[1] نواب قاسم خاں جوینی ایران کے شہر سبزوار کے رہنے والے تھے۔ ان کی شادی نور جہاں بیگم کی ایک بہن منمّرہ خاتون سے ہوئی تھی۔ شاہ جہاں کے دربار میں پنج ہزاری منصب پر فائز تھے۔ فدائی خاں کے بعد ۱۶۲۸ء میں بنگال کے صوبہ دار مقرر ہوئے۔ ہوگلی میں پرتگالی تاجروں نے ایک قلعہ بنا کر ظلم و ستم کا بازار گرم کر رکھا تھا۔ بادشاہ کے حکم سے صوبہ دار نے قلعہ کا محاصرہ کر کے پرتگالیوں کی طاقت کا خاتمہ کر دیا۔ ۱۶۳۲ء میں انتقال ہوا۔ شاعر تھے۔ قاسم تخلّص تھا۔ ایک دیوان یادگار ہے۔ (مآثر الامراء جلد دوم ص ۱۳۶؛ ایڈورڈس ہسٹری آف انڈیا جلد دوم۔ کالی کنکر دت وغیرہ ص ۲۷۲۔

Marfat.com

۱۶۳۷ء میں جب اسلام خاں مشہدی[1] بنگال کے صوبہ دار ہو کر آئے، تو ایک طرف وادی برہم پتر میں اہوم راجہ[2] کو دبایا اور ہاجو[3] تک قبضہ کر لیا اور دوسری طرف چاٹگام علاقہ کے ماگھ راجہ کو اپنی سیاست اور حکمت عملی سے ملا لیا اور وہ مغل شہنشاہ کی ماتحتی میں آ گیا۔ اس کے باوجود اراکانیوں اور پرتگالیوں کے مظالم جاری رہے ماگھ گورنر مفگت لمائے پر ۱۶۳۸ء میں اراکانی راجہ نے حملہ کیا۔ دریائے فینی کو پار کر کے اس نے مغل علاقہ میں پناہ لیا۔ صوبہ دار کے حکم سے جوگدیا کے مغل تھانہ دار

---

[1] نواب اسلام خاں مشہدی کا اصلی نام میر عبدالسلام تھا۔ عہد جہانگیری میں پنج ہزاری منصب پر فائز تھے۔ عہد شاہ جہانی میں شش ہزاری منصب اور معتمد الدولہ کا خطاب ملا۔ پہلے گجرات میں تھے، پھر بنگال کی صوبہ داری پر مامور ہوئے۔ ۱۶۳۴ء میں وزیر سلطنت مقرر ہوئے اور جملۃ الملک کا خطاب پایا۔ ہفت ہزاری منصب پا کر دکن کے صوبہ دار مقرر ہوئے۔ ۲ نومبر ۱۶۴۷ء کو انتقال ہوا۔ مزار اورنگ آباد دکن میں ہے — قاموس المشاہیر جلد اوّل ص۷۸۔

[2] بالائی آسام کے اہوم راجہ بڑی النسل تھے۔ ان لوگوں نے بعد میں ہندو مذہب اختیار کر لیا۔ ان کا دارالحکومت سب سا گر ضلع کے نظیرا (گرگاؤں) میں تھا۔ مغل سلطنت کے سرحدی علاقوں پر مسلسل حملے اور ۱۶۵۸ء میں گوہاٹی پر قبضہ کر لینے کے بعد بنگال کے صوبہ دار میر جملہ نے ۱۶۶۱ء کے موسم سرما میں ۱۲ ہزار سوار اور ۳۰ ہزار پیدل فوج اور طاقتور دریائی بیڑہ کی مدد سے اہوم راجہ پر حملہ کیا۔ ۱۷ مارچ ۱۶۶۲ء کو ان کے دارالحکومت پر قبضہ کر کے ان کی طاقت کا خاتمہ کر دیا اور ان کو صلح کرنے پر مجبور کیا — امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد ششم ص۲۹-۲۷؛ جلد بست و دوم۔ ص۴۹-۳۴۸

[بقیہ حاشیہ ص۵۵ پر]

Marfat.com

نے حملہ آوروں کو بھگا دیا۔ منگت رائے چودہ ہاتھیوں اور ۹ ہزار آدمیوں کے ساتھ ڈھاکہ آیا۔ صوبہ دار نے اس کی آمد پر مسرّت کا اظہار کیا اور اس کے قیام وطعام کا مناسب انتظام کر دیا۔ اسی زمانہ میں چاٹگام کے علاقہ میں خانہ جنگی کی سی کیفیت پیدا ہوئی۔ اس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے بنگال کے وہ دس ہزار باشندے جن کو پرتگالیوں اور اراکانیوں نے غلام بنا رکھا تھا وہاں سے فرار ہو کر واپس آنے میں کامیاب ہوئے۔ ان تمام باتوں کا بدلہ لینے کے لئے اراکانی راجہ نے پرتگالیوں سے دوستی کر کے سمندر کی طرف سے بنگال پر زبردست حملہ کیا۔ لیکن صوبہ دار اسلام خاں مشہدی نے مقابلہ کر کے اس حملہ کو ناکام بنا دیا۔[1]

عہد شاہ جہانی میں نواب اسلام خاں مشہدی کے بعد بادشاہ کے دوسرے بیٹے شاہ شجاع[2] ۱۶۳۹ء سے ۱۶۶۰ء تک اکیس[21] سال بنگال کے صوبہ دار رہے

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۴ کا]

ایڈوانس ہسٹری آف انڈیا جلد دوم صفحہ ۴۹۲ ؛ تاریخ بنگال سر جدوناتھ سرکار۔ جلد دوم صفحہ ۳۴۵-۵۳

۳ آسام کے ضلع کامروپ میں برہم پتر اندی کے اُتر اور گوہاٹی سے تقریباً پندرہ میل شمال مغرب کی طرف ہاجو ایک تاریخی مقام ہے۔ یہ ہندوؤں اور بودھوں کا بھی تھا استھان اور مسلمانوں کی زیارت گاہ ہے یہاں پیر غیاث الدین اودیہا کی بنوائی ہوئی ایک مسجد ہے۔ اس کا مسلمانوں کی نظر میں بڑا احترام ہے اور اس کو 'پاؤ مکہ' کہتے ہیں۔ امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد سیزدہم صفحہ ۸ اور ٹورسٹ آسام۔ محکمہ سیاحت آسام صفحہ ۱۷ ۱ چاٹگام ضلع گزیٹیر۔ ایس۔ ایس۔ اومیلی صفحہ ۳۰-۲۹ اور تاریخ چاٹگانگ۔ سید مرتضیٰ علی صفحہ ۴۹-۴۸ ۲ سلطان شجاع (شاہ جہاں بادشاہ کا دوسرا بیٹا)

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۶)

Marfat.com

اُن کے زمانہ میں امن وآمان رہا۔ پٹرا کے راجہ نے آزادی کا اعلان کردیا تھا، اُس کو اُنہوں نے مغلوب کرکے پھر مغل سلطنت کا باجگذار بنا دیا[1]۔ کوہلاّ کے پاس شاہ شجاع کے نام کی ایک مسجد ہے، جس کے اخراجات کے لئے پٹرا ضلع کی شجاع نگر بستی وقف تھی۔ کہا جاتا ہے کہ پٹرا کے راجہ گووِند مانکیا نے جذبہ احسان مندی کے تحت شاہ شجاع کی یادگار میں یہ مسجد بنوایا تھا۔ پٹرا ضلع کے داؤد کنڈی سے چاٹگام ہونے ہوئے اراکان کی طرف جو اونچی اور پختہ سڑک جاتی ہے۔ اس کو لوگ اب تک شاہ شجاع روڈ کہتے ہیں۔ اس سڑک کے کنارے داؤد کنڈی سے کوہلاّ تک بہت ساری مسجدیں ملتی ہیں۔ یہ سب شاہ شجاعؒ کی بنوائی ہوئی ہیں[2]۔

ستمبر ۱۶۵۷ء میں بادشاہ کی علالت کے بعد شاہ شجاع نے بنگال میں اپنے شہنشاہ ہونے کا اعلان کردیا اور دارالحکومت کی طرف بڑھے لیکن شہزادہ دارا شکوہ

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۵ کا]

۱۲ مئی ۱۶۱۶ء کو اجمیر شریف میں پیدا ہوئے۔ ۱۶۳۲ء میں ایران کے شاہی خاندان کے رستم مرتضیٰ صفوی کی لڑکی سے شادی ہوئی۔ ۱۶۳۳ء میں دکن کی مہم پر بھیجے گئے۔ ۱۶۳۹ء میں بنگال کے صوبہ دار مقرر ہوئے فطری طور پر ذہین، عالی دماغ، رحم دل اور انصاف پسند تھے۔ اعلیٰ فوجی صلاحیت بھی تھی۔ میر جملہ سے شکست کھانے کے بعد مکہ معظمہ جانے کا ارادہ کیا اور اراکان میں پناہ لیا جہاں ۱۶۶۱ء میں بڑی بے کسی اور بے بسی کے عالم میں شہید ہوئے۔ قاموس المشاہیر جلد اوّل ص ۲۹۸-۹۹۔ ایڈوانس ہسٹری آف انڈیا ص ۴۸۲-۸۳۔

[1] پٹرا ضلع گزیٹر۔ جی۔ ای۔ ویسٹر الہ آباد ۱۹۱۰ء ص ۱۴

[2] پٹرا گزیٹر ص ۱۵ اور تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۵۱

Marfat.com

کے بیٹے سلیمان شکوہ نے ان کو بنارس کے پاس شکست دے کر بنگال واپس آنے پر مجبور کیا۔ اورنگ زیب کے مقابلہ پہلے اجین کے پاس دھرمت میں (فتح آباد۔ ۱۵ اپریل ۱۶۵۸ء) اور پھر آگرہ کے پاس سموگڑھ میں (۲۹ مئی ۱۶۵۸ء) دارا شکوہ کی شکست کی خبروں سے ان کی ہمت افزائی ہوئی۔ اور انہوں نے حصولِ سلطنت کے لئے ایک کثیر فوج کے ساتھ دہلی کی طرف پیش قدمی کی۔ ۲۱ جولائی ۱۶۵۸ء کو دہلی میں اورنگزیب عالمگیر نے اپنی بادشاہت کا اعلان کر دیا تھا۔ ۵ جنوری ۱۶۵۹ء کو الہ آباد سے ۹۵ میل پچھم ضلع فتح پور کے کھجوہ نامی مقام پر دونوں بھائیوں کا مقابلہ ہوا۔ شاہ شجاع کو بُری طرح شکست ہوئی[1]۔ اورنگ زیب کے سپہ سالار اور میر جملہ نے ان کا پیچھا کیا اور ۱۶۶۰ء میں مالدہ ضلع میں ٹانڈہ کے پاس ان کو پھر شکست دیا[2]۔ اپنے اہل و عیال کے ساتھ وہ اراکان جاتے ہوئے پہلے ٹپرا کے راجہ گووند مانکیا سے ملے۔ وہ ان کے ساتھ محبت سے پیش آیا۔ ضلع چاٹگام میں جہاں شہزادہ نے جون ۱۶۶۰ء میں نماز عید الفطر ادا کی تھی۔ اس مقام کو عیدگاہ[3] کہتے ہیں۔

---

[1] قاموس المشاہیر جلد اوّل صفحہ ۲۹۹ اور ایڈوانس ہسٹری آف انڈیا جلد دوم صفحہ ۱۴۸۔

[2] مالدہ گزیٹر صفحہ ۲۳

[3] عیدگاہ چاٹگام اراکان روڈ پر دو ہزاری اور پٹیہ کے درمیان کوکس بازار سے تقریباً دس میل اتر پورب ہے اور تقریباً اتنا ہی فاصلہ رامو سے اتر کی طرف ہے۔

Marfat.com

شاہ شجاع نے اراکانی راجہ سے گذارش کی تھی کہ انہیں کچھ دنوں کے لئے پناہ دی جائے اور مکّہ معظّمہ جانے کے لئے اُن کے اپنے خرچ سے جہازوں کا سامان کر دیا جائے۔ مکھاف سے وہ پرتگالی جہاز میں آئے اور ۲۶ اگست ۱۶۶۰ء کو اراکان کے دارالحکومت مروہونگ پہنچے۔ پہلے تو ان کے ساتھ محبت کا برتاؤ کیا گیا۔ لیکن آٹھ مہینوں کے انتظار کے بعد بھی ان کے لئے جہاز کا سامان نہیں کیا جا سکا۔ اراکانی راجہ سندا تھودَمّا نے ان کی بڑی لڑکی کا مطالبہ کیا۔ جس کو غیرت مند شہزادہ نے پسند نہیں کیا۔ اوائل فروری ۱۶۶۱ء شہزادہ کو قتل کر کے ان کے اہل وعیال کو قید کر لیا گیا۔ بنگال کے صوبہ دار میر جملہ نے شاہ شجاع کے اہل وعیال کی رہائی اور ان کو بچانے کی کوشش کی۔ لیکن کامیابی نہیں ہوئی۔ ۱۶۶۳ء میں اراکانی راجہ نے ان لوگوں کو کشتی میں بٹھا کر غرق کرا دیا اور اپنے دارالحکومت کے بہت سے مسلمانوں کو ان لوگوں کی ہمدردی کے باعث قتل کرا دیا۔ چاٹگام اور اراکان کے علاقہ میں شاہ شجاع کی صاحبزادی کی مصیبت بھری داستانِ حیات دردناک دیہی گیت کی شکل میں رائج ہے۔ کلکتہ یونی ورسٹی کی طرف سے مشرقی بنگال کے دیہی گیتوں کا جو مجموعہ شائع ہوا ہے اس میں یہ درد بھری کہانی بھی شامل ہے۔[1]

عہد عالمگیری میں جب امیر الامراء نواب شائستہ خاں[2] بنگال کے صوبہ دار

---

[1] تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۵۳-۵۲

[2] امیر الامراء نواب شائستہ خاں کا نام مرزا ابو طالب تھا۔ یہ وزیر سلطنت یمین الدولہ

(بقیہ حاشیہ ص ۵۹ پر)

Marfat.com

ہو کر آئے، تو انہوں نے اراکانی راجہ کی سرکوبی کا فیصلہ کیا۔ اراکانیوں اور بحری قزاقوں کے مسلسل حملوں کے باعث بنگال کے ساحلی علاقوں میں رعایا کی تباہی اور بربادی کے علاوہ صوبہ دار کو اراکان کے دارالحکومت مورو ہونگ میں اپنے بھانجہ شاہ شجاع اور ان کے لڑکوں کے بے گناہ قتل کئے جانے کا بھی صدمہ تھا۔ میگھنا کے دہانہ پر ڈھاکہ اور چاٹگام کے درمیان ساندوئپ کا جزیرہ واقع ہے۔ دلاور خاں[1] صوبہ دار ابراہیم خاں کے زمانہ میں بحریہ کا افسر تھا۔ اراکان کے راجہ نے جب ساندوئپ سے اپنے ماتحت پرتگالی حکمرانوں کو نکال دیا، تو کچھ ہی دنوں بعد دلاور خاں ساندوئپ پر قابض ہو گیا۔ گرچہ وہ اپنے کو صوبہ دار کا ماتحت کہتا تھا اور اس کا بیٹا شریف منصب دار بھی تھا۔ لیکن وہ ساندوئپ پر آزادانہ حکومت کرتا تھا۔ دلاور خاں

[بقیہ حاشیہ ص۵۸ کا]

آصف خاں کے بیٹے اور نور جہاں کے بھتیجے تھے۔ ۱۶۳۱ء میں برار کے حاکم اور ۱۶۴۱ء میں وزیر سلطنت ہوئے۔ ۱۶۵۲ء میں گجرات کی مہم پر اور ۱۶۵۶ء میں گولکنڈہ کی مہم پر بھیجے گئے۔ ۱۶۵۹ء میں دکن کے صوبہ دار مقرر ہوئے۔ بڑی کامیابی ہوئی۔ پونا کو فتح کر لیا۔ ۱۶۶۴ء میں بنگال کی صوبہ داری پر مامور ہوئے۔ ۱۶۷۸ء میں انتقال ہوا۔ آگرہ میں اپنے باغ میں دفن کئے گئے۔ قاموس المشاہیر جلد دوم ص۱۳

[1] دلاور خاں دلال راجہ کے نام سے مشہور ہے۔ اس نے تقریباً ۵۰ سال تک ساندوئپ کے جزیرہ پر ایک آزاد حکمراں کی حیثیت سے بڑے جور و ظلم، تشدد اور سختی کے ساتھ حکومت کی اور صوبہ دار بنگالہ اور اراکانی راجہ کی مخالفت کے باوجود آزادانہ حکومت کرتا رہا۔ اس کے خلاف فوجی مہم میں امیر البحر ابوالحسن کے علاوہ ابن حسین جمال خاں، سرانداز خاں، کرامت خاں اور محمد بیگ نے حصہ لیا

(بقیہ حاشیہ ص۶۰ پر)

کو ارا کانی راجہ کے خلاف فوجی مہم کے سلسلہ میں بھلوا (نواکھالی) آنے کا حکم دیا گیا۔ اس نے حکم کو منظور کر لیا۔ لیکن حاضر نہیں ہوا۔ چنانچہ چاٹگام پر حملہ کرنے سے پہلے ساندوپ میں دلاور خاں کے مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کی گئی۔ تاکہ راستہ میں دشواری نہ ہو امیر البحر ابوالحسین نے ۹ نومبر ۱۶۶۵ء کو حملہ کیا۔ بعد میں مزید کمک روانہ کی گئی۔ دلاور خاں اور اس کے ۹۲ فوجی گرفتار ہوئے۔ ساندوپ فتح ہو گیا۔

قتل و غارت گری اور بے گناہ انسانوں کو غلام بنانے میں ارا کانی اور پرتگالی ایک دوسرے کے حلیف تھے۔ لیکن کبھی دونوں میں لڑائیاں بھی ہوتی تھیں چنانچہ چاٹگام میں ارا کانی راجہ کو شکست دینے کے لئے پرتگالی فرنگیوں کو الگ کرنا ضروری تھا۔ چاٹگام کے فرنگیوں کو لکھا گیا کہ اگر وہ لوگ ارا کانی راجہ کا ساتھ چھوڑ کر مغل صوبہ دار کی ماتحتی میں آجائیں، تو انہیں ارا کان راجہ کے مقابلہ زیادہ آسانیاں دی جا سکتی ہیں۔ اور اگر نافرمانی کی تو ایک ایک کو ختم کر دیا جائے گا۔ اس دھمکی کا اچھا اثر ہوا۔ پرتگالیوں نے بغاوت کر دیا۔ ان کا سردار کپتان مورائس چالیس جہازوں میں پرتگالیوں کو سوار کر کے بھلوا (نواکھالی) کے مغل تھانہ دار فرہاد خاں کے پاس آیا۔ کچھ پرتگالی ساندوپ میں اتر گئے۔ باقی ڈھاکہ آئے۔ نواب شائستہ خاں نے اپنے وعدہ کے مطابق ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا۔ ڈھاکہ سے ۱۲ میل دکھن لال کے لئے نو آبادی قائم کی گئی اور فرائخ دلی کے ساتھ ان کو

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۹ کا)

تھا۔ گرفتاری کے وقت اس کی عمر ۸۰ سال تھی۔ تاریخ چٹاگانگ صفحہ ۵-۴۹

Marfat.com

مناسب مراعات دی گئیں[1]۔

چاٹگام پر حملہ کے لئے ایک زبردست بحری بیڑہ تیار کیا گیا جس میں چھ سات قسم کے چھوٹے بڑے کل ۲۸۸ جہاز تھے۔ تیرہ ہزار فوج جمع کی گئی۔ نواب شائستہ خاں کی عمر ۸۰ سال تھی۔ وہ خود ڈھاکہ میں رہے۔ صوبہ دار کے بڑے بیٹے بزرگ امید خاں[2] اس فوجی مہم کے سپہ سالار مقرر ہوئے۔ ۲۵ دسمبر ۱۶۶۵ء کو تین ہزار فوج بحری بیڑہ میں امیر البحر امین حسین کی ماتحتی میں اور دس ہزار فوج خشکی کے راستہ سے خود سپہ سالار کی ماتحتی میں روانہ ہوئی۔ بری اور بحری فوج میں ہمیشہ رابطہ قائم رکھا گیا، تاکہ امیر البحر کو ندیوں اور جزیروں سے بحری قزاقوں کو نکالنے میں دشواری نہ ہو۔ سپہ سالار کی مدد کے لئے اختصاص خاں اور سرانداز خاں اور دوسرے جنرل تھے۔ ڈھاکہ سے میر مرتضیٰ کو اور نوادہ سے منوّر خاں اور دوسرے زمینداروں کو فرہاد خاں اور فرنگی سردار کپتان عورائس کے ساتھ روانہ کیا گیا۔

---

[1] چاٹگام ضلع گزیٹیر ص ۳۱-۳۲ اور تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۵۹-۵۷

[2] بزرگ امید خاں امیر الامرا نواب شائستہ خاں کے بڑے بیٹے عہد عالمگیری کے نامور امرا میں ہوئے ہیں۔ ۱۶۶۶ء میں چاٹگام کی فتح کے بعد وہاں کے پہلے گورنر مقرر ہوئے۔ دو سال چاٹگام میں رہے۔ ۱۶۶۷ء میں جامع مسجد تعمیر کرائی۔ پھر پرتگالیوں اور مگھوں کی سرکوبی کے لئے ان کو باقرگنج میں مامور کیا گیا۔ ۱۶۶۸ء سے ۱۶۷۴ء تک باقرگنج میں رہے۔ ضلع باقرگنج کا پرگنہ بزرگ امید پور ان کے نام پر ہے ۱۶۷۴ء سے ۱۶۷۸ء تک دوبارہ چاٹگام میں رہے۔ ۱۶۸۸ء میں ان کو الہ آباد کا گورنر مقرر کیا گیا پھر بہار کے گورنر مقرر ہوئے ۱۶۹۴ء میں انتقال کیا۔ قاموس المشاہیر جلد اوّل ص ۱۲۸، اور تاریخ چٹاگانگ ص ۶۶-۶۵

Marfat.com

سپہ سالار بزرگ اُمید خاں بڑی تیز رفتاری سے بڑھے۔ دریائے فینی کو پار کرنے کے بعد ایک بستی کا نام بزرگ اُمید نگر رکھا گیا۔ یہاں فوجی چوکی قائم کی گئی امیر البحر دریائے فینی کے دہانہ سے آگے بڑھا تاکہ فوجی چوکی پر فینی ندی ہو کر بحری حملہ کا خطرہ نہ رہے۔ سپہ سالار جنگلوں کو صاف کرتے ہوئے اور راستہ بناتے ہوئے بڑھ رہے تھے۔ اس لئے کچھ تاخیر ہوئی تھی۔ ۲۲ جنوری ۱۶۶۶ء کو ابن حسین اپنے بحری بیڑہ کے ساتھ کمبرا آگئے۔ یہاں کبھی تبلیغ دین کے لئے بارہ اولیاء کا قافلہ اترا تھا۔ سپہ سالار ابھی تین کوس پیچھے تھے۔ ۲۳ جنوری کو ارا کانیوں کا بحری بیڑہ کٹھالیا سے آگے بڑھا سمندر میں طوفانی کیفیت تھی لیکن ابن حسین نے آگے بڑھ کر بڑی ہمت اور بہادری سے مقابلہ کیا۔ ارا کانیوں کو شکست ہوئی۔ ۲۴ جنوری کو پھر مقابلہ ہوا اور ارا کانیوں کا بحری بیڑہ کرنافلی کے دہانہ میں داخل ہوا۔ یہاں پھر بڑی سخت لڑائی ہوئی جس میں فرنگیوں اور نوارا کے زمیندار منوّر خاں نے نمایاں خدمات انجام دیں۔ ارا کانیوں کے بہت سے جہاز ڈبو دیئے گئے اور کچھ قسم کے چھوٹے بڑے کل ۳۴ جنگی جہازوں پر قبضہ کیا گیا۔ رات میں فاتح فوج شہر چاٹگام سے کچھ نیچے جہازوں میں رہی۔

دوسرے روز ۲۵ جنوری ۱۶۶۶ء کو چاٹگام کے قلعہ کا محاصرہ کر کے گولہ باری کی گئی۔ قلعہ کی ارا کانی فوج اپنے بحری بیڑہ کی تباہی کے بعد کمزور ہو گئی تھی۔ لیکن ایک روز تک بڑی بہادری سے مقابلہ کیا۔ ۲۶ جنوری کی صبح کو قلعہ کے فوجیوں نے ہتھیار ڈال دیا۔ منوّر خاں کے سپاہیوں نے قلعہ اور شہر کو کچھ نقصان پہنچایا۔ ۲۷ جنوری ۱۶۶۶ء کو سپہ سالار بزرگ امید خاں قلعہ چاٹگام میں فاتحانہ داخل ہوئے۔ بہت کم مال غنیمت ہاتھ آیا۔ دو ہزار مگھ قیدی بنائے گئے۔ ہزاروں ہزار بنگالی کسان جنہیں ان مگھ بحری قزاقوں نے گرفتار کر کے اپنا غلام بنا لیا تھا، آزاد کر دیئے گئے اور اپنے اپنے

گھروں کو واپس ہوئے۔ اراکانی راجہ کی ماتحتی میں جو ماگھ گورنر یہاں متعین تھا اور جس نے ہتھیار ڈالا تھا۔ اس کو ڈھاکہ بھیج دیا گیا۔ ندی کے دوسرے کنارے پر قلعہ میں جو ماگھ تھے۔ انہوں نے راہ فرار اختیار کی اور اس قلعہ پر بھی مسلمانوں کا قبضہ ہو گیا۔

سپہ سالار بزرگ امید خاں نے قلعہ میں داخل ہونے پر امن و امان کا اعلان کر دیا اور تمام لوگوں کو یقین دلایا کہ ان کے جان و مال بالکل محفوظ رہیں گے۔ فوج کو سختی سے ممانعت کر دی گئی کہ رعایا پر کسی قسم کا جبر و دباؤ اور ظلم و ستم نہ ہونے پائے۔ بزرگ امید نگر اور چاٹگام کے درمیان شاہ راہ کی حفاظت کے لئے میرسرائے میں فوجی چوکی قائم کی گئی۔

چاٹگام اور اراکان کے درمیان چاردن کے راستہ پر رامو[1] کی بندرگاہ میں اراکانیوں کا ایک مضبوط قلعہ تھا۔ اس کی حفاظت پر فوجیوں کی ایک کثیر تعداد مامور تھی۔ میر مرتضیٰ کو اس قلعہ کا محاصرہ کرنے کا حکم دیا گیا۔ دشوار گذار راستوں، گھنے جنگلوں اور خطرناک ندیوں کو پار کرتے ہوئے بارہ دنوں کے بعد وہ رامو کے پاس پہنچے۔ کل ہو کر قلعہ پر حملہ کیا۔ اراکانی راجہ کے بھائی راولی نے سخت مقابلہ کیا لیکن شکست کھا کر اپنے فوجیوں کے ساتھ پہاڑوں میں فرار ہو گیا۔ میر مرتضیٰ نے ان کا تعاقب کر کے ان میں سے بہت سے لوگوں کو قتل کیا اور بہت کافی گرفتار ہوئے۔ یہاں بھی بنگالی مسلمانوں کی ایک کافی تعداد مقید تھی۔ ان کو رہا کر دیا گیا۔ سپہ سالار کو معلوم ہوا کہ اراکانی راجہ ایک نئی اور تازہ دم فوج رامو بھیج رہا ہے۔ تو انہوں نے مینا خاں، جمال خاں اور دوسرے فوجی حکام کو میر مرتضیٰ کی مدد کے لئے روانہ کیا۔

---

[1] رامو ضلع چاٹگام کے جنوبی حصہ میں ساحل سمندر سے تقریباً آٹھ میل اندر سب ڈویژن کے صدر مقام کوکسز بازار سے ۹ میل پورب قدرے دکھن باگھ کھالی ندی کے جنوبی کنارے پر واقع ہے۔ تھانہ کا صدر مقام ہے۔ یہ چاٹگام سے تقریباً ۶۵ میل اور سڑک کے ذریعہ ۷۵ میل کے فاصلہ پر ہے۔ عیدگاؤں یہاں سے دس میل اتر، اوکھیا پندرہ میل دکھن اور گرجانیا آٹھ میل اتر پورب ہے۔ نویں اور دسویں صدی عیسوی میں عرب تاجر یہاں کی روہمی یا روہماہ سلطنت کا ذکر کرتے ہیں۔ (چاٹگام گزیٹیر صفحہ ۱۸۸)۔

رامو سے ڈیڑھ کوس کے فاصلہ پر حفاظت کے لئے ایک فوجی دستہ متعین تھا۔ اراکانیوں کی ایک بڑی فوج نے سات ہاتھیوں کے ساتھ یکایک اس فوجی دستہ پر حملہ کر کے اس کو منتشر کر دیا۔ جب میر مرتضیٰ کو یہ حال معلوم ہوا، تو اپنی فوج کا کچھ حصہ لے کر فوراً روانہ ہوئے۔ ایک[1] ندی کے کنارے تک پہنچے۔ ندی بہت گہری تھی اور اس کے جنوبی کنارے پر دشمن جنگی تیاریوں میں مشغول تھا۔ لیکن فوج نے بڑی جرأت اور بہادری کے ساتھ بحفاظت دریا پار کر کے دوسرے کنارے پر اراکانیوں کا مقابلہ کیا۔ سخت جنگ ہوئی۔ دشمن شکست کھا کر فرار ہو گیا۔ میر مرتضیٰ نے ان کا تعاقب کر کے ۸۰ توپیں اور بہت سا جنگی سامان چھین لیا۔[2]

برسات کا زمانہ شروع ہو گیا۔ برسات میں چٹاگانگ سے رامو تک کا علاقہ سیلاب سے ڈوب جاتا تھا۔ ذرائع آمد و رفت، اور رسل و رسائل کی دشواری کے پیش نظر سپہ سالار نے میر مرتضیٰ کو واپس آنے کا حکم دیا۔ چنانچہ رامو سے میر مرتضیٰ سرداروں، زمینداروں اور وفادار کسانوں کے ساتھ چاٹگام کے قریب دکھن کول، چلے آئے۔ عالم گیر نامہ میں مغل فوج کے رامو تک جانے اور وہاں کے دشوار گذار راستوں کا ذکر ہے۔[3]

مغل فوج کی کامیابی اور چاٹگام کی فتح کی خبر شہنشاہ عالم گیرؒ کو فروری ۱۶۶۶ء میں ملی مسرت اور شادمانی کا اظہار کیا۔ اور اس فوجی مہم سے وابستہ تمام امراء اور حکام کو اعزاز و افتخار سے نوازا۔ امیر الامراء نواب شائستہ خاں صوبہ دار کو بادشاہ نے اپنی ایک قیمتی مرصع تلوار

---

[1] سید مرتضیٰ علی نے اپنی کتاب تاریخ چٹاگانگ میں اس ندی کا نام متاموہاری لکھا ہے۔ جو مشکوک ہے کیونکہ دشمن کی فوج ندی کے دکھن تھی اور متاموہاری رامو سے تقریباً ۲۵ میل پورب پہاڑی علاقوں میں اُتر رُخ اور پھر تقریباً اتنے ہی فاصلہ پر اُتر میں چکاریا کے پاس پچھم رُخ گذرتی ہے۔ دونوں حالات میں متاموہاری کا نام صحیح نہیں معلوم ہوتا ہے۔ رامو کے دکھن اُو مکھیا کے قریب والی ندی ہو سکتی ہے۔

[2] تاریخ چٹاگانگ ص ۶۳ [3] چاٹگام گزیٹیر ص ۱۸۸

Marfat.com

دو ہاتھی مع ہودج، دو آراستہ گھوڑے اور ایک خلعت خاص عطا کیا۔ ان کے شاندار کارنامہ کے سلسلہ میں تعریف و توصیف کا ایک شاہی فرمان جاری ہوا۔ سپہ سالار بزرگ امید خاں، امیر البحر ابن حسین، میر مرتضیٰ اور محمد بیگ اباکش کو ترقی دی گئی۔ ابن حسین کو منصور خاں اور میر مرتضیٰ کو مجاہد خاں کا خطاب ملا۔ شہنشاہ کے حکم سے شہر چاٹگام کا نام اسلام آباد رکھا گیا۔ مسلمان فوجیوں، علما اور سرداروں کو چاٹگام میں جاگیریں دی گئیں۔

تقریباً ایک سو سال تک چاٹگام پر مسلمانوں کا قبضہ رہا۔ پلاسی کی لڑائی کے بعد اکتوبر ۱۷۶۰ء میں بنگال کے نواب ناظم میر قاسم علی خاں نے مدناپور اور بردوان کے ساتھ چاٹگام کا ضلع بھی انگریزوں کے حوالہ کر دیا۔

بزرگ امید خاں چاٹگام کے پہلے مغل گورنر مقرر ہوئے۔ انہوں نے قلعہ چاٹگام میں ۷۸ھ = ۱۶۶۷ء میں ایک شاندار جامع مسجد تعمیر کرائی۔ اس مسجد پر قطعات تاریخ کے دو فارسی کتبے لگے ہوئے ہیں۔ جن میں ایک قطعہ تاریخ یہ ہے:

خداوندے سلاطین قدر دیندار — رواج دین پاک مصطفیٰ کرد
خرد گفتہ بگو تاریخ تعمیر — بعالم کعبہ ثانی بنا کرد
۷۸ ۱۰ھ

لہ اس وقت برّ عظیم ہند و پاک میں اسلام آباد نام کے تین مقامات ہیں۔ (۱) اسلام آباد چاٹگام سابق مشرقی پاکستان موجودہ بنگلہ دیش میں (۲) اسلام آباد اننت ناگ ضلع جنوبی کشمیر ریاست جموں و کشمیر ہندوستان میں اور (۳) پاکستان کا دارالحکومت اسلام آباد ضلع راولپنڈی صوبہ پنجاب پاکستان میں۔ ۲ھ نواب میر قاسم علی خاں سید امتیاز صوبہ دار گجرات کے پوتے اور بنگال کے نواب میر جعفر کے داماد تھے۔ انگریزوں نے میر جعفر کو معزول کر کے ستمبر ۱۷۶۰ء ان کو بنگال کا نواب بنایا۔ انہوں نے انگریزوں کے دباؤ میں بردوان، مدناپور اور چاٹگام کے ذخیر اضلاع اُن کے حوالہ کر دیئے۔ خرچ کو گھٹایا۔ مالی اور فوجی اصلاحات نافذ کیں۔ دارالحکومت مرشد آباد سے مونگیر منتقل کر دیا۔ بعد میں انگریزوں کی دخل اندازی اور ریشہ دوانی کی وجہ سے اختلاف پیدا ہوا۔ ۷ر جولائی ۱۷۶۳ء کو انگریزوں نے انہیں معزول کر کے ـــــ (بقیہ حاشیہ صـ۶۶ پر)

Marfat.com

۱۷۶۰ء میں انگریزی اقتدار کے بہت دنوں تک اس مسجد کو بطور میگزین استعمال کیا گیا۔ پھر اس میں محکمۂ تعمیرات عامّہ کا گودام رہا۔ ۱۸۳۸ء کے زیونیو سروے میں اس کی لاخراج زمین پر ایسٹ انڈیا کمپنی نے قبضہ کر لیا۔ ایک با اثر اور دیندار مسلمان[1] کی کوششوں سے تقریباً ایک سو سال بعد ۱۸۵۶ء میں یہ مسجد واگذار ہوئی۔

شہر سے چار میل کے فاصلہ پر نصیر آباد میں حضرت خواجہ بایزید بسطامیؒ کی درگاہ کے متّصل عہد عالمگیری کی ایک دوسری شاندار مسجد ہے۔ جو نقش و نگار اور حُسن و خوبصورتی کے لحاظ سے قابل دید عمارت ہے۔ جس زمانہ میں نواب شائستہ خاں کے دوسرے بیٹے جعفر خاں چاٹگام میں فوجدار کے عہدہ پر فائز تھے۔

[بقیہ حاشیہ ص ۶۵ کا]

بوڑھے میر جعفر کو پھر نواب بنایا۔ ۲۷ جولائی کو پہلے گیریا ضلع مرشد آباد میں اور پھر ۲ اگست کو اُدانالا ضلع سنتھال پرگنہ میں نواب میر قاسم علی خاں کو انگریزوں کے مقابلہ شکست ہوئی۔ ۲ اکتوبر ۱۷۶۴ء کو بکسر کی لڑائی میں نواب میر قاسم علی، نواب شجاع الدولہ (نواب وزیر اودھ) اور بادشاہ شاہ عالم کی متحدہ فوج کی شکست کے بعد بنگال میں مسلمانوں کے اقتدار کا آخری چراغ گُل ہو گیا۔ گوالیار کے پاس گوہد میں رہے۔ وہاں سے جودھپور گئے۔ پھر دہلی آئے۔ دہلی کے پاس موضع کوتوال میں ۱۷۷۷ء میں نہایت بیکسی کے عالم میں انتقال کیا۔ شال فروخت کر کے تجہیز تکفین ہوئی۔

قاموس المشاہیر جلد دوم ص ۱۳۷؛ جدید تاریخ ہند کا نصاب۔ سرکار اوردت؛ مسند آف مرشد آباد ص ۳۶

[3] تاریخ چٹاگانگ ص ۶۵۔ [1] خط الحاج مولانا سید ابو البشر محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ۔ جدوناتھ باسک لین۔ ڈھاکہ ۱ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۱ مارچ ۱۹۷۵ء (بقیہ حاشیہ ص ۶۷ پر)

Marfat.com

(۸۷-۱۶۸۰ء) سید حمزہ خاں چودھری نے باغ حمزہ خاں میں ۱۰۹۳ھ ۱۶۸۲ء میں مسجد تعمیر کرائی۔ ان کے نام پر ایک حمزہ دِگھی بھی ہے[۱]۔

حمزہ خاں سید مرحمت خاں کے پوتے اور سید شمشیر خاں کے بیٹے تھے۔ ان کا خاندان ۱۵۷۳ء میں گوڑ کی تباہی کے بعد چاٹگام کے ہالی شہر میں آکر آباد ہوا۔ ان کا ۱۵۹۴ء میں انتقال ہوا۔ جعفر خاں کے ایک نخشی حمید نے اِلسا تھانہ بانس کھالی میں ۱۶۸۴ء میں تالاب کھودوایا اور مسجد تعمیر کرائی۔ دامو سے میر مرتضیٰ کی واپسی کے بعد بزرگ اُمیدوان نے سانگوندی کو مغل حکومت کی سرحد قرار دیا اور یہاں اراکانیوں کے حملہ سے سرحد کی حفاظت کے لئے ہزاری عہدہ کے دو حکام کو متعین کیا جس مقام پر یہ دونوں افسر آباد ہوئے، اس کو دو ہزاری کہنے لگے۔ ان ہزاری حکام میں سے ایک اڈھو خاں تھے۔ ان کو ساٹھ مواضعات جاگیر میں دیئے گئے۔ انہوں نے سانگوندی کے پاس ایک مضبوط قلعہ تعمیر کیا۔ ہزاری اڈھو خاں کے بھائی نواب بہادر خان روہل کھنڈ کے ناظم تھے۔ جعفر خاں کے بعد بہادر خاں کے بیٹے مظفر خاں چاٹگام کے فوجدار مقرر ہوئے۔

عظیم خاں کوکہ صوبہ دار بنگالہ (۳۷-۱۶۳۲ء) کے بڑے بیٹے فدائی خاں ۱۶۸۹ء سے ۱۶۹۳ء تک چاٹگام کے فوجدار تھے۔ ان کے زمانہ میں شہباز

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۶۶ کا): صوفی فتح علی صاحب ولیسی رح کے پیر بھائی خان بہادر حمید اللہ خان
مصنف احادیث الخواتین (تاریخ حمید) راہ نجات اور گلزار شہادت [۱] تاریخ چٹاگانگ ص ۶۵

Marfat.com

دیوان ہاٹ میں ۱۱۰۴ھ = ۱۶۹۳ء میں مسجد تعمیر کرایا۔ ۱۶۹۹ء میں نواب شائستہ خاں کے تیسرے بیٹے عقیدت خاں فوجدار تھے۔ ان کے دیوان محمد خاں نے جولا پارا میں ایک مسجد بنوائی اور اس کے قریب تالاب کھودوایا۔ ۱۷۱۳ء سے ۱۷۲۳ء تک ولی بیگ خاں چاٹگام کے فوجدار تھے۔ انہوں نے چاٹگام میں ایک شاندار مسجد تعمیر کرائی جو ان کے نام سے مشہور ہے۔ لکھنؤ سے شاہ مجاہد الدین کے صاحبزادے شاہ عبداللہ کو بلوا کر مسجد کا خطیب مقرر کیا۔ اور اس میں کافی جائداد وقف کی۔ اس مسجد کے بیرونی صحن میں عہد مغلیہ میں بہت سے بزرگوں کو دفن کیا گیا۔ میج مجھنڈا تھانہ پھاٹک چاری کے شاہ احمد اللہ صاحبؒ (۱۹۰۵-۱۸۲۷ء) اور اُن کے بھتیجے مولانا غلام الرحمٰن صاحب نے کافی دنوں تک اس مسجد میں چلّہ کشی کی تھی۔ فوجدار ولی بیگ خاں قدل پور۔ نظام پور اور ساندوپ کی مسجدوں کی حفاظت اور مرمّت کے لئے بھی کافی جائداد وقف کی۔ چاٹگام کا چوک بازار انہی کا آباد کیا ہوا ہے۔ ہتھ ہزاری تھانہ کی چاریا بستی میں انہوں نے ایک دوسری مسجد بنوائی اور وہاں تالاب کھودوایا۔ اُن کی قبر چاٹگام کے عنایت بازار میں ہے۔

۱۷۲۳ء سے ۱۷۲۷ء تک لشین خاں چاٹگام کے فوجدار تھے۔ انہوں نے ۱۱۳۶ھ = ۱۷۲۳ء میں تین گنبدوں کی ایک خوبصورت مسجد تعمیر کرائی۔ اس کو قدم مبارک کی مسجد کہتے ہیں۔ مسجد کے پہلو میں دو کمرے ہیں۔ شمالی کمرے میں قدم مبارکؐ کا نشان ہے۔ ڈھاکہ میں مغل فن تعمیر کی مسجدوں کے انداز

Marfat.com

پر یہ مسجد بنوائی گئی اور باوجود کافی تبدیلی اور مرمّت کے اس کا مغل فن تعمیر نمایاں ہے
یٰسین خاں نے شمشیر غازی سے قدم مبارکؐ کا نشان حاصل کر کے اس مسجد میں
نصب کیا تھا۔ اور دس ہزار سالانہ آمدنی کی جائداد جس کا نام رسول نگر تھا۔ اس مسجد
کی ضروریات کے لئے وقف کیا۔ وقف لاخراج کو الیسٹ انڈیا کمپنی نے ضبط
کرلیا۔ اور ماہانہ خرچ کے لئے صرف پچاس روپیہ اور سالانہ اخراجات کے لئے
چھ سو روپے منظور کیا۔

فوجدار یٰسین خاں کے زمانہ میں اراکانیوں نے آخری بار چاٹگام کو فتح
کرنے کی ناکام کوشش کی۔ اُن کا بحری بیڑہ یکایک کرنافلی ندی میں داخل ہوا۔
اور چاٹگام پر حملہ کیا یٰسین خاں کو شکست ہوئی۔ لیکن دوہزاری کے قلعہ دار
ادّھو خاں کے بیٹے شیر جمال خاں نے آکر مقابلہ کیا اور اراکانیوں کو شکست
دے کر بھگا دیا۔ سانگوندی کے کنارے شیر جمال خاں کی جاگیر میں مزید اضافہ
کیا گیا۔[1]

سنہ ۱۹۰۱ء کی مردم شماری میں ضلع چاٹگام کی آبادی تیرہ لاکھ ترپن ہزار
۲۵۰ تھی۔ ان میں مسلمان نو لاکھ ۶۸ ہزار ۴۵ یعنی پوری آبادی کا ۷۲ فی صد
تھے مسلمانوں میں ۹ لاکھ ۴۵ ہزار ۴۹ شیخ تھے۔ یہ زیادہ تر مقامی نومسلموں
کی اولاد ہیں۔ ۹ ہزار سیّد اور ۲ ہزار پٹھان[2] تھے۔ کچھ عرب تاجروں کی بھی آبادی

---

[1] تاریخ چٹاگانگ۔ سیّد مرتضیٰ علی ص ۶۴-۶۴ اور ص ۱۳۷
[2] چاٹگام ضلع گزیٹیر۔ ایس۔ ایس اومیلی، کلکتہ ۱۹۰۸ء ص ۵۹

Marfat.com

تھی۔ پٹھان اور سادات زیادہ تر اُن بیرونی مسلمانوں کی اولاد ہیں، جو فوجی کارروائیوں کے زمانہ میں وہاں بھیجے گئے تھے۔ وہاں مختلف عہدوں پہ مامور ہوئے اور اُن کو جاگیریں دی گئیں۔ اُن میں سے کچھ اُن مسلمان بزرگان دین کی بھی اولاد ہیں، جو تبلیغ واشاعت اسلام کے لئے چاٹگام گئے تھے اور وہیں آباد ہو گئے جیسے حضرت بختیار شاہی سوداگر۔

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ولیؒ انیسوی صدی عیسوی کی پہلی ربع میں اسلام آباد چاٹگام میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد محترم کا نام مولانا شاہ صوفی سیّد وارث علی رح تھا۔ یہ معلوم نہیں ہو سکا ہے کہ سادات کا یہ خاندان کب چاٹگام جا کر آباد ہوا۔ قیاس غالب ہے کہ ۱۵۱۲ء میں تیپرا کے ہندو راجہ دھنیا مانکیا (۱۴۶۳-۱۵۱۵ء) نے چاٹگام پر قبضہ کر لیا۔ اور بغدادی تاجر الفاسین کی ترغیب سے گوڑ کے مسلمان سلطان علاء الدین حسین شاہ (۱۴۹۳-۱۵۱۸ء) کے بیٹے ناصر الدین نصرت شاہ (۱۵۱۸-۳۲ء) نے تیپرا راجہ کے خلاف فوجی کارروائی کر کے چاٹگام پہ پھر سے اسلامی اقتدار قائم کر دیا۔ اسی وقت سادات کا یہ خاندان گوڑ کی شاہی فوج کے ساتھ چاٹگام جا کر آباد ہوا۔ عہد اکبری میں منعم خاں صوبہ دار بنگالہ کے زمانہ میں گوڑ میں سخت وبائی بخار پھیلا۔ اس سے ۱۵۷۳ء میں شہر ویران ہو گیا[1]۔ اس زمانہ میں یہاں کے علماء، شرفاء اور اُمراء کا بہت سا خاندان منگل کوٹ ضلع بردوان کے پاس سرکار شریف آباد[2] میں اور کچھ خاندان چاٹگام جا کر آباد ہوا۔ ہو سکتا ہے کہ حضرت شاہ صوفی سیّد وارث علیؒ کے مورث اعلیٰ کا خاندان بھی اسی زمانہ میں چاٹگام منتقل ہوا ہو۔

---

[1] مالدہ ضلع گزیٹیر۔ جی۔ ای۔ لیمبورڈ کلکتہ ۱۹۱۸ء صفحہ ۲۲-۲۱۔ [2] سرکار شریف آباد۔ ندیا ہگلی
(بقیہ حاشیہ صفحہ ۷۱ پر)

Marfat.com

۳۔ چاٹگامی مسلمانوں کی مذہبی خدمات

جب سولہویں صدی عیسوی میں شری چیتنیہ[1] کی وشنوی تحریک، ہندوؤں میں نشاط ثانیہ کے احساس، بالائی ہند اور باہر کے مسلمانوں کی آمد کا سلسلہ منقطع ہو جانے اور بنگلہ زبان میں اسلامی ادب کی کمی کے باعث بنگالی مسلمانوں کے نچلے طبقہ کے عقائد میں خلفشار پیدا ہوا تو عام مسلمانوں کو مشرکانہ خیالات سے محفوظ رکھنے کے لئے جن درد مند اور دیندار مسلمانوں نے بنگلہ زبان میں اسلامیات پر کتابیں لکھیں، ان میں علاقہ چاٹگام کے سید سلطانؒ[2] کا نام سرفہرست آتا ہے۔ آپ نے

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۷ کا]

کے پچھم بجواں اور مرشد آباد کا درمیانی علاقہ جس میں ۲۶ پرگنے شامل تھے۔ اس کا صدر مقام منگل کوٹ ضلع بردوان تھا۔ یہاں بہت سے علماء اور مشائخ گوڑ سے آکر آباد ہو گئے تھے۔ موجودہ ضلع بردوان کا کتوا اور ضلع مرشد آباد کا کانڈی سب ڈویژن۔ بردوان ضلع گزیٹیر۔ مرشد آباد ضلع گزیٹیر ڈوڈکوٹ ص ۴۶۱

[1] بنگال میں وشنوی تحریک کے بانی شری چیتنیہ نوادیپ ضلع ندیا (مغربی بنگال) میں ۱۴۸۶ء میں پیدا ہوئے اور ۱۵۳۳ء میں انتقال کیا۔ رادھا کی پرستش پر زور دیا اور پرزابن ضلع متھرا میں ہندوؤں کے مذہبی مقامات کی نشاندہی کی۔ ندیا ضلع گزیٹیر۔ جے۔ ایچ۔ ای۔ گیرٹ ۱۹۱۰ء ص ۵۰

[2] سید سلطانؒ بنگال کے قدیم ترین شعراء میں سے ہیں۔ ۱۵۵۰ء میں چکرشالا تھانہ پائیا ضلع چاٹگام میں پیدا ہوئے۔ وہاں کے میر خاندان سے اُن کا تعلق تھا۔ کچھ دنوں پرا گل پور (بقیہ حاشیہ صفحہ ۷۲ پر)

سولہویں صدی عیسوی کے وسط میں بنی بنگشا (قصص الانبیاء)، اوفات رسولؐ (وفاتِ رسولؐ)، شبِ معراج، رسولِ وجے، ابلیس نامہ، جیون پرادیپ (چراغِ زندگی)، جیکم راجر لڑائی اور معرفتی گان لکھانی بنگشا (قصص الانبیاء) ایک رزمیہ نظم ہے۔ یہ ضخیم کتاب حضرت سیّد سلطانؒ کا شاہ کار ہے۔ اس میں عقیدۂ توحید کی تلقین کی ہے۔ کام نہایت مشکل تھا۔ لیکن وہ پوری طرح کامیاب ہوئے ہیں۔ اوفاتِ رسولؐ مختصر تصنیف ہے۔ یہ ۱۵۵۶ء میں اکبر اعظم کی تخت نشینی کے وقت لکھی گئی ـــ شبِ معراج ۱۵۸۶ء میں لکھی گئی۔ اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانی فتوحات کا بیان ہے۔ رسول وجے ۱۰۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں غزواتِ رسولؐ کا ذکر ہے۔ ابلیس نامہ (نور فراموش نامہ) نبی بنگشا کے فوراً بعد لکھی گئی۔ اس میں بتلایا ہے کہ عظمت کے زوال کا حقیقی سبب غرور اور تکبّر ہے۔ جیون پرادیپ (چراغِ زندگی) میں اسلامی تصوّف اور مسائلِ شریعت کو پیش کیا ہے۔ یہ کتاب حدیث مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ کی تفسیر ہے۔ اس میں ناسوت، ملکوت، جبروت۔ لاہوت۔ ذکر۔ رابطہ اور مراقبہ وغیرہ کا بیان ہے جیکم راجر لڑائی چھوٹی سی کتاب ہے۔ یہ رسول وجے کا ایک حصّہ ہے۔ معرفتی گان میں سیّد سلطانؒ کی صوفیانہ نظمیں شامل ہیں۔

[بقیہ حاشیہ صـ۷۱ کا]

(قصبہ لشکر پرا کل خاں) میں مقیم رہے۔ یہ حضرت شاہ جینؒ کے خلیفہ تھے۔ طویل عمر پاکر ۱۶۴۸ء میں انتقال کیا۔ مسلم بنگالی ادب، ڈاکٹر انعام الحق۔ اردو ترجمہ کراچی ۱۹۵۷ء صـ۱۸۲—۱۶۰، اردو کوثر بشیخ محمد اکرام صـ۴۵۱-۵۴۔ اور تاریخ چٹاگانگ سید مرتضیٰ علی صـ۱۶۷

سیّد سلطان رح کے معاصرین میں شیخ پرانؒ[1] نے نُور نامہ اور نصیحت نامہ لکھا نُور نامہ میں تخلیق کائنات اور نور محمدیؐ کا بیان ہے۔ نصیحت نامہ کسی عربی یا فارسی کتاب کا ترجمہ ہے۔ حاجی محمدؒ[2] صاحب نے نورجمال اور صورت نامہ لکھا۔ نورجمال میں شریعت اور طریقت کے اصولوں اور توحید وجودی اور توحید شہودی کے نظریوں سے بحث کی ہے۔ صورت نامہ میں ایمان کی نشانیوں اور دوسرے مذہبی مسائل کا بیان ہے۔

سیّد سلطانؒ کے جانشینوں میں نصراللہ خانؒ[3] نے شریعت نامہ،

---

[1] شیخ پرانؒ (۱۶۱۷-۱۵۵۰ء) ضلع چاٹگام میں سیتا کنڈ کے رہنے والے تھے۔ یہ کفایت المصلّین (۱۶۳۹ء) کے مصنّف شیخ مطلب کے والد تھے۔ مسلم بنگالی ادب ص۱۸۰-۸۲ اور تاریخ چٹاگانگ ص۱۶۷

[2] حاجی محمدؒ شیخ پرانؒ سے کچھ پہلے گذرے ہیں۔ شیخ پرانؒ نے اپنی کتاب نصیحت نامہ میں ان کی تصنیف "صورت نامہ" کی بڑی تعریف کی ہے۔ ان کا زمانہ ۱۵۵۰ء سے ۱۶۲۰ء کے درمیان تسلیم کیا گیا ہے۔ بزرگ انسان تھے۔ ان کے بہت سے مرید تھے، جن میں محمد شفیع بہت مشہور ہیں۔ مسلم بنگالی ادب ص۱۸۲-۱۸۷

[3] نصراللہ خانؒ کے مورث اعلیٰ گوڑ کے رہنے والے تھے۔ جمیل الدین خاں کے بیٹے برہان الدین خاں، روشنگ کے اراکانی راجہ مینگ سان وان (۱۴۳۴ء-۱۴۵۹ء) کے یہاں فوجی افسر تھے۔ ان کے بعد ان کے بیٹے ابراہیم خاں اور پھر ابراہیم خاں کے بیٹے شجاع الدین خاں اس (بقیہ حاشیہ صفحہ ۷۴ پر)

Marfat.com

جنگ نامہ، مُوسا رسوال (سوالات موسیٰؑ) اور ہدایت الاسلام لکھا۔ شریعت نامہ میں دین اسلام کے اصول وضوابط کو نہایت خوبصورتی سے نظم کیا ہے اور شریعت کے اوامر و نواہی سے بحث کی ہے۔ جنگ نامہ 'رسول وجے' کے قسم کی تصنیف ہے۔ اس میں جناب امیر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے جنگی کارناموں کا ذکر ہے۔ مُوسا رسوال مکالمہ کی شکل میں ایک منظوم تصنیف ہے۔ اس میں کوہ طور پر موسیٰ علیہ السلام کی ذات باری تعالیٰ سے ہم کلامی اور معراج نبویؐ کے موقع پر حضور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے شرف ملاقات اور ہم کلامی کی روشنی میں نماز پنج گانہ اور تلاوت قرآن پاک کی اہمیت واضح کی ہے۔ یہ کتاب کسی فارسی کتاب کا ترجمہ ہے۔

سیّد سلطانؒ کے نامور شاگرد محمد خانؒ[1] نے صحابہ رکھا (اصحاب نامیہ)، مقتول حسین، قیامت نامہ، دجّال نامہ، حنیفر لڑائی اور قاسمیر لڑائی لکھا۔ بنگال کے

[بقیہ حاشیہ صـ۷۳ کا]

معزز عہدہ پر مامور ہوئے۔ شجاع الدین خاں کے بیٹے بابو خاں تارک الدنیا ہو گئے اور فقیر موڑل کے نام سے مشہور ہوئے۔ یہ شاعر نصر اللہ خاں کے دادا تھے۔ نصر اللہ خاں کے والد منصور خاں اخوند کار کو ساوندیپ کے مسلم کمانڈر فتح خاں نے بہت نوازا تھا۔ نصر اللہ خاں ضلع چاٹگام کے کوکسز بازار سب ڈویژن میں رامو کے رہنے والے تھے۔ یہ ۱۵۶۰ء کے قریب پیدا ہوئے۔ اور ۱۶۲۵ء کے قریب انتقال ہوا۔ حضرت حمید الدین رح کے خلیفہ تھے۔ چٹاگانگ صـ۱۶۷، مسلم بنگالی ادب صـ۱۹۵-۱۸۷

[1] محمد خانؒ ہتھ ہزاری ضلع چاٹگام کے رہنے والے تھے اور چاٹگام کے مشہور حکمراں راستی خاں کی ساتویں

(بقیہ حاشیہ صـ۷۵ پر)

حسین شاہی خاندان (۱۴۹۳-۱۵۳۸ء) کے فرمانرواؤں نے بنگالی ادب کو ترقی دینے کی کوشش کی اور اس سلسلہ میں ہندوؤں کی مذہبی کتاب رامائن اور مہابھارت کا سنسکرت سے بنگلہ میں ترجمہ کرایا۔ علاء الدین حسین شاہ (۱۴۹۳ء-۱۵۱۹ء) کے دورِ حکومت میں چاٹگام کے گورنر پراگل خاں نے پرمیشور نامی شاعر جو کرندرا کے نام سے مشہور ہے، اس سے مہابھارت کا دوسرا بنگلہ ترجمہ کرایا۔ یہ کتاب پراگلی مہابھارت کے نام سے مشہور ہے اور بہت مقبول ہوئی۔ پراگل خاں کے بیٹے چوٹی خاں نے سری کارانندی شاعر سے مہابھارت کے کچھ حصّہ کا بنگلہ میں ترجمہ کرایا۔[1]

مہابھارت کے رزمیہ واقعات کی منظوم کہانیاں بنگالی ہندوؤں کے علاوہ مسلمان گھرانوں میں بھی پڑھی جاتی تھیں۔ بنگلہ زبان میں عالم مسلمانوں کے لئے اسلامی تاریخ سی والیستہ اس طرح کی کوئی منظوم کہانی موجود نہ تھی۔ حضرت سید سلطانؒ کو اس کمی کا شدید احساس تھا۔ چنانچہ اپنی کتاب 'شب معراج' کے دیباچے میں بڑے دردانگیز پیرایہ میں اس کمی کا ذکر کیا ہے۔ اُنہوں نے اپنی قابل قدر تصانیف نبی بنگشا، رسول وجے اور

[بقیہ حاشیہ ص ۷۴ کا]

پشت میں تھے۔ شہزادی میں ۱۶۷۲ء کی راستی خاں کی بنوائی ہوئی ایک پرانی مسجد ہے۔ محمد خانؒ مشہور مبلغ دین حضرت بختیار ناہی سوارؒ کی اولاد میں تھے۔ یہ ۱۵۸۰ء کے قریب پیدا ہوئے اور ۱۶۵۰ء کے بعد انتقال کیا۔ یہ حضرت سید سلطانؒ کے سب سے نامور شاگرد اور خلیفہ گذرے ہیں۔ تاریخ چٹاگانگ ص ۱۶۷؛ مسلم بنگالی ادب ص ۲۱۱-۲۰۰

[1] ایڈوانس ہسٹری آف انڈیا۔ جلد دوم۔ کالی کنکر دت وغیرہ ص ۴۰۷

[2] ایڈوانس ہسٹری آف انڈیا جلد دوم ص ۴۰۸؛ تاریخ بنگال۔ سر جدوناتھ سرکار ص ۱۵۲

شبِ معراج کے ذریعہ بڑی حد تک اس کمی کو پورا کیا۔ سیّد سلطانؒ کے بعد اُن کے لائق اور نامور مرید اور شاگرد محمد خانؒ نے اُن کی ہدایت کے مطابق دینی اور ملّی خدمات کے اس سلسلہ کو بڑے جوش اور خلوص عزم اور ارادے کے ساتھ جاری رکھا۔ سنہ ۱۰۵۶ھ = سنہ ۱۶۴۵ء میں مقتول حسین لکھا۔ مقتول حسین اُن کی سب سے ضخیم، شاندار اور کامیاب تصنیف ہے۔ اس کے کئی ابواب ہیں۔ دوسرے باب میں اصحاب کہف کا قصہ نظم کیا ہے۔ تیسرے باب سے ساتویں باب تک سیدنا حضرت امام حسنؓ اور سیّدنا حضرت امام حسینؓ کے حالات زندگی قلمبند کئے ہیں[1]۔ میدان کربلا میں حضرت امام حسینؓ اور اُن کے اعزاء اور اقرباء کی شہادت کے جانگداز واقعات کو بڑی کامیابی سے پیش کیا ہے۔ تاریخی نوعیت کی اس مذہبی کتاب کو جس میں واقعات کی تفصیل کے ساتھ ساتھ بلند خیالی دل آویزی اور دیگر شاعرانہ خوبیاں بھی موجود ہیں۔ مسلمانوں میں بڑی مقبولیت حاصل ہوئی۔ محرم کے مہینہ میں چاٹگام کے مختلف علاقوں میں اس کتاب کو بلند آواز سے پڑھنے کا رواج ہے۔

اصحاب نامہ میں خلفائے راشدین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین کا ذکر ہے۔ قیامت نامہ میں روز قیامت کا تصوّر پیش کیا ہے۔ قیامت نامہ اُن کی کتاب مقتول حسین کا گیارہواں باب ہے۔ اصحاب نامہ بھی مقتول حسین کا ایک حصّہ ہے۔ دجّال نامہ قیامت نامہ سے الگ ایک تصنیف ہے۔ قاسم کی لڑائی میں حضرت قاسمؓ کی سرگذشت

---

[1] مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق ص ۲۰۸-۲۱۱

Marfat.com

اور اُن کے جنگی کارناموں کا ذکر ہے۔ حنیفہ لڑائی ایک کامیاب تصنیف ہے۔ اس کا آغاز ایک طویل دعائیہ نظم سے ہوتا ہے جس میں مقاماتِ مقدسہ، انبیائے کرام، بزرگانِ دین اور مقدس و متبرک کتابوں کی تعریف و تصنیف کی گئی ہے۔ اس کے اخیر میں چاٹگام کے بدر پیر رح کی مدح و ثنا بھی ہے۔ یہ کتاب سید علی خاں کی تصنیف حنیفہ اور کائرا پری سے متاثر ہو کر لکھا ہے۔ ضلع چاٹگام کے بالکل جنوبی حصّہ میں شاہ پیر کا جزیرہ (شاہ پریدیپ) ہے وہ 'حنیفہ اور کائرا پری' کے قصّہ سے منسوب ہے[1]۔

شیخ مطلب[2] رح نے ۱۶۳۸ء میں فقہ اسلامی پر ایک کتاب "کفایت المصلّین" لکھا۔ اس میں مسلمانوں کی روزمرّہ کی زندگی سے متعلّق جیسے نماز۔ روزہ اور وضو، وغیرہ کے مسائل بیان کئے ہیں۔ اس سے قبل بنگلہ زبان میں فقہ اسلامی پر کتابیں لکھنے کا رواج نہ تھا۔ اِس لئے مصنّف نے بڑی معذرت کا اظہار کیا ہے

---

[1] مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق ص ۸-۲۰۷

[2] شیخ مطلب رح، نور نامہ اور نصیحت نامہ کے مصنّف شیخ پران رح کے بیٹے اور سیتا کنڈ کے رہنے والے تھے۔ یہ بارہ تیرہ سال کی عمر میں یتیم ہو گئے تھے۔ ان کی پرورش ایک دیندار بزرگ مولوی رحمت اللہ صاحب نے کی۔ اُن کے حکم سے اِنہوں نے کفایت المصلّین لکھی۔ کتاب میں اپنے محسن اور استاد مولوی رحمت اللہ کا ذکر بڑی محبّت کے ساتھ کیا ہے۔ اپنے پیر جناب سید حسین رح اور ان کے بیٹے سید محمد شفیع کا بھی احترام سے ذکر کیا ہے۔ تاریخ چٹاگانگ ص ۱۷۶، مسلم بنگالی ادب ص ۲۱۷-۲۲۱ یہ ۱۵۹۵ء میں پیدا ہوئے اور ۱۶۷۰ء میں انتقال کیا۔

Marfat.com

سیّد محمد شفیع رح نے نُور نامہ اور ساعت نامہ، لکھا۔ نُور نامہ کا دوسرا نام نُور قندیل بھی ہے۔ یہ نور جمال اور صورت نامہ کے مصنّف حاجی محمد رح (۱۶۲۰-۱۵۵۰ء) کے شاگرد تھے۔ سیّد محمد شفیع رح نے اپنی کتاب نُور نامہ میں نُور محمدی ص کی اہمیّت سے بحث کرتے ہوئے بتلایا ہے کہ کائنات کی ساری چیزیں نُور محمدی ص سے پیدا ہوئی ہیں ساندوپ ضلع چاٹگام کے شاعر عبد الحکیم[1] رح نے نُور نامہ نصیحت نامہ۔ کاروالا (کربلا) اور یوسف زلیخا لکھا۔ نُور نامہ میں مذہبی باتوں کے علاوہ اس امر سے بھی بحث کی ہے کہ عام مسلمانوں کی واقفیت اور بھلائی کے لئے بنگلہ زبان میں کتابیں لکھنا ضروری ہے۔ نصیحت نامہ کا دوسرا نام شہاب الدین نامہ ہے یہ کتاب اُن کے پیر حضرت شہاب الدین رح کی سوانح حیات نہیں ہے۔ بلکہ مذہبی مسائل کے متعلق ایک نہایت کارآمد اور مفید تصنیف ہے۔ جس میں گمراہی سے بچنے اور راہ راست پر چلنے کی تدبیریں بتائی گئی ہیں۔ عقیدت اور برکت کے خیال سے انہوں نے اِس کتاب کو اپنے پیر و مرشد کے نام سے معنون کیا ہے۔ کاروالا میں واقعاتِ کربلا کا ذکر ہے اور یوسف زلیخا ایک طویل بیانیہ نظم ہے۔ جس میں قرآن شریف کے احسن القصص کو بڑی خوبصورتی سے بیان کیا ہے۔ اور حضرت ملّا عبد الرحمان جامی رح کی کتاب یوسف زلیخا، سے کافی متاثر ہیں اُن کی کتابیں بہت مقبول ہوئیں۔

---

[1] عبد الحکیم رح ساندوپ کے رہنے والے تھے۔ ان کے والد کا نام عبد الرزاق تھا۔ یہ سکھدھارام میں پیدا ہوئے ان کے استاد اور پیر و مرشد کا نام شہاب الدین محمد رح تھا۔ ان کا زمانہ ۱۶۲۰ء سے ۱۶۹۰ء تسلیم کیا گیا ہے۔ تاریخ چٹاگانگ ص ۶۸-۱۶۷۔ مسلم بنگالی ادب ص ۲۲۴-۲۲۳

Marfat.com

نوازش خاں[1]، ضلع چاٹگام میں ست کانیا تھانہ کے گاؤں سُکھ چاری کے رہنے والے تھے۔ اُنہوں نے دوسزاری کے پٹھان خاندان کے شاندار کارناموں کے متعلق ایک کتاب "پٹھان پراسنگشا (پٹھان کی مدح سرائی) لکھا۔ سپہ سالار مزرگ اُمید خاں نے سانگونڈی کے کنارے اَدّھو خاں کو قلعہ دار مقرر کیا تھا۔ اور فوجدار یٰسین خاں کے زمانہ میں اَدّھو خاں کے بیٹے شیر جمال خاں نے ارا کانیوں کو شکست دے کر بھگا دیا تھا۔ نوازش خاں نے ایک مذہبی کتاب بھی لکھا ہے جس کے ایک بیان میں انسان اور اس کے جسم کے درمیان معرکہ دکھایا گیا ہے اور دوسرے بیان میں ریاکاری کے مسئلہ سے بحث کی گئی ہے۔

شاعر قمر علی[2]۔ ضلع چاٹگام میں پاٹیا تھانہ کے گاؤں کارو ڈانگا کے رہنے والے تھے۔ انہوں نے ۱۶۷۵ء میں ایک مسلمان عالم منشی منعم مسلم کی ہدایات کے مطابق ایک کتاب "سرالسیرین"، تصنیف کی۔ اس میں مسلمانوں کے روزمرہ کے قوانین اخلاقی سے بحث کی گئی ہے اور ایک فارسی کتاب کا ترجمہ ہے۔ وہ فارسی

---

[1] مسلم بنگالی ادب ص ۲۳۸-۲۳۵؛ تاریخ چٹاگانگ ص ۱۶۸

[2] مسلم بنگالی ادب ص ۲۳۹-۲۳۸؛ سید مرتضیٰ علی نے تاریخ چٹاگانگ میں ان کو بوال کھالی تھانہ کے کرول ڈنگا کا باشندہ لکھا ہے۔ ص ۱۶۸۔ تھانہ بوال کھالی پٹیا تھانہ کے متصل اُتر ہے۔ ڈاکٹر انعام الحق مسلمان عالم کا نام منعم مسلم اور سید مرتضیٰ علی منشی منعم لکھتے ہیں۔

کی اچھی صلاحیت رکھتے تھے اور ماہر موسیقی بھی تھے۔ عبدالنبی[1] نے ۱۰۹۶ھ = ۱۶۸۴ء میں 'امیر نامہ' لکھا۔ اس کے واقعات فارسی کتاب داستان امیر حمزہ سے ماخوذ ہیں۔ عبدالنبی نے بھی اس کتاب کو بنگلہ زبان میں پیش کرنے پر معذرت کا اظہار کیا ہے۔ ڈاکٹر انعام الحق لکھتے ہیں کہ عبدالنبی چیل پور کے رہنے والے تھے اور ان کا وہاں کے صدیقی خاندان سے تعلق تھا۔

محمد فصیح[2]، سید سلطان رح کے شاگرد اور مقبول حسین کے مصنف محمد خاں کے ہم عصر تھے۔ ان کا زمانہ ۱۰۷۱ھ = ۱۶۶۰ء سے ۱۶۸۰ء تسلیم کیا گیا ہے۔ چھبیس صفحات کی ایک چھوٹی سی کتاب 'مناجات' اُن کی یادگار ہے۔ کتاب کے اخیر میں حمد اور نعت بیان کیا ہے۔ یہ ایک نہایت کارآمد مذہبی کتاب ہے اور زبان و بیان کے لحاظ سے بہت مقبول تصنیف۔ شاعر محمد جان[3] نے بنگلہ زبان اور عربی رسم الخط میں نماز نامہ لکھا۔ اس مذہبی کتاب کو بنگلہ رسم الخط میں لکھنا گناہِ عظیم سمجھا ہے۔ شیخ منصور[4] نے ۱۷۰۳ء میں 'سرنامہ' لکھا جو فارسی نظم 'اسرار الموسیٰ' کا خلاصہ ہے۔ تصوف اور معرفت کی اس ضخیم کتاب میں کُل ۹ ابواب ہیں۔ شیخ منصور کے والد قاضی عیسیٰ چاٹگام علاقہ کے پیر تھے۔

۱۔ مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق ص ۲۴۱-۲۴۰۔ تاریخ چٹاگانگ ص ۱۶۸

۲۔ مسلم بنگالی ادب ص ۲۴۳-۲۴۱ ۳۔ مسلم بنگالی ادب ص ۲۴۴-۲۴۳

۴۔ مسلم بنگالی ادب ص ۲۴۶-۲۴۵

Marfat.com

محمد وزیر علی[1] ہت ہزاری تھانہ کے گاؤں چاریا میں پیدا ہوئے تھے۔ انہوں نے ۱۷۱۷ء میں اپنے بڑے بھائی نذیر علی کی خواہش پر "شاہ نامہ" یا نسل آوشان اسلام آباد" لکھا۔ ۱۴۵ صفحات کی ایک ضخیم تصنیف ہے۔ اس میں چاٹگام کی تاریخ اور یہاں کے بزرگانِ دین کے حالات ہیں۔ محمد وزیر علی کے بھائی نذیر علی بہت ہی بااثر رئیس تھے۔ انہوں نے پھاٹک چاری تھانہ میں ہت ہزاری کی سرحد پر نذیر ہاٹ آباد کیا۔ ۱۷۱۱ء میں اس قصبہ کی بنیاد رکھی گئی اور سات برسوں میں مکمل ہوا۔ نذیر ہاٹ ہت ہزاری کے اُتر ریل کا آخری اسٹیشن ہے۔

علاول کا شمار بنگال کے چند ممتاز مسلمان شاعروں میں ہوتا ہے۔ یہ ضلع چاٹگام کے تھانہ ہت ہزاری کے جوبرا گاؤں میں ۱۶۰۷ء میں پیدا ہوئے کرنا فلی اور ہلداتدی کے مقام اتصال پر مشہور تاریخی مقام فتح آباد ہے۔ چاٹگام کی فتح کے بعد ناصر الدین نصرت شاہ نے اس کو اپنا صدر مقام بنایا تھا۔ مجلس خاں فتح آباد کے حاکم تھے اور شاعر علاول کے والد اُن کے مصاحبین میں تھے۔ ان کے مورث اعلیٰ دارالحکومت گوڑ سے چاٹگام آکر آباد ہوئے تھے۔ ان کے والد پرتگالی بحری قزاقوں سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔ علاول بھی زخمی ہوئے لیکن کسی طرح جان بچاکر اراکان پہنچے اور راجہ تھادومنتور (۱۶۵۲-۱۶۴۵ء) کے محافظ دستے میں مقرر ہوئے۔ ۱۶۶۰ء میں شاہ شجاع کی شہادت کے وقت

---

[1] مسلم بنگالی ادب ص ۲۴۷-۲۴۷؛ تاریخ چٹاگانگ ص ۱۶۹

اِن کو قید کر دیا گیا۔ لیکن جلد ہی رہا کر دیئے گئے۔ زندگی کے آخری چند سال انہوں نے اپنے وطن جوبرا میں بسر کیا۔ ۱۶۸۰ء میں ان کا انتقال ہوا۔ جوبرا میں علاول تالاب اور علاول مسجد اُن کی یادگار اب تک موجود ہے۔[1]

علاول نے ۱۶۵۱ء میں حضرت ملک محمد صاحب جائسی رح[2] کی مشہور تصنیف پدماوت کا بنگلہ میں آزاد ترجمہ کیا۔ پھر ۱۶۶۰ء سے ۱۶۶۴ء تک چار سال میں نظامی گنجوی رح[3] کی کتاب ہفت پیکر اور اس کے بعد عہد فیروز شاہی کے

---

[1] مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق ص ۲۷۰ - ۲۶۴

[2] حضرت ملک صاحب جائسی رح ۸۹۹ھ = ۱۴۹۳ء میں جائس ضلع رائے بریلی (اودھ) کے محلہ کنچانہ میں پیدا ہوئے اور ۹۴۹ھ = ۱۵۴۲ء میں امیٹھی ضلع رائے بریلی میں انتقال کیا۔ حضرت مخدوم سید اشرف جہانگیر سمنانی رح کے سلسلہ میں حضرت محی الدین چشتی رح کے مرید تھے۔ امیٹھی کا راجہ آپ کا بہت معتقد تھا۔ کہا جاتا ہے کہ آپ کی دعا کی برکت سے راجہ کے یہاں لڑکا پیدا ہوا تھا۔ ہندی کے پریم مارگی شاعروں میں آپ کا نام سرفہرست ہے۔ پدماوت، اکھراوت اور آخری کلام تین کتابیں آپ کی یادگار ہیں۔ پدماوت ایک منظوم افسانہ اور تمثیلی داستان ہے۔ یہ اودھی زبان اور فارسی رسم الخط میں لکھی گئی۔ اس کا سن تصنیف ۹۳۷ھ = ۱۵۲۰ء ہے۔ اکھراوت میں مسائل تصوف اور آخری کلام میں اسلامی تعلیمات کو پیش کیا ہے۔ تاریخ ادب ہندی - ظہیر الدین علوی؛ ہندی ادب کی تاریخ - ڈاکٹر محمد حسن ص ۹۰ - ۸۵؛ رسالہ نیا دور لکھنؤ ستمبر ۱۹۷۲ء ص ۲۲

[3] شیخ نظام الدین، نظامی گنجوی رح ایران کے شہر گنجہ کے رہنے والے تھے۔ ۵۰۳ھ = ۱۱۰۹ء میں

(بقیہ حاشیہ ص ۸۳ پر)

فارسی شاعر یوسف[1] گداز کی کتاب تحفہ (مرتبہ ۱۳۹۲ء؟) کا چار سال میں بنگلہ میں ترجمہ کیا۔ ۱۶۷۳ء میں سکندر نامہ کا ترجمہ مکمل کیا۔ علاول کے ادبی کارناموں میں تحفہ ایک مذہبی تصنیف ہے۔ فقہ اسلامی کی یہ کتاب اب تک بنگال کے مسلمانوں میں بہت مقبول ہے۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۸۳ کا]

پیدا ہوئے ۶۰۶ھ = ۱۲۰۹ء میں انتقال ہوا۔ فارسی کے مسلم الثبوت استاد مانے جاتے ہیں۔ مخزن الاسرار لیلیٰ و مجنون۔ خسرو شیریں۔ ہفت پیکر اور سکندر نامہ ان کی مشہور تصانیف ہیں۔ سکندر نامہ ایک رزمیہ مثنوی ہے، جو ۵۹۷ھ = ۱۲۰۰ء میں مکمل ہوئی۔ ایک دیوان بھی یادگار ہے۔ (قاموس المشاہیر جلد دوم صفحہ ۲۶۴-۶۵)

[1] شیخ یوسف گداز۔ حضرت خواجہ نصیر الدین محمود چراغ دہلی رح (المتوفی ۷۵۷ھ = ۱۳۵۶ء) کے خلیفہ تھے۔ انہوں نے اپنے بیٹے ابو الفتح کے لئے پند و موعظت، اخلاق و نصیحت اور قانون شریعت کی ایک کتاب تحفۃ النصائح، لکھی، جس میں پانچ ابواب اور کل ۷۸۶ اشعار ہیں۔ کتاب کے اخیر میں لکھا ہے کہ انہوں نے اپنی اس منظوم تصنیف کو ۲۰ جمادی الثانی ۷۹۵ھ = ۱۳۹۲ء کو مکمل کیا۔ اس کتاب کا ایک نسخہ خدا بخش اورینٹل لائبریری پٹنہ میں، دو نسخے انڈیا آفس لائبریری میں نمبر ۱۲۷۶ اور ۱۲۷۷) اور ایک نسخہ سینٹ پیٹرس برگ کی لائبریری میں ہے۔ آخر الذکر میں اس کا سن تصنیف ۷۵۲ھ = ۱۳۵۱ء لکھا ہے جو زیادہ قرین قیاس اور صحیح ہے۔ شیخ یوسف گداز کا ۷۷۴ھ = ۱۳۷۲ء میں انتقال ہوا۔ دکنی زبان میں ملا قطبی نے ۱۰۴۶ھ = ۱۶۳۶ء میں شیخ یوسف دہلوی رح کی کتاب تحفۃ النصائح، کا ترجمہ اسی ردیف اور قافیہ میں کیا۔ سلک السلوک اور طوطی نامہ کے مصنف مولانا ضیاء الدین نخشبی بدایونی (متوفی ۷۵۰ھ)؛ تاریخ فیروز شاہی کے مصنف حضرت ضیاء الدین برنی رح؛ دوسری تاریخ فیروز شاہی کے مصنف شمس سراج عفیف؛ مشہور مثنوی فتوح السلاطین کے مصنف عصامی؛ عہد فیروز شاہی کے نامور علما مولانا احمد تھانیسری،

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۸۴ پر)

Marfat.com

شاہ عبدالکریم[1] اخوند کار نے ہزار مسائل، تمیم انصاری، دلا مجلس، اور نور نامہ لکھا۔ ہزار مسائل اسی نام کی ایک فارسی کتاب کا ترجمہ ہے جس میں اسلامی قوانین جمع کئے گئے ہیں۔ دلا مجلس ایک فارسی کتاب کا آزاد ترجمہ ہے اس میں اولیائے کرام، اصحاب رسولؐ اور صوفیائے کبار کے حالات ہیں۔ نور نامہ ایک مذہبی تصنیف ہے جس میں نور محمدی کی اہمیت واضح کی گئی ہے۔

علی رضا[2] (۱۷۸۰-۱۶۹۵ء) اوش کھائن ضلع چاٹگام کے رہنے والے تھے۔ اسی مقام پر ان کا مقبرہ بھی موجود ہے۔ یہ کانو فقیر کے نام سے مشہور ہیں۔ انہوں نے سراج القلوب، جنان ساگر اور یوگ قلندر لکھا۔ جنان ساگر میں

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۸۳ کا]

مولانا خواجگی اور قاضی عبدالقتار دہلوی ان کے ہم عصر تھے۔ خدا بخش لائبریری کٹلاگ آب کوثر شیخ محمد اکرام ص ۴۵-۹، تاریخ ادب اردو رام بابو سکسینہ ص ۷۲

[1] شاہ عبدالکریم اخوند کا راراکان کے دارالحکومت مروہانگ (۱۷۸۵-۱۴۳۰ء) میں رہتے تھے۔ ان کے مورث اعلیٰ رجومیاں بحری چٹگی کے محکمہ میں اعلیٰ عہدہ پر فائز تھے۔ اور ان کو راجہ نے خطاب بھی دیا تھا۔ ان کے دادا محسن علی چٹگی کے محکمہ میں مترجم تھے۔ ان کے والد کا نام علی اکبر تھا۔ مروہانگ میں راجہ اتی بار کے مہتمم خزانہ کی فرمائش پر انہوں نے ۱۶۹۸ء میں دلا مجلس لکھی تھی مسلم بنگالی ادب ص ۲۷۰-۷۲

[2] علی رضا رح ایک صوفی بزرگ تھے۔ ان کے پیر و مرشد کا نام قیام الدین رح تھا۔ علی رضا کی اولاد

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۸۵ پر)

Marfat.com

تصوّف اور یوگ کی آمیزش ملتی ہے اور یہ شہزادہ دارا شکوہ[1] کی کتاب 'مجمع البحرین' کے قسم کی تصنیف ہے۔

[بقیہ حاشیہ صـ۸۴ کا]

موضع اوش کھائن میں موجود ہے۔ ان کے بیٹے کا نام شرافت اللہ تھا۔ جو ۱۸۴۰ء تک حیات تھے ــــ مسلم بنگالی ادب صـ۳۱۰-۱۱؛ تاریخ چٹاگانگ صـ۱۶۹

[1] شہزادہ دارا شکوہ قادری شہنشاہ شاہ جہاں کا بڑا بیٹا ۳۰ مارچ ۱۶۱۵ء کو اجمیر شریف میں پیدا ہوا سنسکرت کی تعلیم بنارس میں حاصل کی۔ حضرت میاں میر لاہوریؒ (متوفی ۱۶۳۵ء) کا بڑا معتقد تھا۔ ۲۱ اپریل ۱۶۴۰ء کو حضرت میاں میرؒ کے خلیفہ ملّا شاہ قادریؒ (متوفی ۱۶۶۱ء) کے ہاتھ پر بیعت کی ۱۶۴۰ء میں سفینۃ الاولیاء اور ۱۶۵۵ء میں مجمع البحرین تصنیف کی۔ سفینۃ الاولیا میں دنیائے اسلام کے ۴۱۱ بزرگانِ دین کے حالات ہیں اور مجمع البحرین مسلمان صوفیاں اور ہندو یوگیوں کے عقاید کا مجموعہ ہے۔ تصوف اور یوگ کو ایک ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ سرِّ اکبر میں اپنشدوں کے ۵۰ ابواب کا ترجمہ ہے۔ دارا شکوہ نے بھاگوت گیتا کا بھی فارسی میں ترجمہ کیا تھا۔ بادشاہ نے اس شہزادہ کو شاہ بلند اقبال کا خطاب دیا تھا اور اسے مہین پور خلافت لکھتا تھا۔ حصول تاج و تخت کی لڑائی میں دارا شکوہ کو پہلے اُجّین کے پاس دھرمت (فتح آباد) میں (اپریل ۱۶۵۸ء) اور پھر آگرہ کے پاس سموگڑھ میں (مئی ۱۶۵۸ء) اور آخیر میں اجمیر کے پاس دیورائی (اپریل ۱۶۵۹ء) میں شکست ہوئی۔ اُن کو بلوچستان میں درہ بولن کے پاس دادر میں گرفتار کر لیا گیا اور عقائد اسلامی سے انحراف کے جرم میں ۲۹ اگست ۱۶۵۹ء کو دہلی میں قتل کر دیا گیا۔ مقبرہ ہمایون میں دفن ہوئے رود کوثر۔ شیخ محمد اکرام صـ۳۹۷-۴۱؛ قاموس المشاہیر جلد اوّل صـ۲۳۲-۳۳؛ ایڈوانس ہسٹری آف انڈیا صـ۴۸۲-۸۷؛ رسالہ آجکل مارچ ۱۹۷۴ء صـ۳۵؛ مضمون مجمع البحرین،

Marfat.com

علی رضا رح کے مُرید سید محمد مقیم[1] نے گُل بکاؤلی، فیض المقتدری اور ایوب نبیر کتھا (پیغمبر ایوب ع کا قصّہ) لکھا۔ گُل بکاؤلی ایک فارسی کتاب کا آزاد ترجمہ ہے۔ لیکن اس میں طبع زاد ٹکڑے بہت ہیں۔ نہایت ہی ولولہ انگیز انداز میں حمد و نعت لکھا ہے۔ صحابہ کبار رض۔ ائمہ کرام اور ۱۴ صوفیوں کی تعریف و توصیف بیان کی ہے۔ اس میں سات آسمان، سات سمندر۔ زمین کے سات طبقات اور ہفت اقلیم کا ذکر کیا ہے۔ اپنی اس منظوم تصنیف میں انہوں نے بنگال کے سابق اور ہم عصر شاعروں کی ایک فہرست بھی پیش کی ہے، جو بہت کار آمد ہے۔ اپنے خاندان کے حالات لکھے ہیں اور شاہ غازی شریف ضلع چاٹگام کے شاہ شہاب الدین رح کے متعلق نہایت اچھے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ یہ کتاب سنہ ۱۷۶۱ء میں چاٹگام پر انگریزی اقتدار کے چند سال بعد لکھی گئی ہے۔ اپنی کتاب 'فیض المقتدری' کے دیباچہ میں لکھا ہے کہ انہوں نے اپنے پیر و مرشد کے حکم سے کلا کام مرگیا گونی[2] اور ایوب نبیر کتھا۔ تین مذہبی کتابیں لکھیں۔ فیض المقتدری جنگ پلاسی

---

[1] سید محمد مقیم رح نواپاڑہ ضلع چاٹگام کے رہنے والے تھے۔ نواپاڑہ اراؤجن تھانہ میں ہے اور جدید بنگالی ادب کے مشہور شاعر نبی چندر سین کی بھی جائے پیدائش ہے۔ سید محمد مقیم کے مورث اعلیٰ فینی ضلع نواکھالی کے رہنے والے تھے۔ سیاسی وجوہات کی بنا پر وہاں سے فتح آباد ضلع چاٹگام چلے گئے۔ وہاں سے عظیم پور پھر نواپاڑی میں آکر آباد ہوئے۔ ان کے دادا کا نام سید محمد افضل اور والد کا نام سید محمد دوست تھا۔ بچپن میں یتیم ہو گئے۔ جیون حسین چودھری نے ان کو تعلیم دلوائی۔ مسلم بنگالی ادب ص ۱۵-۳۱۱۔ تاریخ چٹاگانگ ص ۱۷۰

[2] شیخ برہان چشتی رح کے مرید قطبن چشتی رح نے ہندی میں ۱۵۰۶ء میں ایک منظوم تمثیلی داستان

(بقیہ حاشیہ ص ۸۷ پر)

Marfat.com

(۱۷۵۷ء) کے سولہ سال بعد ۱۷۷۳ء میں لکھی گئی۔

محمد علی[1] جو ضلع چاٹگام میں عادل پور بخطیم نگر کے رہنے والے تھے اور ۱۷۷۳ء میں حیات تھے۔ انہوں نے لیلا لانگ کے زمیندار یوسف حفیظ کی تجویز پر حیرت الفقہ نامی کتاب لکھی۔ اس میں سوال وجواب کی شکل میں قوانین شریعت کو بڑی خوبی سے بیان کیا ہے۔ حیرت الفقہ کسی فارسی کتاب کا بنگلہ ترجمہ ہے۔ شاعر محمد علی سید محمد مقیم کے ہم عصر تھے اور حیرت الفقہ کے دیباچہ میں انہوں نے چاٹگام کی بہت تعریف کی ہے اور سید محمد مقیم کو اپنے زمانے کا فاضل ترین شخص لکھا ہے۔

سید نور الدین[2] بنگال کے مذہبی شاعروں میں سب سے اعلیٰ اور ممتاز مقام رکھتے ہیں۔ یہ عربی فارسی ادب سے پوری طرح واقف تھے اور ان کی علمی سطح بہت بلند تھی۔ صوفی شاعر تھے اور اصول شریعت کے سختی سے پابند۔ ان کی نظمیں عربی اور بنگلہ دونوں رسم الخط میں ملتی ہیں۔ انہوں نے حقائق۔ مُوسا سوال،

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۸۶ کا)

مرگاوتی لکھی تھی۔ اس پر تصوف کا رنگ غالب ہے۔ مرگاوتی ہندی میں، پریم مارگی شاعری کا نہایت عمدہ نمونہ ہے۔ اس میں چندن گڑھ کے راجہ گن پتی دیو اور کنچن پور کی راج کماری، مرگاوتی کے معاشقہ کی داستان ہے۔ ہندی ادب کی تاریخ ڈاکٹر محمد حسن ص ۸۳-۸۲

[1] مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق ص ۱۷-۳۱۵؛ تاریخ پٹیا کانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۱۷

[2] حقائق الحقایق میں مصنف نے اپنے کو سید نور الدین ابن عزیز، متوطن چاٹگام لکھا ہے۔ مسلم بنگالی ادب ص ۲۱-۳۱۹

Marfat.com

راحت القلوب اور ہیت آپدیش لکھی۔ دقائق فقہ عربی کی مشہور کتاب کنز الدقائق مصنفہ امام حفیظ الدین ابوالبرکات عبداللہ بن احمد نسفی متوفی ۷۱۰ھ (۱۳۱۰ء) کا بنگلہ ترجمہ ہے۔ بنگلہ کتاب کا پورا نام دقائق الحقائق ہے اور اسے سید نورالدین رح نے ۱۷۹۰ء میں نظم کیا۔ یہ بائیس ابواب پر مشتمل ہے۔ مؤسا رسوال اکیس صفحات کی ایک چھوٹی سی دلچسپ کتاب ہے۔ راحت القلوب یا قیامت نامہ اسی نام کی ایک فارسی کتاب کا آزاد ترجمہ ہے۔ اس ضخیم کتاب میں کل ۱۹ ابواب ہیں۔ اس میں حیات انسانی کے تمام اہم امور اور شریعت اسلامی کے اصول وضوابط سے بحث کی گئی ہے۔ اس کتاب میں وہ تمام باتیں درج ہیں، جو ایک سچے مسلمان کے لئے مفید ہو سکتی ہیں۔ ہت آپدیش یعنی برہان العارفین میں تصوف کے اسرار ورموز بیان کئے گئے ہیں۔ یہ کتاب ۱۷۹۶ء میں لکھی گئی۔

علاقہ چاٹگام میں مغل روایات کے دلدادہ اور عربی فارسی ادب پر عبور کامل رکھنے والے آخری مسلمان ادیب اور شاعر جناب خان بہادر حمید اللہ خان رح تھے۔ یہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ سے وابستہ تھے اور ان کو امیر المومنین سید احمد شہید رح کے خلیفہ صوفی نور محمد صاحب نظام پوری رح (متوفی ۱۸۵۸ء) سے شرف بیعت حاصل تھا۔ یہ قطب الارشاد حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی چاٹگامی رح کے پیر بھائی تھے۔ خان بہادر حمید اللہ خان ۱۸۰۸ء میں پیدا ہوئے اور ۱۸۷۷ء میں ان کا انتقال ہوا۔ مزار آپ کا چاٹگام کے شمالی مضافات قتل گنج میں ہے۔ انیسویں صدی عیسوی کے وسط میں یہ چاٹگام میں ریونیو آفیسر تھے۔

Marfat.com

زمینداری بھی تھی۔ اِن کی اَولاد پَچلَیش میں آباد ہے ۱۸۵۷ء کے غدر کے وقت ان کی عمر ۵۰ سال تھی۔ قیام امن و امان کے سلسلہ میں انہوں نے سرکار انگریزی کی بہت مدد کی اور خطاب خان بہادر سے سرفراز ہوئے۔ چاٹگام کے رہنے والے اِن سے پوری طرح واقف ہیں۔ اِنہوں نے بخشی کی ہاٹ سے کچھ فاصلہ پر لامار بازار نامی مارکٹ قائم کیا تھا۔ نہایت دردمند مسلمان تھے۔ چاٹگام میں عہد عالمگیری کی ایک شاندار جامع مسجد ہے جسے امیر الامرا نواب شائستہ خاں کے دورِ حکومت میں سپہ سالار بزرگ اُمید خاں نے بنوایا تھا۔ ۱۸۶۰ء میں چاٹگام پر انگریزی اقتدار کے بعد تقریباً سو سال تک اس مسجد کو پہلے بطور میگزین اور پھر محکمہ تعمیرات عامہ کے گودام کی حیثیت سے استعمال کیا گیا۔ چاٹگامی مسلمانوں کو خانۂ خدا کی اس بے حُرمتی کا بڑا افسوس تھا۔ اپنے پیر و مرشد حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری کی ترغیب سے خان بہادر حمید اللہ خاں رح نے اِس جامع مسجد کی واگذاری کے لئے باضابطہ تحریک شروع کی۔ اپنے اثر اور رسوخ سے کام لیا۔ اس مقصد کے تحت ۱۸۵۵ء خود کلکتہ گئے، بنگال کے لفٹننٹ گورنر سر فریڈرک ہیلی ڈے سے ملے اور مسلمانوں کی طرف سے محضر نامہ پیش کیا۔ آخر ان پُرخلوص کوششوں کے نتیجہ میں ۱۸۵۶ء میں جامع مسجد واگذار ہوئی[1]۔ صوفی نور محمد صاحب رح نے اپنے مُرید مولانا اکرم صاحب رح کو اس مسجد کا امام مقرر کیا۔ چھیانوے سال بعد اس مسجد میں

---

[1] تاریخ چٹاکانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۶۵

Marfat.com

اذان کی آواز بلند ہوئی اور اسی موقع پر یہ شعر کہا گیا :

آں جا کہ بود نعرۂ غوغائے مشرکاں
اکنوں خروش غلغلۂ اللہ اکبر است[1]

جامع مسجد چاٹگام کی داگذاری خان بہادر حمید اللہ خاںؒ کا بڑا شاندار کارنامہ ہے۔ چاٹگام کے مسلمان اپنی قوم کے اس عظیم محسن کو یاد رکھتے ہیں اور محبت سے انہیں نواب خان بہادر حمید اللہ خاںؒ کہتے ہیں۔

خان بہادر حمید اللہ خاںؒ نے فارسی اور بنگلہ دونوں زبانوں میں کتابیں لکھی ہیں۔ احادیث الخوانین۔ گلزار شہادت اور زاد نجات ان کی تصانیف ہیں۔

احادیث الخوانین کا دوسرا نام تاریخ حمید ہے۔ یہ کتاب فارسی میں چاٹگام کی ایک مستند تاریخ ہے جس میں چاٹگام کی بندرگاہ کے علاوہ

---

[1] خط الحاج مولانا سید محمد شبیر الدین صاحب ڈھاکہ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۱ مارچ ۱۹۷۵ء بحوالہ گلمپس آف اولڈ ڈھاکہ" مولفہ اس۔ ام۔ طیفور خان بہادر صفحہ ۱۸۶۔ اسلام آباد

[2] مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق صفحہ ۳۰۱ اور صفحہ ۳۲۹-۳۲۷؛ تاریخ چٹاگانگ سید مرتضیٰ علی صفحہ ۱۳۸ اور صفحہ ۱۷۰؛ قاموس المشاہیر جلد اوّل، صفحہ ۲۱۳

[3] احادیث الخوانین یعنی تاریخ اسلام آباد چاٹگام کہ بہ نسبی، تاریخ حمید است، تصنیف مورخ متبحر مالک نظم و نثر جناب مولوی حمید اللہ خان بہادر دام فضلہ و شرفہ، در مطبع مظہر العجائب

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۹۱ پر)

وہاں کے علماء اور فضلاء، بزرگان دین اور صوفیائے کرام کے حالات ملتے ہیں۔ ٹائپ کے حروف میں ۱۸۷۱ء میں کلکتہ سے شائع ہوئی۔ گلزار شہادت اور راہ نجات دونوں بنگلہ زبان کی نظمیں ہیں۔ گلزارِ شہادت کا دوسرا نام شہادت ادیان بھی ہے۔ اس میں واقعات کربلا کو نہایت دردانگیز پیرایہ میں نظم کیا ہے۔ یہ کتاب ۱۲۸۰ھ = ۱۸۶۳ء میں مکمّل ہوئی۔ "رمضان فقط" سے اس کی تاریخ نکلتی ہے۔ راہ نجات کا بنگلہ نام "ترن پاتھ" ہے۔ یہ نظم ۱۸۶۸ء میں لکھی گئی اور سچّے مسلمانوں کے لئے مذہبی ہدایات کا مجموعہ ہے۔ ڈاڑھی مُنڈھانے کے متعلق اس میں جو کچھ لکھا ہے وہ بہت دلچسپ ہے۔

ضلع چاٹگام میں باہر سے جاکر آباد ہونے والے سادات اور پٹھان مُسلمانوں اور اُن کے متوسّلین کو اپنی مذہبی ذمّہ داریوں کا پورا احساس تھا۔ اُن کو اسلام اور بانی اسلام سے بے انتہا محبت تھی اور ان بزرگوں نے بڑے نازک موقع پر مقامی زبان میں اپنی ادبی اور مذہبی خدمات کے ذریعہ نہ صرف وِشنوی تحریک کے جارحانہ اثرات سے بنگالی مسلمانوں کو محفوظ رکھا، بلکہ ان کو ذہنی طور پر مرعُوب اور مغلوب ہونے سے بچا لیا اور ان کی یہ خدمات نہایت قابل قدر ہیں۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۹۰ کا]

واقع شہر کلکتہ، محلہ تال تلہ مملوکہ مولوی کبیر الدین احمد صاحب چاپ شد۔ کلکتہ ۱۸۷۱ء نقل عبارت سرورق احادیث الخوانین مرسلہ جناب مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ ڈھاکہ موصولہ ۲۹ مارچ ۱۹۷۵ء۔

۴۔ حضرت سیّد احمد شہیدؒ کے بنگالی رفقائے کار

انیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں حضرت سیّد احمد شہیدؒ[1] بریلوی نے احیائے دین کے سلسلہ میں جو اصلاحی تحریک شروع کی تھی۔ اس سے جنوبی

---

[1] تیرہویں صدی ہجری کے مجدّد امیرالمومنین حضرت سیّد اَحْمَدْ شَہِیْدؒ ۱۲۰۱ھ میں عہد عالم گیری کے مشہور روحانی پیشوا سید علم اللہ (متوفی ۱۶۸۵ء) کی اولاد میں تھے۔ سیّد علم اللہؒ حضرت آدم بنوریؒ (متوفی مدینہ منورہ ۲۴ دسمبر ۱۶۴۳ء) کے خلیفہ تھے۔ ۳۴ واسطوں سے حضرت سید احمد شہیدؒ کا سلسلہ نسب امیرالمومنین حضرت علی کرم اللہ وجہٗ تک پہنچتا ہے۔ والد کا نام سید محمد عرفانؒ تھا جس کا ۱۸۰۰ء میں انتقال ہوا۔ حضرت سید احمد شہیدؒ ۶ صفر ۱۲۰۱ھ = ۲۹ نومبر ۱۷۷۶ء کو رائے بریلی اودھ میں پیدا ہوئے۔ مئی ۱۸۰۶ء میں دہلی پہنچے۔ حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدّث دہلویؒ سے اجازت و خلافت پاکر ۱۲۲۳ھ = ۱۸۰۸ء میں وطن واپس آئے۔ اسی سال نفیر آباد ضلع رائے بریلی میں شادی ہوئی۔ ۱۲۲۴ھ ۱۸۰۹ء میں نواب امیر خاں کی فوج میں ملازم ہو گئے۔ ۹ نومبر ۱۸۱۷ء کو انگریزوں سے معاہدہ ہونے کے باعث فوج سے مستعفی ہو گئے۔ ۱۲۳۴ھ = ۱۸۱۹ء کو رائے بریلی واپس آئے۔ ۳۰ جولائی ۱۸۲۱ء کو ۴۳۰ آدمیوں کے قافلہ کے ساتھ حج بیت اللہ کو روانہ ہوئے [بقیہ صـ۹۳ پر]

Marfat.com



۱ - بالاکوٹ ضلع ہزارہ (کنہار ندی اور پل)

Marfat.com



Marfat.com

مشرقی بنگال یعنی چاٹگام۔ نواکھالی۔ سلہٹ۔ فرید پور اور باقرگنج وغیرہ کے مسلمان بہت متاثر ہوئے۔ چنانچہ امیر المومنین حضرت سید احمد شہید رح کے متوسلین، رفقائے کار اور وطن عزیز سے بہت دور صوبہ سرحد میں اسلام کی عظمت اور برتری کے لئے جنگ میں حصہ لینے والے مجاہدین اور شہدا میں بنگالی مسلمانوں کی متاثر کن تعداد[1] نظر آتی ہے جس میں مولوی امام الدین رح مولوی

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۹۲ کا]

۲۹ اپریل ۱۸۲۴ء کو رائے بریلی واپس آئے۔ ۱۷ جنوری ۱۸۲۶ء، دوشنبہ کے دن رائے بریلی سے جہاد کے لئے روانہ ہوئے۔ ۱۲ جمادی الآخر ۱۲۴۲ھ = ۱۳ جنوری ۱۸۲۷ء کو بیعت امامت ہوئی اور خطبہ میں نام شامل کیا گیا۔ ۱۸۳۰ء میں پشاور فتح کیا۔ ۲۴ ذی قعدہ ۱۲۴۶ھ = ۶ مئی ۱۸۳۱ء کو جمعہ کے دن بالاکوٹ ضلع ہزارہ میں شہید ہوئے۔ مزار مبارک بالاکوٹ میں ہے۔ سر مبارک گڑھی حبیب اللہ خاں ضلع ہزارہ میں دفن ہے۔ سید احمد شہید۔ غلام رسول مہر، کتاب منزل لاہور ستمبر ۱۹۵۲ء)۔

[1] بنگالی [illegible] مولوی امام الدین رح مولوی نور محمد رح۔ ظہور اللہ رح طالب اللہ رح قاضی مدنی رح، عبدالقادر رح۔ حاجی [illegible] عبدالحکیم رح ضمیمہ غازیوں کی فہرست سید احمد شہید، غلام رسول مہر جلد اوّل ص ۳۱۳، جلد دوم ص ۱۶۷ اور ص ۲۶۳؛ بنگالی شہداء:۔ فیض الدین رح علیم الدین رح۔ لطف اللہ رح شرف الدین رح۔ سید مظفر حسین رح۔ منشی محمدی انصاری رح (میر منشی حضور رح) ضمیمہ شہدا کی فہرست جلد دوم ص ۴۳۲؛ شیخ برکت اللہ رح جلد اوّل ص ۳۶۹؛ فضل الرحمان یوسف زئی رح جلد دوم ص ۲۴۷

Marfat.com





۲ - گڑھی حبیب اللہ خاں ضلع ہزارہ

Marfat.com

وارث علیؒ اور مولوی نور محمدؒ خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ قلعہ پنجتار[1] کے شمالی مشرقی بُرج میں حضرت سیّد احمد شہیدؒ کی اقامت گاہ تھی اور اُس سے متّصل پچھم کے دو کمروں[2] میں مولوی وارث علی بنگالیؒ اور مولوی امام الدین بنگالی رہتے تھے۔ اور قلعہ کی مشرقی دیوار سے باہر پورب کو جانے والی سڑک کے اُتر مولوی نور محمد بنگالیؒ کا قیام تھا۔ قلعہ پنجتار سے چلتے وقت بھی یہ تینوں محترم ہستیاں حضرت سیّد احمد شہیدؒ کے ساتھ تھیں۔

۱۲۳۵ھ = ۱۸۲۰ء میں جب حضرت سیّد احمد شہیدؒ نواب غازی الدین حیدر کے عہدِ حکومت میں لکھنؤ تشریف لے گئے اور اس موقع پر جن اکابر و عمائد نے بیعت کی اُن میں مولانا عبداللہ فرنگی محلیؒ اور مولانا ولایت علی عظیم آبادیؒ کے ساتھ مولوی امام الدین بنگالیؒ[3] اور مولوی نجیب اللہ بنگالیؒ بھی شامل تھے۔ مولوی امام الدین بنگالیؒ ضلع نواکھالی کے صدر مقام سُدارام کے پاس سعداللہ پور[3] نامی گاؤں کے

---

[1] پنجتار صوبہ سرحد کے ضلع سوات (ضلع مردان کی شمالی مشرقی سرحد کے قریب) پہاڑوں کے درمیان ایک پہاڑی نالے کے کنارے محفوظ مقام ہے۔ اس کے دکھن میں غوڑ غشتی اور مزید دکھن میں نوتالی ہے۔ پنجتار کی لڑائی اوائل جون ۱۸۲۹ء میں ہوئی تھی۔ سکھ فوج کا افسرِ اعلیٰ جنرل وینتورا تھا۔ اسے شکست ہوئی۔ ۱۸۵۸ء میں انگریزوں نے اس قلعہ کو توپ سے اُڑا دیا۔ سید احمد شہیدؒ۔ غلام رسول مہرؒ جلد دوم ص ۶۵-۶۶؛ نقشہ پنجتار مقابل ص ۶۹ جلد دوم۔

[2] سید احمد شہیدؒ۔ غلام رسول مہر، جلد اوّل ص ۱۶۹۔

[3] مولوی امام الدین بنگالیؒ کا آبائی وطن موضع حاجی پور۔ پرگنہ عنبر آباد۔ علاقہ روشن آباد تھا۔

۵- پنجتار

علاقہ سوات - صوبہ سرحد

پیمانہ ایک انچ = ایک میل

جنگ پنجتار :- جون ۱۸۲۹ء



Marfat.com

سہنے والے عالم باعمل اور بے مثال صوفی تھے۔ حضرت سید احمد شہیدؒ کے خاص عقیدت مندوں اور جاں نثاروں میں تھے۔ ۲۰ شوال ۱۲۳۶ھ = ۳۰ جولائی ۱۸۲۱ء کو رائے بریلی سے سید شہیدؒ کی رہنمائی میں چار سو تیس[۴۳۰] مسلمان مردوں اور عورتوں کا جو قافلہ حج بیت اللہ کے لئے روانہ ہوا تھا، اس میں مولوی امام الدین بنگالیؒ بھی شامل تھے۔ صفر ۱۲۳۷ھ (اکتوبر ۱۸۲۱ء) میں جب یہ قافلہ کلکتہ پہنچا، تو مولوی امام الدین بنگالیؒ حضرت سید شہیدؒ سے اجازت لے کر اپنی والدہ سے ملاقات کرنے کے لئے وطن گئے اور جب واپس آئے، تو ان کے ساتھ اس علاقہ کے تیس چالیس مسلمان امیر المومنین سید احمد شہیدؒ کی زیارت اور حصول بیعت کی نیت سے کلکتہ آئے اور بیعت سے مشرف[۱] ہوئے۔ مولوی امام الدینؒ حج اور جہاد میں ساتھ

[بقیہ حاشیہ صـ کا]

وہی مقام آپ کی جائے پیدائش بھی ہے۔ بعد میں آپ ضلع نواکھالی کے صدر مقام سُدارام کے پاس سعد اللہ پور نامی موضع میں سکونت پذیر ہوئے۔ خط مولانا ابوالبشر محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۷ مئی ۱۹۷۵ء؛ مولوی غلام رسول مہر نے بھی آپ کے وطن کا نام حاجی پور لکھا ہے۔ (سید احمد شہید صـ ۲۱۹)؛ چکلہ روشن آباد، اضلاع ٹیپرا، نواکھالی اور سلہٹ میں مہاراجہ صاحب تری پورا کی زمینداری ریاست جس کا رقبہ ۵۷۰ مربع میل اور آمدنی ۸ لاکھ سالانہ تھی۔ نواب شجاع الدین خاں کی صوبہ داری کے زمانہ میں ۱۷۳۳ء میں ریاست تری پورا کے اس میدانی علاقہ پر مسلمانوں کا باضابطہ قبضہ ہوا۔ امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد دہم صـ ۱۲۴ اور جلد بست دوم صـ ۳۸۲

[۱] سید احمد شہیدؒ۔ غلام رسول مہر صـ ۲۱۹

رہے۔ جہاد میں حصّہ لینے کے لئے آخری دور میں مولوی امام الدینؒ کے بھائی علیم الدینؒ بھی بنگال سے ایک قافلہ لے کر گئے تھے اور کالا باغ سے ان کا قافلہ مولوی جعفر علی نقوی کے قافلہ کے ساتھ گیا تھا[1]۔ مولوی علیم الدینؒ صوبہ سرحد کی معرکہ آرائیوں میں شہید ہوئے۔ معرکہ بالاکوٹ (مئی ۱۸۳۱ء) کے بعد مولوی امام الدینؒ بنگال واپس آئے اور اپنے علاقہ میں تبلیغ دین اور اصلاح عقائد کے کاموں میں مشغول[2] رہے۔ کلکتہ میں منشی غلام رحمٰن کی مسجد واقع محلہ مصری گنج (مدرسہ گرجا کی مغرب جانب) میں جہاں صوفی نور محمد صاحب نظام پوری رحؒ بھی قیام فرماتے تھے۔ دوسری بار حج کو جاتے وقت آپ نے اس مسجد میں فرمایا تھا کہ "اے اللہ میری قبر کی کوئی نشانی باقی نہ رہے" دعا قبول ہوئی۔ حج سے واپسی کے وقت ۱۲۷۴ھ = ۱۸۵۷ء میں عدن کے پاس بحیرۂ عرب میں جہاز پر انتقال ہوا اور لاش مبارک سمندر میں ڈالی گئی[3]۔ مشرقی بنگال کے جنوبی حصّہ میں آپ نے وہی خدمات انجام دیں، جو مشرقی اور شمالی حصّہ میں حضرت سیّد احمد شہید رحؒ کے دوسرے خلیفہ حضرت مولانا کرامت علی[4] جون پوری رحؒ

---

[1] سید احمد شہید، غلام رسول مہر جلد دوم ص ۳۱۱ [2] رودکوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۴۵۰

[3] خط الحاج مولانا سید محمد شبیر الدین صاحب مدظلہٗ ڈھاکہ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۷ مئی ۱۹۷۵ء بحوالہ تذکرہ اولیائے بنگالہ۔ مولانا عبید الحق اسلام آبادی مہتمم مدرسہ عالیہ فتحی ضلع نواکھالی ۱۳۵۰ھ حصہ اوّل۔

[4] مولانا کرامت علی صاحب جون پوری رحؒ قاری ہفت قرأت، عالم باعمل، متقی اور پرہیزگار اور اعلیٰ پایہ کے خوش نویس تھے۔ بہت سی کتابیں آپ کی یادگار ہیں۔ جمعہ ۳ ربیع الآخر ۱۲۹۰ھ = (۱۸۷۳ء)

(بقیہ حاشیہ ص ۹۹ پر)

Marfat.com

نے۔ خان بہادر حمید اللہ خاںؒ نے اپنی کتاب احادیث الخوانین[1] میں آپ کی اعلیٰ دینی خدمات کا بڑی محبت سے ذکر کیا ہے۔

حضرو کے چھاپہ کے بعد ہُنڈ کے پاس دریائے سندھ کے کنارے بازار کی جو لڑائی ہوئی تھی، اس میں قندھاری مجاہدین کی مدد کو جانے والوں میں شیخ فیض الدین رح اور شیخ برکت اللہ بنگالیؒ شامل تھے۔ اس جنگ میں سکھوں سے لڑتے ہوئے شیخ برکت اللہ بنگالیؒ شہید ہوئے اور شیخ فیض الدین بنگالیؒ زخمی ہوئے[2]۔ امیر المومنین سیّد احمد شہیدؒ کی جب تنولی سردار پائندہ خاں ہندوال سے سِتّھانہ کے پاس عُشرہ میں ملاقات ہوئی تھی، تو امیر المومنین رح نے حفاظت کے خیال سے جن بارہ[12] مجاہدین کو اپنے ساتھ لیا تھا، اُن میں مولوی امام الدین بنگالی رح اور شیخ شرف الدین بنگالیؒ شامل تھے اور اس موقع پر حضرت مولانا اسماعیل[3] صاحب شہیدؒ نے ندی کے کنارے جن چوبیس[24] مجاہدین کو مامور کیا تھا۔ ان میں سیّد

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۹۸ کا]

کو انتقال ہوا۔ مزار رنگ پور، بنگلہ دیش میں زیارت گاہ خاص و عام ہے۔ موجودہ شیخ محمد اکرام صفحہ ۴۰؛ شیراز ہند جون پور۔ اقبال احمد صفحہ ۷۹؛ قاموس المشاہیر جلد دوم صفحہ ۱۵۱

[1] احادیث الخوانین (تاریخ حمید)۔ خان بہادر حمید اللہ خان۔ مطبوعہ کلکتہ ۱۸۷۱ء۔ صفحہ ۲۰۷

[2] سیّد احمد شہیدؒ۔ غلام رسول مہر جلد اوّل صفحہ ۳۶۹

[3] مولانا اسمٰعیل شہیدؒ، امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رح کے پوتے، مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رح کے بھتیجے اور جناب مولانا شاہ عبدالغنی صاحب رح

(بقیہ حاشیہ صفحہ پر)

Marfat.com

ظہور اللہ بنگالی رح، سید لطف اللہ بنگالی رح اور قاضی مدنی بنگالی رح شامل تھے۔[1]
ذی قعدہ ۱۲۴۵ھ بمطابق ۱۸۳۰ء میں ضلع ہزارہ کے مقام بھوڑہ میں سید احمد شہید رح کے بھانجے سید احمد علی رح کی قیادت میں سکھوں سے جو جنگ ہوئی تھی، اُس میں امیر لشکر کے ساتھ فیض الدین بنگالی[2] رح بھی شہید ہوئے۔ مردان کے پاس ۱۸۳۱ء میں مایار کی لڑائی میں امیر المومنین سید احمد شہید رح کے دونوں بازوؤں میں آپ کے دو رائفل بردار تھے، اُن میں ایک حافظ صابر تھانوی اور دوسرے شرف الدین بنگالی[3] رح تھے۔ اس لڑائی میں فضل الرحمٰن بردوانی[4] رح شہید ہوئے اور مولوی نور محمد بنگالی رح اور اُن کے بھائی حاجی چاند رح، قاضی مدنی رح اور مولوی عبدالحکیم بنگالی رح زخمی ہوئے۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۹۹ کا]

کے بیٹے تھے ۱۲۱۰ھ بمطابق ۱۷۹۶ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ اپنے چچا کے خلیفہ حضرت سید احمد شہید رح سے بیعت ہوئے۔ پیر کے ساتھ حج بیت اللہ کو گئے۔ علم و فضل، تحریر و تقریر، تدبر و دانائی، جرأت اور بہادری میں یکتائے روزگار تھے۔ سکھوں کے خلاف جہاد میں شریک ہوئے امیر لشکر تھے۔ جمعہ ۶ مئی ۱۸۳۱ء کو بالاکوٹ ضلع ہزارہ میں شہید ہوئے۔ مزار آپ کا بالاکوٹ میں شہر سے اُتر ہے۔ تقویت الایمان آپ کی تصنیف ہے۔ صراط مستقیم، کا آدھا حصہ بھی آپ کا لکھا ہوا ہے۔ اصول فقہ، منصب امامت، مثنوی سلک نور وغیرہ آپ کی دوسری کتابیں ہیں۔ آثار الصنادید۔ سید احمد خاں ص ۵۵۴-۵۴۸؛ موج کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۳۷-۳۴؛ سید احمد شہید۔ غلام رسول مہر جلد اوّل ص ۱۷؛ داستان تاریخ اردو حامد حسن قادری ص ۵۶-۱۵۵۔

[1] سید احمد شہید۔ غلام رسول مہر جلد دوم ص ۵۲-۱۵۱

[2] سید احمد شہید۔ غلام رسول مہر جلد دوم ص ۱۸۰؛ ہزارہ گزیٹیر۔ ایچ۔ ڈی۔ واٹسن۔ لندن ۱۹۰۷ء ص ۹۳-۸۸، ۱۔ [3] سید احمد شہید۔ غلام رسول مہر ص ۲۴۱ [4] سید احمد شہید۔ غلام رسول مہر ص ۲۴۷

Marfat.com


برنا کا ٹیلہ
نوری میدان
برنا کا نالہ
مرقد شاہ اسمٰعیل رح
جامع مسجد
ست بنے کا نالہ
حویلی واصل خان
مسجد متوسط
فریدون منزل
مسجد زیرین
مسجد بالا
میدان جنگ
بالاکوٹ
برنا کا نالہ
کنہار ندی
چوکی جنگلات
مرقد سید صاحب رح
مٹی کوٹ کا نالہ
پرائمری اسکول
پاکستان ہوٹل
کاغان روڈ
ہائی اسکول
بس کا اڈہ
ڈاک بنگلہ
تھانہ
سول اسپتال
کنہار ندی
بالا پیر
کاغان روڈ
منڈی
بیلہ
ٹھنڈا کٹھا
بھیرن کٹھا
۶ - مشہد
بالاکوٹ
ضلع ہزارہ - صوبہ سرحد
پیمانہ: ایک انچ = ۳۵۲ گز
۵ انچ = ایک میل

Marfat.com

۵۔ حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری[1]

حضرت سید احمد شہید رح نے تین مہینے کلکتہ میں قیام فرمایا اس زمانہ میں آپ کی نگاہ کیمیا اثر سے ہزاروں ہزار مسلمان راہ راست پر آگئے۔ سلہٹ اور چاٹگام کے دور دراز علاقوں سے بھی مسلمان کثیر تعداد میں آئے اور بیعت سے مشرف ہو کر سچے اور دیندار مسلمان بن گئے۔ چنانچہ حضرت سید احمد شہید رح کے بڑے بھانجے سید محمد علی صاحب رح نے اپنی کتاب "مخزن احمدی" میں لکھا ہے کہ "ہر ضلع اور ہر کشور سے ہزاروں بلکہ بے شمار مسلمان آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اہل شرک و بدعت اور سرکش اور گناہ گار اپنے برے اعمال سے توبہ کر کے مخلص مومنوں کے زمرے میں شامل ہو گئے۔"[1]

اسی زمانہ میں ضلع چاٹگام کے شمالی مغربی حصہ میں میر سرائے کے پاس ملی پاش کے ایک عالم مولانا صوفی نور محمد صاحب نظام پوری رح کو خواب میں جناب رسالت مآب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بشارت ہوئی کہ "ہمارا لڑکا سید احمد کلکتہ

---

[1] سید احمد شہید رح۔ غلام رسول مہر، جلد اوّل صفحہ ۲۱۶ بحوالہ مخزن احمدی۔ قلمی نسخہ پنجاب یونی ورسٹی لائبریری۔ لاہور۔ پاکستان۔

Marfat.com

آیا ہوا ہے تو جا کر اُس کے ہاتھ پر بیعت کر"[1] چنانچہ صوفی نُور محمد صاحبؒ فوراً کلکتہ آئے اور بشارتِ نبویؐ کے مطابق امیر المومنین سید احمد شہیدؒ سے شرف بیعت حاصل کیا۔ اور جب سیّد شہیدؒ نے اوائل ۱۸۲۶ء میں بغرض جہاد ہندوستان سے صوبہ سرحد کی طرف ہجرت کی، تو آپ کے ساتھ گئے اور مختلف جنگوں میں حصّہ لیا۔ پشاور کی فتح سے کچھ قبل رنجیت سنگھ کے ماتحت سلطان محمد خاں والی پشاور کے خلاف مردان کے پاس ۱۸۳۰ء میں مایار کی جو لڑائی ہوئی تھی۔ اس میں خود صوفی نُور محمد صاحبؒ اور اُن کے ایک بھائی حاجی چاندؒ (جو نگر، یا راج نگر۔ بنگال کے رہنے والے تھے) زخمی ہوئے[2]۔ غالباً معرکہ بالاکوٹ (۶ مئی

---

[1] حیات ویسی۔ مرتبہ مولانا زین العابدین صاحب اختری۔ کلکتہ ۱۹۵۵ء حصہ اُردو ص ۹

[2] سید احمد شہیدؒ غلام رسول مہر جلد دوم ص ۲۶۳ جناب غلام رسول صاحب مہر نے حاجی چاندؒ کے گاؤں کا نام ناگور۔ بنگال لکھا ہے، جو صحیح نہیں ہے۔ ناگور راجستھان میں اور نگور تامل ناڈو کے ضلع تھن جوُر میں مسلمانوں کی زیارت گاہیں ہیں۔ ناگور قاضی حمید الدین ناگوریؒ کی وجہ سے مشہور ہے اور یہاں حضرت خواجہ بزرگ کے خلیفہ حضرت صوفی حمید الدین ناگوریؒ (متوفی ۱۳۶۰ء) کا مزار ہے اور نگور ضلع تھن جوُر میں ساحل سمندر پر حضرت میران صاحب مکھنؒ کے مقبرہ پر ۹۰ فٹ بلند مینار ہے۔ یہاں جنوبی ہندوستان کے مسلمانوں کا بڑا اجتماع ہوتا ہے (امپریل گزیٹیر جلد دوازدہم ص ۳)۔ الحاج مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب نے ڈھاکہ سے مطلع کیا ہے کہ بنگال میں ناگور نام کا کوئی مقام نہیں ہے۔ یہ ضلع بیر بھوم کا نگر نامی مقام ہو سکتا ہے، جس کو راج نگر بھی کہتے ہیں۔ حضرت سید احمد شہیدؒ کے میر منشی مولانا محمدی انصاریؒ

(بقیہ حاشیہ ص ۱۰۴ پر)

Marfat.com

سنہ ۱۸۳۱ء) کے بعد صوفی نور محمد صاحبؒ بنگال واپس آئے اور میر سرائے ضلع چاٹگام کے پاس کلے یاش پرگنہ نظام پور میں رشد و ہدایت کا چراغ روشن کیا۔ تبلیغ و اشاعت دین اور اصلاح عقائد و معاشرت کے لئے اپنی زندگی وقف کر دیا۔ یہیں سوموار ۱۴ ربیع الاول

[بقیہ حاشیہ صـ۱۰۳ کا]

بھی اسی گاؤں کے رہنے والے تھے۔ (خط جناب مولانا سید محمد شیر الدین صاحب بنام راقم الحروف مورخہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۷۵ء)۔ حج بیت اللہ سے واپسی کے بعد کلکتہ سے رائے بریلی جاتے ہوئے حضرت سید احمد شہیدؒ مرشد آباد سے منشی محمدی انصاری کے وطن تشریف لے گئے تھے اور اُن کو وطن میں ٹھہرنے کا حکم دیا تھا۔ کچھ دنوں بعد جب حضرت سید احمد شہیدؒ بغرض جہاد صوبہ سرحد کی طرف روانہ ہوئے، تو یہ بھی خدمت میں حاضر ہو گئے۔ سید احمد شہید غلام رسول مہر جلد اوّل صـ۲۳۹؛ مغربی بنگال کے ضلع بیر بھوم میں نگر یا راج نگر سب سے اہم تاریخی مقام ہے۔ یہ ضلع کے صدر مقام سیوری سے ۱۵ میل پچھم ضلع سنتھال پرگنہ کی سرحد کے قریب ہے۔ یہ اسلامی فتوحات کے بعد مسلمان راجاؤں کا صدر مقام تھا۔ کالی داہا تالاب کے کنارے محلوں کے کھنڈر ہیں۔ کئی مسجدیں اور تالاب ہیں۔ بارہ گنبدوں کی 'موتی چور' نامی مسجد ہے۔ قریب ہی قلعہ ہے۔ نگر کے قریب خوش بگری میں حضرت عبداللہ کرمانیؒ کا مزار مرجع خلائق ہے۔ جو بیٹے کے شاہ ارزاں دیوانؒ متوفی سنہ ۱۶۳۰ء کے خلیفہ تھے۔ بیر بھوم گزیٹیر۔ اس۔ اس۔ اوملی؛ نگر کے پاس حضرت پور میں حضرت سید شاہ احمد مجنون بخاریؒ کا مزار ہے۔ جو حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ کی اولاد میں ہیں۔

خط مولانا محمد رضا صاحب بخاری حضرت پور، ضلع بیر بھوم
بنام راقم الحروف، مورخہ ۲ فروری سنہ ۱۹۶۷ء

Marfat.com

۱۲۷۵ھ = یکم نومبر ۱۸۵۸ء (۱۳ کاتک ۱۲۶۶ بنگلہ فصلی) کو انتقال ہوا[1]۔ آپ کے نامور خلیفہ خان بہادر حمید اللہ خاں صاحبِ احادیث الخوانین نے آپ کی وفات کی تاریخ لکھی[2]:

شاہ نور محمد وجہ مبرورے رفت — چوں موسیٰ در تجلّی طورے رفت
تاریخ برائے رحلت آں مغفور — شد حیف کز آفاق ہے نورے رفت

۱۲۷۵ھ

سترہویں صدی عیسوی کے نصف اوّل میں امام ربّانی مجدّد الف ثانی حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندیؒ[3] کے خلیفہ مولانا حمید[4] دانشمند منگل کوٹی رح نے سرکار شریف آباد

---

[1] خط جناب مولانا محمد اظہار الحق صاحب مدرسہ صوفیہ نظام پور ضلع چاٹگام بنام راقم الحروف مورخہ ۲۶ ستمبر ۱۹۷۴ء

[2] قطعہ تاریخ مرسلہ جناب ابو البشر سید محمد شیر الدین صاحب جدوناتھ باسک لین ڈھاکہ[1] مورخہ ۲۵ اگست ۱۹۷۴ء

[3] گیارہویں صدی ہجری کے مجدّد امام ربّانی مجدّد الف ثانی حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندیؒ (امام طریقہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ) شب جمعہ ۱۴ شوال ۹۷۱ھ (۲ جون ۱۵۶۴ء) کو سرہند پنجاب میں پیدا ہوئے اور ۲۸ صفر ۱۰۳۴ھ (۳۰ نومبر ۱۶۲۴ء کو منگل کے دن بوقت چاشت انتقال کیا۔ مزار مبارک سرہند شریف ضلع پٹیالہ (پنجاب) میں مطلع فیض اور دنیائے اسلام کی بڑی زیارت گاہ ہے طریقہ عالیہ قادریہ اور سلسلہ عالیہ چشتیہ میں آپ کو اجازت و خلافت اپنے والد حضرت شیخ عبد الاحد فاروقی سرہندیؒ (متوفی ۱۵۹۸ء) سے اور سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں حضرت خواجہ باقی باللہ رح (متوفی ۱۶۰۳ء) سے حاصل تھی عہد اکبری کی مذہبی بے قاعدگیوں کا سدّ باب کر کے آپ نے ہندوستان

Marfat.com

(مغربی بنگال) میں تبلیغ و اصلاح کا جو کام شروع کیا تھا اُسے مشرقی بنگال کے دُور دراز علاقوں میں اسی سلسلہ عالیہ کے حضرت صوفی نور محمد صاحبؒ نے مکمل کیا۔ یہی صوفی نور محمد صاحبؒ جن کی روحانی تربیت ایک مجددِ وقت کے زیرِ سایہ سفر و حضر کے علاوہ میدانِ جہاد میں بھی ہوئی تھی۔ حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسیؒ کے پیر و مرشد ہیں۔ اور میرے ابا کے پاس پرگنہ نظام پور کے ملے پاش میں آرام فرما ہیں۔ یہاں سالانہ عرس نہیں ہوتا ہے لیکن ہر سال ہزاروں ہزار مسلمان آپ کی زیارت سے فیض یاب ہوتے ہیں۔

[بقیہ حاشیہ صـ۱۰۵ کا]

میں اسلام کو بچا لیا۔ آپ کے مکتوبات اہلِ تصوّف کے آنکھوں کا نور ہیں۔ اس کی تین جلدیں ہیں۔ دفتر اوّل کا نام نُورالمعرفت، دفتر دوم کا نام نُورالخلائق اور دفتر سوم کا معرفت الحقائق ہے۔ دفتر اوّل میں ۳۱۳۔ دفتر دوم میں ۹۹ اور دفتر سوم میں ۱۱۵ مکاتیب ہیں۔ مکاتیب کی مجموعی تعداد ۵۲۷ ہے۔ حضرت خواجہ معصوم صاحبؒ اور حضرت آدم بنوریؒ آپ کے دو سب سے اہم خلفا ہیں۔ رود کوثر۔ شیخ محمد اکرام صـ۲۸۵-۲۰۹؛ مسالک السالکین۔ مرزا عبدالستار بیگ۔ اور مجدد اعظم۔ محمد علیم ۱۹۵۸ء۔

۴۔ مولانا شیخ حمید الدین دانشمند منگل کوٹیؒ قاضی ضیاء الدین احمد سالارؒ کی اولاد میں تھے۔ لاہور میں تعلیم حاصل کی شروع میں صوفیوں کے مخالف تھے۔ دہلی میں حضرت امام ربانیؒ سے ملاقات ہوئی شرفِ بیعت کے ایک سال بعد خلافت سے سرفراز ہوئے اور منگل کوٹ ضلع بردوان آکر باقی زندگی رُشد و ہدایت میں صرف کی۔ شاہ جہاں آپ کا بہت معتقد تھا۔ ۱۶۵۳ء میں انتقال ہوا۔ آپ کے نام حضرت مجددؒ کے کئی خطوط ہیں۔ حضرت بدرالدین سرہندیؒ نے اپنی کتاب (بقیہ حاشیہ صـ۱۰۷ پر)

حضرت صوفی نور محمد صاحبؒ، نظام پوری کہلاتے ہیں۔ نظام پور کوئی خاص موضع یا بستی کا نام نہیں ہے۔ بلکہ یہ ایک پرگنہ کا نام ہے جو ضلع چاٹگام کے شمالی مغربی گوشہ میں ساحل سمندر اور سیتا کنڈ کے پہاڑی سلسلہ کے مابین واقع ہے۔ اس کے اُتر میں فینی ندی ہے اور یہ میرسرائے تھانہ پر مشتمل ہے۔ میرسرائے تھانہ کے دکھن سیتا کنڈ تھانہ[2] کا بھی کچھ حصہ اس پرگنہ میں شامل ہے۔ میرسرائے اور زورآور گنج اس پرگنہ کے دو خاص اور اہم مقامات ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ سور خاندان کے نظام شاہ کے نام پر اس پرگنہ کا نام نظام پور ہے۔

شیر شاہ[3] سور نے (۱۵۴۰-۴۵ء) نے ۱۵۳۸ء میں حسین شاہی خاندان کے

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۰۶ کا]

حضرات القدس' میں آپ کا ذکر کیا ہے۔ مولانا حمید الدین دانشمندؒ کا مزار متکتہ حال میں جنگلوں سے گھرا ہوا تھا۔ بشیر ہاٹ ضلع چوبیس پرگنہ کے ایک دین دار خاندان کے نامور فرزند جناب خان بہادر ابو الخیر محمد صادق صاحب نے جنگلوں کو صاف کرا کے مزار شریف کی مناسب مرمت کرائی۔ ۱۹۷۴ء میں بنگال وقف بورڈ نے اس سلسلہ میں آپ کی خدمات کو بہت سراہا۔ رودکوثر شیخ محمد اکرام ص ۴۶۱-۶۵؛ خط الحاج مولانا سید محمد شبیل الدین صاحب مدظلہ، ڈھاکہ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۱ مارچ ۱۹۷۵ء۔

[1] تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۱۰۶ اور خط مولانا محمد اظہار الحق صاحب صوفیہ مدرسہ میرسرائے ضلع چاٹگام بنام راقم الحروف مورخہ ۲۶ ستمبر ۱۹۷۴ء۔ [2] مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق ص ۱۰۶

[3] شیر شاہ کا اصلی نام فرید خاں تھا۔ ان کے دادا ابراہیم خاں سور پشاور کے پاس (بقیہ ص ۱۰۸ پر)۔

Marfat.com

آخری فرماں روا سیّد غیاث الدین محمود شاہ[1] کو شکست دے کر بنگال پر قبضہ کر لیا

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۰۷ کا]

رہوہ نامی مقام سے فوجی ملازمت کی تلاش میں مشرق کی طرف آئے تھے۔ فرید خاں ۱۴۷۲ء میں پنجاب کے پرگنہ ہجوڑہ میں پیدا ہوئے۔ فرید خاں کے والد حسن خاں سُور کو جون پور کے گورنر عمر خاں سرواني خاں اعظم نے سہسرام میں جاگیر عطا کیا تھا۔ فرید کی تعلیم و تربیت جون پور میں ہوئی۔ بہار کے آزاد حکمراں بہار خاں لوہانی کی ملازمت اختیار کر لی۔ یہیں تنہا ایک شیر کو مارنے پر شیر خاں کا خطاب ملا۔ ایک سال تک شہنشاہ بابر کی ملازمت میں رہے۔ پھر بہار چلے آئے۔ چُنار کے قلعہ پر قبضہ کر لیا۔ لوہانی پٹھانوں اور بنگال کے سلطان کی متحدہ فوج کو مارچ ۱۵۳۷ء میں سورج گڑھ ضلع مونگیر کے پاس شکست دیا۔ گوڑ پر قبضہ کر لیا۔ جون ۱۵۳۹ء میں شہنشاہ ہمایون کو چوسا میں اور پھر مئی ۱۵۴۰ء کو قنوج کے پاس شکست دے کر ہندوستان کے تاج و تخت پر قبضہ کر لیا۔ پنجاب راجستھان اور مالوہ کو فتح کیا۔ وسط ہند میں کالنجر کے قلعہ پر حملہ کے وقت بارود کے ذخیرہ میں آگ جانے کے باعث ۲۲ مئی ۱۵۴۵ء کو انتقال کیا۔ لاش سہسرام لاکر دفن کی گئی۔ جہاں ایک تالاب کے وسط میں شاندار مقبرہ ہے۔ شیر شاہ کا شمار ہندوستان کے چند کامیاب، عادل اور نامور بادشاہوں میں ہوتا ہے۔ ایجوکیشنل ہسٹری آف انڈیا۔ کالی کنکر دت وغیرہ صفحہ ۴۴۳-۴۴۴، تاریخ بنگال سر جدوناتھ سرکار صفحہ ۱۷۸-۱۵۹

[1] عبدالمظفر سیّد غیاث الدین محمود شاہ فاتح چاٹگام ناصر الدین نصرت شاہ کا چھوٹا بھائی تھا۔ اس نے نصرت شاہ کے بیٹے علاء الدین فیروز (۳۳-۱۵۳۲ء) کو قتل کر کے ۱۵۳۳ء میں بنگال کے تخت پر قبضہ کیا اور ۱۵۳۸ء تک حکمراں رہا۔ مارچ ۱۵۳۴ء میں شیر شاہ سُور نے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۰۹ پر)

Marfat.com

اور خضر خاں ترک کو بنگال کا گورنر مقرر کیا۔ لیکن ابھی تک چاٹگام میں سید غیاث الدین محمود شاہ کے دو حکام خدا بخش خاں اور امیر زا خاں برسر اقتدار تھے۔ ان دونوں میں اختلاف تھا۔ اس اختلاف سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے شیر شاہ کے ایک سردار نظام خاں سُور نے اس علاقہ پر قبضہ کر کے سُور خاندان کی حکومت قائم کر دی۔ پُرتگالی اِس نظام خاں کو نوگازل (نوازش) خاں[1] لکھتے ہیں۔

شیر شاہ کے بیٹے اسلام شاہ[2] سُور کے انتقال کے بعد بنگال کے پٹھان صوبہ دار محمد خاں سُور نے ۱۵۵۳ء میں شمس الدین محمد شاہ غازی کے نام سے اپنی آزادی کا اعلان کر دیا۔ اراکان پر حملہ کیا جون پور پر قبضہ کر کے آگرہ کی طرف بڑھا۔ دوسری طرف شیر شاہ کے بھتیجے مبارز خاں نے اسلام شاہ سُور کے بیٹے فیروز شاہ سُور کو قتل کر کے محمد شاہ عادل کے نام سے اپنی بادشاہت کا اعلان کر دیا۔ اس بادشاہ کے جنرل ہیمو نے محمد خاں سُور (شمس الدین محمد شاہ غازی) کو کالپی سے تیس میل مغرب چھپر گھاٹ (چھپرمئو) کی لڑائی میں دسمبر ۱۵۵۵ء میں شکست دے کر شہباز خاں کو بنگال کا صوبہ دار

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۰۸ کا]

نے اسے مونگیر کے پاس سورج گڑھ میں شکست دیا۔ ۱۶ اپریل ۱۵۳۸ء کو دار الحکومت گوڑ پر قبضہ ہو گیا۔ غیاث الدین محمود کا کہل گاؤں (بھاگل پور) کے پاس انتقال ہوا۔ تاریخ بنگال۔ سر جدوناتھ سرکار ص ۱۶۵-۱۵۹

[1] تاریخ بنگال مرتبہ سر جدوناتھ سرکار ص ۱۷۴-۱۷۳ ؛ تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۲۷-۲۶

[2] شیر شاہ کے دوسرے بیٹے جلال خاں سلطان اسلام خاں کے نام سے ۲۵ مئی ۱۵۴۵ء کو بادشاہ ہوئے۔ زیادہ تر سلیم شاہ کے نام سے مشہور ہیں (۳۰ اکتوبر ۱۵۵۳ء کو گوالیار میں انتقال ہوا۔ لاش سہسرام (ضلع روہتاس۔ صوبہ بہار) لا کر دفن کی گئی۔

مقرر کیا گیا۔ لیکن محمد خاں سُور کے بیٹے خضر خاں سُور نے جُھوسی ضلع الہ آباد میں غیاث الدین بہادر شاہ کے نام سے اپنی بادشاہت کا اعلان کیا اور شہباز خاں کو شکست دے کر بنگال پر قبضہ کر لیا۔ اور ۱۵۶۳ء تک حکمراں رہا۔

زیادہ تر لوگوں کا خیال ہے کہ ضلع چاٹگام کے پرگنہ نظام پور کا نام شیر شاہ سُور کے فوجی سردار نظام خاں سُور (نوگازل) کے نام پر ہے۔ شروع میں نظام خاں سُور کی حیثیت ایک فوجی سردار اور حاکم ضلع سے زیادہ نہ تھی۔ لیکن چھپر گھاٹ کی لڑائی میں ہیمو کے ہاتھوں شمس الدین محمد شاہ غازی کی شکست اور قتل کے بعد ہو سکتا ہے کہ انہوں نے نظام شاہ سُور کے نام سے چاٹگام کے ایک آزاد حکمراں کی حیثیت حاصل کر لی ہو۔ نظام شاہ سُور کے دورِ حکومت میں مشہور شاعر دولت وزیر بہرام نے اپنی مشہور نظم لیلیٰ مجنوں لکھی، جو بنگلہ زبان میں حضرت عبدالرحمٰن جامیؒ کی فارسی مثنوی لیلیٰ مجنوں کا آزاد ترجمہ ہے۔ اپنی اس کتاب میں دولت وزیر بہرام نے نظام خاں کی بہت تعریف کی ہے۔ لکھا ہے کہ ان کے محافظ دستہ میں سو آدمی تھے اور اُن کے پاس سرخ اور سفید ہاتھیوں کی کافی تعداد تھی۔ انہوں نے چاٹگام میں ایک قلعہ بھی بنوایا تھا۔[1]

ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحب مرحوم نے لکھا ہے کہ نظام شاہ سُور شیر شاہ کے بھائی[2] تھے۔ تاریخ چٹاگانگ کے مصنف سید مرتضیٰ علی لکھتے ہیں کہ یہ بات

---

[1] مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق ص ۱۰۸-۱۰۵

[2] تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۲۷

Marfat.com

قابل یقین نہیں ہے کہ شیر شاہ نے خضر خاں ترک کو جس سے اس کی کوئی رشتہ داری نہ تھی۔ بنگال کا صوبہ دار مقرر کیا اور خود اپنے بھائی کو اس صوبہ دار کی ماتحتی میں چاٹگام کا حاکم ضلع بنایا ہو۔ لیکن ڈاکٹر شہید اللہ صاحب مرحوم کی تحقیق صحیح ہے۔ شیر شاہ کے بھائی کا نام نظام شاہ سُور تھا۔ بادشاہ اسلام شاہ سُور کی شادی نظام شاہ سُور کی صاحبزادی سے ہوئی تھی اور شیر شاہ کا بھتیجا مبارز خاں جو اسلام شاہ سُور کے انتقال کے تین روز بعد اسلام شاہ سُور کے بیٹے فیروز شاہ سُور کو قتل کر کے محمد شاہ عادل کے نام سے بادشاہ ہوا تھا وہ اسی نظام شاہ کا بیٹا تھا۔

سنہ ۱۴۰۶ء میں اراکان کے حکمران مینگ سوا مون (نارامیکھلا ۱۴۳۴-۱۴۰۴ء) کو برما کے بادشاہ نے معزول کر دیا۔ اور اس نے گوڑ کے مسلمان سلطان غیاث الدین اعظم شاہ (۱۴۱۰-۱۳۸۹ء) کے دربار میں پناہ لیا۔ وہ ۲۴ سال تک گوڑ میں رہا۔ حضرت نور قطب عالم رح (متوفی ۱۴۱۵ء) کی دعوت پر راجہ گنیش کی سرکوبی کے لئے جب جون پور کے بادشاہ ابراہیم شاہ شرقی گوڑ آئے تھے۔ تو اراکانی راجہ وہاں موجود تھا۔ سنہ ۱۴۳۰ء میں راجہ گنیش کے بیٹے سلطان جلال الدین محمد شاہ نے اپنی فوج کی مدد سے اراکانی راجہ کو تاج و تخت واپس دلایا۔ راجہ نے شکریہ کے طور پر میوچیونگ کے پاس سانتی کئی مسجد تعمیر کرایا۔ اراکان کا راجہ بنگال

لہ تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۲۷

Marfat.com

کے مسلمان بادشاہ کی ماتحتی میں آگیا۔ اراکان میں اسلامی اثرات بڑھے۔ راجاؤں نے اپنے ناموں میں اسلامی نام بھی شامل کیا اور کلمہ شریف کے ساتھ اپنے سکّے ڈھالے۔ سنہ ۱۶۲۲ء تک یہ سلسلہ جاری رہا[1]

چنانچہ اس نقطۂ نگاہ سے ڈی۔ سی۔ بھٹاچارجی کا خیال ہے کہ شاعر دولت وزیر بہرام خاں نے اپنی نظم لیلیٰ مجنوں میں جس نظام شاہ کا ذکر کیا ہے وہ نظام شاہ سور نہیں ہیں۔ بلکہ یہ اراکان کے ماگھ راجہ کا دوسرا نام ہے۔ پروفیسر احمد شریف، ڈی سی۔ بھٹاچارجی کے خیال سے متفق ہیں اور ان کا کہنا ہے کہ اراکان کے راجہ سندا تھودما (۸۴-۱۶۵۲ء) کا اسلامی نام نظام شاہ تھا۔[2]

راجہ مینگ یینگ زا یک (۵۳-۱۵۳۱ء) نے رامو پر قبضہ کر لیا تھا اور راجہ بسوا پیا کلیم شاہ (۸۲-۱۴۵۹ء) کے زمانہ میں اراکانیوں کا چاٹگام پر قبضہ ہو گیا تھا۔[3] شیر شاہ نے اپنے ابتدائی دورِ حکومت میں سنہ ۱۵۴۰ء کے قریب جب

---

[1] تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۱۷-۱۶۔ اراکانی راجاؤں کے نام:۔ راجہ مینگ کھری علی خاں (۵۹-۱۴۳۴ء)؛ راجہ بسوا پیا کلیم شاہ (۸۲-۱۴۵۹ء)؛ راجہ بگ یتی الیاس شاہ (۳۱-۱۵۲۳ء) راجہ مینگ نیگ زا یک (مبارک یا باریک) (۵۳-۱۵۳۱ء) راجہ مینگ پھلونگ سکندر شاہ (۹۳-۱۵۷۱ء) راجہ مینگ دا دزا گی سلیم شاہ (۱۶۱۲-۱۵۹۳ء) اور راجہ مینگ کھمونگ حسین شاہ (۱۶۲۲-۱۶۱۲ء)۔

[2] تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۲۷۔ [3] تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۱۷

(۹۳-۱۵۷۱ء) راجہ مینگ

Marfat.com

نظام خاں سُور کو چاٹگام کے علاقہ پر قبضہ کرنے کے لئے بھیجا تھا، تو وہاں خدا بخش خاں اور امیر زا خاں دو مسلمان سردار حکمراں تھے[1]۔ دولت وزیر بہرام خاں نے لیلیٰ مجنوں میں اپنے خاندانی حالات لکھے ہیں۔ اُس کے مطابق اُن کا زمانہ اراکان کے راجہ سندا تھو دما (۱۶۵۲-۸۴ء) سے بہت پہلے کا معلوم ہوتا ہے۔

حمید خاں نامی ایک معزز مسلمان سردار گوڑ کے مسلمان بادشاہ علاء الدین حسین شاہ (۱۴۹۳-۱۵۱۹ء) کے دربار سے وابستہ تھے۔ چاٹگام کی فتح کے لئے شہزادہ نصرت شاہ کی ماتحتی میں ۱۵۱۷ء میں جو فوج بھیجی گئی تھی اُس میں حمید خاں بھی شامل تھے۔ چاٹگام کی فتح کے بعد وہ وہیں آباد ہو گئے اور اپنے نیک کاموں میں مشغول رہے۔ نظام شاہ سُور کے زمانہ میں حمید خاں کی اولاد میں مبارک خاں نہایت مشہور تھے۔ نظام شاہ نے ان کو "دولت وزیر" کا خطاب دیا۔ اس خطاب کے ملنے کے چند سال بعد مبارک خاں کا انتقال ہو گیا۔ اُس وقت مبارک خاں کے بیٹے بہرام خاں کی عمر پندرہ سال کے قریب تھی۔ لیکن نظام شاہ نے از راہ کرم باپ کا یہ خطاب بیٹے کو عطا کیا اور یہی بہرام خاں "دولت وزیر بہرام خاں" کے نام سے بنگلہ زبان کے نامور شاعر ہوئے۔ ڈاکٹر انعام الحق کا خیال ہے کہ شاعر نے اپنی کتاب میں جس نظام شاہ کا ذکر کیا ہے اور جن کے نام پر

---

[1] تاریخ چٹاگانگ۔ سید مرتضیٰ علی ص ۲۷-۲۶؛ تاریخ بنگال۔ سر جدوناتھ سرکار ص ۱۷۴-۱۷۳

Marfat.com

ضلع چاٹگام کے سیتا کنڈ تھانہ کا نظام پور پرگنہ مشہور ہے۔ وہ اس علاقہ کے جاگیردار نظام شاہ سُور[1] تھے۔

شہزادہ نصرت شاہ نے چاٹگام میں کرنا فُلی اور ہلداندی کے مقام اِتّصال پر فتح آباد کو صدر مقام بنایا تھا۔ دولت وزیر بہرام خاں کے دادا حمید خاں اسی فتح آباد میں رہتے تھے۔ شاعر نے اپنی کتاب میں اس کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ اس کے ایک طرف کرنا فُلی ندی اور دوسری طرف سمندر ہے۔ اور شہر کے چاروں طرف ایک کھائی ہے۔ ڈاکٹر انعام الحق کا خیال ہے کہ اُس زمانہ میں شہر چاٹگام بڑھتے بڑھتے فتح آباد تک پھیل گیا تھا[2]۔

دولت وزیر بہرام خاں کی دو کتابیں یادگار ہیں۔ ایک "لیلیٰ مجنوں" اور دوسری "امام وجے"۔ لیلیٰ مجنوں ایک قابل قدر تصنیف ہے اور زبان وبیان کی نزاکت، متانت، سنجیدگی اور پاکیزگی، جذبات کے لحاظ سے سولہویں صدی

---

[1] مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق ص ۱۰۸-۱۰۵

[2] مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق ص ۱۰۸ [1] مسلم بنگالی ادب ص ۱۰۸

[2] امام وجے۔ مصنّفہ دولت وزیر بہرام خاں۔ مرتّبہ پروفیسر علی احمد نمبر ۱۰ گرین روڈ اور شائع کردہ بنگالی ڈیولوپمنٹ بورڈ۔ ڈھاکہ۔ جون ۱۹۶۹ء، ص ۷۱۔ بحوالہ خط از مدرسہ صوفیہ، نوریہ۔ ملے یاش۔ میر سرائے۔ ضلع چاٹگام اگست ۱۹۷۴ء بنام راقم الحروف موصولہ ۴ ستمبر ۱۹۷۴ء

Marfat.com

عیسوی کے بنگلہ ادب میں کوئی دوسری نظم اس کے ہم پلّہ نہیں ہے۔[1] امام وجے' کے مقدمہ[2] میں پروفیسر علی احمد صاحب نے کافی تحقیق کے بعد لکھا ہے کہ دولت وزیر بہرام خاں نظام شاہ سُور کے وزیر خزانہ تھے۔ اُنہوں نے واقعۂ کربلا پر بنگلہ میں یہ نظم لکھی ہے۔ اور نظام شاہ سُور۔ جو شیر شاہ سُور کے بھائی تھے۔ اُن کا دار الحکومت پرگنہ نظام پُور کے علاقہ میں ظفر آباد میں تھا۔ اُن کے عہدِ حکومت کے تقریباً پچاس سال بعد یعنی ۱۶۱۶ء سے یہ علاقہ نظام پور کے نام سے آج تک مشہور ہے۔

پروفیسر علی احمد صاحب کی تحقیقات اور دوسرے تاریخی شواہد کی روشنی میں یہ بات قطعی طور پر ثابت ہو جاتی ہے کہ ضلع چاٹگام کے پرگنہ نظام پور کا نام نظام شاہ سُور کے نام پر ہے۔ شاعر دولت وزیر بہرام خاں نے اپنی کتاب 'لیلیٰ مجنوں' میں اسی نظام شاہ سُور کا ذکر کیا ہے۔ اور نظام پُور کا اراکان کے راجہ سندا تھودما (۸۴-۱۶۵۲ء) سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ امیر المومنین سیّد احمد شہید رح (متوفی ۱۸۳۱ء) کے خلیفہ حضرت صوفی نور محمد صاحب رح اسی پرگنہ نظام پور کی بستی ملے پاش کے رہنے والے تھے اور وہیں آپ کا مزار مبارک ہے اسی لئے نظام پوری کہلاتے ہیں۔

چاٹگام سے فینی۔ لکسام۔ کومّلا۔ اکھورا اور بھیرب بازار ہوتے ہوئے ڈھاکہ کو جانے والی میٹر گیج (مجھولی پڑی) کی نماص لائن پر میرسرائے[1]

---

[1] میرسرائے ریلوے اسٹیشن کومّلا سے ۶۰ میل (۹۷ کیلومیٹر)، ڈھاکہ سے ۱۶۲ میل (۲۶۱ کیلومیٹر)، سلہٹ

(باقی صفحہ پر)

Marfat.com

ریلوے اسٹیشن ہے۔ یہ چاٹگام سے ۳۶ میل (۵۸ کیلومیٹر) اتر۔ اور کومِلّا ضلع کے لکسام ریلوے جنکشن سے ۶۱ میل (۹۷ کیلومیٹر) دکھن پورب ہے۔ عہد عالمگیری میں ۱۶۶۶ء میں چاٹگام کی فتح کے بعد راستہ کی حفاظت کے لئے یہاں ایک فوجی چوکی قائم کی گئی تھی۔ اس کا نام مشہور فاتح میر مرتضیٰ کے نام پر ہے۔ چاٹگام کی فوجی مہم میں سپہ سالار بزرگ امید خاں کے حکم سے میر مرتضیٰ نے رائمو کو فتح کیا تھا اور شہنشاہ اورنگ زیب عالمگیر نے اس جنرل کے شاندار کارناموں سے خوش ہو کر اسے مجاہد خاں کا خطاب دیا تھا۔

پرگنہ نظام پور ضلع چاٹگام کے شمالی حصّہ میں ہے۔ اس کے پورب میں سیتا کنڈ کی پہاڑیاں ہیں اور پچھم میں سمندر ہے۔ میرسرائے ریلوے اسٹیشن سے بخط مستقیم پچھم میں ساحل سمندر کا فاصلہ سات میل سے زیادہ نہیں

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۱۵ کا]

سے ۱۹۸ میل (۳۱۹ کیلومیٹر)، چاندپور ضلع کومِلّا سے ۷۶ میل (۱۲۳ کیلومیٹر)۔ کلکتہ سے ۲۹۸ میل (۴۷۹ کیلومیٹر)، دہلی سے ۱۱۹۳ میل (۱۹۱۱ کیلومیٹر)، سرہند شریف ضلع پٹیالہ سے ۱۲۱۳ میل (۱۹۱۵ کیلومیٹر)۔ ضلع ہزارہ کے حویلیان اسٹیشن سے ۱۷۰۷ میل (۲۷۴۸ کیلومیٹر) ہے۔ حویلیان اسٹیشن سے براہ ایبٹ آباد، بالاکوٹ ۴۵ میل (۷۳ کیلومیٹر) ہے۔ اس وقت چاٹگام لکسام سیکشن پر میرسرائے تھانہ میں اتر کی طرف سے دھوم گھاٹ۔ دھوم۔ میرسرائے اور پڑاکیہ چار ریلوے اسٹیشن ہیں۔

ریلوے اسٹیشن سے کچھ پچھم قدرے دکھن میرسرائے قصبہ[1] ہے۔ جہاں سے ریلوے لائن کے متوازی اُتر دکھن ڈھاکہ سے چاٹگام کو جانے والی قومی شاہ راہ گذرتی ہے۔ ریلوے اسٹیشن سے ۵½ میل (۹ کیلو میٹر) پچھم ملے پاس بستی ہے۔ اور اس کے قریب دوسری بستی میٹھا تالہ ہے۔ دونوں بستیوں کے مابین

---

[1] قصبہ میرسرائے ۲۲ درجہ ۴۷ دقیقہ شمالی عرض البلد اور ۹۱ درجہ ۳۵ دقیقہ مشرقی طول البلد پر واقع ہے۔ میرسرائے سے کچھ ہی دور اُتر فینی ندی کا دہانہ ہے۔ جو اضلاع چاٹگام اور نواکھالی کے درمیان حدِ فاصل ہے۔ میرسرائے کے ساحل اور جزیرہ سادنڈیپ کے درمیان سمندر کی پتلی سی دھجی ہے، جسے رودبار سادنڈیپ کہتے ہیں۔ میرسرائے کے پاس اتر سے ایک چھوٹی سی ندی گذرتی ہے۔ جو اتر پورب کی پہاڑیوں سے نکلتی ہے اور دکھن پچھم کو بہتی ہوئی رودبار سادنڈیپ سے ملتی ہے ۱۹۴۱ء کی مردم شماری کے وقت میرسرائے تھانہ کا رقبہ ۱۷۲ مربع میل تھا۔ اس میں ۸۶ مواضعات شامل تھے۔ آبادی ۱۵۵,۱۶۲ نفوس تھی اور ۹۰۲ آدمی فی مربع میل آباد تھے۔ کل آبادی میں ۷۹,۴۰۰ مسلمان تھے۔ مکہ معظمہ ۲۱ درجہ ۲۵ دقیقہ شمالی عرض البلد پر ہے۔ اس طرح میرسرائے، قبلہ شریف کے عرض البلد سے صرف ایک ڈگری ۲۲ دقیقہ اتر ہے۔ ضلع چاٹگام میں کوکسز بازار کے قریب مشہور تاریخی مقام رامو ہے۔ میرسرائے سے ۱۰۸ میل دکھن پورب ہے۔ یہ تقریباً مکہ معظمہ کے سامنے واقع ہے۔ میرسرائے کلکتہ سے ۱۹۶ میل پورب۔ بالاکوٹ ضلع ہزارہ سے ۱۳۰۶ میل اور مدینہ منورہ سے ۷۰۳۰ میل دکھن پورب ہے۔

Marfat.com



۷. ملے یاش۔ پرگنہ نظام پور۔ تھانہ میرسرائے۔ ضلع چاٹگام (بنگلہ دیش)



۳۔ مرقد انور حضرت صوفی نُور محمّد صاحب نظام پُوریؒ۔ ملے یاش ضلع چاٹگام

Marfat.com



Marfat.com

مسجد کے جنوبی مشرقی گوشہ میں حضرت صوفی فتح علی صاحب دلسی رح کے پیر ومُرشد حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری رح کا مزار مبارک ہے۔ مسجد اور مزار مبارک کا علاقہ پہلے ملے یاش موضع میں تھا۔ لیکن ریونیو سروے کے بعد اسے میٹھا نالہ موضع میں شامل کیا گیا۔ پورب میں قصبہ میر سرائے سے گذرنے والی قومی شاہ راہ سے میٹھا نالہ مسجد تک جو سڑک آتی ہے، اُسے صوفیہ روڈ کہتے ہیں۔ مسجد سے قریب شمال مشرق کی طرف ایک بڑا تالاب ہے مسجد سے دو فرلانگ پچھم حضرت کے نام پر صوفیہ نوریہ مدرسہ ہے۔ مسجد سے متصل شمالی مغربی گوشہ میں درگاہ شریف کے موجودہ خادم جناب مولانا بدل الحق صاحب کا رہائشی مکان ہے۔ میر سرائے کے بڑے ڈاک خانہ کی پالتی میں میٹھا نالہ میں جو چھوٹا ڈاک خانہ ہے۔ اس کا نام صوفیہ مدرسہ ہے۔

حضرت صوفی نور محمد صاحب رح کے والد محترم کا اسم گرامی محمد فنا تھا۔ آپ کی والدہ محترمہ کا نام اور آپ کی زندگی کے ابتدائی حالات معلوم نہیں ہو سکے ہیں۔ لیکن اکتوبر ۱۸۲۲ء میں امیر المومنین حضرت سید احمد شہید رح کی کلکتہ میں تشریف آوری اور بشارت نبوی ﷺ کے مطابق کلکتہ جا کر حضرت سے شرف بیعت حاصل کرنے سے قبل بھی آپ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ سے وابستہ ہو چکے تھے۔ آپ کے پہلے مرشد حضرت مولانا شیخ زاہد ولونائی رح تھے۔ جو ضلع نواکھالی کے علاقہ بہمنی کے رہنے والے اور سلسلہ عالیہ مجددیہ کے نامور بزرگ صوفی سید محمد دائم رح

دائرہ عظیم پورہ ڈھاکہ کے خلیفہ[1] تھے۔ حضرت صوفی سید محمد دائمؒ حضرت بختیار ماہی سوار کی اولاد میں تھے اور حضرت شاہ امانت اللہ چاٹگامیؒ کے خلیفہ تھے۔ ان بزرگوں کا ذکر قبل آچکا ہے۔

معرکہ بالاکوٹ (مئی ۱۸۳۱ء) کے بعد آپ بنگال تشریف لائے اور میرسرائے ضلع چاٹگام کے پاس پرگنہ نظام پور کی بستی ملے پاش میں رشد و ہدایت کے کاموں میں مصروف رہے۔ کوئی باضابطہ مدرسہ قائم نہیں کیا۔ لیکن ملے پاش کی مسجد میں درس و تدریس کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ آپ نے شادی نہیں کی اور نومبر ۱۸۵۸ء میں آپ کے انتقال کے وقت آپ کی ہمشیرہ آمنہ بی بی موجود تھیں۔

حضرت صوفی نور محمد صاحبؒ کی ہمشیرہ آمنہ بی بی کی شادی جناب شیخ نجم الدین بھوئیاں سے ہوئی تھی۔ ان کے لڑکے کا نام شیخ عبدالرحمٰن تھا اور شیخ عبدالرحمٰن کے ایک لڑکے شیخ عبدالغنی تھے۔ جناب شیخ عبدالغنی صاحب کے پانچ بیٹے شیخ نور احمد منشی، شیخ عبدالرؤف، مولوی شیخ عبدالعزیز، شیخ محمد میاں اور شیخ صدیق احمد تھے۔ جناب شیخ نور احمد صاحب منشی کے تین بیٹے شیخ مجیب الحق، شیخ سعید الحق اور مولانا شیخ بذل الحق ہوئے۔ شیخ مجیب الحق صاحب نے لاولد انتقال کیا۔ جناب شیخ سعید الحق صاحب کا بھی انتقال ہو چکا ہے۔ ان کے دو بیٹے مولانا شیخ محمد اظہار الحق اور شیخ محمد زین العابدین ہیں۔ درگاہ شریف

---

[1] خط جناب الحاج مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ ڈھاکہ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۵ اپریل ۱۹۷۵ء

Marfat.com

کے موجودہ خادم جناب مولانا شیخ بذل الحق صاحب مدظلہ، حضرت صوفی نور محمد صاحبؒ کے بھانجے جناب شیخ عبدالرحمن صاحبؒ کے پڑپوتے ہیں۔ درگاہ شریف کی مسجد کے موجودہ خطیب مولانا محمد ضیاء الحق صاحب مدظلہ، شیخ عبدالعزیز صاحبؒ کے بیٹے اور مولانا بذل الحق کے چچازاد بھائی ہیں۔ مولانا شیخ محمد اظہار الحق صاحب[1] مدرسہ صوفیہ نوریہ میں زیر تعلیم ہیں۔

فرفرا شریف ضلع ہگلی کے حضرت مولانا شاہ صوفی ابوبکر صاحب صدیقیؒ حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی چاٹگامی کے خلیفہ اور سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے بڑے نامور بزرگ ہوئے ہیں۔ کلے پاش، تھانہ میرسرائے ضلع چاٹگام کے جناب مولانا شاہ محمد عبدالغنی صاحب مدظلہ، کو مولانا صوفی ابوبکر صاحب صدیقیؒ سے اجازت و خلافت حاصل ہے۔ مولانا شاہ محمد عبدالغنی صاحب مدظلہ، نے ۱۹۰۲ء میں کلے پاش میں ایک مدرسہ قائم کیا اور ان کے پیر و مرشد حضرت مولانا صوفی ابوبکر صدیقیؒ نے حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوریؒ کے نام پر اس دینی درس گاہ کا نام صوفیہ نوریہ مدرسہ رکھا۔

اس مدرسہ کے پہلے مہتمم خود بانیٔ مدرسہ مولانا شاہ محمد عبدالغنی صاحب مدظلہ، تھے۔ مولانا کی جسمانی حالت کمزور ہونے کے بعد ان کے بھائی مولانا عبدالواحد

---

[1] خطوط جناب مولانا محمد اظہار الحق صاحب نظام پوری۔ مدرسہ صوفیہ نوریہ کلے پاش۔ براہ میرسرائے ضلع چاٹگام۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۰ ستمبر ۱۹۷۴ء اور ۱۸ جنوری ۱۹۷۵ء

Marfat.com

صاحب مرحوم مہتمم مقرر ہوئے۔ اُن کے انتقال کے بعد مولانا شاہ محمد عبدالغنی صاحب کے صاحبزادے مولانا محمد نورالسلام صاحب مہتمم ہوئے اور وہی صدر مدرس کے فرائض بھی انجام دے رہے ہیں۔ بانیٔ مدرسہ الحاج مولانا شاہ محمد عبدالغنی صاحب مدظلہٗ ابھی حیات ہیں۔ کافی ضعیف اور کمزور ہو گئے ہیں۔ آپ کا مکان مدرسہ صوفیہ نوریہ سے کچھ ہی پچھم میٹھا نالہ گرام میں واقع ہے[1]۔

ضلع چاٹگام کی اس مشہور دینی درس گاہ کا پورا نام "صوفیہ نوریہ سلیمیہ مدرسہ" ہے۔ اور یہ مدرسہ اکزامینیشن بورڈ ڈھاکہ سے درجہ فاضل تک منظور شدہ اور ملحق ہے۔ خارجی طور پر مدرسہ میں درجہ کامل کی بھی تعلیم ہوتی ہے۔ اس میں کل چودہ مدرّسین اور ۱۷۹ طلباء ہیں[2]۔

۱۷۶۰ء میں چاٹگام پر ایسٹ انڈیا کمپنی کے اقتدار کے بعد انگریزوں نے شہر چاٹگام میں امیر الامراء نواب شائستہ خاں کی بنوائی ہوئی جامع مسجد کو بطور میگزین اور گودام استعمال کیا۔ خانۂ خدا کی اس بے حرمتی کا حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری رح کو بے حد ملال تھا۔ تعمیر مسجد کی تاریخ :—

---

[1] خط مولانا محمد اظہار الحق صاحب نظام پوری۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۶ ستمبر ۱۹۷۴ء

[2] اگست ۱۹۷۴ء میں مدرسہ کی داخل جماعت میں ۸۶، عالم میں ۲۰، فاضل میں ۱۸، کامل میں ۱۲، حافظ میں ۱۳ اور ابتدائی درجہ میں ۳۰ کل ۱۷۹ طلبا تھے۔ خط از مدرسہ صوفیہ نوریہ کلے پاش بنام راقم الحروف اگست ۱۹۷۴ء۔ موصولہ ۱۰ ستمبر ۱۹۷۴ء۔

Marfat.com

"بعالم کعبہ ثانی بنا کرد" سے نکالی گئی تھی۔ اور قطعہ تاریخ کا یہ کتبہ کئی سال
تک لگا ہوا رہا۔ آپ نے اپنے خلیفہ خان بہادر حمید اللہ خاں سے فرمایا کہ "کعبہ ثانی"
کے گستاخانہ الفاظ پروردگار کو ناگوار گذرے۔ اس لئے تقریباً سو سال
تک یہ مسجد ویران رہی۔ جاؤ اور اسے آباد کرو[1]" آپ کی ترغیب سے خان بہادر
حمید اللہ خاں رح نے جامع مسجد چاٹگام کو واگذار کرانے کی باضابطہ تحریک
شروع کی اور حضرت صوفی صاحب رح کی دعا کی برکت سے ۱۸۵۶ء میں ان
کو اپنے مقصد میں کامیابی حاصل ہوئی۔

جناب خان بہادر حمید اللہ خاں اپنی فارسی تصنیف احادیث الخوانین
میں حضرت مولانا امام الدین رح اور اپنے پیر و حضرت صوفی نور محمد صاحب
نظام پوری رح کے متعلق لکھتے ہیں:۔ "بفضل الٰہی آں ہمہ رسوم از آں دیار
بہ برکت و ہدایت ذوات خیر و حسنات حاجی، غازی و زاہد و عالم و فاضل و
عابد و مجاہد مولانا امام الدین مرحوم و خلاصہ اتقیا و زبدہ اصفیا غازی و حاجی
و فاضل و عامل و اورع و از ہدحضرت پیر و مرشد صوفی نور محمد رحمۃ اللہ الاحد و
اتباع شان برخاستہ آں اقوام بحلیہ علم و عمل آراستہ شدند و چہ جائیکہ کسی
دراں نواحی بی نماز باشند، بلکہ قضا کردن نماز اہل ایشاں ہم دوامی دارند
وچوں وقت نماز رسد بہر کار کہ باشند فی الفور آں را گذاشتہ طہارت کردہ

---

[1] خط الحاج مولانا سید محمد شبیر الدین صاحب ڈھاکہ بنام راقم الحروف مؤرخہ ۱۲ مارچ ۱۹۷۵ء

Marfat.com

بنماز مشغول می شوند۔ حتیٰ کہ در عین وقت بازار اسباب بیع و شرا نہادہ بذکر خداوند تعالیٰ در نماز استادہ مطہر معنی کریمہ لَا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ[1] الایہ می شوند و بکسب تحصیل ربح جزائی وعدۂ صادقہ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَيَزِيدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ[2]۔ دیگر امور خیر و ضرر در آگاہ ہستند وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ وَهُوَ اَعْلَمُ[3]

حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری رح کے پیر بھائی حضرت مولانا امام الدین بنگالی رح حاجی پور پرگنہ عنبر آباد۔ علاقہ روشن آباد کے رہنے والے تھے۔ لیکن بعد میں ضلع نواکھالی کے صدر مقام سُدھارام کے پاس سعد اللہ پور نامی گاؤں میں سکونت پذیر ہو گئے تھے۔ ایک بار ۱۲۳۷ھ ۱۸۲۳ء میں اپنے پیر و مرشد حضرت سید احمد شہید بریلوی رح کے ساتھ حج کر چکے تھے۔ دوسری بار جب ۱۲۷۴ھ ۱۸۵۷ء میں حج بیت اللہ سے واپس آ رہے تھے تو عدن کے پاس جہاز پر انتقال ہوا۔ لاش مبارک سمندر میں ڈالی گئی۔ مولانا عبید الحق صاحب اسلام آبادی مہتمم مدرسہ عالیہ فینی ضلع نواکھالی نے اپنی کتاب تذکرہ اولیائے بنگالہ

---

[1] قرآن پاک۔ سورۂ نور (۳۴)۔ آیت ۳۷؛ پارہ ۱۸، رکوع ۱۲

[2] قرآن پاک۔ سورۂ نور (۳۴)۔ آیت ۳۸، پارہ ۱۸، رکوع ۱۲

[3] احادیث الخوانین۔ مصنفہ خان بہادر حمید اللہ خان رح۔ مطبوعہ کلکتہ ۱۸۷۱ھ۔ ص ۸-۲۰۷

چیزی از دشنه یا کارد خوانده و بران دمیده بآنها میدادند و آن
سادگان جز بدان دشنه یا کارد ذبح روا نمی داشتند و هم چنان
بعضی بی حضور خود بگذاردن نماز بجماعت و امامت و
خطبه و صلوة عیدین رخصت نمیدادند و فاتحه در بندی از
ابنوبهٔ نی گره دار خوانده دران دمیده سر آن بسته بان بیخردان
میدادند که آنرا حین غیبت پیر بر طعامهای مرسومه ایام و
اعیاد و تقریبات گشاده بران میگردانیدند و بغیر آن آن اطعمه
خوردن جائز نمیداشتند و هم چنین بیهودگی های دیگر
می آموختند بفضل الهی آن همه رسوم ازان دیار به برکت
و هدایت ذات خیر و حسنات حاجی و غازی و زاهد و عالم و
فاضل و عابد و مجاهد مولانا امام الدین مرحوم و خلاصهٔ اتقیا
و زبدهٔ اصفیا غازی و حاجی و فاضل و عامل و اورع و ازهد
حضرت پیر و مرشد صوفی نور محمد رحمه الله الاحد و اتباع شان
برخاسته آن اقوام بحلیهٔ علم و عمل آراسته شدند و چه جائیکه
کسی دران نواحی بی نماز باشد بلکه قضا کردن نماز اجهل
ایشان هم روا نمیدارند و چون وقت نماز رسد بهر کاریکه باشد
فی الفور آن را گذاشته طهارت کرده بنماز مشغول می شوند حتی
که در عین وقت بازار اسباب بیع و شرا نهاده بذکر خداوند تعالی
در نماز ایستاده مظهر معنی کریمهٔ لا تلهیهم تجارة و لا بیع عن
ذکر الله و اقام الصلوة الایه می شوند و بکسب و تحصیل رنج جزی
وعدهٔ صادقه لیجزیهم الله احسن ما عملوا و یزیدهم من فضله والله

۴ - احادیث الخوانین (تاریخ حمید) ص ۲۰۷

Marfat.com

میں آپ کے انتقال کا یہ قطعۂ تاریخ نقل کیا ہے۔

آں گوہر یکتا کہ بہ بحرِ دو نہفت　　در تاریخش حمید گوہر در سفت
چوں رفت ز روئے بحر آں گوہر پاک　　"شد دُرِّ یتیم اینک از دریا" گفت

۱۲۷۴ھ = ۲ + ۱۲۷۲

"شد دُرِّ یتیم اینک از دریا" کے اعداد میں بحر کی 'ب' کا عدد شامل کرنے سے ۱۲۷۴ھ خارج ہوتا ہے۔

ضلع نواکھالی کی سرکاری کچہریاں سُدھارام کے پاس میجدی میں ہیں اور میجدی کورٹ[1]

---

[1] کولہ ضلع کے لکسام جنکشن سے نواکھالی کو جانے والی میٹر گیج برانچ ریلوے لائن پر اس وقت آٹھواں اسٹیشن میجدی، نواں میجدی کورٹ۔ دسواں ہری نارائن پور اور گیارہواں اور آخری اسٹیشن نواکھالی ہے۔ میجدی کورٹ لکسام جنکشن سے ۲۸ میل (۴۹ کیلومیٹر) دکھن اور آخری اسٹیشن نواکھالی سے ۲½ میل (چار کیلومیٹر) اُتر ہے۔ نواکھالی سے اُتر پورب اور میجدی کورٹ سے دکھن پورب سُدھارام نامی شہر نواکھالی کھال کے دائیں کنارے پر ۲۲ درجہ ۴۹ دقیقہ شمالی عرض البلد اور ۹۱ درجہ ۷ دقیقہ مشرقی طول البلد پر واقع ہے۔ پہلے ضلع کے صدر مقام اور اس کی میونسپلٹی کا نام سُدھارام تھا۔ پھر ضلع کے نام پر شہر کا نام بھی نواکھالی رکھا گیا۔ اب ضلع کا نام نواکھالی اور اس کے صدر مقام کا نام میجدی ہے۔ لیکن تھانہ کا نام سُدھارام ہے۔ ۱۹۴۱ء میں سُدھارام تھانہ کا رقبہ ۱۶۶ مربع میل اور آبادی ۲۱۶،۲۸۹ نفوس تھی جن میں مُسلمان ۱۸۲،۷۳۶ تھے۔ شہر نواکھالی کی آبادی ۱۸،۵۷۵ تھی (امپیریل گزیٹیر آف انڈیا جلد بست دوم ص ۱۱۵؛ رپورٹ مردم شماری ۱۹۴۱ء بنگال (بقیہ حاشیہ ص ۱۲۶)

کے متصل پورب، سعد اللہ پور واقع ہے۔ میجدی کورٹ ریل کے ذریعہ لکسام جنکشن سے ۲۸ میل اور چٹاگانگ سے ۱۰۸½ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ مسلمانوں کے دورِ حکومت میں نواکھالی کا نام بھلوا تھا۔ اب ضلع نواکھالی کے صدر مقام کا نام میجدی ہے۔ نواکھالی، ہری نارائن پور، سُدھارام، میجدی کورٹ اور میجدی سب ایک ہی شہر میجدی کے مختلف حصے ہیں۔ میر سرائے ضلع چاٹگام سے سعد اللہ پور ضلع نواکھالی تقریباً ۳۵ میل پچھم قدرے اُتر ہے۔ میر سرائے تھانہ کے زور آور گنج سے نواکھالی ضلع کے سونا غازی اور کمپنی گنج ہوتی ہوئی ایک سڑک نواکھالی کو آتی ہے۔

سعد اللہ پور میں حضرت مولانا امام الدین بنگالیؒ کا خاندان آباد ہے۔ خان بہادر حمید اللہ خاں چاٹگامی رح، صاحبِ احادیث الخوانین (تاریخ حمید) نے اپنے پیر و مرشد حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوریؒ اور اُن کے پیر بھائی حضرت مولانا امام الدین بنگالی رح کے متعلق ایک دوسری کتاب انوار النیرین فی اخبار الخیرین لکھی تھی، جو طبع نہیں ہو سکی۔ اس کا ایک قلمی نسخہ سُدھارام میں مولانا امام الدین رح کے کتب خانہ میں تھا۔ مولانا علیم اللہ صاحب کے زمانہ میں آتش زدگی کے ایک حادثہ میں یہ کتاب ضائع ہو گئی۔ مولانا عبید الحق صاحب نے

[بقیہ حاشیہ صـ ۱۲۵ کا]

آر۔ اے۔ ڈوش سملہ ۱۹۴۳ء؛ ایسٹرن بنگال ریلوے ٹائم ٹیبل نومبر ۱۹۵۴ء صـ ۳۵؛ انڈین براڈشا نیومین ستمبر ۱۹۷۲ء صـ ۲۹۳

Marfat.com

تذکرہ اولیائے بنگالہ میں انوار النیرین کا ذکر کیا ہے۔ سعد اللہ پور میں حضرت مولانا امام الدین بنگالی رح کے خاندان میں امیر المومنین سید احمد شہید رح کا جبہ و دستار اور آپ کی ٹوٹی ہوئی تلوار محفوظ ہے۔ اور جب حضرت مولانا ابوبکر صاحب صدیقی رح کے خلیفہ الحاج مولانا سید ابو البشر محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ ڈھاکہ سے کتاب انوار النیرین کی تلاش میں سعد اللہ پور ضلع نواکھالی تشریف لے گئے تھے، تو جمعہ ۱۳ مارچ ۱۹۷۰ء کو انہیں مولانا علیم اللہ صاحب کے بھائی کے ذریعہ ان تبرکات عالیہ کی زیارت کی سعادت حاصل ہوئی[1]

حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری رح کے دوسرے پیر بھائی جن کی وجہ سے بنگال میں احیائے دین اور اصلاح رسوم کی دلی اللہی تحریک کو بڑی تقویت حاصل ہوئی وہ مولانا کرامت علی صاحب جون پوری رح ہیں۔ آپ ۱۸ محرم ۱۲۱۵ھ = ۱۲ جون ۱۸۰۰ء کو ملا ٹولہ جون پور (اودھ) میں پیدا ہوئے فقہ کی کتابیں حضرت مولانا شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی رح اور ان کے بھتیجے مولانا شاہ اسمٰعیل صاحب شہید رح سے پڑھیں۔ شرف بیعت امیر المومنین حضرت سید احمد شہید رح سے حاصل تھا۔ فن خطاطی کے

---

[1] خط جناب ان۔ اے۔ ام۔ صفی اللہ صاحب۔ نارتھ بروک روڈ ڈھاکہ ۱ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۳ اپریل ۱۹۷۵ء اور خط جناب سید ابو البشر سید محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ ۱ بنام راقم الحروف مورخہ ۵ اپریل ۱۹۷۵ء

Marfat.com

ماہر اور خط نسخ، نستعلیق اور طغریٰ میں اپنی مثال آپ تھے۔ قاری ہفت قرأت، بڑے متقی اور پرہیزگار، بہت ہی قابل، معاملہ فہم اور دانشمند بزرگ تھے۔ اکاون سال تک صوبہ بنگال میں ترویج علوم دین اور اصلاح رسوم کے کاموں میں ہمہ تن مصروف رہے۔ سلطنت مغلیہ کے خاتمہ کے بعد اپنے حقوق کی پامالی، غدر کے موقع پر انگریزوں کے بے پناہ مظالم، معاشی تباہی اور بدحالی، مقدمات، قید و بند اور حکومت کے شک و شبہ کے باعث مسلمانوں کا ایک طبقہ ہندوستان کو دارالحرب سمجھ کر یہاں سے ہجرت کی تیاری کرنے لگا۔ اس قسم کے خیالات رکھنے والے مسلمان بنگال میں بہت تھے۔ ایسے نازک موقع پر نواب عبداللطیف[1] خان بہادر مرحوم سکریٹری محمڈن لیٹریری ایسوسی ایشن کلکتہ کی مساعی جمیلہ اور حضرت مولانا کرامت علی صاحب جون پوری کے فتویٰ اور وعظ و نصیحت سے عام مسلمانوں کے شبہات دور ہوئے۔

---

[1] نواب عبداللطیف خان بہادر سی۔ آئی۔ ای مضاع فرید پور کے رہنے والے اٹھارویں صدی عیسوی میں بنگال کے ایک عظیم مسلم رہنما گذرے ہیں۔ ریاست بھوپال میں وزیر مقرر ہوئے تھے۔ وہ بنگال میں قانونی شریعت اللہ کی تحریک کے سخت مخالف تھے۔ ۱۸۶۳ء میں محمڈن لیٹریری ایسوسی ایشن قائم کیا اور بنگالی مسلمانوں میں انگریزی تعلیم حاصل کرنے کا شوق پیدا کیا۔ وہ رائٹ آنریبل جسٹس امیر علی مصنف اسپرٹ آف اسلام (متوفی ۱۹۰۹ء) کے مربی اور اردو کے مشہور ادیب خان بہادر نواب سید محمد آئی، ایس، او (مولانا آزاد) مصنف نوابی دربار [بقیہ حاشیہ ص ۱۲۹ پر]

اور وہ سمجھنے لگے کہ جب تک فرائض اسلامی کے ادا کرنے کی ممانعت اور اس میں دشواری نہ ہو یہ ملک دالحرب قرار نہیں دیا جا سکتا[1]۔ حضرت مولانا جون پوری کے اس فتوی سے مسلمانوں کے ڈگمگاتے ہوئے قدم جم گئے[2] ان کی مایوسی دور ہو گئی۔ غدر کے بارہ سال بعد جب لارڈ میو (۱۸۶۲-۱۸۶۹ء) ہندوستان کے وائسرائے مقرر ہوئے تو مسلمانوں کے ساتھ انگریزوں کے طرز عمل میں تبدیلی پیدا ہوئی، ان کو کچلنے اور ختم کر دینے کی پالیسی ختم ہوئی۔ ان کے ساتھ کسی قدر نرمی اور ہمدردی کا برتاؤ کیا جانے لگا۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۲۸ سے]

شمس العلما مولانا کمال الدین احمد (انڈین ایڈوکیشنل سروس) ! درخان بہادر ابوالخیر محمد صدیق رح کے خسر تھے۔ نواب صاحب مرحوم اخبار انڈی پنڈنٹ الہ آباد کے اڈیٹر اور مصر میں ہندوستان کے سفیر سید حسین مرحوم کے نانا تھے ــــ موج کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۱۲۸ اور ص ۱۷۹ ؛ ماہ نو کراچی مئی ۱۹۵۷ء ص ۴۳-۴۱۔ عبدالرحمن بے خود؛ ماہ نو کراچی اپریل ۱۹۶۱ء۔ آج کل بمبئی ۱۹۷۵ء ص ۴۲-۴۰؛ خط مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ۔ مورخہ ۱۲ مارچ ۱۹۷۵ء ــ

[1] شیراز ہند جون پور۔ سید اقبال احمد ۱۹۶۳ء ص ۷۷۹؛ موج کوثر۔ شیخ محمد اکرام۔ کراچی ۱۹۵۸ء ص ۴۰؛ ڈھاکہ ضلع گزیٹیر۔ بی سی۔ الین ۱۹۱۲ء ــ

[2] لارڈ لارنس (۶۹-۱۸۶۴ء) کے بعد لارڈ میو ۱۸۶۹ء میں ہندوستان کے وائسرائے اور گورنر جنرل مقرر ہو کر آئے۔ یہ تجربہ کار، نیک طینت اور عالی حوصلہ [بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۳۰ پر]

Marfat.com

مولانا کرامت علی صاحب جون پوری رح میانہ روی اور معاملہ فہمی میں حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رح کے جانشین سمجھے جاتے ہیں۔ آپ نے بڑے مشکل زمانہ میں بہت ہی تدبر و دانائی، دور اندیشی اور ہوشیاری کے ساتھ قوم کی صحیح رہنمائی کی۔ آپ نے شرک و بدعت کے خاتمہ، مسلمانوں کی اخلاقی اور روحانی ترقی اور اُن کے دینی و دنیاوی فلاح و بہبود کی طرف خاص طور پر توجہ کی۔ مولانا سید سلیمان ندوی رح کی رائے ہے کہ "بنگال میں اسلام کی اشاعت اور مسلمانوں کی اصلاح کا کام ان سے بڑھ کر کسی نے انجام نہیں دیا۔" رد البلاغت۔ دافع الوسواس۔ ترجمہ شمائل ترمذی۔ ترجمہ مشکوٰۃ جلد اوّل۔ مفتاح الجنت وغیرہ آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۲۹ سے]

حکمران تھے مسلمانوں کے ساتھ انہوں نے ہمدردی کا برتاؤ کیا۔ اُن کے زمانہ میں مسلمان کی ترغیب سے ڈبلیو ہنٹر نے "اور محمڈنس آف انڈیا" نامی کتاب لکھ کر مسلمانوں کے سیاسی اور معاشی حالات کا مفصل جائزہ لیا۔ اجمیر شریف میں والیانِ ریاست کے لڑکوں کی تعلیم کے لئے میو کالج اسی وائسرائے کے زمانہ میں قائم ہوا۔ ۱۸۷۲ء میں پورٹ بلیر (جزائر انڈمان) میں شیر محمد خاں نامی ایک مسلمان قیدی نے لارڈ میو کو جہاز پر سوار ہوتے وقت لوہے کے ایک مضبوط چھڑے سے قتل کر دیا۔ لارڈ لٹن (۸۰-۱۸۷۶ء) نے بھی مسلمانوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا۔ علی گڑھ محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کا سنگ بنیاد رکھا۔ لارڈ رپن (۸۴-۱۸۸۰ء) نے کالا پانی کے مسلمانوں قیدیوں کو رہا کر دیا اور کش مکش کا خاتمہ ہوا۔

Marfat.com

۵۔ مزار مبارک مولانا کرامت علی صاحب جون پوری رح۔ رنگ پور

Marfat.com



Marfat.com

اضلاع باقر گنج۔ فرید پور۔ نواکھالی، ٹپرا۔ چاٹگام۔ ڈھاکہ۔ رنگ پور اور دیناج پور وغیرہ میں آپ کے مریدین اور منتسلین کی تعداد ایک لاکھ سے زیادہ تھی۔ آپ کے علم و فضل، زہد و تقویٰ، دینی اور ملی خدمات کے باعث بنگال کے مسلمانوں میں آپ کا بڑا احترام تھا۔ جمعہ ۲ ربیع الآخر ۱۲۹۰ھ مطابق ۳ مئی ۱۸۷۳ء۔ صبح سویرے رنگ پور میں انتقال ہوا۔ شہر رنگ پور (بنگلہ دیش) کے محلہ منشی پارا میں آپ کا مزار مسلمانوں کی بہت بڑی زیارتگاہ ہے۔ دور دراز سے مسلمان یہاں زیارت کے لیے آتے ہیں[1]۔ جون پور کے محلہ عمر خاں میں حسین شاہ شرقی کی بنوائی ہوئی عظیم الشان جامع مسجد میں آپ کا قائم کردہ مدرسہ عربیہ ۱۶۴ سال سے جاری ہے[2]۔

حضرت مولانا کرامت علی صاحب جون پوریؒ کے منجھلے بیٹے مولانا حافظ احمدؒ اپنے والد کے انتقال کے بعد اُن کے جانشین مقرر ہوئے۔ یہ کلکتہ میں ۱۲۵۰ھ = ۱۸۳۴ء میں پیدا ہوئے۔ تعلیم لکھنؤ اور جون پور میں ہوئی۔ اپنے

---

[1] مودج کوثر۔ شیخ محمد اکرام۔ کراچی ۱۹۵۸ء ص ۱۴۰؛ رنگ پور، ضلع گزیٹیر۔ جے۔ اے۔ داس۔ ۱۹۱۱ء ص ۱۴۷؛ قاموس المشاہیر جلد دوم ص ۱۵۱

[2] مدرسہ عربیہ جامع مسجد جون پور کو حضرت سید احمد شہیدؒ کے خلیفہ مولانا سخاوت علی صاحب جون پوریؒ (متوفی ۱۲۷۴ھ) نے باعانت مولانا کرامت علی صاحب جون پوری ۱۲۴۹ھ = ۱۸۳۳ء میں قائم کیا تھا ۱۳۹۲ھ = ۱۹۷۲ء میں طلبار کی تعداد ۴۲۵ اور اساتذہ کی تعداد ۱۶ تھی۔

(بقیہ حاشیہ ص ۱۳۲ پر)

Marfat.com

دَور کے بڑے نامور بزرگ گذرے ہیں۔ زندگی کا زیادہ حصّہ بنگال میں گذرا۔ ۱۲۹۱ھ ۱۸۷۴ء سے رُشد و ہدایت کا کام شروع کیا۔ زُہد و تقویٰ، فیاضی، سخاوت اور دریا دلی میں باپ کے مماثل تھے۔ بہت سی کرامتوں کا اظہار ہوا زائرین کا ہجوم ہوتا تھا۔ کلکتہ سے جون پور آئے، تو شاہی پُل سے مُلّا ٹولہ تک ½ ۱ میل کے فاصلہ میں عقیدت مندوں کے ہجوم سے راستہ چلنا دشوار ہو گیا تھا[1]۔ سفر حج کے سلسلہ میں بھی کرامت کا اظہار ہوا۔ ۱۸ ذی قعدہ کو جون پور سے اور ۲۶ کو بمبئی سے روانہ ہوئے اور بغیر قسطنطنیہ کے اپنے ہمراہیوں کے ساتھ ۸ ذی الحجہ کو مکّہ معظمہ پہنچے اور نویں ذی الحجہ کو آٹھ بجے میدان عرفات میں پہنچ گئے۔ حج بیت اللہ سے واپسی کے بعد پھر مشرقی بنگال تشریف لے گئے۔ قدم تلی تھانہ مطلب بازار ضلع کو ملّا میں فالج کا حملہ ہوا۔ اور ۶ رمضان المبارک ۱۳۱۶ھ = ۱۸۹۹ء کو صدر گھاٹ ڈھاکہ میں بوٹ پر انتقال ہوا۔ ڈھاکہ چوک کی مسجد کے گوشہ میں دفن ہوئے[2]۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۳۱ سے]

تقریباً ۷۰ ہزار سالانہ آمد و خرچ رہے۔ بیرونی طلباء کی تعداد ۱۰۰ تھی۔

[1] شیراز ہند (جون پور) سیّد اقبال احمد ۱۹۶۳ء ص ۷۸۲۔ بحوالہ تجلّی نور حصہ دوم ص ۱۳۷۔ نور الدین زیدی جون پوری اور سیرت مولانا حافظ احمد جون پوری رح۔ مولانا عبد الباطن ص ۱۰۱۔ بحوالہ تجلّی نور

[2] سیرت مولانا حافظ احمد جون پوری رح۔ مولانا عبد الباطن جون پوری رح ڈھاکہ ۱۳۸۹ھ ۱۴۴ صفحات۔

Marfat.com

بنگال میں مولانا حافظ احمد جون پوری رح کے مریدین اور خلفا کی بہت کافی تعداد تھی۔ آپ نے باقرگنج۔ نواکھالی اور کومِلّا ضلع میں زیادہ کام کیا۔ ضلع باقرگنج کے دولت خاں نامی مقام میں دینی تعلیم کے لئے ایک مدرسہ قائم کیا اس کا پورا خرچ خود برداشت کرتے تھے۔ وہاں ایک شاندار عیدگاہ بھی بنوائی تھی۔ کلکتہ میں لارڈ ڈفرن کے عہد حکومت میں مولانا کرامت علی صاحب جون پوری رح کی امامت میں عیدالفطر کی نماز کے لئے کلکتہ میدان میں پچاس ہزار مسلمانوں کا اجتماع ہوا تھا۔ ۳ نومبر ۱۸۸۱ء کو جمعرات کے روز نواب عبداللطیف خان بہادر کی کوششوں سے کلکتہ میں نماز عیدالضحیٰ کا انتظام کیا گیا اور مولانا حافظ احمد صاحب جون پوری رح کی اقتدا میں تقریباً ۷۰ ہزار مسلمانوں نے نماز ادا کی۔ اس سے قبل شہر کلکتہ میں مسلمانوں کا اتنا بڑا اجتماع کبھی نہیں ہوا تھا[1]

مولانا حافظ احمد جون پوری رح کے انتقال کے بعد آپ کے بھتیجے اور جانشین مولانا حافظ عبدالرب رح نے بنگال میں اپنے دادا مولانا کرامت علی جون پوری رح کے دینی کاموں کو جاری رکھا۔ صفر ۱۲۹۱ھ = مارچ ۱۸۷۴ء میں پیدا ہوئے۔ ۱۳۱۶ھ = ۱۸۹۸ء سے ۱۳۵۴ھ = ۱۹۳۵ء تک رشد و ہدایت کے کاموں کو انجام دیتے رہے۔ جمعرات ۲ ربیع الاول ۱۳۵۴ھ = جون ۱۹۳۵ء کو جون پور میں انتقال ہوا[2]۔

---

[1] سیرت مولانا حافظ احمد جون پوری رح ص ۹۱-۹۰ [2] سیرت مولانا حافظ احمد جون پوری رح ص ۱۳۸-۱۳۴

مولانا حافظ احمد جون پوری رح کے دوسرے نامور خلیفہ مولانا شاہ محمد یعقوب صاحب بدر پوری رح تھے۔ جو مولانا حاتم علی صاحب رح کے نام سے مشہور تھے۔ سلاطین دہلی نے سلطنت کی مشرقی سرحد پر سلہٹ کے کورب براک ندی کے کنارے ایک مضبوط قلعہ بنوایا تھا۔ یہ قلعہ ضلع کچھار (آسام) کے مقام بلد پور[1] میں پُوران بازار کے قریب تھا۔ اِس قلعہ کی حفاظت کے لئے دہلی کے معزز خاندانوں سے شیخ۔ سیّد۔ مغل اور پٹھان چار فوجی افسر بھیجے گئے تھے۔ بعد میں ان چاروں افسروں کی اولاد علاقۂ بدر پور میں سکونت پذیر ہوئی۔ اِن میں سے شیخ افسر کی اولاد بند اسیل نامی موضع میں آباد ہوئی۔ مولانا محمد یعقوب رح کے مورث اعلیٰ اِسی خاندان سے تھے۔ مولانا کے والد کا نام شاہ محمد باصر تھا۔ مولانا محمد یعقوب صاحب رح ۱۲۶۴ھ = ۱۸۴۸ء میں پیدا ہوئے۔ تعلیم سلہٹ، کٹک اور رام پور میں ہوئی۔ حدیث شریف کی تعلیم مولانا عبد الحق خیر آبادی رح اور مولانا ارشاد حسن

---

[1] بلد پور۔ آسام کے ضلع کچھار میں کریم گنج سب ڈویژن کا ایک شہر اور ریلوے جنکشن جو براک ندی کے بائیں کنارے پر ۲۴ درجہ ۵۱ دقیقہ شمال اور ۹۲ درجہ ۳۳ دقیقہ مشرق پر واقع ہے۔ بلد پور جنکشن سے ضلع کے صدر مقام سلچر کو ریلوے لائن جاتی ہے۔ یہاں براک ندی پر ۴۵۴ گز لمبا ریلوے کا مضبوط اور خوبصورت پُل ہے۔ آسام کے پہاڑی علاقوں کے بعد وادیٔ سُرما کا یہ پہلا شہر ہے۔ ۱۹۴۱ء میں بلد پور تھانہ کا رقبہ ۴۷ مربع میل اور آبادی ۱۴۵، ۴۵ نفوس تھی۔ ان میں مسلمان ۸۱۴، ۲۵ تھے۔ بلد پور میں تیل کا کنواں ہے۔ [بقیہ حاشیہ صـ۱۳۵ پر]

رام پوریؒ سے حاصل کی۔ خواب میں مولانا حافظ احمد جون پوریؒ سے ملاقات ہوئی۔ تیسرے روز چاندپور ضلع کوملّا میں حاضر ہوئے۔ بیعت کے بعد اجازت وخلافت مرحمت ہوئی اور فوراً واپس کر دیا گیا۔ پہلے چند مدرسوں میں نہایت خلوص کے ساتھ علم دین کی تعلیم دیتے رہے۔ بدر پور میں مدرسہ عالیہ اور دارالحدیث قائم کیا۔ آپ کی کوششوں سے بہت سی دینی درس گاہیں قائم ہوئیں۔ ۷۰ سال کی عمر میں ۱۳۶۴ھ = جنوری ۱۹۴۵ء میں بدر پور کے پاس ندا سِل میں انتقال ہوا۔[1]

کچھ دنوں تک مولانا شاہ محمد یعقوب صاحبؒ نے اپنے حالات کو چھپایا لیکن حالات کے آشکارا ہونے ہی مسلمانوں کی کثیر تعداد اکتساب فیض کے لئے آپ کے پاس آنے لگی۔ اضلاع سلہٹ۔ کچھار۔ نوگاؤں۔ گوالپارہ اور لکھیم پور کے مسلمانوں نے آپ سے بہت فیض حاصل کیا۔ آپ کے ذریعہ احیائے دین کی ولی اللّٰہی تحریک اور امیر المومنین سید احمد شہیدؒ کا سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ آسام کے پہاڑی علاقوں اور وادی برہم پترا میں برما اور چین کی سرحدوں تک پھیل گیا۔

بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۳۴ کا

تقسیم ہند سے قبل یہ علاقہ ضلع سلہٹ میں شامل تھا۔ امپیریل گزیٹیر آف انڈیا جلد ششم ص ۱۲۷؛ مردم شماری ۱۹۴۱ء۔ آسام۔ کے۔ ڈبلو۔ پی۔ مرار ۱۹۴۲ء۔

[1] سیرت مولانا حافظ احمد جون پوریؒ۔ ص ۱۲۴۔ ۱۳۹۔

Marfat.com

مشرقی بنگال میں امیر المومنین حضرت سید احمد شہید رح کے ایک اور خلیفہ حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری رح کے ایک دوسرے پیر بھائی حضرت مولانا شاہ گلزار ملّا رح کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ آپ کے حالات زندگی معلوم نہیں ہو سکے ہیں۔ آپ کا مزار سونار چار، تھانہ داؤد کانڈی[1] ضلع کومِلّا میں ہے وہیں آپ کا خاندان بھی آباد ہے۔ اس وقت آپ کے پوتے جناب خواجہ آفتاب الدین[2] صاحب مدظلہ، سجّادہ نشین ہیں۔ خواجہ صاحب کی عمر ۸۰ سال ہے۔ لیکن ضعیف اور کمزور ہونے کے باوجود دینی خدمات میں منہمک ہیں اور اس مقصد کے تحت اس پیرانہ سالی میں بھی سفر کی زحمت برداشت کرتے ہیں۔

حضرت مولانا شاہ گلزار ملّا رح کے خلیفہ حضرت خواجہ لاسکیر ملّا رح تھے ان کا مزار بھاسانی۔ بیدر بازار ضلع ڈھاکہ میں ہے۔ ڈھاکہ سے یہاں اسٹیمر اور موٹر لونچ سے جاتے ہیں۔ حضرت خواجہ لاسکیر ملّا رح کے خلیفہ ڈھاکہ میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ، مجدّدیہ کے مشہور بزرگ حضرت شاہ احسن اللہ صاحب صدیقی رح

---

[1] ڈھاکہ سے کومِلّا ہو کر چاٹگام کو جانے والی قومی شاہ راہ پر ڈھاکہ اور کومِلّا کے درمیان داؤد کانڈی مشہور مقام ہے۔ یہ ڈھاکہ ضلع کے منشی گنج کے تقریباً سامنے میگھنا ندی کے یوب واقع ہے ۱۹۴۱ء میں داؤد کانڈی تھانہ کی آبادی ۵۳,۷۴۰ تھی جس میں ۲,۱۱,۸۹۵ مسلمان تھے۔

[2] خط الحاج مولانا سید محمد شیر الدین صاحب ڈھاکہ، بنام راقم الحروف مورخہ ۱۲ مئی ۱۹۷۵ء

Marfat.com

گذرے ہیں۔ آپ کے مورث اعلیٰ سلہٹ کے حضرت جلال مجرد یمنی رح کے ساتھ بنگال تشریف لائے اور ڈھاکہ کے پاس سُنار گاؤں میں آباد ہوئے۔ آپ کے بزرگوں میں حضرت شاہ نوجوان رح بکرم پور[1]، ضلع ڈھاکہ کے بابا آدم[2] شہید رح کے ہمعصر تھے۔ حضرت شاہ نوجوان رح کے صاحبزادے حضرت تاج محمد رح اور اُن کے بیٹے حضرت شاہ صفی الدین رح تھے۔ حضرت شاہ صفی الدین رح کے صاحبزادے حضرت شاہ نور محمد رح اپنی بزرگی، تقویٰ اور پرہیزگاری کے سبب عوام میں ٹھاکر مُلّا کے نام سے مشہور تھے۔ آپ سُنار گاؤں کے پاس تاتیا موضع میں آباد ہوئے۔ یہیں حضرت شاہ احسن اللہ صدیقی رح بھادوں ۱۲۰۵ بنگلہ فصلی (۱۷۹۸ء) میں پیدا ہوئے۔

---

[1] ضلع ڈھاکہ کے منشی گنج سب ڈویژن میں دھالیسوری ندی کے کنارے بکرم پور مشہور قصبہ اور پرگنہ کا صدر مقام ہے۔ ندیا ضلع کے نوادیپ کے بعد بنگال میں سنسکرت کی تعلیم اور ہندو علوم و فنون کا دوسرا بڑا مرکز ہے۔ تقسیم سے پہلے بنگال کے سرکاری دفاتر کے ایک تہائی ملازمین اسی پرگنہ سے آتے تھے۔ امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد ہشتم صفحہ ۲۲۰

[2] پرگنہ بکرم پور کے رام پال موضع میں ہندو راجاؤں کا دارالحکومت تھا۔ راجہ بلّال سین کی راج باڑی سے تقریباً ایک میل پر حضرت بابا آدم شہید بکرم پوری رح کا مزار اور مسجد ہے۔ اس مقام کو قاضی قصبہ کہتے ہیں۔ حضرت آدم شہید بکرم پوری رح کا تعلق تیرہویں صدی عیسوی کے آغاز سے ہے۔ امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد نہم صفحہ ۱۰۵۔ اور بکرم پور کی "بکرم پوریں ایتہاس" جوگندر ناتھ دت۔ طبع ثانی صفحہ ۳۵۸-۵۸ بحوالہ خط مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ۔ بنام راقم الحروف۔ مورخہ ۲۰ اپریل ۱۹۷۵ء، ڈھاکہ گزیٹیر ۱۹۰

Marfat.com

آپ نے بوڑھی گنگا ندی کے کنارے موسوری کھولا ضلع ڈھاکہ میں اقامت اختیار کی۔ بعد میں آپ نرِیدا نامی مقام کو منتقل ہو گئے۔ پھاگن ۱۲۷۷ھ بنگلہ فصلی (۱۸۷۰ء) میں حضرت لاسکیر مُلّا جی سے بیعت ہوئے۔ پھر اجازت و خلافت سے سرفراز ہوئے۔ آپ کی عمر میں اللہ نے بڑی برکت دی اور ۱۲۸ سال تین ماہ ۲۷ روز کی عمر میں ۱۱ کاتک ۱۳۱۱ بنگلہ فصلی = ۲۰ ربیع الآخر ۱۳۲۵ھ = ۲۶ اکتوبر ۱۹۲۶ء کو ڈھاکہ میں انتقال فرمایا۔ مزار آپ کا شاہ صاحب لین ڈھاکہ میں ہے۔

حضرت شاہ احسن اللہ صدیقی رح کے حالات بنگلہ زبان میں مولانا عبد الماجد[1] صاحب رُشدی مرحوم نے "ڈھاکہ موسواری کھولا حضرت قبلہ" کے نام سے لکھا ہے۔ حضرت شاہ احسن اللہ صاحب صدیقی رح کی ملاقات اپنے دادا پیر حضرت گلزار مُلّا رح سے نہیں ہوئی تھی۔ لیکن اُن کو امیر المومنین سید احمد شہید رح کے دو خلفاء حضرت مولانا امام الدین بنگالی رح (سعد اللہ پور ضلع نواکھالی) اور حضرت مولانا کرامت علی صاحب جون پوری رح (متوفی ۱۸۷۳ء) کے ساتھ تبلیغ و اشاعتِ دین کے کاموں میں حصّہ لینے کا موقع ملا[2] تھا۔ حضرت شاہ احسن اللہ صاحب رح نے حضرت صوفی نور محمد صاحب

---

[1] مولانا ابو الفتح محمد عبد الماجد رُشدی مرحوم بی اے (آنرز)، ام اے۔ عربی (علی گڑھ)؛ ام اے فارسی (کلکتہ) سابق لائبریرین اسلامیہ کالج کلکتہ اور پھر پروفیسر ایڈن گورنمنٹ کالج ڈھاکہ۔ آپ کی کتاب شعبان ۱۳۷۹ھ = جنوری ۱۹۶۰ء میں شائع ہوئی۔

[2] خط جناب مولانا سید بشیر الدین صاحب ڈھاکہ۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۰ اپریل ۱۹۷۵ء



۶۔ مزار مبارک اور مسجد حضرت شاہ احسن اللہ صاحبؒ۔ ڈھاکہ

Marfat.com

Marfat.com

نظام پوری رح (متوفی ۱۸۵۸ء) اور اُن کے نامور خلیفہ حضرت صوفی فتح علی صاحب ولیسی چاٹگامی رح (متوفی ۱۸۸۶ء) کا زمانہ دیکھا تھا۔ آپ حضرت ولیسی رح سے ۲۷ سال قبل پیدا ہوئے اور اُن کے چالیس سال بعد انتقال کیا۔

حضرت شاہ احسن اللہ صاحب صدیقی رح کے تین بیٹے جناب شاہ عبدالعزیز رح۔ شاہ عبداللطیف رح اور شاہ عبدالحنان رح تھے۔ آپ کے انتقال کے بعد آپ کے بڑے صاحبزادے جناب شاہ عبدالعزیز صاحب رح سجادہ نشین اور مزار شریف۔ مسجد اور مدرسہ حسینیہ کے متولی مقرر ہوئے۔ جناب شاہ عبدالعزیز صاحب مجددی رح نے ۷۸ سال کی عمر میں فروری ۱۹۴۸ء میں انتقال کیا اور شاہ صاحب لین ڈھاکہ میں اپنے والد کے پہلو میں دفن ہوئے۔ جناب شاہ عبدالعزیز صاحب مجددی رح کی صاحبزادی صوفیہ بیگم کی شادی جناب سید ابوالبشر محمود حسین صاحب سے ہوئی۔ آپ بنگلہ دیش سپریم کورٹ میں چیف جسٹس کے بعد سب سے سینیر جج ہیں اور آپ کو اجازت و خلافت اپنے خسر حضرت شاہ عبدالعزیز مجددی رح سے حاصل ہے۔

عزت مآب جناب سید ابوالبشر محمود حسین صاحب مدظلہ پرگنہ نرائن مغربی حویلی۔ ڈاک خانہ لسکرپور ضلع سلہٹ کے رہنے والے اور فاتح سلہٹ سپہ سالار حضرت سید نصیر الدین رح[1] کی اولاد میں ہیں۔ حضرت سید نصیر الدین الہ آبادی رح

---

[1] حضرت سید نصیر الدین رح گوڑ کے مسلمان بادشاہ سلطان فیروز شاہ دہلوی (۱۳۲۲-۱۳۰۱ء)

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۴۰ پر]

Marfat.com

امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہ، کی پندرہویں پشت میں تھے۔ اور آزیل مسٹر جسٹس سید ابو البشر محمود حسین[1] صاحب مدظلہ، آپ کی اٹھارہویں پشت میں سپہ سالار حضرت سید نصیر الدین رح ۶۲۷ھ = ۱۲۳۰ء میں پیدا ہوئے تھے۔ آپ کی نماز فجر کبھی قضا نہیں ہوئی تھی۔ ۷۰۳ھ = ۱۳۰۳ء میں آپ نے حضرت جلال مجرد یمنی رح کی مدد سے سلہٹ کو فتح کیا تھا۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۳۹ سے]

کے سپہ سالار تھے اور بادشاہ نے آپ کو سلہٹ کے راجہ گوڑ گوبند کے خلاف اپنے بھانجے سکندر غازی کی مدد کے لئے بھیجا تھا۔ دیکھئے صفحہ ۲۸-۲۷

[1] آزیل مسٹر جسٹس سید ابو البشر محمود حسین صاحب مدظلہ، کو اللہ نے دین اور دنیا دونوں کی اعلیٰ نعمتوں سے نوازا ہے۔ وہ بنگلہ دیش کی سب سے بڑی عدالت میں عہدہ جلیلہ پر فائز ہیں اور مشرقی بنگال میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے ایک صاحب اجازت، معزز و محترم شیخ طریقت حضرت خواجہ عبید اللہ احرار رح کی طرح ان کی ذات میں دین اور دنیا کا حسین اجتماع ہو گیا ہے۔ زمخ صاحب کے ایک صاحبزادے سید عزیز الحسین عالم گیر کا انتقال ہو چکا ہے۔ مرحوم کے ایک بیٹے سید محمد جبار حسین یادگار ہیں۔ سید محافظ الحسین جہانگیر، سید محمد دستگیر حسین اور سید محمد مذکر حسین صاحب آپ کے تین دوسرے صاحبزادے ہیں۔ آپ کی پانچ صاحبزادیوں میں سیدہ ملکہ بیگم، ڈھاکہ میڈیکل کے ماہر بصریات، ڈاکٹر محمد عبد الرحیم چودھری سے، سیدہ شاہدہ بیگم سید محی الدین احمد صاحب سے، سیدہ فاطمہ زہرا بیگم، چودھری محبوب احمد صاحب سے اور سیدہ طاہرہ بیگم دیوان محمد نور الانوار حسین چودھری سے بیاہی ہوئی ہیں۔ پانچویں صاحبزادی سیدہ حسینہ بیگم ہیں۔ خط الحاج مولانا سید ابو البشر محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ ۱، بنام راقم الحروف مورخہ ۲۰ اپریل ۱۹۷۵ء۔

Marfat.com

۶- مولوی صوفی سیّد وارث علی صاحب رح

امیر المومنین سیّد احمد شہید رح کے رفقاء کار میں مولوی سیّد وارث علی بنگالی رح بڑے جیّد عالم اور پرہیزگار بزرگ گذرے ہیں۔ وہ علاقہ چاٹگام کے رہنے والے تھے اور اپنے پیر و مرشد کے ساتھ صوبہ سرحد کی معرکہ آرائیوں میں شریک تھے۔ حضرت سیّد شہید رح کے بنگالی رفقائے کار میں نہایت ممتاز مقام رکھتے تھے ان کے حالاتِ زندگی کسی ذریعہ سے اب تک حاصل نہیں ہو سکے ہیں۔ ممتاز المحدثین جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہ نے اپنی قابل قدر تصنیف "حیات ولیسی"[۲] میں حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ولیسی رح کے بارے میں لکھا ہے کہ آپ حضرت مولانا شاہ صوفی سیّد وارث علی صاحب رح کے فرزند ارجمند تھے۔ اور اسلام آباد چاٹگام میں پیدا ہوئے تھے۔

مولانا غلام رسول صاحب مہر نے اپنی کتاب "سیّد احمد شہید" میں لکھا ہے کہ سید صاحب رح کے ساتھ جانے والے غازیوں کی تعداد پانچ سو اور چھ سو کے درمیان

---

[۱] سیّد احمد شہید۔ غلام رسول مہر۔ جلد دوم ص ۱۷

[۲] حیات ولیسی۔ حصہ اردو ص ۸



۱- وارث علی بنگالیؒ
۲- امام الدین بنگالیؒ
۳- احمد علی بریلویؒ
۴- ابو محمد نصیر آبادیؒ
۵- دادا ابو الحسن علم بردارؒ
۶- سید موسیٰؒ
۷- امان اللہ لکھنویؒ
۱۰- قاضی حمایت اللہؒ
۱۱- قاضی برہان الدینؒ
۱۸- نور محمد بنگالیؒ

۸- قلعہ پنجتار (صوبہ سرحد)
پیمانہ ایک انچ = ۲۱۵ گز

Marfat.com

تھی - قیام چنگلی کے زمانہ میں جو غازی ساتھ تھے - اُن لوگوں میں سے جن جن لوگوں کے نام مولوی فتح علی صاحب عظیم آبادی کو یاد تھے - اُن کی ایک فہرست اُنہوں نے بعد میں مرتّب کی تھی - اُس فہرست کی مدد سے مولانا غلام رسول صاحب مہر نے اپنی کتاب میں جن دو سو غازیوں کا نام لکھا ہے اُن میں مولوی سیّد وارث علی صاحبؒ کا نام شامل نہیں ہے[1] -

علاقہ سوات کے قلعہ پنجتار میں شمالی دیوار سے ملی ہوئی مکانوں کی ایک قطار تھی - شمالی مشرقی بُرج میں امیر المومنین سیّد احمد شہیدؒ کی قیام گاہ تھی اور اس سے متّصل پچھم پہلے کمرہ میں مولوی سیّد وارث علی بنگالیؒ رہتے تھے[2] - پنجتار سے چینئی جاتے وقت جو ۳۵ اصحاب حضرت سیّد شہیدؒ کے ساتھ گئے تھے - اُن میں بھی مولوی وارث علی بنگالیؒ کا نام شامل ہے[3] - مایار کی لڑائی سے کچھ دنوں قبل تُوڑو کے مقام پر مغرب کی نماز کے وقت ہانڈی نہ اُتارنے کے باعث گوشت کو داغ لگ جانے کے سلسلہ میں حضرت سیّد شہیدؒ نے اپنے باورچی قادر بخش کنج پوری کی تادیب کرتے ہوئے اُس کے مددگار عبداللہ کے بارے میں جو "مردود" کا لفظ استعمال کیا تھا - اس موقع پر میاں جی نظام الدین چشتیؒ

---

[1] سیّد احمد شہیدؒ - غلام رسول مہر، جلد اوّل ص ۴۱۷ - ۴۱۲

[2] سیّد احمد شہیدؒ، غلام رسول مہر جلد دوم - نقشہ قلعہ پنجتار مقابل ص ۶۹ اور ص ۷۱

[3] سیّد احمد شہید - غلام رسول مہر، جلد دوم ص ۱۵۹

Marfat.com

علی ح

قاضی علاء الدین رح۔ مولوی امام الدین رح اور حافظ صابر رح وغیرہ کے ساتھ مولوی وارث بھی موجود تھے۔ عشاء کی نماز کے بعد ان تمام حضرات نے آپس میں مشورہ کیا کہ عادت شریف کے خلاف نادانستہ طور پر یہ لفظ حضرت کی زبان مبارک سے نکل گیا ہے۔ اِس لیے حضرت کے حکم کے مطابق یاد دلانا چاہیے۔ چنانچہ بعد نماز عشاء میاں جی نظام الدین چشتی رح نے یاد دلایا۔ آپ کو بہت افسوس ہوا۔ اور آپ نے عبداللہ کو بلوا کر تمام لوگوں کے سامنے اُس سے معافی مانگی۔ توبہ کیا اور مولانا اسمٰعیل صاحب شہید رح کے آنے پر سارا واقعہ اُن سے بیان کیا۔

مایار کی جنگ کے وقت سے جناب مولانا غلام رسول صاحب مہر کی کتاب میں حضرت مولانا صوفی سیّد وارث علی بنگالی رح کا کوئی ذکر نہیں ملتا ہے۔ حضرت صوفی نور محمد صاحب رح مایار کی جنگ میں زخمی ہوئے تھے۔ معرکہ بالاکوٹ (مئی ۱۸۳۱ء) کے بعد حضرت مولانا امام الدین صاحب بنگالی رح اور حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری رح بنگال واپس آئے اور اِن دونوں بزرگوں نے نواکھالی اور چاٹگام کے علاقہ میں اپنے پیر و مرشد کے تبلیغی اور اصلاحی کاموں کو جاری رکھا۔ حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری رح کے خلیفہ خان بہادر حمید اللہ خاں اسلام آبادی رح نے احادیث الخوانین (تاریخ حمید) اور انوار الیقین میں ان دونوں بزرگوں کی اعلیٰ دینی خدمات اور اُن کی اصلاحی کوششوں کا بڑے احترام سے ذکر کیا ہے۔

لہ سیّد احمد شہید۔ غلام رسول مہر۔ جلد دوم ص ۳۶-۲۳۵

Marfat.com

مولانا غلام رسول صاحب مہر نے اپنی کتاب میں صوبہ سرحد کی معرکہ آرائیوں کے سلسلہ میں جن ۱۳۵ شہدائے اسلام کے اسمائے گرامی کی فہرست[1] پیش کی ہے اس میں مولانا سید وارث علی بنگالیؒ کا نام شامل نہیں ہے۔

مولانا غلام رسول صاحب مہر کو اس کا اعتراف ہے کہ معرکہ بالاکوٹ اور اس کے بعد ضروری کاغذات اور یادداشتوں کے ضائع ہو جانے کے باعث شہداء کی فہرست مکمل نہیں ہو سکی۔ اور یہ بھی یقین ہے کہ حضرت صوفی سید وارث علیؒ اپنے وطن واپس نہیں آئے۔ ورنہ خان بہادر حمید اللہ خانؒ اور دوسرے مورخین اپنی کتابوں میں حضرت سید شہیدؒ کے اس نامور خلیفہ اور مجاہد اسلام کا ضرور ذکر کرتے۔ حیات ولیسی کے مصنف جناب مولانا زین العابدین صاحب اخترمی مدظلہٗ کا خیال ہے کہ قطب الارشاد حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ولیسیؒ کے والد محترم حضرت مولانا صوفی سید وارث علیؒ پنجتار ضلع سوات کے پچھم پہاڑی علاقوں میں شہید ہوئے اور مزار مبارک آپ کا پنجتار[2] (صوبہ سرحد) میں ہے۔ تمام حالات کی روشنی میں مجھے بھی مولانا زین العابدین صاحب اخترمی مدظلہٗ کے خیال سے پوری طرح اتفاق ہے۔

---

[1] سید احمد شہید۔ غلام رسول مہر جلد دوم ص ۴۳۲-۳۵

[2] خط جناب مولانا زین العابدین صاحب اخترمی مدظلہٗ کلکتہ ۲۴ بنام راقم الحروف مورخہ ۸ جولائی ۱۹۷۴ء

Marfat.com

۷۔ حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ولیسی رح کی پیدائش اور تعلیم

قطب الارشاد حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ولیسی رح کی ابتدائی زندگی کے حالات معلوم نہیں ہیں۔ لیکن اگہن ۱۲۹۳ بنگلہ فصلی = ربیع الاوّل ۱۳۰۴ھ = (دسمبر ۱۸۸۶ء) میں انتقال کے وقت آپ کی عمر ۶۱ سال تھی۔ اُن علاقوں میں زیادہ تر بنگلہ فصلی سال رائج ہے۔ بنگلہ فصلی شمسی سال[1] ہے۔ اس طرح شمسی سال کے مطابق آپ کی پیدائش ۱۲۳۲ بنگلہ فصلی یعنی ۱۲۴۱ھ مطابق ۱۸۲۵ء میں ہوئی۔ امیر المومنین حضرت سیّد احمد شہید رح، جمادی الاوّل ۱۲۴۱ھ مطابق ۱۷ جنوری ۱۸۲۶ء کو رائے بریلی (اودھ) سے سفرِ جہاد پر روانہ ہوئے تھے[2]۔ حضرت سید شہید رح کی سفرِ جہاد پر روانگی سے چند ماہ قبل حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب رح کی پیدائش ہو چکی تھی۔

مولانا زین العابدین صاحب اخترؔ نے لکھا ہے کہ "بچپن سے نہایت

---

[1] بنگلہ سال شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر کے عہدِ حکومت میں ۶۳-۹۶۲ھ = مطابق ۵۶-۱۵۵۵ء میں شروع ہوا۔ یہ فصلی سال ہے۔ بنگلہ اور عیسوی سال میں ۵۹۳ سال کا فرق ہے۔ ہندوستان ایر بک ۱۹۷۰ء۔ ص ۳۹

[2] سیّد احمد شہید۔ غلام رسول مہر۔ جلد دوم ص ۲۸۲

فہیم اور ذکی الطّبع تھے۔ کم سنی میں اُنہوں نے قرآن پاک اور دوسری چند ضروری کتابوں سے فراغت حاصل کر لیا۔ پھر تفسیر فرقانی، حدیث نبوی، فقہ اور اصول فقہ، عقائد، منطق اور فلسفہ، بلاغت اور خصوصاً عربی اور فارسی ادب میں مہارت کاملہ حاصل کی۔[1]

ضلع ہوڑہ کے جگت بلبھ پور تھانہ میں مُن شیر ہاٹ کے قریب دَہسَہ ایک تاریخی مقام ہے۔ اُنیسویں صدی عیسوی میں دَہسَہ میں ایک شاندار مدرسہ تھا۔ کہا جاتا ہے کہ حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح نے اِسی مدرسہ میں مکمّل تعلیم حاصل کی تھی۔ یہ معلوم نہیں ہو سکا ہے کہ حضرت صوفی صاحب رح تعلیم کے لئے چاٹگام سے کب اور کس عمر میں دَہسَہ تشریف لائے۔ اُن کے اساتذہ کا بھی نام معلوم نہیں ہے۔ دَہسَہ میں حضرت مولانا شاہ صوفی غلام قادر صاحب رح ایک مشہور عالم اور کامل بزرگ گذرے ہیں۔ یہ حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پُوری رح کے خلیفہ اور حضرت صوفی فتح علی صاحب ویسی رح کے پیر بھائی تھے۔ اُن کا مزار دَہسَہ میں ہے۔ دَہسَہ کا مدرسہ اب باقی نہیں ہے۔[2]

---

[1] حیات ویسی، مایہ ناز تحفہ۔ مولانا زین العابدین اختری۔ حصّہ اردو ص ۸

[2] خط جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہ۔ گارڈن ریچ، کلکتہ ۲۴۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۴ جون ۱۹۷۴ء۔ اس بات کی تحقیق کے لئے جناب مولانا زین العابدین صاحب محترم خود دَہسَہ تشریف لے گئے تھے اور تحقیق کر کے راقم الحروف کو خط کے ذریعہ مطلع فرمایا۔

Marfat.com

اس میں کوئی شک نہیں کہ حضرت ویسیؒ کو فارسی زبان و ادب، اُس کے محاورات، ضرب الامثال اور صنائع و بدائع پر اہل زبان کی طرح عبور حاصل ہے۔ وہ شمالی ہندوستان میں مسلمانوں کے تہذیبی اور تمدنی مراکز سے بہت دُور سلطنت کے اُس حصّہ میں پیدا ہوئے تھے۔ جہاں مسلمانوں کا آفتابِ اقبال اُن کی پیدائش سے بہت قبل غروب ہو چکا تھا۔ اُن کی مقامی زبان میں اسلامی ادب کا سرمایہ بہت کم تھا۔ لیکن اُن نامساعد حالات کے باوجود اپنی فطری ذہانت اور طبّاعی، ادبی ذوق و شوق، مذہبی ماحول، روحانی تربیت اور جناب رسالت مآب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے بے پناہ جذبۂ عشق کی بدولت، عشق و محبت کی ایک لافانی یادگار اور ادب فارسی کا ایک زندہ جاوید کارنامہ پیش کرنے میں کامیاب ہوئے۔ اِس میں کوئی شک نہیں کہ دیوان ویسیؒ ایک عاشق صادق کی طرف سے ملک بنگال کے مسلمانوں کے ایک مایۂ ناز تحفہ ہے۔

۸۔ حصولِ بیعت اور تعلیم طریقت

حصول تعلیم کے بعد حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسیؒ کی طبیعت تصوّف اور معرفت کی طرف مائل ہوئی اور وہ امیر المومنین حضرت سیّد احمد شہیدؒ کے خلیفہ اور اپنے والد محترم کے دوست اور شریک کار

Marfat.com

حضرت مولانا صوفی نور محمد صاحب نظام پوری رح کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے[1]
اور عرصہ دراز تک اپنے پیر و مرشد کی خدمت بابرکت میں حاضر رہ کر سلوک کی منزلیں
طے کرتے رہے اور اپنی محنت اور ریاضت اور مرشد کی نگاہِ کرم سے علم طریقت
میں کمال حاصل کیا اور اپنے وقت کے شیخ طریقت اور عارفِ کامل ہوئے۔

۹- سلاسلِ طریقت

قطب الارشاد حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی رح کو سلسلہ
عالیہ نقشبندیہ مجددیہ، سلسلہ عالیہ قادریہ اور سلسلہ عالیہ چشتیہ میں اجازت و خلافت
حاصل تھی۔ لیکن نقشبندیہ فیض غالب تھا۔ طریقہ عالیہ نقشبندیہ میں آپ کا
سلسلہ تین واسطوں سے امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رح
تک، سات واسطوں سے امام ربانی مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندی رح
تک، پندرہ واسطوں سے حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند رح امام طریقہ عالیہ
نقشبندیہ تک، اکیس واسطوں سے حضرت خواجہ عبد الخالق غجدوانی رح تک،
پچیس واسطوں سے سلطان العارفین حضرت خواجہ بایزید بسطامی رح تک اور
اُنتیس واسطوں سے امیر المومنین سیدنا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ
عنہ تک پہنچتا ہے۔

---

[1] حیات ویسی۔ مولانا زین العابدین اخترؔی، حصہ اردو ص ۱-۹

طریقہ عالیہ قادریہ میں آپ کا سلسلۂ معرفت سات واسطوں سے امام ربانی مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندی رح تک، تیرہ واسطوں سے حضرت شاہ گدا رحمٰن اوّل رح تک، بیس واسطوں سے قطب العالم، غوث الاعظم حضرت سیّد محی الدین عبدالقادر جیلانی رح پیران پیر دستگیر تک، ستائیس واسطوں سے حضرت شاہ سیّد موسیٰ الجون رح تک اور تیئیس واسطوں سے امیرالمومنین سیّدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ تک پہنچتا ہے۔

طریقہ عالیہ چشتیہ میں آپ کا سلسلہ معرفت سات واسطوں سے حضرت شیخ قاضی خان یوسف ناصحی ظفر آبادی رح تک، گیارہ واسطوں سے حضرت شیخ نورالحق نور قطب عالم رح (پانڈوہ شریف۔ ضلع مالدہ) تک، چودہ واسطوں سے سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیا محبوب الٰہی رح تک، سترہ واسطوں سے سلطان الہند، سلطان العارفین حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رح تک، چوبیس واسطوں سے حضرت خواجہ شرف الدین ابو اسحاق شامی رح تک، انتیس واسطوں سے حضرت خواجہ فضیل بن عیاض رح تک اور تئیس واسطوں سے امیرالمومنین سیّدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ تک پہنچتا ہے۔

۱۰۔ ملازمت

حیات زینبی کے مصنّف نے لکھا ہے کہ قطب الارشاد حضرت صوفی

Marfat.com

سیّد فتح علی صاحب ویسی رح چاٹگام سے کلکتہ آکر مٹیا برج میں نواب واجد علی شاہ کے پرائیوٹ سکریٹری مقرر ہوئے اور بعد میں ترقی کر کے حکومتِ ہند کے قائم کردہ پولیٹیکل پنشن آفس جہاں سے معزول والی اودھ اور اُن کے اعزّا کو پنشن ملتی تھی۔ اُس میں سپرنٹنڈنٹ کے عہدہ پر فائز ہوئے[1]۔

جان عالم نواب واجد علی شاہ اختر سلطنت اودھ کے آخری حکمراں تھے۔ وہ ۲۶ صفر ۱۲۶۳ھ مطابق ۱۳ فروری ۱۸۴۷ء کو تخت نشین ہوئے لارڈ ڈلہوزی کے عہدِ حکومت میں ۳۱ جنوری ۱۸۵۶ء کو انتزاعِ سلطنت کا اعلان ہوا۔ اور ۷ فروری ۱۸۵۶ء کو جنرل اوٹرم ریزی ڈنٹ نے اودھ کے چیف کمشنر کی حیثیت سے سلطنت پر قبضہ کر لیا۔ سرکار انگریزی نے معزول نواب اودھ کی بارہ لاکھ اور اُن کے اعزّا، اقربا، ملازمین اور شاگرد پیشہ کی تین لاکھ سالانہ پنشن مقرر کیا۔ نواب واجد علی شاہ ۵ رجب ۱۲۷۲ھ مطابق ۳ مارچ ۱۸۵۶ء کو لکھنؤ سے روانہ ہوئے اور ۱۳ مئی ۱۸۵۶ء کو مٹیا برج کلکتہ پہنچے۔ زمانہ غدر میں بادشاہ اودھ کو فورٹ ولیم میں قید کر دیا گیا۔ ۲۶ ماہ بعد ۹ جنوری ۱۸۵۹ء کو قید سے رہا ہوئے۔ ۳ محرم ۱۳۰۵ھ مطابق ۲۱ ستمبر ۱۸۸۷ء کو انتقال کیا اور کلکتہ میں مٹیا برج کے امام باڑے میں دفن ہوئے[2]۔

---

[1] حیات ویسی۔ مولانا زین العابدین صاحب اختری ازہری۔ حصّہ اُردو ص ۱۱

[2] تاریخ اودھ۔ نجم الغنی رام پوری۔ جلد پنجم۔ ص ۱۱۸-۱۲۸۳

ٹیا برج کا قلعہ مسلمانوں کے دورِ حکومت سے موجود تھا۔ یہ مقام کلکتہ کے جنوبی مغربی مضافات میں گارڈن ریچ کی مغربی حد اور دریائے ہوگلی کے جنوبی کنارے پر نہایت پُر فضا مقام پر واقع ہے۔ دریا کی دوسری طرف ٹھیک سامنے اُتر رسیب پور ہوڑہ کا شہرہ آفاق نیشنل بوٹینیکل گارڈن ہے۔ مٹی کے اِس قلعہ میں جہاں نواب واجد علی شاہ معزول نواب اودھ نے اپنے لیے عمارتیں بنوائیں اور امام باڑہ اور چڑیا خانہ وغیرہ تعمیر کرایا اُس کو سُلطان خانہ کہتے ہیں ــــ غریب الوطنی میں نواب مرحوم کے ساتھ بیس ہزار آدمی وابستہ تھے اور ٹیا بُرج لکھنؤ کا نمونہ بن گیا تھا۔

ٹیا برج میں معزول نواب اودھ اور اُن کے متوسلین کو پندرہ لاکھ سالانہ پنشن ملتی تھی اور حکومتِ ہند کی طرف سے اس پولیٹیکل پنشن کے انتظام کے لئے ایک باضابطہ دفتر قائم کیا گیا تھا۔ اسی محکمہ کی طرف سے حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب وسیمیؒ نواب واجد علی شاہ کے پرائیوٹ سکریٹری مقرر ہوئے اور پھر ترقی کر کے اُس دفتر کے سپرنٹنڈنٹ (ناظم) کے عہدہ پہ فائز ہوئے۔ یہ معلوم نہیں کہ حضرت وسیمیؒ کلکتہ کب تشریف لائے اور کتنے دنوں تک پولیٹیکل پنشن کے اس دفتر سے وابستہ رہے۔

سنہ ۱۸۵۶ء میں نواب واجد علی شاہ کی کلکتہ میں آمد کے وقت حضرت وسیمیؒ کی عمر اکتیس سال تھی۔ ہو سکتا ہے کہ اُس وقت کلکتہ میں موجود رہے ہوں یا نواب معزول کی فورٹ ولیم میں قید سے رہائی کے بعد یہاں مقرر ہوئے ہوں اندازہ

Marfat.com

Marfat.com

۷۔ دستخط مبارک حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی رح

ہ کہ حضرت ویسی رح دس بارہ سال تک بہ سلسلۂ ملازمت اس دفتر سے وابستہ
ہونکہ نومبر ۱۸۶۷ء میں اُنہوں نے اس پولیٹیکل پنشن آفس کے سپرنٹنڈنٹ کی
ثیت سے مشاہرہ لیا تھا اور حسب قاعدہ ایک آنہ کی ٹکٹ چسپاں کر کے
شاہرہ کے رجسٹر پہ جو اُنہوں نے دستخط کیا تھا۔ اس کی فوٹو نقل ممتاز المحدثین
ناب مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہٗ نے اپنی تصنیف حیات ویسی
ے حصہ بنگلہ میں صفحہ ۲۵ پر پیش کیا ہے ٹکٹ کے بائیں طرف بالائی گوشہ میں
فتحعلے عفی عنہ" لکھا ہے۔

سنہ ۱۸۶۷ء میں صوفی صاحب رح کی عمر بیالیس ۴۲ سال ہو چکی تھی اور وقت
یا تھا کہ قدرت نے جن اعلیٰ مقاصد کے لئے اُن کو پیدا کیا تھا۔ اُن کی طرف
ری طرح متوجہ ہو جائیں۔ چنانچہ اس سلسلہ میں مولانا اختری صاحب لکھتے ہیں
"اِس کے بعد حضور قبلہ نے اس عمدہ عہدہ کو ترک کرتے ہوئے توکل اور قناعت
طریقہ اختیار فرمایا اور اپنے ارشاد فیض بنیاد سے ایک جہان کی رشد و ہدایت
ں مصروف ہوئے"[1] قیاس غالب ہے کہ سنہ ۱۸۶۷ء کے کچھ ہی دنوں بعد وہ اپنی
رکاری ملازمت سے مستعفی ہو گئے اور زندگی کے باقی ماندہ اٹھارہ اُنیس سال
سلمانوں کے اصلاح عقائد اور خلق خدا کی رشد و ہدایت میں صرف کیا۔

---

[1] حیات ویسی۔ مولانا زین العابدین اختری۔ حصہ اُردو صفحہ ۱۱

۱۱۔ شادی

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح کی اہلیہ محترمہ بی بی فاطمہ رح پناسی ضلع مرشد آباد کی رہنے والی تھیں۔ شاید قیام کلکتہ کے ابتدائی زمانہ میں آپ نے پُناسی میں شادی کی تھی اور سرکاری ملازمت سے مستعفی ہونے کے بعد سسرالی رشتہ داری اور پھر سرکار شریف[1] آباد میں مسلمانوں کے اعلیٰ تہذیب و تمدّن کے باعث آپ نے پُناسی ضلع مرشد آباد میں قیام کو پسند فرمایا ہو۔

مُسلمانوں کے دور کی قدیم سرکار شریف آباد کا بڑا حصّہ اس وقت ضلع بردوان کے کٹوا اور ضلع مرشد آباد کے کانڈی سب ڈویژنوں میں اور کچھ حصّہ بردوان صدر سب ڈویژن میں شامل[2] ہے۔ یہاں مسلمانوں میں زیادہ تر شرفا، علما اور مشائخ کی آبادی تھی۔ دارالحکومت گوڑ سے مدناپور اور کٹک کو جانے والی

---

[1] سرکار شریف آباد۔ شہر بردوان اور شہر مرشد آباد کا درمیانی حصہ جو ۳۶ پرگنوں پر مشتمل تھا، جہاں شرفا کی آبادی تھی۔ دارالحکومت گوڑ کی تباہی کے بعد بہت سے علماء اور مشائخ یہاں آکر آباد ہو گئے تھے۔ سنہ ۱۵۹۰ء میں بردوان شہر بھی اسی سرکار میں شامل تھا اور اس کی آمدنی چھیالیس ہزار نو سو تین (۴۶۹۰۳) انٹھ آنے تھی۔ بردوان ضلع گزیٹیر۔ بے سی۔ کے۔ پیٹرسن سنہ ۱۹۱۰ء صفحہ ۱۴۴۔ اور روڈ کوٹ۔ شیخ محمد اکرام صفحہ ۴۶۱

[2] روڈ کوٹ۔ شیخ محمد اکرام صفحہ ۴۶۱۔ مرشد آباد ضلع گزیٹیر۔ ایس۔ ایس او میلی سنہ ۱۹۱۴ء صفحہ ۱۵۵

Marfat.com



۹۔ سرکار شریف آباد
منگل کوٹ۔ پیناشی۔ شاہ پور۔ سیج گرام
پیمانہ ایک انچ = ۲ میل

شاہی سڑک اس علاقہ سے گذرتی تھی ۱۵۷۳ء میں گوڑ کی تباہی کے بعد وہاں کے بہت سے علما اور مشائخ اس علاقہ میں آباد ہو گئے تھے اور اس علاقہ کے بہت سے دیہات اسلامی علم و ہدایت کا مرکز بن گئے تھے۔ سرکار شریف آباد کا مذہبی، تمدنی اور سیاسی مرکز کٹوا سب ڈویژن میں کونور ندی کے کنارے منگل کوٹ کا قصبہ تھا۔ جہاں حضرت مخدوم شاہ محمد غزنوی عرف راہی پیرؒ کا مزار ہے۔ کہا جاتا ہے کہ آپ ۱۳۰۲ء میں یہاں تشریف لائے اور آپ کے فیض سے یہ علاقہ فتح ہوا۔ دوسرا مزار شاہ عبداللہ گجراتیؒ کا ہے۔ سلطان علاؤالدین حسین شاہ (۱۴۹۳-۱۵۱۸ء) اور ان کے بیٹے سلطان ناصرالدین نصرت شاہ (۱۵۱۸-۳۲ء) کی بنوائی ہوئی شاندار مسجدیں ہیں۔ یہیں عہد شاہ جہانی کے مشہور بزرگ اور حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندیؒ کے نامور خلیفہ حضرت مولانا شیخ حمید الدین دانشمندؒ کا مزار ہے۔

حضرت مولانا شیخ حمید الدین دانشمند بنگالیؒ کے مورث اعلیٰ قاضی ضیاء الدین المعروف بہ احمد سالارؒ تیرہویں صدی عیسوی میں بادشاہ جلال الدین خلجی فیروز شاہ دوئم کے عہد حکومت میں نیڈوہ ضلع ہوگلی کے مشہور بزرگ حضرت صفی الدین شہیدؒ کے ساتھ تشریف لائے تھے۔ ان ہی کے نام پر سرکار

لہ ہوگلی ضلع گزیٹیر۔ ایس۔ ایس۔ او میلی ۱۹۱۲ء صـ ۲۹۷

Marfat.com

شریف آباد میں سالار نامی قصبہ ہے جو بریڑہ اعظم گنج کٹوا لوپ لائن پر ایسٹرن ریلوے کا اسٹیشن بھی ہے۔ مولانا حمید الدین دانشمند رح منگل کوٹ میں پیدا ہوئے اعلیٰ تعلیم کے لئے لاہور تشریف لے گئے۔ جہاں علوم ظاہری کا پوری طرح مطالعہ کیا اور ان علوم کا ایسا اثر ہوا کہ وہ صوفیائے کرام کے مخالف ہو گئے۔ اسی زمانہ میں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رح لاہور میں تھے۔ لیکن حضرات صوفیہ سے مخالفت کی بنا پر مولانا حمید الدین دانشمند بنگالی رح نے ان سے فیض حاصل نہیں کیا۔ تکمیل تعلیم کے بعد وطن مالوف جاتے ہوئے دہلی آئے اور مفتی عسکری[1] رح کے مکان پر قیام پذیر ہوئے۔ مفتی صاحب آپ کے تبحر علمی سے بہت متاثر ہوئے لیکن اثنائے گفتگو میں ان کو معلوم ہوا کہ مولانا حمید دانشمند رح تصوف اور مشائخ تصوف عموماً اور حضرت مجدد رح کے خصوصاً مخالف اور منکر ہیں دو، تین دنوں بعد حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رح دہلی تشریف لائے اور اتفاقیہ مفتی عسکری صاحب

---

[1] رود کوثر۔ شیخ اکرام ص۴۶۳؛ جناب مولانا نسیم احمد صاحب فریدی، فاروقی۔ امروہی لکھتے ہیں کہ لاہور سے وطن جاتے ہوئے حضرت مولانا حمید دانشمند رح آگرہ میں خواجہ عبدالرحمٰن صاحب مفتی کابلی کے مکان پر قیام پذیر ہوئے اور وہیں ان کی ملاقات حضرت مجدد الف ثانی رح سے ہوئی تھی۔ تذکرہ مجدد الف ثانی رح۔ مرتبہ مولانا محمد منظور نعمانی۔ لکھنؤ۔ اکتوبر ۱۹۷۰ء۔ ص۲۳۰؛ حضرت حمید بنگالی رح وقف کمیٹی کے صدر جناب ڈاکٹر ام۔ اے۔ نواب صاحب، نور منزل منگل کوٹ سے لکھتے ہیں کہ حضرت شیخ حمید دانشمند رح لاہور سے وطن جاتے ہوئے چند روز دہلی میں وہاں کے مفتی اعظم کے مکان پر قیام پذیر ہوئے۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رح سے ان کی پہلی ملاقات وہیں ہوئی۔

کے مکان پر مولانا حمید دانشمند بنگالی رح سے آپ کی ملاقات ہو گئی۔ کہا جاتا ہے کہ جب مولانا حمید دانشمند بنگالی رح کو مفتی صاحب کے مکان پر حضرت مجدّد پاک رح کی آمد کی اطلاع ہوئی تو اس خیال سے کہ اُن سے ملاقات نہ ہو، وہاں سے قبل ہی روانہ ہو گئے۔ لیکن اپنی ایک قیمتی کتاب وہاں بھول آئے۔ جب کتاب لینے واپس آئے، تو حضرت مجدّد رح تشریف لا چکے تھے۔ یہ اُس مجلس میں نہایت خاموشی کے ساتھ ایک گوشہ میں بیٹھ گئے۔ مجلس ختم ہونے کے بعد حضرت امام ربّانی مجدّد الف ثانی رح یکایک وہاں سے اُٹھ کھڑے ہوئے اور مفتی صاحب کی گذارش کے باوجود نہیں ٹھہرے۔ جاتے وقت حضرت شیخ حمید الدین بنگالی رح کی طرف توجہ فرمائی اور فرمایا "ہائے شیخ حمید ایں جا بُردہ اند"۔ مفتی صاحب رح حضرت مجدّد پاک رح کو دروازہ تک پہنچاتے آئے، اُن کا خیال تھا کہ مولانا حمید رح حضرت مجدّد پاک رح کی مخالفت اور اُن سے بد اعتقادی کے سبب اپنی جگہ سے ہلیں گے بھی نہیں لیکن دیکھا کہ حضرت مجدّد رح کے پیچھے پیچھے چلے جا رہے ہیں۔ اِس وقت حضرت مجدّد پاک رح ان کی طرف بالکل متوجہ نہیں ہوئے۔ یہاں تک کہ اپنی قیام گاہ پر پہنچ گئے۔ مولانا حمید بنگالی رح دروازہ پر گریاں و حیراں کھڑے رہے۔ اِس کے بعد حاضری کی اجازت دی گئی، بیعت سے مشرف ہوئے۔ جب حضرت امام ربّانی مجدّد الف ثانی رح دہلی سے سرہند تشریف لے گئے۔ تو یہ بھی ساتھ گئے، تقریباً دو سال تک آستانہ عالیہ پر حاضر رہے اور منازلِ سلوک طے کئے۔ اجازت و خلافت سے سرفراز ہوئے اور پیر و مرشد کے حکم سے وطن کو واپس آئے[1]۔

---

[1] تذکرہ مجدّد الف ثانی رح۔ مولانا محمد منظور نعمانی۔ صفحہ ۳۳۔ اور خط جناب ڈاکٹر محمد ابو تراب صاحب

اجازت و خلافت کے بعد حضرت مجدد پاک رح نے آپ کو اپنا ایک خرقہ بھی دینا چاہا لیکن مولانا شیخ حمید رح نے عرض کیا کہ اُن کے لئے حضرت کا پاپوش مبارک کافی ہے۔ حضرت مجدد رح نے آپ کی اس درخواست کو قبول فرمایا۔ حضرت شیخ حمید بنگالی رح پیر و مرشد کی "کفش مبارک" کی بیش بہا دولت کو اپنی دستار میں لپیٹ کر وطن کو روانہ ہوئے اور زندگی کا باقی حصہ ارشاد و ہدایت میں صرف کیا۔ ۱۰۶۳ھ میں انتقال ہوا۔ مزار مبارک منگل کوٹ ضلع بردوان میں اسلامی ہند کی بہت بڑی زیارت گاہ اور مرجع خلائق ہے[1]۔

حضرت مولانا شیخ حمید دانشمند بنگالی مشرقی ہندوستان میں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رح کے سب سے بڑے خلیفہ ہیں۔ بُعد مسافت کی وجہ سے آپ کو سرہند شریف میں آستانہ عالیہ پر دوسری بار حاضری کا موقع نہ مل سکا۔ لیکن آپ کی ذات والا صفات سے سرزمین بنگالہ میں نقشبندی، مجددی فیض کا چشمہ جاری ہوا۔ اور ہزاروں ہزار طالبین حق نے آپ سے فیوض و برکات کے خزانے حاصل کئے اور منزل مقصود پر پہنچے۔

کہا جاتا ہے کہ شاہ جہاں بادشاہ آپ کا بہت معتقد تھا۔ نور جہاں بیگم

[بقیہ حاشیہ ۱۵۸ کا]

منگل کوٹ ضلع بردوان۔ بنام راقم الحروف موصولہ ۲۹ مئی ۱۹۷۵ء

[1] ردِ کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۴۶۳۔ تذکرہ مجدد الف ثانی۔ مولانا محمد منظور نعمانی ص ۳۲۲ اور خط جناب ڈاکٹر محمد ابو تراب صاحب مئی ۱۹۷۵ء

کی سازشوں کے باعث باپ سے بغاوت کر کے ۱۶۲۴ء میں جب اُس نے بردوا
کو فتح کیا، تو منگل کوٹ جا کر آپ سے ملاقات کی اور اخذ فیض کیا۔ اس سفر میں
بادشاہ نے منگل کوٹ سے چھ میل کے فاصلہ پر اجے ندی کے کنارے جہاں آباد
نامی بستی میں قیام کیا اور وہاں سے پیادہ دربار عالی میں حاضر ہوا۔ آپ کی مسجد
مدرسہ اور خانقاہ کے اخراجات کے لئے ۸۰ ہزار سالانہ آمدنی کی وسیع اراضی کا
جاری کیا۔ جب حضرت نے لاخراج زمین قبول کرنے سے انکار کیا تو ایک آنہ
فی بیگہ سرکاری مال مقرر کیا گیا۔ مزار مبارک کے پاس جو مسجد تھی اُسے اسی بادشاہ
نے تعمیر کرایا تھا۔[1] کہا جاتا ہے کہ شاہ جہانی مسجد کی تعمیر کے زمانہ میں ایک شہتیر
چھوٹی تھی۔ کاریگروں نے آپ کو خبر کی۔ آپ نے کاریگروں کو ناشتہ کرنے
لئے گھر بھیج دیا اور اُن لوگوں کے غائبانہ میں شہتیر سے فرمایا۔ "تم جنگل میں بڑھ
ہو کیا میری مسجد کے لئے یہاں نہیں بڑھ سکتی" چنانچہ شہتیر بڑھ گئی اور ضرورت
سے زیادہ پائی گئی۔ بہت سے لوگوں نے مسجد کی دیوار سے باہر اُس شہتیر
حصہ دیکھا تھا۔ اب اُس مسجد کا صرف ایک ستون اور اُس کے سنگ بنیا

---

[1] رود کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۴۶۳ بحوالہ "حضرات القدس" مولانا بدرالدین سرہندیؒ اور
مضمون خاں صاحب مولوی عبدالعلی متعلق منگل کوٹ (بہار اڑیسہ ریسرچ سوسائٹی جرنل ۱۹۱۷ء
خط ڈاکٹر محمد ابوتراب صاحب، نور منزل۔ منگل کوٹ ضلع بردوان۔ موصولہ ۲۹ مئی
۱۹۷۵ء



৮- মাজার মোবারক হযরত শেখ হামিদ দানিশমন্দ বঙ্গালী রহ. মঙ্গলকোট জেলা বর্দ্ধমান

Marfat.com

Marfat.com

کا عربی کتبہ[1] باقی رہ گیا ہے۔

جب تک حضرت شیخ حمید الدین دانشمند بنگالی رح زندہ رہے۔ پیر و مرشد کی کفش مبارک کو نہایت ہی ادب و احترام کے ساتھ اپنے حجرہ میں رکھا۔ آپ کے انتقال کے بعد حضرت مجدد الف ثانی رح کے پایوش مبارک کو مزار شریف کے پاس اُس تالاب میں ڈال دیا گیا جس کو پیر پوکھر کہتے ہیں۔ اُس تالاب سے بھی فیض جاری ہوا۔ اور آج بھی دُور دراز سے لوگ اس تالاب میں غسل کرنے آتے ہیں اور حضرت مجدد پاک رح کے فیض سے شفا پاتے ہیں[2]۔ حضرت مولانا شیخ حمید الدین رح کے متعلق رشید شہزادپوری[3] رح کے یہ چند اشعار بہت مشہور ہیں۔ ؎

نہ مخدوم سرہندی کہ پیر خرد پیش او — خمیدہ پشت آمد ہمچو طفلِ اندر سبق خوانی
ز علم او چہ بر گویم کہ گر نسخہ کنم شاید — صحیفہ صفحۂ گردوں و دو دہ مجلد کیوانی

---

[1] "ھُوَ الْبَیْتُ الْعَتِیْق" سے مسجد کی تاریخ ۱۰۶۵ھ = ۵۵-۱۶۵۴ء نکلتی ہے۔ شاہ جہانی مسجد کا پورا کتبہ تاریخی یہ ہے: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ بَنٰی مَسْجِدًا لِلّٰہِ بَنَی اللّٰہُ لَہٗ بَیْتًا فِی الْجَنَّۃِ۔ قَدْ بُنِیَ ھٰذَا الْبَیْتُ فِیْ عَھْدِ سُلْطَانِ الْاَعْظَمِ وَخَاقَانِ الْاَکْرَمِ صَاحِبِ قِرَانِ ثَانِیْ۔ اِذَا سُئِلْتَ عَنْ بِنَاءِ تَارِیْخِہٖ فَقُلْ "ھُوَ الْبَیْتُ الْعَتِیْق"

خط جناب ڈاکٹر محمد ابو تراب صاحب منگل کوٹ مورخہ ۲۷ مئی ۱۹۷۵ء اور خط الحاج مولانا سید محمد شبیر الدین صاحب مدظلہ ڈھاکہ مورخہ ۱۷ جون ۱۹۷۵ء۔

[2] خط جناب ڈاکٹر محمد ابو تراب صاحب مدظلہ صدر حضرت حمید بنگالی رح وقف کمیٹی" منگل کوٹ بنام راقم الحروف

(بقیہ حاشیہ ص ۱۶۲ پر)

چہ اولاد کبار او کہ قیوم زماں بودہ — بسانِ کشتی نوح آمد در موجِ طوفانی
زبنگالہ چہ بر گویم کہ مولانا حمید اُو — بیا پوشِ جنابش آمدہ مقبولِ ربّانی
نہے پایوشِ پاک اُو کہ چوں خاکِ شفا کردہ — شفائے ظاہر و باطن بخلق اللہ ارزانی
بمنگل کوٹ اُدنگر کہ گلزار ارم بودہ — در و دیوار او اکنوں نہادہ سر بویرانی
بلے کس گنج زر پنہاں نیابد جز بویرانی — بلے کس آب حیواں را ندیدہ جز بظلمانی
ایا شاہ بلند اختر چراغ بزم سرہندی — کہ مرغ روح تو بودہ چو مرغ قاف قرآنی[1]

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۶۱ کا]

بوصولہ ۲۹ مئی سنہ ۱۹۷۵ء

[3] شہزادپور۔ کاراتوپا اور اترائی ندیوں کے مقام اتصال کے قریب ضلع پابنہ مشرقی بنگال کے سراج گنج سب ڈویژن کا مشہور قصبہ اور تھانہ کا صدر مقام ہے۔ کلکتہ یونی ورسٹی کے سابق لکچرر مولانا سید عبدالرشید صاحب مجددی رشید یہاں کے نامور عالم گذرے ہیں۔ گلبانگ رشید آپ کی مشہور تصنیف ہے جس میں حضرت امام ربانی رح کی شان میں نہایت عمدہ قصیدہ شامل ہے۔ اس قصیدہ کا مطلع اور مقطع یہ ہے:۔

خورشید بزم اولیا مشتاق دیدار تو ام — جمشید تخت کبریا مشتاق دیدار توام
بندہ رشید بے نوا در مدح تو نغمہ سرا — اے بلبلِ باغ ولی مشتاق دیدار توام

ماخوذ الفرقان بریلی۔ مجدد الف ثانی نمبر ص ۹۵ سنہ ۱۳۵۷ھ۔ مرسلہ الحاج مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ ڈھاکہ۔ مورخہ ۱۷ جون سنہ ۱۹۷۵ء

[1] ماخوذ از تحفہ مجددیہ، حصہ اول فارسی منظوم نقل کردہ مولانا ایس۔ ام۔ نواب علی صاحب مدرسہ عالیہ ڈھاکہ۔ مورخہ یکم مئی سنہ ۱۹۷۵ء مرسلہ جناب مولانا سید ابو البشر محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ (بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۶۳ پر)

Marfat.com

مکتوباتؔ امام ربّانی رح میں حضرت شیخ حمید الدین دانشمند بنگالی رح کے نام چار خطوط ملتے ہیں۔ پہلا خط دفتر اوّل حصہ اوّل میں (مکتوب ۵۸) ہے اس میں حضرت مجدّد پاک رح نے تحریر فرمایا ہے کہ کمال کے مرتبوں میں استعداد کے تفاوت کے مطابق فرق ہوتا ہے۔ دوسرا خط دفتر اوّل حصہ دوم میں (مکتوب ۲۹۲) ہے۔ یہ اہم اور طویل خط ساڑھے چار صفحات میں ہے۔ اس میں مریدوں کے آداب ضروری اور مقامات روحانی کے متعلق صوفیوں کی بعض غلط فہمیوں کا مفصّل بیان ہے۔ تیسرا خط دفتر دوم میں (مکتوب ۴۶) چھ صفحات میں ہے اس میں کلمہ طیبہ کے فضائل بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ طریقت، حقیقت اور شریعت پر مشتمل ہے اور کمالات نبوّت کے مقابلہ کمالات ولایت کی کچھ مقدار نہیں۔ صاحب ولایت کو شریعت سے چارہ نہیں وہ ہمیشہ شریعت کے ساتھ رح مکلّف ہے۔ چوتھا خط دفتر دوم میں (مکتوب ۸۴) ہے۔ اِس میں حضرت مجدّد پاک نے اپنے دُور افتادہ مرید سے شکایت کی ہے کہ اُن کی طرف سے خط بہت کم آتے ہیں۔ لکھتے ہیں:

"اخوی ارشدی میاں شیخ حمید، عجب اِنزوا اختیار نمودند کہ سلام و پیام

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۶۲ کا)

جدوناتھ باسک لین ڈھاکہ ۱ موصولہ ۶ مئی ۱۹۷۵ء؛ تذکرہ مجدد الف ثانی رح۔ مولانا منظور نعمانی صفحہ ۳۳۳ (صرف چار اشعار۔ چوتھا سے ساتواں تک)

لہ مکتوبات حضرت امام ربّانی رح (اردو ترجمہ) الجنۃ العلمیہ۔ حیدرآباد ۲۴

راہم آنجا گنجائش کمتر است، دریں ہفت وہشت سال یک کتابت
از جانب شما رسیدہ آنہم ناتمام و بے سرانجام۔ کتابت ہا کہ ازیں جانب
می رود۔ معلوم نیست کہ بشما می رسد یا نہ"

اسی خط میں تحریر فرمایا ہے کہ شیخ عبدالحی[1] کو جو پانچ سال تک میرے
ساتھ رہے اور سلوک کے احوال سے واقف ہیں۔ آپ کے پاس بھیج رہا ہوں۔ تاکہ آپ
کے احوال سے آگہی حاصل کریں اور آئندہ کے لیے مناسب مشورے دیں۔

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رح نے حضرت
شیخ حمید الدین دانشمند بنگالی رح کو جو خلافت نامہ عطا کیا تھا وہ حضرت بدرالدین
سرہندی رح کی کتاب "حضرات القدس" دفتر دوم مطبوعہ لاہور میں درج[2] ہے۔ تبرکاً

---

[1] آپ حصار شادمان علاقہ اصفہان، ایران کے رہنے والے تھے۔ مسکین طبع اور خموشی پسند بزرگ
تھے۔ تعلیم طریقت کی تکمیل کے بعد حضرت مجدد پاک رح نے آپ کو پٹنہ (صوبہ بہار) روانہ کیا تھا۔ پٹنہ میں قتل
سے حضرت مجدد رح کے ایک خلیفہ شیخ نور محمد رح مامور تھے حضرت نے لکھا ہے کہ مولانا عبدالحی رح اور شیخ نور محمد رح
دونوں عزیزوں کے وجود شہر (پٹنہ) میں قران السعدین کی مانند ہیں۔ مکتوبات ربانی کا دفتر ثانی مولانا عبدالحی رح
کا جمع کیا ہوا ہے۔ تذکرۃ العابدین (ص ۱۲۳) میں ہے کہ آپ نے ۱۰۷۰ھ = ۱۶۶۰ء میں انتقال فرمایا۔
تذکرہ مجدد الف ثانی۔ مولانا محمد منظور نعمانی ص ۳۳۰-۳۳۹

[2] نقل خلافت نامہ مع اردو ترجمہ مرسلہ جناب ڈاکٹر محمد ابوتراب صاحب نور منزل منگل کوٹ ضلع بردوان۔
مئی ۱۹۷۵ء؛ خلافت نامہ مع اردو ترجمہ کی فوٹو اسٹیٹ کاپی مرسلہ جناب الحاج مولانا سید

(بقیہ حاشیہ ص ۱۶۵)

وَتَیَمُّنًا اُس مبارک تحریر کو یہاں نقل کیا جاتا ہے :

اَمَّا بَعْدَ اَلْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ فَیَقُوْلُ الْعَبْدُ الْمُفْتَقِرُ اِلٰی رَحْمَتِ اللّٰہِ الْمَلِکِ الْوَلِیِّ اَحْمَدُ بْنُ الشَّیْخِ عَبْدِ الْاَحَدِ الْفَارُوْقِیُّ النَّقْشَبَنْدِیُّ رَحِمَھَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ رَحْمَۃً وَّاسِعَۃً اَنَّ الْاَخَ الْعَالِمَ وَالصِّدِّیْقَ الصَّالِحَ عَالِمَ عُلُوْمِ الشَّرِیْعَۃِ وَالطَّرِیْقَۃِ الشَّیْخَ حَمِیْدَنِ الْبَنْگَالِیَّ وَفَّقَہُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ لِمَا یُحِبُّہٗ وَیَرْضَاہُ لَمَّا قَطَعَ مَنَازِلَ السُّلُوْکِ وَعَرَجَ مَعَارِجَ الْجَذْبَۃِ وَوَصَلَ اِلٰی دَرَجَۃِ الْوَلَایَۃِ بَعْدَ اَنْ حَصَلَ لَہٗ اِنْدِرَاجُ النِّھَایَۃِ فِی الْبِدَایَۃِ اَجَزْتُہٗ لِتَعْلِیْمِ طَرِیْقَۃِ الْمَشَایِخِ النَّقْشَبَنْدِیَّۃِ قَدَّسَ اللّٰہُ اَسْرَارَھُمْ لِلطَّالِبِیْنَ الْمُسْتَرْشِدِیْنَ وَالْمُرِیْدِیْنَ الْمُخْلِصِیْنَ بَعْدَ اِسْتِخَارَۃٍ وَّحُصُوْلِ الْاِذْنِ مِنَ اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ وَالْمَسْئُوْلُ مِنَ اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ اَنْ یَّعْصِمَہٗ عَمَّا لَا یَلِیْقُ وَیَحْفَظَہٗ عَمَّا لَا یَنْبَغِیْ وَ

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۶۴ کا]

محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ ڈھاکہ، مولانا محمد منظور نعمانی نے اپنی کتاب تذکرہ مجدد الف ثانی میں صفحہ ۳۳۱ پر نزہۃ المقامات کے حوالہ سے اس خلافت نامہ کو نقل کیا ہے۔ حضرات القدس اور نزہۃ المقامات کی عبارت میں دو جگہ الفاظ کا فرق ہے۔

Marfat.com

الاستقامۃ علی متابعۃ سید المرسلین علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والتسلیمات ۵

اردو ترجمہ

بعد حمد و نعت کے فقیر محتاج رحمت ایزدی احمد بن شیخ عبدالاحد فاروقی نقشبندی (اللہ تعالیٰ دونوں کو اپنی رحمت واسعہ میں لے لے) کہتا ہے کہ برادر عالم صدیق صالح عالم علوم شریعت و طریقت و حقیقت شیخ حمید بنگالی نے (اللہ تعالیٰ اُن کو اپنی محبت و رضا کی توفیق دے) منازل سلوک کو طے کیا اور معارج جذبہ پر عروج کیا اور مراتب ولایت پر واصل ہوئے اور اس کے بعد انہیں اندراج نہایت فی البدایت حاصل ہو چکا۔ اس لئے میں نے اُن کو اجازت دی کہ طریقہ نقشبندیہ (اللہ تعالیٰ اُن کے اسرار کو پاک کرے) کی تعلیم مریدین، طالبین و مخلصین کو دیں اور یہ اجازت تعلیم بعد استخارہ و اجازت کہیہ دی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ بچائے اُن کو اُمور غیر لائقہ سے اور محفوظ رکھے اُن کو اعمالِ غیر مرضیہ سے اور اتباع سید المرسلین علیہ وعلیہم الصلوٰت والتسلیمات پر استقامت کی توفیق بخشے۔

حضرت صوفی سید فتح علی صاحب وسیسی[1] حضرت مولانا شیخ حمید الدین دانشمند بنگالیؒ کے مزار مبارک کی زیارت کے لئے منگل کوٹ تشریف لے گئے تھے۔ قصبہ منگل کوٹ میں آپ کے بہت سے مریدین اور متوسلین بھی تھے۔

---

[1] خط جناب ڈاکٹر محمد ابوتراب صاحب مدظلہٗ۔ نور منزل۔ منگل کوٹ، ضلع بردوان۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۰ مئی ۱۹۷۵ء

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

خلافت نامہ

حضرت مولانا شیخ حمید بنگالی

قدس سرہ العزیز

مقام منگل کوٹ ضلع بردوان

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو خلافت نامہ حضرت مولانا شیخ حمید بنگالی قدس سرہ العزیز کو عنایت فرمایا تھا وہ یہ ہے۔

خلافت نامہ

اَمَّا بَعْدَ الْحَمْدِ وَالصَّلٰوۃِ فَیَقُوْلُ الْعَبْدُ الْمُفْتَقِرُ اِلٰی رَحْمَۃِ اللّٰہِ الْمَلِکِ الْوَلِیِّ اَحْمَدُ بْنُ الشَّیْخِ عَبْدِ الْاَحَدِ الْفَارُوْقِیُّ النَّقْشَبَنْدِیُّ رَحِمَھُمَا اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ رَحْمَۃً وَّاسِعَۃً اَنَّ الْاَخَ الْعَالِمَ وَالصَّدِیْقَ الصَّالِحَ عَالِمَ عُلُوْمِ الشَّرِیْعَۃِ وَالطَّرِیْقَۃِ وَالْحَقِیْقَۃِ الشَّیْخَ حَمِیْدَ الْبَنْگَالِیَّ وَفَّقَہُ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ لِمَا یُحِبُّہٗ وَیَرْضَاہُ لَمَّا قَطَعَ مَنَازِلَ السُّلُوْکِ وَعَرَجَ مَعَارِجَ الْجَذْبَۃِ وَوَصَلَ اِلٰی دَرَجَۃِ الْوِلَایَۃِ بَعْدَ اَنْ حَصَلَ لَہٗ اِنْدِرَاجُ النِّھَایَۃِ فِی الْبِدَایَۃِ اَجَزْتُہٗ لِتَعْلِیْمِ طَرِیْقَۃِ الْمَشَائِخِ النَّقْشَبَنْدِیَّۃِ قَدَّسَ اللّٰہُ اَسْرَارَھُمْ لِلطَّالِبِیْنَ الْمُسْتَرْشِدِیْنَ وَالْمُرِیْدِیْنَ الْمُخْلِصِیْنَ بَعْدَ اسْتِخَارَۃٍ وَّحُصُوْلِ الْاِذْنِ مِنَ اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ وَالْمَسْئُوْلُ مِنَ اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ اَنْ یَّعْصِمَہٗ عَمَّا لَا یَلِیْقُ وَیَحْفَظَہٗ عَمَّا لَا یَنْبَغِیْ وَالْاِسْتِقَامَۃُ عَلٰی مُتَابَعَۃِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمُ الصَّلٰوۃُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ ۔

ترجمہ

[illegible]

[illegible]

۹- خلافت نامہ حضرت شیخ حمید دانشمند بنگالی رح

Marfat.com

جن کا ذکر آگے خلفاء اور مریدین کے سلسلہ میں آئے گا۔

وبائی بخار کے سبب دارالحکومت گوڑ کی طرح جب منگل کوٹ کا قصبہ بھی تقریباً ویران ہوگیا، تو حضرت حمید الدین دانشمندؒ کے مزار مبارک کے آس پاس کا علاقہ جنگلوں سے بھر گیا اور مزار شریف تک جانا مشکل تھا۔ مزار مبارک کی عمارت کو بھی نقصان پہنچا۔ لیکن ۱۹۳۸ء میں کلکتہ سے دیندار اور صاحب ہمت مسلمانوں کی ایک چھوٹی سی جماعت جناب خان بہادر ابوالخیر محمد صدیق[1] صاحب رجسٹرار

---

[1] خان بہادر ابوالخیر محمد صدیق رح کے مورث اعلیٰ بغداد سے دہلی اور دہلی سے عہد شاہ جہانی میں بنگال آئے۔ ان کے والد جناب خان بہادر مولوی غلام قاسم صاحب (متوفی ۱۳۳۷ھ = ۱۹۱۹ء) بشیرہاٹ ضلع چوبیس پرگنہ کے رہنے والے بڑے بااثر رئیس اور وسطی بنگال میں مسلمانوں کے ایک مشہور رہنما تھے خان بہادر ابوالخیر محمد صدیق رح نومبر ۱۸۸۸ء میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۰۸ء میں بنگال رجسٹریشن سروس میں داخل ہوئے۔ رجسٹرار اشورنس کی حیثیت سے ۱۹۴۳ء میں ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔ شرف بیعت شمس العلماء مولانا غلام سلمانی صاحبؒ (فرفرہ شریف) سے حاصل تھا۔ اعلیٰ خدمات کے صلہ میں جنوری ۱۹۴۶ء میں ان کو خان بہادر کا خطاب ملا۔ ۱۵ جون ۱۹۵۶ء کو کلکتہ میں انتقال ہوا۔ مزار آپ کا رائے چرن پال لین کلکتہ) کے نیل جالا قبرستان میں ہے۔ ان کی شادی نواب عبداللطیف خان بہادر سی۔ آئی۔ ای۔ سابق وزیر بھوپال کی چھوٹی صاحبزادی عصمت النساء بیگم سے ہوئی تھی۔ نواب زادی عصمت النساء بیگم کی تنہیال رام پور (یوپی) کے مجددی خاندان میں تھی وہ اسلامیات اور ادب اردو میں مہارت کاملہ رکھتی تھیں۔ اردو کی نہایت کامیاب شاعر تھیں۔ اکثر اُن کا کلام

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۶۸ پر)

Marfat.com

آشورنس کی نگرانی میں منگل کوٹ پہنچی۔ اِس جماعت میں حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح کے خلیفہ حضرت مولانا شاہ ابوبکر صاحب صدّیقی رح کے دوم مرید پریزیڈنسی کالج کلکتہ کے پروفیسر جناب مولانا عبدالخالق صاحب رح اور جناب سیّد معین الدین[1] اور اُن کے مضامین الفرقان بریلی اور عصر جدید کلکتہ میں شائع ہوتے تھے۔ ۳ر جولائی ۱۹۵۷ء کو چاٹگام میں انتقال ہوا۔ مزار شاہ غریب اللہ کی پہاڑی پر ہے۔ خان بہادر ابوالخیر محمد صدّیق رح نے حضرت امام ربّانی رح اور اُن کے نامور خلیفہ مولانا حمید الدین دانشمند سنگالی رح کے متعلق بہت تحقیقی کام کیا تھا۔ منگل کوٹ میں مزار شریف کی صفائی اور مرمّت کے سلسلہ میں بنگال وقف بورڈ نے اُن کی خدمات کو بہت سراہا تھا۔ خان بہادر صاحب رح کے بڑے بیٹے فاروق احمد ام۔ اے چاٹگام میں اور دوسرے بیٹے ابوزاہد جلیل احمد ام اے ڈھاکہ میں رہتے ہیں۔ الحاج مولانا سیّد ابوالبشر محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ ڈھاکہ آپ کے حقیقی بھانجے ہیں۔ خط جناب مولانا بشیر الدین صاحب مورخہ ۱۲ر مارچ ۱۹۷۵ء اور خط جناب ابوزاہد جلیل احمد صاحب مورخہ ۱۳ر اپریل ۱۹۷۵ء اور خط جناب ڈاکٹر محمد ابوتراب صاحب منگل کوٹ۔ موصولہ ۲۹ر مئی ۱۹۷۵ء

---

[1] جناب سیّد معین الدین صاحب رح علی پور ضلع چوبیس پرگنہ۔ انسپکٹر پولیس کو حضرت مولانا شاہ ابوبکر صاحب صدیقی رح سے شرف بیعت حاصل تھا۔ یہ جناب سیّد عبدالعزیز صاحب (متوفی ۱۹۲۱ء) علی پور کے صاحبزادے اور جناب خان بہادر غلام قاسم صاحب رئیس بشیرہاٹ ضلع چوبیس پرگنہ کے داماد تھے۔ ۱۹۴۲ء میں انتقال ہوا۔ مزار آپ کا مدھوپور ضلع سنتھال پرگنہ میں ہے۔ آپ کی بھتیجی سیّدہ منوّرہ بیگم (بنت سیّد غلام محی الدین صاحب) سے حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح کے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۶۹ پر)

Marfat.com

صاحب انسپکٹر پولیس شامل تھے۔ ان بزرگوں کی کوششوں سے حضرت حمید الدین دانشمند رح کے مزار شریف کے پاس جنگل کو صاف کیا گیا۔ راستہ بنایا گیا۔ مزار شریف کی عمارت کی ضروری مرمّت کرائی گئی۔ اس کے بعد زائرین کی آمد و رفت بن آسانی ہو لی۔ مزار مبارک کی حفاظت اور اُس کے مُستقل انتظام کے لئے منگل کوٹ میں ایک کمیٹی قائم کی گئی۔ جو جناب ڈاکٹر محمد ابو تراب صاحب مدظلہٗ کی صدارت میں قابل قدر اور لائق ستائش خدمات انجام دے رہی ہے۔

قطب العالم غوث الاعظم حضرت پیران پیر دستگیر رح کی اولاد میں سیدنا حضرت ذاکر علی القادری بغدادی ایک اشارہ غیبی کے تحت ۱۷۶۴ء میں منگل کوٹ تشریف لائے اور یہیں اکیاسی سال کی عمر میں ۱۱۹۲ھ = ۱۷۷۸ء میں آپ کا انتقال ہوا۔ سیدنا مرشد علی القادری رح نے آپ کے وصال کا قطعہ تاریخ[1] لکھا ہے۔

نور چشم شیخ محی الدین کہ بود — راہی ملک بقا شد آں ولی
گفت سالش عاصی افسردہ دل — زندہ دل آگاہ دل ذاکر علی

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۶۸ کا] ۱۱۹۲ھ

کے پوتے سید مسعود الرحمٰن صاحب مرحوم کی شادی ہوئی تھی حضرت مولانا ابوبکر صاحب رح کے خلیفہ اور بنگال کے نامور عالم اور صوفی الحاج مولانا سید بشیر الدین صاحب مدظلہٗ جناب سید معین الدین صاحب رح کے صاحبزادے ہیں۔

---

[1] ماخوذ از بہر زبان عارفاں فی مناقب محبوب سبحانی رح المعروف بہ دیوان حضرت جمال۔

منگل کوٹ ہی میں سیّدنا حضرت ذاکر علی القادری رح کے بھتیجے، داماد اور جانشین سیّدنا شاہ طفیل علی قادری رح بھی آرام فرما ہیں۔ سیّدنا حضرت ذاکر علی القادری رح اور اُن کے خاندان کے دوسرے بزرگوں کی مساعی جمیلہ سے بنگال میں سلسلہ عالیہ قادریہ کو بہت ترقی ہوئی۔ آپ کے بھائی سیّدنا روشن علی رح پورنیہ (بہار) تشریف لے گئے اور وہاں سلسلۂ قادریہ کا مرکز قائم کیا۔ سیّدنا شاہ طفیل علی قادری رح کی دوسری شادی مدنا پور میں حضرت شہباز بھاگل پوری[1] رح کے ممتاز خلیفہ دیوان سید رجی البلخی رح (چندن شہید) کے

[بقیہ حاشیہ ص ۱۶۹ کا]

قطعات ص ۳۹۵۔ مطبع ستارہ ہند لمیٹیڈ کلکتہ۔ مرسلہ جناب مولانا سید محمد شیر الدین صاحب ڈھاکہ۔ موصولہ ۶ مئی ۱۹۷۵ء

---

[1] حضرت مولانا سید شہباز بھاگل پوری رح عہد شاہ جہانی میں مشرقی ہندوستان کے نامور بزرگ گذرے ہیں۔ حضرت سید جلال بخاری رح کی پندرہویں پشت میں تھے۔ والد کا نام مولانا سید شاہ محمد خطاب رح اور دادا کا نام حاجی خیر الدین رح تھا۔ آپ کے پیر و مرشد حضرت مولانا سید حسین سہروردی رح کا مزار محلہ دائرہ بہار شریف ضلع نالندہ (بہار) میں ملک کے کنارے ہے۔ باپ سے بغاوت کے زمانہ میں شاہ جہاں آپ کی خدمت میں دعا کے لئے حاضر ہوا تھا۔ مولانا شوکت علی فہمی لکھتے ہیں کہ ۹۵۶ھ = ۱۵۴۹ء میں پیدا ہوئے۔ تعلیم والد کی نگرانی میں اور پھر قنوج میں ہوئی۔ ۱۶ صفر ۱۰۵۰ھ (جون ۱۶۴۰ء) کو انتقال ہوا۔ پروفیسر سید حسن عسکری آپ کا سال وفات ۱۰۷۷ھ = ۱۶۶۶ء تسلیم کرتے ہیں۔ مزار مبارک آپ کا بھاگل پور میں ریلوے اسٹیشن سے متصل دکھن مولا نا چک میں منبع فیض

(بقیہ حاشیہ ص ۱۷۱ پر)

خاندان میں ہوئی تھی۔ آپ نے ۱۸۳۶ء میں انتقال کیا۔ آپ کے دوسرے صاحبزادے حضرت سیّد مہر علی قادریؒ المعروف بہ حضرت اعلیٰ حضورؒ تھے۔ ۱۸۰۸ء میں مدنا پور میں پیدا ہوئے اور وہیں ۱۸۶۸ء میں انتقال ہوا۔ آپ نے مدنا پور میں ایک مدرسہ اور خانقاہ قائم کیا۔ اور اضلاع مدنا پور۔ ہوڑہ۔ ہوگلی۔ بانکورا۔ بردوان۔ مرشد آباد۔ اور بیربھوم میں آپ نے دورہ کر کے تبلیغ و ہدایت کی نیک اور اعلیٰ خدمات انجام دیں۔ اور ان علاقوں کے مسلمانوں کو آپ سے بہت فیض پہنچا۔ حضرت صوفی فتح علی صاحب ولیسیؒ (متوفی ۱۸۸۶ء) نے آپ کا زمانہ دیکھا تھا۔ حضرت اعلیٰ حضورؒ کے جانشین حضرت شاہ علی عبدالقادر شمس القادر مرشد علی القادریؒ تھے۔ آپ مدنا پور میں جمعہ ۲۷ رمضان المبارک ۱۲۶۸ھ = ۱۶ جولائی ۱۸۵۲ء کو پیدا ہوئے سولہ سال کی عمر میں اپنے والد کے جانشین ہوئے اور تقریباً ۴۳ سال تک مسند ارشاد و ہدایت پر

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۷۰ پر]

اور مرجع خلائق ہے۔ بھاگل پور میں نرمل جوگی سے مقابلہ ہوا تھا۔ امور شریعت کے سختی سے پابند تھے۔ بھاگل پور میں بہت بڑا مدرسہ قائم کیا تھا پانچ سو کتابیں دست مبارک سے لکھی تھیں۔ مدنا پور مغربی بنگال کے حضرت دیوان سید رجی البلخی (چندن شہیدؒ) اور پٹنہ عظیم آباد کے ملّا شادمانؒ آپ کے مشہور خلیفہ ہوئے ہیں۔ حضرت چندن شہیدؒ کا مزار مدنا پور کے محلہ مینا بازار میں ہے۔ وہاں مسجد میں قرآن پاک کا ایک قدیم نسخہ ہے۔ ملّا شادمانؒ کا مزار بہار انجینئرنگ کالج پٹنہ کے میدان میں ہے۔ فرخ سیر آپ کا بہت معتقد تھا۔ — مدنا پور گزیٹیر۔ ایس۔ ایس۔ او میلی ۱۹۱۱ء۔ ہندو اور پاکستان کے اولیا۔ شوکت علی فہمی ص ۱۸۴—۱۷۰، کرنٹ اسٹڈیز، پٹنہ کالج۔ جنوری ۱۹۵۸ء ص ۳۳۔ سید حسن عسکری

جلوہ افروز رہے۔ زیادہ تر قیام کلکتہ میں رہا۔ اتوار ۲۷ شوال ۱۳۱۸ھ = ۷ فروری ۱۹۰۱ء کو انتقال ہوا۔ مزار مبارک مدنا پور میں ہے جس پر ایک نہایت خوبصورت عمارت بنی ہوئی ہے۔ سیدنا حضرت مرشد علی القادری رح نے اردو اور فارسی میں اپنا دیوان مرتب کیا۔ اپنے والد بزرگوار کی طرح آپ بھی حضرت صوفی فتح علی صاحب ویسی رح کے ہم عصر تھے۔ صوفی صاحب رح کے پندرہ سال بعد آپ کا وصال ہوا۔ سینٹ زیویرس کالج کلکتہ کے پروفیسر مولانا عبدالرحمٰن قادری رح نے آپ کے سوانح حیات اور ارشادات "تزکوۃ المولیٰ" کے نام سے دو جلدوں میں شائع کیا۔ سیدنا مرشد علی القادری رح کے جانشین حضرت سید شاہ ارشاد علی قادری رح المعروف بہ حضور مولا ہوئے۔ یہ ۱۸۸۳ء میں کلکتہ میں پیدا ہوئے اور ۱۹۵۳ء میں آپ کا انتقال ہوا۔ خان بہادر عبدالغفار صاحب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ٹپیرا نے انگریزی میں "اے بائوگرافی آف مائی حضور" کے نام سے آپ کی سوانح حیات تصنیف کی جو کلکتہ سے ۱۹۳۴ء میں شائع ہوئی۔[1]

سرکار شریف آباد کے علاقہ میں سالار بنوذیہ اور منصور پور وغیرہ مواضعات کے اخوند کاران صدیقی سلطان غیاث الدین کے قاضی القضات شیخ سراج الدین رح کی اولاد میں ہیں اور اپنا سلسلۂ طریقت پانڈوا شریف ضلع مالدہ

---

[1] رود کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۶۷۲-۶۷۹؛ خط جناب مولانا سید ابوالبشر محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ بنام راقم الحروف موصولہ ۶ مئی ۱۹۷۵ء۔

کے مشہور بزرگ حضرت نور قطب عالمؒ سے ملاتے ہیں[1]۔ گیارہ واسطوں سے حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب قلندر رح کا سلسلۂ طریقت بھی حضرت نور قطب عالمؒ سے ملتا ہے۔ بردوان بھی سرکار شریف آباد میں شامل تھا۔ جہاں سولہویں صدی عیسوی کے مشہور صاحب دیوان فارسی شاعر حاجی پیر بہرام سقہؒ خواجہ انور شاہؒ، شہنشاہ جہانگیر کے کوکہ اور بنگال کے گورنر قطب الدین خان کوکلتاش (متوفی ۱۶۰۷ء) نورجہاں بیگم کے پہلے شوہر شیر افگن خاں اور فرخ سیر بادشاہ کے زمانہ کے صوفی بایزید رح کے مزارات ہیں۔ شہزادہ عظیم الشان اور فرخ سیر بادشاہ کی بنوائی ہوئی مسجدیں ہیں[2]۔ حاجی بہرام سقہؒ کی درگاہ میں وزیر اعظم شیخ ابوالفضل علّامی کی کتاب اکبر نامہ[3] کا ایک نسخہ موجود ہے۔ اس کتاب کا دوسرا نسخہ برٹش میوزیم لندن میں ہے۔

شہر بردوان سے ۲۴ میل (۳۹ کیلومیٹر) شمال مشرق کی طرف اجے ندی

---

[1] رود کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۴۶۱-۶۲ ؛ مالدہ ضلع گزیٹیر۔ جی۔ ای۔ لیمبورن کلکتہ ۱۹۱۸ء، ص ۱۷

[2] بہرام سقہؒ نے بردوان میں ۹۷۰ھ (۱۵۶۲-۶۳ء) میں انتقال کیا۔ رود کوثر شیخ محمد اکرام ص ۵۷-۱۵۶
بردوان ضلع گزیٹیر۔ جے سی۔ کے پڑسن ۱۹۱۰ء

[3] خط مولانا سید بشیر الدین صاحب ڈھاکہ مورخہ ۱۶ جون ۱۹۷۵ء۔ بحوالہ مضمون جناب عبد المودود صاحب حج مرحوم ۱۳۷۷ بنگلہ فصلی۔

Marfat.com

کی ایک معاون ندی کو نُور کے کنارے منگل کوٹ[1] کا قصبہ آباد ہے۔ مُسلمانوں کے دُورِ حکومت میں یہ بہت کافی بڑا اور آباد شہر تھا۔ یہاں قاضی القضاۃ رہتے تھے اُمرائے عظام اور علمائے کبار یہاں آباد تھے۔ صوفیائے کرام کا مرکز تھا۔ دُور دُور سے مسلمان زائرین حصول فیوض و برکات کے لئے یہاں آتے تھے۔ نماز جمعہ میں مسلمانوں کا اتنا عظیم اجتماع ہوتا تھا کہ اُن میں صرف علماء کی تعداد سات سو ہوتی تھی[2]۔ اب بھی قصبہ کے مضافات میں عظیم الشان شاہ بہالی مسجد کا کھنڈر موجود ہے مسلمانوں نے شاہی مسجد کے ملبہ سے ایک دوسری مسجد تعمیر کر لی ہے۔ بہت سی پرانی مسجدیں ہیں۔ اس وقت قصبہ کی آبادی تقریباً چھ ہزار ہے۔ جس میں دو تہائی

---

[1] منگل کوٹ بردوان ضلع کے کٹوا سب ڈویژن میں تھانہ کا صدر مقام ہے۔ یہاں دواخانہ ڈاک خانہ اور سب رجسٹری آفس ہے۔ مُسلمانوں نے یہاں ایک مدرسہ قائم کیا ہے۔ ۱۹۰۱ء کی مردم شماری میں قصبہ منگل کوٹ میں ۶۲۳ مکانات تھے اور آبادی صرف ۲۳۳۵ نفوس پر مشتمل تھی۔ ہندوؤں کے زمانہ میں یہاں سادگوپ خاندان والوں کی ایک فوجی چوکی تھی۔ بردوان ضلع گزیٹیر۔ جے سی کے پٹرسن ۱۹۱۰ء صفحہ ۲۰۰ ۱۹۴۱ء کی مردم شماری میں منگل کوٹ تھانہ کا رقبہ ۱۴۱ مربع میل اور آبادی ۱۹۵۸۱ تھی جن میں مسلمان ۲۲۲۴۵ تھے۔ مردم شماری ہند ۱۹۴۱ء جلد چہارم۔ بنگال۔ آر۔ اے ڈُوش ۱۹۴۲ء

[2] خط جناب الحاج مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ ڈھاکہ بنام راقم الحروف موصولہ ۶ مئی ۱۹۷۵ء۔

Marfat.com

مسلمان[1] ہیں۔ ریل کی لائن سے دُور ہونے اور کوئی صنعتی مرکز نہیں ہونے کے باعث آبادی میں تیزی سے اضافہ نہیں ہو رہا ہے۔

سرکار شریف آباد کے علاقہ میں مسلمانوں کی آبادی کبھی بھی ایک تہائی سے متجاوز نہ ہو سکی[2]۔ لیکن شاید صوفیائے کرام کے گہرے اثرات اور علماء و مشائخ کی آبادی کے پیش نظر ہی حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ولیسی رح نے اپنے رشتہ مناکحت اور اپنی بود و باش کے لئے راڑھ کے اس علاقہ کا انتخاب کیا۔ حضرت صوفی صاحب رح نے اپنی رہائش کے لئے پُناسی ضلع مرشد آباد میں ایک چھوٹا سا مکان تعمیر کرایا تھا اور ملازمت سے استعفا دینے کے بعد آپ کا بر ابر اسی بستی میں قیام رہا۔ یہاں سے آپ اکثر و بیشتر بنگال اور آسام کے دیہی اور دُور دراز علاقوں میں رُشد و ہدایت کی غرض سے دورہ کیا کرتے تھے۔ موضع پُناسی کانڈی سب ڈویژن کے بھرت پور تھانہ کے بالکل جنوبی حصہ میں بردوان ضلع کی سرحد کے قریب واقع ہے یہ بستی بنڈیل جنکشن سے کٹوا اور عظیم گنج ہوتے ہوئے براہ راست جنکشن کو جانے والی

---

[1] خط جناب ڈاکٹر محمد ابو تراب صاحب نُور منزل منگل کوٹ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۷ مئی ۱۹۷۵ء

[2] ۱۹۴۱ء کی مردم شماری کے مطابق ضلع مرشد آباد کے کانڈی سب ڈویژن میں مسلمانوں کی آبادی کا تناسب ۸۷۶۰۴ فی صد اور بردوان ضلع کے کٹوا سب ڈویژن میں ۸۲۷۲۳ فی صد تھا۔ کانڈی سب ڈویژن کے بھرت پور تھانہ میں مسلمانوں کی آبادی کل آبادی کا ۷۱۷۶۴ فی صد تھی۔ رپورٹ مردم شماری ہند ۱۹۴۱ء جلد چہارم بنگال آر۔ اے ڈوش (آئی سی۔ ایس) سملہ ۱۹۴۲ء

ایسٹرن ریلوے کی لائن کے جھامت پور بہاراں[1] ریلوے اسٹیشن سے نصف میل (پون کیلومیٹر) کے فاصلہ پر پچھم کی طرف ہے۔ اس لائن کے سالار ریلوے اسٹیشن سے پُناسی دو[2] میل (تین کیلومیٹر) دکھن پچھم ہے۔

۱۲- اِنتقال

تقریباً اٹھارہ، اُنیس سال تک رُشد و ہدایت کے کاموں میں مشغول رہنے کے بعد ۶۱ سال کی عمر میں حضرت معونی سیّد فتح علی صاحب وسیؒ رحمۃ اللہ علیہ نے ۸ ربیع الاوّل ۱۳۰۴ھ (۶ دسمبر ۱۸۸۶ء) = ۲۰ اگہن ۱۲۹۳ بنگلہ فصلی کو اتوار کے دن چار بجے شام میں کلکتہ میں انتقال فرمایا۔ اور شہر کلکتہ کے شمالی مشرقی حصّہ میں اپر سرکلر روڈ اور سرکلر نہر کے درمیان ۲۴/۱ منشی پارا لین۔ لالہ یگان۔ مانک تلہ کلکتہ ۶ کے دِلّی وال قبرستان میں دفن ہوئے۔ منشی پارا لین

---

[1] کٹوا جنکشن سے اُتر کی طرف جھامت پور بہاران دوسرا اور سالار تیسرا اسٹیشن ہے۔ ہوڑہ سے جھامت پور بہاران کا فاصلہ ۱۵۷ کیلومیٹر۔ بنڈیل جنکشن سے ۱۱۷ کیلومیٹر اور کٹوا جنکشن سے تیرہ کیلومیٹر ہے۔ برہروا جنکشن (ضلع سنتھال پرگنہ بہار) سے جھامت پور بہاران ۱۲۸ کیلومیٹر دور ہے۔ جھامت پور بہاران ضلع بردوان میں اور سالار ضلع مرشد آباد میں ہے اور دونوں اسٹیشنوں کے درمیانی صرف ڈھائی میل (چار کیلومیٹر) کا فاصلہ ہے۔ پُناسی ضلع مرشد آباد میں ہے۔ لیکن ڈاک کا پتہ پُناسی ڈاک خانہ بہران۔ براہ کٹوا۔ ضلع بردوان ہے۔



۱۰- مزار مبارک حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی رح۔ کلکتہ ۶

Marfat.com





چیت پور
گھوسوری
سال کھیا
دریائے ہوگلی
شام بازار
گرے اسٹریٹ
الٹا ڈنگا روڈ
صوفی فتح علیؒ
لالہ بگان
تھانہ
مانک تلا روڈ
ویویکانند اسٹریٹ
مکتارام باسو اسٹریٹ
کیشب
چندر سین
روڈ
نرکل ڈنگا
ہورہ پل
کاٹن
مچھوا بازار
کوٹھو ٹولا اسٹریٹ
کیننگ اسٹریٹ
سیالدہ
بلیا
گھٹا روڈ
ہورہ
بوبازار اسٹریٹ
گورنمنٹ ہاؤس
دھرم تلا اسٹریٹ
باغ عدن
فورٹ ولیم
میدان
خضر پور روڈ
وکٹوریہ میموریل
میدان
خضر پور
۱۰- کلکتہ
پیمانہ ایک انچ :- ایک میل
مرقد
حضرت صوفی سید فتح علیؒ

Marfat.com

کے وسطی حصّہ میں راستہ سے اُتر ایک مسجد ہے اور مسجد سے متّصل اُتر دلّی والوں کا ایک وسیع و عریض قبرستان ہے۔ اسی قبرستان کے وسط میں حضرت صوفی صاحبؒ کی ابدی آرام گاہ ہے

حضرت صوفی صاحبؒ کے نامور خلیفہ حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدّیقیؒ (فُرفُرہ شریف۔ ضلع ہوگلی) نے مزار شریف کے بیرونی حصّہ کو پختہ بنوا کر اُس پر تاریخ وفات کا فارسی اور بنگلہ میں کتبہ لگوایا۔ فارسی کتبہ کی عبارت درج ذیل ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَۃُ الْمَوْتِ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ

تاریخ بستم ماہ اگہن ۱۲۹۳ سنہ بنگلہ بروز یکشنبہ بوقت چار ساعت مسالی جناب حضرت قدوۃ السّالکین، زبدۃ العارفین قطب الارشاد حضرت صوفی فتح علی صاحب قدس سرّہٗ از دار فنا بدار البقا جلوہ گر شدند۔ مہتمم ہذا فقیر محمد ابوبکر عفی عنہ ساکن پھُرفُرہ ضلع ہوگلی مطابق ہشتم ربیع الاوّل ۱۳۰۴ ہجری باشد۔

لہ حیات ولیی۔ مولانا زین العابدین اختری۔ حصّہ بنگلہ ص ۵۵ اور خط جناب مولانا سیّد ابوالبشر محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ ۱۔

موصولہ ۳۰ ستمبر ۱۹۷۴ء

Marfat.com



۱۱ - لوح مزار پُر انوار حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسیؒ - کلکتہ

Marfat.com

جناب امیر الاسلام صاحب شرقی[1] مدظلہٗ نے حضرت صوفی صاحبؒ کے وفات کی تاریخ[2] لکھا ہے۔

تھے دادا پیر وال مرحوم کے حضور — آئینہ نبی تھے طریقت کے وہ ولی
سال وصال عیسوی شرقی تو کر رقم — زیبائش بہشت ہیں صوفی فتح علیؒ

۱۹۸۸۶

حضرت مولانا صوفی شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقیؒ (متوفی ۱۹۳۹ء) کے زمانہ تک ہر سال ۲۷ رمضان المبارک کو دلّی والی قبرستان۔ لالہ بگان۔ مانک تلہ۔ کلکتہ میں فاتحہ خوانی کے لئے صوفی صاحبؒ کے مریدین اور متوسلین کا بڑا اجتماع ہوتا تھا اور

---

[1] جناب امیر الاسلام صاحب شرقی ام اے ریٹائرڈ انکم ٹیکس آفیسر، جناب نواب سراج الاسلام صاحبؒ کے پوتے اور جناب خان بہادر امین الاسلام صاحب انسپکٹر جنرل رجسٹریشن بنگال کے صاحبزادے ہیں۔ نواب سراج الاسلام صاحب برہم باریا ضلع کوملّا کے رہنے والے تھے۔ شرقی صاحب کے نانا نواب سلطان عالم صاحب ٹالی گنج کلکتہ کا تعلق شہزادگان میسور کے خاندان سے ہے۔ ان تمام حضرات کو صوفی فتح علی صاحب ولیسیؒ کے خلیفہ شمس العلماء مولانا غلام سلمانی صاحبؒ (متوفی ۱۹۱۲ء) سے شرف بیعت حاصل تھا۔ نواب سلطان عالم صاحبؒ کا مزار شاہی مقبرہ ٹالی گنج صاحب باغان کلکتہ میں ہے اور نواب سراج الاسلام اور خان بہادر امین الاسلام صاحبؒ خان بہادر ابوالخیر محمد صدیق صاحبؒ کے ساتھ تیل جالا قبرستان بالے چرن پال لین کلکتہ میں امیرؒ اور عبداللہؒ نامی دو شہیدوں کی قبروں سے متصل احاطہ میں آسودہ ہیں۔ خط جناب مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ مورخہ ۲ رمضان المبارک ۱۳۹۴ھ موصولہ ۲ ستمبر ۱۹۷۴ء

[2] خط جناب مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ ڈھاکہ بنام مورخہ ۲۵ اگست ۱۹۷۴ء

Marfat.com

اِس مبارک و مسعود موقع پر تمام حضرات کے لئے افطاری کا سامان جناب خان بہادر محمد سلیمان[1] صاحب ام۔ال۔سی۔ مانک تلہ کے یہاں سے ہوتا تھا جناب خان بہادر مرحوم منوصوف کو حضرت صوفی صاحبؒ اور اُن کے خلفاء سے کمال عقیدت تھی۔

حیات ولیسی کے مصنّف ممتاز المحدثین مولانا زین العابدین صاحب اخرسی مدظلہٗ کے خسر محترم اور حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقیؒ کے ممتاز خلیفہ

---

[1] جناب خان بہادر محمد سلیمان صاحب مرحوم حاجی محمد یعقوب صاحب مرحوم کے صاحبزادے اور اوسیان ضلع غازی پور (یو۔پی) کے رہنے والے تھے۔ کاروبار تجارت کے سلسلہ میں قیام برابر مانک تلہ کلکتہ میں رہا۔ ۲۵ سال تک بنگال اسمبلی اور کونسل کے ممبر رہے۔ الکشن میں برابر مومن برادری کے پلیٹ فارم سے کھڑے ہوتے تھے۔ اعلیٰ خطابات کے صلہ میں خان صاحب اور خان بہادر کے خطابات سے سرفراز ہوئے۔ ۷۵ سال کی عمر میں اپریل ۱۹۴۸ء میں اپنی قیامگاہ ۷۸ راجہ دینندر اسٹریٹ مانک تلہ کلکتہ ۶ میں انتقال کیا اور صوفی صاحبؒ کی ابدی آرام گاہ دتی وال قبرستان مانک تلہ میں دفن ہوئے۔ ۱۹۵۰ء کے ہنگامہ میں آپ کی بہت بڑی جائداد پر دوسروں نے قبضہ کرلیا۔ آپ کے چھوٹے صاحبزادے جناب تقی محمود صاحب کا ۱۷ نومبر ۱۹۷۴ء کو انتقال ہوا۔ بڑے صاحبزادے جناب حاجی نبی محمد صاحب گیس اسٹریٹ راجہ بازار کلکتہ میں رہتے ہیں ان کو بھی اپنے والد مرحوم کی طرح حضرت صوفی صاحبؒ اُن کے پیر و مرشد صوفی نور محمد صاحب نظام پوریؒ اور صوفی صاحبؒ کے خلفاء اور سلسلہ کے دوسرے بزرگوں سے کمال عقیدت اور محبت ہے۔ حاجی نبی محمد صاحب مدظلہٗ کی ایک صاحبزادی پٹنہ میں جناب رضاء الرحمٰن صاحب وکیل (اقبال مینشن۔ عالم گنج پٹنہ ۷) سے بیاہی ہوئی ہیں۔ خط جناب مولانا سید شبیر الدین صاحب ڈھاکہ مورخہ ۲۰ دسمبر ۱۹۷۴ء اور خطوط جناب حاجی نبی محمد صاحب کلکتہ ۶ مورخہ ۲۷ جنوری ۱۹۷۵ء اور مورخہ ۲۹ مئی ۱۹۷۵ء

حضرت مولانا شاہ صوفی احمد علی صاحب حمید جلالی نوراللہ مرقدہٗ دکان کھولی شریف گارڈین ریچ۔ کلکتہ ۲۴) نے دلّی وال قبرستان کی مسجد میں اپنے دادا پیر حضرت ولیسی رح کی یادگار میں ایک مدرسہ دارالفنون قائم کیا تھا۔ وہ خود بھی اس مدرسہ میں طلبا کو قرآن پاک اور حدیث شریف کا درس دیا کرتے تھے۔ یہاں کے فارغ التحصیل طلباء بنگال کے دیہی علاقوں میں دین اسلام کی خدمت میں مصروف رہتے تھے[1]۔ شمالی کلکتہ کے نامساعد حالات کے سبب اب وہ مدرسہ باقی نہیں ہے۔

۱۳۔ ایصال ثواب کا سالانہ جلسہ

تقسیم ہند کے بعد جب کلکتہ میں فسادات ہوئے اور مانک تلہ کا علاقہ مسلمانوں سے بالکل خالی ہو گیا، تو حضرت مولانا شاہ صوفی احمد علی صاحب حمید جلالیؒ نے اگہن (دسمبر) ۱۹۴۹ء سے دلّی وال قبرستان کی مسجد میں حضرت ولیسی رح کے ایصال ثواب کے لئے باضابطہ جلسہ منعقد کرنا شروع کیا۔ جس میں بڑے بڑے علماء اور مشائخ کے علاوہ شہر کے ممتاز اور بااثر مسلمان بھی شریک ہونے لگے۔ پہلا جلسہ ۵ر۔ ۶ر اور ۷ر دسمبر ۱۹۴۹ء کو منعقد ہوا۔ جس میں بنگال کے مشہور مسلم رہنما جناب مولوی سید بدرالدجیٰ صاحب ام۔ ایل۔ اے بھی شریک ہوئے۔ دوسرا جلسہ ۲۰ر اگہن، ۶ر دسمبر ۱۹۵۰ء کو ہوا جس میں جناب ڈاکٹر آر۔ احمد۔ وزیر صوبہ مغربی بنگال شریک تھے۔ تیسرا جلسہ

---

[1] حیات ولیسی۔ مولانا اختری۔ حصہ اردو ص ۱۳



۱۱ - مانک تلہ - کلکتہ
مرقد
حضرت صوفی سید فتح علی ویسیؒ
مساجد
پیمانہ - تین انچ = ایک میل
الٹا ڈنگا روڈ
الٹا ڈنگا روڈ
الٹا ڈنگا
جین مندر
برودھ بہاری ملک روڈ
لالہ بگان
مزار شریف
منشی پارالین
تھانہ
قبرستان
بازار
چرچ
ویویکانند اسٹریٹ
بیڈن اسٹریٹ
بیتھن کالج
صوفی فتح علیؒ
مانک تلا
مانک تلا خاص روڈ
پولیس کمشنر
لائبریری
راجہ دیوندر اسٹریٹ
ودیا ساگر کالج
سیٹی کالج
تھانہ
سائنس کالج
بگان
پارسی
راجہ بازار
کیشب چندر سین اسٹریٹ
نرکل ڈنگا
گیس اسٹریٹ
مارواری اسپتال
چرچ
کارمائیکل ہوسٹل
نرکل ڈنگا خاص روڈ
نرکل ڈنگا پل
مرزاپور اسٹریٹ
ریلوے دفاتر
سیالدہ
رپن کالج

Marfat.com

حضرت مولانا حمید جلالی رح کے داماد ممتاز المحدثین مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہ کے زیر اہتمام ۲۰ اگہن، ۶ دسمبر ۱۹۵۱ء کو منعقد ہوا۔ اس میں مولوی عبدالحمید ڈپٹی ہائی کمشنر پاکستان نے شرکت کی۔ چوتھا جلسہ سنیچر ۲۰ اگہن، ۶ دسمبر ۱۹۵۲ء کو اور پانچواں جلسہ ۲۰ اگہن، ۶ دسمبر ۱۹۵۳ء بروز اتوار منعقد ہوا۔ چھٹا جلسہ ۲۰ اگہن، ۶ دسمبر ۱۹۵۴ء کو حضرت صوفی صاحب رح کے پوتے جناب مولانا شاہ صوفی مسعود الرحمٰن صاحب مرحوم کی صدارت میں منعقد ہوا۔[1]

ممتاز المحدثین جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہ گوشہ نشین کان کھولی شریف ضلع چوبیس پرگنہ (مصنف حیات ولیسی) کے زیر اہتمام ایصال ثواب کے اس سالانہ جلسہ کا سلسلہ جاری ہے۔ جس میں بنگال کے مختلف علاقوں سے بہت کافی مسلمان شریک ہوتے ہیں۔ چنانچہ ۶ دسمبر ۱۹۷۳ء کو ایصال ثواب کا سالانہ جلسہ بڑے اہتمام سے منعقد ہوا۔[2] ۲۰ اگہن، ۶ دسمبر ۱۹۷۴ء کو ایصال ثواب کے سالانہ جلسہ میں بھی مختلف اضلاع سے پیران طریقت اور سلسلہ کے برادران گرامی کثیر تعداد میں شریک[3] ہوئے۔

اتوار ۱۰ اگست ۱۹۶۹ء کو جب یہ ناچیز حضرت ولیسی رح کے دربار میں سلام کے لئے

---

[1] حیات ولیسی رح۔ مولانا اختری حصہ اردو ص ۴۶-۵۲

[2] خط جناب العابدین صاحب اختری مدظلہ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۷ دسمبر ۱۹۷۳ء

[3] خط مولانا زین العابدین صاحب اختری کلکتہ ۲۳۔ مورخہ ۱۳ جنوری ۱۹۷۵ء

Marfat.com

حاضر ہوا تھا، تو اُن دنوں دِلّی وال قبرستان کی مسجد میں رجولی ضلع گیا (اب ضلع نوادہ) کے بشارت کریم نامی مؤذن تھا رہتے تھے اور وہی مزار مبارک تک زائرین کی رہنمائی کرتے تھے۔ قبل والے فسادات ہی میں دلّی وال قبرستان کے اکثر مزارات شہید کر دیئے گئے تھے۔ صرف حضرت ولیسیؒ کا مزار شریف باقی تھا۔ اُسے بھی کچھ نقصان پہنچایا گیا تھا۔ ۱۹۷۱ء میں مشرقی بنگال میں جو سیاسی انقلاب آیا۔ اُس زمانہ میں یہاں ہندو پناہ گزینوں کی کافی تعداد آگئی اور اُن لوگوں نے مسجد اور قبرستان پر قبضہ کر لیا اور مکانات بنا لئے۔ مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلہٗ کی تصنیف حیات ولیسیؒ[1] کا مطالعہ کرنے کے بعد مُزمّل حسین نامی ایک مسلمان تاجر بنگلہ دیش سے کلکتہ آئے۔ اور کافی خرچ کر کے حضرت صوفی صاحبؒ کے مزار شریف کو نہایت عمدہ طریقہ سے بنوایا جو قابل دید ہے۔[2]

اپریل ۱۹۷۴ء میں میرے ایک ہموطن دوست نے کلکتہ سے مطلع کیا کہ رنشی پالا لین کی مسجد پر ہندو پناہ گزین قابض ہیں اور اب اُس مسجد میں صرف حضرت ولیسیؒ کے مزار شریف

---

[1] مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلہٗ کی قابل قدر تصنیف حیات ولیسیؒ ۱۹۵۵ء میں شائع ہوئی۔ اس کے دو حصے ہیں۔ اس کا پہلا حصہ بنگلہ میں ۸۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ دوسرا حصہ اُردو میں ہے، اس میں کُل ۶۸ صفحات ہیں۔ اس میں حضرت ولیسیؒ کے متعلق مضامین۔ کلام کا نمونہ اور تقریظیں شامل ہیں۔ اور حضرت صوفی صاحبؒ کے متعلق نہایت مستند کتاب ہے۔

[2] خط جناب مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۲ جون ۱۹۷۳ء

Marfat.com

کی زیارت کو جانے والے مُسلمان ہی نماز پڑھتے ہیں۔ ایک ہندو پنا ہگزین وضو کے لئے پانی کا انتظام کر دیتا ہے اور وہی حضرت صوفی صاحب کے مزار شریف تک رہنمائی کا کام انجام دیتا ہے۔ حضرت ولیسیؒ کا مزار شریف اچھے حال میں ہے۔ ابھی شہر میں امن ہے۔ اس لئے وہاں آنا جانا آسان ہے۔ ورنہ بدامنی کے زمانہ میں وہاں کسی مسلمان کا جانا ممکن نہیں۔[1] جناب حاجی نبی محمد صاحب (ابن خان بہادر محمد سلیمان صاحب ام۔ال۔سی مرحوم) گیس اسٹریٹ راجہ بازار کلکتہ ۶ کے خط مورخہ ۲۷ جنوری ۱۹۷۵ء سے بھی اِن باتوں کی تصدیق ہوتی ہے۔

۱۴۔ اَولادِ اَمجاد

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ولیسیؒ قدس سرّہٗ نے پُنیاسی ضلع مُرشد آباد میں شادی کی تھی۔ آپ کی اہلیہ محترمہ حضرت بی بی فاطمہ قدس سرّہا کا مزار پُنیاسی۔ تھانہ بھرت پور ضلع مرشد آباد میں ہے۔ آپ کے ایک صاحبزادے جناب سیّد مُصطفیٰ علیؒ اور ایک صاحبزادی بی بی زہرا صاحبہؒ تھیں۔ جناب سیّد مصطفیٰ علیؒ عربی فارسی کے زبردست عالم تھے۔ اُردو اور انگریزی ادب میں بھی آپ کو کافی مہارت حاصل تھی۔ اُس زمانہ میں کلکتہ سے ایک انگریزی اخبار "مسلم کرانیکل" نامی شائع ہوتا

---

[1] خط جناب مولوی عبدالباسط صاحب مظفر پور پتہ: پوکھریرہ ضلع سیتامڑھی) از رام لوچن اسٹریٹ کلکتہ ۷۔ مورخہ ۲۵ اپریل ۱۹۷۴ء۔

تھا۔ سیّد صاحبؒ اُس اخبار میں مضمون لکھا کرتے تھے اور اپنے والد ماجد کی جگہ نواب واجد علی شاہ معزول شاہ اودھ کی پولیٹیکل پنشن آفس میں کام کرتے تھے[1]۔

سیّد مصطفیٰ علیؒ کی شادی پُنیاسی میں جناب نجابت حسین صاحب مرحوم کی صاحبزادی اُخوندکارنی اُمّتہُ البتول صاحبہ سے ہوئی تھی۔ آپ کے دو صاحبزادے سیّد مسعود الرحمٰن اور سیّد جان عالم اور دو صاحبزادیاں سیّدہ تمنّا خاتون اور سیّدہ فاطمہ ہوئیں۔ ابھی دونوں صاحبزادے چھوٹے ہی تھے کہ جناب سیّد مصطفیٰ علیؒ کا انتقال ہوگیا وہ پنیاسی میں آرام فرما ہیں۔ الحاج مولانا سیّد مسعود الرحمٰن صاحب پہلے کلکتہ بیرّیل بورڈ میں ملازم تھے۔ پھر پُنیاسی ضلع مرشدآباد میں قیام پذیر ہوئے۔ اُن کی شادی ملیح پور کلکتہ کے ایک معزّز و محترم سادات خاندان میں جناب سیّد غلام محی الدین[2] صاحب کی صاحبزادی سیّدہ منوّرہ بیگم سے ہوئی تھی۔ سیّدہ منورہ بیگم نے ۱۹۳۴ء میں انتقال کیا۔ اُن کا مزار مانک تلّہ کلکتہ کے اُسی دلّی وال قبرستان میں اپنے دادا سیّد عبدالعزیزؒ کے مزار کے قریب ہے۔ جہاں حضرت صوفی صاحبؒ آرام فرما ہیں۔ یہیں اُن کے پہلو میں اُن کی خُردسال صاحبزادی سیّدہ سکینہ بھی مدفون ہیں۔ مولانا سیّد مسعود الرحمٰن صاحب کا انتقال ہو چکا ہے۔ اُن کا مزار

---

[1] حیات وسیمی مولانا اختری حصّہ اُردو ص۲۹

[2] جناب سیّد غلام محمد محی الدین صاحبؒ۔ جنابہ سیّد عبدالعزیز صاحبؒ متوفی ۱۹۲۱ء کے بیٹے اور سیّد معین الدین احمد صاحب کے بڑے بھائی تھے۔ سیّد عبدالعزیز صاحبؒ مانک تلّہ دلّی والے قبرستان میں حضرت صوفی صاحب کے پیچھے دفن ہیں۔ سیّد غلام محی الدین صاحبؒ کا مزار جیسور میں ہے۔ یہ دونوں بھائی پشتو زبان کے ماہر تھے۔ سیّد غلام محی الدین صاحبؒ کے دوسری صاحبزادی کی شادی (بقیہ حاشیہ ص۱۸۷ پر)

پُنا سی میں ہے۔ اُن کے دو صاحبزادے اور دو صاحبزادیاں یادگار ہیں۔ دونوں بیٹے پہلے کراچی پاکستان میں رہتے تھے[1]۔ اب جناب سیّد محفوظ علی صاحب بنگلہ دیش کے محکمہ سٹیٹ اور ڈیزائن میں افسر ہیں اور دوسرے صاحبزادے جناب سیّد محمود علی صاحب چاٹگام میں محکمہ کسٹم میں پریونٹن آفیسر کے عہدہ پر فائز ہیں۔ مولانا سیّد مسعود الرحمٰن صاحبؒ کی بڑی صاحبزادی سیّدہ سارہ خاتون کی شادی پُنا سی میں اپنے ہی خاندان میں جناب اُخوند کارمجی الدین صاحب سے ہوئی۔ وہ پہلے محکمہ تعلیم میں اسکول کے ہیڈ ماسٹر تھے۔ اِن دنوں ڈھاکہ میں مقیم ہیں۔ دوسری صاحبزادی سیّدہ حُسن آرا کی شادی پُنا سی میں حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسیؒ کے خلیفہ جناب صوفی اکرام الحق[2] صاحبؒ کے پوتے جناب ضیاء الحق صاحب سے ہوئی۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۸۶ کا]

صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسیؒ کے نامور خلیفہ مولانا شاہ محمد ابو بکر صاحب صدیقی کے نواسے الحاج قاضی محمد سیف اللہ صاحب انسپکٹر جنرل رجسٹریشن مشرقی پاکستان سے ہوئی۔ سیّدہ منورہ بیگم الحاج مولانا سیّد محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ (خلیفہ مولانا ابو بکر صاحبؒ ڈھاکہ) کی حقیقی چچا زاد بہن تھیں۔ مرحومہ نے سیّد بشیر الدین صاحب سے ۱۹۳۴ء میں اپنے لئے مکہ معظمہ سے کفن لانے کی فرمائش کی تھی۔ لیکن سیّد صاحب عازم حج بیت اللہ سے واپسی کے قبل ہی ان کا انتقال ہو گیا۔ خط جناب الحاج مولانا بشیر الدین صاحب ڈھاکہ مورخہ ۱۲ مارچ ۱۹۷۵ء اور ۳۱ مارچ ۱۹۷۵ء۔

[1] خط جناب سیّد عبد المتین صاحب شاہ پور، از پُنا سی ضلع مرشد آباد مورخہ ۸ اکتوبر ۱۹۶۶ء۔

[2] صوفی اکرام الحق صاحبؒ کے نام حضرت صوفی فتح علی صاحب ویسیؒ کے خط کی عکسی نقل، مولانا زین العابدین

یہ پُناسی ضلع مرشد آباد میں رہتے ہیں[1]۔

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ولیی رح کے دُوسرے پوتے جناب الحاج سیّد محمد جان عالم صاحب ام۔اے۔بی۔ال ۲۹ وائر اسٹریٹ۔وری۔ڈھاکہ ۳ میں رہتے ہیں۔ وہ سپریم کورٹ بنگلہ دیش کے نہایت سینیر ایڈووکیٹ ہیں۔ پہلے ڈھاکہ ہائی کورٹ میں پریکٹس کرتے تھے۔ جہاں وہ سرکاری ایڈووکیٹ کے فرائض بھی انجام دے چکے ہیں اُردو فارسی سے بھی واقف ہیں۔ اِن کی شادی بھرت پور ضلع مرشد آباد میں جناب خان بہادر اُخوند کار فضل حق صاحب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی صاحبزادی سیّدہ بیگم سے ہوئی۔ جو بنگلہ دیش کے وزیر خارجہ جناب ڈاکٹر کمال حسین صاحب کی چچازاد بہن ہیں۔ ان کے ایک صاحبزادے اور ایک صاحبزادی ہیں۔ صاحبزادے جناب سید شہید عالم صاحب بار ایٹ لا سپریم کورٹ بنگلہ دیش میں پریکٹس کرتے ہیں۔ ابھی ان کی شادی نہیں ہوئی ہے اور صاحبزادی جنابہ ستارہ بیگم صاحبہ بی۔اے کی شادی سپریم کورٹ بنگلہ دیش کے جج، آنریبل مسٹر جسٹس عبدالرحمٰن چودھری

[بقیہ حاشیہ صـ۱۸۷ کا]

صاحب اختری نے حیات ویسی حصہ بنگلہ کے صفحہ ۲۴ پر پیش کیا ہے۔ صوفی اکرام الحق رح کا مزار ہلدی باڑی ضلع کوچ بہار (مغربی بنگال) میں ہلدی باڑی اسٹیشن سے ایک میل کے فاصلہ پر ہے۔ ہر سال ۵ ر ۶ پھاگن بنگلہ کو ایصال ثواب کا سالانہ جلسہ ہوتا ہے۔ خط مولانا زین العابدین صاحب اختری موصولہ ۲۷ فروری ۱۹۷۵ء اور خط مورخہ ۲۴ مارچ ۱۹۷۵ء۔

[1] خط مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ ڈھاکہ ۱ مورخہ ۱۹ ستمبر ۱۹۷۴ء

Marfat.com

سے ہوئی ہے۔ جج صاحب محترم کے دو صاحبزادے ضیاء الرحمن چودھری اور ریاض الرحمن چودھری اور دو صاحبزادیاں رُوسیلی رحمٰن چودھری اور واصفہ رحمٰن چودھری ہیں۔ روسیلی رحمٰن چودھری بی۔اے میں ہیں۔ اور ریاض الرحمٰن چودھری نویں درجہ میں پڑھتے ہیں۔

سید محمد مصطفیٰ علی رح کی صاحبزادی سیّدہ تمنّا خاتون صاحبہ کی شادی جناب محمد مبین صاحب سے ہوئی۔ اِن دنوں وہ راج شاہی میں رہتی ہیں۔ دوسری صاحبزادی سیّدہ فاطمہ صاحبہ کی شادی اپنے پھوپھی زاد بھائی سیّد احسان احمد صاحب سے ہوئی۔

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب قدس سرّہٗ کی صاحبزادی حضرت بی بی سیّدہ زہرا صاحبہ رح جو اپنے وقت کی ولیّہ کاملہ تھیں اور رابعہ بنگال کے نام سے مشہور ہیں۔ ان کی شادی پُناسی سے آٹھ میل (۱۳ کیلومیٹر) پر شاہ پور میں حضرت سیّد محمد حسین رح سے ہوئی تھی۔ حضرت سیّد محمد حسین رح کے مورث اعلیٰ سیّد محمد میر حسن رح بلخ (افغانستان) سے دہلی تشریف لائے۔ اِن کی اولاد میں سیّد فدائی حسین رح دہلی سے بنگال آکر ضلع مُرشد آباد میں سکونت پذیر ہوئے۔ شاہ پور ضلع مرشد آباد میں حضرت

۱؎ خط جناب الحاج سیّد محمد جان عالم صاحب مدظلہٗ۔ وری اسٹریٹ ڈھاکہ ۳۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۵ اگست ۱۹۷۴ء

۲؎ خط جناب جسٹس عبدالرحمٰن چودھری ڈھاکہ مورخہ یکم جولائی ۱۹۷۵ء اور خط جناب عبدالسلام صاحب۔ جدوناتھ باسک لین ڈھاکہ ۱ مورخہ یکم جولائی ۱۹۷۵ء

Marfat.com

سیّد محمد حسین رح کا خاندان منشی باڑی خاندان کے نام سے مشہور ہے۔[1]

بی بی سیّدہ زہرا رح کے ایک بیٹے سیّد احسان احمد رح اور دو صاحبزادیاں بی بی ہاجرہ اور بی بی صدّیقہ تھیں۔ حضرت ویسی رح کے نواسے سیّد احسان احمد رح صاحب کی شادی اپنی ماموں زاد بہن بی بی سیّدہ فاطمہ سے ہوئی۔ جن سے تین صاحبزادے سیّد عبد المتین، سیّد فردوس احمد اور سیّد ابو البشر اور دو صاحبزادیاں سیّدہ صالحہ بانو اور سیّدہ حلیمہ بانو ہیں۔ جناب سیّد فردوس احمد اور سیّد ابو البشر راج شاہی میں اور سیّدہ صالحہ بانو اور سیّدہ حلیمہ بانو اپنے اپنے شوہروں کے ساتھ پابنہ میں رہتی ہیں۔ سیّد احسان احمد صاحب مرحوم کے بڑے صاحبزادے جناب سیّد عبد المتین صاحب پہلے اپنے آبائی گاؤں شاہ پور میں رہتے تھے۔ اب کچھ دنوں سے اپنی ننہیال پُناسی میں منتقل ہو گئے ہیں۔ اِن کی شادی اپنی خالہ زاد بہن سیّدہ حشمت آرا بیگم سے ہوئی ہے، جو سیّدہ تمنّا خاتون اور جناب محمد مبین صاحب کی صاحبزادی ہیں۔ جناب سیّد عبد المتین صاحب مدظلّہٗ کے چار بیٹے اور تین بیٹیاں ہیں۔ حضرت سیّدہ زہرا رح اور اُن کے صاحبزادے سیّد احسان احمد صاحب رح کے مزارات شاہ پور[2] ضلع مرشد آباد میں ہیں۔ یہ دونوں مزارات

---

[1] خط جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری کلکتہ ۲۴ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۴ جون ۱۹۷۴ء

[2] شاہ پور تھانہ بھرت پور سب ڈویژن کانڈی ضلع مرشد آباد، برہر و اعظیم گنج کٹوا لوپ لائن کے تینیا ریلوے اسٹیشن سے تین میل (پانچ کیلومیٹر) اور تھانہ کے صدر مقام بھرت پور سے تقریباً ۳½ میل (چھ کیلومیٹر) دکھن پورب ہے۔ بھرت پور سے سیج گرام ہوتے ہوئے شاہ پور تک ایک خام سڑک آتی ہے۔

(بقیہ حاشیہ ص ۱۹۱ پر)

Marfat.com

بہت اچھے حال میں ہیں[1]۔ بی بی سیّدہ زہراؒ کی صاحبزادی بی بی ہاجرہ مرحومہ کی شادی پُناسی تھانہ بھرت پور میں اُخوند کار عبدالحفیظ صاحب سے اور بی بی صدیقہ مرحومہ کی شادی اخوند کار جی مرحوم سے بنودیہ تھانہ بھرت پور۔ ضلع مرشد آباد میں ہوئی تھی[2]۔

اس وقت پُناسی ضلع مرشد آباد میں حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسیؒ کی اولاد ظاہری میں نمائندہ ہستی جناب سیّد عبدالمتین صاحب مدظلہٗ کی ہے۔ یہ حضرت ویسیؒ کی صاحبزادی بی بی سیّدہ زہراؒ کے پوتے ہیں۔ یہ زیادہ تر پُناسی میں اور کبھی کبھی مارسیڈن اسٹریٹ کلکتہ ۱۶ میں رہتے ہیں۔ اِن دنوں بروئی پور جنکشن ضلع چوبیس پرگنہ کے قریب مدار ہاٹ (بڑتلہ) میں مقیم ہیں۔ انہوں نے ۱۹۷۳ء میں حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسیؒ کی حیات بنگلہ زبان میں لکھی ہے۔ جو بنگال اور آسام کے علاقہ میں بہت مقبول ہوئی ہے[3]۔ پُناسی میں حضرت ویسیؒ کے پوتے الحاج مولانا مسعود الرحمٰن صاحب کی چھوٹی صاحبزادی سیّدہ حُسن آرا صاحبہ بھی رہتی ہیں۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۹۰ کا]

سیج گدام سے شاہ پور دو میل (تین کیلومیٹر) ہے۔ ڈاک کا پتہ: شاہ پور۔ براہ بھرت پور۔ ضلع مُرشد آباد ہے۔ خط جناب اخوند کار عبدالرحمٰن صاحب پوسٹ ماسٹر سیج گدام۔ مورخہ ۳۱ مئی ۱۹۷۴ء اور خط جناب مُصطفیٰ صاحب پوسٹ ماسٹر شاہ پور، مورخہ ۳ جون ۱۹۷۴ء

[1] خط جناب سیّد عبدالمتین صاحب شاہ پوری مدظلہٗ۔ از پناسی ڈاک خانہ بہران۔ براہ کٹوا ضلع بردوان مورخہ ۸ اکتوبر ۱۹۶۹ء (بزبان بنگلہ)

[2] خط جناب سید عبدالسلام صاحب جدوناتھ باسک لین ڈھاکہ ۱۔ مورخہ یکم جولائی ۱۹۷۵ء

[3] خط جناب سید عبدالمتین صاحب شاہ پوری مدظلہٗ (بزبان بنگلہ) بنام راقم الحروف از بڑتلہ) نزد بروئی پور ضلع چوبیس پرگنہ۔ مورخہ ۴ اپریل ۱۹۷۴ء۔

Marfat.com


حضرت مولانا سید وارث علی بنگالی رح (پنج تار صوبہ سرحد)
حضرت صوفی سید فتح علی ویسی رح (مانک تلہ۔ کلکتہ)
= بی بی فاطمہ قدس سرہا (پناسی ضلع مرشد آباد)
سید محمد مصطفیٰ علی رح (پناسی ضلع مرشد آباد)
= بی بی امتہ البتول
بی بی سیدہ زہرا قدس سرہا (شاہ پور ضلع مرشد آباد)
= سید محمد حسین رح (شاہ پور، ضلع مرشد آباد)
الحاج سید مسعود الرحمن (پناسی)
= سیدہ منورہ بیگم۔ (مانک تلہ کلکتہ)
الحاج سید محمد جان عالم مدظلہ
وری اسٹریٹ۔ ڈھاکہ ۳
= سیدہ بیگم
سیدہ تمنا خاتون
= محمد مبین صاحب
سیدہ فاطمہ
= سید احسان احمد صاحب
(شاہ پور)
سید احسان احمد
(شاہ پور)
= سیدہ فاطمہ
بی بی ہاجرہ
= اخوندکار عبدالحفیظ
پناسی
بی بی صدیقہ
= اخوندکار جی بینودیہ
سید محفوظ علی
سید محمود علی
سیدہ سارہ خاتون
= اخوندکار محی الدین
صاحب پناسی
سیدہ حسن آرا
ضیاء الحق
صاحب پناسی
حشمت آرا بیگم
= سید عبدالمتین صاحب
شاہ پور
سید عبدالمتین
صاحب شاہ پور
= حشمت آرا بیگم
سید فردوس احمد
راج شاہی
سید ابوالبشر
راج شاہی
سیدہ صالحہ
بانو (پابنہ)
سیدہ حلیمہ
بانو (پابنہ)
سید شہید عالم بار ایٹ لا
وری اسٹریٹ ڈھاکہ ۳
سیدہ ستارہ بیگم
= جسٹس عبدالرحمن
چودھری سپریم کورٹ
بنگلہ دیش
سید فرید القادر
سید ہمایون پرویز
سید مامون
شعیب
سید
نظر عارف
ممتاز محل
نور تاج محل
شبنم محل
رُوسیلی رحمان
ضیاء الرحمان
ریاض الرحمن
واصفہ رحمان

Marfat.com

۱۵- اخلاق و عادات

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ولیسی قدس سرّہٗ اپنے وقت کے شیخ طریقت اور عارف کامل تھے۔ اخلاق نبوی سے متّصف تھے۔ ہمیشہ اتباع سنّت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کا بدرجہ کمال خیال رکھتے تھے۔ طبیعت میں سیر چشمی، سخاوت اور فیاضی کا مادّہ بہت تھا۔ آپ کے دروازہ سے کبھی کوئی سائل واپس نہیں گیا۔ جس زمانہ میں پولیٹیکل پنشن کے دفتر میں ملازم تھے۔ مشاہرہ کا زیادہ حصّہ غریبوں، یتیموں، بیواؤں، بے کسوں اور محتاجوں پر خرچ کرتے تھے۔ بہت ہی سادہ زندگی بسر کرتے تھے۔ لباس اور قیام و طعام میں بیحد سادگی تھی۔ کہیں بھی تکلّف، نمود و نمائش کا نام نہ تھا۔ لباس سادہ لیکن صاف ستھرا پہنتے تھے۔ طبیعت میں صفائی، لطافت و نفاست بہت تھی۔ عطر اور خوشبو کا استعمال بہت پسند تھا۔ اکثر روزہ رہتے تھے اور افطار کے وقت بھی محتاجوں اور مسکینوں کا خیال رکھتے تھے۔ نظام اوقات کے سختی سے پابند تھے اور اوراد و وظائف، نوافل وغیرہ پابندیٔ وقت کے ساتھ ادا کرتے تھے۔ اکثر پیدل چلتے تھے، لیکن سواری آسانی سے مل جانے پر اُس کا استعمال بھی پسند فرماتے تھے۔ اصلاحِ عقاید اور تبلیغ و اشاعتِ دین کی طرف بہت توجہ تھی۔ اللہ کے بندوں کو صراط مستقیم کی طرف لانے اور اللہ سے ملانے میں مسرّت محسوس کرتے تھے۔ فخر موجودات سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کی ذات والا صفات سے بے انتہا عشق تھا۔ ؎

ولیسیا از دین و ایماں ایں قدر دانیم بس
دین ما عشقِ محمدؐ، حبّ او ایمان ما

Marfat.com

کشف وکرامات کے اظہار کو پسند نہیں فرماتے تھے۔ لیکن کبھی کبھی مریدوں کی تربیت واصلاح کے سلسلہ میں اس کا اظہار ہو جاتا تھا۔ غرض کہ اپنے اخلاق وعادات کے لحاظ سے حضرت وسیی اخلاق نبوی کا اعلیٰ ترین نمونہ تھے۔

۱۶۔ کشف وکرامات

اولیاء اللہ سے کبھی بالکل غیر شعوری طور پر اور کبھی حالت شعور میں عموماً کرامات کا ظہور ہوتا ہے۔ ممتاز المحدثین جناب مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلہ نے اپنی کتاب "حیات وسیی" میں آپ کی چند کرامتوں کا ذکر کیا ہے۔ حضرت وسیی قدس سرہٗ اپنے مریدوں کو چند لمحوں میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف کرا دیتے تھے۔ چنانچہ اس کرامت کے پیش نظر مولانائے محترم نے ہر جگہ آپ کے دوسرے القاب کے ساتھ "رسول نما" کا لفظ بھی نہایت ہی ادب واحترام کے ساتھ استعمال کیا ہے۔

آپ کے خلیفہ شمس العلماء حضرت مولانا غلام سلمانی صاحب[2] رح فرفرا شریف نے لکھا ہے کہ ایک بار مدرسہ عالیہ کلکتہ کے مدرس مولانا شاہ صوفی سعادت حسین[3] صاحب حضرت

---

[1] حیات وسیی۔ مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی۔ حصہ اردو صـ ۲۷-۲۵

[2] حضرت مولانا غلام سلمانی صاحب قدس سرہٗ۔ فرفرا شریف۔ تھانہ جنگی پارہ ضلع ہوگلی (مغربی بنگال) متوفی ۱۰ رجب ۱۳۳۰ھ = یکم جولائی ۱۹۱۲ء قطب الارشاد غوث زماں حضرت سید عبدالباری شاہ رح (متوفی دسمبر ۱۹۰۰ء) بنڈیل شریف ضلع ہوگلی کے پیر ومرشد۔

[3] شمس العلماء مولانا شاہ سعادت حسین صاحب موضع خیر پور کبیر پور عرف کہٹہ، تھانہ سلاؤ۔ سب ڈویژن
(بقیہ حاشیہ ۱۹۵ پر)

Marfat.com

قبلہؒ کی خدمت میں حاضر تھے۔ ایک حدیث نبویؐ کے متعلق گفتگو ہو رہی تھی۔ مولانا کا خیال تھا

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۹۴ کا)

بہار شریف ضلع نالندہ (سابق ضلع پٹنہ) صوبہ بہار کے رہنے والے، مولوی رحمت علی صاحب کے صاحبزادے تھے۔ کہنہ میں پیدا ہوئے۔ معقولات میں جناب مفتی محمد یوسف صاحب لکھنؤ کے اور منقولات میں جناب مولانا سید نذیر حسین صاحب محدث دہلوی کے شاگرد تھے۔ مولانا احمد علی صاحب سہارن پوریؒ سے بھی فیض حاصل کیا تھا۔ تکمیل تعلیم کے بعد کچھ دنوں تک آرہ ضلع شاہ آباد کے ایک مدرسہ میں درس دیتے رہے۔ پھر آپ کی خدمات مدرسہ سہارن پور کے لئے حاصل کی گئیں۔ ۱۸۸۳ء میں مدرسہ عالیہ کلکتہ میں مدرس مقرر ہوئے۔ حضرت صوفی سید فتح علیؒ صاحب دہلویؒ نے دسمبر ۱۸۸۶ء میں انتقال فرمایا۔ اس لئے زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا واقعہ ۱۸۸۳ء اور ۱۸۸۶ء کے مابین پیش آیا ہوگا۔ مولانا نے ۶۵ یا ۶۶ سال کی عمر میں مئی ۱۹۱۲ء میں پٹنہ میں انتقال کیا اور کہنہ تھانہ سلاؤ کی مسجد میں دفن کئے گئے۔ کہنہ بہار شریف سے دس میل اور قصبہ سلاؤ سے دو میل پچھم ہے۔

مولانا سعادت حسین صاحبؒ اپنے زمانہ کے متبحر عالم، نامور محدث، منطق اور فلسفہ کے امام نہایت بزرگ انسان تھے۔ معقولات میں کمال حاصل تھا اور یگانۂ روزگار تسلیم کئے جاتے تھے۔ مدرسہ عالیہ کلکتہ کے پرنسپل مسٹر ڈینی سن راس آپ کے علم و فضل کے بہت مداح تھے۔ کبھی کسی دربار میں حاضر نہیں ہوئے۔ فلسفہ کی مشہور کتاب "ہدیۂ سعیدیہ" پر حاشیہ لکھا تھا۔ رسالہ ابطال تناسخ۔ حواشی میر زاہد اور حاشیہ ہدایت الحکمت آپکی مشہور تصانیف ہیں۔ مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم نے آپ سے حدیث کا درس لیا تھا۔ آپ کے صاحبزادے مولوی عبدالحمید صاحب عالم و فاضل خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری میں کیٹلاگر تھے۔ اور آپ کے پوتے مولوی محمد اکرم صاحب وکیل (عمر ۶۵ سال) بہاری سلاؤلین، مرادپور، پٹنہ ۴ میں رہتے ہیں۔ اور پٹنہ کی عدالت میں پریکٹس کرتے ہیں۔ بحوالہ عزیزی سمیع الدین حیدر صاحب ایم اے، ایل ایل بی، ڈائرکٹر تحقیقات عربی و فارسی، پٹنہ ۶۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۹۶ پر)

Marfat.com

کہ وہ حدیث ضعیف ہے۔ اور حضرت صوفی صاحب قبلہ کو اس کے صحیح ہونے پر اصرار تھا۔ چنانچہ حضور قبلہ نے مولانا پر اپنا فیض ڈالا۔ مولانا فوراً بے ہوش ہو گئے اور اس حال میں حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی۔ جناب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وہ حدیث جس کے متعلق گفتگو ہو رہی تھی بالکل صحیح ہے۔ تھوڑی دیر بعد جب مولانا سعادت حسین صاحب کو ہوش آیا، تو انہوں نے بلا تامل اقرار فرمایا کہ یہ حدیث بلا شک و شبہ صحیح ہے۔

اس لئے کہا گیا ہے کہ "صوفی ہر چہ گوید دیدہ گوید"۔ اُن کا علم کتابی اور اکتسابی نہیں ہوتا۔ وہ علم لدنی سے فیض یاب ہوتے ہیں۔ عشق و محبت کی بھٹی میں وہ اس طرح تپتے ہیں کہ قلب اُن کا روشن اور منور ہو جاتا ہے اور قدرت کے بہت سے رازہائے سربستہ اُن پر آشکارا ہوتے ہیں۔ لیکن عموماً وہ اس طرح کے رازوں کا انکشاف پسند نہیں فرماتے۔

حضرت صوفی سید فتح علی صاحب دلبیؒ کے ہم عصر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے ایک دوسرے بزرگ حضرت سائیں توکل شاہؒ نے انبالہ میں اپنے مرید اور خلیفہ جناب خواجہ

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۹۵ کا]

۲۷ جولائی ۱۹۷۴ء بخط مولوی قمر الہدیٰ صاحب ریٹائرڈ ہیڈ مولوی از کھٹہ ضلع مالدہ۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۲ اگست ۱۹۷۴ء اور بجوالہ مولوی محمد اکرم صاحب وکیل پٹنہ ۴، ۱۷ اگست ۱۹۷۴ء۔ خط مولانا زین العابدین صاحب اختری کلکتہ ۲۴، بنام راقم الحروف ۲۲ فروری ۱۹۷۵ء۔

۱؎ حضرت سائیں توکل شاہؒ، ضلع گورداس پور پنجاب میں ڈیرہ بابا نانک اور ریلوے جنکشن بٹالہ کے درمیان بٹالہ کے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۹۷ پر)

Marfat.com

محبوب عالم صاحبؒ کو حضرت ابن عمرؓ کے سلسلہ میں طلبار کو ایک موضوع حدیث پڑھانے سے فوراً روک دیا تھا اور بعد میں مولانا کے دریافت کرنے پر فرمایا تھا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کا نور عرش تک جاتا ہے اور چونکہ اس میں نور تھا ہی نہیں اس لئے میں نے پہچان لیا۔

قرآن پاک کی تلاوت کے وقت نور کی جو لہریں اٹھتی ہیں۔ اُن کے متعلق پڑھا و سنے اور قرآن پاک کے جو فیوض و برکات اُن کے قلب پر وارد ہوتے ہیں۔ اُن سے اللہ کے اُن قدسی صفات بندوں پر تلاوت کرنے والوں کی غلطیاں واضح ہو جاتی ہیں۔ چنانچہ حضرت سائیں توکلؒ شاہ رح کے ایک اَن پڑھ اور اُمّی مرید امیر اللہ شاہ کا اپنے وطن بورے (پنجاب) میں ایک حافظ قرآن کو ایک بار ایک آیت چھوٹ جانے اور دوسری بار متشابہ لگنے پر بتلا دینے کا واقعہ پنجاب میں مشہور ہے۔

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ولیسیؒ کے سلسلہ کے بزرگ قطب الارشاد حضرت

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۹۶ کا]

رہنے والے اور جہلاں خیلاں ضلع ہوشیار پور کے حضرت خواجہ قادر بخش نقشبندی رحمہ کے خلیفہ تھے ربیع الاوّل ۱۳۱۵ھ = ۳ اگست ۱۸۹۷ء کو انبالہ میں انتقال ہوا۔ مزار شریف انبالہ میں ہے۔ آپ کے متعلق جناب خواجہ محبوب عالم صاحب رح کی کتاب "ذکر خیر المعروف بہ صحیفہ محبوب" نہایت مستند تصنیف ہے۔

[1] ذکر خیر، المعروف صحیفہ محبوب۔ خواجہ محبوب عالم صاحبؒ (سیدہ شریف۔ تحصیل کھاریاں۔ ضلع گجرات۔ پنجاب۔ پاکستان) صفحہ ۲۲۳۔

[2] امیر اللہ شاہ رح بُورے، تحصیل جگادھری۔ ضلع انبالہ کے رہنے والے تھے۔ اُنہوں نے دریافت حال پر

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۹۸ پر)

سیّد عبدالباری شاہ رح[1] بظاہر بہت کم پڑھے لکھے تھے۔ لیکن جب کوئی مسئلہ دریافت کیا جاتا تھا، تو بعید صفحہ و سطر کتاب کا حوالہ دیتے تھے[2]۔

کلکتہ کے شیخ خدا بخش کے حوالے سے ممتاز المحدثین مولانا زین العابدین صاحب اخترسی مدظلہ نے لکھا ہے کہ ایک بار ایک مُرید نے حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب وکیسی رح سے عرض کیا کہ سخت ریاضت کے باوجود اُس کا قلب جاری نہیں ہوتا ہے۔ آپ نے دریافت فرمایا کہ تم نے کسی سُود خوار کے یہاں تو کھانا نہیں کھایا؟ اُس مُرید نے اقرار کیا کہ اُس کا داماد سُود خوار ہے اور اُس نے اُس کے یہاں ضیافت کھائی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اُس حرام لُقمے کے باعث قلب سیاہ ہو گیا اور جاری نہیں ہوتا ہے[3]۔

ایک بار حضرت وکیسی قدس سرّہٗ ایک گاؤں سے گذر رہے تھے۔ ایک پالکی والے کو سانپ نے کاٹا اور وہ بیہوش ہو گیا۔ حضرت نے اُس پر توجہ ڈالا اور اللہ کی مہربانی سے وہ فوراً اچھا ہو گیا۔

کلکتہ میں جب حضرت وکیسی قدس سرّہٗ بی بی سالٹ کی مسجد میں مقیم تھے، تو جناب

[بقیہ حاشیہ ص ۱۹۷ کا]

حضرت سائیں توکّل شاہ رح کو بتلایا تھا کہ لوح محفوظ پر قرآن پاک کی آیتیں نظر آ رہی تھیں۔ اس افشائے راز پر ان کی تادیب بھی ہوئی تھی۔ صحیفۂ محبوب ص ۱۴۳۔

[1] قطب الارشاد غوث زماں حضرت سیّد عبدالباری شاہ رح۔ بنڈیل شریف ضلع ہوگلی۔ مغربی بنگال۔ انتقال سنیچر ۶ رمضان المبارک ۱۳۴۸ھ = ۲۹ دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء خلیفہ حضرت مولانا غلام سلمانی صاحب رح فرفرا شریف۔ ضلع ہوگلی۔

[2] سوانح حیات سیّد عبدالباری شاہ رح۔ حضرت مولانا محمد سعید جاں صاحب قبلہ مدظلہ۔ منگراتوان ضلع اعظم گڑھ ص ۷۴

[3] حیات وکیسی رح۔ مولانا زین العابدین صاحب اخترسی۔ حصّہ اوّل ص ۱۸

Marfat.com

شاہ مرشد علی القادری[1] کے ایک مریدین کو حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا بڑا اشتیاق تھا۔ آپ کے فیض سے اُن کو زیارت نصیب ہوئی۔

۱۷۔ خلفا اور مُریدین

دیوان وسیمؒ کے مرتّب مولوی سیّد محمد میر حسن صاحب شاہ پوری نے دیوان[1] کے اخیر میں حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب وسیمی قدس سرّہٗ کے بینتیس خلفا اور مریدین کی فہرست دی ہے۔ مولانا زین العابدین اخترؔی مدظلہٗ، سجادہ نشین کان کھولی شریف (ضلع چوبیس پرگنہ) کی تصنیف حیاتِ وسیمی[2] میں مولوی مبین اللہ صاحب رام پاڑہ ضلع ہوگلی اور مولوی سیّد ذوالفقار علی صاحب ٹیٹاگڑھ ضلع چوبیس پرگنہ کے سوا باقی تینتیس[33] اصحاب کے نام شامل ہیں۔

۱۔ مولانا عبدالحق صاحبؒ۔ سیج گرام۔ ضلع مُرشد آباد۔

۲۔ مولوی ایازالدین صاحب۔ علی پور

---

[1] حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب وسیمیؒ کے ہم عصر بزرگ ۱۸۵۲ء میں پیدا ہوئے اور ۱۹۰۱ء میں انتقال ہوا۔ مزار مبارک مدنا پور میں ہے۔ آپ کے حالات اور ارشادات تذکرۃ المولیٰ میں ملتے ہیں۔ رودکوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۴۶۹-۷۲

[1] دیوان وسیمی۔ مطبوعہ قیومی پریس کان پور ۱۳۵۳ھ = ۱۹۳۵ء ص ۸-۲۰۷

[2] حیاتِ وسیمی۔ مولانا اخترؔی۔ حصہ اُردو ص ۴۵-۴۴

۳۔ صوفی نیاز احمد صاحب۔ کاترا پوتا۔ شہر بہ دوان۔

۴۔ صوفی اکرام الحق صاحب۔ پناسی۔ ضلع مرشد آباد

۵۔ مولوی مطیع الرحمٰن صاحب چاٹگام

۶۔ حافظ محمد ابراہیم صاحب چاٹگام

۷۔ مولوی عبدالعزیز صاحب چندور۔ بہمان آباد۔ ضلع ہوگلی۔

۸۔ مولوی اکبر علی صاحب۔ سلہٹ

۹۔ مولوی امجد علی صاحب ڈھاکہ فی الحال سلہٹ

۱۰۔ مولوی احمد علی صاحب فرید پور۔

۱۱۔ شاہ دیدار بخش صاحب۔ پدو پوکھر۔ ضلع ہوڑہ

۱۲۔ شاہ بقاء اللہ صاحب۔ کان پور۔ ضلع ہوگلی

۱۳۔ مولوی شاہ صوفی محمد ابوبکر صاحبؒ۔ پھرپھرہ۔ ضلع ہوگلی۔

۱۴۔ مولانا شاہ صوفی غلام سلمانی صاحبؒ۔ پھرپھرہ۔ ضلع۔ ہوگلی

۱۵۔ مولوی غنیمت اللہ صاحب پھرپھرہ۔ ضلع ہوگلی۔

۱۶۔ منشی صدارت اللہ صاحب۔ پھرپھرہ۔ ضلع ہوگلی

۱۷۔ منشی شرافت اللہ صاحب۔ کھاتن ضلع ہوگلی

۱۸۔ شیخ قربان صاحب۔ بنیا تالاب۔ کلکتہ

۱۹۔ شمس العلماء مولوی مرزا اشرف علی صاحب۔ کلکتہ

۲۰۔ سید واجد علی صاحب مہدی باغ۔ کلکتہ۔

Marfat.com

۲۱- مولوی گل حسین صاحب حراسان

۲۲- مولوی عطاء الرحمٰن صاحب ضلع چوبیس پرگنہ۔

۲۳- مولوی مبین اللہ صاحب۔ رام پاڑہ ضلع ہوگلی

۲۴- مولوی سیّد ذوالفقار علی صاحب۔ میٹیا گڑھ ضلع چوبیس پرگنہ

۲۵- مولوی عطائے الٰہی صاحب دخل کوٹ۔ ضلع بردوان

۲۶- منشی سلیمان صاحب بارا صاط۔ ضلع چوبیس پرگنہ

۲۷- مولوی نصیر الدین صاحب۔ ضلع ندیا۔

۲۸- مولوی عبدالقادر صاحب۔ فرید پور

۲۹- مولوی قاضی خدا نواز صاحب۔ دہسہ۔ ضلع ہوگلی۔

۳۰ مولوی عبدالقادر صاحب بیڈیا باٹی۔ ضلع ہوگلی۔

۳۱- قاضی فصاحت اللہ صاحب۔ ضلع چوبیس پرگنہ

۳۲- شیخ لال محمد صاحب۔ چنچیرا۔ ضلع ہوگلی۔

۳۳- مولوی سیّد اعظم حسین صاحب ساکن الحال۔ مدینہ منوّرہ

۳۴- مولوی سیّد عبید اللہ صاحب۔ سانتی پور۔ ضلع ندیا۔

۳۵- حافظ محمد ابراہیم صاحب۔ پھرپھرہ۔ ضلع ہوگلی۔

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب وسیی قدس سرہٗ کے اکثر مریدوں کے بارے میں ہماری معلومات بہت کم ہیں۔ دیوان وسیی میں ان میں سے اکثر حضرات کا پتہ اتنا نامکمل ہے کہ ان کے بارے میں مزید تحقیق میں بڑی دشواریاں ہیں۔ پھر بھی

Marfat.com

متعدد ذرائع سے کچھ لوگوں کے حالات معلوم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اور اُن لوگوں کے بارے میں جو کچھ معلوم ہو سکا ہے۔ وہ درج کیا جا رہا ہے۔ حضرت ویسیؒ کے تین خلفاء مولانا عبدالحق صاحب سیمج گرامیؒ، مولانا شاہ صوفی محمد ابوبکر صاحبؒ اور حضرت مولانا غلام سلمانی صاحبؒ فرقہ شریف کی اہمیت کے پیش نظر ان بزرگوں کے حالات قدرے تفصیل کے ساتھ علیحدہ عنوانات کے تحت پیش کئے جا رہے ہیں۔

جناب مولوی ایاز الدین[۲] صاحبؒ علی پور کے رہنے والے تھے۔ لیکن علی پور سے آگے ضلع کا نام نہیں دیا ہے۔ بنگال میں علی پور نام کے دو مقامات ہیں۔ ایک علی پور شہر کلکتہ کا جنوبی حصہ ہے، جو ضلع چوبیس پرگنہ کا صدر مقام ہے اور جہاں اضلاع چوبیس پرگنہ اور کلکتہ کی سرکاری کچہریاں، نیشنل لائبریری۔ مرکزی جیل اور شعبہ آفاق زولوجیکل گارڈن (چڑیا خانہ) وغیرہ ہے۔ اور دوسرا علی پور دوار[۱] جو ضلع جلپائی گوری (شمالی بنگال)

---

[۱] علی پور دوار۔ جلپائی گوری ضلع کے علی پور دوار سب ڈویژن کا صدر مقام کالی سنی ندی کے شمالی کنارے پر آباد ہے اور بھوٹان کی سنگ ۱۸۶۵ء میں سرکار انگریزی کی نمایاں خدمات انجام دینے والے کرنل ہدایت علی خاں کے نام پر ہے ۱۹۰۱ء میں یہاں کی آبادی صرف ۵۷۱ نفوس تھی۔ جلپائی گوری ضلع گزیٹیر۔ جان۔ آف۔ گرونگ ۱۹۱۱ء ص ۱۴۳؛ تقسیم ہند کے بعد اس کی اہمیت میں بہت اضافہ ہوا ہے۔ ایک اہم ریلوے جنکشن ہے اور آسام کو جانیوالی قومی شاہراہ نمبر ۳۱ اس کے قریب سے گذرتی ہے۔

کے مشرقی سب ڈویژن کا صدر مقام ہے۔ علی پور کلکتہ کے بہت سے دوسرے خاندان کو بھی حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح اور اُن کے خلفاء مولانا شاہ صوفی محمد ابوبکر صاحب رح اور مولانا غلام سلمانی رح سے ارادت اور عقیدت رہی ہے جن میں سب سے نمایاں خاندان الحاج مولانا سیّد ابوالبشر محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ، کا ہے۔ ظاہر ہے کہ مولوی ایاز الدین صاحب رح کا تعلق ضلع جلپائی گوری کے علی پور دُوار سے نہیں بلکہ علی پور کلکتہ سے ہے۔

صوفی بیدار احمد صاحب رح منگل کوٹ ضلع بردوان کے رہنے والے تھے۔ وہ بعد میں منگل کوٹ سے شہر بردوان کے محلہ کاٹرا پوتا میں منتقل ہو گئے اور وہیں اُن کا انتقال ہوا۔ اُن کا مزار بردوان ریلوے اسٹیشن سے تقریباً دو میل کے فاصلہ پر محلہ کاٹرا پوتا میں اسی مقام پر ہے، جہاں حاجی پیر بہرام سقہ رح (متوفی ۹۷۰ھ = ۱۵۶۲-۶۳ء)، نواب قطب الدین خاں کوکلتاش[1] صوبہ دار بنگالہ (متوفی ۱۶۰۷ء) اور نور جہاں بیگم کے پہلے شوہر شیر افگن خاں کے مزارات ہیں۔

---

[1] نواب قطب الدین خاں کوکلتاش حضرت شیخ سلیم چشتی رح کے نواسے اور شہنشاہ محمد سلیم جہانگیر کے رضاعی بھائی تھے۔ عہد اکبری میں بدایوں کے ناظم تھے۔ جامع مسجد بدایوں کی مرمت کرائی۔ نواح بدایوں میں اب تک آپ کی اولاد موجود ہے۔ عہد جہانگیری میں پنج ہزاری منصب عطا ہوا۔ اور مرزا راجہ مان سنگھ کے بعد ستمبر ۱۶۰۶ء میں بنگال کے صوبہ دار مقرر ہوئے۔ شیر افگن خاں نے ۳۰ مئی ۱۶۰۷ء کو بردوان میں آپ کو دھوکہ سے قتل کر دیا۔ اس کے بعد صوبہ دار کی فوج کے سپاہیوں نے شیر افگن خاں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ قاموس المشاہیر جلد دوم، صفحہ ۱۴۳-۴۴؛ تاریخ بنگالہ سرجدوناتھ سرکار جلد دوم صفحہ ۲۴۶۔

Marfat.com

صوفی نیاز احمد صاحبؒ کے بڑے بیٹے ڈاکٹر محمد احمد منگل کوٹ ضلع بردوان میں قیام پذیر رہے۔ اُن کے کوئی اولاد ذکور نہ تھی۔ اُنہوں نے اپنے والد کی زندگی ہی میں اِنتقال کیا۔ دوسرے بیٹے جناب علی احمد صاحب مرحوم بنگال جوڈیشیل سروس کے ایک سرکردہ رُکن تھے۔ وہ آرہ ضلع شاہ آباد (بہار) میں ڈسٹرکٹ اور سیشن جج رہ چکے تھے۔ سرکاری ملازمت سے ریٹائر ہونے کے بعد وہ بھاگل پور (بہار) میں آباد ہو گئے۔ تیسرے بیٹے آسام کی کسی چائے کمپنی میں ملازم تھے اور چوتھے بیٹے محسن احمد کاڑا پوتا شہر بردوان میں قیام پذیر[1] تھے۔ جناب صوفی علی احمد صاحب جج نے ۷۲ سال کی عمر میں بھاگل پور میں انتقال کیا اور شہر سے دکھن "شاہ جنگی" کے قریب خاندانی قبرستان میں آم کے باغ میں دفن ہوئے۔ یہ باغ بہت اچھے حال میں ہے۔

جناب صوفی علی احمد صاحب مرحوم جج کی ایک صاحبزادی اور چار صاحبزادے تھے۔ صاحبزادوں کے نام صوفی سلطان احمد۔ صوفی احسان احمد۔ صوفی غفران احمد صوفی طفیل احمد تھے۔ صوفی سلطان احمد صاحب انسپکٹر جنرل رجسٹریشن بہار کے پرسنل اَسسٹنٹ کی حیثیت سے ملازمت سے ریٹائر ہوئے۔ ان کا ۱۹۴۴ء میں ۶۲ سال کی عمر میں اِنتقال ہوا۔ صوفی احسان احمد صاحب نے بالکل عالمِ شباب میں ۲۰ سال کی

---

[1] خط جناب ڈاکٹر محمد ابو تراب صاحب صدر "حضرت حمید بنگالی وقف کمیٹی" نور منزل منگل کوٹ ضلع بردوان۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۷ مئی ۱۹۷۵ء

Marfat.com

عُمر میں بمبئی میں انتقال کیا۔ اُن کا مزار ناسک میں ہے۔ تیسرے بیٹے صوفی غفران احمد کا بچپن ہی میں انتقال ہوگیا۔ چوتھے بیٹے صوفی طُفیل احمد صاحب کلکتہ میں رہتے تھے۔ اُن کا ۱۹۶۸ء میں انتقال ہوا۔

صوفی سلطان احمد صاحب مرحوم کے تین بیٹے صوفی عزیز احمد، صوفی انیس احمد۔ اور صوفی انوار احمد ہیں۔ صوفی عزیز احمد صاحب نے میڈیکل کی تعلیم کلکتہ میں حاصل کی اور اِس وقت بھاگل پور کے چند ممتاز اور کامیاب ڈاکٹروں میں ہیں۔ جناب ڈاکٹر محی الدین صاحب اور مولوی محمد اختر صاحب وکیل، تاتار پور بھاگل پور کے ساتھ سماجی اور ملّی کاموں میں نمایاں حصّہ لیتے ہیں۔ اور ستمبر ۱۹۵۰ء سے ناچیز راقم الحروف کے مخلص دوستوں میں ہیں۔ ڈاکٹر عزیز احمد صاحب کی چار صاحبزادیاں اور ایک لڑکا ارشد احمد تیرہ چودہ سال کا ہے اور اسکول میں پڑھتا ہے۔ ڈاکٹر عزیز احمد صاحب کے بھائی صوفی انیس احمد (بی۔ ایس۔ سی ٹیکنولوجی) کلکتہ کی ایک جُوٹ مِل میں اعلیٰ انتظامی عہدہ پر فائز ہیں اور دوسرے بھائی صوفی انوار احمد (ایم۔ ایس سی) سندری ضلع دھنباد میں ٹیکنو لوجسٹ ہیں۔ صوفی طُفیل احمد صاحب کے بیٹے یعنی ڈاکٹر عزیز احمد صاحب کے چچازاد بھائی ڈاکٹر امین احمد کلکتہ میں پریکٹس کرتے ہیں[1]۔ بھاگل پور میں جناب صوفی علی احمد صاحب مرحوم جج کا خاندان کوتوالی تھانہ

---

[1] خط جناب ڈاکٹر عزیز احمد صاحب بھاگل پور۔ مورخہ ۱۱ جولائی ۱۹۷۵ء۔ اور ۲۴ جولائی ۱۹۷۵ء؛ اور خط محمد عبدالعزیز ایم۔ اے۔ برہ پور۔ بھاگل پور۔ مورخہ ۱۴ جولائی ۱۹۷۵ء

کے پورب آباد ہے۔

صوفی نیاز احمد صاحب منگل کوٹی رح کے ایک پرپوتے صوفی محی الدین صاحب نیگلہ دیش میں ایگری کلچرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (زراعتی ادارۂ تحقیقات) کے ڈائرکٹر ہیں اور وہ جناب ڈاکٹر ابوتراب صاحب منگل کوٹ ضلع بردوان کے رشتہ میں بھتیجے ہیں۔[1]

کاٹرا پوتا شہر بردوان کے حسن قبرستان میں صوفی نیاز احمد صاحب رح کا مزار ہے۔ وہیں بنگال کے مشہور مسلم رہنما اور محمڈن لیٹریری ایسوسی ایشن کلکتہ کے بانی نواب عبداللطیف خان بہادر سی۔ آئی۔ ای کے نواسے اور خیالات آزاد۔ نوابی دربار (ناول) سوانح عمری مولانا آزاد (مزاحیہ) اور لوفر کلب نامی کتابوں کے مصنف نواب سید محمد خان بہادر آئی۔ ایس۔ او۔ ڈھاکہ (مولانا آزاد)[2] کے صاحبزادے نواب سید علی اشرف مرحوم بھی آرام فرما ہیں۔ وہ بردوان میں آباد ہو گئے تھے اور ۷۰ سال کی عمر میں یہاں ان کا ۱۹۴۹ء میں انتقال ہوا۔[3] ان کے بیٹے پروفیسر سید علی اکبر[1]

---

[1] خط جناب سید عبدالسلام صاحب۔ جدوناتھ باسک لین ڈھاکہ ۱ بنام راقم الحروف مورخہ ۶ جون ۱۹۷۵ء

[2] تاریخ ادب اردو۔ رام بابو سکسینہ۔ اردو ترجمہ حصہ نثر ص ۲۶-۲۷؛ شہاب ثاقب؛ سید اختر حسن۔ ماہ نو کراچی ۱۹۶۱ء۔ ص ۴۱؛ بنگال کے دو نامور خاندان؛ صابر حسن باڈھ۔ ضلع پٹنہ۔ آج کل۔ دہلی۔ مئی ۱۹۷۵ء ص ۴۲-۴۰

[3] خط جناب مولانا ابوالبشر محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ ۱ مورخہ ۱۶ جون ۱۹۷۵ء؛ نواب سید علی اشرف مرحوم، سید حسین ایڈیٹر اخبار انڈی پنڈنٹ ۱ الہ آباد اور سفیر ہند، متعینہ مصر (متوفی فروری ۱۹۴۹ء)

(بقیہ حاشیہ ص ۲۰۷ پر)

پرانا چوک بردوان میں رہتے تھے۔ نواب سیّد علی اشرف مرحوم کی نواسی بیگم سیّدہ فاطمہ فضل الرحمٰن عرف نسیمی بیگم کو شرف بیعت مولانا شاہ صوفی محمد ابوبکر صاحبؒ کے خلیفہ مولانا عبدالخالق صاحبؒ سے حاصل ہے۔ نسیمی بیگم، لیڈی برابرن کالج کلکتہ میں اُردو کی لکچرر رہتیں۔ ان دنوں دھان منڈی ڈھاکہ میں رہتی ہیں۔ ان کے شریک حیات مسٹر فضل الرحمٰن مرحوم، وزیر حکومت پاکستان نے علّامہ شبلی نعمانی کی شہرۂ آفاق تصنیف "سیرۃ النبیؐ" کا انگریزی میں ترجمہ کیا اور مسٹر فضل الرحمٰن[1] کے انتقال کے بعد اِس کتاب کا مقدمہ

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۰۶ کا]

کے بڑے بھائی (سوتیلے) تھے۔ غیر منقسم بنگال کے وزیر اعظم ابوالقاسم فضل الحق مرحوم اور کلکتہ یونیورسٹی کے پہلے مسلمان وائس چانسلر سر حسّان سہروردی مرحوم ان کے برادر نسبتی (بہنوئی) تھے۔ آج کل" مئی ۱۹۷۵ء ص ۴۲-۴۰

---

[1] مسٹر فضل الرحمٰن مرحوم موضع شیخے پوکور۔ تھانہ دشہر۔ پرگنہ بجرم پور ضلع ڈھاکہ میں ۱۹۰۴ء میں پیدا ہوئے۔ ۱۳ دسمبر ۱۹۶۶ء کو کار کے ایک حادثہ میں زخمی ہوئے اور ۱۸ دسمبر ۱۹۶۶ء کو ڈھاکہ میں انتقال ہوا۔ عظیم پور قبرستان میں دفن ہوئے۔ بڑا عظم ہند و پاکستان کے وہ ایک جلیل القدر اور نامور فرزند ہوئے ہیں۔ تقسیم ہند کے بعد پاکستان کی پہلی کابینہ وزارت میں وہ شامل کئے گئے تھے۔ ذات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے اُن کو عشق تھا۔ سیرۃ النبیؐ کا انگریزی ترجمہ اُن کا شاندار کارنامہ ہے۔ پانچسو صفحات کی یہ کتاب پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی کی طرف سے ۱۹۷۰ء میں شائع ہوئی۔ قیمت ۳۰ روپے۔ مقدمہ سیرۃ النبی۔ بیگم سیّدہ فاطمہ فضل الرحمٰن؛ خط جناب سیّد عبدالسّلام صاحب ڈھاکہ۔ مورخہ یکم جولائی ۱۹۷۵ء

Marfat.com

بیگم فاطمہ فضل الرحمٰن[1] نے لکھا ہے۔

مولانا صوفی اکرام الحق صاحبؒ پناسی ضلع مرشد آباد کے رہنے والے تھے۔ پناسی ضلع مرشد آباد کے بھرت پور تھانہ میں ضلع بردوان کی سرحد کے قریب جھامت پور بہاران اسٹیشن سے نصف میل (ایک کیلومیٹر) کے فاصلہ پر ہے۔ یہاں حضرت صوفی سید فتح علی صاحب قدس سرہٗ کی شادی ہوئی تھی اور یہیں آپ نے اقامت اختیار کر لی تھی اسی بستی میں آپ کے صاحبزادے سید مصطفیٰ علیؒ کی شادی نجابت حسین صاحب مرحوم کی صاحبزادی سے ہوئی تھی۔ یہیں آپ کی اہلیہ محترمہ حضرت بی بی فاطمہ قدس سرہا اور صاحبزادے حضرت سید مصطفیٰ علیؒ کے مزارات ہیں۔ یہیں آپ کی نواسی بی بی سیدہ ہاجرہ خاتون مرحومہ کی شادی اخوند کار عبدالعزیز مرحوم سے ہوئی تھی۔ پناسی ہی میں حضرت کے بڑے پوتے جناب سید مسعود الرحمٰن صاحب مرحوم کی بڑی صاحبزادی سیدہ سارہ خاتون کی شادی اخوند کار محی الدین صاحب سے اور چھوٹی صاحبزادی سیدہ حسن آرا کی شادی حضرتؒ کے خلیفہ جناب صوفی اکرام الحق

---

[1] بیگم سیدہ فاطمہ فضل الرحمٰن عرف نسیمی بیگم، سپہ سالار حضرت سید نصیر الدین الہ آبادیؒ فاتح سلہٹ کی اولاد میں ہیں۔ یہ علاقہ ترائی ضلع سلہٹ کی رہنے والی اور نواب سید علی اشرف مقیم بردوان کی نواسی ہیں۔ کلکتہ میں ۱۹۱۸ء میں پیدا ہوئیں۔ ۱۹۴۷ء تک لیڈی برابرن کالج کلکتہ میں اردو کی لکچرر رہیں۔ بچوں کی تعلیم کی ترقی کے لئے سوسائٹی قائم کیا ہے۔

Marfat.com



۱۲۔ تحریر مبارک قطب ارشاد حضرت صوفی سید فتح علی صاحب دلیسی رح

Marfat.com

صاحبؒ کے پوتے جناب ضیاء الحق سے ہوئی ہے۔ خود کار محی الدین صاحب ان دنوں ڈھاکہ میں مقیم ہیں اور ضیاء الحق صاحب پُنا سی میں رہتے ہیں۔

صوفی اکرام الحق صاحبؒ کا مزار ہلدی باڑی[1] ضلع کوچ بہار (شمالی بنگال) میں بنگلہ دیش کی سرحد کے قریب ہے۔ یہاں ہر سال پھاگن بنگلہ کی ۶-۷ تاریخ کو ایصال ثواب کے لئے سالانہ جلسہ منعقد ہوتا ہے۔ جس میں کوچ بہار، جلپائی گوری اور بنگال کے دوسرے اضلاع سے مریدوں، متوسّلوں اور طالبانِ حق کا ایک کثیر اجتماع ہوتا ہے۔ مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہٗ لکھتے ہیں کہ جناب مولانا صوفی اکرام الحق صاحبؒ حضرت وصیؒ کے خاص خلفاء میں سے تھے اور اپنے وقت کے عارف کامل اور صوفی باکمال تھے۔[2]

جناب صوفی اکرام الحق صاحبؒ کے ایک خلیفہ ڈاکٹر عطاء اللہ صاحبؒ ڈھاکہ میں رہتے ہیں۔ یہ رنگ پور کے رہنے والے ہیں۔ ان کی ایک کتاب لندن میں چھپی ہے۔[3]

---

[1] ہلدی باڑی ضلع کوچ بہار (مغربی بنگال) کے میکلی گنج سب ڈویژن کا ایک تھانہ اور بنگلہ دیش کی سرحد پر ہندوستان کا آخری ریلوے اسٹیشن اور بڑا تجارتی مرکز ہے۔ ریل کے ذریعہ نیو جلپائی گوری جنکشن یہاں سے ۶۱ کیلو میٹر۔ جلپائی گوری ۲۵ کیلو میٹر اُتر اور ضلع کا صدر مقام کوچ بہار ۱۳۴ کیلو میٹر پورب ہے۔ جلپائی گوری اور ہلدی باڑی کے درمیان صرف ایک اسٹیشن منڈل گھاٹ ہے۔ ہلدی باڑی اسٹیشن سے صوفی اکرام الحق صاحب رح کا مزار ایک میل کے فاصلہ پر ہے ۱۹۴۱ء کی مردم شماری میں ہلدی باڑی تھانہ کی ۶۱۶ر۴۳ نفوس کی آبادی میں مسلمان ۲۳،۸۰۷ تھے اور شہر ہلدی باڑی کی ۵۶۸ نفوس کی آبادی میں مسلمان ۷۰ تھے۔ مردم شماری ہند بنگال۔ آر۔ اے۔ ڈوبش۔ سنہ ۱۹۴۲ء؛ نارتھ ایسٹ فرنٹیئر ریلوے ٹائم ٹیبل، اپریل ۱۹۷۰ء

[2] خط ممتاز المحدثین مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہٗ، کلکتہ ۲۴۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۲ فروری ۱۹۷۵ء

جناب مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلہٗ نے حیات ولیسی حصہ سنگلہ کے صفحہ ۲۴-۲۳ پر حضرت ولیسی رح کے ایک خط کی جو عکسی نقل پیش کی ہے۔ اس میں مولانا صوفی اکرام الحق صاحب رح کا ذکر آیا ہے۔ مولانا نے کتاب کے صفحہ ۲۷-۲۶ پر خط کا مضمون بھی نقل کیا ہے۔ خط کا کنارا قدرے کرم خوردہ ہے۔ اس کا جو مضمون پڑھا جا سکتا ہے، اُس کا متن حسب ذیل ہے۔

مولوی صاحب، معدن علم و عمل زاد لطفہٗ

سلام مسنون قبول باد۔ عنایت نامہ رسید۔ بدریافت کیفیت بدرجہ مسرّت تہا دست دادہ۔ بالتحصیل ازین کہ چند اشخاص را آن جا توجہ دادہ اند و با وصف توجہ فائدہ رسیدہ .....

مکرر ۔ تعلیم ..... اکرام الحق قابل اجازت ..... چنانکہ اجازت تعلیم تا ..... این جا امتحاناً از و توجہ دہانیدم۔ خوب کرد و بعضے اشخاص دیگر ہم قریب قابل اجازت شدہ اند و اکرام را ..... اندراج النہایت فی البدایت تعلیم نمودہ ..... اطلاعاً نوشتہ آمد ..... فی التاریخ صدر۔

..... البدایت نشاندہ ام و بہمیں سلوک او بالاصالت می شود، و شورش باطن و محبت لازمہ ایں مقامست۔ چنانچہ در طریق دیگر در آخر حال ظہور می کند و جذبہ و ..... فقد وقت می گردد۔ چنانچہ حضرت نقشبند رضی اللہ عنہٗ می فرمایند: ؎

اوّل ما آخر ہر منتہی ❊ آخر ما جیب تمنّا تہی



۱۲- تحریر مبارک قطب ارشاد حضرت صوفی سید فتح علی صاحب دسیسی رح

Marfat.com

Marfat.com

لہٰذا توجہ او موثر تر دیدہ می شود، بلکہ بہماں وقت متوجہ الیہ در خود اثر می یابد۔
مگر افسوس کہ چیزے علم ندارد۔ لہٰذا تربیت او خاطر خواہ نمی شود۔ دعا فرمائید فقط
از خدمت مولوی محی الدین حسن صاحب، نیز قطعہ عنایت نامہ رسیدہ۔
جواب آن ہم امروز فردا انشاء اللہ تعالیٰ ..... نوشتہ ..... التماس
بخدمت جواد اللہ صاحب، ممدوح دین کہ در سہ روز بار

مولوی مطیع الرحمٰن[۵] اور حافظ محمد ابراہیم[۶] صاحب رح کے بارے میں صرف یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ دونوں چاٹگام کے رہنے والے تھے۔ یہ واضح نہیں ہوتا ہے کہ شہر چاٹگام کے باشندے تھے، یا کسی دیہی علاقہ کے۔ ان دونوں بزرگوں کے متعلق مزید کچھ معلومات حاصل نہیں ہو سکیں۔

جناب مولوی عبد العزیز[۷] صاحب رح کے پتہ میں چندور۔ جہان آباد ضلع ہوگلی لکھا ہے۔ دامودر ندی کے پچھم ضلع ہوگلی کے مغربی سب ڈویزن کا نام پہلے جہان آباد تھا۔ بہار کے گیا ضلع میں بھی جہان آباد نام کا ایک سب ڈویزن تھا۔ صوبہ بنگال میں جہان آباد نام کے دو سب ڈویزنوں کی وجہ سے انتظامی دقت ہوتی تھی چنانچہ ۱۹۰۰ء میں ضلع ہوگلی کے جہان آباد شہر کا نام بدل کر آرام باغ[۱] رکھا گیا۔ شہر کے نام پر سب ڈویزن

---

[۱] آرام باغ نام میاں لوگوں کے ایک خوبصورت باغ کے نام پر رکھا گیا۔ آرام باغ، ہوگلی ضلع کے صدر مقام چینسورہ سے تقریباً ۳۸ میل پچھم قدرے اُتر دھال کیسورندی کی دو شاخوں کے درمیان واقع ہے۔ آرام باغ کے پاس مسلمانوں کی اچھی آبادی ہے۔ اور اُن کے آثار قدیمہ (بقیہ صفحہ ۲۱۲ پر)

Marfat.com

کا نام بھی بدل گیا۔ آرام باغ تاراکیشور ریلوے اسٹیشن سے ۱۹ میل (۳۱ کیلومیٹر) پچھم، بردوان سے ۲۶ میل (۴۲ کیلومیٹر) دکھن قدرے پچھم اور بشنو پور ضلع بانکوا سے ۳۵ میل (۵۶ کیلومیٹر) دکھن پورب واقع ہے۔ آرام باغ سے بردوان کو جانے والی پختہ سڑک پر شہر سے تقریباً تین میل اُتر چندور نامی بستی ہے۔ اس بستی کے سامنے پچھم دھال کیسور ندی دو شاخوں میں بٹ جاتی ہے۔ چندور سے اُتر میاں گرام بستی ہے۔ مولوی عبدالعزیز صاحبؒ اسی چندور بستی کے رہنے والے تھے۔

میرے خطوط کے جواب میں مولانا سید عبدالعزیز صاحبؒ کے واحد بھتیجے جناب مولوی سید عبدالعظیم مرحوم کے صاحبزادے سید شمس العالم صاحب نے اکتوبر ۱۹۷۴ء میں مطلع کیا کہ مولانا سید عبدالعزیز صاحبؒ ڈھاکہ کالج میں پروفیسر تھے اور آج سے ساٹھ، ستر سال قبل انہوں نے (چندور (میاں پاڑہ) میں لاولد انتقال کیا۔ مولانا نے ڈھاکہ کالج کی ملازمت کے زمانہ میں چندور (میاں پاڑہ) میں ایک مسجد

بقیہ صفحہ ۲۱۱ کا

پائے جاتے ہیں۔ مسلمان ائمہ دار لوگوں کی کثیر تعداد ہے۔ آرام باغ سے چھ میل اُتر بشنو پور کو جانے والی سڑک پر مدینہ نامی بستی میں سادات کی آبادی ہے اور سات میل دکھن پچھم امورندی کے کنارے گڑھ مندران کا قلعہ ہے۔ جہاں حضرت اسماعیل غازیؒ کا مزار ہے۔ اس علاقہ کے لوگ ان کے بہت معتقد ہیں۔ برداہ کے ہندو راجہ نے آپ کا آستانہ تعمیر کرایا۔ مسلمانوں کے زمانہ میں گڑھ مندران ایک سرکار کا صدر مقام تھا۔ بنگالی زبان کے ناول نگار بابو بنکم چندر چٹرجی نے اپنے ناول دُرگیش نندنی کا پس منظر گڑھ مندران کے قلعہ سے حاصل کیا ہے۔ ہوگلی ضلع گزیٹیر۔ اس۔ اس۔ او میلی ۱۹۱۲ء صفحہ ۲۴۸

Marfat.com

تعمیر کرایا تھا۔ مولانا کے بھائی کے پوتے سب گرچہ مالی حیثیت سے بہت آسودہ حال نہیں ہیں۔ لیکن اپنی مالی پریشانیوں کے باوجود حتی الامکان مسجد کی حفاظت اور نگہداشت کی طرف پوری طرح متوجہ رہتے ہیں۔ لیکن ان لوگوں کے یہاں اخراجات کی زیادتی اور مناسب مستقبل آمدنی کی کمی کے باعث مسجد خستہ حال ہے۔

چنڈور (میاں پاڑہ) میں مولانا سیّد عبدالعزیز صاحبؒ کا مقبرہ بھی تعمیر کیا گیا اور حضرت کے پوتے اس مقبرہ کا خاص طور پر خیال رکھتے ہیں۔ مولانا سیّد عبدالعزیز صاحبؒ کے صرف ایک بھتیجے مولوی عبدالعظیم صاحب مرحوم تھے۔ انھی ان کے بچّے سب بہت چھوٹے تھے اور کوئی مستقبل ذریعۂ معاش نہ تھا، اُن کا انتقال ہوگیا۔ اِن بچّوں کو بڑی پریشانیوں کے دَور سے گذرنا پڑا۔

مولانا عبدالعزیز صاحبؒ کی اولاد میں اُن کے بھتیجے جناب مولوی عبدالعظیم صاحب مرحوم کے تین بیٹے یادگار ہیں۔ بڑے بیٹے سیّد سراج العالم صاحب آرام باغ میونسپلٹی میں بطور خزانچی کام کرتے ہیں۔ دوسرے بیٹے سیّد شمس العالم صاحب نے میٹریکولیشن کے برابر اسکول فائنل سرٹیفکٹ کا امتحان پاس کیا ہے۔ اِن پر ایک بڑے خاندان کی پرورش و پرداخت کا بوجھ ہے اور اب تک کوئی مستقل ذریعۂ معاش حاصل نہیں ہو سکا ہے۔ تیسرے بیٹے سیّد بدرالعالم صاحب مقامی طور پر درزی کا کام کرتے ہیں۔ آمدنی کم اور اخراجات زیادہ ہیں اس لیے ان کو بھی پریشانی ہے۔[1]

---

[1] خط جناب سیّد شمس العالم صاحب بموضع چنڈور (میاں پاڑہ) ڈاکخانہ آرام باغ ضلع ہوگلی بنام راقم الحروف مورخہ ۲۱ اکتوبر ۱۹۷۴ء۔

Marfat.com

اللہ پاک اپنے حبیب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل ان سید زادوں کی پریشانیاں دور فرمائیں اور ان کے لئے ہر طرح کی آسانیاں پیدا کر دیں۔

جناب مولوی اکبر علی صاحبؒ، سلہٹ کے رہنے والے مدرسہ عالیہ کلکتہ میں جماعت ششم کے مدرس تھے۔ چنانچہ مولانا شاہ خلیل الرحمٰن صاحب نندن پوری، شمس العارفین میں حضرت صوفی سید فتح علی صاحبؒ کے سلسلہ میں لکھتے ہیں "برہان العاشقین، چارۂ بیچارگان، ماویٰ غریباں، راحت عاشقاں، بدر الاتقیا، سید الاذکیا، مقتدائے ارباب یقین حضرت مولانا مولوی شاہ صوفی فتح علی قدس سرہٗ، آپ قطب الارشاد کلکتہ کے تھے اور آپ کے جنازہ میں یہ فقیر شریک تھا۔ مولانا حافظ جمال الدین صاحب اور سارے مدرسین مدرسہ عالیہ کلکتہ آپ کے مدح خواں۔ جناب مولوی اکبر علی رحمۃ اللہ علیہ مدرس جماعت ششم اور مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب مدرس چہارم آپ کے مرید ہیں اور بڑے بڑے علمائے ہند اور بنگلہ حضرت صوفی صاحبؒ کے مرید ہیں۔ آپ کی قبر شریف، کلکتہ، مانک تلہ، دہلی والے کے باغیچہ میں زیارت گاہ ہے۔ اور حضرت صوفی صاحبؒ کے بہت سے مریدان ذی شان صاحب تاثیر اس احاطہ میں ہیں"[1]

مولانا اکبر علی صاحبؒ کے بارے میں مزید حالات معلوم نہیں ہو سکے۔

---

[1] حیات دلسی۔ مولانا زین العابدین صاحب اشرفی مدظلہ۔ حصہ اردو ص ۲۸-۲۷ بحوالہ شمس العارفین ص ۲۳، شائع کردہ حاجی محمد سعید تاجر کتب و مالک مطبع رزاقی مجیدی کان پور مطبوعہ ۱۳۱۷ھ۔ کتاب شمس العارفین کی ایک جلد مولانا شاہ صوفی عبد الحنان صاحب عبقری کے پاس موجود ہے۔ حیات دلسی ص ۲۹۔

Marfat.com

دیوان دیسی میں لکھا ہے کہ ۱۳۱۶ھ = ۱۸۹۸ء تک مولانا کا انتقال ہو چکا تھا۔[1]

مولوی امجد علی[9] صاحبؒ کے بارے میں اس سے زیادہ معلوم نہیں ہوتا ہے کہ وہ ڈھاکہ کے رہنے والے تھے اور دیوان دیسی کی ترتیب کے وقت سلہٹ میں مقیم تھے۔

مولوی احمد علی[10] صاحبؒ اور مولوی عبدالقادر[28] صاحبؒ کے بارے میں بھی صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ وہ دونوں فرید پور کے رہنے والے تھے۔ لیکن ان دونوں کا پتہ بھی واضح نہیں ہے کہ فرید پور شہر کے رہنے والے تھے۔ یا ضلع فرید پور کے کسی دیہات کے۔

شاہ دیدار بخش[11] صاحبؒ پدو پوکھر ضلع ہوڑہ کے رہنے والے تھے۔ ساؤتھ ایسٹرن (سابق بنگال ناگ پور) ریلوے کے سنترا گاچھی اسٹیشن سے دریائے ہوگلی کے کنارے شمالی مار کو جانے والی برانچ لائن پر پدو پوکھر درمیانی اسٹیشن ہے۔ یہ ضلع ہوڑہ کے سب پور تھانہ میں شہر ہوڑہ کا جنوبی حصہ ہے۔ یہاں شمالی مار اسٹیشن اور گیس کمپنی کے درمیان کری روڈ، پدو پوکھر میں شاہ دیدار بخشؒ کا مزار ہے[2]۔ شاہ دیدار بخشؒ کے ایک خلیفہ صوفی شادمانی خانؒ تھے، جو درزی کا کام کرتے تھے۔ صاحبِ نسبت اور صاحبِ تصرف[3] تھے۔

جناب شیخ قربان[18] علی صاحبؒ بنیا تالاب کلکتہ کے رہنے والے تھے۔ ان کی

---

[1] دیوان دیسی ص ۲۰۸

[2] خط جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہ، کلکتہ ص ۲۴ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۴ جون ۱۹۷۴ء۔

[3] خط جناب مولانا سید محمد شبیر الدین صاحب مدظلہ، ڈھاکہ۔ مورخہ ۲۳ جولائی ۱۹۷۵ء

Marfat.com

پیدائش پھول بگان، ہارنیش پاڑہ کلکتہ میں ہوئی تھی۔ ۲۰ جمادی الاوّل ۱۳۴۵ھ (دسمبر ۱۹۲۶ء) کو انتقال ہوا۔ مزار آپ کا ہوڑہ شہر کے جنوبی حصّہ میں بدّو پوکھر اور شالی مار اسٹیشنوں کے درمیان ریلوے لائن سے پچھم ۳۰ شالی مارگیٹ کے پاس ۱۳۶ اندول روڈ میں مسجد کے متّصل ہے۔ آپ کے صاحبزادے کا نام اصغر علی صاحب ہے۔ ہر سال ۲۰ جمادی الاوّل کو ایصال ثواب کا انتظام ہوتا ہے۔ اور حیات وسیع کے مصنّف ممتاز المحدّثین جناب مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلّہ ایصال ثواب کے سالانہ جلسہ میں شریک ہوتے ہیں اور تقریر فرماتے ہیں[1]۔

سیّد واجد علی صاحبؒ مہدی باغ کلکتہ میں رہتے تھے۔ مہدی باغ، ڈاکخانہ پارک اسٹریٹ۔ تھانہ تال تلہ کلکتہ ۱۶ کے حلقہ میں ہے۔ اس راستہ کو پہلے آغا مہدی اسٹریٹ کہتے تھے۔ اب صرف مہدا اسٹریٹ لکھتے ہیں۔

مہدا اسٹریٹ لوئر سرکلر روڈ میں واقع جوڑا گرجا کے پچھم ہے۔ یہ نواب عبداللطیف اسٹریٹ کے پورب اور علیم الدین اسٹریٹ کے اُتّر ہے۔ سیّد واجد علی صاحبؒ کا مزار گوبرا قبرستان کے پاس ہے۔ وہاں ایک مسجد بھی ہے۔ ان کے متوسّلین میں خان بہادر بدرالدین صاحب مرحوم رجسٹرار ہائی کورٹ کلکتہ تھے۔ اُن کا کراچی میں انتقال ہوا۔ اُن کی صاحبزادی رضیہ بیگم ام، اے ڈھاکہ میں اُردو کی لکچرر تھیں۔ اب اُن کا قیام لندن اور کراچی میں ہے۔ سیّد واجد علی صاحبؒ کے مریدین اور متوسّلین کی تعداد بہت ہے۔

---

[1] خط جناب مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلّہ، کلکتہ ۲۴۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۴ جون ۱۹۷۴ء

میر جملہ روڈ نارائن گنج ضلع ڈھاکہ سے ان لوگوں کا ایک ماہوار رسالہ 'المہدی' کے نام سے، جناب خواجہ عبدالقدوس کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ خواجہ عبدالقدوس صاحب خواجہ شاہ صوفی یوسف علی صاحبؒ (عنایت پور، پابنہ) کے صاحبزادے ہیں۔ حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسیؒ کے مزار شریف کی ضروری مرمت کے بعد ۱۹۷۲ء میں جو بنگلہ کتبہ لگایا گیا ہے وہ خواجہ شاہ صوفی یوسف علی صاحبؒ اور اُن کی بیگم کی طرف سے تیار کیا گیا۔[1]

مرزا اشرف[19] علی صاحبؒ پریزیڈنسی کالج کلکتہ میں پروفیسر رہے۔ ان کے متعلق حالات معلوم نہیں ہیں۔ ان کے صاحبزادے حافظ مولانا محمد یٰسین مرحوم صوفی صاحبؒ کے مزار شریف کے پاس لالہ بگان مانک تلہ مسجد کے امام اور خطیب تھے۔ اُن کا ۱۹۶۱ء میں انتقال ہوا۔ اُنہوں نے صوفی صاحبؒ کے مزار شریف کی بڑی خدمت[2] کی۔

مولوی عطاء الرحمٰن[22] صاحبؒ اور قاضی فضاء اللہ[23] صاحبؒ کے بارے میں صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ وہ دونوں ضلع چوبیس پرگنہ کے رہنے والے تھے۔

اور یہی حال مولوی نصیر الدین[25] صاحبؒ کا ہے۔ جو ضلع ندیا کے باشندے تھے۔ مولوی سید ذوالفقار[24] صاحبؒ ٹیٹاگڑھ کے رہنے والے تھے۔ ضلع چوبیس پرگنہ میں بارک پور کے پاس سیالدہ (کلکتہ) سے تقریباً ۱۷ میل اُتر، ٹیٹاگڑھ ایک مشہور صنعتی مقام ہے اور کاغذ کے کارخانہ کے لئے مشہور ہے۔ کل بازار کے قریب اس کاغذ کے کارخانہ

---

[1] خط جناب مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ۔ مورخہ ۲۳ جولائی ۱۹۷۵ء
[2] خط جناب مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ۔ مورخہ ۲۳ جولائی ۱۹۷۵ء

Marfat.com

کے اندر سیّد ذوالفقار علی صاحبؒ کا مزار ہے۔ مزار چہار دیواری سے گھرا ہوا اور محفوظ ہے۔ اندر جانے کی اجازت نہیں ہے۔ باہر سے لوگ فاتحہ پڑھتے ہیں۔ ان کے ایک عزیز سیّد نظام الدین راغبؔ بارک پُوری۔ فارسی اور اُردو کے شاعر تھے۔ اِن کا دیوان کلکتّہ سے شائع ہوا تھا۔ بنگلہ اکیڈمی نے ان کے کلام کا کچھ حصّہ "کلام راغبؔ" کے نام سے بنگلہ میں شائع کیا ہے۔ اُردو کے مقابلہ فارسی سے دلچسپی زیادہ تھی۔ ڈھاکہ میں انتقال ہوا۔ مزار اُن کا عظیم پورہ قبرستان ڈھاکہ میں ہے۔ ان کے بیٹے سیّد امام الدین سے الحاج سیّد محمد بشیر الدین صاحب مدظلّہٗ کی بھتیجی کی شادی ہوئی ہے۔ سیّد نظام الدین راغبؔ بارک پُوری کے دو فارسی اور دو اشعار پیش کئے جاتے ہیں: ؎

۱۔ ذکرِ خدا کُن ہر نفس، اللہ بس، باقی ہوس
از ماسوائے بوالہوس، بیزار شو، بیزار شو
راغبؔ درین دارالمحن، بیکار منشیں یک زمن
برحال زار خویشتن، غمخوار شو، غمخوار شو

۲۔ زمانہ کے مشاغل سے نہیں وابستگی کچھ بھی
مگر ہر وقت رہتا ہوں نئی دنیا بسانے میں
پسِ مُردن محبّت رنگ لائی ہے، وہ کہتے ہیں
نہیں راغبؔ سا کوئی باوفا پایا زمانے میں[1]

---

[1] خط الحاج مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۳ جولائی ۱۹۷۵ء

Marfat.com

مولوی عطائے الٰہی[۲۵] صاحبؒ کا پتہ منگل کوٹ ضلع بردوان لکھا ہے۔ یہ منگل کوٹ اصل میں منگل کوٹ ہے، جو بردوان ضلع کے کتواسب ڈویژن میں کونو ندی کے کنارے واقع ہے اور مسلمانوں کے دورِ حکومت میں سرکار شریف آباد کا صدر مقام تھا۔ یہاں بہت سے مسلمان بزرگانِ دین کے مزارات ہیں جن میں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ کے خلیفہ حضرت مولانا حمید دانش مندؒ (متوفی ۱۰۵۳ھ) بہت مشہور ہیں۔ جناب قاضی عطائے الٰہیؒ کا اپریل ۱۹۲۰ء میں منگل کوٹ میں انتقال ہوا۔ اُن کے ایک صاحبزادے قاضی عبداللہ اور ایک صاحبزادی جن میں قاضی عبداللہ کا جوانی میں انتقال ہوا۔ اُن کے دو[۲] بیٹے یادگار تھے، جن میں سے بڑے صاحبزادے کا دو[۳] سال قبل انتقال ہوا۔ قاضی عبداللہ مرحوم کی صاحبزادی فاطمہ خاتون صاحبہ، مولانا حمید دانشمند وقف کمیٹی کے موجودہ صدر جناب ڈاکٹر محمد ابوتراب صاحب مدظلہ، کی خوشدامن تھیں۔ اُن کے صرف ایک بیٹے تھے۔ بیٹے کے انتقال کے بعد وہ اپنی چھوٹی صاحبزادی کے پاس ڈاکٹر محمد ابوتراب صاحب کے یہاں نور منزل میں رہتی تھیں۔ تین سال قبل یعنی ۱۹۷۲ء میں اُن کا انتقال ہوا[۱]۔

جناب ڈاکٹر محمد ابوتراب صاحب نے مجھے مطلع کیا کہ حضرت صوفی سید فتح علی صاحب وسیمیؒ، حضرت مجدد پاکؒ کے نامور خلیفہ حضرت مولانا حمید الدین دانشمند بنگالیؒ کے مزار مبارک کی زیارت کے لئے منگل کوٹ تشریف لائے تھے اور یہاں

---

[۱] خط جناب ڈاکٹر محمد ابوتراب صاحب، نور منزل۔ منگل کوٹ ضلع بردوان۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۷ مئی ۱۹۷۵ء

Marfat.com

ن کے بہت سے مرید تھے جن میں ان کے نانا اور دادا دونوں شامل[1] تھے۔ ڈاکٹر
صاحب موصوف کے نانا کا نام جناب قاضی ممیز الحق[۳۶] رح تھا۔ وہ منگل کوٹ میں
مسلمانوں کی شادی کے رجسٹرار تھے۔ فروری ۱۹۱۸ء میں اُن کا انتقال ہوا۔ ڈاکٹر
صاحب کے دادا کا نام جناب قاضی جلال حسین[۳۷] تھا۔ اُنہوں نے اپریل ۱۹۳۰ء میں
انتقال کیا[2]۔ جناب صوفی نیاز احمد صاحب رح، جو منگل کوٹ کے رہنے والے تھے اور
بردوان کے محلہ کاٹرا پوتا میں منتقل ہو گئے تھے جن کا ذکر قبل آچکا ہے۔
ن کا تعلق بھی اسی خاندان سے تھا۔ دیوان ویسی اور حیات ویسی دونوں میں سے
سی کتاب میں حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی رح کے خلفاء اور مریدین میں منگل کوٹ
جناب قاضی ممیز الحق صاحب رح اور جناب قاضی جلال حسین صاحب رح کے نام شامل نہیں
ہیں۔ جناب ڈاکٹر ابوتراب صاحب کی مہربانی سے ان دونوں بزرگوں کے اسمائے گرامی
معلوم ہونے کے بعد خلفاء اور مریدین کی فہرست میں دو ناموں کا اضافہ ہوتا ہے
اور تعداد ۳۷ ہو جاتی ہے۔

منشی سلیمان صاحب رح[۳۶] بار اساٹ کے باشندے تھے۔ لیکن ان کے کچھ
حالات معلوم نہیں ہیں۔ بار اساٹ ضلع چوبیس پرگنہ کے شمالی مشرقی حصہ میں سب ڈویژن
کا صدر مقام ہے۔ اس علاقہ میں مسلمانوں کی آبادی پچاس فی صد سے زیادہ ہے۔

---

[1] خط جناب ڈاکٹر محمد ابوتراب صاحب نور منزل منگل کوٹ ضلع بردوان۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۰ مئی ۱۹۷۵ء

[2] خط جناب ڈاکٹر محمد ابوتراب صاحب نور منزل منگل کوٹ ضلع بردوان۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۷ مئی ۱۹۷۵ء

باراساٹ کے مضافات میں حضرت یک دِل صاحبؒ[1] کا مزار ہے۔ اِس علاقہ میں اُنیسویں صدی عیسوی کے تیسرے دہے میں جب ہندو زمینداروں نے مسلمانوں کی ڈاڑھی پر ٹیکس لگایا تھا، تو ۱۸۳۱ء میں مغربی بنگال میں فرائضی تحریک کے سرکردہ رہنما میر نثار علی عرف تِیتو میر نے بغاوت کی اور ناریل باڑی میں اپنی آزاد حکومت قائم کرلی۔ بانس کا قلعہ تعمیر کیا۔ نظامی حکام کی شکست کے بعد کلکتہ سے میجر اسکاٹ فوج کی ایک بٹالین کے ساتھ آئے اور تیتو میرؒ انگریزی فوج سے لڑتے ہوئے اپنے چار ساتھیوں کے ساتھ شہید ہوئے[2]

جناب شاہ بقاء اللہ صاحبؒ[12] کا وطن کان پور ضلع ہوگلی لکھا ہے۔ ہوگلی ضلع میں آرام باغ سے تقریباً پانچ میل دکھن پورب کان پور نامی بستی ہے جہاں مسلمان بزرگوں کے مزارات ہیں اور ایک مدرسہ بھی ہے۔ اس کے چند میل اُتر تارا کنہ آرام باغ روڈ پر رسول پور اور کچھ اُتر پچھم میں مبارک پور اور صالح پور نامی بستیاں ہیں۔ کان پور نامی دوسری بستی ضلع ہوڑہ کے جگت بلبھ پور تھانہ میں مشہور قصبہ اور سابق ہوڑہ امتا لائٹ ریلوے کے اسٹیشن مُن شیر ہاٹ سے ۸ میل (۱۳ کیلو میٹر) قدرے دکھن ہے اس کان پور بستی میں ایک چھوٹا ڈاک خانہ مُن شیر ہاٹ ڈاکخانہ

---

[1] امپیریل گزیٹیر آف انڈیا جلد ششم ص۴۳۰

[2] امپیریل گزیٹیر آف انڈیا جلد بست وچہارم ص۷۱، بیان چوبیس پرگنہ؛ مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق۔ کراچی ۱۹۵۷ء، ص۲۹۷؛ مضمون بنگال کی سیاست اور معاشرت، عبدالرحمٰن بے خود۔ ماہ نو کراچی۔ مئی ۱۹۵۷ء ص۴۳

انتخی میں ہے[1]۔ یہ کہنا مشکل ہے کہ شاہ بقاء اللہ صاحبؒ کس کان پور بستی کے رہنے والے تھے۔ لیکن ممتاز المحدثین مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہٗ کا خیال ہے کہ جناب شاہ بقاء اللہ صاحبؒ آرام باغ کے پاس کان پور بستی کے رہنے والے تھے[2]۔ پوری کوشش کے باوجود ان کے کچھ حالات معلوم نہ ہو سکے۔

مولوی قاضی خدا نواز[29] صاحبؒ دہسہ ضلع ہوگلی کے رہنے والے تھے۔ اب یہ گاؤں بھی ضلع ہوڑہ کے جگت بلبھ پور تھانہ میں مُن شیر ہاٹ قصبہ سے متصل پورب مُن شیر ہاٹ ڈاکخانہ کے حلقہ میں ہے۔ مُن شیر ہاٹ ہوڑہ سے ۱۷ میل (۲۸ کیلومیٹر) کے فاصلہ پر دکھن پچھم کی طرف ہے۔ دہسہ ایک تاریخی مقام ہے۔ یہاں حضرت مولانا شاہ صوفی غلام قادر صاحبؒ ایک مشہور عالم اور کامل بزرگ گذرے ہیں آپ حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری قدس سرہٗ کے خلیفہ اور حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسیؒ کے پیر بھائی تھے۔ دہسہ میں پہلے ایک شاندار مدرسہ تھا۔ حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسیؒ نے اسی مدرسہ میں مکمل تعلیم حاصل کی تھی اب مدرسہ ختم ہو چکا ہے۔ مولانا شاہ صوفی غلام قادرؒ کا مزار دہسہ میں ہے[3]۔ مولوی قاضی خدا نواز صاحبؒ کے مزید حالات معلوم نہیں ہیں۔

---

[1] خط سب پوسٹ ماسٹر مُن شیر ہاٹ ضلع ہوڑہ (۷۱۱۴۱۰) بنام راقم الحروف مورخہ ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۷۴ء

[2] خط جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہٗ۔ کان کھیلی شریف۔ کلکتہ۔ بنام راقم الحروف ۳ ستمبر سنہ ۱۹۷۴ء

[3] خط جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری۔ گارڈن ریچ۔ کلکتہ۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۴ جون سنہ ۱۹۷۴ء

Marfat.com



۱۲- چندور- کان پور- فرفرا شریف- بنڈیل شریف- رام پارا وغیرہ- ضلع ہوگلی

منشی شرافت اللہ[۱۷] صاحبؒ کھانتن ضلع ہوگلی اور مولوی مبین اللہ[۲۳] صاحبؒ رام پارا ضلع ہوگلی کے رہنے والے تھے۔ یہ دونوں بستیاں حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحبؒ اور حضرت مولانا غلام سلمانی صاحبؒ کے وطن اور مشہور تاریخی قصبہ فُرفُرا شریف سے متصل ضلع ہوگلی کے سیرام پور سب ڈویژن اور جنگی پارا تھانہ میں واقع ہیں[۱]۔ کھانتن فُرفُرا شریف سے ایک میل اُتّر اور (سابق لائٹ ریلوے کے اسٹیشن) سیاکھالا سے دو[۲] میل دکھّن ہے۔ یہاں کا ڈاکخانہ چارپور ہے رام پارا فُرفُرا شریف سے ایک میل دکھن پچھم اور سیاکھالا سے چار میل پر ہے یہاں کا ڈاکخانہ دِکھّن ڈیہی ہے۔ فُرفُرا شریف کی طرح چارپورا اور دکھّن ڈیہی کے ڈاک خانے بھی موسَت کے بڑے ڈاک خانہ کی ماتحتی میں ہیں سب ڈویژن کے صدر مقام اور مشہور ریلوے اسٹیشن سیرام پور سے بروئی پاڑہ سیاکھالا اور رام پارا ہوتے ہوئے تھانہ کے صدر مقام جنگی پارا تک پختہ سڑک بن گئی ہے اور اس پر بس آتی جاتی ہے۔ رام پارا سے ہوڑہ بردوان کارڈ لائن کا بروئی پارا اسٹیشن ۹ میل (۱۴½ کیلومیٹر) اور سیرام پور ۱۵ میل (۲۴ کیلومیٹر) پورب ہے[۲]۔

جناب منشی شرافت اللہ صاحبؒ کے والد کا نام منشی بشارت اللہؒ تھا منشی شرافت اللہ صاحبؒ کو کوئی اولاد ذکور نہ تھی۔ ان کے چچا زاد بھائی کی اولاد میں

---

[۱] خط جناب مولانا زین العابدین صاحب انجری مدظلہٗ۔ کلکتہ ۲۴ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۴ جون ۱۹۷۴ء

[۲] خط جناب مولانا عبدالسلطان صاحب مدظلہٗ۔ فُرفُرا شریف۔ ضلع ہوگلی۔ بنام راقم الحروف۔ مورخہ ۲۷ جولائی ۱۹۷۴ء۔ ۶ اگست ۱۹۷۴ء اور ۱۴ اگست ۱۹۷۴ء



۱۴- مرقد انور حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح فرفرا شریف۔

Marfat.com



[illegible] ذیانت اللہ [illegible] محمد [illegible] ارحمن [illegible] ذکر [illegible]
وغیرہ تو شیخ کمالات میں سے ہیں۔ مولانا عبدالقادر صاحب [illegible] ہیں اور ان کو
دورِ حدیث شریف کی سند حاصل ہے۔ فرخ شریف میں حضرت مولانا غلام سبحانی صاحب
کے عزیزوں میں مولانا عبدالسلطان صاحب ہیں۔ جو پہلے مدرسہ فرخ شریف
کے شعبۂ عربی میں اسسٹنٹ مولوی تھے اور ان دنوں فرخ شریف ڈاکخانہ کے
پوسٹ ماسٹر ہیں۔ شرف بیت حضرت مولانا شاہ ابوبکر صاحب سے رشتہ ہے
ان کے صاحبزادے مولانا ابوواصل محمد عزیز الرحمٰن صاحب کی شادی فرخ شریف میں قاضی خضر الحق صاحب
میں جناب منشی شرافت اللہ صاحب کے خاندان میں منشی محمد اسلم صاحب کی
صاحبزادی سے ہوئی ہے[1]۔ مولانا عبدالقادر صاحب سیتاپور ضلع ہوگلی کے
سینیئر مدرس میں ملازم ہیں[2]۔

جناب مولوی مبین اللہ صاحب (رام پاڑہ) کے بھائی [illegible] کی
کی صاحبزادی منورہ خاتون صاحبہ کی شادی فرفرا شریف میں قاضی خضر الحق صاحب
سے ہوئی تھی۔ بی بی منورہ خاتون ابھی حیات ہیں۔ بہت ضعیفہ اور بیمار ہیں۔ ان
کے ایک بیٹے قاضی ظہور الحق اور دوسرے بیٹے قاضی اکرام الحق صاحب ہیں۔ قاضی
ظہور الحق صاحب کے چار بیٹے ہیں۔ ان میں سے بڑے مولانا قاضی سراج الحق [illegible]

---

[1] خط جناب مولانا عبدالسلطان صاحب، رظلہ، فرفرا شریف ضلع ہوگلی۔ بنام راقم الحروف۔ ۱۴ روز
۲۷ جولائی ۱۹۷۴ء۔ ۱۶ اگست ۱۹۷۴ء اور ۳ اگست ۱۹۷۴ء

[2] خط جناب مولانا عبدالقادر صاحب سیتاپور۔ ڈاکخانہ جگت بلبھ پور ضلع ہوگلی۔ مورخہ ۲۰ اکتوبر ۱۹۷۴ء

Marfat.com

عالم دین ہیں اور دورہ حدیث شریف کی سند رکھتے ہیں[1]۔ مولوی مبین اللہ صاحبؒ کے بھتیجے حاجی فضل الرحمٰن، تفضیل حالدار اور قدیم حالدار مرحوم[2] تھے۔

مولانا عبدالقادر[3] صاحبؒ بیڈیا باٹی ضلع ہوگلی کے رہنے والے تھے۔ بیڈیا باٹی ہوڑہ سے ۱۶ میل (۲۵ کیلومیٹر) اُتر شیورا پھولی خلکشن اور بھدریشور کے درمیان ایک ریلوے اسٹیشن اور سیرام پور کا مضافاتی قصبہ ہے۔ اُردو کے سب سے پہلے ناول مراۃ العروس سے گیارہ سال قبل ۱۸۵۸ء میں بنگلہ زبان کا سب سے پہلا ناول پیارے چند مترا نے یہیں لکھا تھا۔ شیخ لال محمد[4] صاحبؒ چُچُیرا ضلع ہوگلی کے باشندہ تھے۔ اسی چُچُیرا کو چنسُورہ کہتے ہیں۔ جو ہوگلی اور چندر نگر کے درمیان ہوگلی ضلع اور بردوان ڈویژن کا صدر مقام ہے۔ یہاں دلندیزیوں کے دور کا ایک بڑا بارک حاجی محسن ہوگلی کالج اور ہوگلی مدرسہ ہے۔ اب پھر ریلوے اسٹیشن کا نام چُچُورا کر دیا گیا ہے۔ مولانا عبدالقادر صاحبؒ اور شیخ لال محمد صاحبؒ کے کچھ حالات معلوم نہ ہو سکے۔

مولوی سید اعظم حسین[5] صاحبؒ کا وطن معلوم نہیں ہے۔ دیوان وسیی کی ترتیب کے موقع پر وہ مدینہ منورہ میں مقیم تھے۔ مولوی سید عبیداللہ[6] صاحبؒ شانتی پور[7] ضلع ندیا کے رہنے والے تھے۔ قصبہ شانتی پور، رانا گھاٹ سب ڈویژن

---

[1] و [2] خط جناب مولانا عبدالسُّلطان صاحب۔ فُرفُرا شریف۔ ضلع ہوگلی بنام راقم الحروف مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۷۴ء۔ [3] خط مولانا محمد بشیرالدین صاحب ڈھاکہ۔ مورخہ ۴ جولائی ۱۹۷۵ء

[3] شانتی پور کے قریب مشہور تاریخی مقام نوادیپ ہوگلی ندی کے کنارے ہے، جو بلال سین اور لکشمن سین کا دارالحکومت تھا۔ ۱۲۰۳ء میں اس پر اختیارالدین محمد بختیار خلجی نے قبضہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۲۷ پر)

میں رانا گھاٹ سے تیرہ میل اور ضلع کے صدر مقام کرشنا نگر سے اٹھیل کے فاصلہ پر ہے۔ یہاں مغل بادشاہوں کے دور کا ایک قلعہ تھا اور عہد عالم گیری کی ایک مسجد ہے۔ یہیں بنگلہ زبان کے مشہور شاعر جناب محمد مزمل حق[1] نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک منظوم سیرت "حضرت محمدؐ" اور مسلمانوں کو بیدار کرنے کے لئے چند دوسری کارآمد کتابیں لکھیں۔ ڈاکٹر ہرندر چندر پال نے اپنی کتاب "پارشد شاہتر ایتیہاش" میں سانتی پور ضلع ندیا کے ایک فارسی شاعر پنڈت منشی رام تارن موکھو پادھیا کا ذکر کیا ہے اور اپنی کتاب کے صـ۱۷۵ پر ان کا یہ شعر نقل کیا ہے: ؎

آئینہ صاف کن کہ بہ بینی جمال دوست
زنگہ ار گرفت نہ بینی بجز سفل[2]

حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی قدس سرہٗ کے مریدوں میں ایک

(بقیہ حاشیہ صـ۲۲۶ کا)

کرلیا۔ اور یہیں سے بنگال میں مسلمانوں کی فتوحات کا آغاز ہوا۔ ریاض السلاطین میں نوادیپ کی فتح کا مفصل حال لکھا ہے۔ سنسکرت کی مشہور نظم گیت گووند کا مصنف جے دیو راجہ لکشمن سین کا درباری شاعر تھا۔ ویشنوی تحریک کے بانی شری چیتنیؒ ۱۴۸۴ء میں نوادیپ میں پیدا ہوئے تھے۔ ندیا ضلع گزیٹیر۔ جے۔ ایچ۔ ای۔ گیرٹ ۱۹۱۰ء صـ۵۰-۲۲ اور صـ۸۶-۱۸۰

---

[1] جناب محمد مزمل حق (۱۹۳۳ء — ۱۸۶۰ء) جاتیہ سنکلپ۔ جاتیہ فوارہ۔ مہارتشی منصور۔ شاہنامہ اور ٹیپو سلطان ان کی مشہور تصانیف ہیں۔ مسلم بنگالی ادب۔ ڈاکٹر انعام الحق صـ۳۴۱-۳۴۰

[2] خط جناب الحاج مولانا محمد شبیر الدین صاحب ڈھاکہ مورخہ ۱۹ جون ۱۹۷۵ء

Marfat.com

نام مولوی گل حسین[۲۱] صاحبؒ کا ہے اور ان کا وطن خراسان لکھا ہے۔ معلوم نہیں کہ اس خراسان کا مطلب ایران کا صوبہ خراسان ہے جس کا کچھ مشرقی حصہ افغانستان میں بھی شامل ہے۔ افغانستان میں ہرات اور ہرات سے متصل مرکز روحانیت قصبہ چشت اور ایران میں مشہد مقدس، سبزوار، نیشاپور، طوس اور تربت شیخ جام وغیرہ اس صوبہ کے خاص شہر ہیں۔ اتر پردیش کے ضلع اعظم گڑھ میں پھول پور کے پاس اسی تحصیل کے اہرولہ بلاک میں خراسان نامی ایک بستی ہے اسے شہنشاہ ہمایون کے ساتھ ایران سے آنے والے سید احسن اخوند کی اولاد میں راجہ سید جان علی، جان جہان، جاگیردار پرگنہ ماہل نے عہد اکبری میں آباد کیا تھا۔ ۱۸۵۷ء کے غدر میں اس خاندان کے نمائندہ راجہ ارادت جہاں کو پھانسی دی گئی ان کی ساری جائداد ضبط کر لی گئی اور خراسان ایک انگریز کو دے دیا گیا اس خراسان بستی کے نام پر پھول پور کے ریلوے اسٹیشن کا نام خراسون روڈ ہے[۱] یہ بھی ممکن ہے کہ مولوی گل حسین صاحبؒ اسی موضع خراسان ضلع اعظم گڑھ کے

---

[۱] خراسان اور راجہ ارادت جہان وغیرہ۔ شیراز ہند جون پور۔ سید اقبال احمد ۱۹۶۳ء، ص ۲۳۷؛ اعظم گڑھ ضلع سنسس ہینڈ بک ۱۹۶۱ء ص ۲۶۸ ۱۹۶۱ء کی مردم شماری کے مطابق اس بستی کی آبادی ۵۳۰ نفوس تھی۔ خراسان بستی کو اب خراسون بولتے ہیں۔ یہ خراسون روڈ اسٹیشن (پھول پور) سے ڈھائی میل اتر نوادہ کے پاس ہے۔ اعلیٰ حضرت قبلہ عالم ادام اللہ فیوضہ کے نواسے محترم المقام بابو اسرار الحق مدظلہ۔ بی۔ اے، بی۔ ایڈ، نوادہ کے رہنے والے ہیں۔

Marfat.com

کے باشندہ ہوں۔ لیکن قرینِ قیاس یہ ہے کہ مولوی گل حسین صاحب خراسان کے رہنے والے کوئی ایرانی تاجر کلکتہ میں تھے۔

مولوی نعمت اللہ[۱۵] صاحبؒ، منشی صداقت اللہ[۱۶] صاحبؒ اور حافظ محمد ابراہیم[۱۷] صاحبؒ کا تعلق حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحبؒ اور شمس العلماء حضرت مولانا غلام سلمانی صاحبؒ کے وطن فرفرا شریف سے ہے، جو ضلع ہوگلی کے جنوبی حصہ میں اشراف کا ایک قدیم اور مشہور قصبہ ہے۔ جناب حافظ محمد ابراہیم صاحبؒ کے والد مولوی محمد منعم صاحب مرحوم، پٹنہ میں صدر اعلیٰ کے عہدہ پر فائز[۱۸] تھے۔ منشی صداقت اللہ صاحب رحمی صاحبزادی سے حضرت مولانا شاہ ابوبکر صاحبؒ کی دوسری شادی ہوئی تھی۔ حضرت مولاناؒ کے سب سے چھوٹے صاحبزادے مولانا ذوالفقار علی صاحب مدظلہٗ اسی محل سے ہیں۔ منشی صداقت اللہ صاحبؒ کی حویلی میں مدرسہ فتحیہ قائم ہے اور اسی میں اِن کا مزار بھی ہے۔ مولانا ذوالفقار علی صاحب مدظلہٗ مدرسہ باڑی میں قیام رکھتے ہیں۔ اِن کے برادرِ نسبتی کا نام حاجی قاضی عبدالمنان[۱۹] ہے۔

---

[۱۵] خط جناب الحاج مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۶ جون ۱۹۷۵ء

[۱۶] خط جناب الحاج مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۴ جولائی ۱۹۷۵ء۔

Marfat.com

۱۸- مولانا عبدالحق صاحبؒ

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ولیسی قدس سرّہٗ کے خلفاء میں تین اصحاب بڑے باکمال اور نامور بزرگ گذرے ہیں۔ جناب مولانا عبدالحق صاحبؒ سیج گرام، تھانہ بھرت پور، ضلع مرشد آباد کے رہنے والے تھے اور خلیفہ اوّل سیّدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد میں تھے۔ سلسلۂ نسب آپ کا ۲۶ واسطوں سے جناب صدیق اکبرؓ تک پہنچتا ہے۔ آپ کے والد محترم کا نام محمد ثابتؒ اور دادا کا نام مولوی محمد واعظؒ تھا، آپ کے اجداد میں شاہ عثمان ولی رحمۃ اللہ علیہ بڑے بزرگ گذرے ہیں۔ مولانا عبدالحق صاحبؒ کے صاحبزادے کا نام محمد عبدالحی اور پوتے کا نام محمد عبدالحلیم ابواحمد تھا۔ اِس خاندان کی اب صرف ایک صاحبزادی ہیں، جو ڈھاکہ میں رہتی ہیں۔

سیج گرام ضلع مرشد آباد کے تھانہ بھرت پور کی ایک بستی[1] ہے۔ جہاں شاہ پور

---

[1] سیج گرام تھانہ بھرت پور، سب ڈویژن کانڈی، ضلع مرشد آباد۔ بھرت پور سے ۲ ڈھائی میل پورب اور شاہ پور سے ۲ دو میل اُتر ہے۔ الیٹرن ریلوے کے تیناسٹیشن سے تقریباً پانچ میل اور سالار اسٹیشن سے تقریباً سات میل (۱۱ کیلومیٹر) ہے۔ خط پوسٹ ماسٹر سیج گرام بنام راقم الحروف مورخہ ۱۳ مئی سنہ ۱۹۷۴ء اور خط پوسٹ ماسٹر شاہ پور، بنام راقم الحروف۔ مورخہ ۳ جون سنہ ۱۹۷۴ء۔

کی طرح بھرت پور کی ماتحتی میں ایک ڈاک خانہ بھی ہے۔ جناب مولانا عبدالحق صاحبؒ اپنے زمانہ کے علماء میں بڑا بلند مقام رکھتے تھے اور عربی فارسی ادب پر اُن کو عبور کامل حاصل تھا۔ اہل زبان کی طرح فارسی بڑی روانی سے لکھتے تھے۔ دیوان دیسی میں آپ کے چار فارسی رقعے نقل ہوئے ہیں۔ یہ چاروں خطوط مولانا نے اپنے والد محترم جناب مولانا محمد ثابت صاحبؒ کے نام لکھے ہیں۔ اِن میں تصوّف و معرفت کی باتیں ہیں۔ پیر و مرشد کی نگاہ کرم اور اُن کی مہربانیوں کا ذکر ہے۔

پہلے رقعہ میں لطائف خمسہ کی وضاحت ہے اور ایک بار ۱۸ رمضان المبارک کو لطیفہ قلب کی عروجی کیفیت میں مولانا کو چار انبیائے کرام علیہم السّلام، امام طریقہ حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ، حضرت امام ربّانی مجدّد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندیؒ اور پیر و مرشد حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحبؒ کی موجودگی میں جناب رسالت مآب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کے دربار گہربار میں باریابی کا شرف حاصل ہوا۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلّم نے خود اپنے دستِ مبارک سے ان کو شرابِ معرفت پلائی۔ پھر حضور اکرمؐ کے حکم سے ان کے تینوں مشائخ نے پلایا مولانا نے اس عروجی کیفیت میں اپنی خوش قسمتی کے ان واقعات کو بڑے لُطف و انبساط ادب و احترام اور عجز و انکسار کے ساتھ بیان کیا ہے۔

دوسرے رقعہ میں لکھا ہے کہ ایک روز سنیچر کو درود شریف پڑھنے کے وقت دربار رسالت مآبؐ میں حاضری کا شرف حاصل ہوا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں طرف حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ اور بائیں طرف حضرت امام ربّانی

Marfat.com

مجدّد الف ثانی رح موجود تھے۔ خیال ہوا کہ کاش جدِ امجد سیّدنا حضرت صدیق اکبر رض کی زیارت نصیب ہوتی۔ چنانچہ اللہ کی مہربانی سے حضرت صدیق اکبر رض تشریف لائے اور جمالِ نبوی ص کے دیدار میں مشغول ہو گئے۔ پھر اِن کو دیکھا اور اپنے سینۂ مبارک سے لگایا۔ اس کے بعد آں حضرت صلعم کے قدموں میں ڈال دیا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دستِ شفقت و رحمت پھیرا اور ایک دعا پڑھی جو ان کو یاد ہو گئی۔

ایک روز اپنے شیخ کے حکم سے اس دعا کی برکت سے لوحِ محفوظ میں فتح سلطانی کا حال اور سیّدنا حضرت ابوبکر صدیق رض کی اولاد میں اپنے والد محترم کا نام دیکھا۔ پھر غوث الاعظم سیّدنا حضرت محی الدین عبدالقادر جیلانی رح کی زیارت نصیب ہوئی۔ حضرت غوث الاعظم رح کا فیض اپنے والد محترم کے سینہ میں آتے دیکھا۔ اسی رقعہ میں جامع التفاسیر اور ریاض الصالحین دو کتابوں کا ذکر ہے نیز یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت پیر و مرشد نے فرمایا کہ یہ خط غیروں کے ہاتھ میں نہ جانے پائے۔

تیسرے رقعہ میں اپنے پیر و مرشد حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب قدس سرّہٗ کے درجات عالیہ اور دربار رسالت مآب ص میں اُن کے اعلیٰ مرتبہ اور اپنے حال پر پیر و مرشد کی نگاہِ کرم، شفقت و عنایت اور توجّہ خاص کا ذکر ہے۔ نیز یہ بھی لکھا ہے کہ ایک روز حضرت امام ربّانی مجدّد الف ثانی رح سے گریہ و زاری کے ساتھ حضور رسول اکرم ص کی زیارت کی خواہش کا اظہار کیا۔ حضرت مجدّد پاک رح کی توجّہ سے حضور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ابروئے مبارک کی زیارت نصیب ہوئی۔ نیز

Marfat.com

ایک روز مولانا کے پیر و مُرشد نے ان کے والد محترم کے بارے میں فرمایا کہ اُن کے حالات بہتر ہیں۔

چوتھے رقعہ میں تحریر فرمایا ہے کہ ایک روز اپنے شیخ سے عرض کیا کہ قرآن مجید کی تلاوت کے وقت رگِ صدیقی میں جوش پیدا ہوتا ہے۔ حضرت صوفی صاحبؒ نے فرمایا کہ تم اولادِ صدیق اکبرؓ میں ہو۔ انشاء اللہ زیارت بھی نصیب ہو گی۔ چنانچہ بعد مغرب عروجی کیفیت میں دیکھا کہ جناب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک تخت زرّیں پر جلوہ افروز ہیں اور نیچے سیّدنا حضرت صدیق اکبرؓ سے لے کر حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحبؒ تک سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے تمام مشائخ موجود ہیں۔ اس کے بعد جب عروجی کیفیت ختم ہوئی تو حضرت شیخؒ نے فرمایا کہ انہوں نے حضرت صدیق اکبرؓ کے دربار میں ان کو پیش کیا۔ پھر سلسلہ کے تمام بزرگ ان کی طرف متوجہ ہوئے اس روز سے اپنے کو شیخ کے زر خرید غلام سے بھی حقیر اور کمتر سمجھتے ہیں۔ حضرت شیخ اپنی توجہ سے وسوسہ شیطانی کو دُور کر دیتے ہیں۔ لکھتے ہیں کہ حضرت شیخ نے فرمایا کہ ظاہری کرامت بچّوں کا کھیل ہے اور قلب کی اصلاح کرنا بہادروں کا کام ہے اور حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین نے جو کچھ حاصل کیا، وہ حضور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت بابرکت سے۔ اِس لئے تصوّف و معرفت کی دنیا میں صحبتِ شیخ کی بڑی اہمیّت ہے۔

جناب مولانا عبدالحق صاحبؒ کے خطوط میں اُن کے رشتہ کے دو بھائیوں، مولوی محی الدین حسن اور مولوی مہدی حسن اور اُخوند کارنشی عبدالعزیز کا ذکر آیا ہے۔

Marfat.com

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحبؒ کے وصال کے دو برس بعد جناب مولانا عبدالحق صاحبؒ کا یکم ماہ پوس ۱۲۹۵ بنگلہ فصلی، ۱۵ دسمبر ۱۸۸۸ء = ۱۱ ربیع الاوّل ۱۳۰۶ھ (گیارہویں شریف) سنیچر کے روز ۲ بجے دن میں انتقال ہوا۔

۱۹۔ فُرفُرا شریف

ضلع ہوگلی کے شمالی حصّہ میں پنڈوا[1] شریف اور مغربی حصّہ میں گڑھ مندران[2] کی طرح بالکل جنوبی حصّہ میں فُرفُرا نام کی ایک پُرانی بستی مسلمانوں کا ایک بڑا مرکز ہے یہاں مسلمانوں کی کافی آبادی ہے اور اُن میں سے اکثر اعمہ دار ہیں۔ یہ اشراف کہلاتے ہیں اور اُن مسلمان فوجیوں کی اولاد ہیں، جو بنگال کی فتح کے وقت پٹھانوں کے ابتدائی

---

[1] پنڈوا شریف ضلع ہوگلی (چھوٹا پنڈوا) گرینڈ ٹرنک روڈ (قومی شاہراہ ۲) اور ایسٹرن ریلوے کی خاص لائن پر ہوگلی سے ۱۴ میل اور کلکتہ سے ۲۴ میل اُتر پچھم کی طرف ہے۔ یہ ایک تاریخی مقام ہے۔ یہاں تھانہ، ڈاک خانہ، سب رجسٹری آفس، بنگلہ اور ریلوے اسٹیشن ہے۔ اشراف مسلمان آباد ہیں جن میں بہت سے اعمہ دار ہیں۔ یہاں حضرت شاہ صفی الدین شہیدؒ کا آستانہ ہے سنہ ۱۳۴۰ء کا بنا ہوا ۱۲۵ فٹ بلند فیروز مینار ہے۔ سنہ ۱۴۷۷ء کی بنی ہوئی ایک مسجد ہے۔ روضہ پوکھر اور پیر پوکھر ہے۔ انگریزوں کے ابتدائی دورِ حکومت میں پنڈوا شریف کے بہت سے اشراف مسلمان قاضی اور ڈپٹی مجسٹریٹ مقرر ہوئے۔ ہوگلی ضلع گزیٹیر۔ اس۔ اس۔ او میلی سنہ ۱۹۱۲ء۔ صفحہ ۹۸-۲۹۷ ۔ سنہ ۱۹۴۱ء کی مردم شماری میں پنڈوا تھانہ کا رقبہ ۱۱۱ مربع میل اور آبادی ۸۱,۷۸۹ تھی جس میں ۵,۸۷۸ مسلمان تھے۔ مردم شماری ہند سنہ ۱۹۴۱ء۔ بنگال۔ آر۔ اے۔ ڈوش سنہ ۱۹۴۲ء

[2] گڑھ مندران۔ تھانہ گوگھاٹ، سب ڈویژن آرام باغ۔ یہاں اُمورندی کے (بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۳۵ پر)

دورِ حکومت میں یہاں آکر آباد ہوئے تھے۔ پہلے یہ بستی سیرام پور سب ڈویژن کے چندی تلا تھانہ میں تھی۔ اب جنگی پارا تھانہ میں ہے اور تھانہ کی مشرقی سرحد پر واقع ہے۔ یہاں ایک ڈاک خانہ ہے جس کا نام فُرفُرا ہے۔ یہ مدیسٹ کے بڑے ڈاکخانہ کی ماتحتی میں ہے۔

فُرفُرا شریف کو عام طور پر پھُرپھُرا شریف کہتے ہیں۔ دیوان ولیسی میں پھُرپھُرہ لکھا ہے۔ ہوگلی ضلع گزیٹیر میں پھُرپھُرا تحریر کیا ہے۔ ڈاک خانہ کا نام فُرفُرا ہے۔ بنگال کے تعلیم یافتہ مسلمان فُرفُرہ شریف لکھتے ہیں۔ لیکن بول چال کی زبان میں عام لوگ اسے پھُرپھُرا شریف ہی کہتے ہیں۔ الحاج مولانا سیّد محمد شبیر الدین

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۳۴ کا]

کنارے قلعہ ہے اور قلعہ میں حضرت اسماعیل غازی رح کا مزار ہے۔ قریب میں فرمان دیگھی اور مبارک منزل دوار ہے۔ حضرت اسماعیل غازی رح کا ایک مزار ضلع رنگ پور (بنگلہ دیش) میں پیر گنج سے سات میل پچھم پڑتا ہے میں بھی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہاں حضرت کا سر دفن ہے۔ حضرت شاہ اسماعیل غازی رح کی شہادت کا واقعہ علاؤ الدین حسین شاہ (۱۴۹۳-۱۵۱۸ء) کے دورِ حکومت میں رسائی نامی ایک برہمن کی سازش سے پیش آیا۔ ہوگلی ضلع گزیٹیر (حالات مندران)۔ ایس۔ ایس۔ ۱۰ میلی ۱۹۱۲ء۔ اور رنگ پور ضلع گزیٹیر جے۔ اے۔ واس ۱۹۱۱ء ص ۳۲؛ ڈاکٹر انعام الحق نے اپنی کتاب مسلم بنگالی ادب (ص ۱۲۱) میں لکھا ہے کہ شاہ اسماعیل غازی رح بابک شاہ کے عہدِ حکومت میں ۱۴۷۴ء میں شہید ہوئے۔

لہ ۱۹۴۱ء کی مردم شماری کے وقت جنگی پارا تھانہ کا رقبہ ۶۳ مربع میل اور آبادی ۶۷۰۹۲ تھی جس میں مسلمان ۱۲۳۶۱ تھے۔ مردم شماری رپورٹ بنگال ۱۹۴۱ء۔ آر۔ اے۔ دُوئش

صاحب مدظلہ، نے ڈھاکہ سے مطلع کیا ہے کہ بنگلہ زبان میں ایک کتاب تاریخ فُرفُرہ ہے جس میں صوفی سید فتح علی صاحب ویسی رح کے نامور خلیفہ شمس العلما حضرت مولانا غلام سلمانی صاحب رح کے حوالہ سے لکھا ہے۔ اس علاقہ کو سید حسین بخاری رح نے فتح کیا تھا۔ اور یہاں کی روئیدگی، تازگی اور شادابی سے متاثر ہو کر اس کا نام پُرفرح رکھا۔ یہ پُرفرح فُرفُرہ بن گیا[1]۔ نام کے تلفظ کی یہ تبدیلی بڑی حد تک قرین قیاس اور قابل یقین معلوم ہوتی ہے۔ پُرفرح کا فُرفُرہ اور پھُرپھُرہ یا پھُرپھُرا بن جانا بالکل فطری امر ہے۔

کہا جاتا ہے کہ فُرفُرا شریف میں کبھی ایک باگدی ہندو راجہ حکمراں تھا اور اس مقام کا قدیمی نام بلیا بستی تھا۔ باگدی راجہ کو شاہ محمد کبیر حلبیؒ رح اور حضرت شاہ اکرم الدین رح نے شکست دی اور یہاں مسلمانوں کا اقتدار قائم کیا۔ فُرفُرا شریف کے قریب مولناہ (مُلّا) سملہ میں ایک پرانی مسجد ہے اور وہیں حضرت کبیر حلبیؒ رح کا مزار ہے۔ ان کو عام طور پر حلب (اَلیپو) کے شاہ انور قلیؒ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ ۱۳۷۵ء میں آپ کا وصال ہوا۔ ہندو اور مسلمان دونوں کو آپ سے بہت عقیدت ہے۔ اور یہاں زائرین بہت کافی تعداد میں آتے ہیں۔ درگاہ شریف کے دروازہ پر طغریٰ میں سنگ سیاہ کا کتبہ لگا ہوا ہے۔ اس کتبہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس مسجد کو خان اعظم الغ مخلص خاں نے ۷۷۷ھ (۱۳۷۵ء) میں تعمیر کیا۔ دوسری مسجد کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ایک تاجر حبش کی کشتی سروستی ندی کے طوفان میں پھنس گئی تھی۔

---

[1] خط جناب الحاج مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ ڈھاکہ۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲ جولائی ۱۹۷۵ء

اُس نے منّت مانا اور حضرت کے فیض سے بچ گیا۔ اُس نے ۱۰۰۱ھ (۱۵۹۲ء) میں یہ مسجد تعمیر کرائی۔[1]

ہوگلی ندی کے کنارے ایسٹرن ریلوے کی خاص لائن اور گرینڈ ٹرنک روڈ (قومی شاہ راہ ۲) پر ہوڑہ سے بارہ میل (۲۰ کیلومیٹر) اُتر سیرام پور ایک تاریخی مقام اور مشہور صنعتی شہر ہے۔[2] عیسائی مشنریوں نے سب سے پہلے یہیں سے اپنا کام شروع کیا تھا۔ سب سے پہلا پریس یہیں قائم ہوا تھا۔ بائبل کا پہلا اُردو ترجمہ یہیں سے شائع ہوا تھا۔ حج بیت اللہ کو جاتے وقت اکتوبر ۱۸۲۲ء میں امیر المومنین سیّد احمد شہید رح نے سیرام پور میں قیام فرمایا تھا یہیں آپ کے خلیفہ سیّد عبداللہ ابن سیّد بہادر علی رہتے تھے۔ جنہوں نے سیرام پور میں ٹائپ کا ایک پریس قائم کیا تھا۔ مولوی سیّد عبداللہ صاحب سیرام پوری رح نے ۱۸۳۰ء میں حضرت سید احمد شہید کی فارسی کتاب 'تنبیہ الغافلین' کا اُردو ترجمہ اور ۱۸۳۸ء میں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب رح کے اُردو ترجمہ قرآن پاک کو پہلی بار ٹائپ میں شائع کیا۔ ان کے علاوہ سیکڑوں دوسری دینی کتابیں اہتمام کے ساتھ شائع کیں۔

سب ڈویژن کے صدر مقام سیرام پور سے سرستی ندی کا فاصلہ ۱ میل ہے

---

[1] ہوگلی ضلع گزیٹیر۔ اس۔ اس۔ او میلی ۱۹۱۲ء۔ ص ۳۰۳

[2] ہوگلی ضلع گزیٹیر۔ اس۔ اس۔ او میلی ۱۹۱۲ء (بیان سیرام پور) ۱۹۱۱ء میں شہر سیرام پور کی آبادی ۴۹,۵۹۴ اور ۱۹۴۱ء میں ۵۵,۳۴۹ تھی جس میں مسلمان ۶,۳۲۲ تھے۔ مردم شماری ہند ۱۹۴۱ء بنگال۔ آر۔ لے۔ ڈوش۔ صفحہ ۱۹۴۲ء؛ [3] سید احمد شہید۔ مولانا غلام رسول مہر۔ جلد اوّل ص ۲۱۴

اور ندی کے کنارے سے تقریباً اسی قدر پچھم فُرفُرا شریف واقع ہے۔ سابق ہوڑہ شیاکھالا لائٹ ریلوے (۱۹ میل) کے آخری اسٹیشن شیاکھالا سے فُرفُرا شریف تین میل دکھن پچھم ہے۔ سیرام پور سے بردئی پارا شیاکھالا، چک تاج پور، کھانتن اور رام پارا ہوتے ہوئے پختہ سڑک تھانہ کے صدر مقام جنگی پارا کو جاتی ہے۔ رام پارا فُرفُرا شریف سے ایک میل دکھن پچھم کی طرف ہے۔

فُرفُرا شریف سے شیاکھالا تین میل اُتر پورب، ہوڑہ بردوان کارڈ لائن کا اسٹیشن بردئی پارا ۸ میل پورب اور سب ڈویژن کا صدر مقام ۱۴ میل پورب ہے۔ آمدورفت کا آسان ترین راستہ یہی ہے۔ فُرفُرا شریف سے تھانہ کا صدر مقام جنگی پارا ۸ میل پچھم۔ بڑا ڈاکخانہ موسَت ۵ میل دکھن پُورب اور اسی طرف چندی تلا دس میل کے فاصلہ پر ہے۔ دکھن میں برگچھیا ۸ میل اور دکھن پچھم میں جگت بلبھ پور صرف ۴ میل پر واقع ہے۔ یہ دونوں مقامات ضلع ہوڑہ میں ہیں۔ برگچھیا پہلے ہوڑہ آمتا لائٹ ریلوے کا جنکشن تھا۔ جہاں سے ایک لائن دکھن پچھم میں آمتا کو اور دوسری لائن اُتر پچھم میں جگت بلبھ پور۔ جنگی پارا ہوتے ہوئے دامودر ندی کے کنارے چمپا ڈنگا تک جاتی تھی۔ اس لائن کی مؤخرالذکر شاخ بدسیتا پور ہاٹ اسٹیشن فُرفُرا شریف سے پانچ میل دکھن پچھم کی طرف تھا۔ لائٹ ریلوے تو ختم ہو چکی ہے۔ لیکن ہوڑہ سے آمتا اور چمپا ڈنگا تک بڑی پٹڑی کی لائن زیر تعمیر ہے۔

ایسٹرن ریلوے کی شیورا پھولی تارا کیشور برانچ لائن پر نالیکول اسٹیشن

Marfat.com

فرفرا شریف سے سات میل اُتر اور ہری پال اسٹیشن ۸ میل اُتر قدرے پچھم ہے۔ نالی کول اسٹیشن سے ایک نیم پختہ سڑک دکھن کی طرف آتی ہے۔ اور شیاکھالا، چمپاڈنگا روڈ کو الہٰی پور میں عبور کرتے ہوئے شیاکھالا جنگی پارا روڈ سے چک تاج پور میں مل جاتی ہے۔ چک تاج پور شیاکھالا اور فرفرا شریف کے درمیان واقع ہے۔ ہری پال اسٹیشن اور تھانہ کے صدر مقام سے ایک خام سڑک دکھن پورب کو آتی ہے۔ شیاکھالا چمپاڈنگا روڈ کو سپاھی گاچھی میں اور شیاکھالا جنگی پارا روڈ کو فرفرا شریف سے دکھن پچھم بیل پارا میں عبور کرتی ہوئی ضلع ہوڑہ کے برگچیا کو جاتی ہے۔ سابق ریلوے اسٹیشن سیتاپور ہاٹ سے ایک خام سڑک آکر اس سے منڈولیکا میں ملتی ہے۔ بڑی سڑک کی لائن بن جانے پر فرفرا شریف کے لئے یہ سب سے آسان راستہ ہوگا۔

فرفرا شریف کے اُتکھات موضع ہے۔ حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی رح کے مرید منشی شرافت اللہ صاحب رح اسی بستی کے رہنے والے تھے۔ ان کے چچازاد بھائی کی اولاد میں مولانا عبدالقادر صاحب سیتاپور کے مدرسہ میں ملازم ہیں۔ پورب میں چندی تلا تھانہ کا پاتول موضع ہے۔ یہاں مسلمانوں کی آبادی نہیں ہے۔ دکھن میں دکھن ڈیہی بستی ہے۔ دکھن پچھم میں رام پارا ہے۔ حضرت ویسی رح کے مرید مولوی مبین اللہ صاحب اسی موضع رام پارا کے رہنے والے تھے۔ اُن کی صاحبزادی منوّرہ خاتون ابھی حیات ہیں۔ ان کے لڑکے فرفرا شریف میں قاضی ظہورالحق اور قاضی اکرام الحق ہیں۔ اور ایک پوتے مولانا قاضی سراج الحق صاحب عالم دین ہیں۔

Marfat.com


۱۳- فُرفُرا شریف
اور
بنڈیل شریف
پیمانہ ایک انچ = ½ ۶ میل
بال گڑھ
پنچی
پانڈوا
خانیان
تلنڈو
مہایاد
دستارا
بنڈیل شریف
پولیا
ہوگلی
دھنیا کھالی
بنبان
چیتسورہ
چندن پور
نالی کول
کمر کونڈو
ہری پال
سپاہی گاچھی
سیا کھالا
فرفرا شریف
کھاتن
موشت
سیرام پور
بیگم پورہ
جنگی پارا
رام پارہ
چندی تلا
برگا چھیا
منشیر ہاٹ
دہسہ
دوم جور
ہورہ
پدو پوکھر
اندول
اسلام پور
آمتا
خضر پور
علی پور
اچھا پور
بارک پور
بارنگر
ڈم ڈم

Marfat.com

فُرفُرا شریف کے پچھم ہیل پارا موضع ہے جہاں شمس العلماء حضرت مولانا غلام سلمانی صاحبؒ کی شادی جناب مُلّا عنایت اللہ صاحب مرحوم کی صاحبزادی سے ہوئی تھی۔ حضرت کی ایک صاحبزادی عزیزہ خاتون صابرہ کی شادی بھی ہیل پارا موضع میں ہوئی۔[1]

فُرفُرا شریف جانے کا آسان ترین راستہ سیرام پور یا بروئی پارا اسٹیشنوں سے ہے۔ سیرام پور جنگی پارا روڈ پر بس آتی جاتی ہے۔ فُرفُرا شریف کے لئے اس روڈ پر رام پارا میں اُترنا چاہیئے، جو فُرفُرا شریف سے ایک میل کے فاصلہ پر ہے۔ کلکتہ سے آنے والے لوگ ہوڑہ، بردوان کارڈ لائن کے بروئی پارا اسٹیشن میں جنگی پارا جانے والی بس پکڑتے ہیں۔ یا دھرم تلا کلکتہ سے شیاکھالا ہوتے ہوئے چمپا ڈنگا اور رام باغ کو جانے والی بس میں جگہ حاصل کرکے شیاکھالا میں اُتر جاتے ہیں اور پھر سیرام پور سے جنگی پارا جانے والی بس میں رام پارا تک سفر کرتے ہیں۔

ہوڑہ سے چھ میل (دس کیلومیٹر) اُتّر، ایسٹرن ریلوے کے اُتّر پارا اسٹیشن سے دان کونی۔ کالی پور۔ چندی تلا ہو کر شیاکھالا تک بس آتی جاتی ہے۔ اس روڈ سے بھی سفر کیا جا سکتا ہے۔ اُتّر کی طرف سے آنے والے ہوڑہ، بردوان کارڈ لائن کے کمرکنڈو جنکشن پر گاڑی بدل کر تارا کیشور لائن کے نالی کُول اسٹیشن سے فُرفُرا شریف پہنچ سکتے ہیں۔

---

[1] خط مولانا عبدالسلطان صاحب (سابق مدرسہ فتحیہ فُرفُرا شریف)، پوسٹ ماسٹر فُرفُرا۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۶ اگست ۱۹۷۴ء۔ ۱۴ اگست ۱۹۷۴ء؛ ۱۵ اگست ۱۹۷۴ء۔

فُرفُرا شریف ایک بڑا قصبہ ہے۔ اِس کا حلقہ پانچ میل سے زیادہ ہے۔ اِس میں بہت سے محلّے ہیں۔ جیسے: قاضی پارا۔ مفتی پارا۔ مُلّا پارا۔ میر صاحب پارا۔ قصّاب پارا۔ میاں صاحب پارا وغیرہ۔ حضرت مولانا شاہ محمد ابو بکر صاحب صدیقی رح کا مکان اور مزار شریف میاں پارا محلّہ میں ہے[1]۔

۲۰۔ حضرت مولانا شاہ محمد ابو بکر صاحب صدیقی رح

قطب الارشاد حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی قدس سرّہٗ کے خلفا میں حضرت مولانا شاہ صوفی محمد ابو بکر صاحب صدیقی رح کو سب سے زیادہ شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی۔ خلیفۂ اوّل سیّدنا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ کی اولاد میں تھے۔ فُرفُرا شریف میں ۱۲۶۳ھ (۱۸۴۶ء) میں پیدا ہوئے[2]۔ عالم باعمل اور صوفی کامل تھے۔ ساری زندگی خلقِ خدا کی اصلاح و ہدایت میں صرف کر دی۔ آفتاب طریقت اور چشمۂ فیض کی حیثیت رکھتے تھے۔ بغیر کسی تفتیش حال اور جانچ پڑتال کے بڑی آزادی اور فیّاضی سے لوگوں کو بیعت کیا کرتے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک بار کلکتہ کے ایک میدان میں جہاں ہزاروں ہزار کا مجمع تھا اور سب کے سب بیعت کے مُشتاق تھے۔ سب کا آپ کے قریب پہنچنا ممکن نہ تھا۔ چنانچہ پہلے آپ نے اپنا عمامہ

---

[1] خط جناب مولانا عبد السُّلطان صاحب فُرفُرا شریف ضلع ہوگلی۔ مورخہ ۱۵ اگست ۱۹۷۴ء

[2] خط جناب قاضی نجیب الرحمٰن صاحب وکیل۔ دیدار بخش لین کلکتہ ۶ مورخہ ۱۲ جون ۱۹۷۵ء

Marfat.com

پھیلادیا۔ قریب کے لوگوں نے اسے تھام لیا۔ پھر حاضرین سے کہا کہ بیعت ہونے والے تمام لوگ کندھے سے کندھا ملالیں۔ اس طرح سب کو بیعت کردیا اور فرمایا کہ جو لوگ تعلیم طریقت حاصل کرنا چاہتے ہیں، وہ کل ہو کر اُس مسجد میں آئیں جہاں حضرت قیام پذیر تھے۔ صرف پچیس[۲۵] آدمی حصولِ تعلیم کے لئے حاضر ہوئے۔ لیکن آپ کے فیض سے بہت کافی لوگوں کی اصلاح ہوگئی۔ اور آپ کے مریدوں کی تعداد ہزاروں ہزار تک پہنچ گئی۔ جن میں عام مسلمانوں کے علاوہ نامور علمائے اسلام، حکّام عالی مقام اور روسائے عظام کی کافی تعداد شامل تھی۔ اور سب کو آپ سے کمال عقیدت اور بے پناہ محبّت تھی۔ آپ کے خلفا کے ذریعہ رُشد و ہدایت کا سلسلہ جاری ہے۔

فُرفُرا شریف کے دوسرے بڑے بزرگ اور حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح کے دوسرے نامور خلیفہ شمس العلماء حضرت مولانا غلام سلمانی صاحب عباسی رح کی نخیال آپ کے خاندان میں تھی اور وہ رشتہ میں آپ کے پھوپھی زاد بھائی ہوتے تھے۔ فُرفُرا شریف میں عام طور پر حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح کو بڑے حضرت اور حضرت مولانا غلام سلمانی صاحب عباسی رح کو بڑے مولانا کہتے ہیں[۱]

۱/۲۴، منشی پارا لین، لالہ لگان، مانک تلّہ، کلکتہ ۶ میں حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح کے مزار مبارک پر کتبہ تاریخ حضرت مولانا ابوبکر صاحب رح نے لگوایا تھا۔ اور ہر سال آپ کے زیر اہتمام ۲۷ رمضان المبارک کو فاتحہ خوانی کے لئے

---

[۱] بحوالہ جناب عضد الدین خاں صاحب اُستاد شعبۂ تعلیمات اسلامی مُسلم یونی ورسٹی علی گڑھ۔ پٹنہ جون ۱۹۷۳ء

Marfat.com

صوفی صاحبؒ کے مریدین اور متوسلین کا یہاں ایک بڑا اجتماع ہوتا تھا[1]۔ آپ کے وصال کے بعد اس تاریخ کو فاتحہ خوانی کے اس اجتماع کا سلسلہ بند ہو گیا لیکن ہر سال ۵-۶ اور ۷ دسمبر کو ایصال ثواب کا سالانہ جلسہ جاری ہے[2]۔

حضرت مولانا محمد ابوبکر صاحبؒ کے خلیفہ مولانا شاہ محمد عبدالغنی صاحب مدظلہٗ نے میرسرائے ضلع چاٹگام کے پاس ملے پاش میں ۱۹۰۴ء میں ایک دینی مدرسہ قائم کیا۔ حضرت مولانا محمد ابوبکر صاحبؒ نے اپنے دادا پیر حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری رح (متوفی ۱۸۵۸ء) کے نام پر اس دینی درس گاہ کا نام صوفیہ نوریہ مدرسہ رکھا، جو بحمداللہ کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ آپ نے اپنے وطن فرفرا شریف میں اپنے خسر جناب منشی صداقت اللہ صاحب کی حویلی میں اپنے پیر و مرشد کے نام پر مدرسہ فتحیہ قائم کیا۔ یہ مدرسہ بھی جاری ہے اور مغربی بنگال میں علم دین کا ایک بڑا مرکز ہے۔ اس مدرسہ کا سنگ بنیاد رکھتے وقت مولانا محمد ابوبکر صاحبؒ کے خلیفہ مولانا احمد علی حمید جلالیؒ بھی موجود تھے اور حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسیؒ کے مرید مولوی غنیمت اللہ صاحب فرفرا شریف اس کے پہلے ناظم مقرر ہوئے تھے[3]۔

حضرت مولانا شاہ صوفی محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح کا ۲۵ محرم الحرام ۱۳۵۸ھ = ۱۷ مارچ ۱۹۳۹ء کو جمعہ کے دن صبح چھ بجے فرفرا شریف میں انتقال ہوا۔ مزار مبارک آپ کا میاں پارا محلہ میں ہے۔ اس وقت آپ کے بڑے صاحبزادے جناب الحاج

---

[1] دیکھئے ص ۱۷۹-۱۸۰ [2] دیکھئے ص ۱۸۲-۱۸۳

[3] خط ممتاز المحدثین جناب مولانا زین العابدین صاحب اخری مدظلہٗ۔ کان کھولی شریف کلکتہ ۲۴ مورخہ ۲۴ جون ۱۹۷۴ء۔

مولانا عبدالحی صاحب مدظلہٗ سجّادہ نشیں ہیں اور تعلیم طریقت کا سلسلہ جاری ہے۔ ہر سال ۵، ۶ اور ۷ مارچ کو فُرفُرا شریف میں مسلمانوں کا شاندار اور روح پرور اجتماع ہوتا ہے دُور دراز سے ہزاروں ہزار مسلمان شریک ہوتے ہیں۔ ایصال ثواب کا جلسہ ہوتا ہے۔ وعظ و نصیحت کی محفلیں منعقد ہوتی ہیں۔ اس مبارک و مسعود اجتماع میں خلافِ سنّت کوئی کام نہیں ہوتا۔ زائرین کی کثیر تعداد سے قصبہ کی رونق میں اضافہ ہو جاتا ہے اور اس عظیم دینی اجتماع میں شریک ہونے والے بزرگوں کے فیوض و برکات سے مُستفیض ہوتے ہیں۔

قطعہ تاریخ

جناب امیر الاسلام صاحب شرقی[1] نے حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقیؒ کی وفات کا قطعہ تاریخ لکھا ہے۔ ؎

وہ پیر بھائی جو کہ تھے والد کے پیر[2] کے[3]
روشن ضمیر، اہل وفا، صاحبِ نظر
تھا بست و پنج ماہِ محرم جمعہ کا روز
جو آپ نے کیا سوئے دار البقا سفر
شرقی طلب ہے تجھ سے جو سالِ وصال کی
بول لکھ "میرِ خُلد ہیں صوفی ابوبکر"

۱۳۵۸ھ

---

[1] خط جناب مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ۔ مورخہ ۲۵ اگست ۱۹۷۴ء

[2] جناب خان بہادر امین الاسلام صاحب انسپکٹر جنرل رجسٹریشن بنگال۔

[3] شمس العلماء حضرت مولانا غلام سلمانی صاحبؒ۔ فرفرا شریف ضلع ہوگلی

سنہ ۱۹۳۹ء میں حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح کے انتقال کے وقت آپ کے پانچ صاحبزادے موجود تھے ۱ مولانا ابو نصر محمد عبدالحی صاحب، ۲ مولانا ابو ظفر محمد وجیہہ الدین صاحب ۳ مولانا محمد نجم السعادت صاحب ۴ مولانا عبدالقادر صاحب ۵ مولانا محمد ذوالفقار علی صاحب پانچوں صاحبزادوں کو اپنے والد محترم سے شرف بیعت اور اجازت و خلافت حاصل تھی۔ چوتھے صاحبزادے جناب مولانا عبدالقادر صاحب صدیقی رح کا انتقال ہو چکا ہے۔ اُن کے ایک بیٹے مولانا ابوالفرح صاحب یادگار ہیں۔ حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب رح کے باقی چار صاحبزادے حیات ہیں اور رشد و ہدایت کے کاموں میں مشغول ہیں۔ جناب الحاج مولانا ابو نصر محمد عبدالحی صاحب صدیقی مدظلہٗ سجادہ نشین ہیں۔ آپ کے چار صاحبزادے اور ایک صاحبزادی ہیں۔ الحاج مولانا ابو ظفر محمد وجیہہ الدین مصطفیٰ صاحب صدیقی مدظلہٗ کے تین بیٹے اور تین بیٹیاں ہیں۔ مولانا محمد نجم السعادت صاحب صدیقی مدظلہٗ کے تین بیٹے اور ایک صاحبزادی ہیں۔ حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب رح کی دوسری شادی حضرت ویسبی رح کے مرید جناب منشی صداقت اللہ صاحب رح کی صاحبزادی سے ہوئی تھی۔ اُس محل سے جناب مولانا محمد ذوالفقار علی صاحب صدیقی مدظلہٗ ہیں[1] جو اپنے بھائیوں میں سب سے چھوٹے ہیں۔ مدرسہ نتیجہ آپ کے نانا مرحوم کی حویلی میں قائم ہے۔ آپ وہیں مدرسہ باڑی میں رہتے ہیں۔ آپ کے کئی صاحبزادے اور کئی صاحبزادیاں ہیں۔ آپ کے

---

[1] خط جناب مولانا عبدالسلطان صاحب مدظلہٗ۔ فرفرہ شریف ضلع ہوگلی۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۴ اگست سنہ ۱۹۷۴ء

Marfat.com

برادر نسبتی کا نام جناب قاضی عبدالمنّان صاحب ہے[1]

حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح کے تین سوانح حیات بنگلہ زبان میں اور ایک اُردو میں ہے۔ اور ہر کتاب میں تین سو صفحات سے زیادہ ہیں اُردو سوانح حیات نایاب ہے اور اس کو دوبارہ شائع کرنے کا انتظام اب تک نہیں ہو سکا ہے[2]۔ بنگلہ زبان والی ایک کتاب آپ کے خلیفہ جناب مولانا رُوح الامین صاحب رح کی لکھی ہوئی ہے۔

حضرت مولانا شاہ صوفی محمد ابوبکر صاحب صدّیقی رح کے خلفاء میں آپ کے پانچوں صاحبزادوں کے علاوہ حسب ذیل بزرگوں کے نام خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

(۱) جناب شاہ صوفی تجمّل حسین صاحب صدّیقی رح۔ ندیا۔ (مغربی بنگال)

۲۔ جناب شاہ صوفی صدرالدین صاحب رح۔ گنگارام پور۔ ضلع جیسور (بنگلہ دیش)

۳۔ جناب مولانا شاہ صوفی نثارالدین صاحب رح۔ سرسینا ضلع باری سال (بنگلہ دیش)

۴۔ جناب مولانا شاہ صوفی رُوح الامین صاحب رح۔ بشیر ہاٹ۔ ضلع چوبیس پرگنہ (مغربی بنگال)

۵۔ جناب خان بہادر الحاج مولانا احمد علی صاحب رح۔ عنایت پور۔ ضلع جیسور (بنگلہ دیش)

۶۔ جناب پروفیسر مولانا عبدالخالق صاحب ستورا ضلع کوملّا (بنگلہ دیش)

۷۔ جناب مولانا احمد علی صاحب حمید جلالی رح۔ مٹیا برج۔ کلکتہ (مغربی بنگال)

۸۔ جناب مولوی تمیزالدین خاں رح۔ خان خاناں پور۔ ضلع فرید پور (بنگلہ دیش)

---

[1] خط جناب الحاج مولانا سیّد ابوالبشر محمد بشیرالدین صاحب جدوناتھ باسک لین ڈھاکہ ۱ مورخہ ۴ جولائی ۱۹۷۵ء

[2] خط جناب مولانا ابو صالح محمد رضوان الکریم صاحب بندپوری ۲۱ دیدار بخش لین کلکتہ ۱۶ مورخہ ۲۰ جون ۱۹۷۵ء۔

Marfat.com

۹- جناب مولانا سیّد حاتم علی صاحب - حاجی گنج - سب ڈویژن چاندپور - ضلع کومِلّا (بنگلہ دیش) -

۱۰- جناب مولانا طفیل احمد صاحب ڈھاکہ (بنگلہ دیش)-

۱۱- جناب الحاج مولانا حافظ سیّد ابوالبشر محمد بشیر الدین صاحب مدظلّہٗ ڈھاکہ (بنگلہ دیش) -

۱۲- جناب صوفی محمد شفیع صاحب - کلکتہ (مغربی بنگال)-

۱۳- جناب صوفی عبدالستّار صاحب ڈھاکہ (بنگلہ دیش)-

۱۴- جناب مولانا محمد عبدالغنی صاحب ملّے پاشن - میرسرائے ضلع چاٹگام (بنگلہ دیش)

۱۵- جناب ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ - ڈھاکہ (بنگلہ دیش)

حضرت مولانا محمد ابوبکر صاحب صدّیقی رح کے مُریدوں کی تعداد بہت زیادہ تھی -

اُن میں سے کچھ لوگوں کے نام پیش کیے جاتے ہیں :

۱- جناب خان بہادر عبدالحلیم چودھریؒ - ریٹائرڈ ضلع مجسٹریٹ - نواکھالی (بنگلہ دیش)

۲- جناب مولانا محمد عبداللہ صاحبؒ - ریٹائرڈ اکسائز سپرنٹنڈنٹ - بنگال

۳- جناب مولانا عبدالعزیز صاحبؒ - ریٹائرڈ کلکٹر انکم ٹیکس

۴- جناب مولانا ابوعیسیٰ محمد مسیح صاحب - ریٹائرڈ ڈپٹی ڈائرکٹر انڈسٹریز مشرقی پاکستان

۵- جناب الحاج مولانا فضل الکریم صاحب - ریٹائرڈ ضلع اور سشن جج -

۶- جناب الحاج سیّد ابونصر محمد نصیر الدین صاحب - ایڈووکیٹ سپریم کورٹ ڈھاکہ - (بنگلہ دیش) -

Marfat.com

۷۔ جناب سید ابو ظفر محمد ظہیر الدین صاحب ریٹائرڈ سپرنٹنڈنٹ پولیس ڈھاکہ (بنگلہ دیش)۔

۸۔ جناب مولوی ابو حامد۔ فاروق احمد صاحب ام۔اے۔ چٹاگانگ (بنگلہ دیش)

۹۔ جناب مولوی ابو زاہد جلیل احمد صاحب ام۔اے۔ ڈھاکہ (بنگلہ دیش)

۱۰۔ جناب مولوی عبد الستار صاحب۔ ریٹائرڈ انکم ٹیکس کمشنر

۱۱۔ جناب پروفیسر اے۔کے۔ام۔جلال الدین صاحب رح۔ ریٹائرڈ پرنسپل

۱۲۔ جناب مولوی ابو مجتبیٰ محمد موسیٰ صاحب رح ایڈووکیٹ۔ گورنمنٹ پلیڈر۔ کوملا (بنگلہ دیش)

۱۳۔ جناب سید محی الدین احمد صاحب رح پولیس ٹریننگ اسکول۔ کلکتہ (مغربی بنگال)

۱۴۔ جناب خان بہادر عبد الرحمان رح۔ بشیر ہاٹ۔ سابق وزیر غیر منقسم بنگال

۱۵۔ جناب خان صاحب عبد القادر رح ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل۔ بھاگل پور

الحاج مولانا شاہ صوفی ابو نصر محمد عبد الحی صاحب سجادہ نشین فرفرا شریف کے مرید بہت ہیں۔ ڈھاکہ میں جناب اس اے چودھری ریٹائرڈ ڈویژنل کمشنر اور ریونیو سکریٹری آپ کے خلیفہ[1] ہیں۔ ہنگاجیہ ضلع سلہٹ (بنگلہ دیش) کے الحاج جناب محمد نظام الدین سفیان[2] صاحب جنہوں نے دنیا کے مختلف حصوں کی سیر و سیاحت کی ہے۔ ان کو بھی مولانا

---

[1] خط جناب الحاج مولانا محمد شبیر الدین صاحب مدظلہ، ڈھاکہ ۱۔ مورخہ ۱۵ اپریل ۱۹۷۵ء

[2] جناب محمد نظام الدین صاحب سفیان کے دادا جناب شاہ صوفی محمد عبد اللہ صاحب حبیب بھادیشور ضلع سلہٹ (بنگلہ دیش) میں پیدا ہوئے۔ وہ چودہ سال تک حضرت مولانا غلام سلمانی صاحب رح کی

(بقیہ حاشیہ ص۲۵۰ پر)

Marfat.com

محمد عبدالحی صاحب مدظلہ سے شرف بیعت حاصل ہے۔

بشیر ہاٹ ضلع چوبیس پرگنہ کے حضرت مولانا شاہ صوفی محمد روح الامین صاحب رح، حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح کے نامور خلفاء میں ہوئے ہیں آپ اپنے دور کے جید عالم، فصیح البیان مقرر اور عارف کامل گذرے ہیں۔ بنگال کے اولیائے کرام اور صوفیائے عظام پر آپ نے کافی تحقیقی کام کیا۔ اور بنگلہ زبان میں تقریباً دو سو[20] کتابیں تصنیف کیں۔ بشیر ہاٹ کلکتہ سے براہ بارا ساٹ چالیس میل (۶۵ کیلو میٹر) مشرق قدرے شمال کی طرف سب ڈویژن کا صدر مقام ہے۔ یہاں ہر سال ۱۳-۱۴-۱۵ پھاگن بنگلہ (اخیر عشرہ فروری) کو آپ کے مزار شریف پر اور آپ کے قائم کردہ مدرسہ امینیہ میں ۱۷-۱۸- اور ۱۹ کو ایصال ثواب ہوتا ہے[۵]۔

جناب مولانا عبدالخالق[۶] صاحب مرحوم ستورا، ضلع کوملا کے رہنے والے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۴۹)

کی خدمت میں حاضر رہے۔ انہوں نے ۱۳۳۲ھ - ۱۹۱۴ء "مرأۃ السلک" نامی ایک رسالہ لکھا، جو ۱۵۶ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس کا اردو ان کے صاحبزادے یعنی سفیان صاحب کے والد جناب شاہ محمد شہود چودھری کا مزار کریم گنج ضلع کچھار (آسام) کے پاس بسکوٹ میں ہے۔ خط جناب محمد نظام الدین صاحب سفیان لاڈھاکہ ۱۔ مورخہ ۵ اکتوبر ۱۹۷۴ء، بقلم مولانا فریدالدین عطار۔ ام۔ اے

---

[۵] خط ممتاز المحدثین جناب مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلہ۔ گارڈن ریچ کلکتہ ۲۴ مورخہ ۱۲ اگست ۱۹۷۵ء

Marfat.com

ڈبل ۔ ام ۔ اے، پریزیڈنسی کالج اور لیڈی برابرن کالج کلکتہ میں پروفیسر تھے ۔ تقریباً ۲۰ سال قبل انتقال ہوا ۔ مولانائے مرحوم کے مُریدوں کی تعداد بہت ہے ۔ سیرۃ النبیؐ کے انگریزی مترجم جناب فضل الرحمٰن صاحب مرحوم (متوفی دسمبر ۱۹۶۶ء سابق وزیر پاکستان کی بیگم جناب سیّدہ فاطمہ فضل الرحمٰن عرف نسیمی بیگم سابق لکچرار اُردو، لیڈی برابرن کالج کلکتہ کو بھی آپ سے شرف بیعت حاصل[1] ہے ۔ مولانا نے بنگلہ میں اسلامیات پر بہت کتابیں لکھی ہیں ۔ اور یہ کتابیں بہت مقبول ہیں ۔ سیّد للمرسلین تین جلدوں میں ہے ۔ دو ضخیم جلدیں شائع ہو چکی ہیں ۔ تصوّف و معرفت میں آپ کی کتاب سراج السّالکین بہت مشہور ہے ۔ پہلی بار کلکتہ سے شائع ہوئی ۔ ڈھاکہ سے اس کے کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں یہ ۵۸۴ صفحات پر مشتمل ہے ۔ حضرت امام غزالیؒ (متوفی دسمبر ۱۱۱۱ء کی کتابوں کا بنگلہ میں ترجمہ کیا ۔ ایک کتاب آپ کی مُنبّہات ہے ۔

حکومتِ پاکستان نے انگریزی دور حکومت کے مکی قوانین کو قرآن پاک اور سنت رسولؐ کی روشنی میں ڈھالنے کے لئے جو تعلیمات بورڈ قائم کیا تھا ۔ مولانا عبدالخالق صاحب مرحوم اُس بورڈ کے ایک سرکردہ ممبر تھے[2] ۔ آپ کے صاحبزادے ریٹائرڈ بریگیڈیئر جناب محمد عبدالقدوس صاحب مدظلہٗ آپ کے جانشین ہیں[3] ۔

---

[1] دیکھئے ص ۲۵۵ ۔ بحوالہ بایوگرافیکل انسائیکلوپیڈیا آف پاکستان ۔ ایڈیشن حصہ دوم ۔ ص ۱۲۷ ۔ انٹرنیشنل پبلیشرز ۔ لاہور ۔ فروری نوٹ : بذریعہ مولانا محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ ۔ مورخہ ۱۹ جون ۱۹۷۵ء ؛ مقدمہ ۔ ترجمہ انگریزی سیرۃ النبی ۔ کراچی ۱۹۷۰ء

[2] مقدمہ انگریزی ترجمہ سیرۃ النبی ۔ سیّدہ فاطمہ فضل الرحمٰن ۔ ڈھاکہ جنوری ۱۹۷۰ء (بقیہ حاشیہ ص ۲۵۲ پر)

Marfat.com

حضرت مولانا شاہ صوفی احمد علی صاحب حمید، جلالی رح۔ بڑے جید عالم اور عارف کامل تھے۔ آپ کا شمار بنگال کے مشاہیر علماء اور مشائخ طریقت میں ہوتا ہے۔ عربی، فارسی، اُردو اور بنگلہ چار زبانوں میں شاعری کرتے تھے۔ ایک طویل عرصہ تک اپنے پیر و مرشد حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح کی صحبت سے مستفید ہو کر اُن کے اجلّ خلفاء میں شامل ہوئے۔ پوری زندگی دین اسلام کی عظمت و ترقی اور خلقِ خدا کی اصلاح و ہدایت میں صرف کر دی۔ اس مقصد کے تحت مضافات کلکتہ اور بنگال کے دوسرے علاقوں میں سفر بھی کیا کرتے تھے۔ دینی تعلیم کے سلسلہ میں حضرت مولانا تجوید کے اصول و ضوابط کے ساتھ قرآن شریف کی تعلیم اور حفظ قرآن کو بہت ضروری سمجھتے تھے اور مسلمانوں کے مذہبی جلسوں میں قرآن پاک کی اہمیت اور افادیت اور اس کی تعلیم پر بہت زور دیتے تھے۔ حلقہ ذکر و حفظ القرآن سوسائٹی کے صدر اور اس کے رُوح رواں تھے اور ہمیشہ اس امر کی کوشش کرتے رہے کہ سرکاری مدرسوں کے نصاب میں حفظ قرآن کو شامل کیا جائے۔ چنانچہ ۲۱ دسمبر ۱۹۲۹ء کو حلقہ ذکر و حفظ القرآن سوسائٹی کے زیر اہتمام مسلمانوں کا جو شاندار جلسہ کلکتہ مسلم انسٹی ٹیوٹ ہال میں آپ کی صدارت میں منعقد ہوا تھا اور جس میں ڈاکٹر کیلاش ناتھ کاٹجو گورنر مغربی بنگال بحیثیت مہمان خصوصی شریک ہوئے تھے۔ اس جلسہ میں آپ نے گورنر صاحب کی خدمت میں اُردو میں سپاس نامہ پیش کرتے ہوئے جہاں مدرسہ عالیہ کلکتہ کے

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۵۱ کا]

سیرۃ النبی انگریزی ترجمہ۔ پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی۔ کراچی ۱۹۷۰ء۔ قیمت: ۳۰ روپے

۱؎ خط جناب الحاج مولانا ابو البشر محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ۔ ڈھاکہ۔ مورخہ ۱۹ جون ۱۹۷۵ء

Marfat.com

دوبارہ کھولے جانے پر مسرت اور شادمانی کا اظہار کیا اور حکومت کو مبارکباد پیش کی، وہیں نہایت پُرزور الفاظ میں اس بات کی درخواست کی کہ مدرسہ مذکورہ میں "حفظ القرآن" اور تجوید کے ساتھ تعلیم القرآن کا ایک شعبہ قائم کیا جائے۔[1]

اسی مقصد کے تحت مولانا احمد علی صاحب حمید جلالی رح نے اوائل ۱۹۵۰ء میں جناب مولانا ابوالکلام آزاد وزیر تعلیمات حکومت کو جو خط لکھا تھا۔ وہ مولانا زین العابدین صاحب اخترؔ کی کتاب[2] سے ذیل میں نقل کیا جاتا ہے:

۷۸۶

ان ھو الا ذکر و قرآن مبین ۔ کنتم خیر امۃ

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

جناب فیض مآب اخینا المعظم والمحترم کریمی مولانا ابوالکلام آزاد صاحب، زاد مجدکم

وزیر تعلیم حکومت عالیہ ہند:۔

۱۔ گذشتہ ۲۱ دسمبر مسلم انسٹیٹیوٹ میں ہز اکسلنسی جناب گورنر بہادر کے قدوم میمنت لزوم سے ہم لوگوں کے خاطر افسردہ کو غایت درجہ کی مسرت اور تازگی حاصل ہونے کے ساتھ ہی ساتھ جناب والا کی کلکتہ میں تشریف آوری کی خبر تازہ تبازہ، نو بہ نو اور بیشتر از بیشتر اس درجہ تک طرب خیز اور فرحت انگیز ہوئی کہ ہم اپنی دلی آرزو کو کھول کر خدمت فیض درجت میں گذارش کئے بغیر مطمئن نہیں رہ سکتے اور وہ یہ ہے کہ:۔

---

[1] "حضرت شاہ جلالی پیر قبلا رحیتونی"۔ بنگلہ مطبوعہ۔ کلکتہ ۱۹۷۲ء۔ صفحہ ۱۸۴ بحوالہ حیات شاہ جلالی پیر قبلہ رح) ضمیمہ اردو حصہ۔

[2] حضرت شاہ جلالی پیر قبلا رحیتونی (حیات شاہ جلالی پیر قبلہ رح) بنگلہ۔ مولانا زین العابدین اخترؔ۔ مطبوعہ کلکتہ ۱۹۷۲ء ضمیمہ اردو حصہ ۸۸ — ۱۸۷

Marfat.com

۲ - جس حیثیت سے کہ حفظ القرآن بنائے اسلام کی بنیاد ہے۔ اس لئے مدرسہ عالیہ کلکتہ میں تعلیم حفظ القرآن کی ایک جماعت کہ جس میں افہام وتفہیم معانی ومحاورات واستعارات قرآنی حفظ کرنے والے طلبار کو خاص طور پر تعلیم دی جائے اور بعد امتحان، کامیاب طلبار کو "سند اور لقب حافظ" کا سرکار دولت مدار کی جانب سے عنایت کی جائے۔

دوسری جماعت تجوید کے ساتھ قرآن خوانی سیکھنے کے لئے ہم مسلمان رعایا کی دلی تمنا خواستگاری عنایت کی ہے۔ ہماری مہربان حکومت ہند نے عنایت کرم گستری سے مدرسہ عالیہ کلکتہ کے دوبارہ افتتاح سے جس طرح ہم لوگوں کو ممنون فرمایا ہے۔ اسی طرح مذکور دو جماعتوں کے افتتاح وانتظام سے ہم لوگوں کو تشفی کامل عنایت فرما کر قوم اسلام کو مرہون دائمی کریں گے۔

۳ - جناب والا کی توجہ سے انشاء اللہ تعالیٰ ہمیں کامیابی کا پورا یقین ہے۔ چند کاغذات اس کے تعلق حسن مطالعہ کے لئے ارسال خدمت عالی کرتا ہوں۔

بارک اللہ لنا ولکم فی القرآن العظیم

اللّٰھمّ انصر من انصر دین محمّد صلی اللہ علیہ وسلم

عرض گذار کمترین خادم القرآن

احمد علی حمید جلالی

مولانا شاہ صوفی احمد علی حمید جلالیؒ کا ۱۶ بھاکن ۱۳۵۸ بنگلہ فصلی، ۲۱ جمادی الاوّل ۱۳۷۰ھ ۲۸ فروری ۱۹۵۱ء کو بوقت ظہر انتقال ہوا۔ آپ کی ابدی آرام گاہ ٹیا برج کے پاس کان کھولی پیر ڈنگا شریف۔ گارڈن ریچ۔ کلکتہ ۲۴ میں نہایت پرفضا مقام پر ہے۔ مزار شریف نہایت خوبصورت عمارت بنی ہوئی ہے۔

مولانا حمید جلالی رحؒ کو تصنیف وتالیف کا بھی شوق تھا۔ میلاد مصطفیٰ ۱۲ - معراج مصطفیٰ ۱۲ سیف الغوث الأعظم، رجم الوسواس الخناس فی صدور الناس۔ حلفہ ذکر۔ جام حیات۔ آب زندگی وغیرہ۔

Marfat.com

آپ کی تصانیف ہیں۔ چند بنگلہ کتابیں بھی یادگار ہیں۔

حضرت مولانا حمید جلالی رح کے بڑے صاحبزادے الحاج مولانا محمود بخت بختیاری صاحب مدظلہ، اور آپ کے بڑے داماد ممتاز المحدثین الحاج مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلہ کو آپ سے اجازت و خلافت حاصل ہوئی۔ مولانا محمود بخت بختیاری صاحب کان کھولی شریف میں سجادہ نشین ہیں اور مولانا اخترؔی صاحب مدظلہ گوشہ نشین۔ حضرت مولانا شاہ صوفی احمد علی صاحب حمید جلالی رح نے مانک تلہ دلی وال قبرستان کی مسجد میں اپنے دادا پیر حضرت ویسیؒ کی یادگار میں ایک مدرسہ دارالفنون قائم کیا تھا۔ خود بھی اس مدرسہ میں طلبا کو قرآن پاک اور حدیث شریف کا درس دیا کرتے تھے۔ تقسیم ہند کے بعد فسادات کے باعث جب مانک تلہ علاقہ مسلمانوں سے بالکل خالی ہو گیا، تو مولانا شاہ حمید جلالی نور اللہ مرقدہٗ نے دسمبر ۱۹۴۹ء سے دلی وال قبرستان کی مسجد میں حضرت ویسیؒ کے ایصال ثواب کے لئے باضابطہ جلسہ منعقد کرنا شروع کیا۔ دو سال تک یہ جلسہ آپ کے زیر اہتمام منعقد ہوا۔ ۱۹۵۱ء میں آپ کے انتقال کے بعد سے یہ جلسہ ہر سال ۵، ۶ اور ۷ دسمبر کو آپ کے بڑے داماد و خلیفہ ممتاز المحدثین۔ الحاج مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلہ کے زیر اہتمام بڑے آب و تاب اور بڑی کامیابی سے منعقد ہو رہا ہے۔ حضرت مولانا حمید جلالی رح کے دوسرے صاحبزادے جناب مولانا نور المعین صاحب چشتی ہیں۔ حضرت حمید جلالی رح کے نواسے یعنی مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی، مدظلہ کے صاحبزادے ممتاز المحدثین، مولانا غلام محی الدین صاحب جلالی سلسلہ کے کاموں اور حضرت ویسیؒ کے ایصال ثواب کے لئے منعقد ہونے والے سالانہ جلسوں کے اہتمام میں نمایاں حصہ لے رہے ہیں۔

Marfat.com

مولانا شاہ صوفی احمد علی صاحب حمید جلالیؒ کے حالاتِ زندگی اُن کے بڑے داماد اور خلیفہ مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہٗ نے نرگلہ زبان میں "حضرت شاہ جلالی پیر قبلار جیونی" کے نام سے لکھا ہے، جسے کلکتہ سے ۱۹۷۲ء میں اُن کی اہلیہ جناب فاطمہ خاتون صاحبہ اور صاحبزادے جناب مولانا غلام محی الدین جیلانی نے شائع کیا۔ اس کتاب کو حضرت مولانا نے اپنے والد محترم جناب عین الحق مُلّا اور والدہ مرحومہ بی بی صادقہ خاتون کے نام سے معنون کیا ہے۔ ۱۹۲ صفحات کی اس کتاب میں دس صفحات اُردو میں بھی ہیں۔ اِسی حصّہ میں مولانا حمید جلالی رح کے چھ خطوط بھی شامل ہیں۔

ممتاز المحدثین جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہٗ کو حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی قدس سرّہٗ سے کمال عقیدت اور محبت ہے۔ اُس دربارِ عالی کے ناچیز راقم الحروف جیسے ایک سگِ خاک نشین کو وہ پیار اور محبت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ مولانا اختری مدظلہٗ نے بڑی جستجو، کاوش، محنت اور عرق ریزی سے حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح کے متعلق ایک کتاب حیاتِ ویسی مرتب کر کے ۱۹۵۵ء میں کلکتہ سے شائع کیا۔ اور اسے اپنے پیر و مرشد حضرت مولانا شاہ صوفی احمد علی صاحب حمید جلالیؒ کے نام سے معنون کیا۔ اِس کتاب کا ایک حصّہ نرگلہ میں اور دوسرا حصّہ اُردو میں ہے۔ حصّہ نرگلہ میں ۸۸ صفحات اور حصّہ اُردو میں ۷۰ صفحات ہیں۔ نرگلہ والے حصّہ میں حضرت صوفی صاحب رح اور مولانا شاہ احمد علی صاحب حمید جلالی کے مزارات کی تصویریں ہیں۔ جناب صوفی اکرام الحق صاحب رح، پُناسی ضلع مرشد آباد کے نام حضرت صوفی صاحب قدس سرّہٗ کے ایک خط کی عکسی نقل ہے[1]۔ اور اس کا

---

[1] حیات ویسی (حصّہ نرگلہ)، ص ۲۳-۲۴

متن[1] بھی ہے۔ صوفی صاحبؒ نے نواب واجد علی شاہ، معزول والی اودھ کی پولیٹیکل پنشن آفس سے نومبر ۱۸۶۷ء میں آفس سپرنٹنڈنٹ کی حیثیت سے جو شاہرہ لیا تھا اور ٹکٹ چسپاں کرکے رجسٹر پر دستخط کیا تھا۔ اس کی فوٹو نقل[2] ہے۔ خط اور دستخط کی فوٹو نقل سے پڑھنے والوں کو صوفی صاحبؒ کے حروف کو دیکھنے کا موقع ملا۔ اس حصّہ میں حضرت صوفی صاحب کے مزار مبارک کے اُس کتبہ کی نقل[3] بھی شامل ہے۔ جسے آپ کے نامور خلیفہ حضرت مولانا شاہ صوفی محمد ابوبکر صاحب صدیقی رحؒ فُرفُرا شریف نے لگوایا تھا۔

حصّہ اُردو میں خدا کی حمد کے بعد ارباب ولایت کے اوصاف کے متعلق حضرت داتا گنج بخش رحؒ کی کتاب "کشف المحجوب" کا اقتباس[4] ہے۔ اُس کا اُردو ترجمہ ہے۔ پھر حضرت صوفی صاحب قدس سرہٗ کے حالاتِ زندگی، اخلاق وعادات، کشف وکرامات اور اولاد کا بیان ہے۔ حضرت صوفی صاحبؒ کے خلیفہ مولانا عبدالحق صاحبؒ کی ایک عروجی کیفیت اور دربار رسالت مآب ﷺ میں شرف باریابی کا حال ہے۔ مولانا شاہ خلیل الرحمٰن صاحب نندن پوری[5] اور مولانا عبدالحنّان صاحب عبقری[6] کی طرف سے حضرت صوفی صاحبؒ کے دربار میں فارسی میں منظوم خراج عقیدت ہے۔ غزلوں کا انتخاب ہے۔ صوفی صاحبؒ کا شجرہ عالیہ چشتیہ[7] ہے مریدوں کی فہرست[8] ہے۔ ایصال ثواب کے چند سالانہ جلسوں کی مختصر روئداد[9] ہے

---

[1] حیات ولیسی ص ۲۶-۲۷ [2] حیات ولیسی ص ۲۵ [3] حیات ولیسی ص ۵۵

[4] حیات ولیسی (حصّہ اُردو) ص ۳-۴ [5] حیات ولیسی (حصّہ اُردو) ص ۲۷-۲۸

[6] حیات ولیسی (حصّہ اُردو) ص ۷-۸ [7] حیات ولیسی (حصّہ اردو) ص ۴۲-۴۴ [8] حیات ولیسی (حصّہ اُردو) ص ۴۴-۴۵۔ [9] حیات ولیسی (حصّہ اُردو) ص ۳۶-۵۲

Marfat.com

اور کتاب کے متعلق چند اہم ہستیوں کی تقریظیں ہیں ۔ لفظ ولیسی کی تحقیق اور دعا ہے[1]۔
غرض کہ صوفی صاحبؒ کے متعلق حضرت مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی، مدظلہٗ کی
یہ کتاب نہایت کارآمد اور قابل فخر کارنامہ ہے۔ حضرت صوفی صاحبؒ کے انتقال
کے ۸۴ سال بعد اس کتاب کو مرتب کر کے مولانائے موصوف نے حضرت صوفی صاحبؒ
کے متعلق بہت سارے حالات کو محفوظ کر دیا ۔ اور اس قابل قدر کتاب کی ترتیب
و تالیف کے لئے وہ لائق صد مبارک باد ہیں ۔ ناچیز راقم الحروف نے مولانائے
محترم کی اس کتاب سے پورا پورا فائدہ اٹھایا ہے ۔

ابھی حال میں حضرت مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلہٗ کی مسلسل کوششوں
سے تقریباً ایک سو سال بعد مغربی بنگال کے تمام اسکولوں کے نصاب فارسی[2] میں حضرت
صوفی صاحبؒ کی چند غزلیں شامل کی گئی ہیں[3]۔ ان کی غزلوں کی مدد سے بنگال کے فارسی
خواں طلبا کو حضرت ولیسیؒ اور ان کی شاعری سے روشناس ہونے کا موقع ملے گا ۔
مغربی بنگال، بہار ۔ اتر پردیش ، مدھ پردیش ، راجستھان ، اندھرا پردیش ،
گجرات اور مہاراشٹر کی یونیورسیٹیوں کے نصاب فارسی میں بھی اس عظیم المرتبت
اور قادر الکلام شاعر کا کلام شامل کرنا مناسب ہوگا ۔ تاکہ فارسی پڑھنے والے طلبا

---

[1] حیات ولیسی (حصہ اول) : صہ ۶۲

[2] نصاب فارسی برائے امتحان ہائی اسکول، مغربی بنگال صہ ۱۷۴

[3] خط جناب مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلہ ۔ بنام راقم الحروف ۔ مورخہ ۲۲ جون ۱۹۷۳ء

Marfat.com

حضرت صوفی صاحب قدس سرہٗ کی بلند پایہ ہستی اور اُن کے کلام کی گوناگوں خوبیوں سے واقف ہو سکیں۔

مشرقی بنگال کے ضلع فرید پور میں ایک مشہور مقام خان خاناں پور ہے یہ عہد اکبری کے مشہور فوجی جنرل اور بنگال کے صوبہ دار منعم خاں[1] خان خاناں (متوفی ۱۵۷۵ء) کے نام پر ہے۔ جناب مولوی تمیز الدین خاں[2] اسی موضع خان خاناں پور کے رہنے والے اور جناب مولوی امیر الدین خاں مرحوم کے صاحبزادے تھے۔ برعظیم ہند و پاکستان کے اس نامور فرزند سے ہر پڑھا لکھا آدمی واقف ہے۔ وہ پاکستان نیشنل اسمبلی کے اسپیکر تھے۔ اور جب پاکستان کے تیسرے گورنر جنرل غلام محمد مرحوم نے ۱۹۵۳ء میں وزیر اعظم جناب خواجہ ناظم الدین صاحب مرحوم کو معزول کر کے قومی اسمبلی کو معطل کر دیا تھا۔ تو مولوی تمیز الدین خاں نے قومی اسمبلی کے اسپیکر کی حیثیت سے گورنر جنرل کی اس غیر آئینی

---

[1] منعم خاں خاناں ۱۵۶۰ء بیرم خاں کے انتقال کے بعد خان خاناں کے معزز خطاب سے سرفراز ہوئے اور خان زماں علی قلی خاں کی شکست کے بعد جون پور کے صوبہ دار مقرر ہوئے۔ جون پور میں گومتی کا مشہور و معروف تاریخی پل انہیں کا بنوایا ہوا ہے (۱۵۶۷ء) ۲۵ ستمبر ۱۵۷۴ء کو بنگال کے نیم آزاد حکمراں داؤد قرانی کے دار الحکومت ٹانڈہ پر قبضہ کر لیا۔ ۳ مارچ ۱۵۷۵ء کو ضلع مدنا پور کے جنوبی حصہ میں مغل ماری (توپ کا روائی) کے مقام پر داؤد قرانی کو شکست دیا۔ ۱۲ اپریل کو داؤد قرانی نے کٹک میں ہتھیار ڈال دیا اور پورا بنگال سلطنت مغلیہ میں شامل ہو گیا۔ منعم خاں، خان خاناں نے گوڑ کے وبائی بخار کے موقع پر ۲۳ اکتوبر ۱۵۷۵ء کو ٹانڈہ میں انتقال کیا۔ — قاموس المشاہیر جلد دوم ص ۲۳۵؛ بیسواں صدی جون پور۔ سید اقبال احمد (۲۱۱)

ہسٹری آف بنگال جلد دوم۔ مرتبہ سر جدوناتھ سرکار ص ۱۹۳-۱۸۹؛ مدنا پور ضلع گزیٹیر ایس۔ ایس اوملی ۱۹۱۱ء (مغل ماری)۔

Marfat.com

کارروائی کے خلاف پاکستان کی عدالت عالیہ میں مقدمہ دائر کر کے گورنر جنرل کے اختیارات کو چیلنج کیا اور بڑی جرأت اور بہادری کے ساتھ ان کا سخت آئینی مقابلہ کیا۔ گرچہ کئی ماہ کی آئینی جنگ کے بعد عدالت عالیہ کا فیصلہ حکومتِ وقت کے حق میں ہوا اور ان کو ناکامی ہوئی۔ لیکن پورے برعظیم میں ان کی جرأت اور عظمت کی دھاک بیٹھ گئی۔ پاکستان کے سب سے اہم انگریزی قومی اخبار "ڈان" نے ان کو "ہیرو آف دی لوسٹ بیٹل" (ہاری ہوئی لڑائی کا مرد غازی) کا خطاب دیا۔ اور اس عنوان سے ایک اداریہ سپردِ قلم کر کے ملک و قوم کے اس عظیم المرتبت اور جلیل القدر فرزند کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

اس واقعہ کے تقریباً ساڑھے تین سو سال قبل حضرت امام ربانی، مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ نے آگرہ میں سطوتِ جہانگیری کے سامنے سر جھکانے سے انکار کر دیا تھا اور اس جرم میں مغل شہنشاہ کے حکم سے اُن کو قلعہ گوالیار کے مرکزی جیل میں قید و بند کی مصیبتیں اُٹھانی پڑی:

گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے
جس کے نفسِ گرم سے ہے گرمیٔ احرار
وہ ہند میں سرمایۂ ملت کا نگہبان
اللہ نے بروقت کیا، جس کو خبردار (اقبالؒ)

اور اس واقعہ سے ۱۲۲ سال قبل پنجاب اور سرحد میں سکھوں کی نیم وحشی اور فوجی جابر و ظالم حکومت کے خلاف امیر المومنین سید احمد شہیدؒ اور ان کے رفقائے کار نے باضابطہ اور بالاعلان

Marfat.com

جہاد کرتے ہوئے بالاکوٹ ضلع ہزارہ میں وادی کُونہار کو اپنے خون سے لالہ زار بنا دیا تھا۔

؎ بصد نیاز شہیدوں کی انجمن کو سلام — بصد خلوص غریبان بے وطن کو سلام
وفا پہ مٹ گئے، شمع وفا کے پروانے — نظر فروز ستاروں کی انجمن کو سلام
قبائے گُل بھی شہیدوں پہ رشک کرتی ہے — رہِ حیات کے ہر لالہ پیرہن کو سلام
امیرِ مملکتِ دین، سیّدِ والا — ترے خلوص، ترے جذبۂ وطن کو سلام
تجلّیاں ہیں ترے عزم بے نہایت کی — جبین کوہ کے اجلال پُرشکن کو سلام
نیازِ عشق کی خوابیدہ جرأتوں پہ درود — سرِ نیاز کے انجام بے کفن کو سلام

نثارِ مشہدِ عشّاق پر دلِ خاور
شعاعِ مہر کا، پھولوں کی انجمن کو سلام[1]

مولوی تمیز الدین خان رح اپنے پیر و مرشد حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح فُرفُرا شریف کے ذریعہ ان بزرگوں کے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ سے وابستہ تھے۔ اور اُن کے کردار میں جو عظمت و بلندی ہے اور ناحق کے خلاف جرأت و ہمت کے ساتھ آواز اُٹھانے کی جو صلاحیت ہے۔ وہ انہیں بزرگوں کے فیوض و برکات کا نتیجہ ہیں۔

مولوی تمیز الدین خان رح بڑی صلاحیتوں کے حامل تھے اور عہدہ جلیلہ پر فائز تھے ہمیشہ ٹوپی اور شیروانی پہنتے تھے۔ لمبی ڈاڑھی تھی۔ بہت ہی متشرّع، متّقی اور پرہیزگار بزرگ تھے۔ اُنہیں اپنے پیر و مرشد سے بڑی محبّت تھی۔ ایصال ثواب کے

---

[1] اقتباس از نظم "مشہدِ عشّاق" — عبداللہ خاور۔ ماہ نو کراچی۔ اکتوبر ۱۹۶۱ء ص ۱۹

Marfat.com

کے موقع پر فُرفُرا شریف میں حاضر ہوئے تھے۔ اور شیا کھالا ریلوے اسٹیشن سے فُرفُرا شریف تک حضرت مولانا سیّد محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ کے بڑے بھائی الحاج سیّد ابو نصر محمد نصیر الدین صاحب کے ساتھ بیل گاڑی میں سفر کرتے تھے۔ سوموار ۲۸ ربیع الاوّل سنہ ۱۳۸۳ھ = ۱۹ اگست سنہ ۱۹۶۳ء کو ڈھاکہ میں انتقال ہوا۔ ڈھاکہ میں پاکستان کے دوسرے دارالحکومت کی عمارتوں کے پاس۔ ایوب گیٹ کے قریب آپ کا مزار ہے۔ مزار کا احاطہ کافی وسیع ہے۔ ایک شاندار مقبرہ زیر تعمیر تھا۔ مدرسہ اور کتب خانہ بھی قائم کرنے کا منصوبہ تھا۔

جناب مولوی تمیز الدین خاں مرحوم کی تین صاحبزادیاں، فاطمہ بیگم۔ کلثوم بیگم، اور رضیہ بیگم ہیں۔ بڑی صاحبزادی فاطمہ بیگم کے شوہر جناب سیّد اے کے، ام خفیظ الرحمٰن صاحب۔ چٹاگانگ میڈیکل کالج کے پرنسپل تھے۔ دوسری صاحبزادی کلثوم بیگم ام، اے کی شادی جناب ڈاکٹر مرزا نور الہدیٰ صاحب سے ہے۔ جو ڈھاکہ یونیورسیٹی میں شعبۂ اقتصادیات کے صدر ہیں۔ صوم وصلوٰۃ کے سختی سے پابند اور متشرّع مسلمان ہیں۔ ان کا شمار ایک زیردست ماہر اقتصادیات میں ہوتا ہے۔ وہ پیرخزانہ رہ چکے ہیں۔ ایک روز کے لئے گورنر بھی مقرر ہوئے تھے۔ مولوی تمیز الدین خاں مرحوم کی تیسری صاحبزادی رضیہ بیگم ڈھاکہ یونیورسیٹی میں انگریزی کی پروفیسر ہیں۔ ان کی شادی مشرقی بنگال کے سابق وزیر اعظم اور پاکستان کے سابق نائب صدر مسٹر نور الامین مرحوم کے صاحبزادے انوار الامین صاحب سے ہوئی ہے۔ جو لندن میں بنگلہ دیش کے بینک کے منیجر ہیں[1]۔

---

[1] خط جناب الحاج مولانا سیّد محمد بشیر الدین صاحب۔ ڈھاکہ[1]۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۵ (بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۶۳ پر)

Marfat.com

مولانا سید حاتم علی صاحب مدظلہ کا وطن حاجی گنج ضلع کولاہے۔ عمر آپ کی تقریباً ستو سال ہے۔ کافی ضعیف اور کمزور ہو گئے ہیں۔ حاجی گنج ضلع کے صدر مقام کولا سے ۳ ۴ میل جنوب مغرب کی طرف ڈکا تیاندی کے کنارے بنگلہ دیش ریلوے کی لکسام، چاندپور لائن پر چاندپور سے ۱۳ میل پورب ریلوے اسٹیشن ہے۔ یہاں تھانہ۔ ڈاک خانہ سب رجسٹری آفس اور بنگلہ وغیرہ ہے۔ ڈلی۔ چاول۔ نمک۔ کراسن تیل اور پٹ سن کی اچھی تجارت ہوتی ہے۔

جناب الحاج مولانا حافظ سید ابوالبشر محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ کو اجازت و خلافت حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی سے حاصل ہے۔ لیکن آپ نے اب تک کسی کو بیعت نہیں کیا ہے۔ آپ کے مطالعہ میں بڑی گہرائی اور وسیع معلومات میں بڑی وسعت ہے۔ اسلامیات کے ماہر ہیں۔ بنگال کے صوفیائے کرام اور بزرگان دین کے متعلق آپ کی معلومات نہایت وقیع ہیں۔ اور اس علاقہ میں صوفیائے کرام کے اکثر خانوادوں سے آپ کے ذاتی تعلقات ہیں۔ علم و فضل کے میدان میں آپ ایک مینار بلند کی حیثیت رکھتے ہیں۔ طالبان علم کی ایک کثیر تعداد آپ سے فیض حاصل کر رہی ہے۔ بڑے بڑے سازندہ فن آپ سے مشورہ کرنے میں فخر محسوس کرتے ہیں۔ عربی، فارسی، اردو

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۶۲ کا]

اپریل ۱۹۷۵ء اور ۳ مئی ۱۹۷۵ء بحوالہ رشید میاں ذاتی ملازم جناب تمیز الدین خاں۔

لہ خط مولانا محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ۔ ٹھاکر بنام راقم الحروف مورخہ ۱۵ اپریل ۱۹۷۵ء

۲ بیٹسپرا ضلع گزیٹیر۔ جے۔ ای۔ وسلیسٹر الہ آباد ۱۹۱۰ء صفحہ ۱۱۲۔

اور بنگلہ چاروں زبان، اور اس کے ادب سے پوری واقفیت رکھتے ہیں۔ اسلامیات خصوصاً تصوّف و معرفت کے ادب کا مطالعہ تشنہ کامانِ علم کی رہنمائی اور خدمتِ خلق آپ کے محبوب مشغلے ہیں۔ برعظیم ہند کے مشرقی حصّے میں وہ سلسلہ عالیہ، نقشبندیہ، مجدّدیہ کے ایک نہایت مستحکم ستون کی حیثیت رکھتے ہیں۔ آئینہ ویسی کی ترتیب و تدوین کے سلسلہ میں گذشتہ بارہ مہینے میں اُنہوں نے ناچیز راقم الحروف کو اپنی علالت، کمزوری اور ہرنیا کے آپریشن کے باوجود تقریباً ۳۰ خطوط لکھے۔ بہت سارے استفسارات کے نہایت گرم جوشی اور محبّت کے ساتھ جواب دیئے۔ دوسروں سے خط لکھوایا۔ کچھ ضروری کتابیں بھیجیں۔ آئینہ ویسی کی ترتیب و تالیف کی خبر سے اُن کو دلی مسرّت حاصل ہوئی۔ اور اس کتاب کو مفید اور کارآمد بنانے کے لئے میری اعانت میں اس بزرگ ہستی نے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ اس سلسلہ میں اُن کا جس قدر بھی شکریہ ادا کیا جائے وہ اُن کی علمی فضیلت، درجہ، اور استحقاق کے لحاظ سے بہت کم ہوگا۔

الحاج مولانا سیّد محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ کی حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی رح اور خود اُن کے پیر و مرشد حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح کے خاندان سے بہت قریبی رشتہ داری ہے۔ سیّد غلام محی الدین صاحب کی بڑی صاحبزادی صاحبہ یعنی مولانا کی چچا زاد بہن سیّدہ منوّرہ خاتون رح سے صوفی صاحب رح کے بڑے پوتے جناب مولانا سیّد مسعود الرحمٰن صاحب رح کی شادی ہوئی تھی اور انہیں سیّدہ منوّرہ خاتون رح کی دوسری بہن کی شادی حضرت صوفی صاحب رح کے نامور خلیفہ اور مولانا کے پیر و مرشد

Marfat.com

حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح فرفرا شریف کے نواسے الحاج قاضی محمد سیف اللہ صاحب سے ہوئی۔ جنہوں نے مشرقی پاکستان کے انسپکٹر جنرل رجسٹریشن کی حیثیت سے ریٹائر کیا۔ یعنی صوفی صاحب رح کے بڑے پوتے اور حضرت مولانا محمد ابوبکر صاحب رح کے نواسے ہم زلف[1] تھے۔ اور دونوں مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب کے نسبتی بھائی۔

مولانا سید بشیر الدین صاحب کا تعلق علی پور کلکتہ کے ایک نہایت ہی معزز و محترم سادات خاندان سے ہے۔ یہیں ۱۰ دسمبر ۱۹۱۰ء کو پیدا ہوئے۔ آپ کے خاندان کا قطب الارشاد حضرت صوفی سید فتح علی صاحب یمنی اور ان کے خلفا سے گہرا تعلق تھا۔ آپ کے والد کو مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب رح سے اور آپ کے ماموں کو حضرت مولانا غلام سلمانی صاحب رح سے شرف بیعت حاصل تھا۔ چار سال چار ماہ کی عمر میں حضرت شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح کے ہاتھوں آپ کی بسم اللہ خوانی کی رسم ادا ہوئی۔ اس موقع پر میلاد خوانی کے فرائض مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب رح کے خلیفہ مولانا احمد علی صاحب حمید جلالی رح نے انجام دیا۔

مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ کی اعلیٰ تعلیم مدرسہ عالیہ کلکتہ میں ہوئی۔ وہاں اس تاریخی درس گاہ کے آخری یورپین پرنسپل مسٹر اے۔ ایچ۔ ہارلے اور پہلے ہندوستانی پرنسپل شمس العلماء کمال الدین احمد ام۔ اے، شمس العلماء ڈاکٹر ام۔ ہدایت حسین شمس العلماء مولانا ولایت حسین اور شمس العلماء مولانا صفی اللہ شمس العلماء

---

[1] خط مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ۔ ڈھاکہ بنام مورخہ ۳۱ مارچ ۱۹۷۵ء

مولانا محمد یحییٰ۔ شمس العلماء مولانا اظہر حسین شمس العلماء مولانا وصی الدین اسمٰعیل سنبھلی۔ مولانا محمد جمیل صاحب انصاری[1]۔ مولانا اے۔ اچ۔ ام۔ فصیح الاظہری آپ کے اساتذہ[2] میں تھے۔ شمس العلماء کمال الدین احمد (انڈین ایڈوکیشنل سروس) نواب عبد اللطیف خان بہادر سی۔ آئی۔ ای کے داماد اور مولانا محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ کے ماموں خان بہادر ابوالخیر محمد صدیق صاحب کے ہمزلف تھے۔ شمس العلماء ڈاکٹر ام۔ ہدایت حسین صاحب نے مولانا کو "دیوان ویسی" کا نسخہ بطور تحفہ دیا تھا۔ شمس العلماء مولانا ولایت حسین صاحب ابھی حیات ہیں۔ ڈھاکہ میں رہتے ہیں۔ تقریباً ۹۰ سال کی عمر ہے۔

مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب کے دادا سید عبد العزیز رح کا ۱۹۲۱ء میں

---

[1] مولانا محمد جمیل صاحب رح انصاری۔ شیخ اور موضع پہاڑ پور۔ تھانہ بر ہریا۔ سب ڈویژن سیوان ضلع سارن۔ (اب ضلع سیوان (بہار) کے رہنے والے تھے۔ وہیں آپ کا مزار ہے۔ آپ کو اللہ نے علم و فضل اور دنیاوی ثروت و وجاہت دونوں سے پوری طرح نوازا تھا۔ اجازت و خلافت آپکو حضرت مولانا شاہ محمد نعمت اللہ صاحب نقشبندی مجددی رح سے حاصل تھی (متوفی ۱۳۴۸ھ = ۱۹۲۹ء) مولانا شاہ نعمت اللہ صاحب کا مزار ضلع گوپال گنج (بہار) میں تھا۔ وے جنکشن کے پاس اندروا عباد اللہ نامی موضع میں مرجع خلائق ہے۔ حکیم محمد مظہر الحق صاحب صدیقی آپ کے پوتے ہیں۔ مولانا محمد جمیل صاحب انصاری رح نے اپنے پیر و مرشد کے متعلق ایک کتاب خصائص نعمت لکھی ہے۔ جو ۱۹۳۴ء میں کلکتہ سے شائع ہوئی۔ مولانا محمد جمیل صاحب انصاری کے بڑے بیٹے مولانا محمد عطاء الرحمٰن صاحب طبیہ کالج علی گڑھ میں اور منجھلے مولانا ڈاکٹر محمد فضل الرحمٰن صاحب ندوی شعبہ عربی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں لکچرر ہیں۔ اور چھوٹے بیٹے مولانا محمد مطیع الرحمٰن صاحب ندوی جدہ یونیورسٹی (سعو عرب) میں لائبریرین کے عہدہ پر فائز ہیں۔

[2] خط مولانا محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ۔ مورخہ ۱۵ اپریل ۱۹۷۵ء

انتقال ہوا۔ وہ دِلّی وال قبرستان مانک تلہ میں حضرت صوفی صاحبؒ کے مزار مبارک سے پچھم مدفون ہیں۔ اُن کے قریب ہی اُن کی پوتی سیّدہ منوّرہ بیگم اور اِن کی چھوٹی بچی سیّدہ سکینہ بھی آرام فرما ہیں۔ مولانا کے چچا سیّد غلام محی الدین صاحب کا مزار جیسور میں ہے۔ مولانا کی والدہ کوکب النساء بیگم جناب خان بہادر مولوی غلام قاسم صاحب مرحوم رئیس بشیر ہاٹ کی صاحبزادی تھیں۔ جناب خان بہادر صاحب مرحوم جنوبی بنگال کے بڑے بااثر رئیس گذرے ہیں۔ ان کے انتقال پر جناب شمس العلماء خان بہادر مولوی محمد یوسف صاحب جعفری (علیگ) رنجور، عظیم آبادی نے یہ قطعہ تاریخ لکھا تھا۔[1] ؎

کُنج مرقد میں جا کے سوئے — اَے وائے غضب غلام قاسم
رنجور اگر ہو فکرِ تاریخ — لکھ "کیا ہوئے اب غلام قاسم"

۱۳۳۷ھ

مولانا کی والدہ کوکب النساء بیگم کا مزار بشیر ہاٹ میں آبائی قبرستان میں ہے۔ مولانا کے والد جناب غلام معین الدین صاحب بنگال پولیس میں ملازم تھے۔ اُن کی ٹریننگ بھاگل پور پولیس ٹریننگ اسکول میں ہوئی۔ اُنہوں نے کلکتہ پولیس کے چیف منسٹر انسٹرکٹر کی حیثیت سے ریٹائر کیا۔ ۱۹۴۲ء میں انتقال ہوا۔ ان کا مزار مدھوپور ضلع سنتھال پرگنہ (بہار میں) ہے۔ ان دونوں سے قبل اس خاندان کے کسی فرد نے

---

[1] خط جناب ابو زاہد جلیل احمد صاحب ام۔اے۔ دھان منڈی۔ ڈھاکہ۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۳ اپریل ۱۹۷۵ء

سرکار انگریزی کی ملازمت قبول نہیں کی تھی۔ دونوں پشتو زبان کے ماہر تھے۔ مولانا کے والد نے پولیس کی ملازمت سے قبل اُس پولیٹیکل پنشن آفس میں بھی بطور اسسٹنٹ کام کیا تھا۔ جہاں حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی رح اور اُن کے صاحبزادے سید مصطفیٰ علی صاحب رح اُن کی جگہ پر کام کر چکے تھے۔ سید مصطفیٰ علی صاحب رح بھی علی پور ہی میں قیام رکھتے تھے اور وہیں اُن کے چھوٹے صاحبزادے سید جان عالم صاحب مدظلہ کی پیدائش ہوئی تھی اور اِن ہی تعلقات کے سبب سید مصطفیٰ علی صاحب رح کے بڑے صاحبزادے مولانا سید مسعود الرحمٰن صاحب کی شادی سید غلام محی الدین صاحب کی بڑی صاحبزادی سیدہ منورہ بیگم سے ہوئی تھی، جن کا ۱۹۳۴ء میں انتقال ہوا۔[1]

جناب مولانا محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ کے ماموں، خان بہادر ابوالخیر محمد صدیق صاحب بنگال رجسٹریشن سروس میں ایک اعلیٰ عہدہ پر فائز تھے۔ اُن کی شادی نواب عبداللطیف خان بہادر سی۔ آئی۔ ای مرحوم سابق وزیر ریاست بھوپال کی چھوٹی صاحبزادی عصمت آرا بیگم سے ہوئی تھی۔ قیام بھوپال کے زمانہ میں نواب صاحب کی دوسری شادی رام پور (یو۔پی) کے مجددی خاندان میں ہوئی تھی۔ اپنی ممانی کے رشتہ سے مولانا بشیر الدین صاحب کی شمس العلماء مولانا کمال الدین احمد صاحب (انڈین انڈکشنل سروس) پرنسپل مدرسہ عالیہ کلکتہ اور خان بہادر نواب سید محمد صاحب مرحوم آئی، ایس، او (مولانا آزاد) ڈھاکہ سے قرابت مندی تھی۔ یہ دونوں خان بہادر ابوالخیر محمد صدیق رح کے ہم زلف تھے۔ نواب سید محمد صاحب مرحوم کی صاحبزادی خورشید طلعت بیگم کی شادی شیر بنگال مسٹر ابوالقاسم

---

[1] خط جناب مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ مورخہ ۱۲ مارچ ۱۹۷۵ء اور ۳۱ مارچ ۱۹۷۵ء

Marfat.com

فضل حق، سابق وزیر اعظم بنگال اور شہر بانو بیگم کی شادی کرنل سر حسّان سہروردی
چیف میڈیکل آفیسر ایسٹ انڈین ریلوے سے ہوئی تھی۔ کرنل سر حسّان سہروردی
غیر منقسم بنگال اور پاکستان کے وزیر اعظم مسٹر حسین شہید سہروردی کے ماموں اور
کلکتہ یونی ورسٹی کے پہلے مسلمان وائس چانسلر تھے۔ نواب سید محمد صاحب مرحوم
کے بیٹے سیّد علی حسن کی شادی "حیاتِ بے نظیر" کے مصنّفہ پروفیسر عبدالقیوم
شہیار بہاری (سر میرا۔ سب ڈویژن باڑھ۔ ضلع پٹنہ) کی صاحبزادی کبشریٰ بیگم
سے ہوئی تھی۔ اِن کے صاحبزادے سیّد اختر حسن کی شادی مولانا سید محمد بشیر الدین
صاحب کی ماموں زاد بہن یعنی خان بہادر ابوالخیر محمد صدیق کی صاحب زادی
رحمت آرا بیگم سے ہوئی۔ نواب سید محمد مرحوم کے دوسرے بیٹے سیّد حسین صاحب
تھے۔ جو آنجہانی پنڈت موتی لال نہرو کے سکریٹری اور اُن کے مشہور انگریزی اخبار
"انڈی پنڈنٹ" الٰہ آباد کے نامور ایڈیٹر اور کیلی فورنیا یونی ورسٹی میں بین الاقوامی
تعلقات کے" پروفیسر تھے۔ آزادی کے بعد وہ مصر میں ہندوستان کے سفیر
مقرر ہوئے۔ جہاں ۱۹۴۹ء میں اُن کا انتقال ہوا۔ مصر میں اُن کا مقبرہ بن گیا
ہے۔ اور مقبرہ جس شاہ راہ پر واقع ہے اس کا نام اُن کے نام پر رکھا گیا ہے[1]

مولانا بشیر الدین صاحب کے ماموں خان بہادر ابوالخیر محمد صدیق نے
منگل کوٹ ضلع بردوان میں حضرت امام ربّانی مجدّد الف ثانی رح کے مشہور خلیفہ

---

[1] مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب ناظمؔ کے چند خطوط اور مضمون "بنگال کے دو نامور خاندان" صابر حسن صاحب نواب کوٹھی۔ باڑھ ضلع پٹنہ۔ آج کل نئی دہلی مئی ۱۹۷۵ء، ص ۴۰، ۴۲ اور ۲۷

Marfat.com

مولانا حمید الدین دانشمند کے مزار مبارک کی صفائی ۔ مرمّت اور حفاظت میں نمایاں حصّہ لیا ۔ ۱۵ جون ۱۹۵۷ء کو اُن کا کلکتہ میں انتقال ہوا ۔ کلکتہ کارپوریشن کے حلقہ میں اُن کے نام پر ایک راستے کا نام ابوالخیر محمد صدیق لین ہے ۔ خان بہادر ابوالخیر محمد صدیق رح کا تعلق بنگال کے نہایت ہی معزّز و محترم خاندان سے ہے ۔ ان کے مورث اعلیٰ عہد شاہ جہانی میں بغداد سے دہلی اور دہلی سے بنگال آئے ۔ خان بہادر صاحب رح کے چھوٹے بھائی جناب ابوالفتح محمد عبدالرحمان صاحب غیر منقسم بنگال میں وزیر تھے ۔ اُن کو شرف بیعت حضرت مولانا محمد ابوبکر صاحب رح سے حاصل تھا ۔[1]

خان بہادر ابوالخیر محمد صدیق صاحب رح کی اہلیہ نواب زادی عصمت آرا بیگم صاحبہ سرہند شریف میں حضرت امام ربانی کے دربار گہربار میں حاضر ہوئیں، تو جوش عقیدت اور محبت میں مزار اقدس پر اپنا جو کلام گلہائے عقیدت کے طور پر پیش کیا اُن میں سے چند اشعار نقل کئے جاتے ہیں ۔

بہار گلستاں نظروں میں ہے خار — دکھایا رب گل و گلزار سرہند[2]
درِ دولت پہ آتے ہیں ملک بھی — وہ عالی شان ہے سرکار سرہند
وہ روضہ خیر و برکت کا ہے مخزن — منوّر ہے در و دیوار سرہند

---

[1] خط جناب مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ مورخہ ۱۲ مارچ ۱۹۷۵ء بحوالہ "بنگلہ دیش پیر اولیاگن" جولائی ۱۹۶۹ء صہ ۴۰

[2] چہ عالی شان دربار امام دین ربّانی
ملائک صف بصف استادہ این جا بہر دربانی

Marfat.com

پئے تعظیم جھکتے ہیں ستارے　　بڑی سرکار ہے، سرکارِ سرہند

قیامت میں کرم عصمت پہ کرنا　　خدایا از پئے سردارِ سرہند[1]

نواب زادی عصمت آرا بیگم کا چاٹگام میں ۳ر جولائی ۱۹۵۷ء کو انتقال ہوا۔ خان بہادر ابوالخیر محمد صادق صاحبؒ کے بڑے صاحبزادے ابوطاہر فاروق احمد صاحب ایم اے چاٹگام میں اور چھوٹے صاحبزادے ابوزاہد جلیل احمد صاحب ایم اے دھان منڈی ڈھاکہ میں رہتے ہیں۔ جناب فاروق احمد صاحب کلکتہ یونیورسٹی کی تحریک پرشین سوسائٹی کے پہلے اعزازی سکریٹری تھے۔ اُن کی شادی ۱۹۳۹ء میں اپنی پھوپھی زاد بہن، یعنی مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب کی ہمشیرہ سیدہ عابدہ خاتون سے ہوئی۔ ان کی صاحبزادی خالدہ خاتون کی شادی چاٹگام کے مشہور قومی رہنما مرحوم رفیع الدین صاحب صدیقی کے صاحبزادے مسٹر عبداللہ صدیقی سے ہوئی ہے۔ جناب ابوزاہد جلیل احمد صاحب پہلے چاٹگام سول سپلائز کے ضلع کنٹرولر تھے۔ اب وہ بنگلہ دیش میں مشہور امریکی فرم ویسٹل کارپوریشن کے ایک اعلیٰ انتظامی عہدہ پہ فائز ہیں[2]۔ اِن دونوں بھائیوں کو شرف بیعت حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقیؒ سے حاصل ہے۔

جناب مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب ۱۹۳۴ء میں حرمین شریفین کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ اسی موقع پہ نواب سیّد محمد صاحب مرحوم کی صاحبزادی اور جناب ابوالقاسم

---

[1] ماخوذ از 'الفرقان' بریلی۔ مجدّد الف ثانی نمبر ۱۳۵۷ھ / ۱۹۳۸ء صفحہ ۲۱۳

[2] خط جناب ابوزاہد جلیل احمد صاحب ایم۔اے۔ مکان نمبر ۹۲، سڑک نمبر ۲ دھان منڈی ڈھاکہ مورخہ ۱۳ر اپریل ۱۹۷۵ء۔

Marfat.com

فضل الحق صاحب (وزیر اعظم غیر منقسم بنگال) کی اہلیہ خورشید طلعت بھی حج بیت اللہ کو گئی تھیں، وہ نواب عبد اللطیف خان بہادر سی۔ آئی۔ ای کی نواسی تھیں اور اُن کا تعلق رام پور کے مجددی خاندان سے تھا۔ چنانچہ اُن کے وسیلے سے مولانا کی مکہ معظمہ، مدینہ منورہ اور ہندوستان کے مجددی خاندان کے بہت سے بزرگوں سے ملاقات ہوئی۔

جناب مولانا سید محمد شبیر الدین صاحب مدظلہ، نے کلکتہ میں ایک انجمن اشاعت مجددیہ، کے نام سے قائم کیا تھا۔ مولانا خود انجمن کے صدر تھے اور آپ کے ماموں زاد بھائی جناب مولوی فاروق احمد صاحب ایم اے اس انجمن کے نہایت سرگرم رکن تھے۔ ۱۳۵۷ھ = ۱۹۳۸ء میں جب مولانا محمد منظور نعمان مدظلہ، نے 'الفرقان' بریلی کا مجدد الف ثانی نمبر شائع کیا تو اس خاص نمبر کی اشاعت اور کامیابی کے لئے ان دونوں بزرگوں نے بڑے جوش و خروش کے ساتھ کوششیں کیں۔ سلسلہ عالیہ مجددیہ کے متعلق بہت سا لٹریچر مہیا کیا۔ اشتہار چھپوا کر شائع کیا۔ مولانا محمد منظور نعمانی مدظلہ، نے اس رسالہ میں اپنے مضمون "نگاہ اولین" میں ان بزرگوں کی مساعی جمیلہ کو بہت سراہا اور ان حضرات کے خلوص اور انہماک کی بہت تعریف کی۔[1]

الحاج مولانا سید محمد شبیر الدین صاحب نے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کا شجرہ طیبہ مطبع ستارہ ہند کلکتہ میں چھپوا کر شائع کیا۔ جناب مولانا شاہ محمد ابو المشرف مجددی معصومی دہلوی ثم المدنی نے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی

---

[1] الفرقان۔ بریلی۔ مجدد الف ثانی نمبر ۱۳۵۷ھ" مرتبہ مولانا محمد منظور نعمانی "نگاہ اولین" ص ۱۲

سرہندی رح کی مدح میں ایک قصیدہ "آفتاب شرف" کے نام سے ۱۳۵۱ھ / ۱۹۳۲ء میں لکھا تھا۔ یہ قصیدہ مرتبہ بھی مولانا سید محمد شیر الدین صاحب کے زیر اہتمام "ستارہ ہند پریس" کلکتہ سے شائع ہوا تھا۔ بنگال کے نامور عالم دین اور مشہور ماہر اسلامیات ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحب رح نے فروری ۱۹۶۳ء میں اسلامی طریقہ حیات کے متعلق بنگلہ زبان میں ایک قابل قدر کتاب "اسلام پریچیا" لکھی تھی۔ اس کتاب کو ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحب کے لائق فرزند جناب ابو الفتح محمد صفی اللہ صاحب نے جناب الحاج مولانا سید محمد شیر الدین صاحب کی اعانت سے نظر ثانی اور اضافہ کے بعد اکتوبر ۱۹۷۰ء میں دوبارہ شائع کیا ہے۔[۲]

الحاج مولانا سید محمد شیر الدین صاحب کی شادی بردوان میں جناب سید بدیع الرحمٰن صاحب کی صاحبزادی سیدہ سنجیدہ خاتون سے ہوئی تھی۔

---

[۱] قصیدہ "آفتاب شرف" میں کل گیارہ مطلعے ہیں۔ اسی قافیہ اور ردیف میں سات اشعار کی ایک غزل اور چودہ اشعار کا ایک قطعہ ہے۔ ردیف آفتاب ہے اور قافیہ اختر۔ منور۔ خنجر۔ جوہر وغیرہ ہیں۔ فٹ نوٹ میں تلمیحی اشارات کی وضاحت کر دی گئی ہے۔ جناب حافظ جلیل حسن صاحب جلیل مانک پوری نے قطعہ تاریخ لکھا تھا: ؎

فکر روشن کا وہ چمکا آفتاب — ہو گیا سارا قصیدہ آفتاب
نور کی تاریخ نکلی اے جلیل — ہے یہ کیا برج شرف کا آفتاب

۱۳۵۱ھ

قصیدہ کا پہلا شعر یہ ہے: ؎

مرحبا کس شان سے نکلا فلک پر آفتاب — خسرو اقلیم انجم شاہ خاور آفتاب

[۲] خط جناب ابو الفتح محمد صفی اللہ صاحب ڈھاکہ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۳ اپریل ۱۹۷۵ء

اُن کا ڈھاکہ میں ۱۹۶۱ء میں انتقال ہوا۔ پوستہ گولا قبرستان میں مدفون ہیں۔ ۴ر اگست ۱۹۷۵ء کو مولانا کے ہم زلف جناب الحاج سیّد ابوبکر صاحبؒ[1] کا ڈھاکہ میں ظہر کی نماز کے بعد جائے نماز ہی پر انتقال ہوا۔ سیّد عبداللہ ایّوب، سیّد عبدالسّلام، سیّد تمیز الدین اور سید شمس الدین اسلم مولانا کے چار صاحبزادے اور ایک صاحبزادی سیّدہ بدیع السلطانہ بیگم ہیں۔ سیّدہ بدیع السلطانہ بیگم کی شادی آستانہ سید شہیدؒ میدان میان صاحب ڈھاکہ کے سجّادہ نشین، جناب مولانا سید شاہ احمد اللہ صاحب مدظلہ کے صاحبزادے سے ہوئی ہے۔ جناب سیّد عبدالسّلام صاحب بی اے۔ ایل۔ ایل۔ بی کرنے کے بعد وکالت شروع کر رہے ہیں۔ سیّد عبدالسلام صاحب کے بچّوں کے نام سیّد رضی الدین، سیّد رفیع الدین اور سیّد انیس الدین ہیں اور ایک صاحبزادی سیّدہ عظیم النساء تین سال کی ہیں۔

جناب مولانا شاہ محمد عبدالغنی صاحب مدظلہ، میر سرائے ضلع چاٹگام کے پاس ملے پاش کے رہنے والے ہیں۔ یہیں حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحبؒ کے پیر و مرشد حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوریؒ کا مزار ہے۔ مولانا شاہ محمد عبدالغنی صاحب نے ۱۹۰۴ء میں ملے پاش میں ایک مدرسہ قائم کیا۔ اس مدرسہ کا نام آپ کے پیر و مرشد حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقیؒ نے اپنے دادا پیرؒ کے نام پر

---

[1] جناب سیّد ابوبکر صاحب مرحوم پورنیہ (بہار) کے رہنے والے تھے۔ اُن کا آبائی وطن بردوان تھا۔ پروفیسر سیّد ابونصر صاحب سابق صدر شعبۂ انگریزی ٹی۔ ان۔ بی کالج بھاگل پور کے بھائی تھے۔ (خط جناب سیّد عبدالسلام صاحب جدوناتھ باسک لین۔ ڈھاکہ۔ مورخہ ۵ اگست ۱۹۷۵ء)

Marfat.com

صوفیہ نوریہ مدرسہ رکھا۔ مولانا شاہ محمد عبدالغنی صاحب اب کافی ضعیف اور کمزور ہو گئے ہیں۔[1]

حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقیؒ کے خلفاء میں علم و فضل کے لحاظ سے الحاج علامہ ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ ایک نوئے تابدار اور گوہر شب چراغ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ایسی نامور اور قابل قدر ہستیاں کبھی کبھی پیدا ہوتی ہیں اور جس قوم اور ملک میں پیدا ہوتی ہیں۔ اُس کے لئے باعث صد ناز و افتخار ہوتی ہیں۔ اُن کا علمی اور ادبی کارنامہ قوم کے لئے سرمایۂ حیات کا کام کرتا ہے اور اُن کی زندگی حیات انسانی کے لئے ایک قابل تقلید نادر نمونہ :- ؎

قرنہا باید کہ تا یک کودک از لطف طبع
عالم دانا شود یا شاعر شیریں سخن
سالہا باید کہ تا یک سنگ خارا از آفتاب
لعل گردد در بدخشاں یا عقیق اندر یمن

ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ کی باکمال شخصیت اور اُن کے علم و فضل کی افادیت اور نابانی کے سامنے لعل بدخشانی اور عقیق یمنی کی آب و تاب اور چمک دمک کی کوئی حیثیت اور قدر و قیمت نہیں ہے۔

ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ کے مورث اعلیٰ شیخ دارا مکیؒ، حضرت شاہ جلال مجرد یمنیؒ فاتح سلہٹ متوفی ۱۳۴۶ء کے خلیفہ حضرت شاہ صوفی عباس علی مکیؒ کے خادم کی حیثیت سے ہندوستان آئے اور ضلع چوبیس پرگنہ کے پرگنہ بلندہ میں آباد ہوئے۔

---

[1] دیکھئے ص ۱۲۲-۱۲۱

Marfat.com

سلطان علاء الدین خلجی نے (۱۳۱۶ - ۱۲۹۶ء) نے ان کو سند اور جاگیر عطا کیا۔ ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحب کے بڑے چچا منشی غلام عابد صاحب گورنر جنرل لارڈ آکلینڈ[1] (۱۸۴۱ - ۱۸۳۶ء) کے دور حکومت میں میر منشی کے عہدہ پر فائز تھے۔ اُن کے دوسرے بھائی منشی حبیب السبحان صاحب مدرسہ عالیہ کلکتہ میں مدرس تھے۔

ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحب کا ننھیالی خاندان بھی بہت ہی دیندار اور معزز و محترم تھا۔ مکہ معظمہ (سعودی عرب) میں مدرسہ صولتیہ بڑی دینی درس گاہ ہے۔ حج بیت اللہ کو جانے والے تمام تعلیم یافتہ مسلمان اِس مدرسہ سے واقف ہیں۔ اِس مدرسہ کو ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ کی والدہ محترمہ کی خالہ صولت النساء بیگم نے قائم کیا تھا۔ جو اس وقت مکہ معظمہ میں اپنے قسم کا واحد دینی ادارہ تھا۔ صولت النساء بیگم صاحبہ بیلیا گھاٹا کلکتہ کی رہنے والی تھیں۔

حضرت صوفی سید فتح علی صاحب قلندری رح کے انتقال (۶ دسمبر ۱۸۸۶ء) سے ڈیڑھ سال قبل علامہ ڈاکٹر محمد شہید اللہ مارچ جولائی ۱۸۸۵ء کو ضلع چوبیس پرگنہ

---

[1] سر چارلس مٹکاف عارضی گورنر جنرل کے بعد لارڈ آکلینڈ ۱۸۳۶ء میں برطانوی ہند کے گورنر جنرل مقرر ہو کر آئے تھے۔ اُن کے زمانہ میں افغانستان کی پہلی لڑائی ہوئی۔ لارڈ آکلینڈ نے مہاراجہ رنجیت سنگھ سے سازش کر کے امیر دوست محمد خاں کی جگہ شاہ شجاع کو کابل میں بادشاہ بنایا۔ لیکن ۱۸۴۱ء میں بغاوت ہو گئی۔ انگریزی ایلچی کو قتل کر دیا گیا۔ سولہ ہزار انگریزی فوج کابل سے ہندوستان روانہ ہوئی۔ راستہ میں افغانوں نے تمام انگریزی فوج کو ختم کر دیا۔ صرف ایک شخص ڈاکٹر برائیڈن کسی طرح جان بچا کر جلال آباد پہنچ سکا۔ تاریخ ہند۔ ڈاکٹر السٹوری پرشاد الہ آباد ۱۹۳۵ء۔ ص ۴۴۴-۴۹

(مغربی بنگال) کی بستی پیارا میں پیدا ہوئے۔ اُن کی تعلیم زیادہ تر کلکتہ میں ہوئی۔ کلکتہ یونیورسٹی سے اُنہوں نے سنسکرت آنرس کے ساتھ بی۔ اے، پھر اِم۔ اے اور بی۔ اِل کے امتحانات پاس کئے۔ اِس کے بعد پیرس (فرانس) گئے اور فونٹیکس میں ڈپلوما (ڈیپل فون) حاصل کیا۔ ڈھاکہ یونی ورسٹی کے قیام کے بعد وہ ۱۹۲۱ء میں مستقلاً ڈھاکہ منتقل ہو گئے اور برابر یونی ورسٹی سے وابستہ رہے پہلے ڈھاکہ یونیورسٹی میں اور بعد میں راج شاہی یونی ورسٹی میں بنگلہ اور سنسکرت کے یونی ورسٹی پروفیسر اور صدر شعبہ رہے۔ دونوں جگہ فیکلٹی آف آرٹس کے ڈین بھی رہے۔ ۱۳ جولائی ۱۹۶۹ء کو ڈھاکہ میں اُن کا انتقال ہوا۔ ڈھاکہ یونی ورسٹی میں ان کے نام پر شہید اللہ ہال ہے۔ اس کے قریب موسیٰ خاں کی مسجد کے بیرونی صحن میں دفن ہوئے۔

جناب امیر الاسلام صاحب شرقی[1] نے قطعہ تاریخ[2] لکھا: ؎

فخر پاک و ہند بحر السنہ بحر العلوم
زیں دبستاں حیات اُو را قضا دارد نہفت
عیسوی سال وصالش ز ہاتف خواستند
"مُنتجی جنت رحمت شہید اللہ" گفت

۱۹۶۹ء

---

[1] جناب امیر الاسلام صاحب شرقی ریٹائرڈ انکم ٹیکس کلکتہ۔ دیکھئے ص ۱۷۹

[2] خط مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب۔ جدوناتھ باسک لین۔ ڈھاکہ ۱ مورخہ ۱۲ مئی ۱۹۷۵ء۔

Marfat.com

ڈاکٹر محمد شہید اللہ عربی ۔فارسی، اُردو، بنگلہ، سنسکرت ۔انگریزی اور فرانسیسی، زبان اور اُس کے ادب سے واقف تھے ۔عربی، فارسی، بنگلہ اور سنسکرت کے ادب پر اُن کو عبور کامل حاصل تھا۔

بابائے اُردو مولانا عبدالحق مرحوم اُن کو بابائے زبان کہا کرتے تھے۔ وہ ایک زبردست ماہر تعلیم اور ماہر لسانیات تھے۔ دنیا کی مختلف زبانوں اور مختلف مذاہب کا انھوں نے تقابلی مطالعہ کیا تھا۔ اسلامیات پر اُن کی بڑی گہری نظر تھی۔ اور مطالعہ بہت وسیع تھا۔ وہ ایک بلند پایہ عالم دین اور نہایت متقی اور پرہیزگار انسان تھے۔ اسلام اور بانیٔ اسلام سے اُنہیں بڑی محبت تھی۔ بنگال کے بعض صوفیائے کرام اور اُن کی ادبی خدمات پر اُن کے کارنامے بہت وقیع ہیں۔ کراچی یونیورسٹی میں لغات اُردو کی تدوین کے عظیم منصوبے اور ڈھاکہ کی بنگلہ اکیڈمی سے وابستہ تھے۔ اسلامک اکیڈمی ڈھاکہ (بیت العلوم اسلامی) کی مجلسِ انتظامیہ کے ممبر تھے۔ مشرقی پاکستان کی حکومت نے ایک عربک یونیورسٹی کمیشن قائم کیا تھا۔ اُس کے بھی یہ ایک اہم رکن تھے۔

اُن کے پیر و مرشد حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رحمۃ اللہ علیہ صفر المظفر ۱۳۵۵ھ (مئی ۱۹۳۶ء) کو انہیں اجازت و خلافت حاصل ہوئی خلافت نامہ میں پیر و مرشد نے ان کے لئے لفظ "مولانا" استعمال کیا ہے اور ان کے انتقال کے بعد فاتحہ خوانی کی محفل میں اُن کے مرشد زادہ جناب مولانا عبدالحی صاحب مدظلہ سجادہ نشین فُرفُرا شریف نے اس خواہش کا اظہار فرمایا کہ اب سے ڈاکٹر محمد

Marfat.com

شہید اللہ مرحوم کے لئے علامہ کا لفظ استعمال کیا جائے۔ کیونکہ مولانا صاحبان اُن کے علم و فضل سے روشنی اور بصیرت حاصل کر سکتے ہیں۔

مشرقی بنگال سرداست سماج کی طرف سے اُن کو "وِدّیا بچشپتی" کی اعزازی ڈگری دی گئی۔ بنگالی زبان و ادب کی اعلیٰ خدمات کے اعتراف میں حکومت پاکستان کے صدر کی طرف سے ۱۹۵۸ء میں اُن کو دس ہزار روپیہ کا انعام (پرائڈ آف پرفورمینس اوارڈ) دیا گیا۔ بنگلہ زبان کے لئے یہ پہلا نام تھا جو ان کو ملا۔ اُن کے انتقال کے بعد اگست ۱۹۶۹ء میں حکومتِ پاکستان نے ان کو ملک کا اعلیٰ ترین اعزاز "ہلال امتیاز" پیش کیا اور دسمبر ۱۹۷۴ء میں ڈھاکہ یونیورسٹی نے ڈی۔لیٹ کی اعزازی ڈگری دی۔ وہ بہت دنوں تک ڈھاکہ میں الائنس فرانسیس (انجمن فرانس پاکستان دوستی) کے صدر رہے۔ ۱۹۶۷ء میں فرانس کے یوم جمہوریہ کے موقع پر ان کو ادب کی اعلیٰ ترین ڈگری (اوارڈ آف شیوالیئر ڈی ڈن اوڈر ڈس لیٹرس) دی گئی۔

پاکستان کی ایشیاٹک سوسائٹی کے صدر کے لئے جو میعاد تھی اس کے وہ تین بار صدر منتخب ہوئے۔ ۱۹۵۷ء میں حکومت پاکستان کی طرف سے علماء کا جو وفد چین گیا تھا، اس میں ڈاکٹر محمد شہید اللہ بھی شامل تھے۔ انڈین انسٹی ٹیوٹ آف کلچرل افیرس (ہندوستانی ادارہ برائے امور ثقافت) کی طرف سے دنیا کے جن دس بڑے ماہرین فن کو فیلوشپ پیش کی گئی تھی، اُن میں پروفیسر ٹائن بی اور ڈاکٹر طاہا حسین وغیرہ کے ساتھ ان کا بھی نام شامل تھا۔ لیکن چونکہ

کسی غیر ملکی اعزاز کو قبول کرنے سے پہلے حکومت کی اجازت ضروری تھی اور حکومت پاکستان نے اِس فیلوشپ کو قبول کرنے کی منظوری نہ دی۔ اس لئے مجبوراً انہیں اِس کو قبول کرنے سے انکار کرنا پڑا۔

ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ ارکان اِسلام کے سختی سے پابند تھے۔ وہ بڑے ذوق و شوق اور احترام کے ساتھ روزہ رکھتے تھے اور آخری عشرہ رمضان شریف میں اعتکاف میں بیٹھتے تھے۔ پنج وقتہ نماز کے علاوہ تہجد، اِشراق اور چاشت کی نمازیں پابندی سے پڑھتے تھے۔ میلاد شریف کی محفلوں میں شریک ہونے اور وہاں تقریر کرنے میں اُن کو دلی مسرت حاصل ہوتی تھی۔ ایصالِ ثواب کی مجلسوں میں بھی پابندی سے شریک ہوتے تھے۔ نہ اُنہوں نے کبھی ڈاڑھی مُنڈائی اور نہ کبھی سگریٹ یا اس طرح کی کوئی دوسری چیز استعمال کی۔ اپنے لباس اور وضع قطع کے لحاظ سے ٹوپی کے فرق کے سوا وہ بالکل محسن قوم سرسید احمد خاں (متوفی ۱۸۹۸ء) معلوم ہوتے تھے۔

وہ انجمن علمائے بنگال کے ایک نہایت ممتاز اور سرکردہ رکن تھے اور اس سلسلہ میں جناب مولانا منیر الزماں اسلام آبادی مرحوم کے ساتھ مل کر کام کرتے تھے۔ وائسرائے لارڈ ریڈنگ (۲۶-۱۹۲۱ء) کے عہد حکومت میں جب آریہ سماجیوں نے اپنی شُدھی کی تحریک کے ذریعہ میواتی مسلمانوں کو مُرتد بنانے کی کوشش شروع کی، تو ارتداد کی اس لہر کو روکنے اور آریہ سماجیوں کا مقابلہ کرنے کے لئے ۱۹۲۳ء میں علمائے اِسلام کا جو اجتماع ہوا تھا اس میں علمائے بنگال کی طرف سے صرف

Marfat.com

علامہ ڈاکٹر محمد شہید اللہ رح شریک ہوئے تھے۔ وہ ہمیشہ اپنے نام سے پہلے اپنے کو خادم العلمار والفقرا لکھا کرتے تھے۔

جناب ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحب رح کے راسخ العقیدہ اور اپنے اُصول مذہب کے سختی سے پابند ہونے کے باوجود اُن کی شخصیت اور علم و فضل، وسیع النظری اور انسان دوستی کے سبب بنگال میں ہندو، بودھ اور عیسائی مذاہب کے ماننے والے بھی اُن کو نہایت ہی ادب و احترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ وہ برہمو سماج اور رام کرشنا مشن کے جلسوں میں شریک ہوتے تھے اور وہاں دُنیا کے آخری الہامی مذہب کی حیثیت سے تعلیمات اسلامی کی برتری اور فوائد اور برِّ عظیم ہند و پاکستان میں سماجی اور ثقافتی حالات پر اسلام کے زرّیں اُصولوں کے خوش آیند اثرات کا جائزہ لیتے تھے۔

ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحب رح سلسلہ عالیہ نقشبندیہ سے وابستہ تھے۔ وہ اپنے نام کے اخیر میں مجددی لکھتے تھے۔ اُنہوں نے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کا ایک شجرہ بھی بنگلہ زبان میں مرتب کیا تھا۔ انہوں نے اپنے پیر و مرشد حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح اور اپنے دادا پیر حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح کے حالاتِ زندگی پر مضامین لکھے۔ حضرت صوفی صاحب رح کے متعلق مضمون میں نہ صرف اُن کی فارسی شاعری اور دیوان ویسی کا جائزہ لیا، بلکہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے شیخ طریقت اور ایک عظیم روحانی پیشوا کی حیثیت سے بھی اُن کی اعلیٰ خدمات پر روشنی ڈالی۔ اُنہوں نے پانڈوا شریف ضلع مالدہ کے حضرت نور قطب عالم رح (متوفی ۸۱۵ھ) کے حالات

Marfat.com

لکھے۔ جس طرح حضرت خواجہ امیر خسرو رح (متوفی ۱۳۲۵ء) نے فارسی اور ہندی ملا کر ریختہ میں شاعری کی تھی۔ اسی طرح حضرت نور قطب عالم رح نے فارسی اور بنگلہ ملی جلی ہوئی زبان میں شاعری کی تھی اس کو بھی ریختہ کہتے ہیں۔ ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحب رح نے اپنے مضمون میں آپ کے کلام ریختہ کا جائزہ لیا۔ اس کے علاوہ بہت سے دوسرے مسلمان بزرگانِ دین کے حالات بھی لکھے

ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحب کی زیادہ تر کتابیں بنگلہ زبان میں ہیں۔ انہوں نے خواجہ حافظ شمس الدین شیرازی (متوفی ۱۳۸۹ء) کی کچھ غزلوں اور عمر خیام[1] (متوفی ۱۱۲۳ء) کی کچھ رباعیوں کا فارسی سے فرانسیسی زبان میں "چینٹس مسٹکس" کے نام سے ترجمہ کیا۔ علامہ سر محمد اقبال رح (متوفی ۱۹۳۸ء) کی مشہور نظموں شکوہ اور جواب شکوہ کا اردو سے اور کوی ودیاپتی ٹھاکر (متوفی ۱۳۶۰ء) کے بیتھلی گیتوں کا بنگلہ شاعری میں ترجمہ کیا۔ عربی کے قصیدہ بردہ اور بنات سود کو "امرد کا بے"

---

[1] عمر خیام اصلاً خیمہ دوز تھے۔ فارسی کے نامور شاعر ہوئے ہیں۔ اُن کی رباعیوں کا انگریزی، فرانسیسی اور دنیا کی اکثر مہذب زبانوں میں ترجمہ ہوگیا ہے۔ ان کا کلام یورپ میں بہت مقبول ہے۔ یہ نیشاپور (صوبہ خراسان، ایران) کے رہنے والے اور سلاطین سلجوقیہ کے مشہور وزیر خواجہ حسن نظام الملک طوسی، فدائیوں کے سردار ساحر الموط حسن بن صباح (متوفی ۱۱۲۴ء) اور مشہور عالم دین اور اسلامی فلسفی حضرت امام محمد غزالی رح متوفی ۱۱۱۱ء کے ہم عصر تھے۔ ان کا سال ۱۱۲۱ء یا ۱۱۲۳ء میں انتقال ہوا۔ قاموس المشاہیر جلد اوّل صفحہ ۲۰۴؛ جلد دوم صفحہ ۱۰۴ اور صفحہ ۱۱۰

کے نام سے بنگلہ نثر میں تبدیل کیا۔ اُنہوں نے دو جلدوں میں "بنگلہ ساہیتیر کتھا" (تاریخ ادب بنگلہ) مرتب کیا اور "بنگلہ بھاشر اِتیہ رِتّا" (تاریخ زبان بنگلہ) اور "بنگلہ ویاکرن" (قواعد بنگالی) لکھی۔ انہوں نے بنگلہ زبان کے مشہور شاعر علاول[1] (متوفی سنہ ۱۶۸۰ء) کی کتاب پدماوتی اور بودھوں کے مذہبی گیتوں کو تصحیح اور توضیح کے ساتھ شائع کیا۔

اُن کی تصانیف میں "اقبال" (حضرت علامہ محمد اقبالؒ کی حیات اور شاعری)؛ رکاماری (مختصر افسانے)، اِسلام پراشنگا (تصوّرات اسلامی)، قرآن پراشنگا (تصوّرات قرآنی) اور "اِسلام کے متعلق مضامین" بہت ہی مشہور اور مقبول کتابیں ہیں۔ ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ بُلبُلِ باغِ حجاز، حکیم الامّت علامہ سُر محمد اقبال کی شاعری، ان کے فلسفہ حیات اور افکار اعلیٰ سے بہت متاثر تھے۔ علامہ اقبالؒ کی اکثر کتابیں اُردو اور فارسی میں تھیں اور بنگالی مسلمانوں کا زیادہ حصّہ اِن دونوں زبانوں سے ناآشنا تھا۔ ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ نے شکوہ اور جواب شکوہ کا ترجمہ کیا اور پھر علامہ اقبال پر ایک مستقل کتاب لکھ کر اُس دانائے راز اور مفکرِ اسلام کی شاعری اور خیالات سے بنگلہ زبان بولنے والی آبادی کو روشناس کرایا۔ اسلام پراشنگا

---

[1] علاول، سنہ ۱۶۰۷ء میں جو برا اتھانہ ہت، ہزاری، ضلع چاٹگام میں پیدا ہوئے یہیں سنہ ۱۶۸۰ء میں اُن کا انتقال ہوا۔ اُنہوں نے ملک محمد جائسیؒ کی کتاب پدماوت، نظامی گنجویؒ کی کتاب سبعہ پیکر اور سکندر نامہ اور شیخ یوسف گدائی کی کتاب تحفۃ النصائح کا بنگلہ میں ترجمہ کیا تھا۔ دیکھئے صفحہ ۸۳-۸۱

Marfat.com

اُن کی ایک قابل قدر تصنیف ہے۔ لائق مصنف نے اِس کتاب میں اسلامی طریقۂ حیات اور تصورِ زندگی کو بڑی کامیابی کے ساتھ پیش کیا ہے۔ یہ کتاب پہلی بار فروری سنہ ۱۹۶۳ء میں شائع ہوئی۔ ڈاکٹر صاحب کے لائق و فائق فرزند جناب ابوالفتح محمد صفی اللہ صاحب نے الحاج مولانا سیّد محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ کی مدد سے اس کتاب پر نظرِ ثانی اور اضافہ کر کے اِسے اکتوبر سنہ ۱۹۷۰ء میں دوبارہ شائع کیا ہے۔ "قرآن پر اشنگا" بھی اس قسم کی نہایت کارآمد تصنیف ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ کو قرآن حکیم کے معنی و مطالب اور اس کی توضیح و تشریح سے کافی دلچسپی تھی۔

ڈاکٹر صاحب نے خود اسلامیات اور مسلمان صوفیائے کرام اور بزرگانِ دینؒ کے بارے میں بہت کچھ لکھا اور دوسرے مسلمان علماء کو بھی مسلمان صوفیائے کرام اور ان کی خدمات کے متعلق مضامین اور کتابیں لکھنے کی ترغیب دلائی۔ آپ نے خود سیّد احمد شہید بریلویؒ[1] (متوفی سنہ ۱۸۳۱ء) کے مشہور خلیفہ حضرت مولانا کرامت علی صاحب جون پوریؒ[2] (متوفی سنہ ۱۸۷۳ء) کی ایک مختصر سوانح حیات بنگلہ زبان میں لکھا اور آپ کی ترغیب سے مولانا عبد الباطن صاحب جون پوریؒ نے اپنے دادا حضرت مولانا کرامت علی جون پوری کی حیات مرتب کر کے سنہ ۱۳۶۸ھ = سنہ ۱۹۴۹ء میں شائع کیا۔ ڈاکٹر صاحب کی ترغیب سے جناب مولانا عبید الحق صاحب اسلام آبادی مہتمم مدرسہ عالیہ فنی ضلع نواکھالی مصنف

---

[1] دیکھئے صفحہ ۹۳-۹۲ [2] دیکھئے صفحہ ۱۳۱-۱۲۷ [3] دیکھئے صفحہ ۱۲۵-۱۲۴ اور صفحہ ۱۲۷-۲۶

"بنگلادیشیر اولیاگن" (تذکرۂ اولیائے بنگال) نے حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی رح کے پیرومرشد حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری[1] رح کی حیات لکھی، جو ندائے اسلام، نامی پرچہ میں شوال ۱۳۸۴ھ = جنوری ۱۹۶۵ء میں شائع ہوئی۔ اس پرچہ کو حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب رح نے جاری کیا تھا۔

ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحب نے بچوں کے لئے بنگلہ زبان میں مذہبی کتابیں لکھیں۔ جیسے درسول اللہ (حیات رسول ؐ) حکایات قرآنی۔ کتھا منجری۔ نبی کتھا۔ چوتو درنی کتھا وغیرہ۔ انہوں نے یونائیٹڈ نیشنس ایڈوکیشنل سائینٹفک اینڈ کلچرل آرگنائیزیشن (ادارہ اقوام متحدہ برائے تعلیمی، سائنسی اور ثقافتی امور) کی طرف سے مشرقی پاکستان کی روایتی ثقافت کے متعلق اپنی تحقیقات مکمل کی اور پروفیسر محمد عبدالحی صاحب کے تعاون اور اشتراک سے اس موضوع پر ایک کتاب لکھی۔ بنگالی اکیڈمی (بیت العلوم بنگالی) نے بخاری شریف کا ترجمہ بنگال زبان میں شائع کیا۔ ڈاکٹر صاحب نے اس نیک کام میں اکیڈمی کی بڑی مدد کی۔ اس اکیڈمی کی طرف سے ایک اسلامی انسائکلوپیڈیا (قاموس العلوم) شائع ہوئی۔ ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحب نے اس قابل قدر تصنیف کے چیف ایڈیٹر (مدیر اعلیٰ) کے فرائض انجام دیئے۔ برصغیر ہند و پاکستان کے بہت سے علمی اجتماع میں انہوں نے اپنے مضامین پیش کئے۔ وہ آل انڈیا مسلم ایڈوکیشنل کانفرنس کے بہت سے اجلاس

---

[1] دیکھئے ص ۱۲۵-۱۰۲

Marfat.com

میں شریک ہوئے۔ اس سلسلہ میں ۱۹۴۰ء میں پٹنہ بھی تشریف لائے تھے۔ ۱۹۴۱ء میں اورنٹیل کانفرنس کے جلسہ منعقدہ حیدرآباد میں انہوں نے اُس کے فلاسفیکل سکشن کی صدارت کی تھی۔ اقوام متحدہ کے ادارہ برائے تعلیمی، سائنسی اور ثقافتی اُمور کی طرف سے ۵ جولائی ۱۹۵۸ء کو مدراس (ہندوستان) میں جنوبی مشرقی ایشیا کی روایتی ثقافت کے متعلق جو بین الاقوامی سیمینار (مجلس مذاکرہ) منعقد ہوا تھا۔ ڈاکٹر محمد شہید اللہؒ نے اُس کی بھی صدارت کی تھی۔

مختلف دَور میں وہ ادبی رسالوں کے ایڈیٹر کے فرائض انجام دیتے رہے۔ کلکتہ سے ۱۹۲۰ء میں مسلمان بچوں کے لئے بنگلہ میں 'انکور' نامی ایک رسالہ اور دسمبر ۱۹۲۱ء اسلام اور اسلامی تمدّن اور ثقافت کے بارے میں "پیس" (امن) نامی رسالہ جاری ہوا۔ وہ اِن دونوں رسالوں کے ایڈیٹر تھے۔ ۱۹۱۱ء میں کلکتہ میں ڈاکٹر صاحب اور اِن کے دوستوں کی کوشش سے بنگلہ مسلمان ساہتیہ سمیتی (بنگالی مسلمانوں کی ادبی انجمن) قائم ہوئی۔ وہ اِس انجمن کے پہلے سکریٹری منتخب ہوئے۔ اس انجمن کی طرف سے ایک ادبی رسالہ بھی شائع ہوتا تھا۔ ۱۹۲۱ء تک ڈاکٹر صاحب اس رسالہ کے ایڈیٹر رہے۔

ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ کی سُسرال بنگال کے نہایت تعلیم یافتہ، دیندار، اور بااثر زمیندار خاندان میں تھی۔ اُن کی بیگم صاحبہ کے رشتہ دار شمالی ہندوستان میں مظفرپور (بہار) بستی اور سیتاپور (اُتر پردیش) میں آباد ہیں۔ ڈاکٹر صاحبؒ کے سالے بیٹے یادگار ہیں اور ماشاء اللہ سب اپنی جگہ اپنے پیشہ میں نہایت کامیاب اور

Marfat.com

لائق و فائق ہیں۔ سب سے بڑے صاحبزادے جناب ابوالفتح محمد صفی اللہ صاحب ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کی زندگی میں وہ اُن کے ادبی معاون اور اُن کی کتابوں کے ناشر کے فرائض انجام دیتے تھے۔ انہوں نے ۱۹۳۷ء میں علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی سے میٹریکولیشن پاس کیا۔ مزید تعلیم ڈھاکہ اور کلکتہ میں ہوئی۔ آل انڈیا اسٹوڈنس فیڈریشن کے رکن تھے اور ۱۹۴۱ء میں اس کے پٹنہ اجلاس میں شریک ہوئے۔ ۱۹۴۰ء تک وہ کانگریس میں رہے اور ڈھاکہ ضلع کانگریس کمیٹی کے سکریٹری تھے۔ ۱۹۵۳ء سے وہ ڈھاکہ یونی ورسٹی کی سینیٹ اور سنڈیکیٹ کے ممبر ہیں۔ ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ کو اُن کے شاندار علمی اور ادبی کارناموں پر اُن کے مداحین کی طرف سے بنگلہ زبان میں مبارک بادی کی جو کتاب پیش کی گئی تھی۔ اُس کے یہ ایڈیٹر تھے۔ انتظامی مشیر کی خدمات انجام دیتے ہیں۔ طنزیہ مضامین لکھتے ہیں اور انشورنس کمپنی لاء پر ایک کتاب لکھی ہے۔ ۱۰۱ نارتھ بروک ہال روڈ، ڈھاکہ ۲ میں ان کا رہائشی پیلیشنگ ہاؤس ہے۔ جہاں سے ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ کی کتابیں شائع ہوئی ہیں۔

جناب محمد صفی اللہ صاحب کی اہلیہ شیخ عبدالعزیز رحؒ کے نواسے صوفی شیخ عبدالرزاق رحؒ کی آٹھویں پشت میں ہیں۔ صوفی عبدالرزاق صاحبؒ کے پڑپوتے کے صاحبزادے جناب صوفی محمد فیاض کرانک پور (ضلع الہ آباد۔ اُتر پردیش) سے ہجرت کر کے بنگال چلے آئے تھے۔

ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ کے پانچویں صاحبزادے، ڈاکٹر محمد نقی اللہ صاحب سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں میڈیکل آفیسر ہیں اور وہیں آباد ہو گئے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب مرحوم کے سب سے چھوٹے صاحبزادے مرتضیٰ بشیر صاحب فائن آرٹ کے ماہر اور چٹاگانگ یونی ورسٹی میں فائن آرٹ کے پروفیسر ہیں۔ اس سال اُن کو اکیڈمی کا اوارڈ بھی ملا ہے۔

مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحبؒ کے مریدین میں سید معین الدین احمد صاحب علی پوری (متوفی ۱۹۴۲ء) الحاج مولانا سید ابوالبشر محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ کے والد محترم اور خان بہادر ابوالفتح عبدالرحمان سابق وزیر غیر منقسم بنگال مولانا کے ماموں تھے۔ جناب سید ابونصر محمد نصیر الدین ایڈوکیٹ سپریم کورٹ ڈھاکہ اور جناب ابوظفر محمد ظہیر الدین صاحب ریٹائرڈ سپرنٹنڈنٹ پولیس ڈھاکہ مولانا کے حقیقی بھائی ہیں۔ جناب ابوحامد فاروق احمد صاحب اور ابوزاہد جلیل احمد دونوں خان بہادر ابوالخیر محمد صدیق رح کے صاحبزادے اور مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب کے ماموں زاد بھائی ہیں۔ پروفیسر اے۔ کے۔ ام جلال الدین صاحب مرحوم (ریٹائرڈ پرنسپل) مولانا کے بسنتی بھائی تھے۔ خان صاحب عبدالقادر مرحوم ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل جو ۱۹۴۲ء کے ہنگامہ میں بھاگل پور میں شہید ہوئے۔ وہ مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب کے بھائی جناب سید ابوظفر ظہیر الدین صاحب کے خسر تھے۔ الحاج مولانا فضل الکریم صاحب ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ جج اس وقت اسلامک اکیڈمی (بیت العلوم اسلامی) ڈھاکہ کے ڈائرکٹر ہیں۔

Marfat.com

۲۱۔ شمس العلماء حضرت مولانا غلام سلمانی صاحب عباسی رح

قطب الارشاد حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی رح کے تیسرے نامور اور ممتاز خلیفہ شمس العلماء الحاج حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب عباسی رح مشہور قصبہ فرفرا شریف ضلع ہوگلی کے رہنے والے تھے۔ آپ کا تعلق وہاں کے شیوخ عباسی کے خاندان سے تھا[1]۔ آپ کے والد محترم حضرت مولانا غلام ربانی صاحب رح عربی، فارسی کے زبردست عالم اور سرکار انگریزی میں عہدۂ منصفی پر فائز[2] تھے۔ ان کی شادی حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح کے خاندان میں ہوئی تھی حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح رشتہ میں حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب رح کے ماموں زاد بھائی ہوتے تھے۔ حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب رح کی ولادت باسعادت ۵ شوال المکرم ۱۲۷۰ھ = ۱۷ اساڑھ ۱۲۵۱ھ بنگلہ فصلی = یکم جولائی ۱۸۵۴ء کو فرفرا شریف ضلع ہوگلی

---

[1] خط جناب مولانا عبدالسلطان صاحب فرفرا شریف ضلع ہوگلی۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۷ اگست ۱۹۷۴ء

[2] خط جناب قاضی نجیب الرحمٰن صاحب وکیل۔ دیدار بخش لین۔ کلکتہ ۱۶۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۲ جون ۱۹۷۵ء۔

میں ہوئی[1]۔ بچپن ہی سے بہت ہی فہیم و ذہین اور ذکی الطبع تھے۔ ابتدائی تعلیم فرفرا شریف اور ہوگلی میں ہوئی۔ اعلیٰ تعلیم کے لئے کلکتہ تشریف لے گئے اور شہرۂ آفاق مدرسہ عالیہ کلکتہ میں داخل ہوئے۔ وہاں آپ نے تفسیر قرآن، حدیث نبوی، فقہ، اصول فقہ، عقاید، منطق و حکمت، بلاغت، خصوصاً عربی و فارسی اور تاریخ اسلام میں مہارت کاملہ حاصل کی۔ حضرت مولانا احمد علی صاحب سہارنپوری سے بھی فیض یاب ہوئے تھے۔

فراغت تعلیم کے بعد اپنے ضلع کے صدر مقام پر سرکاری سینیئر مدرسہ محسنیہ ہوگلی میں مدرس مقرر ہوئے۔ اس کے بعد ترقی پاکر مدرسہ عالیہ کلکتہ کو منتقل ہوئے۔ صاحب شمس العارفین جناب مولانا شاہ خلیل الرحمن صاحب نندن پوری کے مطابق دسمبر ۱۸۸۶ء میں حضرت صوفی سید فتح علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کے وقت حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب مدرسہ عالیہ کلکتہ میں مدرس چہارم کے عہدہ جلیلہ پر فائز تھے۔

آپ کی اعلیٰ علمی صلاحیت اور قابلیت سے متاثر ہوکر حکومت نے ۱۹۱۰ء میں آپ کو شمس العلماء کے خطاب اور خلعت فاخرہ سے نوازا۔ ۱۹۱۱ء میں آپکو

---

[1] خط جناب قاضی نجیب الرحمن صاحب وکیل۔ دیدار بخش لین کلکتہ ۱۶ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۲ جون ۱۹۷۵ء۔

[2] خط ممتاز المحدثین جناب مولانا زین العابدین صاحب اخوندی، بندطلہ۔ کلکتہ ۲۴ مورخہ ۳ اگست ۱۹۷۴ء

Marfat.com

Marfat.com



۱۵۔ مزار مبارک حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب عباسی رح۔ فُرفُرا شریف

Marfat.com

مدرسہ حسینیہ ہوگلی کا اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ مقرر کیا گیا۔ حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ نے سوموار ۱۷ اساڑھ ۱۳۱۹ بنگلہ فصلی = ۱۵ رجب المرجب ۱۳۳۰ھ مطابق یکم جولائی ۱۹۱۲ء کو پانچ بجے شام کے وقت شہر ہوگلی میں کھڑکی گھاٹ کے قریب جناب حکیم عبدالکریم صاحبؒ کی قیام گاہ پر انتقال فرمایا۔ لاش مبارک فرفرا شریف لاکر دفن کی گئی۔ "افتخار اولیا" سے سالِ وفات معلوم ہوتا ہے۔

۱۳۳۰ھ

علوم ظاہری کی تکمیل کے بعد آپ کی طبیعت تصوّف و معرفت کی طرف مائل ہوئی اور بنگال کے مایہ ناز بزرگ عارف کامل، قطب الارشاد حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسیؒ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے اور ایک طویل عرصہ تک مُرشد کامل کی صحبت کیمیا اثر سے مستفید ہوتے رہے۔ علم طریقت میں کمال حاصل کیا۔ خلافت سے سرفراز ہوئے اور فلکِ معرفت پر آفتاب بن کر چمکے۔ بنگال کے اولیائے کرام میں اعلیٰ ترین مقام رکھنے کے باوجود ہمیشہ اپنے کو چھپائے رکھتے تھے۔ شہرت اور نام و نمود سے آپ کو سخت نفرت تھی۔ بیعت کے معاملہ میں بہت سخت تھے۔ ظاہرا پیری مریدی سے آپ کو دلچسپی نہ تھی۔ حصول بیعت سے قبل آپ کے مریدوں کو بڑی صبر آزما منزل سے گزرنا پڑتا تھا۔ چنانچہ جب قطب الارشاد غوث زماں حضرت سید عبدالباری شاہؒ (نیڑیل شریف ضلع ہوگلی)

لہ دیوان ویسی ص ۲۲۷۔ خط جناب قاضی نجیب الرحمٰن صاحب کلکتہ ۱۶ مورخہ ۱۲ جون ۱۹۷۵ء۔

Marfat.com

کی لطائف عشرہ کی تعلیم ختم ہو گئی اور وہ حصول بیعت کی غرض سے آپ کی خدمت عالی میں حاضر ہوئے ، تو اس شہباز طریقت کی بھی بیعت کی غرض سے آمد کو آپ نے پسند نہیں فرمایا اور فرمانے لگے "بس رہا جائیے۔ اللہ اللہ کیجئے"[1]

قطب الارشاد حضرت سید عبد الباری شاہ رح معصوم مکان واپس آ گئے۔ وضو کر کے حجرہ میں داخل ہوئے۔ ابھی بیٹھے ہی تھے کہ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رح تشریف فرما ہوئے اور معصوم ہونے کی وجہ دریافت فرمائی۔ حضرت سید صاحب رح نے واقعہ بیان کیا۔ حضرت مجدد صاحب رح نے فرمایا۔ گھبرائیے نہیں۔ اچھا اب جائیے، مرید کر لیں گے۔ حسب ہدایت آپ فوراً روانہ ہوئے۔ جب مولانا موصوف رح کی قیام گاہ پر پہنچے، تو حضرت موصوف رح نے حسب سابق خفگی کا اظہار فرمایا۔ لیکن سید صاحب رح خاموش بیٹھ گئے اور بہت ادب سے حضرت مجدد صاحب رح کی آمد کا واقعہ اور آپ کے حکم کی تعمیل میں وہاں حاضر ہونے کے متعلق خدمت عالی میں عرض کیا۔ جب مولانا موصوف رح نے یہ سنا تو آپ سے فرمایا کہ وضو کر کے آئیے۔ خود سب کام چھوڑ کر وضو کیا اور حضرت سید عبد الباری شاہ رح کو بیعت سے مشرف فرمایا۔[2]

---

[1] سوانح حیات سید عبد الباری شاہ رح۔ مولفہ الحاج حضرت مولانا سعید خاں صاحب قبلہ ادام اللہ فیوضہ صـ ۳۷

[2] سوانح حیات امام الطریقت السید عبد الباری شاہ رح۔ الحاج حضرت مولانا محمد سعید خاں صاحب قبلہ مدظلہ صـ ۳۸

Marfat.com

لارڈ ہارڈنگ وائسرائے (۱۹۱۶-۱۹۱۰ء) کے عہد حکومت میں ۱۲ دسمبر ۱۹۱۱ء دہلی میں انگریز شہنشاہ ہند کی تاج پوشی کا دربار ہوا تھا۔ دربار تاج پوشی کے بعد شہنشاہ جارج پنجم کلکتہ تشریف لے گئے۔ وہاں حضرت مولانا غلام سلمانی صاحب مرحوم بنگال کے ایک ممتاز عالم دین، اعلیٰ سرکاری ملازم اور شمس العلماء کی حیثیت سے خلعت شاہی میں ملبوس شہنشاہ ہند کے دربار میں باریاب ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ انگریز شہنشاہ ہند نے 'مراحم خسروانہ' سے دریافت کیا کہ اگر آپ کی کوئی آرزو، خواہش اور تمنا ہو تو بیان فرمائیں۔ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ، مجددیہ کے اس پیکر وقار، ملک خود داری کے بادشاہ اور تسلیم و رضا کی سلطنت کے اس شہنشاہ ذی جاہ نے بکمال ادب شہنشاہ ہند کی خدمت میں عرض کیا کہ "آپ شہنشاہ عادل ہیں۔ عادل و انصاف در بادشاہ اپنی رعایا کے لئے جو دعا کرتے ہیں، خدا اس کو قبول کرتا ہے۔ آپ سے یہ دعا چاہتا ہوں کہ خداوند تبارک و تعالیٰ مجھ کو اپنی محنت و مشقت سے روزی دیتے ہوئے دنیا سے اٹھائیں اور یہی میرے لئے کافی ہے" اللہ جل شانہ نے اپنے اس برگزیدہ بندے کی اس نیک خواہش کو پورا کیا۔ ایسا ہی وقوع پذیر ہوا اور اسی سال چھ ماہ بعد دورانِ ملازمت ہی میں ہوگلی میں یکم جولائی ۱۹۱۲ء کو آپ کا وصال[1] ہوا۔

---

[1] خط جناب مولانا عبدالسلطان صاحب سابق مدرس مدرسہ فتحیہ فرفرا شریف ضلع ہوگلی بنام راقم الحروف مورخہ ۱۰ اگست ۱۹۷۴ء۔ جناب مولانا عبدالسلطان (بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۹۴ پر)

Marfat.com

؎ خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے، بتا تیری رضا کیا

حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب قدس سرہٗ کے کچھ حالات جناب مولوی عبدالستار صاحب کی کتاب "تاریخ مدرسہ عالیہ" میں ملتے ہیں اور جناب مولانا عبدالحق صاحب پرنسپل مدرسہ فینی ضلع نواکھالی نے اپنی قابل قدر تصنیف "بنگلادیشیر اولیاگن" (تاریخ اولیائے بنگال) میں آپ کا ذکر کیا ہے۔[1]

حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ کی شادی فرفرا شریف سے متصل دکھن موضع بیل پارا میں جناب ملا عنایت اللہ صاحب مرحوم کی صاحبزادی بی بی صفورہ خاتونؒ سے ہوئی۔ حضرت کی دو صاحبزادیاں بی بی عزیزہ خاتونؒ اور بی بی خدیجہ خاتونؒ اور ایک صاحبزادے جناب مولانا ابوالبرکات محی الدین صاحبؒ تھے۔

بڑی صاحبزادی بی بی عزیزہ خاتونؒ کی شادی اُن کے ننھیالی گاؤں بیل پارا میں جناب سید لطیف اللہؒ سے ہوئی، ان کے دو صاحبزادے سید ملیح اللہ صاحب بی اے اور سید صفی اللہ صاحب اور ایک صاحبزادی بی بی معصومہ خاتون ہیں۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۹۳ کا]

صاحب کی والدہ محترمہ حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ کے چچازاد بھائی کی صاحبزادی تھیں اور جولائی ۱۹۱۲ء میں حضرتؒ کے انتقال کے وقت مولانا عبداللہ سلطان صاحب ۱۴ سال کے تھے۔

---

[1] خط جناب مولانا ابوصالح محمد رضوان الکریم صاحب بندلوری از ۲۱/ دیدار بخش لین کلکتہ ۱۶۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۰ جون ۱۹۷۵ء

جناب سیّد ملیح اللہ صاحب کی عمر تقریباً ۷۵ سال اور بی بی معصومہ خاتون صاحبہ کی عمر تقریباً ۶۵ سال ہے۔ جناب سید صفی اللہ کی عمر تقریباً ۵۵ سال ہے اور وہ فُرفُرا شریف میں مدرّس ہیں[1]۔

حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ کی چھوٹی صاحبزادی بی بی خدیجہ خاتون کی شادی فُرفُرا شریف ہی میں جناب قاضی نبیبُ الرحمان صاحب سے ہوئی۔ ان کے دو صاحبزادے جناب قاضی نجیب الرحمٰن صاحب بی اے، بی ایل اور جناب قاضی نسیم الرحمٰن صاحب بی اے اور ایک صاحبزادی بی بی بشیرہ خاتون ہیں۔ جناب قاضی نجیب الرحمٰن صاحب کی عمر تقریباً ۷۰ سال ہے۔ وہ زیادہ تر ۲۱ دیدار بخش لین کلکتہ ۱۶ میں رہتے ہیں اور کلکتہ ہائی کورٹ میں وکالت کرتے ہیں۔ قاضی صاحب محترم کا ایک چھوٹا سا مکان ضلع گریڈیہہ (بہار) میں مہیش مُنڈا[2] اسٹیشن کے پاس ہے۔ اِس پہاڑی علاقہ کا پانی بہت اچھا ہے اور قاضی صاحب مدظلہٗ تبدیلِ آب و ہوا کے لئے کبھی کبھی کلکتہ سے مہیش مُنڈا تشریف[3] لاتے ہیں۔ جناب قاضی نسیم الرحمٰن صاحب کی عمر تقریباً ۶۵ سال ہے اور وہ اس وقت ۲/۲۵

---

[1] خط جناب مولانا عبد السلطان صاحب پوسٹ ماسٹر فُرفُرا شریف، ضلع ہوگلی مورخہ ۶ اگست ۱۹۷۴ء

[2] ایسٹرن ریلوے کی مدھوپور گریڈیہہ برانچ لائن پر مہیش مُنڈا ریلوے اسٹیشن ہوڑہ سے (۲۰۰ میل) ۳۲۰ کیلومیٹر کے فاصلہ پر اور سطح سمندر سے تقریباً ۱۰۷۲ فٹ کی بلندی پر واقع ہے۔ ہوڑہ سے کلکتہ جو ۳۰۹ کیلومیٹر کا فاصلہ ہے یہ گریڈیہہ سے بنگا باد کو جانے والی پختہ سڑک پر ۶ میل اُتر کی طرف ہے

[3] خط جناب قاضی نجیب الرحمٰن صاحب ۲۱ دیدار بخش لین کلکتہ ۱۶۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۲ جون ۱۹۷۵ء

Marfat.com

پورنا چندر نبرجی لین ڈھاکہ ۱ (بنگلہ دیش) میں قیام رکھتے ہیں[1]۔ ان کی شادی اپنی ماموں زاد بہن بی بی حلیمہ خاتون سے ہوئی۔

حضرت مولانا غلام سلمانی صاحب قدس سرہٗ کی نواسی بی بی بشیرہ خاتون کی شادی فرفرا شریف سے چند میل کے فاصلہ پر بندپور[2] میں ہوئی۔ آپ کے دو صاحبزادے اور تین صاحبزادیاں ہیں۔ بڑی صاحبزادی بی بی صالحہ خاتون کی شادی سعد پور میں ہوئی ہے۔ بڑے صاحبزادے جناب اخوند کار مولانا ابو صالح محمد رضوان الکریم صاحب ہیں، جو عام طور پر ۲۱ دیدار بخش لین کلکتہ ۶ میں اپنے ماموں جناب قاضی نجیب الرحمٰن صاحب وکیل ہائی کورٹ کے ساتھ رہتے ہیں۔ بہار بیگم عرف سیدہ خاتون کی شادی فرفرا شریف میں اور تیسری صاحبزادی مزملہ بیگم کی شادی اکوٹی میں ہوئی ہے۔ چھوٹے صاحبزادے جناب اخوند کار ابو الخیر محمد فضل الکریم صاحب ہیں، جو بندپور میں رہتے ہیں۔

جناب مولانا غلام سلمانی صاحبؒ کے صاحبزادے مولانا ابو البرکات محی الدین صاحبؒ مدرسہ محسنیہ ہوگلی میں صدر مدرس تھے۔ آپ کی شادی فرفرا شریف سے ۸ میل اُتر موضع غازی پور میں جناب سید عبد المحیط صاحب مرحوم کی صاحبزادی بی بی آسیہ خاتون رح سے ہوئی تھی۔ ان سے دو صاحبزادے جناب ابو الفیض صمصام الدین صاحب اور ممتاز المحدثین جناب مولانا ابو الخیر حسام الدین

---

[1] خط جناب مولانا بشیر الدین صاحب ڈھاکہ ۱ موصولہ ۲ جولائی ۱۹۷۵ء

[2] بندپور۔ ڈاک خانہ اکوٹی۔ براہ موست (۷۱۲۷۰۱) ضلع ہوگلی۔

صاحب بی اے (آنرز) اور ایک صاحبزادی بی بی حلیمہ خاتون ہیں۔ بی بی آمنہ خاتون رح کے انتقال کے بعد مولانا ابو البرکات محی الدین صاحب رح کی دوسری شادی آپ کی اہلیہ مرحومہ کی بہن بی بی شریفہ خاتون سے ہوئی۔ ان سے پانچ صاحبزادیاں پیدا ہوئیں۔ ایک کا وصال ہوگیا ہے۔ باقی چار کی شادی ہوگئی ہے۔ بی بی حلیمہ خاتون کی عمر تقریباً چالیس سال ہے۔ اُن کی شادی اپنے پھوپھی زاد بھائی جناب قاضی نسیم الرحمٰن سے ہوئی۔ جو ان دنوں ڈھاکہ (بنگلہ دیش) میں قیام پذیر ہیں۔

جناب مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب رح کے پوتے ابو الفیض عصمصام الدین صاحب مدظلہٗ فُرفُرا شریف کے پرائمری اسکول میں مدرس ہیں۔ ان کے چار لڑکے اور دو لڑکیاں ہیں۔ حضرت رح کے دوسرے پوتے مولانا ابو الخیر حسام الدین صاحب مدظلہٗ نے مدرسہ عالیہ کلکتہ سے "ممتاز المحدثین" یعنی دورۂ حدیث شریف کی سند حاصل کی۔ پھر فلسفہ میں آنرز کے ساتھ بی اے کی ڈگری لی۔ اس وقت فُرفُرا شریف سے سات میل کے فاصلہ پر ایک ہائر سکنڈری اسکول میں کام کرتے ہیں۔ اور "انسانیت" نامی ایک ہفتہ وار بنگلہ رسالہ کے منتظم ہیں جو ۳۱ کولین اسٹریٹ کلکتہ ۱۶ سے شائع ہوتا ہے۔ جمعیۃ العلمائے ہند کے ایک سرکردہ رکن ہیں۔ نہایت اچھے خطیب اور فصیح البیان مقرر ہیں۔ پہلی اہلیہ سے آپ کے دو صاحبزادے ہیں۔ پہلی اہلیہ کے انتقال کے بعد مرحومہ کی بہن سے آپ کی دوسری شادی ہوئی[1]۔

---

[1] خط جناب مولانا عبد السلطان صاحب سابق مدرس مدرسہ فتحیہ فُرفُرا شریف ضلع ہوگلی۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۲ اگست ۱۹۷۴ء

Marfat.com

دیوان وسیع کے آخیر میں شمس العلماء حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب قدس سرّہٗ کے متعلق تین نظمیں شامل ہیں۔ دو نظمیں فارسی میں ہیں اور ایک اردو میں ہے۔ پہلی نظم آپ کے وصال کے متعلق ہے اور اسے آپ کے شاگرد اور مُرید فضلی تخلّص کے مکمسی صاحب نے لکھا ہے۔ اِس نظم میں کل اکیس ۲۱ اشعار ہیں اِس نظم کے کچھ اشعار نقل کئے جاتے ہیں۔

تاریخ وصال کرامت مآل غوث ربّانی قطب حقّانی استادنا وشیخنا مولانا صوفی غلام سلمانی العباسی النقشبندی المجدّدی رفع اللہ تعالیٰ فی مقام المقربین درجاتہ ونفعنا فی الدنیا والآخرۃ برکاتہٗ۔

حیف از عالم برفت آن عالمِ قدسی شیم — حیف از دنیا برفت آں اہلِ دیں را تاجدار
حیف آن خورشیدِ ملّت قد توارت بالحجاب — حیف آں نورِ الٰہی رفت از لیل و نہار
حیف آن کنزِ معارف شد نہاں زیرِ زمیں — حیف آں دولت برفت از دستِ اہلِ روزگار
حیف آن غوثِ زماں و رہنمائے اولیا — شد سوئے خلدِ بریں تشریف فرما باوقار
حیف روزِ روشنِ ما شد شبِ دیجور غم — چون شد آن مہرِ مبیں را ابر بر رُخ پردہ دار
روز دوشنبہ مبارک آنِ رجب خامس عشر — اتباعاً للرّسول المجتبیٰ خیر الخیار
درمیان وقتِ عصراں پیشوائے اہلِ عصر — شد مکیں در مقعدِ صدقِ جوارِ کردگار
بود آں وقتِ وصالِ عاشق و معشوق را — بود آن وقتِ نزولِ رحمتِ پروردگار
وہ کہ او خود شاد گشت و ما ز غم کاہیم آہ — او ز وصلِ یار و ما ز ہجرش بے قرار
طالبانِ حق ہمی گریند در ہر خانقاہ — از فوات پیر و مُرشد در ہمہ شہر و دیار

این زمان از رحلت شاں تیرہ شد قندیلہا
شد امام و مقتدی چون شمع سوزاں اشکبار

نے غلط کردم کہ جملہ ساکنانِ سلکنہ
بر مثالِ اہلِ ہگلی نوحہ گر بے اختیار

خاک پاک فرفرہ کاں مطلع خورشید بود
چوں شفق صد پارہ گشت ازیں خبر روزِ شمار

ماہ در روز و ساعت رحلت کہ شد مذکور پیش
تا بماند سالہا بر لوحِ ہستی یادگار

فضلیا چوں ذات پاکش افتخار اولیاست
"افتخار اولیا" شد سال وصلش آشکار

۱۳۳۰ھ

دوسری نظم بھی فارسی میں ہے۔ اسے حضرت رح کے انتقال سے ڈیڑھ ماہ قبل ۱۸ مئی ۱۹۱۲ء کو ضلع نواکھالی کے جناب محمد عبداللہ صاحب نے آپ کی مدح میں لکھا تھا۔ اس نظم میں کل بیس اشعار ہیں۔ چند اشعار نقل کئے جاتے ہیں۔

مرحبا اے شمس برجِ علم و عرفاں مرحبا
مرحبا اے مہر چرخِ سرّ یزداں مرحبا

مرحبا پشت و پناہِ دین احمدؐ مرحبا
مرحبا رونق فزائے باغِ عرفاں مرحبا

بود خلق اندر ظلام و رعد و برقِ گمرہی
ناگہاں شمسِ ہدایت گشت لمعاں مرحبا

بود ہر سو ظلمت ناکامی و حزنِ الم
شکر ایزد شمسِ رحمت تاباں مرحبا

مرحبا اے گمرہاں را چشم روشن کردہ
خاک پایت نور بہر چشم کوراں مرحبا

مرحبا صدر نشیں سرگروہ عالماں
ز التفات جہل ہر بو جہل پرّاں مرحبا

عزّ و فخرِ عالماں و کاملاں ذات کریم
گشتہ ساطع بر ہمہ چوں دورِ دوراں مرحبا

۱؎ دیوان وسیی۔ مطبوعہ کان پور ۱۹۳۵ء۔ صفحہ ۲۲۳-۲۲۵

Marfat.com

اے کہ تو شمس الامکانی نے کہ شمس آسماں — نور ذاتِ کبریا از تو نمایاں مرحبا
باسگان کوئے تو گر نسبتے دارد کسے — گوئے بردہ دو شرف از شیر شیراں مرحبا
یک نگاہت عالمے صد ملک ویراں آمدہ — ذکر تو تسکین دہ آشفتہ جاناں مرحبا
اے ز تو روشن شدہ آل دودہ عباسیاں — وز تو نازندہ است آن ارواح پیراں مرحبا
تا ابد ما نا دذاتِ مجمعِ فضل و کمال — مرکزِ الطافِ رحماں خلق گویاں مرحبا
عبد مسکیں را چہ یارا ثمرۂ از لطفہا
باز گوید جز کہ ہر دم مرحبا صد مرحبا[1]

تیسری نظم اُردو میں ہے اور اس میں کل پچپن ۵۵ اشعار ہیں۔ یہ نظم مولوی عبدالخالق صاحب نامی کسی مُرید عقیدت مند نے لکھا ہے۔ اس نظم کے بھی کچھ اشعار پیش کیے جاتے ہیں۔

جو وصفِ باطنی ہاں آپ کا ہے — علیم اُس سر کا جناب کبریا ہے
حقیقت معرفت کی سرزمیں میں — اُنہیں کا دیکھنا ڈنکا بجا ہے
ضمیر باصفا للّٰہ حاشا — عجب ایک قلزم سرِّ خدا ہے
تجلّائے رُخِ زیبا پہ اُن کے — چراغِ عرش کا دھوکا ہوا ہے
فریدالدّہر سب کہتے ہیں اُن کو — وحیدُالعصر بھی نام آپ کا ہے
مُفسّر اور محدّث دیکھ لینا — جہاں میں دوسرا کون آپ سا ہے
ہیں بستانِ فضائل کے گلِ تر — انہیں سے بوئے فطرت آشنا ہے

---

[1] دیوان دلبری۔ مطبوعہ کان پور ۱۹۳۵ء۔ صفحہ ۲۲۶ - ۲۲۷

Marfat.com

فرشتے آنکھیں ملتے ہیں اُسی جا — جہاں حضرت کا دیکھا نقشِ پا ہے
وہ حضرت کے سراپا سے ہویدا — طلالِ خاص لُطفِ کبریا ہے
جدھر تشریف فرما ہوں وہ حضرت — اُدھر جوشِ کرم کی اک ہوا ہے
یہ بندہ عبد خالق احقر الناس — جو حضرت نام لیوا آپ کا ہے
کرم فرمایئے لِلّٰہ اس پر — بہت نا چار حضرت یہ گدا ہے
رہیں یوم الحشر تک آپ قائم
جناب کبریا میں یہ دُعا ہے[1]

حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ کے تمام خلفاء اور مریدوں کے نام معلوم نہیں ہو سکے۔ حضرتؒ بیعت کے معاملہ میں سخت تھے اور ظاہرا پیری مُریدی کو پسند نہیں کرتے تھے۔ اس لئے مریدوں کی تعداد کم تھی۔ لیکن آپ کے مریدوں اور ملنے والوں کو آپ سے والہانہ عقیدت[2] تھی۔ آپ کے مریدوں میں حسب ذیل حضرات کے نام معلوم ہوئے ہیں:

۱۔ جناب خان بہادر ابوالخیر محمد صدیق صاحبؒ[3] سابق رجسٹرار اشورنس بنگال۔
۲۔ جناب نواب سراج الاسلام[4] صاحبؒ۔ برہم باریا۔ ضلع کوئلا (بنگلہ دیش)

---

[1] دیوان بیسی۔ مطبوعہ کان پور ۱۹۳۵ء۔ ص ۲۲۸-۲۳۰

[2] خط ممتاز المحدثین جناب مولانا زین العابدین صاحب اخگری "مدظلہ"۔ گارڈن ریچ کلکتہ مورخہ ۱۳ اگست ۱۹۷۴ء

[3] دیکھئے ص ۱۶۷-۱۶۸ اور ص ۲۶۸-۲۷۰ [4] دیکھئے ص ۱۰۹

۳ — جناب نواب سلطان عالم صاحب[1] رح ٹالی گنج ۔ کلکتہ

۴ — جناب خان بہادر امین الاسلام[2] صاحب رح ۔ انسپکٹر جنرل رجسٹریشن ۔ بنگال

۵ — جناب شاہ صوفی محمد عبداللہ[3] صاحب رح ۔ بسکوٹ ۔ نزد کریم گنج ضلع کچھار (آسام)

حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب رح کے خلیفہ قطب ارشاد غوث زماں حضرت سید عبدالباری شاہ رح کو جل شانہٗ نے اپنی بے پایاں نعمتوں اور گوناگوں رحمتوں سے نوازا ۔ اُن کے درجات اور اعزاز و افتخار کو اتنا بلند فرمایا کہ دور جدید کے صوفیائے کرام میں دنیائے طریقت کے اس آفتاب عالم تاب اور اس عاشق صادق کی مثال ملنا مشکل ہے : ؎

این سعادت بزور بازو نیست ۔ تانہ بخشد خدائے بخشندہ

قطب ارشاد حضرت سید عبدالباری شاہ رح کے مورث اعلیٰ حضرت سید محی الدین رح با حضرت سید موسیٰ رح ⟵ تیرہویں صدی عیسوی کے آخیر میں پٹھانوں کی فوج کے امام کی حیثیت سے بنگال تشریف لے گئے ۔ بنگال کی فتح کے بعد تقریباً ایک ہزار فوجی پٹھان بنگال کے سابق دارالحکومت تریبنی[1] (تری پانی شاہ پور) یا فیروز آباد اور ست گاؤں کے قریب بال گڑھ میں

---

[1] اور [2] دیکھئے ص ۱۷۹ [3] دیکھئے ص ۲۴۹-۵۰

[1] تریبنی ضلع ہوگلی میں بالن باریا شہر کا بالکل شمالی حصہ ۔ سروستی کھال کے جنوبی کنارے پر مسلمانوں کے دور کی چند عمارتیں ہیں ۔ ۷۱۳ھ = ۱۳۱۳ء کی مسجد ہے ۔ ظفر خان غازی کا مقبرہ ہے ۔ اُن کے بیٹوں کی قبریں ہیں ۔ ظفر خان غازی کا تعلق پانڈوا ضلع ہوگلی کے حضرت صفی الدین صاحب رح

[بقیہ حاشیہ ص ۳۰۳ پر]

میں آباد ہو گئے۔ حضرت سیّد صاحبؒ کے مورثِ اعلیٰ بھی یہیں بسے گئے اور اُن کا خاندانی سلسلہ بڑھتا رہا۔ حضرت سیّد عبد الباری شاہؒ کے دادا کا نام سیّد رمضان علیؒ تھا۔ جو علوم ظاہری اور باطنی کے ماہر تھے۔ اور غالباً درس و تدریس کا سلسلہ بھی تھا۔ اُن کے تین صاحبزادے سیّد اکبر علیؒ، سیّد شمشیر علیؒ اور سیّد احمد علیؒ تھے۔ اوّل الذکر دو نے لاولد انتقال کیا۔ چھوٹے بھائی سیّد احمد علیؒ کے دو لڑکے ہوئے۔ ایک کا بچپن میں انتقال ہو گیا۔ دوسرے سیّد عبد الباری شاہؒ تھے۔

حضرت سیّد عبد الباری شاہ ۱۲۷۶ھ = ۱۸۶۰ء کے قریب بال گڑھ[1] ضلع ہوگلی میں پیدا ہوئے۔ بچپن میں صحت اچھی نہ تھی۔ آپ کی والدہ محترمہ آپ کی صحت کی طرف سے فکرمند رہتی تھیں۔ لیکن آپ کے والد ماجد کو باطنی طور پر آپ کے اعلیٰ مدارج، شاندار اور روشن مستقبل کا اندازہ تھا۔ حضرت

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۰۲ کا]

سے ہے۔ ہوگلی گزیٹیر۔ ایس۔ ایس۔ او میلی سنہ ۱۹۱۲ء۔

[1] بال گڑھ، مغربی بنگال کے ضلع ہوگلی کے شمالی مشرقی گوشہ میں ہوگلی صدر سب ڈویژن کے ایک تھانہ کا صدر مقام ہے۔ یہ ۲۳ درجہ ۸ دقیقہ شمالی عرض البلد اور ۸۸ درجہ ۲۸ دقیقہ مشرقی طول البلد پر ہوگلی ندی کے دائیں کنارے پر واقع ہے۔ بہت پرانی جگہ ہے۔ ایسٹرن ریلوے کی بنڈیل بردھوان لوپ لائن یہاں سے گذرتی ہے اور اس لائن پر ہوڑہ سے ۶۵ کیلومیٹر اور بنڈیل جنکشن سے ۲۵ کیلومیٹر اُتر ایک ریلوے اسٹیشن بھی ہے۔ سنہ ۱۹۴۱ء میں بال گڑھ تھانہ کا رقبہ ۸۰ مربع میل اور آبادی ۲۹،۵۲۰ تھی جس میں ۶۴۴۶ مسلمان تھے۔ ہوگلی ضلع گزیٹیر ایس۔ ایس۔ او میلی سنہ ۱۹۱۲ء؛ مردم شماری ہند سنہ ۱۹۴۱ء بنگال آر۔ اے ڈوش سنہ ۱۹۴۲ء

Marfat.com

سیّد صاحبؒ کے والد سید احمد علی صاحبؒ علوم ظاہری و باطنی کے ساتھ فن کشتہ سازی میں بڑی مہارت رکھتے تھے۔ اپنے انتقال سے کچھ قبل اس فن کا سارا راز اپنے ایک مرید علی بخش کو بتا دیا۔ پھر علالت کا سلسلہ شروع ہوا ایک رات جب لوگ کھانا کھا چکے، تو آپ نے چادر اوڑھ لی۔ ایک بار کلمہ شریف پڑھا اور رحلت فرمایا۔ اس وقت حضرت سید عبدالباری شاہؒ کی عمر صرف چھ سال تھی۔ آپ کے والد محترم نے اپنی حیات میں اپنی اہلیہ سے فرمایا تھا کہ بالی گڑھ کے لوگوں کے اطوار خراب ہیں۔ یہاں عذاب الٰہی کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا بچے کو لے کر کہیں چلی جانا۔ چنانچہ حضرت کی اس ہدایت کے مطابق آپ کی والدہ آپ کو ساتھ لے کر ہوگلی کے محلہ بالی[1] میں منتقل ہو گئیں اور وہاں جرخہ کات کر نہایت صبر و شکر کے ساتھ زندگی کے دن گذارنے لگیں۔ والد بزرگوار کا سایہ سر سے اٹھ جانے کے باعث آپ کی کفالت کی ساری ذمہ داری آپ کی والدہ محترمہ پر آ پڑی تھی۔

---

[1] بنگلہ زبان میں بالو کو بالی کہتے ہیں۔ ندی کے کنارے جہاں بالو نکل آتا ہے اس مقام کو بالی کہتے ہیں۔ ہوگلی کے محلہ بالی کے علاوہ ضلع ہوگلی میں ایک دوسرا بالی آرام باغ سب ڈویژن کے گوگھاٹ تھانہ میں آرام باغ سے چھ میل کے فاصلہ پر دوارکیسور ندی کے دائیں کنارے پر واقع ہے۔ ضلع ہوڑہ کے مشہور ریلوے اسٹیشن، صنعتی مرکز اور تھانہ کے صدر مقام بالی سے فرق کرنے کے لئے ضلع ہوگلی کے بالی کو بالی دیوان گنج کہتے ہیں۔ ضلع ہوڑہ کا بالی اضلاع ہوگلی اور ہوڑہ کی سرحد پر ہوگلی ندی کے کنارے آباد ہے۔ اور ہوڑہ سے ۹ کیلو میٹر اُتر ہے ۱۹۴۱ء میں بالی شہر کی آبادی ۵۰٫۳۹۷ تھی جس میں مسلمان ۱۱٫۸۷۷ تھے۔ ہوگلی ضلع گزیٹیر ایس۔ ایس روملی ۱۹۱۲ء، ہوڑہ ضلع گزیٹیر ایس۔
(بقیہ حاشیہ ص ۳۰۵ پر)

Marfat.com

حضرت سید صاحبؒ بہت ہی حساس طبیعت تھے اتنی کم سنی میں بھی آپ کو اپنی والدہ کی مجبوریوں اور زحمتوں کا احساس تھا۔ آپ نے حصولِ معاش کے سلسلہ میں ماں کی مدد کے لئے اپنے ہم عمر بچوں کے ساتھ اینٹ ڈھونے کا کام شروع کیا۔ کئی روز کے بعد کام کے نگراں کو معلوم ہوا کہ آپؒ خاندان سادات سے ہیں۔ چنانچہ وہ بہت ہی ادب و احترام کے ساتھ پیش آیا اور اینٹ ڈھونے کے بجائے "کوڑی بانٹنے" کا ہلکا کام آپ کے سپرد کیا۔ چار دنوں کے بعد نگراں نے سید صاحبؒ کو ایک روپیہ دیا۔ آپ خوشی خوشی گھر آئے اور روپیہ والدہ محترمہ کی خدمت میں پیش کیا۔ والدہ محترمہ بہت خوش ہوئیں اور فرمانے لگیں "بیٹا! محنت عار کی چیز نہیں۔ کام سے عزت بڑھتی ہے۔ ہمیشہ اس کا خیال رکھنا" اس طرح سید صاحبؒ تقریباً دو سال ہوگلی میں رہے۔

سید صاحبؒ کے ایک خالہ زاد بھائی شہر ہوگلی سے چند میل دور قاضی ڈانگہ جہاں ان دنوں مشہور نہر ڈیل جنکشن واقع ہے اُس کے متصل نَل ڈانگہ میں رہتے تھے۔ وہ خود غریب آدمی تھے۔ لیکن ہوگلی جا کر حضرت سید صاحبؒ اور اپنی خالہ کو نَل ڈانگہ لے آئے اور رہنے کے لئے ایک چھپر دے دیا۔ سید صاحبؒ کو بنگلہ زبان کے ایک اسکول میں داخل کر دیا گیا۔ لیکن یہ پڑھائی آپ کو پسند نہیں آئی۔ پھر بیل چرانے پر مامور کیا گیا۔ لیکن قرآن شریف کی تعلیم کا شوق غالب تھا۔ اس لئے اس کام میں بھی جی نہ لگا۔ مرزا نیاز علی صاحب

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۰۴ کا) اسین اومیلی اور من موہن چکرورتی سنہ ۱۹۰۹ء مردم شماری ہند سنہ ۱۹۴۱ء بنگال۔ آر۔ لے ڈوش۔ سنہ ۱۹۴۳ء

Marfat.com

جو ہوگلی کے محلہ بالی میں رہتے تھے اُن سے قرآن شریف کی تعلیم حاصل کیا اور روزانہ نیلڑانگہ سے ہوگلی جاتے تھے۔

قرآن شریف کی تعلیم ختم کرنے کے بعد آپ نے پھر حصولِ معاش کی طرف توجہ کی حُسن اتفاق سے ریلوے کے دفتر میں دس روپیہ ماہانہ پر کلرک مقرر ہو گئے۔ اس زمانہ میں آپ کی شادی بھی ہو گئی۔ ریلوے کی ملازمت میں مشاہرہ کے علاوہ بالائی آمدنی بھی تھی۔ زندگی کی دشواریاں ختم ہو گئیں۔ احباب کا مجمع رہنے لگا۔ لیکن قدرت کو سیّد صاحبؒ سے کچھ اور کام لینا مقصود تھا۔ ایک روز والد بزرگوار کو خواب میں دیکھا فرما رہے تھے کہ میری اولاد ہو کر حرام کھاتے ہو۔ صبح ہوئی تو ملازمت سے دل اُچاٹ ہو گیا۔ اور استعفا دے دیا جسے ذمہ دار افسر نے تیرہ دنوں کی فرصت کے بعد بڑی مشکلوں سے منظور کیا۔

ملازمت سے استعفا کے بعد حضرت سیّد صاحبؒ پیچش کے سخت مرض میں مبتلا ہوئے اور لوگ آپ کی زندگی سے مایوس ہو گئے۔ ایک رات والد محترم کو خواب میں دیکھا۔ وہ میدان میں گئے۔ کہیں سے دودھ اور چاول لائے کھیر تیار کی اور آپ کو شکم سیر ہو کر کھلایا۔ آنکھ کھلی تو بھوک معلوم ہوئی۔ صبح چہرے پر بشاشت کے آثار ظاہر ہوئے۔ اس کے بعد بالکل تندرست ہو گئے محبّت الٰہی کا غلبہ شروع ہوا۔ بیٹھے بیٹھے پھوٹ پھوٹ کر رونے لگتے تھے۔ جنگل میں جا کر تنہائی میں روتے تھے۔ مُرشد کی تلاش میں اپنے اُستاد مرزا نثار علی صاحب مرحوم

Marfat.com

سے ملے۔ وہ آپ کے شوق کو دیکھ کر قریب کے گاؤں میں اپنے پیر شاہ نجیب الاسلام کے یہاں لے گئے اور حضرت سیّد صاحب، جناب شاہ صاحب سے مرید ہو گئے لیکن جب شاہ صاحب کے مریدوں نے کہا کہ اب تو آپ مُرید ہو گئے، آپ کو نماز، روزہ کی ضرورت نہیں، تو سیّد صاحبؒ کو افسوس ہوا۔ گھر چلے آئے اور ایسی پیری مریدی سے توبہ کیا۔ آپ کو ایسے مرد حق آگاہ کی تلاش تھی، جو تمام حجابات کو اُٹھا دے اور آپ کے لئے مشاہدۂ حقیقت کو آسان کر دے۔

حسن اتّفاق سے اسی زمانے میں کوہنڈہ[1] ضلع اعظم گڑھ (اُتر پردیش) کے حضرت کریم بخش علوی[2]ؒ جو سروے میں انسپکٹر تھے اور جن کو سلسلہ عالیہ چشتیہ

---

[1] کوہنڈہ، ڈاک خانہ کوہنڈہ۔ بلاک اور تھانہ پوائی تحصیل پھول پور ضلع اعظم گڑھ ۲۶ درجہ ۷ دقیقہ شمالی عرض البلد اور ۸۲ درجہ ۴۳ دقیقہ مشرقی طول البلد پر شاہ گنج جنکشن ضلع جون پور سے پانچ میل اُتر پورب واقع ہے۔ تاریخ ایسٹرن ریلوے کا خان جہاں لائٹ تین میل دکھن ہے۔ یہاں بھر لوگوں کا قلعہ تھا جسے مسلمانوں نے فتح کیا۔ کوہنڈہ کے سات ٹولے ہیں۔ گیارہ مسجدیں ہیں۔ مدرسہ دینیات بڑے کوہنڈہ کے پچھم میں ہے۔ یہاں حضرت مسکین شاہؒ کے خلیفہ حضرت شیخ نجابت علی شاہؒ اور اُن کے خلیفہ حضرت کریم بخش علویؒ کے مزارات ہیں۔ کوہنڈہ اعظم گڑھ سے ۲۸ میل پچھم ہے۔

[2] حضرت کریم بخش علویؒ کا ۱۳۳۴ھ = ۱۹۱۵-۱۶ء میں انتقال ہوا۔ اجازت و خلافت آپ کو حضرت مولانا مسکین شاہؒ جے پوری کے خلیفہ (بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۰۸ پر)

Marfat.com

میں اجازت و خلافت حاصل تھی۔ وہ کلکتہ سروے آفس میں حاضری دینے جاتے تھے۔ حضرت سید صاحبؒ کے اُستاد مرزا نیاز علی صاحب مرحوم کو حضرت علویؒ کی آمد کا حال معلوم ہوا، تو اُن کو خوشی ہوئی اور اُنہوں نے سید صاحبؒ کو بلوایا۔ وہ حضرت علویؒ سے ملے اور گذارش کی کہ اللہ اللہ کرنے کا طریقہ بتا دیجئے۔ حکم ہوا کہ دستور کے مطابق پہلے مرید ہونا ضروری ہے۔ لیکن سید صاحب مرید ہونے کے لئے راضی نہ ہوئے۔ حضرت علویؒ نے طلب صادق دیکھ کر آپ کو سلسلہ عالیہ چشتیہ کے پاس انفاس کا طریقہ بتا دیا۔ سید صاحبؒ گھر لوٹ آئے۔ گھر آتے آتے آپ کا قلب ذاکر ہو گیا۔ آپ کو بڑی مسرت ہوئی۔ رات بھر جگے رہے۔ صبح نلہاٹی سے ہوگلی جا کر حضرت علویؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت کو اپنے گھر لائے۔ خود شرف بیعت سے مشرف ہوئے اور اپنے دو تین آدمیوں کو مرید کرایا۔ پھر حضرتؒ نے آپ کو سلسلہ عالیہ چشتیہ کے ذکر اور مراقبہ کا طریقہ بتایا۔

حضرت سید صاحبؒ پر پیر و مرشد کی تعلیم کا ایسا گہرا اثر ہوا اور اُن کو ذکر و فکر سے ایسی لذّت و حلاوت ملنے لگی کہ ہر قسم کی دنیاوی مشغولیت ختم ہو گئی۔ عزیز و اقارب نے سمجھایا۔ مرزا نیاز علی صاحب نے ذمّہ داریوں کا احساس دلایا لیکن اِن باتوں کا کچھ اثر نہ ہوا اور آپ اپنے کاموں میں مشغول رہے۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۰۷ کا]

حضرت شیخ نجابت علی شاہؒ سے حاصل تھی۔ حضرت کریم بخش علویؒ۔ حضرت سید عبدالباری شاہؒ کے پہلے پیر و مرشد اور اُن کے نامور خلیفہ حضرت حافظ حامد حسن صاحب علویؒ (متوفی ۳۰ ستمبر ۱۹۵۹ء) کے والد محترم تھے۔

ایک دن حضرت سیّد صاحبؒ اللہ اللہ کرنے میں مشغول تھے کہ آپ پر رحمتوں کی بارش ہوئی اور یکایک سُلطان العارفین حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ تشریف لائے آپ کا ہاتھ پکڑا اور ایک وسیع میدان میں پہاڑ کے کنارے لے گئے، جہاں ایک فقیر نفی اثبات کے ذکر میں مشغول تھے۔ ذاکر فقیر کا یہ حال تھا کہ جب لا الٰہ کہتے تو گویا پہاڑ بیچ سے پھٹ جاتا اور جب اِلّا اللہ کہتے تو پہاڑ اپنی حالت پر آجاتا تھا۔ حضرت خواجہ صاحبؒ نے فرمایا کہ ذکر اس طرح کیا جاتا ہے پھر دونوں حضرات اپنے مقام پر واپس آئے۔ حضرت سیّد صاحبؒ نے حضرت غریب نوازؒ کے صحبت میں سلوک کی منزلیں طے کرنا شروع کیں۔ جہاں کہیں سخت منزلیں آتیں اور سیّد صاحب کے وجود میں بلند ہونے کی طاقت نہ ہوتی، تو حضرت سلطان العارفین خواجہ غریب نوازؒ اپنے وجود خاص کے ربط سے سیّد صاحب کو بلند فرماتے تھے۔ اِس طرح حضرت خواجہ صاحبؒ نے اپنے فیوض باطنی سے آپؒ کو منزل مقصود پر پہنچا دیا۔

اِس کے بعد ابتلا اور آزمائش کا دَور شروع ہوا۔ برسات کا زمانہ اور رمضان شریف کا مہینہ تھا۔ پاس میں صرف ایک پیسہ تھا۔ چند روز چنے پر گذارہ ہوا۔ پھر دو دن فاقے سے گذرے۔ افطار و سحر پانی کے گھونٹوں سے ہوتا رہا۔ اِس صبر آزما منزل میں بی بی صاحبہؒ نے ہر طرح آپ کا ساتھ دیا۔ ہانڈی میں پانی رکھ کر آگ پر رکھ دیتیں کہ محلہ والوں کو آپ کے فاقہ کی خبر نہ ہو۔ اِس حال میں سیّد صاحبؒ کے ذکر و فکر میں اور زیادہ انہماک ہوا۔ چھپر بوسیدہ ہونے کے باعث چھلنی کی طرح بارش کے قطرے ٹپکنے لگے لیکن اس عاشق صادق

Marfat.com

نے ایسے حال میں بھی اپنا کام جاری رکھا۔

اس بے سروسامانی کے حال میں ایک روز جب سیّد صاحبؒ اللہ اللہ کرنے میں مشغول تھے کہ حضرت غوث الاعظم شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ اور امیرالمومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ زرق برق لباس میں ملبوس شاہانہ جاہ و جلال کے ساتھ برہنہ تلواریں ہاتھ میں لئے تشریف لائے۔ ایک نے حضرت سیّد صاحبؒ کا دایاں ہاتھ اور دوسرے نے بایاں ہاتھ پکڑا اور ایک بلند مقام پر کھڑا کر کے فرمایا "عبدالباری آج سے تم ولی ہو گئے" کیفیت زائل ہونے کے بعد آپ اپنے کام میں مشغول ہی تھے کہ ایک شخص آیا اور عرض کیا کہ میر صاحب آپ کا چھوٹا بہت بیمار ہو گیا ہے اجازت دیجئے کہ مرمّت کرا دوں۔ دوسرے صاحب آئے اور کہنے لگے کہ یہ دو روپے آپ کے لئے نذر ہیں۔ دورا ابتلا ختم ہوئے۔ اس کے بعد گرچہ مہینے میں دو چار فاقے ہو ہی جاتے تھے لیکن مسلسل فاقوں کی نوبت نہیں آئی۔

اس کے بعد حُسن اتفاق سے آپ کی ملاقات حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحبؒ ولیسیؒ کے نامور خلیفہ اور اس زمانہ کے مشہور بزرگ حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ سے ہوئی، جو سلسلہ عالیہ مجددیہ سے وابستہ تھے۔ حضرت مولانا موصوفؒ کی نگاہ جب سیّد صاحبؒ پر پڑی، تو آپ نے اپنی فراست سے ان کا حال معلوم کر لیا اور ان کے ذوق و شوق کا اندازہ لگا کر فرمانے لگے کہ آپ اللہ اللہ کرتے ہیں ایسے ہم بھی کچھ بتا دیں۔ حضرت سیّد عبدالباری شاہؒ نے خیال کیا کہ میرے تو سلوک ختم ہو چکے

Marfat.com

ہیں۔ اب آپ کیا بتائیں گے۔ لیکن ادب کے خیال سے خاموش رہے۔ صرف نماز میں وسوسہ کی شکایت کی۔ عصر کا وقت قریب تھا۔ حضرت مولانا رحؒ نے فرمایا "وضو کیجیے" اور اپنی امامت میں سیّد صاحبؒ کو عصر کی نماز پڑھائی۔ وسوسہ کا آنا ختم ہو گیا۔

اس کے بعد حضرت سیّد صاحبؒ کو حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ کی بزرگی کا خیال ہوا اور تعلیم کے لئے آپ کی خدمت میں جانے لگے۔ لطائف عشرہ تک کی تعلیم کے بعد آپ بیعت کی غرض سے حاضر ہوئے۔ لیکن چونکہ حضرت مولانا موصوفؒ کو ظاہرا پیری مریدی سے دلچسپی نہ تھی۔ اس لئے آپ نے سیّد صاحبؒ کی آمد کو پسند نہیں فرمایا اور فرمانے لگے جایئے۔ اللہ اللہ کیجئے۔

حضرت سیّد صاحبؒ بہت ہی مغموم گھر واپس آئے اور ابھی وضو کر کے حجرہ میں بیٹھے ہی تھے کہ حضرت امام ربّانی مجدّد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندیؒ تشریف لائے۔ حالات معلوم کرنے کے بعد فرمایا گھبرایئے نہیں، اب جایئے مرید کر لیں گے۔ چنانچہ حضرت سیّد صاحبؒ فوراً حضرت مولاناؒ کی خدمت میں روانہ ہوئے۔ حضرت موصوفؒ نے حسب سابق خفگی کا اظہار کیا لیکن حضرت مجدّد صاحبؒ کی تشریف آوری کا حال معلوم کرنے کے بعد فوراً سیّد صاحبؒ کو بیعت سے مشرف فرمایا۔ اس طرح سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجدّدیہ کی باضابطہ تعلیم شروع ہوئی۔ باطنی طور پر خود حضرت امام ربّانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندیؒ آپ کو تعلیم دیتے رہے۔

Marfat.com

سلسلہ عالیہ مجددیہ کی تعلیم کے زمانہ میں مقام نفس کے دوائر کی توجہ کے بعد حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ نے فرمایا کہ یہاں کسب کو دخل نہیں، کامیابی کا دارومدار محض عنایت خداوندی پر ہے۔ سید صاحبؒ کو اپنی محنت کا خیال تھا۔ لیکن یہ سُن کر یاس کے آثار ظاہر ہوئے۔ حسب معمول نماز مغرب کے بعد جب مراقب ہوئے، تو اپنے کو ایک وسیع میدان میں پایا، جہاں پر ایک مزار تھا۔ صاحب مزار نے ایسی موثر توجہ دی کہ آپ دھڑام سے پیچھے گر پڑے اور مقام صاف ہوگیا۔ وہ مزار کسی پیغمبر کا تھا۔ پھر اللہ جلّ شانہٗ کی عنایات سے آپؒ سلوک کے مشکل سے مشکل مقامات طے کرتے گئے اور اعلیٰ سے اعلیٰ مدارج حاصل ہوتے گئے۔

بظاہر آپ کی تعلیم حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ کے ذریعہ ہوتی رہی۔ لیکن ائمہ سلاسل کے بعد دیگرے اویسی طریقہ پر آپ کو اپنے اپنے سلسلہ کی تعلیم دیتے گئے اور خلافت سے سرفراز کرتے گئے۔ ایک بار آپ کسی شخص کے یہاں مہمان تھے اور تنہا ایک حجرہ میں مقیم یاد الٰہی میں مشغول تھے کہ غوث الاعظم حضرت سیدنا عبدالقادر جیلانیؒ تشریف لائے اور توجہ دینی شروع کی خلافت سے سرفراز فرمایا اور اپنے سلسلہ میں بیعت کی اجازت مرحمت فرمائی۔ اسی طرح دوسرے ائمہ سلاسل حضرت شیخ ابوالحسن شاذلیؒ اور حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ نے بھی اپنے اپنے سلسلہ کی اجازت اور خلافت بخشی۔ مقام ولایت میں کئی بار حرم کدہ نبویؐ میں آپ نے حضرت خواجہ اویس قرنیؓ کو

Marfat.com

کمیل پر جلوہ افروز دیکھا۔ ایک دن حضرت خواجہ اویس قرنی رضؓ نے آپ کو اپنے پاس بلا یا۔ مقام فنا کی توجہ دی اور اپنے سلسلہ میں بیعت کرنے کی اجازت دی۔ اِس طرح حضرت سیّد عبد الباری شاہ رحؒ کو سلسلہ چشتیہ، قادریہ، نقشبندیہ، مجدّدیہ، شاذلیہ، قرنیہ اور سلسلۃ الذّہب میں بیعت کرنے اور تعلیم دینے کی اجازت ملی اور باطنی طور پر مختلف خدمات سپرد ہونے لگیں۔

کلکتہ سے دکھن ضلع چوبیس پرگنہ کے شہر ڈائمنڈ ہاربر میں ایک ہندوستانی ضعیفہ رہتی تھیں۔ وہ مجذوبہ تھیں اور دنیا کے چالیس ابدالوں میں سے تھیں سیّد صاحب رحؒ کبھی کبھی اُن سے ملنے جایا کرتے تھے۔ ان کی حضرت سیّد صاحب رحؒ پر بڑی نظر عنایت تھی۔ مجذوبہ کے انتقال کے بعد پہلی خدمت آپ رحؒ کو ان کی جگہ ملی۔ اس کے بعد اس زمانہ کے قطب مدار شیخ ابوالحسن رحؒ نے جو ظاہری طور پر مکّہ معظّمہ میں مقیم تھے۔ آپ کی تعلیم کی طرف توجہ کی۔ کبھی وہ ہوگلی تشریف لاتے اور کبھی سیّد صاحب رحؒ مکہ معظمہ جاتے۔ حضرت شیخ ابوالحسن رحؒ کے وصال کے بعد قطب مدار کے انتخاب کے سلسلہ میں خانہ کعبہ کے قُرب وجوار میں اکابر اُمّت کا روحانی اجتماع ہوا۔ بڑی بڑی ہستیاں موجود تھیں اور اس عہدۂ جلیلہ کے لئے بہت لوگ امیدوار تھے۔ حضرت سیّد صاحب رحؒ اپنے کو سب سے نااہل اور کمتر سمجھتے ہوئے سب سے پیچھے کھڑے تھے۔ لیکن آپ ہی کا نام پکارا گیا اور آپ ہی کے سر پہ تاج زمرّدیں رکھا گیا۔ خانہ کعبہ کا محافظ مقرر کیا گیا۔ اس کے بعد آپ قطب مدار کے فرائض انجام دیتے رہے۔

Marfat.com

الٰہی از برائے مہبط انوارِ رحمانی — امامِ دورۂ رابع عشر مقبولِ ربّانی
جنابِ عبدِ باری دودمانِ شاہِ گیلانی — تعالی اللہ چہ می زیبد فرقش تاجِ سلطانی
کہ مورِ درگہش را می سزد نازِ سلیمانی

قطب ارشاد حضرت سیّد عبد الباری شاہ رح کی باضابطہ تعلیم طریقت کا آغاز حضرت کریم بخش علوی رح سے ہوا تھا۔ لیکن تقریباً دس سال تک دونوں کی ملاقات نہ ہو سکی۔ دس برس کے بعد حضرت کریم بخش علوی رح کا پھر ہوگلی اور کلکتہ کی طرف جانے کا اتفاق ہوا۔ آپ کو حضرت سیّد صاحب رح کی ملاقات، ذوق و شوق، تعلیم اور شرف بیعت کا واقعہ یاد آیا۔ دوبارہ ملاقات ہوئی۔ حضرت سید صاحب رح نے اپنے کچھ حالات آپ سے بیان فرمائے۔ آپ اپنے اس لائق و فائق اور عظیم المرتبت مرید کو کبریت احمر سمجھ کر اپنے ساتھ کوہنڈہ ضلع اعظم گڑھ لے آئے اور اپنے صاحبزادہ جناب حافظ حامد حسن صاحب علوی رح کو تعلیم طریقت کے لئے آپ کے حوالہ کر دیا۔ جناب سیّد صاحب رح نے اپنے مرشد زادہ کو اپنی معیّت اور ارادت کا شرف بخشا اور اپنے انعامات سے مالا مال کر دیا۔ آپ کی تعلیمات اور آپ کے فیوض و برکات سے الحاج جناب حافظ حامد حسن صاحب علوی رح اپنے وقت کے عارف کامل اور بلند پایہ شیخ طریقت ہوئے اور آپ کے ذریعہ احیائے دین کی تحریک اور تعلیم طریقت کو بڑی تقویت اور ترقی نصیب ہوئی۔

الٰہۃ العالمین بہرِ غبارِ خاکِ اقدامش — کہ بردارند قدسی و ملائک نازِ خدامش
زمین و آسماں بر خویشتن نازاں و ایامش — کمالش بیکراں و حافظ حامد حسن نامش

Marfat.com

شہہ مَن مُرشدِ من ہادی ومحبوب سبحانی

اس طرح کوہنڈہ میں حضرت سید عبدالباری شاہؒ کی آمدورفت کا سلسلہ شروع ہوا۔ آپ تشریف لاتے اور کافی عرصہ تک قیام فرماتے۔ کوہنڈہ میں حضرت حافظ حامد حسن صاحب علویؒ کے علاوہ کچھ اور لوگ بھی آپ کے حلقہ ارادت میں داخل ہوئے یہاں حضرت حافظ حامد حسن صاحب علویؒ کی اہلیہ محترمہؒ ہمشیرہ[1] مکرمہؒ اور آپ کے دوست جناب مولوی عبدالصمد صاحبؒ آپ کے خاندان کے لوگوں میں عبدالواحد مرحوم، اور کوہنڈہ کے قریب نبر حد[2] کے حاجی سلیم اللہ صاحب مرحوم اور

---

[1] حضرت بی بی عائشہ خاتونؒ آپ حضرت حافظ حامد حسنؒ سے بڑی تھیں۔ آپ کی شادی منگرانواں سے دو میل اتر گنگا گودام پور میں جناب عبدالغفار صاحب قریشی سے ہوئی تھی۔ آپ کے چار صاحبزادے اور ایک صاحبزادی ہیں۔ جناب عبدالجبار صاحب بنارس میں وکالت کرتے ہیں۔ حافظ اخلاق احمد صاحب اور عبدالسلام صاحب گنگا گودام پور میں رہتے ہیں اور جناب التفات احمد صاحب ٹامسن کالج گونڈہ میں لکچرر ہیں۔ صاحبزادی کی شادی ہوآرا تھانہ دیوار گنج میں ہوئی ہے۔

[2] سرحد ضلع جون پور کے حدود میں اعظم گڑھ کی سرحد پر شاہ گنج سے دو میل دکھن ایک بڑی بستی ہے یہ جون پور سے ۱۹½ میل اتر اور کوہنڈہ ضلع اعظم گڑھ سے ۶½ میل دکھن پچھم ہے۔ یہاں کا خربوزہ اپنی لطافت اور مٹھاس کے لئے مشہور ہے۔ محمد شاہ بادشاہ کے زمانہ میں یہاں نور محمد صاحبؒ بڑے عالم اور پریم مارگی شاعر گذرے ہیں۔ فارسی غزلوں کا ایک دیوان روضۃ الحکایات، پریم مارگی شاعری میں اندر اولی اور ایک اور کتاب (بقیہ حاشیہ ص ۳۱۶ پر)

الٰہی بخش صاحب مرحوم اور جلال پور[1] ضلع فیض آباد کے جھناؤں مرحوم (نابینا) اور وزیر مرحوم شرف بیعت سے مشرّف ہوئے۔

جھناؤں مرحوم (نابینا) اور وزیر مرحوم دونوں بیعت کے لئے فیض آباد میں شاہ نیاز احمد صاحب جائسیؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔ آپ نے اپنے کشف کے ذریعہ ان دونوں کو کوہنڈہ میں حضرت سیّد صاحبؒ کی آمد کی اطلاع دی تھی۔ چنانچہ حضرت سیّد صاحبؒ کی تشریف آوری سے قبل ہی یہ دونوں آپ کی متوقع آمد کے انتظار میں کوہنڈہ آیا کرتے تھے اور جب حضرت سیّد صاحبؒ تشریف لائے، تو یہ دونوں حلقہ بگوش ہوئے ان دونوں مریدوں کی خصوصیت یہ ہے کہ دونوں ساتھ مرید ہوئے۔ ہمیشہ ساتھ رہے۔ ساتھ ہی دونوں کا جنازہ اٹھا اور ساتھ ہی دفن ہوئے۔

[بقیہ حاشیہ صـ ۳۱۵ کا]

انوراگ بانسری اُن کی یادگار ہے۔ اندراونی میں کالنجر کے راج کمار اور اگم پوری کی راج کماری کی داستان عشق ہے۔ یہ ملک محمد صاحب جائسیؒ (متوفی ۱۵۴۲ء) کی کتاب پدماوت کی طرح رمزیہ شاعری کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ انوراگ بانسری کی زبان سنسکرت آمیز ہے۔ ہندی ادب کی تاریخ ڈاکٹر محمد حسن صـ ۹۲

---

[1] قصبہ جلال پور، پرگنہ سُرہر پور، تحصیل اکبر پور، ضلع فیض آباد (اُتر پردیش) ٹونس ندی کے دائیں کنارے پر ۲۶ درجہ ۱۸ دقیقہ شمالی عرض البلد اور ۸۲ درجہ ۴۴ دقیقہ مشرقی طول البلد پر اکبر پور سے ۱۴ میل اور فیض آباد سے ۵۰ میل پورب واقع ہے (بقیہ حاشیہ صـ ۳۱۷ پر)

حضرت سیّد صاحب قدس سرّہٗ کے متوسّلین میں کوسنڈہ کے جناب مولانا عبدالصمد صاحب لکھنؤ میں ملازم تھے۔ اِس لئے آپ کو لکھنؤ بھی جانے کا اتّفاق ہوا۔ پروفیسر نواب علی صاحب نے اپنی کتاب "ہندِ جدید کا صوفی" میں مولوی عبدالاحد صاحبؒ کے حالات کے ضمن میں آپ کے کسمنڈی[1] جانے کا بھی ذکر کیا ہے[2]۔ قیام لکھنؤ کے دوران ایک دن لوگوں نے آپ سے لکھنؤ کے قطب کے بارے میں دریافت کیا۔ آپ نے قدرے غور کے بعد نعیم اللہ نام بتلایا۔ لوگ سمجھ گئے کہ یہ مولوی محمد نعیم صاحب فرنگی محلیؒ ہیں۔ آپ نے اُن سے مِلنے کی خواہش ظاہر کی

[بقیہ صـ ۳۱۶ کا]

نحوی عالی پور بستی کے رقبہ میں شہنشاہ جلال الدین محمد اکبر کے نام پر آباد ہے۔ یہاں دو پرانی مسجدیں اور ایک ویران قلعہ ہے۔ بنارس سے فیض آباد ہو کر لکھنؤ جانے والی ریلوے لائن پر معالی پور اسٹیشن یہاں سے سات میل دکھن پچھم اور کچھوچھہ شریف دس میل اتر ہے۔ کاروباری جگہ اور ترقی پذیر شہر ہے۔ کپڑے کی صنعت کا بڑا مرکز ہے۔ یہاں کی آبادی میں آدھے مسلمان ہیں اور کپڑے کی صنعت کی وجہ سے کافی خوش حال ہیں۔ جلال پور اور کچھوچھہ شریف کے مابین ٹھوش پور ہے۔ یہاں گیارہویں شریف میں بڑا میلہ لگتا ہے۔ فیض آباد ضلع گزیٹیر آف۔ آر۔ نیویل الہ آباد ۱۹۰۵ء صـ ۲۲۹۔

---

[1] کسمنڈی اتر پردیش کے ضلع لکھنؤ میں تحصیل کے صدر مقام ملیح آباد سے چار میل اتر پورب اور شہر لکھنؤ سے تقریباً ۱۲ میل اتر پچھم کی طرف اودھ کا ایک مشہور قصبہ ہے اس کو کسمنڈی کلاں کہتے ہیں۔ اس کے چند میل اتر پچھم اس سے چھوٹا گاؤں کسمنڈی خرد ہے۔ [2] سوانح حیات سید عبدالباری شاہ۔۔۔

Marfat.com

لیکن چونکہ حضرت سیّد صاحب نے ظاہری طور پر کتب درسیہ نہیں پڑھی تھیں اس لئے لوگوں نے مولوی محمد نعیم صاحبؒ جیسے زبردست عالم دین سے آپ کو ملانے میں جھجک محسوس کی۔ لیکن ایک روز آپ خود اُٹھے اور مولوی صاحبؒ سے ملنے روانہ ہو گئے اور ٹھیک حضرت مولوی صاحبؒ کے کوٹھے کے نیچے جا کر کھڑے ہو گئے پھر کوٹھے پر جا کر ملاقات کی۔ مولوی صاحبؒ لیٹے تھے۔ بیٹھ گئے اور غور کرنے کے بعد حضرت سید صاحبؒ سے دریافت فرمایا کہ آپ سیّد ہیں۔ سیّد صاحبؒ نے فرمایا۔ جی ہاں۔ پھر دریافت فرمایا کہ آپ پیری مریدی کرتے ہیں۔ حضرت سیّد صاحب نے فرمایا۔ پیری مریدی آپ لوگوں کا کام ہے۔ خدا کے طالبوں کو خدا کے پاس پہنچانا میرا کام ہے۔ مولوی صاحب نے فرمایا آپ سے ملنا چاہتا ہوں۔ اس پر سیّد صاحب نے فرمایا کہ اگر ضرورت ہو تو مجھے بلا لیجئے گا۔

اس زمانہ میں ایک بار حضرت حافظ حامد حسن صاحب علویؒ کے ساتھ اجودھیا[1] جانے کا اتفاق ہوا۔ آپ ایک مزار پر جو اجودھیا میں مشہور ہے تشریف

[بقیہ ص ۳۱۷ کا]

مرتبہ مرشدنا حضرت مولانا محمد سعید خاں صاحب قبلہ ادام اللہ فیوضہ۔ دہلی ۱۹۵۴ء ص ۵۲

[1] اجودھیا۔ پرگنہ حویلی اودھ۔ ضلع فیض آباد (اتر پردیش) شہر فیض آباد سے چار میل اتر پورب دریائے گھاگرا کے جنوبی کنارے پر ۲۶ درجہ ۴۸ دقیقہ شمالی عرض البلد اور ۸۲ درجہ ۱۳ دقیقہ مشرقی طول البلد پر واقع ہے۔ بہت ہی پرانا شہر اور اہم تاریخی اور مذہبی مقام ہے۔ ہندو اسے وشنو جی کی پیشانی سمجھتے ہیں اور اپنے سات تیرتھوں میں (بقیہ حاشیہ ص ۳۱۹ پر)

Marfat.com

لے گئے اور خلاف معمول وہاں تقریباً پندرہ بیس منٹ تک بیٹھے۔ جب حضرت حافظ حامد حسن صاحب علویؒ نے آپ سے صاحب مزار کی شان دریافت فرمائی تو آپ نے فرمایا کہ اولیائے اُمّت میں جس کی پرواز عالم قُدس میں ہے کوئی ایسا نہیں جس کو ایک نگاہ سے دیکھ نہ لوں۔ مگر ان صاحب مزار کی طرف ہمت نہ ہوئی۔ دو چار روز رہتا تو ربط خاص کے بعد ہمت سوال کی ہوتی۔ اندازہ ہے کہ کسی نبی کا مزار ہے۔ اس لئے مجھے طاقت دیکھنے کی نہ ہوئی۔ اس کے بعد فرمایا کہ بڑے سے بڑے باکمال ولی کی نسبت انبیاء میں سب سے کم درجہ کے نبی کے ساتھ وہی ہے، جو ایک شیر خوار بچہ کو عالم متبحر سے

اس کے بعد اجودھیا میں امیقماں کے مصنف حضرت علاء الدین ماہر درجہ کے مزار پر بھی مراقب ہوئے۔ گرمی کا زمانہ تھا لُو چل رہی تھی۔ حضرت سید صاحبؒ نے چند بار اسماء رحمت کی تکرار فرمائی اور اسٹیشن روانہ ہو گئے۔ یکّے پر راستہ میں ایسی سردی کی کیفیت طاری ہوئی کہ حضرت

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۱۸ کا]

سے ایک تیرتھ۔ یہاں ہندوؤں کے مذہبی پیشوا اور اوتار شری رام کی جائے پیدائش ہے۔ مسلمان مورخین اسے شہر اودھ لکھتے ہیں۔ یہاں تھانہ کے سامنے جو لوگزی قبر ہے اس کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ یہ حام بن نوح علیہ السلام یا ہند بن حام بن نوح علیہ السلام کی قبر ہے۔ اور یا جھاڑ اور پنیا جھاڑ مٹی کی دو چھوٹی پہاڑیوں کے درمیان حضرت شیث علیہ السلام اور حضرت ایوب علیہ السلام کے مزارات ہیں۔ بادشاہ (بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۲۰ پر)

Marfat.com

حافظ حامد حسن صاحب علوی رح کے دانت بجنے لگے۔ عرض حال کے بعد سید صاحب رح نے فرمایا کہ اثر رحمت یہی ہے۔

حضرت سید عبدالباری شاہ رح کے کوئی اولاد ظاہری نہ تھی ایک بار لوگوں نے بہت اصرار کے بعد دعا کے لئے آمادہ کیا۔ حضرت سید صاحب رح نے دعا فرمائی، بعد میں فرمایا کہ اولاد باطنی انشاء اللہ بہت ہوگی۔

حضرت سید صاحب رح نے تقریباً چالیس سال کی عمر میں ۶ رمضان المبارک سنہ ۱۳۱۸ھ، سنیچر ۲۹ دسمبر سنہ ۱۹۰۰ء کو ملڑا انگا (بنڈیل شریف ضلع ہوگلی) میں انتقال کیا۔ مزار مبارک آپ کا آپ کے خالو نواب جان صاحب مرحوم کے

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۱۹ کا]

سکندر لودی نے حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند رح کے بھانجے حضرت جلال الدین رح کی ترغیب سے دونوں مزارات کو پختہ بنوایا اور احاطہ تعمیر کرایا۔ کچھ ہی دور پچھم دوسرے احاطہ میں حضرت جلال الدین رح کا مزار ہے۔ محلہ چراغ دہلی میں حضرت شیخ صدرالدین حکیم دہلوی رح کے خلیفہ حضرت شیخ فتح اللہ اودھی رح (متوفی سنہ ۱۴۱۸ء) ان کے بیٹے حضرت شاہ قاسم رح اور ان کے صاحبزادے حضرت درویش محمد رح (متوفی سنہ ۱۴۹۰ء) کے مزارات ہیں۔ تالاب اسٹوا کے کنارے بلندی پر حضرت مخدوم سید اشرف جہانگیر سمنانی رح کے خلیفہ حضرت شمس الدین فریادرس رح کا مزار ہے خرد مکہ میں حضرت میر احمد نور آسنی خرد مکہ رح عرف سید احمد ماہ لرد اور سید علاء الدین خراسانی رح مصنف مقیمات کے مزارات ہیں۔ سوار گدر کے پاس مراد ٹولہ میں ایک ٹیلہ پر حضرت شاہ جوان غوری رح کا اور قلعہ رام کوٹ کی فصیل پر مہلہ بابری کے خواجہ سمٹی رح کا مزار ہے۔ جنم استھان مندر اور (بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۲۱ پر)

Marfat.com



۱۶۔ مزار پُر انوار حضرت سید عبدالباری شاہ رح۔ بنڈیل شریف ضلع ہُوگلی

Marfat.com

Marfat.com

مکان کے پاس نل ڈانگہ مسجد کے بیرونی گوشہ میں ہے۔ یہ مسجد بنڈیل[1] ریلوے جنکشن کے ٹھیک سامنے پچھم، اسٹیشن کے مین گیٹ اور بکنگ آفس سے تقریباً دو فرلانگ دکھن کی طرف ریلوے انسٹی ٹیوٹ اور ریلوے کنٹین کے مابین اسٹیشن روڈ اور ریلوے احاطہ کے کنارے واقع ہے۔ قطب ارشاد حضرت سید عبدالباری شاہؒ کا قد میانہ، بدن اکہرا اور رنگ ہلکا سانولا تھا۔ لباس میں معمولی سا کرتہ اور لنگی ہوتی۔ سر پر کبھی عمامہ باندھتے اور کبھی دو پلی ٹوپی ہوتی۔ ہاتھ میں عصا رکھتے تھے۔ طبیعت میں سادگی، تواضع اور خاکساری بہت تھی۔ معمولی جھونپڑے میں سیدھے سادھے طریقہ سے زندگی بسر کرتے تھے۔ کھانے کی پرواہ

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۲۰ کا]

مسجد بابر کا کے پاس گنج شہیداں ہے۔ فیض آباد ضلع گزیٹیر اچ۔ آر نیویل ۱۹۰۵ء؛ گم گشتہ حالات اجودھیا۔ مولوی عبدالکریم۔

[1] بنڈیل شریف ضلع ہوگلی ۲۲ درجہ ۵۶ دقیقہ شمالی عرض البلد اور ۸۸ درجہ ۲۵ دقیقہ مشرقی طول البلد پر ضلع کے صدر مقام چینسورہ سے تقریباً پانچ میل اتر پچھم کی طرف واقع ہے۔ ہوگلی یہاں سے تین میل پر ہے۔ بنڈیل جنکشن سے نل ہاٹی اور عظیم گنج کو لائن جاتی ہے۔ بنڈیل جنکشن ہوڑہ سے ۲۵ میل (۴۰ کیلومیٹر) اتر اور بردوان جنکشن سے ۳۴½ میل (۵۵ کیلومیٹر) دکھن پورب کی طرف ہے۔ بنڈیل جنکشن قاضی ڈانگہ موضع میں ہے اور نل ڈانگہ اس سے متصل پورب ہے۔ خاص بنڈیل، بنڈیل جنکشن سے ایک میل دکھن پورب شہر ہوگلی کے حدود میں ہے۔ جہاں پرتگالیوں کے عہد کا چرچ اور سرکٹ ہاؤس ہے۔ تربینی شاہ پور (فیروز آباد) اور ست گاؤں کے تاریخی مقامات بنڈیل جنکشن سے قریب ہیں۔ بنڈیل شریف۔ کلکتہ سے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۲۲ پر)

Marfat.com

نہ تھی۔ مِل جاتا تو کھا لیتے، ورنہ توکّل ہی پر ساری رات عبادت میں گزار دیتے تھے۔ اپنے احباب اور متوسّلین سے کسی قسم کا امتیاز گوارا نہیں فرماتے تھے اَسلاف کا بے حد احترام کرتے اور اصحاب کمال سے ملنے میں کسرِ شان نہیں سمجھتے تھے۔ تحمّل اور بُردباری کا مادّہ بہت تھا۔ سیّد صاحبؒ کو ساری زندگی میں کبھی غصّہ نہیں آیا۔ کبھی اپنے احباب پر خفا نہیں ہوئے۔ ہر لمحہ اتّباع سُنّت کا خیال رہتا تھا۔

حضرت سیّد صاحبؒ اپنے معمولات اور اَوراد وظائف میں زیادہ وقت مراقبہ میں صَرف فرماتے۔ مغرب، عشا اور فجر کے بعد تین تین گھنٹے چاشت اور ظہر کے بعد ایک ایک گھنٹہ مراقبہ میں بیٹھتے تھے۔ صلوٰۃ التسبیح سفر میں روزانہ ایک بار اور گھر پر دو بار پڑھتے تھے۔ پیر و مرشد کا بڑا ادب و احترام کرتے اور اپنے متوسّلین کو اولاد کی طرح پیار کرتے تھے۔ آپ کے مریدین بھی دل و جان سے آپ پر فدا تھے۔

حضرت سیّد صاحبؒ پر کبھی کبھی جذب کی کیفیت طاری ہوتی تھی اور اس حال میں جو شخص بھی آپ کے قریب آتا، یا جس پر آپ کی نگاہ پڑ جاتی۔ وہ بھی بیہوش ہو کر گر جاتا تھا۔ چنانچہ ایک بار کوہنڈہ ضلع اعظم گڑھ میں نماز عصر اور نماز مغرب

[بقیہ حاشیہ ص ۲۲۱ کا]

۲۸ میل اتر اور فُرفُرا شریف سے ۲۱ میل اُتّر پورب کی طرف ہے۔ یہاں کا تھانہ چینسُورہ اور ڈاک خانہ بنڈیل جنکشن ہے۔ گرینڈ ٹرنک روڈ (قومی شاہراہ ۲) بنڈیل جنکشن کے مشرق سے گذرتی ہے۔

کے مابین اور اُس کے بعد بھی بہت دیر تک حالت جذب میں رہے۔ حضرت حافظ حامد حسن صاحب علویؒ اور سَبر حَد کے حاجی سلیم اللہ صاحب مرحوم اور حضرت حافظ حامد حسن صاحب رح کی ہمشیرہ محترمہ پر سیّد صاحبؒ کو اس حال میں دیکھ کر جذب کی کیفیت طاری ہو گئی تھی۔ حالت جذب میں سیّد صاحبؒ یہ شعر پڑھتے رہے:

؎ ساز آباد خدایا دلِ ویرانے را
یا مِدہ مہرِ بتاں، ہیچ مُسلمانے را

حضرت سیّد صاحبؒ کو کشف و انشراح کے لئے کیفیت طاری کرنے کی ضرورت نہ پڑتی۔ آپ کھُلی آنکھوں سے وہ باتیں مشاہدہ فرماتے جو بڑوں بڑوں پر کیفیت و استغراق میں ظاہر ہوتی ہیں۔

حضرت سیّد صاحبؒ نے گو بظاہر زیادہ تعلیم نہیں پائی تھی۔ کبھی لکھنے کی ضرورت پیش آتی تو الفاظ کو اُردو کے الگ الگ حرفوں میں تحریر فرماتے، لیکن انکشاف باطنی کا یہ حال تھا کہ جب کوئی مسئلہ پوچھا جاتا تو بقید صفحہ و سطر کتاب کا حوالہ دیتے۔ ایسا معلوم ہوتا کہ گویا علوم و فنون کے دفتر آنکھوں کے سامنے کھُلے پڑے ہیں۔

حضرت سیّد صاحبؒ کے بچپن کا ایک واقعہ ہے۔ اُن کی عمر تقریباً آٹھ سال تھی۔ اور شہر ہوگلی کے محلہ بالی[1] سے اپنی والدہ محترمہ کے ساتھ اپنے خالو

---

[1] بالی، شہر ہوگلی کا ایک حصّہ جو شہر کے شمالی حصّہ خاص بنڈیل اور خاص ہوگلی کے
(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۲۴ پر)

نواب جان صاحب مرحوم کے یہاں نلڈانگہ (موجودہ بنڈیل جنکشن) میں آگئے تھے۔ ایک دن محلہ کے دو تین آدمی آپؒ کے پاس آئے اور ناریل چرانے کی غرض سے آپ کو اپنے ساتھ لے جانا چاہا۔ آپؒ نے انکار کیا۔ لیکن ان لوگوں کے اصرار پر آخر ان کے ساتھ جانے کے لئے تیّار ہوئے۔ درختوں کے قریب پہنچ کر اُن لوگوں نے ناریل توڑنا شروع کیا اور آپؒ کو کچھ دُور پر اس لئے کھڑا کر دیا کہ کوئی آنے نہ پائے۔ یہ جگہ قبرستان کے قریب تھی۔ دفعتاً دیکھا کہ پاس کی قبر سے ایک مُردہ آپ کے قریب آیا اور کہا کہ حضرت! آپؒ اِس کام کے لئے نہیں پیدا کئے گئے ہیں چنانچہ آپؒ اِن لوگوں کو اِسی حالت میں چھوڑ کر واپس آگئے۔

حضرت سیّد صاحب رح کو تصرّف کی بہت زیادہ طاقت حاصل تھی لیکن اس کے باوجود آپؒ بہت کم تصرّف فرماتے تھے۔ ایک دفعہ آپ کے پیر و مرشد حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ آپ کی قیام گاہ پر تشریف لائے۔ مکان

[بقیہ حاشیہ صـ۳۲۳ کا]

مابین واقع ہے۔ خاص ہوگلی شہر بالی سے دکھن پُورب ہے۔ جو پہلے یہ بہت گھنا آباد تھا۔ سرکاری کچہریاں یہیں تھیں۔ سنہ ۱۸۹۶ء میں سرکاری کچہریاں اور دفاتر اور سنہ ۱۹۰۹ء میں انسپکٹر آف اسکولس کا دفتر ہوگلی سے چنسورہ منتقل کر دیا گیا۔ اس سے شہر کے اس حصّہ کو نقصان ہوا۔ بالی کے کچھ حصّہ کو رائے رایان بھی کہتے ہیں۔ بالی کے خمار پارا میں بھکاری داس کا اکھاڑہ ہے بھکاری داس تربینی شاہ پور (فیروز آباد) کے ظفر خاں غازی کے زمانہ میں تھے۔ ہوگلی ضلع گزیٹیر۔ ایس۔ ایس۔ او میلی اور من موہن چکرورتی سنہ ۱۹۱۲ء صـ۲۶۹

Marfat.com

کے قریب کچھ قبریں تھیں جن پر عذاب ہو رہا تھا۔ حضرت مولانا موصوفؒ نے فرمایا میر صاحب! آپ یہیں رہتے ہیں اور ان لوگوں پر عذاب ہوتا ہے۔ پھر حضرت مولانا موصوفؒ نے توجہ فرمائی۔ اللہ جل شانہٗ نے آپ کی توجہ کی برکت سے اُن مُردوں کو نجات بخشی۔

کوہنڈہ میں اکثر نماز عصر سے پہلے یا بعد تالاب کی طرف ٹہلنے تشریف لے جاتے تھے۔ ایک بار کرامت کے سلسلہ میں فرمایا کہ مُردہ کو زندہ کر دینا بڑی کرامت نہیں۔ بلکہ کرامت یہ ہے کہ دوزخی کو بہشتی بنا دیا جائے۔

حضرت امام ربانی مجدّد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندیؒ نے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کو اندراج النہایت فی البدایت[1] کے اصول پر جاری کر کے اس کی تکمیل فرمائی۔ حضرت سید صاحبؒ نے دوسرے سلسلوں کو بھی اندراج النہایت فی البدایت کے اصول پر جاری کر کے اس کی تکمیل کی۔ کوہنڈہ میں پہلے یہ خیال آیا کہ

---

[1] حضرت مجدّد الف ثانیؒ سے قبل نفس سے اصلاح کی ابتدا ہوتی تھی اور قلب پر انتہا۔ حضرت مجدّد الف ثانیؒ نے اپنی تعلیم کا سلسلہ قلب کی اصلاح سے شروع کیا۔ اس لئے جہاں دوسروں کی انتہا ہے وہاں ان کی ابتدا ہے۔ اسی بنا پر اس طریقہ کے بزرگوار پہلی ہی صحبت میں وہ شئے عطا فرماتے ہیں جو دوسرے طریقے کے منتہیوں کو کہیں آخر میں حاصل ہوتی ہے۔ اس لئے اس طریقہ کو اندراج النہایت فی البدایت یعنی انتہا کا ابتدا میں درج ہونا کہا ہے۔ سوانح حیات ص ۷۶ سید عبدالباری شاہ رح۔ مرشدنا الحاج مولانا محمد سعید خانہ قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ۔ دہلی ۱۳۵۲ھ

سلسلہ عالیہ چشتیہ کو بھی اسی اصول پر چلائیں۔ تردد یہ تھا کہ طریقہ کے امام تامل فرمائیں گے یا نہیں۔ چنانچہ دس بارہ منٹ خاموش رہے۔ اس دوران میں سلطان العارفین حضرت خواجہ معین الدین چشتی رح سے اجازت حاصل کر لی۔

حضرت سید عبدالباری شاہ رح بھی اپنے پیر و مرشد حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب رح کی طرح پیری مریدی کے مروجہ طریقہ کو پسند نہیں فرماتے تھے چنانچہ اس بنا پر آپ نے کوشش کی کہ بیعت کرنے اور مرید ہونے کا سلسلہ ہی ختم ہو جائے اور بغیر بیعت ہوئے بھی طالب منازل سلوک کو طے کر سکے۔ لیکن لطائف عشرہ[1] کی تعلیم کے بعد بغیر مرید کئے طالب کا آگے بڑھنا مشکل نظر آیا۔ چنانچہ مجبوراً لطائف عشرہ کی تعلیم ختم کرنے کے بعد مقام توبہ کی توجہ سے پہلے بیعت کو ضروری قرار دیا۔

قطب مدار سے عالم خالی نہیں رہتا۔ ایک جاتا ہے دوسرا آتا ہے۔ ایک قطب مدار کے انتقال کے بعد فوراً دوسرے کا تقرر عمل میں آتا ہے۔ لیکن قطب ارشاد کا ہر وقت موجود رہنا ضروری نہیں۔ اس کی روحانیت اپنا کام کرتی رہتی ہے چنانچہ قطب ارشاد کبھی کبھی پیدا ہوتے ہیں۔ اس کا تعلق رشد و ہدایت سے ہوتا ہے۔ حضرت سید عبدالباری شاہ رح اپنے زمانے کے صرف قطب مدار ہی نہ تھے۔ بلکہ اللہ جل شانہ نے آپ کو قطب ارشاد کا درجہ بھی عطا فرمایا تھا چنانچہ

---

[1] لطائف عشرہ: قلب۔ روح۔ سر۔ خفی۔ اخفیٰ۔ نفس۔ آب۔ باد۔ نار۔ خاک

آپ کے وصال کے ۵۷ سال گذرنے کے باوجود آپؒ کی روحانیت ایمان و معرفت اور رشد و ہدایت کا نُور پہنچا رہی ہے۔ آپ کے فیوض و برکات جاری ہیں آپ کے اثرات سے بہت سارے مسلمان دین کے صحیح راستے پر آرہے ہیں۔ اُن کے قلب نور ایمان کی روشنی سے جگمگا رہے ہیں۔ کچھ لوگ دائرہ اسلام میں بھی داخل ہو رہے ہیں سلسلہ کا کام بڑھتا اور پھیلتا جا رہا ہے۔

ایک دن حضرت سیّد صاحبؒ اپنے گوشہ خاص میں وضو فرما رہے تھے۔ اثنائے وضو میں خیال آیا کہ میں ایک گوشہ نشین غریب آدمی ہوں۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ سلسلہ میری ذات تک محدود رہے گا اور یہ کیفیت بصورت غم ظاہر ہوئی۔ لیکن بشارت خداوندی نے آپ کو مسرور و شادماں کر دیا۔ معلوم ہوا کہ اللہ جل شانہٗ اس سلسلہ کو شرق سے غرب تک عام کریں گے۔ حضرت سیّد صاحبؒ کی برکت سے اس کے آثار ظاہر ہو رہے ہیں۔ آج ہندوستان کا شاید ہی کوئی بڑا گوشہ ایسا ہو جہاں اس کی تبلیغ نہ پہنچی ہو اور لوگ اس سے متوسّل نہ ہوئے ہوں اور وہ وقت دُور نہیں جب کہ انشاء اللہ نہ صرف برِّعظیم ہندوستان، بلکہ بر و بحر میں اس کی اشاعت ہو چکی ہوگی۔

دسمبر ۱۹۰۱ء میں حضرت سیّد صاحبؒ کے وصال کے وقت آپؒ کے مریدین اور متوسّلین کی کُل تعداد ۲۸ تھی۔ جن میں ۱۵ کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں:

۱۔ جناب نجیبن بُوا صاحبہ مرحومہ بنگال۔

۲۔ جناب نظام الدین صاحب مرحوم۔ فرید پور بنگلہ دیش

Marfat.com

۳۔ جناب امانت اللہ صاحب مرحوم بنگال

۴۔ جناب عیدو بھشتی مرحوم بنگال

۵۔ جناب فرید مرحوم بنگال

۶۔ جناب حاجی سلیم اللہ صاحب مرحوم سبر حد ضلع جون پور

۷۔ جناب الٰہی بخش صاحب مرحوم سبر حد ضلع جون پور

۸۔ جناب حسین علی صاحب مرحوم بربی پور ضلع اعظم گڑھ

۹۔ جناب مولوی عبدالصمد صاحب مرحوم کوہنڈہ ضلع اعظم گڑھ

۱۰۔ جناب مولوی عبدالاحد صاحب مرحوم کسمنڈی ضلع لکھنو

۱۱۔ جناب جھناؤں مرحوم (نابینا) جلال پور ضلع فیض آباد

۱۲۔ جناب وزیر مرحوم جلال پور ضلع فیض آباد

۱۳۔ جناب اہلیہ محترمہ حافظ حامد حسن صاحب علوی رح۔ کوہنڈہ اعظم گڑھ

۱۴۔ جناب بی بی عائشہ خاتون صاحبہ ہمشیرہ مکرمہ حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رح کوہنڈہ ضلع اعظم گڑھ

۱۵۔ حضرت الحاج الحافظ حامد حسن صاحب علوی رح۔ کوہنڈہ ضلع اعظم گڑھ

نجیبن بوا صاحبہ بڑی باکمال اور روشن ضمیر گذری ہیں۔ کلکتہ سے تلاش حق میں حضرت سید صاحب رح کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ توجہ دینے کے بعد گھر میں گئیں۔ آثار ذکر اعصاب وجوارح میں جھنجھناہٹ کی شکل میں ظاہر ہوئے۔ پھر جذب کی کیفیت طاری ہوئی۔ حضرت سید صاحب رح اپنے شغل میں تھے۔ وہ آئیں اور جاں نثارانہ

Marfat.com

گریں سیّد صاحبؒ نے آنکھیں کھولیں تو عورت دیکھ کر ترس کھایا۔ آئندہ اکثر آپ کے ساتھ رہیں اور حالت بیماریوں میں آپ کی خدمت کا شرف حاصل کیا۔

حضرت سیّد صاحبؒ کے وصال کے وقت بجمن بُوا صاحبہ نے دریافت کیا تھا کہ آپ کے بعد اس کام کو کون جاری رکھے گا۔ تھوڑی دیر تامّل فرمانے کے بعد حافظ حامد حسن صاحب علیہ الرحمۃ اور مولوی عبدالصمد صاحبؒ کا نام لیا۔ بُوا صاحبہ نے فرمایا کہ یہ ابھی کم عمر ہیں۔ اس پر حضرت سیّد صاحب نے فرمایا کہ "میں تو ہوں"

خیدو بھشتی مرحوم ایک دفعہ دریا سے پانی لے رہے تھے کہ پانی سے ایک ہاتھ نمودار ہوا۔ لیکن وہ اس طرح قطعاً متوجہ نہیں ہوئے۔ حضرت سیّد صاحبؒ سے اگر عرض کیا حضرت نے نگاہ کی اور فرمایا کہ حضرت خضر علیہ السلام تھے دوسرے دن حسب معمول جب پانی لینے گئے، تو حضرت خضر علیہ السلام دریا سے باہر کھڑے ہو کر بھشتی مرحوم کو بلانے لگے۔ لیکن مستوں کا حال ہی جدا ہوتا ہے۔ بھشتی مرحوم یہ کہتے ہوئے حضرت سیّد صاحبؒ کی طرف چل دیئے کہ آج تک آپ نہ ملے۔ جن کے پاس جانے کی برکت سے آپ بلا رہے ہیں۔ انہیں کے پاس کیوں نہ جائیں۔

جناب مولانا عبدالصمد صاحبؒ کو اجازت و خلافت حاصل آپ کا مزار کوہنڈہ ضلع اعظم گڑھ میں بستی سے پورب عام قبرستان کے ایک گوشہ میں ہے

قطب ارشاد حضرت سیّد عبدالباری شاہؒ کے حالات کے متعلق ۸۸ صفحات کی ایک کتاب "سوانح حیات امام الطریقہ السیّد عبدالباری شاہ رحمۃ اللہ علیہ" کے نام سے ہادینا و مرشدنا الحاج مولانا محمد سعید خاں صاحب قبلہ ادام اللہ

فیوضہٗ نے مرتب کیا اور آپکے پیر و مرشد حضرت الحاج الحافظ حامد حسن صاحب علوی مدظلہٗ نے اس کا مطالعہ فرما کر ضروری تبدیلیاں کردیں اور کتاب جناب مولانا آزاد رسول صاحب مدظلہٗ انچارج جامعہ پرائمری سکشن کے زیر اہتمام حمیدیہ برقی پریس بلی ماران دہلی میں چھپ کر ۱۹۵۵ء میں جامعہ نگر نئی دہلی سے شائع ہوئی حضرت سید عبدالباری شاہ رح کے متعلق تمام حالات اسی کتاب سے ماخوذ ہیں۔ اور راقم الحروف نے فیوض و برکات کے خیال سے اعلیٰ حضرت قبلہ عالم ادام اللہ فیوضہٗ کی عبارت کو قدرے اختصار کے ساتھ بجنسہٖ نقل کر لیا ہے۔

نبڈیل شریف میں نل ڈانگہ مسجد جہاں حضرت سید عبدالباری شاہ رح کا مزار مبارک ہے۔ اس کے پیچھے آپکے مرشد زادہ اور چہیتے خلیفہ حضرت الحاج الحافظ حامد حسن صاحب علوی رح نے مریدین اور متوسلین کے قیام اور عبادت و ریاضت کے لئے ایک کشادہ خانقاہ تعمیر کرائی۔ اس خانقاہ میں تین کمرے۔ ڈیوڑھی۔ ایک حجرہ اور دونوں طرف کشادہ صحن ہے۔ عمارت کے باہر بھی خانقاہ کی زمین باقی ہے۔ خانقاہ کا دروازہ شاندار اور بلند ہے۔ خانقاہ کے اندر عام طور پر صرف سلسلہ کے متوسلین قیام کرتے ہیں اور وہاں کسی غیر شرعی اور خلاف سنت کام کی اجازت نہیں ہے۔ مسجد اور مزار شریف سے متصل مشرق پورب گوشہ میں حضرت سید صاحب رح کے خالو نواب جان صاحب مرحوم کی اولاد کا آبائی مکان ہے۔ اسی میں اس خاندان کے چشم و چراغ جناب ابوالکلام

۱۷ - خانقاہ بنڈیل شریف - ضلع ہوگلی

Marfat.com



Marfat.com

صاحب بی۔ ایس۔ سی رہتے ہیں۔ وہ نہایت دیندار نوجوان ہیں۔ تصوف کا ذوق رکھتے ہیں۔ حضرت سید صاحبؒ کی اُن پر نگاہ کرم ہے۔ وہی مسجد خانقاہ اور مزار مبارک کی حفاظت اور نگرانی کے فرائض انجام دیتے ہیں اور خانقاہ میں مقیم مہمانوں کے آرام و آسائش کا خیال رکھتے ہیں۔ مسجد کے آس پاس مسلمانوں کی اچھی آبادی ہے۔ اُن میں سے کچھ ریلوے میں ملازم ہیں اور کچھ اپنا کاروبار کرتے ہیں۔ قبرستان کی حفاظت کے لئے ابوالکلام صاحب کی نگرانی میں ایک کمیٹی قائم ہے۔ مسجد کے قریب جماعت اسلامی کلکتہ دفتر کی طرف سے بچوں کی دینی تعلیم کے لئے ایک مدرسہ ہے۔ مسجد میں پانی اور بجلی کا انتظام ہے۔ مشرقی اور مغربی بنگال مشرقی بہار یعنی پورنیہ اور ٹاٹا نگر جمشید پور کے مریدین اور متوسلین کی آسانی کے خیال سے ہادیٔ و مرشدنا حضرت الحاج مولانا محمد سعید خاں صاحب قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ سال میں چند ماہ نبڈیل شریف خانقاہ میں قیام فرماتے تھے۔ لیکن اِدھر دو تین سال سے علالت اور کمزوری کے باعث حضور قبلہ مدظلہٗ کو نبڈیل شریف جانے کا اتفاق نہیں ہوا ہے۔

قطب ارشاد حضرت سید عبدالباری شاہ قدس سرہٗ کے جانشین آپ کے مُرشد زادہ اور چہیتے خلیفہ حضرت حافظ حامد حسن علوی رحمۃ اللہ علیہ ہوئے۔ دسمبر ۱۹۶۰ء میں حضرت سید صاحبؒ نے اپنے انتقال سے چند روز قبل بخیبن نوازؒ سے آپ کی خلافت کا ذکر کیا تھا۔ پیر و مرشد کے انتقال کے وقت آپ برما میں تھے اور عمر شریف تقریباً تیس ۳۰ سال تھی۔ وہاں معلّمی کی خدمت

پر مامور تھے۔ پیر و مرشد کی علالت کا خط ملتے ہی ملازمت سے استعفا دے کر منڈیاؤں شریف آئے۔ لیکن آپ کی تشریف آوری سے قبل ہی حضرت سید صاحب قدس سرہٗ کا وصال ہو چکا تھا۔

حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رح کوسنڈہ ضلع اعظم گڑھ کے رہنے والے تھے۔ سلسلۂ نسب آپ کا، کاکوری[1] ضلع لکھنؤ کے شیوخ علویہ سے ملتا ہے۔

---

[1] کاکوری، لکھنؤ اور ملیح آباد کے درمیان لکھنؤ سے نو میل (۱۵ کیلومیٹر) اُتر پچھم اودھ کا نہایت مشہور اور مردم خیز قصبہ اور ریلوے اسٹیشن ہے۔ یہ لکھنؤ کی صدر تحصیل میں ۲۶ درجہ ۵۲ دقیقہ شمالی عرض البلد اور ۸۰ درجہ ۴۸ دقیقہ مشرقی طول البلد پر واقع ہے۔ پہلے یہاں بھاروں کی آبادی تھی۔ بعد میں یہ جون پور کے مشرقی سلطان حسین شاہ (متوفی ۱۴۹۹ء) نے مسلمانوں کو دے دیا۔ شہر اور مضافات میں بہت سارے مسلمان بزرگوں کے مزارات ہیں۔ یہاں کا پرانا شیخ خاندان بہت بااثر ہے۔ یہاں کے بہت سے لوگ لکھنؤ میں وکیل ہیں۔ کچھ سرکاری ملازمت میں ہیں۔ امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد چہارم صـ ۲۸۹۔ ملاح رسول صـ جناب محسن کاکوروی رح اُردو کی جدید شاعری کے پیشرو نادر علی خاں نادر کاکوروی (متوفی ۱۹۱۲ء) اور اخبار "اودھ پنچ" کے اڈیٹر مشہور ناول نگار منشی سجاد حسین صاحب کاکوروی (متوفی ۱۹۱۵ء) (مصنف حاجی بغلول۔ کایا پلٹ۔ حیات شیخ چلی۔ طرحدار لونڈی۔ پیاری دنیا۔ احمق الذین میٹھی چھری وغیرہ) اور جناب غلام احمد فرحت کاکوروی (متوفی ۱۹۷۵ء) بقیہ حاشیہ صـ ۳۳۳

Marfat.com

والد محترم کا نام حضرت شیخ کریم بخش علوی رح تھا۔ جن کو سلسلہ عالیہ چشتیہ نظامیہ میں حضرت مولانا مسکین شاہ جے پوری رح (متوفی ۱۲۷۲ھ = ۵۶-۱۸۵۵ء) کے خلیفہ حضرت شیخ نجابت علی شاہ رح سے اجازت و خلافت حاصل تھی۔ حضرت مولانا مسکین شاہ رح حضرت مولانا نیاز احمد صاحب بریلوی رح (متوفی ۱۲۵۰ھ = اکتوبر ۱۸۳۴ء) کے خلیفہ تھے اور پانچ واسطوں سے اُن کا سلسلہ حضرت مولانا شیخ محی الدین ابو یوسف محمد یحییٰ مدنی رح تک (متوفی دسمبر ۱۶۸۹ء) اور ۱۳ واسطوں سے سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیا محبوب الٰہی رح (متوفی ۷۲۵ھ = اپریل ۱۳۲۵ء) تک پہنچتا ہے۔ حضرت شیخ نجابت علی شاہ رح کا سنہ ۱۳۰۶ھ = ۸۹-۱۸۸۸ء میں کوہنڈہ میں انتقال ہوا۔ اور بستی سے اُتر،

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۳۲ کا]

اسی مردم خیز قصبہ کے رہنے والے تھے۔ تاریخ ادب اردو۔ رام بابو سکسینہ اردو ترجمہ حصہ ۱۰۵؛ لکھنؤ کا دبستان شاعری۔ ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ص ۳۳-۳۱۲ مختصر تاریخ ادب اُردو۔ ڈاکٹر اعجاز حسین ص ۲۱۳-۱۰؛ نادر کاکوروی۔ ممتاز حسن۔ ماہ نو کراچی ستمبر ۱۹۵۹ء ص ۱۷۔ مزاج رسول محسن کاکوروی۔ سید یونس حبیب۔ ماہ نو اگست ۱۹۶۴ء ص ۳۲؛ محسن کاکوروی۔ غلام احمد فرقت۔ آج کل دسمبر ۱۹۶۹ء ص ۳۰؛ منشی سجاد حسین کے ناول۔ یوسف سرمست۔ آج کل جنوری ۱۹۶۸ء ص ۳۴؛ اگست ۱۹۲۵ء کو اشفاق اللہ خاں اور رام پرشاد بسمل نے کاکوری میں سہارن پور لکھنؤ پسنجر سے سرکاری خزانہ لوٹ لیا تھا۔ نیا دور اگست ۱۹۷۵ء ص ۷

Marfat.com

پچھم حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی کی کھلیان کے ایک گوشہ میں آپ کا مزار ہے۔

حضرت کریم بخش علوی کا خاندانی پیشہ زراعت تھا اور کوہنڈہ میں اچھی کاشتکاری تھی۔ لیکن چونکہ آپ محکمہ سروے میں ملازم تھے اور سروے انسپکٹر کے عہدہ پر فائز تھے۔ سال میں برسات کے علاقے میں سروے کے لئے جانا پڑتا تھا۔ اس لئے کاشتکاری خود نہیں کرتے تھے۔ آپ کی طرف سے یہ کام دوسرے لوگ انجام دیا کرتے تھے۔ اس لئے خانگی حالات بہت اچھے نہ تھے۔ تنگی سے بسر ہوتی تھی۔

کوہنڈہ ضلع اعظم گڑھ کے مغربی حصہ میں جون پور کی سرحد کے قریب شرفاء کی ایک قدیم بستی ہے۔ یہ شہر اعظم گڑھ سے ۲۸ میل پچھم اور جون پور سے ۲۵ میل اتر ٹونس کی معاون ندی کون ور کے طاس میں واقع ہے۔ ضلع جون پور میں تحصیل کا صدر مقام اور نادرن ریلوے کی بنارس لکھنؤ لوپ لائن کا شاہ گنج جنکشن یہاں سے ۵ میل دکھن قدرے پچھم ہے۔ اس لائن کا ملہنی اسٹیشن یہاں سے ساڑھے چار میل اتر پچھم اور نارتھ ایسٹرن ریلوے کی موشاہ گنج میٹر گیج لائن پر خاں جہاں ہالٹ اسٹیشن ڈھائی میل دکھن ہے۔ شاہ گنج جنکشن سے خیر الدین پور ہو کر کوہنڈہ کو راستہ جاتا ہے۔ کوہنڈہ کے اتر پورب سے نہر کی ایک شاخ پورب کو جاتی ہے۔ نارتھ ایسٹرن ریلوے کے دیدار گنج روڈ اسٹیشن (امباری) سے نہر کے

۱۴
کوہنڈا، چھتے پور اور فونا ری
(ضلع اعظم گڑھ اتر پردیش)

پیمانہ ایک انچ = ۴ میل



Marfat.com

کنارے کنارے محکمہ آبپاشی کی سڑک سے بھی کوہنڈہ جا سکتے ہیں۔ دیوار گنج روڈ سے کوہنڈہ پانچ میل قدرے اُتر ہے۔ کوہنڈہ کے اُتر میں سعد اللہ پور، پورب میں حاجی پور، قدرت اور کوکری پور۔ دکھن پورب میں حمزہ پور اور دکھن میں شیر جہاں[1] پور اور کوٹی اور پچھم میں ترپت پور، ابراہیم پور اور باغ دہار ہے۔ کوہنڈہ موضع کا رقبہ ۱۱۰۸ ایکڑ (تقریباً ۱۹۵۰ بیگھہ) ہے۔ اس میں آٹھ ٹولے ہیں اور ۱۹۶۱ء کی مردم شماری کے مطابق آبادی ۲۲۰۳ نفوس ہے۔ کوہنڈہ تپہ پوئی پرگنہ ماہل میں ہے۔ پرگنہ کا صدر مقام ماہل یہاں سے چھ میل پورب ہے۔ تھانہ اور بلاک کا صدر مقام پوئی چار میل اُتر قدرے پچھم کی طرف ہے۔ کوہنڈہ میں ایک چھوٹا ڈاک خانہ ہے۔ سید صاحبؒ کے انتقال کے وقت ۱۹۰۶ء میں تحصیل کا صدر مقام اہرولہ میں تھا، جو کہ کوہنڈہ سے گیارہ میل اُتر پورب کی طرف ہے۔ مجولی پٹری کی لائن تعمیر ہونے کے بعد تحصیل کا صدر مقام پھول پور (خراسان روڈ) کو منتقل کر دیا گیا۔ پھول پور کوہنڈہ سے دس میل (۱۲ کیلومیٹر) دکھن پورب کی طرف ریلوے لائن اور اعظم گڑھ لکھنؤ روڈ پر واقع ہے۔

---

[1] خان جہاں، شیر جہاں اور بسالت جہاں تین بھائی تھے۔ تینوں کے نام پر تین مواضعات ہیں۔ کوہنڈا سے تقریباً تین میل دکھن پھول پور بلاک کی خاں جہاں پور بستی ہے۔ جہاں اعظم گڑھ سے ۴۸ کیلومیٹر پچھم اور شاہ گنج سے ۹ میل کیلومیٹر پورب شمالی مشرقی ریلوے کا خاں جہاں نامی ایک ہالٹ اسٹیشن ہے۔ ریلوے کے ارباب بست و کشاد نے اسٹیشن کا

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۳۷ پر)

Marfat.com

کوہنڈہ میں بھار لوگوں کا قلعہ تھا۔ اسے مسلمانوں نے فتح کیا تھا۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ اس بستی کا پرانا نام کہنہ دہ یا کہنہ ڈیہہ تھا جو بعد میں کوہنڈا بن گیا ڈیہہ یعنی ایک پست ٹیلہ پر مسجد ہے۔ چاروں طرف خندق ہے۔ شہدا کے مزارات ہیں۔ بستی میں کئی تالاب ہیں اور اُتر میں بدو کھرتال ہے۔ کہا جاتا ہے کہ آئینہ اودھ مطبوعہ نول کشور پریس میں اس بستی کا ذکر ہے۔ بڑا کوہنڈہ پچھم میں اور چھوٹا کوہنڈہ پورب میں ہے۔ اس موضع میں کل گیارہ مسجدیں ہیں۔ سات مسجدیں بڑے کوہنڈہ میں ہیں۔ مدرسہ دینیات بڑے کوہنڈہ کے پچھم میں ہے حضرت حامد حسن صاحب علویؒ نے اس مدرسہ کی بنیاد ڈالا تھا۔ لوگ آپ کو کرسی پر اٹھا کر لے گئے تھے۔ مدرسہ کی پختہ عمارت بن گئی ہے۔ دس اساتذہ ہیں۔ چار سو طلبا ہیں۔ مدرسہ کی حالت بہت اچھی ہے۔ لڑکیوں کے لئے ایک چھوٹا سا مدرسہ الگ ہے۔ بستی کے شمالی مغربی گوشہ[1] میں حضرت نجابت علی شاہ رح کا مزار ایک پختہ

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۳۶ کا]

نام رکھنے میں بڑی ناواقفیت اور بدمذاقی کا ثبوت دیا ہے۔ ٹائم ٹیبل نارتھ ایسٹرن ریلوے ۳۷ بجریہ اکتوبر ۱۹۷۴ء ص ۱۳؛ اعظم گڑھ ضلع سنسس ہینڈ بک مردم شماری ۱۹۶۱ء لکھنؤ ۱۹۶۵ء ص ۱۳۱ "ریلوے اسٹیشنوں کی فہرست" اور ص ۲۷۹ سلسلہ وار ۷۶۴ خان جہاں پور اور ص ۲۷۷ سلسلہ وار ۷۲۰ شیر جہاں پور۔ بسالت گنج شیر جہاں پور سے پورب ہے۔ [2] اعظم گڑھ ضلع سنسس ہینڈ بک مردم شماری ۱۹۶۱ء لکھنؤ ۱۹۶۵ء ص ۲۷۷، سلسلہ وار نمبر ۷۲۳ کوہنڈہ

[1] دونوں مزارات حضرت حامد حسن صاحب علویؒ کی کھلیان کے شمالی مغربی گوشہ میں ہیں موضع کے نقشہ میں اس کھلیان کا خسرہ ۲۶۷۹ ہے۔ کوہنڈہ ۲۳ مئی ۱۹۷۳ء

Marfat.com

احاطہ کے اندر ہے جو کچھ ویران سا ہے۔ اندر برڑ کا ایک پرانا درخت ہے اور احاطہ کے باہر دکھن میں حضرت کریم بخش علوی رح کا مزار ہے۔ آپ کا ۱۳۳۴ھ = ۱۶-۱۹۱۵ء میں انتقال ہوا۔

حضرت کریم بخش علوی رح کی شادی کوہنڈا سے تین فرلانگ دکھن پچھم نرپت پور چھاؤنی میں ہوئی تھی۔ آپ کے صرف ایک صاحبزادے جناب حافظ حامد حسن صاحب علوی رح اور ایک صاحبزادی بی بی عائشہ خاتون تھیں۔ صاحبزادی صاحبہ بڑی تھیں اور ان کی شادی منگرانواں کے قریب گنگا گودام پور میں عبدالغفار صاحب قریشی[1] سے ہوئی تھی۔ حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رح ۱۲۸۸ھ = ۷۲-۱۸۷۱ء میں کوہنڈہ میں پیدا ہوئے۔ آپ چھوٹے تھے، تو والد بزرگوار نے اپنے پیر و مرشد حضرت شیخ نجات علی شاہ رح (متوفی ۸۹-۱۸۸۸ء) کی خدمت میں پیش کیا۔ شیخ نے فرمایا کہ ان کو پڑھانا مت۔ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت شیخ نجابت علی شاہ رح کو حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رح کی باطنی صلاحیتوں اور مستقبل میں آپ کے اعزاز و افتخار اور درجات عالیہ کا اندازہ ہو گیا تھا۔ اس لئے آپ نے اپنے خلیفہ کو ان کے صاحبزادہ کی تعلیم سے منع فرمایا کہ کہیں غلط تعلیم مستقبل کی شادابی اور بہار کو ختم نہ کر دے اور مروجہ تعلیم "اَلْعِلْمُ حِجَابُ الْاَکْبَرِ" کا مصداق نہ بن جائے۔ حضرت کریم بخش صاحب علوی رح نے پیر و مرشد کے حکم کے مطابق اپنے لائق و فائق فرزند کی ظاہری تعلیم کی طرف توجہ نہ کی۔ اسی بنا پر حضرت قبلہ کی ظاہری تعلیم عربی میں ہدایت النحو، باب مرفوعات تک ہی رہی۔ خط بہت صاف ستھرا اور

---

[1] دیکھئے صفحہ ۳۱۵

نستعلیق ہوتا تھا۔ قرآن شریف کے جیّد حافظ تھے اور لوگ آپ کو بڑے حافظ جی کے نام سے موسوم کرتے تھے۔

سرکاری کام سے مکلنہ سروے آفس کو جاتے ہوئے ہوگلی میں حضرت کریم بخش صاحب علویؒ نے مرزا نیاز احمد صاحب کے یہاں قیام فرمایا تھا اور وہیں آپ سے حضرت سید عبدالباری شاہؒ کی پہلی ملاقات ہوئی تھی۔ ملاقات کے دوسرے روز قطب ارشاد حضرت سید عبدالباری شاہؒ کو آپ نے سلسلہ عالیہ چشتیہ میں بیعت سے مشرف فرمایا تھا۔ دوسری ملاقات تقریباً دس سال بعد ہوئی۔ ہمدم دیرینہ کی ملاقات مسیحا اور خضر کی ملاقات سے کم نہ تھی۔ حضرت سیّد صاحبؒ کے حالات معلوم کرنے کے بعد پیر و مرشد کو اپنے مُرید کے مدارج عالیہ کا اندازہ ہوا اور دنیائے معرفت کے اس لعل درخشاں کو ہر شب تاب اور انمول ہیرے کو اپنے فرزند ارجمند بلکہ اہل و عیال کی روحانی تربیت کے منتخب کر لیا اور سفر سے واپسی میں ساتھ کو ہنڈہ لیتے آئے۔

حضرت کریم بخش صاحب علویؒ صاحبِ جائداد ہونے کے باوجود توکّل اور قناعت کی زندگی بسر کرتے تھے۔ حضرت حامد حسن صاحب علویؒ کی والدہ محترمہ بھی حضرت شیخ نجابت علی شاہؒ سے بیعت تھیں اور اُن کو بھی دنیا کی کوئی طلب نہ تھی۔ ایسے حال میں زندگی میں تنگی ناگزیر تھی۔ چنانچہ ظاہری تعلیم سے فراغت پانے کے بعد حضرت حامد حسن صاحب علویؒ نے اپنے گاؤں میں لڑکوں کو تعلیم دینا شروع کیا۔ اسی زمانہ میں اُن کے

لہ سوانح حیات سید عبدالباری شاہؒ ص ۴۸-۴۷ : سوانح حیات حافظ حامد حسن علویؒ ص ۲۵

والد محترم قطب ارشاد حضرت سیّد عبد الباری شاہ رح کو ساتھ لے کر کوہنڈہ واپس آئے اور اپنے فرزند ارجمند کو اُن کے حوالہ کر دیا اور عالم معرفت کے اُس اکسیر گر نے اِس کبریت احمر کو اپنی نگاہ کیمیا اثر سے لعل و یاقوت میں بدل دیا۔ مُرشد کی شیفتگی اور بے پناہ محبّت اور مرید کی وارفتگی بے مثال فدائیت اور چہرے کی چمک دمک نے لوگوں کو متوجّہ کیا۔ حضرت حامد حسن صاحب علوی رح کے خاص دوستوں میں مولانا عبد الصّمد صاحب رح بڑے ہی با صلاحیت شخص تھے۔ اُن کے دریافت کرنے پر آپ نے اپنے پیر و مرشد قطب ارشاد سیّد **عبد الباری** شاہ رح کے متعلق فرمایا کہ "یہ وہ جوہر ہے، جو بڑی قسمت سے ہاتھ آیا ہے۔ باپ کا بڑا احسان ہے، جو ہم سے ملایا۔ ورنہ میں کہاں اور کہاں یہ آفتاب طریقت۔ یہ وہ ہیں جن سے ویرانے دل میں آبادی دکھائی دیتی ہے۔ درد کی دوا ہوتی ہے اور زخم کا مرہم ملتا ہے۔" چنانچہ مولانا عبد الصّمد صاحب رح بھی شریک درد ہو گئے۔ اور حضرت سیّد صاحب رح سے یہ دونوں ماہ و انجم کی طرح روشنی حاصل کرنے میں مصروف ہو گئے۔

اس کے بعد حضرت حافظ حسن صاحب علوی رح دینی اور دنیاوی دونوں میدانوں میں پوری ذمہ داری ادا کرنے کے لئے تیار ہو گئے۔ کھیتی کا شغل اپنانے کا فیصلہ کیا۔ لوگوں کو سخت تعجب ہوا کہ پیر اور پیر زادے کھیتی اور محنت سے روزی حاصل کریں گے۔ پہلے سال آپ نے لوگوں سے پوچھ پوچھ کر کھیتی کیا اور کامیاب رہے۔ دوسرے سال بہت کم پوچھنے کی ضرورت پڑی اور کامیابی ہوئی اور تیسرے سال اپنی عارفانہ صلاحیت کی بنا پر کاشتکاری کے ماہر ہو گئے۔

Marfat.com

اور دنیاوی کاموں میں بھی امامت کے مستحق ثابت ہوئے۔ لیکن کاشتکاری کے کام اور دنیاوی مشغولیتیں آپ کے ذہنی انہماک میں کبھی حارج نہ ہوسکیں۔

قطب ارشاد حضرت عبدالباری شاہ رح نے حضرت حامد حسن صاحب علوی رح کو دوسرے دائرہ تک تفصیل کے ساتھ تعلیم دی۔ اور فرمانے لگے کہ طاہر حیات (جس کو آپ طاؤس سے تشبیہ دیتے تھے) دو مرتبہ پھڑک چکا ہے۔ ممکن ہے کہ اب کی مرتبہ پھڑکے تو پرواز کر جائے۔ لہٰذا آئندہ کے لئے باتیں محفوظ رکھنے کی وصیت فرمائی اور ادنیت تک کی تعلیم بیان فرمادی۔ برہا کے سفر سے پہلے ہی تعلیم دینے کی اجازت مل گئی تھی۔ چنانچہ حضرت سید صاحب رح جب کہ ہنڈہ تشریف لائے، تو آپ نے دونئے تعلیم دیئے ہوئے آدمیوں کو حضرت کے دربار میں پیش کیا۔ حضرت سید صاحب رح نے دیکھا اور فرمانے لگے۔ آپ نے تعلیم کی ہے۔ میں نے اجازت دی تھی ورنہ مرجاتے یا مرگئے ہوتے۔ آئندہ کی ذمہ داری پاکر تشویش رہی۔ لیکن تبلیغ کا کام ذمہ دارانہ انداز سے شروع کردیا۔

دسمبر ۱۹۰۰ء میں قطب ارشاد حضرت سید عبدالباری شاہ رح کے وصال کے بعد حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رح کھوئی ہوئی صحبت کی تلاش میں بے تاب رہے۔ حضرت سید صاحب رح کے پیر و مرشد حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی رح حیات تھے۔ اس دربار میں حاضر ہوکر فیض یاب ہوئے، پھر اشارہ غیبی کے تحت کہنڈہ واپس آئے۔

حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب رح کے دربار میں وقت کی پابندی بہت سخت تھی۔ وہاں معمول یہ تھا کہ لوگ اجازت سے آتے اور پہلی ہی اجازت میں یہ

متعین کر دیا جاتا تھا کہ فلاں وقت ملیں اور فلاں وقت واپس چلے جائیں۔ ملاقات کرنے والوں کے لئے وقت کی پابندی لازمی تھی۔ ایک بار حضرت حافظ حامد حسن علوی رح اس وقت حاضر ہوئے جب حضرت مولانا کوٹھے پر بیٹھے تسبیح ہاتھ میں لئے مشغول تھے۔ لیکن نگاہ پڑتے ہی بڑی محبت سے بلایا اور دریافت فرمایا کہ کہاں گئے تھے۔ عرض کیا کہ تبلیغ میں۔ پوچھا کتنے دنوں کے لئے۔ عرض کیا کہ ایک مہینہ۔ حضرت مولانا رح نے فرمایا کہ تبلیغ کے لئے کم از کم تین چار مہینے کے لئے نکلا کیجئے۔ چنانچہ آئندہ جب بھی تبلیغی سفر میں تشریف لے گئے تو حضرت مولاناؒ کے حکم کا خیال رکھا۔ گفتگو کے خاتمہ کے بعد حضرت مولانا رح سے دریافت فرمایا کہ پھر کب حاضر ہوں۔ وہاں حضرت مولاناؒ کے خلفاء بھی موجود تھے۔ جن کا آنا جانا وقت کی پابندی کے ساتھ ہوتا تھا۔ حضرت مولاناؒ نے فرمایا آپ کے لئے اور آپ کے مریدوں کے لئے میرا دروازہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے کھلا ہے۔ لوگوں کو سخت تعجب ہوا۔ حضرت مولانا نے پھر فرمایا کہ میں تارک الدنیا گوشہ نشین فقیر ہوں مجھے دنیا اور دنیا والوں سے کیا مطلب۔ کوئی آتا ہے کہ میرے مقدمہ کے لئے دعا کیجئے، تو کوئی اولاد کے لئے دعا کرانے آتا ہے۔

چاٹگام (مشرقی بنگال) میں حضرت کریم بخش علوی رح کے متوسلین پہلے سے موجود تھے۔ پہلا تبلیغی سفر چاٹگام کا کیا۔ وہاں لوگوں کو آپ کی محنت و ریاضت اور شب بیداری پر تعجب ہوا۔ لیکن متوسلین نے مرشد زادہ سمجھ کر خاطر مدارات کی اور رخصت کر دیا۔ اور لوگوں کو زیادہ توجہ نہیں ہوئی۔ دوسرے سفر

Marfat.com

میں آپ کے دائمی احوال اور استقامت سے کچھ لوگ متاثر ہو کر مخاطب ہوئے۔ آپ نے ان لوگوں کی تعلیم کی تعلیم کا نیا رنگ دیکھ کر اور تعجب بڑھا۔ تیسرے سفر کے بعد لوگ جوق در جوق حصول تعلیم اور بیعت کے لئے حاضر ہونے لگے اور بعد میں ایک بار جب تشریف لے جا رہے تھے، تو کنارے پر آدمیوں کا ہجوم دیکھ کر دریافت فرمایا کہ یہ کیا ہے۔ لوگوں نے جواب دیا کہ آپ کے استقبال کا مجمع ہے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ آدمیوں کا جنگل ہے۔

علاقہ چاٹگام میں حافظ منیر صاحبؒ، حضرت حاجی حسن صاحب علویؒ کے خاص مریدوں میں تھے۔ پیر کا رنگ غالب تھا۔ معمولات اور اشغال میں بڑی پابندی تھی۔ اُن کو جب خلافت سے سرفراز کیا گیا، تو سلسلہ سے وابستہ بہت سے عالموں کو سخت تعجب ہوا۔ اور بہت سے لوگوں نے حضور قبلہؒ سے دریافت بھی کیا۔ آپ نے فرمایا کہ جو کچھ کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی مدد سے امید ہے کہ پورا ہو کر رہے گا۔ چنانچہ علاقہ چاٹگام میں حافظ منیر صاحبؒ کو جو عزت اور شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی وہ اس علاقہ میں آپ کے کسی دوسرے خلیفہ کو حاصل نہ ہو سکی۔

گفتہ اُو گفتہ اللہ بود ∴ گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

حافظ منیر صاحبؒ کے انتقال کے بعد جب حضرت حافظ حاجی حسن صاحب علویؒ ہادیٔ دنیا و مرشدنا حضرت مولانا محمد سعید خاں صاحب قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ کے ساتھ چاٹگام تشریف لے گئے۔ تو حافظ منیر صاحبؒ کے متوسلین میں ہر طبقہ کے لوگ شامل تھے۔ اور اُن کی تعداد اتنی زیادہ تھی کہ ایک روز فجر کی مشغولیت کے بعد مجمع کو دیکھ کر خود

Marfat.com

حضور قبلہؒ حیران و پریشان ہو گئے اور فرمانے لگے کہ میں گوشہ نشینوں کی وراثت کس ہنگامہ میں پھنس گیا ہوں۔ پھر حافظ صاحبؒ کے بڑے صاحبزادے سراج المصطفیٰ صاحب سے فرمانے لگے۔ اس بھیڑ بھاڑ میں کوئی صاحب کمال کیسے پیدا ہو گا۔ صاحب کمال تو غوطہ زن کی طرح ہوتا ہے اور موتی نکالتا ہے۔ جھاڑ پھونک، گنڈہ تعویذ رہے جاگا اور کمال کی رسائی مشکل۔ ناشتہ کے بعد حضرت مرشدنا ادام اللہ فیوضہٗ نے حضور قبلہؒ کو راضی کیا کہ یہ سب متوسلین ہیں اور دیدار کے مشتاق ہیں۔ چنانچہ جب تک باہر رہتے مجمع ایک دروازہ سے آتا اور مصافحہ کر کے دوسرے دروازہ سے باہر چلا جاتا۔ اندازہ کیا گیا کہ اگر اعلیٰ حضرت قبلہؒ، ٹرین سے واپس ہوتے ہیں، تو اسٹیشن پر پہنچتے مجمع پر قابو پانا مشکل ہو جائے گا اور ممکن ہے کہ اس مجمع سے رخصتی کسی واقعہ کا سبب بن جائے۔ چنانچہ ہوائی جہاز سے ڈھاکہ واپس آئے۔

حضرت حافظ حامد حسن صاحب علویؒ علماء کا بڑا احترام کرتے تھے۔ اور بہ ہمہ اختلاف مسالک علماء کے احترام اور تقدس کا ہمیشہ اعتراف کرتے تھے۔ دیوبند تشریف لے جاتے، تو ڈاکٹر احمد اللہ صاحب[1] کے یہاں قیام فرماتے۔ ندوۃ العلماء لکھنؤ، اعظم گڑھ کے مولانا شبلیؒ، شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحبؒ کے خاص شاگردوں

---

[1] ڈاکٹر احمد اللہ صاحب دیوبند ضلع سہارنپور کے خاص لوگوں میں تھے۔ اجازت و خلافت آپکو حضرت حافظ حامد حسن علویؒ سے حاصل تھی۔ لائل پور (پاکستان) میں انتقال ہوا۔ سوانح حیات حضرت حامد حسن صاحب علویؒ ص ۳۸

میں تھے۔ شرف بیعت بھی آپ ہی سے حاصل تھا حضرت شیخ الہند کے وصال کے بعد مولانا شبلی[1] رح نے اعلیٰ حضرت قبلہ قدس سرہٗ سے شرف بیعت حاصل کیا۔ تب بھی دوسرے علماء اور مولانا شبلی رح کے اخلاص میں کسی قسم کا فتور نہیں آیا۔ بلکہ محبت اور خلوص ایک دوسرے سے بڑھتا ہی گیا۔

ایک شخص کے انتقال کے بعد خواب میں دیکھا کہ اُن کے سینہ پر ایک روشنی نمودار ہے۔ اُس نور کے بارے میں تجسّس ہوا۔ پتہ چلا کہ وہ کسی یتیم بچے کی پرورش کر رہے تھے۔ یہ اسی کفالت کا نور ہے۔ ایک بار ایک بھانڈ کا یتیم بچہ آپ کے پاس لایا گیا۔ آپ نے اس کی کفالت اور پرورش شروع کر دی۔ بچہ کبھی کبھی اپنی کوتیا سُناتا۔ بچہ کو خوش کرنے کے لئے آپ مسرت و شادمانی کا اظہار فرماتے۔ تاکہ بچہ باپ کی محبت کا لطف پائے اور خوش ہو۔

حضور قبلہ رح کا ایک غیر مسلم ملازم آپ کی صحبت کے اثر سے مسلمان ہوگیا۔ اس کی بیوی نے اپنے اوچھاؤں کے ذریعہ آپ پر سفلی کا اثر ڈالنے کی کوشش کی اور ظاہر میں مخالفین نے عدالت میں دعویٰ دائر کر دیا۔ حضور قبلہ قدس سرہٗ سے متعلقین پریشان تھے کہ گذشتہ نشینی کی وراثت عدالت امتحان میں کیسے پیش ہوگی۔ تاریخ کے دن جب اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کمرۂ عدالت میں

---

[1] مولانا شبلی رح کا وصال مظفر نگر میں سردار اکرم خاں کے یہاں نوابزادہ لیاقت علی خاں مرحوم کی رسم پر ہوا۔ سوانح حیات حضرت حافظ حاجی حسن صاحب علوی رح۔ ص ۳۸

داخل ہوئے تو انگریز مجسٹریٹ جو بہت سخت تھا۔ احترام میں کھڑا ہوگیا اور وکلا میں حضور قبلہ قدس سرہٗ کی خدمت یا سعادت کے لئے ایسا جوش و خروش تھا کہ عدالت کا یہ رنگ دیکھ کر مدعی فرار ہوگیا۔

قصبہ جان سٹھ ضلع مظفر نگر (اتر پردیش) کے جناب حکیم انوار صاحب مولانا شبلیؒ کے دوستوں میں سے تھے۔ کافی بڑے زمیندار تھے۔ لیکن انتظام کی خرابی کے باعث آہستہ آہستہ ساری جائداد گروی ہوتی گئی اور اس پر مہاجن قابض ہوتے گئے۔ حکیم صاحب بہت پریشانی کی حالت میں حضور قبلہ قدس سرہٗ کے پاس آئے اور دعا کی گذارش کی کہ اللہ جل شانہ اکل حلال کے لئے کچھ حصہ محفوظ رکھے۔ حکیم صاحب چند روز رکے۔ حضور قبلہؒ نے ان کے حق میں دعا کی۔ دعا قبول ہوئی۔ فیصلہ کے وقت جو حکم ہوا، اس سے معلوم ہوا کہ حکیم صاحب کو پوری کامیابی نہیں ہوئی۔ لیکن جب تجویز دیکھی گئی، تو معلوم ہوا کہ اللہ کے فضل و کرم سے کامیاب ہوئے۔[1]

حضرت حافظ حامد حسن صاحب علویؒ اپنے دینی اور دنیاوی معمولات میں نظام اوقات کے بہت سختی سے پابند تھے۔ ہر کام ٹھیک وقت مقررہ پر انجام دیتے تھے۔ روزانہ چوبیس گھنٹے کے اوقات بالکل مرتب اور منضبط تھے۔ ہر لمحہ ذمہ داری اور بیداری کا احساس تھا۔ کہیں بھی بے ضابطگی، بے قاعدگی اور

---

[1] سوانح حیات حضرت حافظ حامد حسن علویؒ ص ۴۱-۴۰

بے اعتدالی کا نام و نشان نہ تھا۔ نماز مغرب کے بعد تقریباً ایک گھنٹہ مراقبہ میں بیٹھتے۔ پھر ضروریات سے فارغ ہونے کے بعد نماز عشا پڑھتے اور درود شریف جس میں تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ صرف ہوتا۔ پھر کھانا تناول فرماتے اور کچھ دیر دینی باتوں میں مریدین کو آگاہی اور ہوشیاری کے لئے صحبت میں رکھتے۔ گیارہ بجے آرام فرماتے گرمی میں دو بجے اور جاڑے میں تین بجے نماز تہجد کے لئے بیدار ہوتے۔ لیکن یہ تین گھنٹے بھی نیند تسلسل کے ساتھ نہیں ہوتی۔ بلکہ ہر پون گھنٹہ، آدھ گھنٹہ کے بعد بیدار ہوتے اور متوسلین کو بیدار کرتے رہتے۔ اکثر تہجد میں جہر کے ساتھ قرأت کرتے، جو ایک دو مریدین موجود ہوتے وہ اقتدار میں ساتھ کھڑے ہو جاتے۔ نماز تہجد کی چار رکعتوں کے بعد وتر پڑھتے۔ پھر سورہ الم سجدہ اور سورہ ملک بلند آواز سے تلاوت فرماتے۔ اس کے بعد هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ کا ذکر، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِلَّا اللّٰهُ کا تیج ضربی ذکر، اَللّٰهُ اَللّٰهُ کا چہار ضربی ذکر فرماتے۔ مراقبہ رہتے۔ صبح صادق ہوتے ہی فجر کی نماز اوّل وقت ادا کرتے اور مراقبہ میں بیٹھتے۔ سورج نکلنے تک فارغ ہو کر باہر تشریف لاتے۔ ناشتہ کے بعد کھیتی کے کاموں کی نگرانی کے لئے کھیت یا کھلیان جاتے۔ مریدین بھی ساتھ ہوتے۔ وہاں بھی وعظ و نصیحت، تلقین و ارشاد کا کام جاری رہتا۔ دس بجے ملازموں اور مزدوروں کو ضروری ہدایات دے کر گھر تشریف لاتے۔ ضرورت سے فارغ ہونے کے بعد اپنی بیٹھک مسجد میں دو رکعت نماز چاشت ادا کرتے۔ بقیہ ذکر اذکار پورا کر کے ایک گھنٹہ بعد باہر تشریف لاتے۔ دن کا کھانا کھانے کے بعد جاڑے میں ہلکا قیلولہ

Marfat.com

اور گرمی میں گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ کا قیلولہ کر کے نماز ظہر ادا کرتے۔ قرآن پاک کی تلاوت فرماتے اور مریدوں کو توجہ دیتے۔ پھر کھیتی کے کاموں کی نگرانی کے لئے روانہ ہو جاتے۔ اکثر عصر کی نماز وہیں پڑھتے۔ مغرب کی نماز سے کچھ پہلے گھر واپس آجاتے تھے۔

روزانہ کے نظام کے اوقات کے ساتھ ہی کچھ سالانہ نظام اوقات بھی تھے۔ جون سے جنوری تک کوہاٹ میں قیام فرماتے تھے۔ آنے جانے والوں کی تعلیم و تربیت میں مصروف رہتے۔ خریف کی بوائی اور کٹائی کے بعد داجد صاحب اور رحمت صاحب کو دروازہ پر ذمہ دار بنا کر تبلیغی سفر پر روانہ ہوتے اور حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ کے ارشاد کے مطابق کم از کم تین مہینے اور کبھی کبھی مئی تک تبلیغی سفر میں رہتے۔ اپنی روزانہ اور سالانہ زندگی کا ضبط اور اس کی پابندی جس استحکام اور استقامت کے ساتھ کرتے۔ وہ مداومت کی ایک بڑی مثال ہے۔ کبھی فرماتے "میں تو اپنی باری جاگ چکا۔ اب جاگے کس کی باری ہے"۔ کبھی فرماتے "سیّد صاحب کا نمونہ بنو۔ پھل سے درخت پہچانے جاتے ہیں"۔

جب تک قویٰ میں صلاحیت رہی۔ رمضان شریف کے روزوں کا بڑا اہتمام رہتا تھا۔ تراویح گاؤں کی جامع مسجد میں ادا فرماتے تھے۔ ہر ترویحہ کے بعد لمبا توقف ہوتا۔ قویٰ میں اضمحلال پیدا ہونے کے بعد تراویح اپنی خانگی مسجد میں ادا فرماتے تھے۔ رمضان شریف میں شب قدر کی تلاش کا بھی بڑا اہتمام تھا۔ دو بار شب قدر کے حصول کی سعادت نصیب ہوئی۔ عام طور پر نماز ظہر کے بعد

Marfat.com

قرآن پاک تلاوت فرماتے تھے۔ اور کبھی کبھی چاشت کے بعد بھی۔ قرآن پاک کی توجہ اور نسبت نماز ظہر کے بعد ہی دیتے تھے۔

کھیتی میں اللہ جل شانہٗ نے بڑی برکت دی۔ اصول زراعت کا پورا لحاظ رہتا۔ کھیتوں کی جتائی، بوائی اور کٹائی بالکل وقت پر ہوتی۔ سوکھا ہوتا یا سیلاب پیداوار میں صرف دس پانچ من کا فرق ہوتا۔ اس پر لوگوں کو تعجب ہوتا۔ فرماتے اگر نہ ہو تو مہمان کیا کھائیں۔ دینی پروردہ کی حیثیت عام پروردہ کی نہ ہوتی۔ بلکہ ان کے لئے ہر طرح کا پہلے اور بروقت اہتمام رہتا۔ رمضان المبارک کے مہینہ میں پیداوار کا حساب کر کے زکوٰۃ کی رقم ادا کر دیتے تھے۔

اس کے بعد حرمین شریفین کی زیارت کو تشریف لے گئے۔ مولوی نذیر احمد صاحب چاٹگامیؒ۔ مولوی فضل حق صاحب تنکنیاوی، حاجی سعید صاحب کھنڈوی، صوفی عبدالمجید صاحب اور ڈاکٹر حفیظ اللہ صاحب شریک سفر تھے۔ مکہ معظمہ میں ایک روز حضرت شیخ سنوسیؒ سے ان کے گھر پر ملاقات ہوئی۔ شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحبؒ کے شاگرد مولانا عبید اللہ سندھیؒ مسجد حرام میں ایک جگہ درس لے رہے تھے، اس میں شریک ہوئے۔

جیوں جیوں حضور قبلہ قدس سرہٗ کے قویٰ کمزور ہونے لگے۔ جلد جلد کام کی تکمیل کی طرف متوجہ ہوئے۔ جائداد کو وقف علی الاولاد کر دیا۔ دینی معاملات کی ذمہ داری ان لوگوں کے سپرد کر دیں۔ اپنے پیر و مرشد حضرت سید عبدالباری شاہؒ کی سوانح حیات مرتب کرایا اور سلسلہ کی تعلیمات کو مرتب کرنے کا حکم دیا، تاکہ

Marfat.com

اختلاف نہ ہو۔ کتاب تعلیمات بھی تسلسل کے ساتھ مختلف تجربوں اور مشاہدوں کے بعد مرتب ہو چکی ہے۔ بنڈیل شریف ضلع ہوگلی میں اپنے پیر و مرشد کے مزار مبارک سے متصل پچھم ایک خانقاہ تعمیر کرایا اور اس کے دروازہ پر لکھوا دیا "یہ خانقاہ زائرین کے لئے وقف ہے۔ اس میں رسومات صوفیہ مثل سماع وغیرہ کی اجازت نہیں" اس خانقاہ کی تعمیر میں چاٹگام، پورنیہ اور چترا ضلع بیربھوم کے متوسلین نے بڑی سرگرمی اور جوش عمل کا ثبوت دیا۔ الحاج محمد سعید الہ آبادی مرحوم نے بیجر کے فرائض انجام دیئے اور مسٹر ضلع اعظم گڑھ کے عبدالعزیز مستری نے تعمیر کا کام کیا۔ خود اعلیٰ حضرت قبلہ قدس سرہٗ بھی عام مزدوروں کے ساتھ سرگرم عمل رہے۔ چاٹگام کے ایک اعلیٰ عہدہ دار جناب عبدالغنی صاحب حضور قبلہ رح کی ممتاز، پُروقار اور وجیہہ شخصیت کو مزدوروں کے ساتھ مصروف کار دیکھ کر سخت متحیر ہوئے اور حالات معلوم کرنے کے بعد تنہائی میں دریافت فرمایا کہ آپ تو ہمارے یہاں کے بڑے پیر ہیں اور یہاں مزدوروں کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ اعلیٰ حضرت قبلہ رح نے خاص لہجہ سے فرمایا کہ یہی خدمت ہے، جو بڑے پیر صاحب کہلاتی ہے۔

اعلیٰ حضرت الحاج حافظ حامد حسن صاحب علوی رح کو معدہ کی تکلیف اور ریاحی پریشانی بہت پہلے سے تھی۔ کبھی کبھی اشغال میں پورا وقت گزارنے میں خلل ہوتا تھا۔ ۱۹۴۲ء سے ہر لمحہ وقت موعود کا انتظار رہتا۔ معدہ کا علاج ہوتا، مگر کوئی تدبیر کارگر نہ ہوتی۔ ظاہر اہوش بھی آہستہ آہستہ جواب دینے لگا۔ بڑھاپے کے ساتھ قویٰ کا اضمحلال بڑھنے لگا۔ اہلیہ محترمہ کا وصال ہو چکا تھا۔ فرزند ارجمند جناب باقر علی

صاحبؒ بھی رخصت ہو چکے تھے۔ ظاہری بیماری روزانہ بڑھتی رہی۔ آخر وقت میں بنڈیل شریف جانے کی خواہش کا اظہار فرمایا۔ لیکن ایسے حال میں متعلقین کو ہنڈہ سے باہر لے جانے پر راضی نہیں ہوئے۔ مجبوراً سفر ملتوی کر دیا گیا۔ لیکن کچھ دنوں بعد اس خیال سے کہ حضور قبلہ قدس سرہٗ کی صاحبزادی صاحبہ کے یہاں زیادہ خدمت ہو سکے گی اور خدمت کرنے والوں کو آسانی ہو گی۔ آپ کو شاہ گنج لایا گیا اور وہاں سے گونڈہ پہنچایا گیا۔ وہاں کچھ دنوں بعد اپنے بھانجہ اور داماد جناب التفات احمد صاحب کی قیام گاہ پر اتوار ۱۶ ربیع الاول ۱۳۷۹ھ = ۳۰ ستمبر ۱۹۵۹ء کو ۱۲ بجے کے قریب یکایک روح جسد عنصری سے پرواز کر گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ چہرہ پر تبسم اور خوشی کی دید تھی۔ گونڈہ میں جس شخص نے اللہ کے اس نوری صفات بندے کے جسم خاکی کو غسل دلایا۔ اُس کا بدن روشن اور منور ہو گیا[1]۔ سوموار یکم اکتوبر کو ٹرنک کال سے خبر ہونے پر ہادینا و مرشدنا حضرت مولانا محمد سعید خاں صاحب قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ اعظم گڑھ سے چند ساتھیوں کے ساتھ آٹھ بجے شب میں گونڈہ پہنچے۔ نماز عشاء کے بعد جنازہ باہر لایا گیا۔ نماز جنازہ کی امامت کا شرف اعلیٰ حضرت قبلہ عالم مدظلہٗ کو حاصل ہوا۔ شہر کے باہر فیض آباد روڈ پر جناب التفات احمد صاحب کی ایک زمین[2] تھی، وہیں دفن کئے گئے۔

---

[1] بحوالہ جناب ولی محمد صاحب لال گنج، ضلع اعظم گڑھ (مرید حضرت مولانا عبدالحی اشرف صاحبؒ کچھوچھہ شریف ضلع فیض آباد) آستانہ حضرت مخدوم سید اشرف جہانگیر سمنانیؒ کچھوچھہ شریف۔ جمعہ ۹ محرم ۱۳۹۲ھ = ۲۵ فروری ۱۹۷۲ء۔ [2] اب یہ زمین اُنزولہ کولڈ

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۵۲ پر)

الحاج حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی قدس سرہٗ کی پہلی شادی
ننھاؤں ہی میں ہوئی تھی، جو عین الحق صاحب مرحوم کی ہمشیرہ اور اکرام الحق صاحب کی
پھوپھی تھیں۔ ان سے حضرت کے دو صاحبزادے اور ایک صاحبزادی بی بی مقبولہ
خاتون تھیں۔ بی بی مقبولہ خاتون رح کو شرف بیعت ہادینا و مرشدنا حضرت مولانا
محمد سعید خاں صاحب قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ سے حاصل تھا۔ ان کی شادی سنجر پور[1]
ضلع اعظم گڑھ میں جناب شیخ عبدالستار صاحب سے ہوئی تھی۔ اخیر عشرہ رمضان المبارک
۱۳۹۲ھ - نومبر ۱۹۷۲ء میں سنجر پور میں انتقال ہوا۔ ان کے تین صاحبزادے

[بقیہ حاشیہ ص ۳۵۱ کا]

اسٹوریج کے احاطہ میں آگئی ہے۔ جس کے ایک آنولہ ضلع گونڈہ کے جناب الحاج عبدالستار خاں صاحب
ہیں۔ یہ کولڈ اسٹوریج شہر کے جنوبی مشرقی حصہ میں فیض آباد روڈ کے کنارے پچھم ہے۔ کولڈ اسٹوریج
اور سڑک کے درمیان دس بیس اور کشادہ میدان ہے، جس میں کھیتی ہوتی ہے اور درمیان سے کولڈ اسٹوریج
کی سڑک گذرتی ہے۔ کولڈ اسٹوریج کے قریب اور اس کی سڑک سے اتر نہایت ہی پر فضا جگہ پر حضرت
حافظ حامد حسن صاحب قدس سرہٗ کا مزار مبارک ایک احاطہ کے اندر ہے۔ کولڈ اسٹوریج کے قریب ہی اتر
پچھم میں جگر میموریل ہال اسکول کی عمارت تعمیر ہوئی ہے۔ کولڈ اسٹوریج کے پاس ہی سے ایک خام سڑک
نکلتی ہے اور اسٹیشن روڈ سے جا کر ملتی ہے۔

---

[1] سنجر پور۔ مقام و ڈاکخانہ سنجر پور، تھانہ نظام آباد۔ مئو سے اعظم گڑھ ہوتے ہوئے شاہ گنج کو
جانے والی ریلوے لائن پر سرائے میر اور پھریا اسٹیشنوں کے درمیان اعظم گڑھ سے بیس کیلو میٹر پچھم
سنجر پور ہالٹ اسٹیشن ہے۔

Marfat.com



۲۰ - مزار مبارک حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رح - فیض آباد روڈ - گونڈہ

Marfat.com

حسن سعید۔ حسین اجلی اور حسین کمال ہیں۔ حسین اجلی صاحب اخبار دعوت دہلی میں کام کرلہے تھے۔ حسن سعید صاحب گھر پر کھیتی کرتے ہیں۔

حضور قبلہ قدس سرہٗ کے چھوٹے صاحبزادے جناب محمد صاحب نے پندرہ سولہ سال کی عمر میں غالباً سنہ ۱۹۲۰ء میں انتقال کیا۔ بڑے صاحبزادے جناب باقر علی صاحب آسنسول[1] ضلع بردوان (مغربی بنگال) کے پاس سری پور ہاٹ میں کوئلہ کی ٹھیکہ داری کا کاروبار کرتے تھے۔ اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ کے وصال سے دو[2] سال قبل جون سنہ ۱۹۵۷ء میں اُن کا سری پور ہاٹ ضلع بردوان میں انتقال ہوا۔ اُن کی پہلی شادی امباری کے پورب پھدگودیا میں ہوئی تھی۔ اُن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی دوسری شادی گیان پور[3] ریاست بنارس میں ہوئی۔ اُن سے ایک صاحبزادے جناب عبدالحق صاحب ہیں۔ جن کی عمر تقریباً ۳۷ سال ہے۔ یہ گرمنٹ کولیری۔ ڈاکخانہ پری ہار پور[4]۔ ضلع بردوان میں ملازم ہیں۔ ان کی شادی مرزاپور میں ہوئی۔ اور ایوان حق، کے نام سے غفور خاں کی گلی۔ شہر مرزاپور (اُتر پردیش) میں مکان بنایا ہے۔ ان کے چار صاحبزادے اور چار صاحبزادیاں ہیں۔ حضور قبلہ قدس سرہٗ کی

---

[1] سری پور آسنسول اور رانی گنج کے درمیان کالی پہاڑی اسٹیشن کے پاس واقع ہے۔

[2] گیان پور پہلے ریاست بنارس میں شامل تھا۔ انضمام ریاست کے بعد ضلع مرزاپور میں شامل کیا گیا۔ اب اس وقت ضلع بنارس میں ہے۔ یہ گنگا کے اُتر تقریباً بندھیاچل کے سامنے ہے۔ بنارس الہ آباد میٹر گیج لائن پر دونوں مقامات کے تقریباً بیچ میں وارانا سی جنکشن سے ۶۱ کیلو میٹر پچھم اور الہ آباد سٹی سے ۶۳ کیلو میٹر پورب گیان پور روڈ اسٹیشن ہے۔ قصبہ اسٹیشن سے چند میل اُتر ہے۔

[3] پری ہار پور کالی پہاڑی اسٹیشن کے پاس ہے۔

Marfat.com

کی زندگی میں عبدالحق صاحب نے جائداد کا انتظام سنبھالا تھا۔ لیکن اب کوشنڈہ بہت کم آتے ہیں۔

جناب باقر علی صاحب علوی رح کی تیسری شادی آسنسول کے ایک بہاری خاندان میں ہوئی۔ جن سے ایک صاحبزادے اختر عالم صاحب ہیں۔ ان کی عمر تقریباً ۳۰ سال ہے۔ یہ آسنسول کے پاس نیو کینڈا[1] کولیری میں ملازم ہیں۔ قیام ان کا کوشنڈہ میں رہتا ہے۔ لیکن اپنے سوتیلے بھائیوں سے الگ ہیں۔ ان کی شادی اسنھانواں کے پاس کونند ضلع نالندہ (بہار) میں جناب حکیم محمد ایوب صاحب کی صاحبزادی ریحانہ خاتون سے ہوئی۔ اِن کے دو صاحبزادے اور پانچ صاحبزادیاں ہیں۔

جناب شیخ باقر علی صاحب علوی رح کی چوتھی شادی آسنسول ضلع بردوان ایک بہاری خاندان میں ہوئی۔ جن سے پانچ صاحبزادے اور ایک صاحبزادی رضیہ سلطان صاحبہ ہیں۔ بیگم صاحبہ کا ۱۹۵۸ء میں آسنسول میں مرض سرطان سے انتقال ہوا۔ بڑے صاحبزادے عبدالمنعم صاحب ہیں۔ ان کی عمر تقریباً ۲۷ سال ہے۔ یہ اپنے بھائیوں کے ساتھ کوشنڈہ میں رہتے ہیں اور جائداد کا انتظام کرتے ہیں۔ ان کی شادی منگراواں ضلع اعظم گڑھ میں جناب سراج الحق صاحب کی صاحبزادی سے ہوئی ہے۔ ایک صاحبزادی آسمہ خاتون دو سال کی ہیں۔ دوسرے صاحبزادے عبدالمنان صاحب ہیں۔ ان کی عمر ۲۴ سال ہے۔ ان کی شادی سبرحد ضلع جون پور کے جناب مقبول خاں صاحب کی صاحبزادی

---

[1] کینڈا آسنسول سے متصل ہے۔

Marfat.com

سے ہوئی ہے۔ تیسرے صاحبزادے عبدالرشید صاحب ۲۲ سال کے ہیں۔ اُن کی شادی سلطان پور میں محمد اسحاق صاحب کی صاحبزادی سے ہوئی ہے۔ یہ سنہ ۱۹۷۳ء تک چوتھے صاحبزادے عبدالقادر صاحب (۲۰ سال) اور پانچویں صاحبزادے عبدالسبحان صاحب (۱۸ سال) کی شادی نہیں ہوئی تھی۔ صاحبزادی رضیہ سلطانہ سب سے چھوٹی ہیں

حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی کی دوسری شادی راجہ پور سکرور میں ہوئی۔ جن سے سات صاحبزادیاں ہوئیں۔ بی بی مسعودہ صاحبہ کی شادی منگراؤں سے دو میل اُتر گنگا گودام پور میں اپنے پھوپھی زاد بھائی جناب حافظ اخلاق احمد صاحب سے ہوئی۔ ان کے ایک صاحبزادے اور ایک صاحبزادی ہیں۔

دوسری صاحبزادی بی بی مسرورہ صاحبہ کی شادی بھی گنگا گودام پور میں اپنے پھوپھی زاد بھائی جناب التفات احمد صاحب سے ہوئی۔ جو ٹامسن کالج گونڈہ میں لکچرر ہیں۔ ان کے تین صاحبزادے اور چار صاحبزادیاں ہیں۔ ایک صاحبزادے کا نام فضل الباری ہے۔ التفات احمد صاحب نے گنگا گودام پور کی زمین فروخت کر کے گونڈہ میں زمین خرید کر لیا ہے۔ حضور قبلہ قدس سرہٗ نے انہیں کے مکان پر گونڈہ میں انتقال فرمایا۔

تیسری صاحبزادی بی بی محمودہ کی شادی سنجر پور کے پاس چھاؤں میں جناب نظیر احمد صاحب سے ہوئی تھی۔ بی بی محمودہ صاحبہ نے حضور قبلہ کی زندگی ہی میں سنہ ۱۹۴۰ء کے قریب انتقال کیا۔ ان کے ایک صاحبزادے جناب خالد صاحب ہیں۔

چوتھی صاحبزادی بی بی فاطمہ کی شادی سرائے میر سے اُتر پورب سیدھا سلطان پور

Marfat.com

موضع میں حافظ حبیب الرحمٰن صاحب سے ہوئی تھی۔ بی بی فاطمہ صاحبہ کا ۱۹۶۳ء کے قریب انتقال ہوا۔ دو صاحبزادے ظہور الحسن اور ظہور الباری اور ایک صاحبزادی بی بی عذرا صاحبہ یادگار ہیں۔ بی بی عذرا صاحبہ کی شادی قصبہ ماہل سے اُتر مخدوم پور میں ہوئی ہے۔

حضور قبلہ قدس سرہٗ کی پانچویں صاحبزادی بی بی آسمہ صاحبہ کی شادی کوسنڈہ میں جناب اکرام الحق صاحب مرحوم سے ہوئی۔ ان کے دو بیٹے نذر الاسلام (۱۷ سال) اور فیض الاسلام (۱۴ سال) اور چھ صاحبزادیاں ہیں۔ ان میں سے چار شادی شدہ ہیں۔ فیض الاسلام صاحب گونڈہ میں رہتے ہیں اور پڑھتے ہیں حضرتؒ کی چھٹی صاحبزادی سابعہ صاحبہ کی شادی سنجر پور کے پاس برسرما میں جناب وحید الدین خاں صاحب سے ہوئی۔ یہ مع اہل وعیال دہلی میں رہتے ہیں۔ اور ہفتہ وار الجمعیۃ کے ایڈیٹر ہیں۔ ان کے ایک بیٹے شمس الاسلام صاحب کا انتقال ہوگیا۔ اب دو بیٹے اور تین بیٹیاں ہیں۔ ایک صاحبزادے کا نام ظفر الاسلام ہے۔ ایک صاحبزادی کی شادی حیدر آباد میں اور دوسری کی دہلی میں ہوئی ہے حضرت قبلہؒ کی ساتویں صاحبزادی ثامنہ خاتون صاحبہ کی شادی کوسنڈہ میں جناب شیخ عبد الرؤف صاحب سے ہوئی۔ ان کے ایک صاحبزادے محمد شاہد صاحب اور چار صاحبزادیاں ہیں۔ مئی ۱۹۷۳ء تک دو صاحبزادیوں کی شادی ہو چکی تھی۔

الحاج حضرت حامد حسن صاحب علویؒ کو ہر لمحہ اتباع سنت کا خیال رہتا تھا۔ اور کبھی کوئی کام خلاف سنت پسند نہیں فرماتے تھے۔ ایک صاحب

Marfat.com

جو پابند صوم وصلوٰۃ تھے۔ لیکن اپنے ماحول کے پیش نظر انہیں ڈاڑھی رکھنے کی جرأت نہ ہوتی تھی۔ اُن سے فرمایا کہ احکام شریعت میں نسخ کا حق نہیں۔ کچھ ہی دنوں بعد آپ کی صحبت کے اثر سے اُن میں اتباع سنّت کا جذبہ پیدا ہوا۔[1]

حضور قبلہ قدس سرّہٗ کو جھاڑ پھونک اور دعا تعویذ سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ آپ کے کسی خلیفہ کے ایک مرید جن کی صحیح تعلیم و تربیت نہیں ہوئی تھی۔ وہ آپ کے پاس آئے اور تعویذ بنانے کی گذارش کرنے لگے۔ مختلف طریقہ سے پریشان کرتے رہے اکرموا ضیوفکم کے پیش نظر آپ نے تین دنوں تک برداشت کیا اور خندہ پیشانی سے جواب دیتے رہے۔ لیکن تین دنوں کے بعد سخت ناراضگی کا اظہار کیا۔ اور اعلیٰ حضرت پیر و مرشد قبلہ مدظلہ سے فرمایا کہ آئندہ صفائی ستھرائی، اصلاح اور سُدھار کا ضرور خیال رکھنا کہ اللہ کے نیک بندوں کی باشعور مقدس اور محترم جماعت تیار ہو سکے۔[2]

جس کام کے لئے کوئی شرعی جواز نہ ہوتا اور جس کو خلاف سنت اور مناسب نہیں سمجھتے اس کو بلا پس و پیش فوراً روک دیتے تھے۔ ایک بار بنڈیل شریف (ضلع ہوگلی) کی مسجد میں جب اذان کے وقت کلوی میاں[3] نے اپنے انگوٹھے کو چومنا چاہا، تو آپ نے پیچھے سے اُن کے دونوں بازو پکڑ لئے اور اس وقت تک پکڑے رہے جب تک اذان ختم نہ ہو گئی۔

---

[1] سوانح حیات حضرت حامد حسن علوی ص ۵۸ [2] سوانح حیات حضرت حامد حسن علوی ص ۵۹ [3] کلوی میاں چنار گڑھ ضلع مرزا پور (اتر پردیش) کے رہنے والے بنڈیل شریف

(بقیہ حاشیہ ص ۳۵۸ پر)

Marfat.com

حضرت حافظ حامد حسن علویؒ میں قوتِ تاثیر اور علمی تبحر بہت تھا۔ آپؒ تحمل و بُردباری، تواضع و خاکساری، ایثار و اخلاص، اعتدال و وسعت نظری کے اعلیٰ نمونہ تھے۔ آپ کے پاس ہر طرف سے مایوس اور محروم معترض، مخالف اور دشمن آتے اور سب کے سب مُرادیں پاکر جاتے۔ آپ کی صحبتِ کیمیا اثر سے ان کی دنیا بدل جاتی۔ مرید ہو جاتے اور ہمیشہ حق اور صداقت کا دَم بھرتے حقیقت نگاہوں میں جگمگا جاتی۔ یاس و ناامیدی ختم ہو جاتی ——— جو شخص بھی آپؒ کے قریب آتا، آشنائے دید و محبت ہو جاتا۔ جذب و کیف، سرشاری اور سرمستی کے عالم میں لُطف و لذت سے آشنا اور محظوظ نظر آتا۔ آپؒ کی مجلس میں تاثیر اور ضبط و ارفتگی کی بنا پر ایسا رنگ ہوتا کہ دوست تو دوست دشمن بھی گرویدہ ہو جاتا۔

جناب مولانا فصیح احمد صاحب[1] بہاریؒ کو دارالعلوم دیوبند کے شیخ الحدیث

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۵۷ کا]

ضلع ہوگلی کے مشہور لوگوں میں سے ہیں۔ اُن کا خصتی کا کاروبار ہے۔

---

[1] الحاج مولانا قاری سید فصیح احمد صاحبؒ ۱۳۲۲ھ / ۱۹۰۴ء میں اُدگانواں، تھانہ استھانواں ضلع پٹنہ (اب ضلع نالندہ) بہار میں پیدا ہوئے۔ تاریخی نام محمد خورشید علی تھا۔ ابتدائی تعلیم آپ کے والد مولوی محمد حسین صاحب (متوفی ۱۰ ستمبر ۱۹۴۸ء) کی نگرانی میں پورینی ضلع بھاگل پور اور گیا میں ہوئی۔ پھر کان پور اور وہاں سے دیوبند ضلع سہارن پور تشریف لے گئے۔ ۱۹۲۵ء میں دورۂ حدیث شریف کے بعد تعلیم سے فراغت حاصل کی۔ جناب مولانا نثار احمد صاحبؒ (بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۵۹ پر)

حضرت مولانا انور شاہ کشمیری رح سے شرف تلمذ حاصل ہونے پر بڑی مسرت تھی اور آئندہ کے لیے برابر اُن کی یہی دعا رہی کہ طریقت اور سلوک میں بھی کوئی ایسا ہی محترم امام مل جائے۔ چنانچہ جب اُن کی حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رح سے ملاقات ہوئی

[بقیہ حاشیہ ص ۳۵۸ کا]

بھگوتی پور۔ تھانہ سنگھ وار ضلع دربھنگہ۔ متوفی ۱۰ ستمبر ۱۹۶۹ء) کے گھر کے دوستوں میں تھے۔ اُن ہی کی کوششوں سے پہلے مدرسہ سہارن پور میں ملازم ہوئے۔ پھر نگینہ ضلع بجنور میں کام کیا۔ ۱۹۲۷ء میں وسط ہند میں واقع، راجپوتانہ کی واحد مسلم ریاست ٹونک کے پرگنہ سیرونج (اب ضلع وِدیشا۔ مدھیہ پردیش) کے مدرسہ ریاض المدارس میں متعین ہوئے اور درمیان میں ایک سال چھوڑ کر ۱۹۴۸ء تک اُسی مدرسہ سے وابستہ رہے۔ درمیان میں ایک سال کے لئے مدرسہ عزیزیہ بہار شریف تشریف لائے تھے۔ ۱۹۴۸ء کے بعد اپنے وطن کے قریب مدرسہ محمدیہ استھانواں ضلع پٹنہ (اب ضلع نالندہ) میں منتقل ہوگئے۔ استھانواں میں مکان خرید کر وہیں اقامت اختیار کر لی۔ اجازت و خلافت آپ کو حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رح سے حاصل تھی۔ آپ نے استھانواں، بہار شریف، بارڈھ، گیا اور بردنی کے آس پاس بہت کام کیا سینکڑوں افراد آپ کے دامن تربیت سے وابستہ ہوئے۔ عام طور پر سلسلہ عالیہ چشتیہ میں تعلیم دیتے تھے اور اجازت و خلافت حاصل ہونے کے باوجود اپنے متوسلین کو اعلیٰ حضرت پیر و مرشد قبلہ ادام اللہ فیوضہ سے بیعت کراتے تھے۔ جمعہ ۸ جمادی الاخر ۱۳۸۹ھ = ۲۲ اگست ۱۹۶۹ء کو سہ پہر میں تین بجے انتقال ہوا۔ استھانواں ضلع نالندہ میں دفن کئے گئے۔ آپ کے چھوٹے بھائی مولانا معظم حسین صاحب قاسمی مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ، پٹنہ میں ٹیچر اور مدرسہ کے جونیر سکشن کے انچارج ہیں۔ آپ کے ایک صاحبزادے کلکتہ یونیورسٹی میں اردو کے لکچرر ہیں۔ اور دوسرے بھیا ضلع گیا میں مولوی ہیں۔ ہفتہ وار نقیب پھلواری شریف ضلع پٹنہ مصبح اننت بمبر۔ مارچ سنہ ۱۹۷۱ء ص ۳۸-۳۰

Marfat.com

تو اُن کو یقین ہوا کہ دعا کو قبولیت کا درجہ حاصل ہوا۔ جناب مولانا آزاد رسول[1] صاحب مدظلہٗ رُشد و ہدایت اور روحانیت کی تلاش میں بہت سرگرداں اور پریشان رہے۔ اِس غرض سے وہ مسجد و مندر اور شیخ و برہمن سب تک دوڑے۔ لیکن کہیں پیاس نہ بجھی۔ حضور قبلہ قدس سرّہٗ سے ملاقات کے بعد معلوم ہوا کہ آبِ حیات کے قریب پہنچ گئے ہیں اور اب سیرابی اور زندگی یقینی ہے۔

کوشٹہ میں کوئی کتب خانہ اور مطالعہ کا کوئی ظاہری سامان موجود نہیں ہوتے کے باوجود آپ کے تبحرِ علمی کا یہ عالم تھا کہ جس مسئلہ پر گفتگو کرتے ایسا معلوم ہوتا کہ علم و فضل کا دریا جاری ہے۔ حیرت انگیز حد تک مضامین کی آمد ہوتی تھی۔ جو مضمون شروع کرتے۔ اسباب و علل کے ساتھ مفصّل بیان فرماتے۔ یہ مکتب کی کرامت نہ تھی، بلکہ فیضانِ نظر تھا۔ ایک بار ناشتہ کے وقت اعلیٰ حضرت پیر و مرشد قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ کے ذہن میں یہ وسوسہ پیدا ہوا کہ حضور قبلہ قدس سرّہٗ تصوّف کے امام کی حیثیت رکھتے ہیں۔ لیکن خلفائے راشدین رضؓ کے بارے میں آپ کیا بیان فرمائیں گے۔ ابھی یہ وسوسہ باقی تھا کہ حضور قبلہ قدس سرّہٗ نے خلفائے راشدین اور صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین کے بارے میں گفتگو شروع کی اور مسلسل ڈھائی گھنٹے تک اس موضوع پر دلیل اور ثبوت کے ساتھ بیان

---

[1] جناب مولانا آزاد رسول صاحب مدظلہٗ کنکر دلی ضلع اُدے پور (راجستھان) کے رہنے والے اور جامعہ ملیہ اسلامیہ جامعہ نگر نئی دہلی ۲۵ میں جامعہ کے پرائمری سکشن کے انچارج ہیں۔ حضرت سیّد عبدالباری شاہ رح اور حضرت حافظ احمد حسن صاحب علوی رح کی سوانح حیات آپ ہی کے زیر اہتمام دہلی سے شائع ہوئی ہے۔

Marfat.com

فرماتے رہے۔ ایک بار مبارک پور (ضلع اعظم گڑھ) میں مزارعت کے مسئلہ پر کافی دیر تک پورے ثبوت کے ساتھ گفتگو کی۔ ایک بار رات کو سوتے وقت حماسہ کے اشعار اور جن جنگوں میں وہ کہے گئے تھے، تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا۔ پھر فرمانے لگے کہ لوگ کہتے ہیں کہ مجھے علم لدنی حاصل ہے۔ چاٹگام میں بھی آپ کے بارے میں ایسا ہی مشہور تھا۔

طبیعت میں خاکساری، تحمل، اور بردباری کا مادّہ بہت تھا۔ اگر کبھی کسی مُرید کی زجر و تنبیہ کی ضرورت پڑتی، تو پھر فوراً ہی ضبط اور تحمل کے بعد ہنس کر اس کا غم غلط کر دیتے۔ اکثر اپنے پیر و مرشد قطب ارشاد حضرت سید عبدالباری شاہ رحمہ کے مشفقانہ انداز تربیت کا ذکر فرماتے۔ سفر ہو یا حضر، ہر جگہ اپنے مریدین اور متوسلین کے ساتھ احترام اور برابری سے پیش آتے اور کبھی بھی اپنے لئے کوئی خاص امتیاز پسند نہیں فرماتے۔ ماسٹر محمد عیسیٰ[1] صاحب کی صاحبزادی کی تقریب شادی میں شریک ہوئے۔ پالکی واپس کر دی اور مئی کے مہینہ میں اسٹیشن سے متوسلین کے ساتھ پاپیادہ کئی میل کا سفر کر کے کوٹر یا پار پہنچے۔ واپسی میں جب سب کے لئے سواری کا انتظام ہوا تو پالکی سے اسٹیشن آئے۔ جلال پور[2] ضلع فیض آباد، کوسنڈہ سے تیرہ چودہ میل اندر ہے۔

---

[1] ماسٹر محمد عیسیٰ صاحب کوٹر یا ضلع اعظم گڑھ کے رہنے والے تھے۔ ہجرت کر کے پاکستان چلے گئے۔ اجازت و خلافت حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رحمہ سے حاصل ہے۔ ابھی حیات ہیں اور لالو کھیت کراچی (پاکستان) میں مقیم ہیں۔

[2] دیکھئے ص ۱۷-۳۱۶: جلال پور ضلع فیض آباد کے جناب حافظ محمد ظہور مرحوم حضرت قدس سرہ کے خلیفہ تھے۔ جن کے ذریعہ جلال پور میں کام جاری ہوا۔ اور بہت سے لوگ کام میں لگے۔

سوانح حیات حضرت حامد حسن علوی رحمہ ص ۶۵-۶۸

Marfat.com

رشد و ہدایت کی غرض سے وہاں تشریف لے جاتے تھے اور اتنی لمبی مسافت پیدل ہی طے کرتے تھے۔ شاہ گنج جنکشن کو ہنڈہ سے پانچ چھ میل کے فاصلہ پر ہے۔ وہاں بھی تبلیغی کام سے پیدل تشریف لے جاتے تھے اور پیدل ہی واپس آتے تھے۔

حضور قبلہ قدس سرّہٗ بہت ہی سادہ لباس پہنتے تھے۔ عام طور پر لنگی، سادہ کرتا، گول ٹوپی اور کبھی کبھی پاجامہ اور پوری آستین کی بنڈی بھی پہنتے تھے۔ لیکن سادگی ہمیشہ ملحوظ خاطر رہتی اور اپنے متوسلین کو بھی سادہ زندگی گزارنے کی تلقین فرماتے تھے۔ دسترخوان پر حضور قبلہ رح کے لئے جو کی چھوٹی چھوٹی دو ٹکیاں آتی تھیں جن میں ایک ہی آدھی تناول فرماتے۔ پوری تن دہی اور انہماک سے کھیتی میں مشغول رہتے اور اپنے کو قوتِ لایموت کے لئے کسب محنت کا ذمہ دار جانتے۔ اور سب کچھ اللہ کے لئے رکھتے۔ صدقات اور زکوٰۃ واجبہ کی ادائیگی کے بعد ساری پیداوار اللہ کے نیک بندوں پر خرچ ہوتی۔ اپنے مریدین اور متوسلین کو اولاد کی طرح پیار کرتے تھے۔ اور اپنا سب کچھ اللہ والوں کے لئے وقف سمجھتے تھے۔[1]

حضور قبلہ قدس سرّہٗ کے متوسلین میں مختلف مکتبہ خیال کے لوگ شامل تھے۔ مشائخ کی عظمت کے لحاظ کے باوجود مسائل تصوّف کے سوا دوسرے اُمورِ شرعی میں کسی شیخ کی پیروی نہیں۔ بلکہ امام اعظم ابو حنیفہ رح کی تقلید کو ضروری سمجھتے تھے۔ دنیاوی معاملات میں اپنے متوسلین کے اجتہاد اور اختلاف رائے کو جائز سمجھتے تھے۔

---

[1] سوانح حیات حضرت حامد حسن علوی رح صہ ۶۸-۶۵

مسلک میں استحکام تھا۔ لیکن اگر کوئی شخص کسی مسئلہ میں آپ کی رائے سے اپنی موافقت کا فائدہ اُٹھانا چاہتا، تو پسند نہیں فرماتے۔ اور کہتے کہ آزادیٔ رائے کی گنجائش ہے۔ اس طرح آپ مسائل میں اعتدال اور مسالک میں پوری احتیاط برتتے۔ جماعت کے اصول کا لحاظ کرتے اور اشخاص کی شخصیتوں اور اُن کی کیفیات پر بھی نگاہ رکھتے تھے۔[1]

حق سے خاموشی کو گناہ جانتے تھے۔ ایک بار ایک مجلس میں جہاں آپ بھی موجود تھے۔ کسی واعظ نے شہداء کے مدارج بیان کرتے ہوئے بتلایا کہ انبیاء علیہم السلام کے بعد اُنہیں کے امتیازات ہیں۔ آپ نے فوراً ٹوکا اور فرمایا کہ نبیین کے بعد صدیقین ہیں۔ پھر شہداء اور صالحین۔ اس طرح بیچ کی ایک کڑی کو کیوں نظر انداز کر رہے ہیں۔[2] علمی معاملات میں رواجی۔ ظنی اور مشتبہ باتوں کو پسند نہیں فرماتے تھے۔ بلکہ تحقیق و تفتیش کو ضروری سمجھتے تھے۔ چنانچہ ایک بار ایک تعلیم یافتہ شخص کے اس خیال سے متعجب ہوئے کہ فرعون دریائے نیل میں غرق ہوا۔ آپ نے فرمایا کہ یہ غلط ہے۔ اور آیاتِ قرآنی کی روشنی میں ثابت کیا کہ فرعون دریائے نیل میں نہیں، بلکہ بحر قلزم میں غرق ہوا۔[3]

حضور قبلہؒ کے نزدیک انسانیت کا ایک مقام تھا اور اسی کے ساتھ

---

[1] سوانح حیات حضرت حاجی حسن علویؒ ص ۶۷-۶۸

[2] سوانح حیات حضرت حاجی حسن علویؒ ص ۷۴

[3] سوانح حیات حضرت حاجی حسن علویؒ ص ۷۵-۷۶

اکرام مومن کی بھی اہمیت تھی۔ وہاں ذات اور نسل حسب و نسب سامنے نہیں رہتا۔ بلکہ چھوٹا ہو یا بڑا۔ ادنیٰ ہو یا اعلیٰ۔ بنیاد خوبی اور کمال ہوتا کوئی اور چیز نہیں ایمان کی استدار کلمہ کے اقرار سے جانتے۔ کیونکہ وہ عامی مومن جو ظاہری معصیت میں گرفتار ہے۔ ممکن ہے ایسی ساعت پا جائے کہ اس کا نورِ ایمانی چمک اٹھے اور خاتمہ بخیر ہو۔ بارہا ایسا ہوا ہے کہ ظاہر میں خراب سے خراب انسان کو کلمہ کی برکت کی بنا پر اللہ جل شانہٗ نے ایسے کام کی توفیق دی کہ اس کے لئے آخرت کی خوبی کا ذریعہ بن گیا۔ اس لئے کلمہ کی بڑی قدر تھی۔ کلمہ ایمانی کو جاری اور عام کرنے اور اس کے انوار کو کام میں لانے کی پوری کوشش رہتی کہ مومنین، صدیقین کی راہ پر چل کر اخلاص اور احسان کی دولت سے مالا مال ہو جائیں[1]۔

جناب حافظ حامد حسن صاحب علوی قدس سرہٗ نے اپنے انتقال سے پانچ سال قبل رمضان المبارک ۱۳۷۴ھ = مئی ۱۹۵۵ء میں اپنے مریدین اور متوسلین کی رہنمائی کے لئے جو وصیتیں تحریر فرمائی تھیں وہ ذیل میں درج کی جاتی ہیں:-

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

اما بعد: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَیْهِ

---

[1] سوانح حیات حضرت حامد حسن علوی صفحہ ۱۶۸

[2] سوانح حیات حضرت حامد حسن علوی صفحہ ۱۶۸-۱۶۷

Marfat.com

الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ[1] ۝ اللہ رب العزت کے نزدیک قبولیت اور محبوبیت کے کچھ اصول ہیں جن سے بلند عزائم والوں کو آراستہ ہونا اور کچھ محرومی اور ناکامی کے اسباب ہیں جن سے اصحاب ہمم کو بچنا اور احتراز کرنا ضروری ہے۔

۱۔ بنیادی چیز جس سے ہر بلندی کی ابتدا ہوتی ہے۔ خوف خدا ہے۔ انسان میں اگر خوفِ خدا نہ ہو تو کسی طرح قبولیت ممکن نہیں۔

۲۔ محبت الٰہی ترقی اور عروج کا بنیادی سرچشمہ ہے، جو اصحابِ محبت کی صحبتوں سے آسانی سے حاصل ہوتا ہے۔

۳۔ اخلاص، اللہ کی رضا اور اطاعت کے جذبہ سے عمل کی ابتدا ہونی چاہیئے۔ اگر یہ چیزیں مفقود ہیں، تو جو لوگ ان صفات عالیہ سے متصف ہوں ان کی صحبت سے یہ چیزیں حاصل ہو سکتی ہیں۔

۴۔ مسنونہ اور ماثورہ اشغال میں کسب اور مجاہدہ ترقی کی راہ کھولتا ہے۔ اور خامیوں کو دفع کرتا ہے۔ صفائی باطن کے لئے خلوت لازمی ہے۔ اس سے حال و مقام بن سکتا ہے۔

۵۔ اصحاب تقویٰ کے آپس میں اخلاص و محبت سے متحابون فی اللہ بنا لشکر منظم ہوتا ہے۔

---

[1] قرآن پاک۔ سورۂ مائدہ (۵) آیت ۳۵؛ پارہ ۶۔ رکوع ۱۰۔ (اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اللہ تعالیٰ کا قرب ڈھونڈو۔ اور اللہ کی راہ جہاد کیا کرو۔ امید ہے کہ تم کامیاب ہو جاؤ گے)۔

Marfat.com

۶۔ حُبِّ دنیا سب کی بنیادی خامی ہے جس سے احتراز کرنا لازمی ہے۔

۷۔ اختلاف، جمعیت کو پراگندہ کر دیتا ہے۔ اس سے بچنا ضروری ہے۔ آپس میں اگر کسی بات میں اختلاف ہو تو خاموشی سے اس کا تدارک کرنا چاہیئے، جو غلطی پر ہو اسے محبت آمیز لہجہ میں سمجھانا چاہیئے۔ تاکہ اختلاف بڑھنے نہ پائے اور آپس کی محبت میں کوئی گڑبڑ نہ ہو۔

۸۔ نیابت اور خلافت میں اہلیت کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ محض آبائی وراثت کو بنیاد بنانے سے مستقبل تاریک ہو جائے گا۔

۹۔ نسبت صوفیہ کی تکمیل کے لئے اصحابِ نسبت کی تعظیم و تکریم اور ان کا احترام لازمی ہے۔

۱۰۔ ریاضت، شغل و اشغال کا حاصل تقرّب الٰہی ہے۔ قدم سعی بشیر بہتر تا آنکہ جنت الفردوس، دیدار خدا حاصل ہو۔

۱۱۔ سلسلہ کے احباب کو چاہیئے کہ معاصرت اور مسابقت کے غلط اثرات سے متاثر نہ ہوں۔ آپس میں اخلاص اور محبت کا برتاؤ رکھیں اور اپنے کو امام الطریقہ حضرت سید عبدالباری شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا مرید خیال کریں کہ اس سے بے شمار فائدے ہیں۔ وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغ

(دستخط) حامد حسن علوی عفی اللہ

۲۹ رمضان المبارک

سنہ ۱۳۷۴ھ

الحاج حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی قدّس سرّہٗ نے اپنی زندگی ہی میں سلسلہ کے لئے تعلیمات کی کتاب مرتّب کرادی تھی۔ تاکہ آئندہ اختلاف نہ ہو۔ اِس میں تفصیل سے مسائل سمجھائے اور بتلائے گئے ہیں۔ اجمال و تفصیل کے ہر پیچ و خم سے آگاہ اور واقف کیا گیا ہے۔ کتاب تعلیمات کے صفحات ۲۹، ۳۰ اور ۳۱ پر حضور قبلہ قدّس سرّہٗ کے خلفا کی فہرست چھپی ہے۔ یہ فہرست میری گذارش پر آئینۂ دیسی کے لئے اعلیٰ حضرت پیر و مرشد قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ کے بڑے نواسے بابو اسرار الحق خاں[1] محترم نے نقل کرکے

---

[1] محترم المقام جناب بابو اسرار الحق خاں؛ بی۔ اے؛ بی۔ ایڈ اعلیٰ حضرت پیر و مرشد قبلہ مدظلہٗ کے بڑی صاحبزادی مرحومہ کے فرزند رشید پھولپور ضلع اعظم گڑھ کے اُتر نوادہ کے رہنے والے نہایت ہی صالح اور لائق و فائق نوجوان ہیں۔ بچپن ہی سے اعظم گڑھ میں اعلیٰ حضرت قبلہ عالم مدظلہٗ کے ساتھ رہے اور فیوض و برکات سے مستفید ہوتے رہے۔ بی۔ اے اور بی۔ ایڈ کے امتحانات پاس کرنے کے بعد حمیدیہ نیشنل کالج اعظم گڑھ میں اِل۔ اِل۔ بی کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ تعلیم تصوّف مکمّل ہو چکی ہے۔ اپنی امتیازی خصوصیت کے باعث کالج میں نیشنل کیڈٹ کور کے اعلیٰ ترین عہدہ پر پہنچ گئے تھے۔ فوج میں کمیشن کے لئے انتخاب ہو چکا تھا۔ لیکن والدہ مرحومہ کی مخالفت کی وجہ سے اس عہدہ کو قبول نہ کر سکے۔ اعظم گڑھ میں اعلیٰ حضرت قبلہ عالم ادام اللہ فیوضہٗ اور آپ کے متوسّلین مہمانوں کی خدمت میں ہمہ تن مصروف رہتے ہیں۔ عبادت و ریاضت، خدمت، سادگی، تقویٰ و پرہیزگاری کے اعلیٰ نمونہ ہیں۔ بہرائچ، جونپور، بمبئی، کلکتہ اور اعظم گڑھ میں آپ نے بڑا کام کیا ہے۔ اِس نوجوانی میں سیکڑوں آدمی آپ کی کوششوں سے راہ راست پر آکر اعلیٰ حضرت کے متوسّلین میں شامل ہوئے ہیں (بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۴۸ پر

بھیجا ہے۔ جسے شکریہ کے ساتھ ذیل میں درج کیا جا رہا ہے :-

۱ - جناب ڈاکٹر احمد اللہ خاں صاحب مرحوم - دیوبند ضلع سہارن پور

۲ - جناب سید عبد الجلیل صاحب مرحوم - شاہ پور ضلع فتح پور

۳ - جناب سید شاہ محمد احسن صاحب مرحوم - یحییٰ پور - شہزادہ آباد

۴ - جناب محمد سعید صاحب مرحوم - یحییٰ پور - شہزادہ آباد

۵ - جناب صوفی عبد المجید صاحب مرحوم - برہریا ضلع اعظم گڑھ

۶ - جناب محمد خلیل خاں صاحب برہریا ضلع اعظم گڑھ

۷ - جناب محی الدین خاں صاحب جمعدار مرحوم - برہریا ضلع اعظم گڑھ

۸ - جناب حافظ محمد ظہور صاحب مرحوم - جلال پور - ضلع فیض آباد

۹ - جناب عبد الرؤف صاحب مرحوم - قصبہ مئو - ضلع اعظم گڑھ

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۶۷ کا]

کئی آدمی آپ کے دست حق پرست پر مشرف بہ اسلام ہوئے ہیں۔ چند سال قبل جون پور کے محلہ سیاہ میں گومتی ندی کے کنارے ابراہیم شاہ شرقیہ کی تعمیر کردہ جھنجھری مسجد کے پاس عصر کے وقت آپ کو حضرت خواجہ خضرؑ کی زیارت نصیب ہوئی۔ گفتگو بھی ہوئی۔ آپ کے تمام ساتھیوں اور پاس میں کام کرنے والی ایک دھوبن نے بھی حضرت خواجہ خضرؑ کو گومتی کے سطح آب پر دیکھا اور دھوبن سخت متعجب ہوئی۔

(مئی ۱۹۷۳ء کو آپ کی والدہ محترمہ کا اعظم گڑھ میں وصال ہوا۔ اس سے چند روز قبل آپ کی شادی شرعی طور پر نہایت سادگی کے ساتھ انجام پائی۔ اعلیٰ حضرت قبلہ عالم مدظلہٗ کے حکم سے متوسلین کی ابتدائی تعلیم اسرار بابو کے ذریعہ ہوتی ہے۔

۱۰۔ جناب ولی محمد میاں صاحب مرحوم ۔ قصبہ مئو ۔ ضلع اعظم گڑھ
۱۱۔ جناب مولانا عبدالسمیع صاحب مرحوم ۔ بہورواضلع بلیا
۱۲۔ جناب صوفی عبدالستار صاحب مرحوم ۔ ہنگنیاں ۔ ضلع پورنیہ
۱۳۔ جناب الحاج محمد احسان صاحب مرحوم ۔ کھمیاں ۔ ضلع پورنیہ
۱۴۔ جناب مولوی محمد شبلی صاحب مرحوم ۔ نندائوں ضلع اعظم گڑھ
۱۵۔ جناب مولوی نذیر احمد صاحب مرحوم ۔ چنوتی ۔ ضلع چاٹگام (بنگلہ دیش)
۱۶۔ جناب مولوی محمد منیر صاحب مرحوم ۔ حالی شہر ۔ ضلع چاٹگام (بنگلہ دیش)
۱۷۔ جناب مولوی عبدالجبار صاحب مرحوم ۔ ساگ پورہ ضلع چاٹگام (بنگلہ دیش)
۱۸۔ جناب مولوی خلیل احمد صاحب مرحوم ۔ منوہ ضلع چاٹگام ۔ (بنگلہ دیش)
۱۹۔ جناب مولوی فضل حق صاحب مرحوم ۔ چنوتی ۔ ضلع چاٹگام (بنگلہ دیش)
۲۰۔ جناب مولوی فضل الرحمٰن صاحب مرحوم ۔ کریدنگر ۔ ضلع چاٹگام (بنگلہ دیش)
۲۱۔ جناب مولوی شرف الدین صاحب مرحوم ۔ انوارا ۔ ضلع چاٹگام (بنگلہ دیش)
۲۲۔ جناب مولوی مظفر صاحب مرحوم ۔ مندو ضلع اکیاب (برما)
۲۳۔ جناب مولوی تراب الدین صاحب مرحوم ۔ مندو ضلع اکیاب (برما)
۲۴۔ جناب مولوی مطیع الرحمٰن صاحب مرحوم ۔ منی بیل ضلع اکیاب (برما)
۲۵۔ جناب مولوی عبدالسلام صاحب مرحوم ۔ گرام پاڑا ۔ ضلع اکیاب (برما)
۲۶۔ جناب عبدالجبار صاحب مرحوم ۔ مولی پاڑا ۔ ضلع اکیاب (برما)
۲۷۔ جناب مولوی عبداللہ صاحب مرحوم ۔ سندی پرانگ رنگون (برما)

Marfat.com

۲۸۔ جناب مولوی ولی احمد صاحب مرحوم۔ بندر پرانگ۔ رنگون (برما)

۲۹۔ جناب مولوی نذیر احمد صاحب مرحوم۔ ہلی بازار۔ رنگون (برما)

۳۰۔ جناب عبدالجبار صاحب ولد حمید علی مرحوم مولی باڑا۔ ضلع اکیاب رنگون (برما)

۳۱۔ جناب مولوی جمال الدین صاحب قطب دیا۔ ضلع چاٹگام (بنگلہ دیش)

۳۲۔ جناب حکیم مولوی قاضی میز الدین صاحب چینوتی ضلع چاٹگام (بنگلہ دیش)

۳۳۔ جناب سید حافظ منظور احمد صاحب مرحوم۔ یحییٰ پور شہر الہ آباد

۳۴۔ جناب حکیم مولوی محمد عمر صاحب مرحوم۔ قصبہ سنو۔ ضلع اعظم گڑھ۔

۳۵۔ جناب منشی محمد شفیع صاحب مرحوم۔ بمبئی

۳۶۔ جناب ماسٹر محمد علیی صاحب لالو کھیت کراچی (پاکستان)

۳۷۔ جناب مولوی محمد سعید خاں صاحب، نوناری، ضلع اعظم گڑھ۔

ابھی تک الحاج حافظ حامد حسن صاحب علوی کے خلفاء کے حالات اور اُن کے شاندار کارناموں کو مرتب کرنے کی کوشش نہیں کی جا سکی ہے اور ان میں سے اکثر بزرگوں کے اسمائے گرامی اور اُن کے مختصر پتہ کے سوا ہمیں کچھ بھی معلوم نہیں۔

جناب ڈاکٹر احمد اللہ صاحب مرحوم دیوبند ضلع سہارن پور کے رہنے والے تھے اور وہاں کے مشہور اور خاص لوگوں میں سے تھے۔ حضور قبلہ قدس سرہٗ جب بھی دیوبند تشریف لے جاتے تھے، تو انہیں کے یہاں قیام فرماتے تھے۔ غالباً عظیم کی تقسیم کے بعد پاکستان چلے گئے اور صوبہ پنجاب کے شہر لائل پور میں اُن کا انتقال ہوا۔

شہر الہ آباد میں چوک سے کچھ آگے بھارتی بھون اسٹریٹ الہ آباد جنکشن سے تقریباً
½ ۱ میل دکھن پورب یحییٰ پور ایک مشہور محلہ ہے حضور قبلہ قدس سرہٗ کبھی کبھی الہ آباد
جاتے تھے۔ وہاں جناب سید شاہ محمد احسن[۳] صاحب مرحوم، جناب محمد سعید[۴] صاحب
مرحوم اور جناب سید حافظ منظور احمد تین خلفاء کے نام ملتے ہیں۔ بہریا ضلع اعظم گڑھ
کے نظام آباد تھانہ میں شہر اعظم گڑھ سے ۱۴ میل پچھم قدرے دکھن اور سنجر پور سے
ڈیڑھ میل اُتر پورب ہے۔ سنجر پور ہالٹ اسٹیشن سے بہریا صرف ایک میل کے
فاصلہ پر ہے۔ بہریا میں حضرت رح کی چھٹی صاحبزادی سالمہ خاتون صاحبہ کی شادی
حمید الدین خاں صاحب سے ہوئی۔ بہریا میں بھی آپ کے تین خلفاء جناب صوفی
عبد المجید[۵] صاحب مرحوم، جناب محمد خلیل[۶] صاحب مرحوم اور جناب محی الدین خاں صاحب
جمعدار صاحب مرحوم تھے۔ جمعدار صاحب مرحوم کا مزار بھوپال میں ہے۔

جناب حافظ محمد ظہور صاحب[۸] جلال پور ضلع فیض آباد کے رہنے والے تھے۔ جلال
پور کوہنڈہ سے تقریباً چودہ میل اُتر معالی پور ریلوے اسٹیشن اور اشرف پور کچھوچھہ
کے درمیان واقع ہے۔ تاریخی مقام اور کپڑے کی صنعت کا مرکز ہے[۱]۔ حافظ محمد ظہور
صاحب مرحوم کے ذریعہ وہاں بہت کام ہوا اور حضور قبلہ تبلیغی کاموں کے سلسلہ میں
اکثر وہاں پا پیادہ جایا کرتے تھے۔

قصبہ مئو ضلع اعظم گڑھ کی محمد آباد تحصیل میں ٹونس ندی کے کنارے ایک مشہور
مقام اور جنکشن بنارس میرزگنج لائن پر ریلوے جنکشن ہے اس صنعتی مرکز کو

---

[۱] دیکھئے ص ۱۷-۳۱۶

مئو ناتھ بھنجن[1] کہتے ہیں۔ یہ ضلع اعظم گڑھ کا سب سے بڑا شہر اور شمالی ہندوستان میں کپڑے کی صنعت کا بڑا مرکز ہے۔ یہاں مسجدیں اور دینی ادارے بہت ہیں۔ اِس وقت یہاں کے مولانا حبیب الرحمٰن صاحب مدظلہٗ علمِ حدیث میں بڑی شہرت رکھتے ہیں۔ یہاں جناب عبدالرؤف[9] صاحب مرحوم اور جناب ولی محمد میاں[10] مرحوم اور جناب حکیم مولوی محمد عمر صاحب[34] مرحوم تین خلفاء کے نام ملتے ہیں۔

مولانا عبدالسمیع[11] صاحب مرحوم ضلع بلیا میں بلتھرا روڈ اسٹیشن سے ایک میل اُتر بہور واگاؤں کے رہنے والے تھے۔ بہور وا میں چمڑہ کی تجارت کرنے والے خوش حال مسلمانوں

---

[1] مئو ناتھ بھنجن ندی کے دائیں کنارے پر ۲۵ درجہ ۷ دقیقہ شمال اور ۸۳ درجہ ۴۴ دقیقہ مشرق پر واقع ہے۔ یہاں سے ایک برانچ لائن اعظم گڑھ ہوتے ہوئے شاہ گنج کو جاتی ہے۔ ۱۹۰۱ء میں یہاں کی آبادی ۱۷،۶۹۶ تھی۔ شہر بہت پرانا ہے لیکن اس کی تاریخ معلوم نہیں ہے۔ آئین اکبری میں ایک مہال یا پرگنہ کا صدر مقام لکھا ہے۔ شہنشاہ شاہ جہاں نے اسے اپنی لڑکی جہاں آرا بیگم کو جاگیر میں دیا۔ شاہی امداد سے اس کی بڑی ترقی ہوئی۔ اُس زمانہ میں شہر میں ۸۴ محلّے اور ۳۶۰ مسجدیں تھیں۔ شہزادی جہاں آرا کی بنوائی ہوئی سرائے موجود ہے۔ زیادہ تر آبادی مومن برادری کے مسلمانوں کی ہے۔ ۱۹۶۱ء کی مردم شماری میں آبادی ۴۸،۷۸۵ تھی۔ دواخانہ، تھانہ اور ڈاک وغیرہ ہے۔ امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد ۱۸ صفحہ ۲۲۳؛ اعظم گڑھ ضلع سنس ہینڈ بک ۱۹۶۱ء صفحہ ۹۔ مئو کے قریب بوہرا میں حضرت مخدوم شاہ ابوالغوث گرم دیوانؒ، مہرولی میں حضرت مخدوم شاہ اسماعیلؒ اور ولید پور میں حضرت شیخ محمد کامل قادریؒ (متوفی ۱۳۲۲ھ = ۱۹۰۴ء) کے مزارات ہیں۔ شیراز ہند جون پور سید اقبال احمد جون پوری صفحہ ۷۱۳ اور صفحہ ۷۹۴

Marfat.com

کی آبادی ہے۔ یہاں بستی کے پورب تالاب کے مغربی کنارے پر مولانا عبدالسمیع صاحبؒ کا مزار ہے۔ مولانا عبدالسمیع صاحبؒ نے گیا اور اورنگ آباد کے علاقے میں بہت کام کیا۔ زیادہ تر سلسلہ عالیہ چشتیہ میں تعلیم دیتے تھے۔ کشف و اشراح بہت ہوتا تھا اور آپکی سادگی اور نیکی سے فائدہ اٹھا کر بہت سے لوگ آپ سے اس طرح کی باتیں دریافت کرتے تھے اور پھر حضور قبلہ قدس سرہٗ کو ان باتوں کی خبر کر دیتے تھے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں ایک دو بار آپ کی تادیب بھی کی گئی۔ مولانا عبدالسمیع صاحبؒ مرحوم صاحب خدمت بزرگ[1] تھے اور باطنی نظام کی مجلسوں میں شریک ہوتے تھے اور ان کی کوشش ہوتی تھی کہ اس طرح کی مجلس میں سیاسی مسائل میں ان کی رائے کا غلبہ ہے۔

گیا میں جب ایک بار ایک بنگالی مجذوب نے سلیمان کریم صاحب کی ساری روحانی صلاحیتیں سلب کر لی تھیں اور یہ سخت بیمار ہو گئے تھے اور حالت بے حد خراب تھی۔ جمعہ کی نماز سے پہلے ان کو نیند آئی اور دیکھا کہ مولانا عبدالسمیع صاحب مرحوم اس مجذوب کے سر کا بال پکڑے ہوئے گھسیٹتے ہوئے لا رہے ہیں اور اس کی اس ناقابل معافی جرأت پر سخت سزا دینا چاہتے ہیں۔ وہ مجذوب گریہ وزاری کے ساتھ معافی کا خواستگار تھا۔ آخر سلیمان کریم صاحب نے معاف کر دیا۔ ان کی ساری طاقتیں واپس آئیں۔ نیند سے بیدار ہوتے ہی طبیعت شاداں و فرحاں ہو گئی اور بآسانی جمعہ کی نماز کے لئے مسجد میں حاضر ہوئے[2]۔

---

[1] سوانح حیات حضرت حامد حسن علوی، ص ۱۱۲

[2] بحوالہ جناب سلیمان کریم صاحب فیضی بوٹ ہاؤس۔ مقابل چھتہ مسجد گیا۔ (بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۷۴ پر)

Marfat.com

ضلع پورنیہ (بہار) کے اَمور تھانہ میں ایک مقام ہفنیان ہے۔ جو نارتھ ایسٹ فرنٹیر ریلوے کی بارسوئی سلی گوری لائن کے سورجا کمال اسٹیشن سے تقریباً چار میل (۶ کیلومیٹر) پچھم مہاندا اور کنکئی ندیوں کے درمیان دونوں کے مقام اتصال سے کچھ اُوپر واقع ہے۔ یہاں حضور قبلہ قدس سرّہٗ نے ایک خانقاہ تعمیر کرائی تھی اور تبلیغی کاموں کے سلسلہ میں وہاں برابر تشریف لے جاتے تھے۔ اُن دنوں میٹر گیج کی لائن صوبہ بہار کے آخری سب ڈویژن کے صدر مقام کشن گنج میں ختم ہو جاتی تھی۔ سورجا کمال[1] اسٹیشن قائم نہیں ہوا تھا۔ حضور قبلہ رح کشن گنج سے ایک اسٹیشن دکھن کانکی میں اُترتے تھے اور وہاں سے مہاندا کو عبور کر کے پیدل یا بیل گاڑی پر چھ سات میل کا سفر کر کے ہفنیار پہنچتے تھے۔ اِس کوردہ دیہات کا دشوار گذار اور تکلیف دہ راستہ کبھی بھی آپ کی تبلیغی کاوشوں اور اللہ کے بندوں کو اللہ سے ملانے کے ذوق وشوق کی راہ میں حائل نہیں ہوا۔ یہاں بہت سے لوگ دامنِ تربیت سے وابستہ ہوئے اور تعلیم میں لوگوں نے بہت جوش و خروش کا اظہار کیا۔

کتاب تعلیمات کی فہرست میں ضلع پورنیہ کے صرف دو خلفاء جناب عبدالستار[12] صاحب مرحوم اور حاجی محمد احسان[13] صاحب مرحوم کے نام شامل ہیں۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۷۳ کا]

جناب سلیمان کریم صاحب، بہار شریف سب ڈویژن کے رہنے والے اور پروفیسر نواب کریم صاحب بہار نیشنل کالج پٹنہ اور جناب حافظ کریم ریٹائرڈ اڈیشنل کلکٹر کے چچا زاد بھائی ہیں۔

[1] سورجا کمال اسٹیشن ڈال کولا اور کانکی کے درمیان آزادی کے بعد (بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۷۵ پر)

Marfat.com

لیکن اجازت وخلافت جناب منشی غلام محی الدین صاحب مرحوم اور حافظ عبدالحفیظ صاحب مرحوم کو بھی حاصل تھی۔ کتاب تعلیمات کی فہرست میں ان دونوں بزرگوں کا نام چھوٹ گیا ہے۔ اسی طرح کی ایک فروگذاشت جناب مولانا فصیح احمد[1] بہاریؒ کے سلسلہ میں ہوئی ہے۔ اُن کو بھی اجازت وخلافت حاصل تھی۔ اُن کا نام بھی فہرست میں شامل نہیں ہے۔ اِس سے اندازہ ہوتا ہے کہ خلفاء کی فہرست مکمل نہیں ہے اور کچھ بزرگوں کے نام شامل نہیں ہیں۔

جناب صوفی عبدالستار صاحب مرحوم اور جناب منشی غلام محی الدین صاحب مرحوم دونوں ہمنیاں کے رہنے والے تھے۔ صوفی عبدالستار صاحب مرحوم کا سوانحی ۱۲ ربیع الاوّل ۱۳۸۲ھ = ۲۸ ماہ ساون ۱۳۶۹ فصلی = ۱۳ اگست ۱۹۶۲ء کو اور جناب منشی غلام محی الدین صاحب کا بدھ ۱۲ ربیع الآخر ۱۳۸۴ھ = ۲۷ ماہ ساون

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۷۴ کا]

قائم ہوا ہے۔ یہ تقریباً ہمنیاں کے سامنے پورب ہے۔ سورجا کمال اسٹیشن کٹیہار جنکشن سے ۷۵ کیلومیٹر، اُتر پورب بارسوئی جنکشن سے ۳۵ کیلومیٹر اور کشن گنج سے ۲۰ کیلومیٹر دکھن ہے۔ یہی سُرجاپور پرگنہ کا صدر مقام تھا۔ سُرجاپوری بولی اور سُرجاپوری آم اُسی پرگنہ کے نام پر ہے۔ اسی لائن پر بارسوئی جنکشن سے گیارہ کیلومیٹر اُتر سُدھانی اسٹیشن ہے۔ جہاں سے ڈیڑھ دو میل پچھم مہانڈا کے دائیں کنارے پر رحمان پور بستی ہے۔ جہاں سلسلہ نقشبندیہ، ابوالعلائیہ کے مولانا حفیظ الدین صاحب لطیفیؒ کا مزار ہے۔ کٹیہار میں دارالعلوم لطیفی آپ ہی کے نام پر ہے۔

[1] جناب مولانا فصیح احمد صاحبؒ استھانواں ضلع پٹنہ (اب ضلع نالندہ) دیکھئے طبقہ ۳۵۵

سنہ ۱۳۷۱ فصلی = ۱۲ اگست سنہ ۱۹۶۴ء کو ہفتیاں میں انتقال ہوا۔ دونوں بزرگوں کے مزارات ہفتیاں میں خانقاہ سے متصل اتر ہیں۔ حضرت کے تیسرے خلیفہ جناب حاجی محمد احسان صاحب مرحوم ہفتیاں کے قریب کھمیاں گاؤں کے رہنے والے تھے۔ انہوں نے منگل ۲۲ جمادی الآخر سنہ ۱۳۷۶ھ = ۲۵ دسمبر سنہ ۱۹۵۶ء کو انتقال کیا اُن کا مزار کھمیاں ہی میں ہے۔ جناب حافظ عبدالحفیظ صاحب مرحوم نندنیاں[1] گاؤں کے رہنے والے تھے۔ اُن کا وصال بھاٹا باڑی میں ہوا اور وہ وہیں مدفون ہیں[2]۔

جناب صوفی عبدالستار صاحب مرحوم کے صاحبزادے صوفی عبدالحلیم صاحب خانقاہ ہفتیاں کے نگراں ہیں اور سلسلہ کے کاموں سے بہت دلچسپی لیتے ہیں۔ آپ کے ایک بھائی ڈاکٹر صاحب سورجا کمال میں پریکٹس کرتے ہیں۔ اُن کے ایک صاحبزادے محمد حرار صاحب نے پٹنہ یونیورسٹی سے اُردو میں ام۔اے کیا ہے اور دوسرے صاحبزادے محمد حسنین پٹنہ یونیورسٹی کے بی کام میں پڑھتے ہیں۔ جناب منشی غلام محی الدین صاحب مرحوم کے صاحبزادے ابومسعود صاحب نے ریاضی میں ام۔اے، پی۔ایچ۔ڈی کیا ہے۔ اور وہ کلکتہ کے پاس کلیانی یونیورسٹی میں ملازم ہیں۔

بہار کا ضلع پورنیہ جہاں اس وقت بارہ لاکھ سے زیادہ مسلمان آباد ہیں۔

---

[1] نندنیاں۔ ڈاکخانہ میرو پہاٹ۔ براہ سونتھا۔ ضلع پورنیہ۔

[2] خط جناب صوفی عبدالحلیم صاحب خانقاہ ہفتیاں۔ ڈاکخانہ ہفتیاں، براہ بالسی۔ ضلع پورنیہ۔ مورخہ ۶ جولائی سنہ ۱۹۷۵ء اور ۲ ستمبر سنہ ۱۹۷۵ء

اور وہاں کی پوری آبادی میں مسلمانوں کا تناسب تقریباً چالیس فی صد ہے اور ہندوستان کے تمام اضلاع سے یہاں اردو بولنے والوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے[1]۔ اس کی طرف حضور قبلہ قدس سرہٗ نے کافی توجہ کیا تھا۔ اور اعلیٰ حضرت پیر و مرشد قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ بھی وہاں اکثر تشریف لے جاتے رہے ہیں۔ پورنیہ ضلع کے مشرقی حصہ میں سلسلہ کے بہت لوگ ہیں۔ وہاں زیادہ تر لوگوں کی تعلیم سلسلہ عالیہ قادریہ میں شروع ہوتی ہے بہفنیاں میں سلسلہ کے لوگوں میں کافی ذوق و شوق پایا جاتا ہے۔ عبدالحلیم صاحب کے خاندان کے اکثر افراد کو اعلیٰ حضرت پیر و مرشد قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ سے شرف بیعت حاصل ہے۔ وہاں اکثر شادیاں اعلیٰ حضرت قبلہ کی تشریف آوری کے موقع پر شرعی انداز سے بالکل سادہ طریقہ پر انجام پاتی ہیں۔

جناب مولوی محمد شبلی صاحب مرحوم شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحبؒ کے خاص شاگردوں اور مریدوں میں تھے۔ حضرت شیخ الہندؒ جب کہیں باہر تشریف لے جاتے، تو کبھی کبھی مولانا شبلی مرحوم کو بھی اپنی جگہ پہ رکھ جاتے تھے۔ حضرت شیخ الہندؒ کے وصال کے بعد مولانا محمد شبلی مرحومؒ نے حضرت حافظ حامد حسن صاحب علویؒ

---

[1] ۱۹۶۱ء کی مردم شماری میں پورنیہ ضلع کی پوری آبادی ۳۰۸۹۱۲۸ میں مسلمان ۱۱۶۳۹۳۶ تھے اور اُن کا تناسب ۳۷٫۶۸ فی صد تھا۔ جو بہار میں مسلم آبادی کے عام تناسب ۱۲٫۴۵ فی صد سے تین گنا زیادہ تھا۔ مردم شماری ہند ۱۹۶۱ء۔ مذہب ۱۔ مترا ۱۹۶۷ء صفحہ ۴۹-۴۷؛ اگر یکم نومبر ۱۹۵۶ء کو پورنیہ ضلع کے مشرقی تھانوں سے ۹۰۶ مواضعات ۲۳۷ مربع میل رقبہ (بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۷۸ پر)

کی طرف رجوع کیا اور خلافت سے سرفراز ہوئے۔ مولانا محمد شبلیؒ کا وطن نندا ؤں ضلع اعظم گڑھ تھا، جو سرائے میر اسٹیشن سے ۵ میل دکھن اور اعلیٰ حضرت قبلہ عالم ادام اللہ فیوضہٗ کے وطن نونہاری سے چار میل پورب قدرے دکھن ہے۔ مولانا شبلیؒ کا وصال مظفر نگر میں سردار اکرم خاں کے یہاں نواب زادہ لیاقت علی خاں مرحوم کی کوٹھی پر ہوا۔ وصال کی خبر پہنچتے ہی دارالعلوم دیوبند بند کر دیا گیا۔ وہاں کے لوگوں نے جنازہ میں شرکت کی۔ مزار عام قبرستان میں ہے۔[1] حضور قبلہ رحؒ کے ایک خلیفہ جناب منشی محمد شفیع صاحب مرحوم[35] بمبئی میں تھے۔

ضلع چاٹگام (جنگلہ دیش) کے ست کانیا[2] تھانہ میں سانگو ندی سے چند میل دکھن پورب اراکان روڈ کے ۳۸ ویں میل پر چونا ٹی واقع ہے۔ یہاں اُتر پچھم میں انوار اسے پچھم میں سانگو ندی کے جنوبی کنارے پر نال موڑ اہوتے ہوئے دوسری سڑک آکر مل جاتی ہے۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۷۷ کا)

اور ۳۷۰،۶۶۶ نفوس کی مسلم اکثریت والی آبادی کے ساتھ مغربی بنگال کو منتقل نہیں کئے جاتے، تو سنہ ۱۹۶۱ء میں ان علاقوں کی مسلم آبادی میں ۸۳٫۲۹ فی صد کے اضافہ کے ساتھ سابق پوربیہ ضلع میں مسلم آبادی کا تناسب ۵۰ فی صد کے قریب ہو جاتا۔

---

[1] سوانح حیات حضرت حامد حسن علوی رح صفحہ ۳۸

[2] سنہ ۱۹۴۱ء میں ست کانیا تھانہ کا رقبہ ۲۰۷ مربع میل اور آبادی ۲۱،۸۷۷ تھی جس میں ۱۷۰،۵۲۷ مسلمان تھے۔ ست کانیا تھانہ اس وقت چاٹگام جنوبی سب ڈویژن میں شامل ہے جس کا صدر مقام پاٹیا ہے۔ ست کانیا سے چونا ٹی چند میل دکھن پچھم ہے۔ ست کانیا تھانہ کے اُتر سانگو ندی، پچھم میں سانگو ندی اور بانس کھالی تھانہ۔ پورب میں چاٹگام ہل ٹریکٹ۔ دکھن میں چکاریا تھانہ ہے۔ مردم شماری ہند ۱۹۴۱ء بنگال۔ آر۔ اے۔ ڈویشن سنہ ۱۹۴۲ء۔

Marfat.com

چنانچہ چٹاگانگ جنوبی صدر سب ڈویژن میں سانگوندی کے دکھن چونائی کو ذرائع آمد و رفت کے لحاظ سے مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ ضلع چاٹگام میں حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رح کے تین خلفاء جناب مولوی نذیر احمد[۱۵] صاحب مرحوم، جناب مولوی فضل حق صاحب مرحوم اور جناب حکیم مولوی قاضی میر احمد[۳۲] صاحب کا تعلق اس چونائی سے ہے۔ لیکن ان لوگوں کا کوئی حال معلوم نہیں ہے۔

جناب حافظ محمد میر صاحب رح ضلع چاٹگام کے حالی[۱] شہر کے رہنے والے تھے۔ اس کا محل وقوع معلوم نہیں ہو سکا ہے۔ حافظ صاحب رح کی ظاہری تعلیم بہت زیادہ نہیں تھی۔ لیکن معمولات اور اشغال میں حضرت قبلہ قدس سرہٗ کا رنگ غالب تھا۔ جب ان کو خلافت سے سرفراز کیا گیا، تو لوگوں کو بہت تعجب ہوا۔ حضور قبلہ قدس سرہٗ نے فرمایا کہ جو کچھ کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی مدد سے امید ہے کہ پورا ہو کر رہے گا۔ حافظ صاحب مرحوم کو بڑی شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی اور ہر طبقہ کے لوگ اُن سے وابستہ ہوئے۔ حافظ صاحب مرحوم کے بڑے صاحبزادے کا نام سراج المصطفیٰ ہے۔ حافظ صاحب مرحوم کے انتقال کے بعد جب حضور قبلہ قدس سرہٗ اعلیٰ حضرت پیر و مرشد قبلہ مدظلہٗ کے ساتھ چاٹگام تشریف لے گئے، تو حافظ صاحب رح

---

[۱] حالی شہر کا محل وقوع معلوم نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے کہ یہ قطب یا جزیرہ سے اتر پورب بانس کھالی تھانہ کا کوئی مقام ہو۔ بانس کھالی تھانہ میں بانس کھالی سے کچھ دکھن پورب جٹالی نامی کا ایک مقام ہے۔ جو چاندپور اور پوچ ہاری کے درمیان گزرنے والی سڑک پر واقع ہے۔

Marfat.com

کے متوسلین کا اتنا بڑا مجمع حضور قبلہؒ سے ملاقات کے لئے حاضر تھا کہ اتنی کثیر تعداد کو دیکھ کر پریشان ہوئے۔ آخر میں یہ مجمع ایک دروازہ سے آتا اور مصافحہ کرکے دوسرے دروازہ سے نکل جاتا۔ یہ اُس شخص کے متوسلین کا حال تھا جس کی خلافت پر لوگ شک و شبہ کئے ہوئے تھے۔ مگر "قدر گوہر شاہ داند، یا بداند جوہری"۔

حالی شہر کی طرح ضلع چاٹگام کے ساگ پورہ، منوہ اور کریانگر کے محل وقوع اور وہاں کے خلفاء مولوی عبدالجبار صاحب مرحوم، مولوی خلیل احمد صاحب مرحوم اور مولوی فضل الرحمٰن صاحب مرحوم کے حالات بھی معلوم نہیں ہیں۔ حضرت قبلہؒ کے خلیفہ جناب مولوی شرف الدین صاحب مرحوم انوارا ضلع چاٹگام کے رہنے والے تھے۔ کرنافلی اور سانگو ندیوں کے درمیان انوارا[1] چاٹگام کا مشہور تھانہ ہے۔ یہ چاٹگام سے تقریباً ۱۶ میل دکھن قدرے پورب کی طرف ہے اور کرنافلی ندی کے دکھن چاٹگام سے چونائی اور چاندپور کو جانے والی سڑک انوارا سے گزرتی ہے۔

ضلع چاٹگام کے قطب دیا میں حضور قبلہ قدس سرہٗ کے خلیفہ مولوی جمال الدین[2] صاحب مرحوم تھے۔ متاموہاری ندی کے دہانہ پر بالس کھالی

---

[1] سنہ ۱۹۴۱ء میں انوارا تھانہ کا رقبہ ۱۶۱ مربع میل آبادی ۹۹،۶۶۵ تھی جس میں ۷۰،۲۴۸ مسلمان تھے۔ انوارا تھانہ بھی چاٹگام جنوبی صدر سب ڈویژن میں شامل ہے۔ اس کے اتر میں پاٹیا تھانہ۔ پورب اور دکھن میں سانگو ندی اور پچھم میں سمندر اور کرنافلی کا دہانہ ہے۔ مردم شماری ہند سنہ ۱۹۴۱ء بنگال۔ آدمے ڈویژن سنہ ۱۹۴۲ء۔ چٹاکانگ کا لائٹ ہاؤس ساحل سمندر پر انوارا تھانہ میں سانگو ندی کے دہانہ کے اوپر واقع ہے۔

Marfat.com

کے دکھن پچھم ساحل سمندر کے قریب قطب دیا[1] نامی جزیرہ ہے۔ اس جزیرہ کے شمالی مغربی گوشہ میں قطب دیا لائٹ ہاؤس ہے۔ اور لائٹ ہاؤس کے متصل دکھن ساحل سمندر پر قطب دیا قصبہ ہے۔ مولوی جمال الدین صاحب مرحوم اسی قصبہ کے رہنے والے تھے۔

برما کے ضلع اکیاب میں حضور قبلہ قدس سرہٗ کے چھ خلفاء کے مزار ہیں ان میں سے دو مندوں کے، دو مولی بارا کے۔ ایک منی بیل اور ایک گرام باڑا کے رہنے والے تھے۔ ان بزرگوں کے کچھ حالات معلوم نہیں ہو سکے ہیں اور چونکہ مفصل نہیں ہے اور نہ بڑے پیمانہ پر برما کا کوئی نقشہ موجود ہے۔ اس لئے ان مقامات کے محل وقوع کی تعیین بھی مشکل ہے۔ آٹھویں اور نویں صدی عیسوی میں عرب مسلمان تاجروں کی ساحل چٹاگانگ اور ساحل اراکان پر آمد و رفت شروع ہو گئی تھی اور

---

[1] قطب دیا جزیرہ چاٹگام ضلع کے کوکس بازار سب ڈویژن میں ساحل سمندر کے پاس ۱۳ میل لمبا اور دو سے تین میل چوڑا جزیرہ ہے سنہ ۱۹۰۱ء میں یہاں کا رقبہ ۳۵ مربع میل اور آبادی ۱۰۶۹۳ تھی اور سنہ ۱۹۴۱ء کی مردم شماری میں قطب دیا کا رقبہ ۵۰ مربع میل اور آبادی ۵۴۵۷۷ تھی جس میں مسلمان ۳۱۱۵۰ تھے قطب دیا قصبہ میں تھانہ اور ڈاکخانہ ہے۔ یہاں ہمیشہ طوفان کا خطرہ رہتا ہے سنہ ۱۸۹۷ء کے طوفان میں بڑی تباہی آئی۔ مردم شماری ہند سنہ ۱۹۴۱ء بنگال آر سے ٹروش سنہ ۱۹۴۲ء، چاٹگام ضلع گزیٹیر۔ ایس۔ ایس اومیلی کلکتہ سنہ ۱۹۰۸ء، امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد شانزدہم صہ ۵۵

Marfat.com

چاٹگام کی طرح ساحل اراکان پہ بھی اُن کے اثرات موجود[2] ہیں اور برما کے تقریباً آدھے مسلمان ضلع اکیاب میں آباد ہیں۔

اکیاب کا ضلع[1] برما کے اراکان ڈویژن میں مشرقی بنگال کے ضلع چاٹگام سے متصل دکھن خلیج بنگال کے ساحل سمندر پر واقع ہے۔ چاٹگام کے ضلع سے ناف ندی کا دہانہ اس کو الگ کرتا ہے۔ اوکھیار گھاٹ کے پاس دونوں اضلاع کی سرحدیں ملتی ہیں۔ کوکس بازار سے اکیاب ضلع کی سرحد تقریباً ۴۲ میل اور شہر اکیاب تقریباً ۱۱۰ میل دکھن پورب ہے۔ رامو جہاں عہد عالمگیری میں سپہ سالار بزرگ امید خاں کے ایک فوجی دستہ نے میر مرتضیٰ کی ماتحتی میں پہنچ کر اراکانیوں کو شکست[3] دیا تھا، وہاں سے فاصلہ اور کم ہے۔ چاٹگام بہت زمانہ تک اراکانی سلطنت میں شامل رہا۔ ۱۴۳۰ء سے ۱۶۲۲ء تک اراکان کی سلطنت بنگال کے مسلمان حکمرانوں کی ماتحتی میں رہی اور وہاں اسلامی اثرات میں اضافہ ہوا راجاؤں نے اپنے ناموں میں اسلامی نام بھی شامل کیا اور

---

[1] دیکھئے صفحہ ۳-۱

[2] سنہ ۱۹۱۱ء کی مردم شماری میں اکیاب ضلع کا رقبہ ۵،۱۳۶ مربع میل اور آبادی ۴۸۱،۶۶۶ نسمہ تھی جس میں دو لاکھ ۸۰ ہزار بودھ، ۱۴ ہزار ہندو اور ایک لاکھ ۵۵ ہزار مسلمان تھے مسلمانوں کی آبادی کا تناسب ۲۲،۳۲ فی صد تھا۔ اس ضلع میں اکیاب مِن بیا۔ کیوکٹا اور بھوتی ڈیونگ چار سب ڈویژن اور ۹ ٹاؤن شپ تھے۔ بھوتی ڈیونگ سب ڈویژن۔ اس میں میونڈی کے کنارے چاٹگام اور چاٹگام ہل ٹریکٹ کے قریب ہے۔

[3] دیکھئے صفحہ ۳۶، صفحہ ۴۱ اور صفحہ ۶۲-۶۳

کلمہ شریف کے ساتھ اپنے سکّے ڈھالے[1] پرتگالی قزاقوں کے مظالم سے تنگ آکر چاٹگام کے بہت سے مسلمانوں نے اراکانی سلطنت میں پناہ لیا تھا اور بہت سے مسلمان اراکانی دربار میں معزز عہدوں پر فائز تھے۔ ان میں سکندر نامہ، ہفت پیکر، اور تحفۃ النصائح کے مترجم مشہور شاعر علاول (متوفی سنہ ۱۶۸۰ء[2] بھی تھے۔ شہنشاہ اورنگ زیب کے سپہ سالار میر جملہ سے شکست کھانے کے بعد بنگال کے صوبہ دار شاہ شجاع نے سنہ ۱۶۶۰ء میں اراکانی راجہ سندا تھودما کے دارالحکومت مورمیونگ میں پناہ لیا تھا[3] غرض کہ چاٹگام اور اکیاب کے درمیان بہت زمانہ سے تعلقات رہے ہیں۔ انگریزی دور حکومت میں ایک ہی سلطنت کا حصہ ہونے کی وجہ سے تعلقات میں مزید اضافہ ہوا۔ اس صدی کے اوائل میں اکیاب ضلع کی چار لاکھ ۸۲ ہزار آبادی میں ایک تہائی مسلمان تھے۔ ضلع اکیاب اور اراکان ڈویژن کا صدر مقام اکیاب شہر کلدان ندی کے دہانہ پر واقع ہے۔ سنہ ۱۹۰۱ء میں یہاں کی آبادی ۳۵۶۸۰ تھی۔ یہ برما کا چوتھا بڑا شہر تھا اور شہر میں مسلمانوں کی کافی آبادی تھی۔ اراکانی راجاؤں کا قدیم دارالحکومت میوہونگ اندرونی مشرقی حصہ میں لیمرو ندی کے قریب ایک ٹاؤن شپ کا صدر مقام ہے۔ جو کیوکٹا سب ڈویژن میں شامل ہے۔ آزادی کے بعد برمیوں نے اکیاب کا نام سِتوے رکھا ہے۔

حضور قبلہ قدس سرہٗ کے تین حلفا برما کے دارالحکومت رنگون میں سندوپنگ

---

[1] دیکھئے ص ۱۱۱-۱۱۳ [2] دیکھئے ص ۸۱-۸۳

[3] دیکھئے ص ۵۰-۵۸

Marfat.com

بندوپرانک اور بلّی بازار میں تھے۔

قیاس غالب ہے کہ یہ تینوں یعنی مولوی عبداللہ صاحب مرحوم، مولوی ولی احمد صاحب مرحوم اور مولوی نذیر احمد صاحب مرحوم شمالی ہندوستان کے باشندے تھے اور رنگون میں کاروبار تجارت کی غرض سے مقیم تھے۔ پہلے برما میں اعظم گڑھ ضلع کے بہت سے مسلمان تجارتی مقاصد سے آباد تھے۔ اب بھی ملائشیا میں وہ کافی تعداد میں موجود ہیں۔ سنہ ۱۹۰۱ء میں رنگون[1] کی آبادی ۲۳۴،۸۰۱ تھی اور یہ سلطنت ہند کا چھٹا بڑا شہر تھا۔ ہندوستانیوں کی آبادی ۱۱۷،۷۱۳ تھی۔ شہر میں ۸۳ ہزار ہندو اور ۴۳ ہزار مسلمان تھے۔ سنہ ۱۸۵۷ء کے غدر میں دہلی کے آخری مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر کو معزول کر کے انگریزوں نے اُن پر مقدمہ چلایا۔ اور سنہ ۱۸۵۸ء میں رنگون میں قید کر دیا جہاں ۷ نومبر سنہ ۱۸۶۲ء کو ان کا انتقال ہوا۔[2]

حضور قبلہ قدس سرّہٗ کے خلیفہ جناب ماسٹر محمد عیسیٰ صاحب، جوان دنوں

---

[1] برما کا دارالحکومت رنگون ساحل سمندر سے ۲۱ میل اُوپر ہلینگ یا رنگون ندی کے شمالی کنارے پر آباد ہے۔ شہر کے کچھ نیچے اتر پورب سے پیگو ندی اور اتر سے پنزون ڈونگ کر یک آکر ہلینگ ندی سے مل جاتی ہے۔ یہ شہر ۱۶ درجہ ۴۶ دقیقہ شمال اور ۹۶ درجہ ۱۱ دقیقہ مشرق پر واقع ہے۔ سنہ ۱۹۰۱ء میں یہاں مسلمانوں کی آبادی ۴۳،۰۱۲ تھی۔ امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد یازدہم صفحہ ۲۲۰-۲۱۸

[2] قاموس المشاہیر جلد اوّل صفحہ ۳۵-۱۳۴، ایڈوانس ہسٹری آف انڈیا۔ ڈاکٹر تکا کی کنکر دت وغیرہ صفحہ ۵۳۰

Marfat.com

لاکو کھیت، کراچی (پاکستان میں مقیم ہیں۔ وہ کوریا پار[1] ضلع اعظم گڑھ کے رہنے والے تھے حضور قبلہؒ اُن کی صاحبزادی کی تقریب شادی میں شریک ہوئے تھے اور راستہ سے کوریا پار تک پا پیادہ[2] گئے تھے۔ اعلیٰ حضرت پیر و مرشد قبلہ مدظلہ بھی ساتھ تھے جناب ماسٹر محمد علی صاحب گورکھپور میں تار کی تعلیم کے ذمہ دار تھے۔ اس لئے ماسٹر کہلاتے تھے۔

الحاج حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی قدس سرہٗ کے خلفاء میں ہادیٔ دنیا و مرشدنا الحاج الحافظ حضرت مولانا محمد سعید خاں صاحب قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ سب کے بعد آپ کے دامن تربیت سے وابستہ ہوئے۔ لیکن اللہ کے فضل و کرم سے اپنی ریاضت اور محنت، پیر و مرشد سے اپنی بے پناہ عقیدت اور گہری وابستگی کے سبب حضور قبلہ قدس سرہٗ کی نگاہ میں سب سے زیادہ عزیز اور معزز و محترم ثابت ہوئے اور حضور قبلہؒ کی حیات ہی میں آپ نے اُن کے

---

[1] کوریا پار کو کچھ لوگ کوٹر یا پار بھی کہتے ہیں۔ کوریا پار تحصیل گھوسی کا پا گنج بلاک میں شہر اعظم گڑھ سے تقریباً اٹھارہ میل پورب اور قصبہ محمد آباد گوہنا سے تقریباً ۵ میل اتر پورب کوپا گنج سے محمد آباد کو جانے والی سڑک پر کوپا گنج اسٹیشن سے تقریباً ۷ میل اتر پچھم تال نرجا کے قریب واقع ہے۔ حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ کے خلیفہ مولانا شاہ وصی اللہ صاحبؒ بھی اسی تال نرجا کے قریب فتح پور کے رہنے والے تھے۔ سید اقبال احمد صاحب نے اپنی کتاب سیرازہ ہند میں مظہر الاحدیہ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ شیخ بایزیدؒ نامی ایک بزرگ دہلی سے جون پور آئے (بقیہ حاشیہ صـ ۳۸۶ پر)

Marfat.com

حکم سے نیابت کے فرائض انجام دینا شروع کر دیا تھا۔ آپ کی ذات والا صفات ایک چشمہ فیض کی حیثیت رکھتی ہے جس سے ہزاروں ہزار انسان سیراب ہو رہے ہیں۔ آپ کی تبلیغی کوششوں سے اِس سلسلہ عالیہ کو بڑی ترقی نصیب ہوئی ہے۔ پچھم میں مکہ معظمہ اور مدینہ طیبہ سے پورب میں میر سرائے ضلع چاٹگام اور آسام کے گوالپارہ تک اور اُتر میں بالاکوٹ ضلع ہزارہ سے دکھن میں بنگلور تک ہزاروں انسان آپ کے دامن تربیت سے وابستہ ہو کر سچے مسلمان بن گئے ہیں اور ان کے قلب اللہ اور اس کے رسولؐ کی محبت کے نور سے جگمگا اٹھے ہیں۔ قطب الارشاد حضرت سید عبدالباری شاہ رح اور اپنے پیر و مرشد الحاج حافظ حامد حسن صاحب علوی رح کے سوانح حیات آپ نے مرتب کرا کے شائع کرایا ہے اور زیر نظر کتاب آئینۂ ویسی بھی آپ کے فیوض و برکات اور آپ کی نگاہ کرم کا نتیجہ ہے۔

بدان ذاتے کہ اسلافش بداں خلف الرشید آں را
بآں ذاتے کہ تحسینِ جنید و بایزید آں را
بآں ذاتے کہ گویند حضرتِ حافظ سعید آں را
بآں ذاتے کہ من نالہ کشِ ھَلْ مِنْ مَّزِیْد آں را
بدہ یارب زفضلِ اُو مرا ذوق خداداری

[بقیہ حاشیہ ص ۳۸۵ کا]

اور فیروز شاہ تغلق نے کوٹریا پار، کبیر پور اور پبک میر شہرت کے تین مواضعات اُن کو جاگیر میں دیئے۔ شیراز ہند جون پور ص ۷۵۹ ۲ دیکھئے ص ۷۵۹ ۳ خط اعلیٰ حضرت پیر و مرشد قبلہ مدظلہ۔ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۶ اکتوبر ۱۹۷۵ء

Marfat.com

اعلیٰ حضرت الحاج مولانا محمد سعید خاں صاحب قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ کا تعلق ضلع اعظم گڑھ (اُتر پردیش) کے مغربی حصّہ تحصیل پھُول پور[1] سے ہے۔ آپ کا آبائی وطن موضع نیونارہی۔ بلاک مارٹن گنج۔ تھانہ سرائے میر، تحصیل پھُول پور ہے۔ جو منگئی ندی کے دکھن، برداہ سے پھُول پور کو جانے والی خام سڑک پر برادہ سے ۱۲½ میل (۲۰ کیلومیٹر) اُتر پورب اور تحصیل کے صدر مقام پھُول پور سے ۷½ میل (۱۲ کیلومیٹر) دکھن سڑک سے پُورب، ۲۵ درجہ ۵۸ دقیقہ ۱۶ ثانیہ شمالی عرض البلد اور ۸۲ درجہ ۵۰ دقیقہ ۲۳ ثانیہ مشرقی طول البلد پر واقع ہے۔ موضع نیونارہی کے اُتر پچھّے پور، اُتر پورب۔ بلہری امام علی، پورب میں پچھرہا مُوا اور رنگ ڈیہہ۔ دکھن میں خاص ڈیہہ۔ دکھن پچھم میں کون راہ گئی اور

---

[1] اُتر پردیش میں پھُول پُور نام کی دو تحصیلیں ہیں۔ ایک ضلع الہ آباد کے شمالی مشرقی گوشہ میں گنگا کے اُتر۔ اور دوسری ضلع اعظم گڑھ کے مغربی حصّہ میں۔ ضلع اعظم گڑھ کی پھُول پور تحصیل کا نام پہلے اس کے صدر مقام ہاٹل کے نام پر تھا۔ جو پرگنہ کا بھی صدر مقام ہے۔ پھر تحصیل کا صدر مقام ہاٹل سے اُتر پورب اہرولہ تبدیل کر دیا گیا، جو اس وقت اس تحصیل میں ایک بلاک کا صدر مقام ہے۔ مئو شاہ گنج میٹر گیج لائن کی تعمیر کے بعد انتظامی آسانی کے خیال سے اس تحصیل کا صدر مقام پھُول پور منتقل کیا گیا، جو خراسی روڈ اسٹیشن کے نصف میل دکھن اعظم گڑھ سے شاہ گنج کو جانے والی پختہ سڑک پر ایک مشہور قصبہ ہے تحصیل پھول پور کا رقبہ ۴۴۱ مربع میل اور آبادی ۱۹۶۱ء کی ۹۰۵۷۴ نفوس ہے (بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۸۸ پر)

Marfat.com

پچھم میں دو بھنواں ہے۔ برداہ ضلع اعظم کی تحصیل لال گنج میں ایک تھانہ کا صدر مقام ہے۔ جونپور اعظم گڑھ روڈ پر واقع ہے۔ یہاں سے جونپور ۱۲ میل دکھن پچھم اور اعظم گڑھ ۳۰ میل اُتر پورب ہے۔ قصبہ پھول پور سے نصف میل اُتر کی طرف پھول پور کا ریلوے اسٹیشن خراسان[1] روڈ ہے۔ نوناری سے ڈھائی میل (چار کیلومیٹر) دکھن قدرے پچھم مخدوم پور ہے۔ وہاں برداہ سے آنی والی سڑک دو شاخوں میں بٹ جاتی ہے۔ ایک نوناری کی طرف آتی ہے اور دوسری اُتم پچھم کی طرف دیدار گنج کو جاتی ہے۔ جو ضلع کے مغربی حصہ میں ایک تھانہ کا صدر مقام ہے اور عہد اکبری کے راجہ دیدار جہاں[2] کے نام پر آباد ہے۔ دیدار گنج سے یہی سڑک اُتر میں دیدار گنج روڈ اسٹیشن (امباری) کو جاتی ہے۔ نوناری کا تھانہ سرائے میر[3] ہے، جو اعظم گڑھ کی صدر تحصیل میں مشہور قصبہ اور ریلوے اسٹیشن ہے۔ سرائے میر سے جعفر پور۔ نور پور[4]، دیدار گنج ہوتے ہوئے ایک پختہ

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۸۷ کا]

اس میں اتر ولیا، کوئلسا۔ اہرولہ۔ پوئی۔ پھول پور اور مارٹن گنج چھ بلاک اور ۱۰۴۲ مواضعات ہیں۔ امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد ششم صفحہ ۱۵۰ اور جلد ہفتدہم صفحہ ۲۶ اعظم گڑھ ضلع سنسس ہینڈ بک ۱۹۶۱ء۔ الہ آباد ۱۹۶۲ء۔ [2] شاہ گنج جنکشن سے خراسان روڈ ۲۲ کیلومیٹر اور سرائے میر ۳۱ کیلومیٹر پورب ہے۔ مئو جنکشن سے سرائے میر ۷۰ کیلومیٹر اور خراسان روڈ ۸۰ کیلومیٹر پچھم ہے۔ [2] شیراز ہند جون پور۔ سید محمد اقبال صفحہ ۲۳۷ راجہ ارادت جہان کا خاندان۔

[3] ضلع اعظم گڑھ کی صدر تحصیل میں اعظم گڑھ سے ۱۶ میل پچھم سرائے میر مشہور قصبہ اور نارتھ

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۸۹ پر)

Marfat.com

سڑک شاہ گنج سے دکھن سرائے کھیتا ریلوے اسٹیشن کو جاتی ہے اور جون پور فیض آباد روڈ سے ملتی ہے۔ جعفر پور میں جہاں سرائے میر سے سرائے کھیتا کو جانے والی پختہ سڑک بردا سے پھول جانے والی خام سڑک کو عبور کرتی ہے سرائے میر سے ۳½ میل پچھم اور تونا ری سے ۲½ میل اُتر ہے۔ موضع تونا ری[1] من گی ندی کی وادی میں سرائے میر سے ۶½ میل دکھن پچھم، خراسن روڈ اسٹیشن سے ۸ میل دکھن، کھیتا سرائے سے ۹ میل پچھم، شاہ گنج جنکشن سے ۱۱ میل پورب قدرے دکھن دیدار گنج سے پونے پانچ میل دکھن پورب، حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رح کے وطن کوہنڈہ سے ۱۳ میل دکھن پورب، جون پور سے ۱۷ میل اُتر پورب، بنارس سے ۴۵ میل اُتر اور اعظم گڑھ سے ۲۲ میل دکھن پچھم واقع ہے۔

الحاج حضرت مولانا محمد سعید خاں صاحب قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ اخیر عشرہ رمضان المبارک ۱۳۲۵ھ (۲۶ رمضان المبارک کے قریب) اوائل نومبر

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۸۸ کا]

ایسٹرن ریلوے کا اسٹیشن ہے۔ یہاں حضرت مخدوم سید عاشقان رح کا مزار شریف ہے۔ مزار شریف میں کنکر کا پتھر آہستہ آہستہ سنگ مرمر میں تبدیل ہوتا جا رہا ہے۔ سرائے میر کا مدرسۃ الاصلاح پورے ہندوستان میں مشہور ہے۔

[1] تونا ری حضرت شاہ نصیر الحق رح کے صاحبزادے اور حضرت قطب الدین بیادل (متوفی ۱۵۱۹ء) جون پوری رح کے بھانجے حضرت شاہ نور الحق رح کے نام پر ہے۔ ان کا مزار قصبہ سورہر تپہ ضلع فیض آباد کے متصل ظفر پور میں ہے بحوالہ جناب سید مبین الحسن صاحب سکراولد ٹانڈہ ضلع فیض آباد یکم مارچ ۱۹۷۲ء

[1] موضع تونا ری میں تین تولے ہیں۔ رقبہ ۷۸۳ ایکڑ ہے ۱۹۶۱ء کی مردم شماری میں یہاں کی آبادی ۱۳۲۰ نفوس تھی۔ اعلم گڑھ ضلع سنس ہینڈ بک ۱۹۶۱ء صفحہ ۲۸۶

Marfat.com

۱۹۰۷ء میں اپنی ننھیال موضع پچھتے پور[1]۔ تھانہ سرائے میر تحصیل پھول پور ضلع اعظم گڑھ میں پیدا ہوئے۔ پچھتے پور، نوناری سے سوا میل اتر، برداہ سے پھول پور جانے والی خام سڑک سے کچھ پچھم ۲۵ درجہ ۵۹ دقیقہ ۱۸ ثانیہ شمالی عرض البلد اور ۸۲ درجہ ۵ دقیقہ ۳۲ ثانیہ مشرقی طول البلد پر واقع ہے۔ نوناری اور پچھتے پور کے درمیان من گئی ندی پچھم سے پورب کو جاتی ہے۔ پچھتے پور سے ۴ فرلانگ کوریا نواں، پورب میں چک روشن حیدری۔ دکھن پورب میں پلہری امام علی، دکھن میں نوناری، پچھم میں صلاح الدین پور اور اتر پچھم میں بکھرا اور ہارون پور ہے۔ پچھتے پور سے ایک ڈیڑھ میل پچھم پورب روضہ[1] اور قصبہ فتح پور ہے۔ جہاں نصیر الحق قلندر رح کا مزار ہے۔ پچھتے پور سے جعفر پور، دو ڈھائی میل اتر ہے۔ جہاں سے سرائے میر، پھول پور اور دیوار گنج کو سڑکیں جاتی ہیں۔ نوناری کا ڈاک خانہ رنگ ڈیہہ اور پچھتے پور کا ڈاک خانہ بکھرا ہے۔ یہ دونوں ڈاک خانے سرائے میر[2] سب آفس کی ماتحتی میں ہیں۔

اعلیٰ حضرت کے والد محترم کا اسم گرامی حافظ عبد الستار خاں مرحوم اور دادا جان کا نام خدا بخش خاں مرحوم اور نانا جان کا نام حاجی الٰہی بخش مرحوم تھا۔ والدہ محترمہ کا نام بی بی فاطمہ ہے۔ ابھی حیات ہیں اور شہر اعظم گڑھ میں اپنے چھوٹے صاحبزادے جناب مولوی محمد مسعود خاں صاحب وکیل ام۔ اِل۔ اے کے ساتھ

---

[1] پچھتے پور۔ بلاک۔ بارتن گنج، تحصیل پھول پور۔ اس موضع کا رقبہ ۲۸۴ ایکڑ ہے۔ اس میں چار ٹولے ہیں۔ سنہ ۱۹۶۱ء میں آبادی ۷۷۷ تھی۔ اعظم گڑھ ضلع سنسس ہینڈ بک ۱۹۶۱ء صفحہ ۲۸۷

[2] سرائے میر ضلع اعظم گڑھ پوسٹل انڈکس نمبر ۲۷۶، ۳۰۵۔

رہتی ہیں۔ اعلیٰ حضرت قبلہ کی نانی محترمہ پیر حسن ضلع جون پور کی رہنے والی تھیں اور دادی جان مرحومہ کا میکہ منگرانواں، تھانہ گھبیر پور، ضلع اعظم گڑھ تھا۔ اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہٗ کی شادی منگرانواں میں اپنی دادی مرحومہ کے خاندان میں جناب محمد عشیر صاحب مرحوم کی صاحبزادی سے ہوئی۔ خاندان کے تمام دوسرے افراد ابھی نونواری میں آباد ہیں۔ لیکن اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہٗ اور آپ کے برادر عزیز مولوی محمد مسعود صاحب وکیل نونواری سے منگرانواں منتقل ہو گئے۔

اعلیٰ حضرت قبلہ کے دادا جان جناب خدا بخش خاں مرحوم بڑے خوش حال کاشتکار، بڑے مخیر اور مہمان نواز بزرگ تھے۔ مکان نونواری میں بستی سے دکھن تھا لیکن دالان بستی سے بالکل اُتر۔ سرائے میر اور خراسان روڈ اسٹیشنوں

لہ اس کو قصبہ نیگو کہتے ہیں۔ جو نور پور سے ۵ میل دکھن پورب کی طرف ہے۔ یہاں حضرت نصیر الحق قلندر رح کا مزار ہے۔ جن سے حضرت قطب الدین بنیا دل رح متوفی ۱۵۱۹ء کی ہمشیرہ کی شادی ہوئی تھی۔ آپ کے چھ بچوں میں صرف نور الحق رح زندہ ہے۔ نور پور کے سادات حضرت نور الحق رح کی اولاد میں ہیں۔ آپ کا مزار قصبہ سُرسُر پور ضلع فیض آباد سے متصل ظفر پور میں ہے۔ آپ کے صاحبزادے حضرت سید ابو المعالی رح کا مزار معالی پور ضلع فیض آباد میں ہے۔ معالی پور جلالی پور سے سات میل دکھن پچھم ریلوے اسٹیشن ہے۔ نونواری سے سات میل دکھن پچھم ضلع جون پور کے حدود میں سونگر نامی بستی ہے۔ جہاں حضرت قطب الدین بنیا دل رح نے قیام فرمایا تھا۔ یہاں ایک خاص سانپ کے بارے میں آپ نے فرمایا تھا کہ یہ اکی حیثیت حاصل کر لیتا ہے۔ اس موضع میں آپ کے فیض سے کسی کو سانپ نہیں کاٹتا۔ سانپ کے کاٹے ہوئے مریض اس بستی (بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۹۲ پر)

Marfat.com

کی طرف سے آنے والے مسافروں کو نوناری کی آبادی میں سب سے پہلے یہی دالان ملتا تھا۔ ہر روز مسافروں اور مہمانوں کے لئے کچھ فاضل کھانا تیار کرا کے رکھتے تھے اور اگر تعداد کچھ زیادہ ہوئی تو پھر فوراً تیار کرایا تھا۔ ہر وقت یہ خیال رہتا تھا کہ کسی مہمان کو تکلیف نہ ہونے پائے۔ اپنے بچوں میں جرأت، ہمت اور بہادری کو پسند فرماتے تھے اور کسی پست ہمت اور بزدل خاندان میں شادی بیاہ کے رشتہ کو پسند نہیں فرماتے تھے۔ اعلیٰ حضرت کی دادی مرحومہ نے آپ کو بڑے لاڈ و پیار سے پالا۔ برابر بالائی اور دوسری نفیس اور لطیف چیزیں کھلاتی تھیں۔ کھانے کا مسالہ بالکل باریک اور سفوف ہونے کے باوجود کپڑے میں چھان لیا جاتا تھا۔ اور ہمیشہ آپ کے لئے اعلیٰ قسم کے کھانے کا انتظام رہتا تھا۔ لیکن اعلیٰ حضرت قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ کے سامنے کھانے کے سلسلہ میں ان باتوں کی اب کوئی اہمیت باقی نہیں ہے۔ آپ کے سامنے مُرغ پلاؤ اور دال روٹی میں کوئی فرق نہیں ہے۔

اعلیٰ حضرت کی تعلیم اپنے وطن نوناری میں شروع ہوئی۔ گیارہ سال کی

[بقیہ حاشیہ ص ۳۹۱ کا]

کے حدود میں شفایاب ہو جاتے ہیں۔ حضرت قطب الدین بنیادلؒ کا مزار شہر جون پور کے محلہ علن پورہ میں جیل کی پشت پر مرجع خلائق ہے۔ بحوالہ سید عین الحسن صاحب۔ سکراول ٹانڈہ ضلع فیض آباد؛ اعلیٰ حضرت پیر و مرشد قبلہ مدظلہٗ اور شیراز ہند جون پور ص ۴۰-۶۳۷

Marfat.com

عمر میں ۱۹۱۸ء میں قرآن پاک حفظ کیا۔ ابتدائی فارسی اور عربی کی تعلیم چھتے پور اور نور پور کے درمیان بکھرا ہوئی ۱۹۱۵ء میں مدرسہ ضیاء العلوم کان پور سے عالم اور ۱۹۲۶ء میں مدرسہ چشمۂ رحمت غازی پور سے فاضل کی سند حاصل کی۔ آخری کتابیں مدرسہ محمدیہ الہ آباد میں پڑھیں ۱۹۳۳ء میں میٹریکولیشن کا اور ۱۹۳۶ء میں طب کا امتحان پاس کیا۔

فراغتِ تعلیم کے بعد ۱۹۳۸ء میں مدرسہ محمدیہ الہ آباد میں ملازم ہوئے اس وقت عمر شریف اکیس سال تھی ۱۹۳۸ء تک وہاں کام کرتے رہے۔ قیام الہ آباد کے زمانے ہی میں جون ۱۹۳۷ء میں الحاج حضرت حامد حسن صاحب علوی سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ اور تصوف کے متعلق آپ کے ذہن سے تمام شبہات دور ہو گئے۔ آپ حضور قبلہ کے دامنِ تربیت سے وابستہ ہو گئے۔ آغازِ تعلیم کے ۹ ماہ بعد اپریل ۱۹۳۸ء میں شرفِ بیعت حاصل ہوا اور دو سال بعد ۱۹۴۰ء میں اجازت و خلافت سے سرفراز ہوئے۔

حصولِ بیعت کے بعد اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہ نے مدرسہ محمدیہ الہ آباد کی ملازمت سے استعفا دے دیا اور ننگرانواں چلے آئے۔ اور ۱۹۳۸ء سے ۱۹۴۱ء تک اپنا سارا وقت یادِ الٰہی میں صرف کرتے رہے۔ اعلیٰ حضرت قبلہ کے لئے یہ بڑی آزمائش اور ابتلاء کا زمانہ تھا۔ لیکن "ہر چہ از دوست می رسد نیکوست" کے مصداق تمام آزمائشوں اور پریشانیوں کو نہایت صبر و شکر کے ساتھ برداشت کیا۔ اور تسلیم و رضا کا اعلیٰ نمونہ بنے رہے۔

دوسری جنگ عظیم کے زمانہ میں ۱۹۴۱ء میں شبلی نیشنل ہائی اسکول اعظم گڑھ میں عربی کے ٹیچر مقرر ہوئے اور اپنے فرائض منصبی باحسن وجوہ انجام دیتے رہے ۱۹۶۵ء میں اس عہدہ سے سبکدوش ہوئے۔ دوران ملازمت میں بھی فرصت کے زمانہ میں تبلیغی کاموں کے سلسلہ میں سفر کیا کرتے تھے۔ ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد اکثر و بیشتر رشد و ہدایت کی غرض سے سفر ہی میں رہے۔ سفر سے واپسی کے بعد کبھی شہر اعظم گڑھ میں اپنی قیام گاہ پر کبھی اپنے چھوٹے صاحبزادے صاحب کے یہاں علی گڑھ میں اور زیادہ تر منگرانواں ضلع اعظم گڑھ میں مقیم رہے۔ مئی ۱۹۷۳ء میں بڑی صاحبزادی صاحبہ کے انتقال کے بعد سے اب زیادہ تر قیام شہر اعظم گڑھ میں ہے اور اکتوبر ۱۹۷۳ء کے بعد سفر میں جانے کا اتفاق نہیں ہوا ہے۔

۱۹۷۶ء تک اعلیٰ حضرت قبلہ عالم ادام اللہ فیوضہ کو پانچ بار حرمین شریفین کی زیارت کا شرف حاصل ہوا ہے۔ پہلی بار ۱۹۵۱ء میں، دوسری بار ۱۹۶۱ء میں، تیسری بار ۱۹۶۷ء، چوتھی بار ۱۹۷۱ء، اور پانچویں بار ۱۹۷۲ء میں اعلیٰ حضرت قبلہ کو زیارت خانہ کعبہ اور دربار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضری کی سعادت نصیب ہوئی۔ ۱۹۷۱ء میں بصرہ شریف، نجف اشرف، کربلائے معلیٰ، بغداد شریف اور سلمان پاک کی زیارت سے مشرف ہوئے۔

برصغیر ہند و پاکستان کے اکثر شہروں اور دیہاتوں میں جہاں کہیں بھی سلسلہ کا کام ہو رہا ہے تشریف لے گئے ہیں اور سلسلہ کے بزرگوں کے مزارات

Marfat.com

پر بھی حاضری ہوئی ہے۔ دہلی۔ اجمیر شریف اور سرہند شریف جا چکے ہیں۔ وادی کاغان کے دہانہ پر بالاکوٹ ضلع ہزارہ جا کر امیر المومنین سید احمد شہیدؒ اور حضرت مولانا اسماعیل شہیدؒ کے مزارات پر حاضر ہوئے۔ مشہد بالاکوٹ کی زیارت کی اور گڑھی حبیب اللہ جہاں حضرت امیر المومنینؒ کا سر مبارک دفن ہے۔ وہاں بھی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ مشرقی میں ڈھاکہ اور چاٹگام کئی بار گئے ہیں۔ حضور قبلہ قدس سرہٗ کے ساتھ بھی تبلیغی سفر میں چاٹگام اور ڈھاکہ جانے کا اتفاق ہوا ہے۔ میرسرائے ضلع چاٹگام کے پاس ملے پاشہ میں امیر المومنین حضرت سید احمد شہیدؒ کے مامور خلیفہ حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوریؒ۔ ٹانک تلہ کلکتہ میں قطب الاولاد حضرت صوفی سید فتح صاحب ولیسیؒ اور فرفرہ شریف ضلع ہوگلی میں حضرت مولانا ابوبکر صاحب صدیقیؒ اور حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ کے دربار میں حاضری ہو چکی ہے۔ بنڈیل شریف ضلع ہوگلی میں قطب الاولیاء منبوث زماں حضرت سید عبدالباری شاہؒ کے دربار گہربار میں کئی بار مہینوں تک قیام کا اتفاق ہوا ہے۔ شمال مشرق میں جوگی گھوپا کے پاس دیلے بر ہمتیر کو عبور کر کے قصبہ گوالپارہ تک گئے ہیں۔ ہفتیاں ضلع پورنیہ میں جہاں حضرت حاجی حامد حسن صاحب قبلہ قدس سرہٗ نے سلسلہ کی تبلیغ و اشاعت کے لئے خانقاہ قائم کیا تھا کئی بار تشریف لے گئے۔ رشد و ہدایت کے سلسلہ میں دہلی حضرت قبلہ بندگانہ نے بارہا کلکتہ، دہلی، بمبئی، ٹاٹا نگر، جمشید پور، گیا، کھانوا ضلع نالندہ (پہلے ضلع پٹنہ)، چترا ضلع بیر بھوم اور پٹنہ عظیم آباد کا سفر کیا ہے۔ اور

Marfat.com

اسی مقصد کے تحت حضور قبلہ عالم ادام اللہ فیوضہٗ نے بنگال۔ آسام۔ بہار۔ اڑیسہ اور اُتر پردیش کے بہت سے قصبات اور مواضعات کا دورہ کیا ہے۔ اگر اللہ کے کسی بندہ کو اللہ کی تلاش ہے، تو خواہ وہ کتنی ہی دُوری پر ہو اور راستہ کتنا ہی پیچیدہ اور دشوار گذار ہو، اعلیٰ حضرت قبلہ عالم مدظلہٗ کو سفر کی تمام دشواریوں اور پریشانیوں کے باوجود اس بندۂ خدا تک پہنچنے میں ذرا بھی پس و پیش نہیں۔ بلکہ اللہ کے اس بندہ کو اللہ سے ملانے کے لئے بے چینی اور بے قراری اور اس کا مقصد پورا ہو جانے کے بعد مسرت و شادمانی محسوس فرماتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت رح سجادہ مرشد قبلہ مدظلہٗ کو اپنے مریدین اور متوسلین سے بڑا پیار اور بڑی محبت ہے۔ اُن پر پدرانہ شفقت عنایت اور مہربانی کی نظر رکھتے ہیں۔ جب اعظم گڑھ علی گڑھ یا منگراؤں میں مقیم ہوتے ہیں تو برّ عظیم کے طول و عرض سے ہر روز پانچ سے پندرہ تک خطوط مریدین اور متوسلین کے آتے ہیں۔ ان تمام خطوط کو پڑھنے کے فوراً بعد خود اس کا جواب لکھتے ہیں۔ اور یہ خطوط اس روز ڈاک میں ڈالے جاتے ہیں۔ بعض مخصوص حالات کے سوا خطوط کے جواب عموماً مختصر تحریر فرماتے ہیں۔ مریدین اور متوسلین کی دینی اور دنیاوی ضرورتوں سے باخبر رہتے ہیں۔ اُن کے لئے دعا فرماتے ہیں اُن کے دینی مشاغل کی نگرانی کرتے ہیں۔ ضروری ہدایات دیتے ہیں اور دنیاوی کاموں کے سلسلہ میں ضروری مشوروں سے نوازتے ہیں۔

متوسلین کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ لیکن ہر شخص کا نام یاد رکھتے ہیں۔ کوئی مرید کافی طویل عرصہ کے بعد بھی حضور قبلہ مدظلہٗ کی خدمت عالی میں حاضر ہو تو اس کا نام فوراً

Marfat.com

یاد آجاتا ہے۔ اکثر اس کے علاقہ کا نام بھی یاد رہتا ہے۔ چونکہ روزانہ خطوط کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے۔ اس لیے اکثر و بیشتر حضرات خط و کتابت کے سلسلہ میں جوابی کارڈ یا جوابی لفافہ بھیجتے ہیں۔ تاکہ پتہ تلاش کرنے اور اس کے لکھنے میں اعلیٰحضرت قبلہ عالم مدظلہٗ کا قیمتی وقت ضائع نہ ہو اور جواب فوراً آجائے۔

اعلیٰ حضرت قبلہ عالم مدظلہٗ جہاں کہیں بھی تشریف رکھتے ہوں مریدین اور متوسلین پروانہ وار آپ کے پاس پہنچتے رہتے ہیں۔ منگرانوں اور اعظم گڑھ میں کوئی دن ایسا خالی نہیں جاتا کہ کچھ نہ کچھ مہمان موجود نہ ہوں۔ عموماً ایک سے لے کر سات مہمان تک اور کبھی کبھی کچھ زیادہ بھی موجود رہتے ہیں۔ ایک آتا ہے، دوسرا جاتا ہے۔ یہ سلسلہ جاری رہتا ہے۔ اعلیٰ حضرت قبلہ اپنے مہمانوں کے ساتھ بڑی محبت سے پیش آتے ہیں اور ہر طرح اُن کے آرام و آسائش کا خیال رکھتے ہیں۔ اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہٗ کے صاحبزادے، پوتے اور نواسے بھی مہمانوں کا بڑا خیال رکھتے ہیں۔ یوں حضور قبلہ مدظلہٗ تمام لوگوں سے نرمی، اخلاق اور محبت سے پیش آتے ہیں۔ لیکن دنیاوی حیثیت سے بااثر اور معزز حضرات اور اپنے قریب ترین امیر و کبیر رشتہ داروں کے مقابلہ بھی اللہ کی یاد میں مشغول غریب ترین انسان کو ترجیح دیتے ہیں۔ منگرانواں میں جہاں بھینس موجود ہے۔ مہمانوں کے لئے دسترخوان پر بالائی، گھی، دودھ، دہی موجود رہتا ہے۔ عاجزی خاکساری اور مہمان نوازی کا یہ عالم ہے کہ منگرانواں میں اگر اسرار بابو موجود نہ ہوں، تو کبھی کبھی اپنے پوتوں کے ساتھ مہمانوں کا کھانا خود اندر سے لاتے ہیں۔ تاکہ مہمانوں کو ذرا بھی تکلیف نہ ہو۔ کبھی کبھی جاتے وقت کچھ تحفہ بھی مہمانوں کو دیا جاتا ہے۔

Marfat.com

اعلیٰ حضرت قبلہ عالم مدظلہ کے اوقات بالکل متعین اور منضبط ہیں اور غیر معمولی حالات کے سوا کبھی ان میں فرق نہیں ہوتا۔ موسم گرما میں رات کے دو بجے اور موسم سرما میں تین بجے تہجد کے لئے بیدار ہوتے ہیں۔ نیند پر ایسا قابو ہے کہ فجر کی اذان شروع ہوئی اور سو گئے، اذان ختم ہوئی اور بیدار ہو گئے اور اتنے قلیل ترین وقفہ کی نیند بھی فرحت اور تازگی کا باعث ہو جاتی ہے اپنے پیر و مرشد حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی کی طرح رات میں تھوڑی تھوڑی دیر پر بیدار ہوتے رہتے ہیں۔ اشراق کے بعد ناشتہ تناول فرما کر آرام فرماتے ہیں۔ چاشت کی نماز کے بعد بھی مراقبہ میں بیٹھتے ہیں۔ دن کا کھانا نماز ظہر سے کچھ قبل اور رات کا کھانا نماز مغرب کے فوراً بعد تناول فرماتے ہیں۔ قرآن شریف نماز ظہر کے بعد تلاوت فرماتے ہیں۔ عصر سے مغرب اور مغرب سے عشا تک کا وقفہ تلقین و ارشاد میں صرف کرتے ہیں۔ فجر اور مغرب کے بعد تقریباً ایک ایک گھنٹہ مراقبہ میں بیٹھتے ہیں۔ نفی و اثبات کے ذکر اور دوسرے اذکار آلہیہ کے لئے تہجد کے بعد کا وقت مقرر ہے۔ اس کے بعد نماز فجر تک توبہ و استغفار میں مشغول رہتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت پیر و مرشد قبلہ مدظلہ کا قد مبارک ۵ فٹ ۸ انچ اور وزن تقریباً ۲ من ہے۔ جسم مبارک دہرا، گداز اور بلغمی ہے۔ رنگ ہلکا سانولا مائل بہ گندمی ہے۔ سر مبارک بڑا، پیشانی کشادہ اور ریش مبارک کے بال ہلکے ہیں۔ پیشانی مبارک پر سجدہ کے نشان کے پاس ایک چھوٹا سا مسّا ہے، جو عظمت اور اقبال مندی کی نشانی ہے۔ چہرہ مبارک پر نور کی تابانی اور درخشانی دیکھتے

Marfat.com

کے لائق ہے۔ آپ کی مجلس میں آنے والا کوئی بھی شخص آپ کے روئے انور کی تابانی اور آپ کے حسن اخلاق سے متأثر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔

اعلیٰ حضرت قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ بہت ہی سادگی پسند ہیں۔ سادہ اور ہلکا کھانا پسند فرماتے ہیں۔ عام طور پر لنگی۔ کرتا۔ صدری اور سفید گول ٹوپی پہنتے ہیں۔ باہر جانے پر پاجامہ اور شروانی بھی پہنتے ہیں۔ طبیعت میں نفاست اور لطافت بہت ہے۔ انڈا اور مچھلی نہیں کھاتے۔ چائے نہیں پیتے۔ گوشت کے مقابلہ میں سبزی زیادہ پسند فرماتے ہیں۔ گوشت کا ایک یا دو ٹکڑا تناول فرماتے پھلوں میں آم، خربوزہ، انگور اور سیب مرغوب ہیں۔ کھانا بہت کم کھاتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہٗ دینی اور دنیاوی معاملات میں اپنے مریدین اور متوسلین کے تساہل اور تغافل کو پسند نہیں فرماتے ہیں۔ جس طرح نماز پنجگانہ اوّل وقت میں اور اوراد و وظائف پورے اہتمام اور اس کی اہمیت کے ساتھ وقت معیّنہ پر پڑھنے کا حکم ہے۔ اس طرح دنیاوی معاملات، فرائض منصبی اور حصول معاش کے کاموں کو بھی محنت، ایمان داری اور پوری ذمہ داری کے ساتھ انجام دینے کی امید کی جاتی ہے۔ اعلیٰ حضرت قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ کبھی بھی اپنے مریدوں کو اُن کے لباس وضع قطع، فروعی باتوں اور سیاسی مسلک کے بارے میں کچھ نہیں کہتے۔ وہ قلب کا علاج کر دیتے ہیں اور جب قلب درست ہو گیا، تو پھر انسان سچے اسلامی سانچے میں ڈھل جاتا ہے۔

اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہٗ کا موجودہ وطن موضع شنکرانوں جہاں آپکی

Marfat.com

دادی محترمہ کا میکہ تھا۔ جہاں اُن کے آبائی خاندان میں آپ کی شادی ہوئی۔
ضلع اعظم گڑھ کی صدر تحصیل کے جنوبی حصّہ میں شرفا کی ایک بڑی بستی ہے اور
من گئی ندی کے طاس میں ندی سے ڈیڑھ میل دکھن ۲۵ درجہ، ۵۵ دقیقہ شمالی عرض البلد
اور ۸۳ درجہ ۱۲ دقیقہ مشرقی طول البلد پر اعظم گڑھ سے ۱۴ میل دکھن پچھم، جون پور سے
۲۹ میل اور بنارس سے ۲۴ میل اُتر پورب کی طرف واقع ہے۔ منگرانواں کے ڈیڑھ میل
پچھم سے بنارس اعظم گڑھ روڈ گذرتی ہے۔ جو چند میل اُتر محمد پور میں، جون پور اعظم گڑھ
روڈ سے مل جاتی ہے۔ محمد پور سے اعظم گڑھ ۱۴ میل اُتر پورب ہے۔ بنارس اعظم گڑھ روڈ
پر بنارس سے ۲۴ ½ میل اُتر اور محمد پور سے ۲ میل دکھن ایک مقام پر نذرا بازار
ہے۔ یہاں سے ایک پختہ سڑک دکھن پورب میں مشہور تاریخی مقام مینہہ نگر کو
جاتی ہے۔ مینہہ نگر سے ۸ میل آگے کُہاریا میں اس پختہ سڑک کی کئی شاخیں ہو جاتی
ہیں۔ ایک شاخ اُتر پورب میں دس میل کے فاصلہ پر اعظم گڑھ فاضی پور روڈ
پر تحصیل محمد آباد کے قصبہ چریا کوٹ سے ملتی ہے۔ دوسری شاخ دکھن میں
تحصیل لال گنج کے تھانہ منہاج پور جاتی ہے اور وہاں سے پچھم رُخ مُڑ کر دیوگاؤں
میں پھر بنارس اعظم گڑھ روڈ سے مل جاتی ہے۔ کُہاریا کو براہ راست اعظم گڑھ سے
پندرہ میل لمبی ایک پختہ سڑک کے ذریعہ ملا دیا گیا ہے۔ کہاریا سے ایک خام
سڑک دکھن پورب میں سات میل بعد چریا کوٹ سے اونری ہار جانے والی
پختہ سڑک سے ملتی ہے۔

نذرا بازار سے مینہہ نگر کو جانے والی پختہ سڑک پر دو میل کے فاصلہ پر

Marfat.com



سڑک سے نصف میل دکھن منگرانواں[1] بستی ہے۔ پختہ سڑک سے گاؤں میں دو[2] سڑکیں جاتی ہیں۔ کچھ دور دکھن جاکر دونوں سڑکیں مل جاتی ہیں۔ گاؤں میں جانے والی مشرقی سڑک پر ایک تالاب کے کنارے مدرسہ ہے اور مدرسے سے پورب ہائی اسکول ہے۔ یہ دونوں تعلیمی ادارے اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہ کے چھوٹے بھائی جناب مولوی محمد مسعود خاں صاحب وکیل ایم۔ ایل۔ اے کی کوششوں سے قائم ہوئے ہیں۔ بستی کی خاص آبادی سے اُتر گاؤں کی سڑک کے کنارے وسیع اور کشادہ عیدگاہ ہے۔ بستی میں ۱۱ ٹولے ہیں اور چھ مسجدیں ہیں۔ جامع مسجد اعلیٰ حضرت قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ کے مکان سے متصل اُتر ہے۔

منگرانواں اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہ کے آبائی وطن نونہاری سے ۱۴ میل پورب قدرے دکھن اور حافظ حامد حسن صاحب علوی کے وطن کوہنڈہ سے ۲۵ میل دکھن پورب ہے۔ سڑک کے ذریعہ محمد پور سے چار میل، اعظم گڑھ سے ۱۸ میل، جون پور سے ۳۲ میل، بنارس سے ۴۴½ میل، بینہ نگر سے ۴½ میل۔ کہاریا سے ½۱۲ میل، چریاکوٹ سے ½۲۲ میل کے فاصلہ پر ہے۔ یہاں سے نزدیک ترین ریلوے اسٹیشن نارتھ ایسٹرن ریلوے کی موشاہ گنج میٹر گیج لائن پر پھریا ½۷ میل اُتر اور رانی کی سرائے ½۹ میل اُتر پورب ہے۔ لیکن آمد و رفت کی زیادہ آسانی اعظم گڑھ، بنارس اور جون پور سے ہے۔

---

[1] موضع منگرانواں رائے پور، بلاک محمد پور، تحصیل صدر اعظم گڑھ۔ رقبہ ۲۵۴۸، ایکڑ، ۴۱۳ مکانات اور آبادی ۱۹۶۱ء کی ۲۵۹۹ نفوس۔ اعظم گڑھ ضلع سنسس ہینڈ بک ۱۹۶۱ء۔ الہ آباد ۱۹۶۶ء۔

محمد پور ڈاکخانہ کا پوسٹل انڈکس نمبر ۲۷۶۲۰۵ ہے۔

منگرانواں کے اُتر مقدم پور۔ اُتر پورب میں سرحن پور، دکھن پورب میں خنجر پور، دکھن میں سلطان پور، دکھن پچھم میں سیدھی پور اور پچھم میں مظفر پور اور تھتولی ہے۔ دکھن پچھم میں تحصیل کی سرحد پر دھرسالا ٹال نامی ایک جھیل ہے۔ منگرانواں صدر تحصیل کے محمد پور بلاک اور گمبھیر پور تھانہ میں ہے۔ یہاں محمد پور کے بڑے ڈاکخانہ کی ماتحتی میں ایک چھوٹا ڈاک خانہ ہے۔

اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہٗ کے ایک صاحبزادے کا بچپن ہی میں انتقال ہوگیا تھا۔ اُن کے بعد حضرت قبلہ مدظلہٗ کے تین صاحبزادے اور دو صاحبزادیاں تھیں۔ ان میں سے ایک صاحبزادے اور ایک صاحبزادی کی موت کا حضور قبلہ کو صدمہ برداشت کرنا پڑا ہے۔ بڑی صاحبزادی صاحبہ سے چھوٹے اور صاحبزادوں میں سب سے بڑے جناب سعدالدین خاں مرحوم تھے۔ بڑے بااثر، باوقار، وجیہہ اور اور خوبصورت جوان تھے۔ ۱۹۶۳ء کے موسم سرما میں پھریا اسٹیشن کے پاس چلتی ہوئی ٹرین سے ڈاکوؤں کے نیچے ڈھکیل دیا اور وہ عین عالم جوانی میں شہید ہوگئے۔ یہ حادثہ جانکاہ رمضان المبارک ۱۳۸۲ھ کے عشر ثانیہ وسط فروری ۱۹۶۳ء میں پیش آیا۔ مرحوم کی صرف ایک صاحبزادی فرزانہ سعیلہ عرف چُنی بی بی یادگار ہیں۔ پہلے علی گڑھ میں چچا کے ساتھ تھیں۔ ان دنوں اعظم گڑھ میں پڑھتی ہیں۔

اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہٗ کی بڑی صاحبزادی جناب بی بی رضوانہ صاحبہ حافظ قرآن تھیں۔ وہ طویل عرصہ تک مع اہل وعیال اعظم گڑھ میں اعلیٰ حضرت قبلہ کے ساتھ رہیں اور آپ کو حضور قبلہ کی خدمت کا بہت موقع ملا۔ ان کی شادی تحصیل کے صدر مقام

پھول پور سے ۳½ میل اُتر نوادہ[1] میں جناب صوفی محمد اظہار الحق خاں صاحب سے ہوئی تھی۔ جناب محمد اظہار الحق خاں صاحب کو شرف بیعت حضور قبلہ مدظلہ سے حاصل ہے۔ وہ مائل میں کاروبار کرتے ہیں۔ صاحبزادی صاحبہ چند سال تک بیمار رہیں۔ علی گڑھ اور اعظم گڑھ میں علاج ہوا۔ لیکن فائدہ نہیں ہوا۔ جمعرات ۲۹ ربیع الاوّل ۱۳۹۳ھ = ۳ مئی ۱۹۷۳ء کو ½ ۵ بجے شام میں اعظم گڑھ میں انتقال ہوا۔ اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہ کو دس سال کے بعد اولاد کی موت کا دوسرا شدید صدمہ برداشت کرنا پڑا۔ حضور قبلہ ادام اللہ فیوضہ پر صاحبزادی صاحبہ کے انتقال کا گہرا اثر پڑا۔ لیکن اس صدمہ عظیم کو بھی اعلیٰ حضرت نے نہایت ہی صبر و سکون کے ساتھ برداشت کیا۔

صاحبزادی صاحبہ مرحومہ کے چار صاحبزادے اور تین صاحبزادیاں یادگار ہیں جناب اسرار الحق خاں، احتشام الحق خاں، فرحانہ خانم، عذرا خانم، ابصار الحق، صبیحہ خانم، اور احسان الحق۔ والدہ کے انتقال کے وقت صبیحہ خانم (للّی بی بی) صرف پانچ سال کی اور احسان الحق (پپّو بابو) صرف ڈھائی سال کے تھے۔ اور یہ دونوں بچے اپنی دادی صاحبہ کے پاس نوادہ جانے کے لئے تیار نہیں ہوئے۔ چنانچہ ان دونوں چھوٹے بچوں کی پرورش و پرداخت کی نگرانی حضور قبلہ مدظلہ پر آگئی۔ بڑے صاحبزادے اسرار بابو[2]

---

[1] نوادہ۔ بلاک او۔ تحصیل پھول پور۔ رقبہ ۳۵۸ ایکڑ اور آبادی ۱۹۶۱ء کی ۸۷۴ نفوس۔ اعظم گڑھ ضلع سیشن ہینڈ بک ۱۹۶۱ء۔ الہ آباد ۱۹۶۶ء۔ نوادہ میں ایک چھوٹا ڈاک خانہ ٹیڑی کے بڑے ڈاکخانہ کی ماتحتی میں ہے۔ پوسٹل انڈکس نمبر ۲۷۶۱۴۱

[2] دیکھئے صفحہ ۳۶۷—۶۸

جولائی ۱۹۷۱ء میں شبلی نیشنل کالج سے بی اے پاس کیا۔ پھر بی۔ ایڈ کی ڈگری حاصل کی۔ اِن دِنوں قانون کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اِس سلسلہ میں دو امتحانات پاس کر چکے ہیں۔ تیسرے سال کا امتحان باقی ہے۔ تعلیم تصوّف مکمّل ہو چکی ہے۔ برابر اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلّہٗ کی خدمت بابرکت میں حاضر رہے ہیں۔ سلسلہ کا بہت کام کیا ہے۔ کئی آدمیوں کو آپ کے دست حق پرست پر مشرف بہ اسلام ہونے کی توفیق عطا ہوئی ہے۔ والدہ کے انتقال کے چند روز پہلے رانی کی سرائے کے پاس شرعی طریقہ پر آپ کی شادی ہوئی اور مرحومہ نے بہو کو دیکھنے کے بعد انتقال کیا۔

بابو احتشام الحق خاں نے شبلی نیشنل کالج سے انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کیا۔ ان دنوں علی گڑھ میں ماموں جان کے ساتھ رہتے ہیں اور مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ میں جغرافیہ میں آنرز لے کر بی۔ اے کر رہے ہیں۔ اعلیٰ حضرت کی نواسی فرحانہ خانم نے میٹریکولیشن کا امتحان پاس کیا اور ان دونوں اعظم گڑھ کے مدرسہ نسواں میں انٹرمیڈیٹ میں پڑھ رہی ہیں۔ ان کی شادی بھی شرعی طریقہ پر مولانا شبلی نعمانی مرحوم کے وطن بِنْدَوَل ضلع اعظم گڑھ کے لائق و فائق نوجوان بابو نشاط عالم صاحب سے ہوئی۔ بابو نشاط عالم صاحب کول مائنس اتھارٹی کے تحت دھنباد کے پاس کمار ڈوبی میں بجلی کے محکمہ میں اچھے عہدہ پر فائز ہیں۔ عزرا خانم صاحبہ اور بابو ابصار الحق خاں دونوں اعظم گڈھ میں اسکول میں پڑھ رہے ہیں۔ صبیحہ خانم کا بھی اسکول میں نام لکھا دیا گیا ہے۔

اعلیٰ حضرت قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ کے دوسرے صاحبزادے جناب ظفر الدین خاں

Marfat.com

صاحب مدظلہ، انہوں نے اعظم گڑھ میں انٹرمیڈیٹ تک تعلیم حاصل کیا۔ پھر کاشتکاری کی طرف متوجہ ہوئے۔ بہت ہی سادہ، مستعد، محنتی اور کامیاب کاشتکار ہیں۔ اللہ کے فضل وکرم سے بڑی فراوانی اور خوش حالی ہے۔ بہت ہی با اثر، غریب پرور اور مہمان نواز ہیں۔ قیام آپ کا منگرانواں میں رہتا ہے۔ آب پاشی کے لئے بورنگ کا انتظام ہے۔ اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہ، جب منگرانواں میں تشریف رکھتے ہیں، تو روزانہ ناشتہ کے بعد مریدین اور متوسلین کے ساتھ بورنگ پر جاتے ہیں۔ چاشت کی نماز وہیں پڑھتے ہیں۔ تلقین وارشاد کا کام بھی جاری رہتا ہے۔ بابو ظفر الدین خاں صاحب کے چار صاحبزادے اور دو صاحبزادیاں ہیں۔ صفیہ ظفر۔ طارق ظفر۔ ثاقب ظفر۔ شجاع الدین حسنہ اور حسام الدین آپ کے بچوں کے نام ہیں۔ حسام الدین بابو ابھی شیر خوار ہیں ان سے بڑی ایک صاحبزادی کا انتقال ہوگیا ہے۔ ظفر الدین بابو کے باقی بچے اعظم گڑھ میں اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہ کی نگرانی میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ حسنہ خاتون (گڈی بی بی) ابھی چھوٹی ہیں۔ وہ کبھی اعظم گڑھ میں اور کبھی اپنی والدہ کے ساتھ منگرانواں میں رہتی ہیں۔

اعلیٰ حضرت قبلہ ادام اللہ فیوضہ کے دوسرے صاحبزادے جناب محمد عضد الدین صاحب مدظلہ، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے شعبۂ تعلیماتِ اسلامی میں لکچرر ہیں۔ حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی قدس سرہٗ کے دامنِ تربیت سے حضور قبلہ مدظلہ کے وابستہ

Marfat.com

ہونے کے بعد اور شرفِ بیعت سے دو ماہ قبل مرشدزادہ جناب محمد عضد الدین صاحب مدظلہٗ ۱۴ فروری ۱۹۳۸ء کو پیدا ہوئے۔ شبلی نیشنل اسکول ۱۹۵۳ء میں ہائی اسکول، ۱۹۵۵ء میں انٹرمیڈیٹ اور ۱۹۵۷ء میں شبلی نیشنل کالج اعظم گڑھ سے بی۔اے کیا۔ ۱۹۵۹ء میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے انگریزی میں اور ۱۹۶۱ء میں عربی میں ایم۔اے کیا۔ ۱۹۶۲ء میں ایل۔ایل۔بی اور ۱۹۶۳ء میں بی۔ٹی۔ایچ کا امتحان پاس کیا۔ ۲۳ دسمبر ۱۹۶۳ء کو مسلم یونی ورسیٹی علی گڑھ کے ادارہ علوم اسلامیہ میں بحیثیت ریسرچ اسسٹنٹ کام شروع کیا۔ حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز[1] صاحب محدث دہلوی رح پر کئی مقالے لکھے اور اسی موضوع پر اپنا تحقیقی مقالہ بھی تقریباً مکمل کیا۔ سنہ ۱۹۷۰ء میں شعبۂ اسلامک اسٹڈیز میں لکچرر مقرر ہوئے۔ اور اُس عہدہ پر اپنے فرائض باحسن وجوہ انجام دے رہے ہیں۔

---

[1] امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رح کے بڑے صاحبزادے اور امیر المومنین سید احمد شہید رح کے پیر و مرشد حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رح کا دہلی میں ۷ شوال ۱۲۳۹ھ = ۵ جون ۱۸۲۴ء کو انتقال ہوا۔ مزار مبارک خواجہ میر درد روڈ میں مولانا آزاد میڈیکل کالج اور دہلی جیل کے قریب مہدیان میں ہے۔ یہیں آپ کے والد محترم دونوں چھوٹے بھائیوں مولانا شاہ رفیع الدین صاحب اور مولانا شاہ عبدالقادر صاحب کے مزارات بھی ہیں۔
رسالہ سر الشہادتین۔ بستان محدثین، تحفۂ اثنا عشریہ۔ تفسیر فتح العزیز وغیرہ آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔
قاموس المشاہیر۔ نظامی بدایونی۔ جلد دوم ص ۶۵ اور خط جناب مرشدزادہ صاحب محترم۔ مورخہ یکم مئی ۱۹۷۳ء

Marfat.com

جون ۱۹۶۹ء میں شرف بیعت سے مشرف ہوئے۔ بڑی محنت اور ریاضت کی اور بہت ہی جلد مختلف نسبتوں کی تکمیل کا شرف حاصل ہوا۔ تعلیم تصوف مکمل ہو چکی ہے۔ اکثر و بیشتر اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہ کے ساتھ سفر میں آپ کو خدمت کا موقع ملا ہے۔ ۱۹۷۱ء میں جب اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہ چوتھی بار حج بیت اللہ کو تشریف لے گئے تھے، تو اس مبارک و مسعود سفر میں بھی آپ کو اعلیٰ حضرت ادام اللہ فیوضہ کے ساتھ رہنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

جناب مرشد زادہ صاحب مدظلہ نے دِگی روڈ علی گڑھ میں سکندرہ لاج کے قریب اپنا ذاتی مکان **ظفر منزل** کے نام سے تعمیر کرایا ہے۔ اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہ نے کئی بار سفر سے واپس آکر ظفر منزل میں مرشد زادہ صاحب کے ساتھ قیام فرمایا ہے۔

۳۱ اگست ۱۹۶۳ء کو قصبہ پھول پور ضلع اعظم گڑھ کے جناب بدرالدین خاں صاحب کی صاحبزادی سے مرشد زادہ جناب محمد عضدالدین خاں صاحب محترم کی شادی ہوئی۔ آپ کی ایک صاحبزادی صاحبہ اور چار صاحبزادے ہیں۔ ان کے اسمائے گرامی بالترتیب یہ ہیں: شاہین افروز، احمد سعید خاں، اسعد سعید خاں، احسن سعید خاں اور افضل سعید خاں۔

مرشد زادہ جناب محمد عضدالدین صاحب محترم کی ناچیز راقم الحروف پر بڑی مہربانیاں ہیں۔ ۱۹۶۴ء میں جب وہ اپنے مقالہ تحقیقی کے سلسلہ میں پٹنہ تشریف لائے، تو جناب ڈاکٹر نورالنبی صاحب کے مشورہ سے چند روز ناچیز کے

ساتھ اقبال ہوسٹل کے کوارٹر میں قیام فرمایا۔ اُن کے قدم کی برکت اور اُن کے ورودِ مسعود کے فیض سے ناچیز کو پانچ سال بعد اعلیٰ حضرت قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ کی خدمت عالی میں حاضری کی توفیق نصیب ہوئی اور ان کے ادنیٰ ترین غلاموں اور کفش بُرداروں میں شمولیت کا شرف حاصل ہوا اور اس وجہ سے کہ یہ کتاب "آئینۂ وُسیعی" جناب مرشدزادہ محترم کے نام معنون کی جارہی ہے۔

اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہٗ کی چھوٹی صاحبزادی صاحبہ کی شادی مگر انوّاں سے تقریباً پونے چار میل اُتر پورب آنوک[1] میں جناب محمد افتخار صاحب سے ہوئی ← جناب محمد افتخار صاحب نے شبلی نیشنل کالج سے بی۔اے کیا۔ وہ اپنی بستی آنوک میں رہتے ہیں اور کاشتکاری کرتے ہیں۔ آنوک محمد پور سے تین میل پورب بہنے والی ندی کے طاس میں ایک پُرانا تاریخی مقام ہے۔ محمد افتخار صاحب کے پانچ صاحبزادے اور دو صاحبزادیاں ہیں۔ بالترتیب نام یہ ہیں: محمد محمود، محمد انیس، محمد مونس، محمد رئیس، محسنہ۔ محمد نفیس اور حسینہ۔ جناب محمد افتخار صاحب کے چار لڑکے اسکول میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

اعلیٰ حضرت قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ کو اپنے مریدین اور متوسلین کی طرح اپنی

---

[1] آنوک، تھانہ نظام آباد۔ بلاک محمد پور تحصیل صدر، ضلع اعظم گڑھ۔ آنوک میں کچھ ٹولے ہیں۔ رقبہ ۴۷ء۷ ایکڑ اور آبادی ۱۹۶۱ء کی ۱۵۰۲ نفوس ہے۔ اعظم گڑھ ضلع سنسس ہینڈ بک ۱۹۶۱ء الہ آباد ۱۹۶۶ء۔ آنوک کا ڈاکخانہ کوئیلا ہے۔ جو رانی کی سرائے کے بڑے ڈاکخانہ کی ماتحتی میں ہے۔ پوسٹل انڈکس نمبر ۲۷۶۲۰۷ ہے۔

Marfat.com

اولاد سے بھی بڑا پیار ہے۔ بچّوں کے آرام و آسائش کا پورا خیال رکھتے ہیں اور اُن کی صحیح تعلیم و تربیت، ان کے نظام اوقات کی پابندی پر کافی توجہ رہتی ہے۔ بچّیاں گھر کا کام کر لیتی ہیں اور وقت پر اسکول اور کالج چلی جاتی ہیں۔

مشاغل دینی اور اوراد و وظائف میں تغافل اور تساہل پر اگر اعلیٰ حضرت قبلہ عالم مدظلہٗ اپنے مریدین اور متوسّلین کے ساتھ زجر و تنبیہ سے کام لیتے ہیں، تو پھر ان کے تالیف قلوب کا پورا خیال رکھتے ہیں اور دینی و دنیاوی دونوں حیثیتوں سے اُن کو اچھے حال میں فرحاں و شاداں، آباد و شاد دیکھنا چاہتے ہیں۔

اپنے مریدین اور متوسّلین کی رہنمائی کے لئے چند سال قبل اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہٗ نے پیغام عمل کے نام سے جو کچھ تحریر فرمایا تھا۔ وہ ذیل میں درج کیا جا رہا ہے۔

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ[1]

وَمَا یَتَذَکَّرُ اِلَّا مَنْ یُّنِیْبُ[2]۔

اما بعد! جماعت کی تاسیس اسکی بقا، اس کا استحکام اور استواری نظم و ضبط تنظیم و اہتمام سے ہے۔ نظم و ضبط تنظیم و اہتمام میں لوچ ہو اور اپنے اصول و ضوابط اور اپنے اہتمام کے ساتھ قائم اور باقی نہ ہوں، تو شیرازے کے بکھرنے اور استحکام و استواری کے متزلزل ہونے اور بنیاد کے انہدام کا امکان ہے۔ اللہ جلّ شانہٗ اس قسم کے رد گوں خرابیوں اور خامیوں سے بچائے اور محفوظ رکھے۔

---

[1] (ہم حمد بیان کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی اور درود و سلام بھیجتے ہیں اُس کے برگزیدہ رسولؐ پر)

[2] قرآن پاک: سورۂ مومن (۴۰)۔ آیت ۱۳؛ پارہ ۲۴۔ رکوع ۷ [اور صرف وہی شخص نصیحت قبول کرتا ہے جو (خدا کی طرف) رجوع (کرنے کا ارادہ) کرتا ہے]

حقیقی روشنی، فرض شناسی، ہمت، عزم اور وسعت نگاہی سب کے حقوق کا لحاظ اور چھوٹے بڑے کا خیال نگاہ کے سامنے رہنما بنائے۔ اللہ کی راہ میں اخلاص ایثار اور اسلات کی روش کے انداز پر رواں دواں، خوش و خرم چلتا، حرکت کرتا، عمل کے مظاہرے پیش کرتا، مقصود کو سامنے رکھتا ہوا گامزن ہو۔

کُلُّکُمْ رَاعٍ وَکُلُّ رَاعٍ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِیَّتِہٖ[1] ۔ کا حکم صادق لغد بیان حق لازمی اور ضروری جانے۔ حق دانی، حق فہمی اور حق بیانی کو لازمی طور پر اپنا شعار بنائے۔ ہمیشہ چھوٹا ہو یا بڑا اپنے موقع اور مقام کی ذمہ داری کو قائم رکھے اور جہاں تک ممکن ہو اختلاف سے بچے۔ شگفتگی، نشاط اور خوشی ہر عمل، ہر قدم اور ہر حالت میں ضروری اور لازمی جانے۔

دائیں بائیں، آگے پیچھے نگاہ رکھنا، تھکنے کے لئے نہیں بلکہ اس تعین اور ادعان کے ساتھ عمل ہو کہ اپنی خوبی سے خوبی اور اپنے کام سے کام ہو۔ ہر شخص کو اپنے عمل کا نتیجہ خود کرنے سے ملے گا۔ کوشش چاہیئے کہ مخلصین کا ایثار، بے نفسی، فروتنی اور تواضع پیدا ہو۔ جو کچھ ہو اللہ کے لئے، جو کام ہو اس کی اطاعت کے لئے، جو فرض ہو اس کی رضا کے لئے، جو مقصد کی نہایت ہو، وہ ہو۔

جماعت میں اچھے بھی ہوتے ہیں۔ خراب بھی۔ مخلصین بھی ہوتے ہیں اور بغز بھی،

---

[1] حدیث شریف: [تم میں کا ہر شخص (چرواہا) نگہبان ہے۔ اور ہر (چرواہے) نگہبان سے اس کی رعیت (ریوڑ) کے بارے میں باز پرس ہوگی۔]

جماعت چھوٹے بڑے ہر قسم، ہر انداز کے لوگوں سے بنتی ہے۔ مگر جو قدم اُٹھے، پیچھے نہ ہٹے۔ جما ہوا آگے بڑھے۔ ڈگمگائے نہیں۔

دریں ورطہ کشتی فرو شد ہزار
کہ پیدا نہ شد تختۂ بر کنار

ایک بڑی تنبیہہ ہے۔ بہتیرے اُٹھے، کھڑے ہوئے، چلے، دوڑے، اور منزل کے قریب پہنچنے والے ہی تھے کہ کبھی کبھی بدنصیبی سدِّ راہ ہو گئی اور ہمیشہ کے لئے خسران میں پڑ گئے۔ خوش نصیبی اور سعادت یہ ہے کہ مستقیم الاحوال اور خاتمہ بالخیر کا پورے خوف و رجا کے ساتھ خیال ہو۔ جب خاتمہ بالخیر ہو ساری دقتیں سعی و مشکور کی خوشی کا مژدہ بنیں گی اور سلاماً سلاماً کی بہار پیش نظر ہو گی۔

ہوشیار! یہ بڑوں کی میراث ہے۔ بگڑنے نہ پائے، سابقین و مقربین کے اخلاف ہو، ناخلف نہ کہلائے جاؤ۔ مبادا! کھو کر افسوس نہ کرنا پڑے، بگڑ کر رونا نہ پڑے۔ پھر ہاتھ ملنے اور افسوس کرنے سے کیا حاصل۔ جب وقت عزیز ضائع ہو چکے اور قدر کے اوقات میں محرومی رہ جائے۔

شیطان ہمیشہ کا کھلا ہوا دشمن ہے۔ اس کی چالوں میں نہ آنا۔ اُس کے پھسلاوے میں نہ پڑنا۔ اُس کے دھوکے سے ہمیشہ ہوشیار رہنا کہ وہ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا[1] کہہ کر آیا ہے۔ وہ ہمیشہ گھات اور تاک میں ہے۔ پھسلاوے کے

---

[1] قرآن پاک (سورہ بنی اسرائیل (۱۷) آیت ۶۲؛ پارہ ۱۵ رکوع ۷، [تو میں (بھی) بجز قدرے قلیل لوگوں کے اس کی تمام اولاد کو اپنے بس میں کر لوں گا]۔

لے بہت سی چالیں چل سکتا ہے۔ گمراہ کرنے کے لئے ہر طرف سے آواز دے سکتا ہے۔ چاہیئے کہ اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ عَلَیْهِمْ سُلْطَانٌ[1] کی سعادت کا اہل بنے کہ یہ بڑی کامیابی ہے۔

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْهِ اُنِیْبُ[2]

ظفر منزل، علی گڑھ
۱۲ مارچ ۱۹۷۳ء

والسّلام
محمد سعید خاں

اعلیٰ حضرت قبلہ عالم ادام اللہ فیوضہٗ نے اپنے کچھ متقی، پرہیزگار، پُرجوش اور باہمت مریدوں کو خلافت سے سرفراز فرمایا ہے لیکن ابھی تک ان کے اسمائے گرامی معلوم نہیں ہیں۔ مریدین اور متوسّلین کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ ان میں سے بہت سے حضرات کی تعلیم مکمّل ہو چکی ہے۔ کچھ لوگوں کی تعلیم تکمیل کے قریب ہے اور کچھ ابھی تعلیم کی ابتدائی منزل میں ہیں۔ اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلّہٗ کے مریدین اور متوسّلین کی فہرست ابھی مرتّب نہیں ہو سکی ہے۔ مریدین کی کثیر تعداد میں سے صرف چند حضرات کے نام یہاں بغیر کسی تخصیص کے پیش کئے جا رہے ہیں:-

---

[1] قرآن پاک: سورہ بنی اسرائیل (۱۷) - آیت ۶۵؛ پارہ ۱۵ - رکوع ۷
(میرے خاص بندوں پر تیرا قابو نہ چلے گا)

[2] (توفیق اللہ ہی کی طرف سے ہوتی ہے۔ میں اسی کے اُوپر بھروسا رکھتا ہوں۔

Marfat.com

۱ - جناب مولانا آزاد رسول صاحب - جامعہ پرائمری سکشن جامعہ نگر - نئی دہلی ۲۵

۲ - جناب سید محمد محبب الرحمٰن صاحب ۲ - اِل / ۲ پانڈو روڈ - ساکچی، جمشید پور ۱

۳ - جناب عبدالحلیم صاحب، ہفتیاں - براہ بانسی، ضلع بستی

۴ - جناب مولانا مخلص الرحمٰن صاحب مرحوم، اسلام مشن ۱ ریل گیٹ تیج گاؤں، ڈھاکہ ۸

۵ - جناب مولانا شریف الحسن صاحب، مدرسہ جامع العلوم، باغ فرحت افزا، بھوپال ۲۳

۶ - جناب مولانا عبدالحکیم صاحب، مدرسہ فیض العلوم، بخش پور، ڈاکخانہ ٹھکما، براہ محمد پور - ضلع اعظم گڑھ۔

۷ - جناب حاجی محمد اسحاق صاحب عبید و مرحوم، محلہ نیا پورہ - مالی گاؤں، ضلع ناسک (مہاراشٹر)۔

۸ - جناب محمد سلیمان کریم صاحب، محلہ نیا پوکھر، قصاب ٹولہ گیا۔

۹ - جناب حاجی ولی محمد صاحب قاضی چک، ڈاکخانہ رفیع گنج ضلع اورنگ آباد (بہار)

۱۰ - جناب حاجی محمد آفاق خاں صاحب، کہنہ سرائے - بہار شریف، ضلع نالندہ (بہار)

۱۱ - جناب مولوی مصباح الدین صاحب مرحوم - جلال پور، ضلع فیض آباد۔

۱۲ - جناب حاجی محمد علی صدیقی صاحب، محلہ ہانڈی پورہ، جے پور (راجستھان)

۱۳) جناب منشی وصی احمد صاحب، مقام رانی - ڈاکخانہ دھنپت گنج، براہ سونتھا، ضلع پورنیہ۔

۱۴- جناب عزیز الرحمٰن خاں صاحب متولّی۔ جامع مسجد اعظم گڑھ۔

۱۵- جناب مرشد زادہ عضد الدین خاں صاحب ظفر منزل۔ دگّی روڈ۔ ناگپور ۱۔

۱۶- جناب ڈاکٹر محمد ادریس صاحب۔ ڈنٹسٹ۔ باقر گنج۔ پٹنہ ۴

۱۷- جناب مولانا عبدالوہاب صاحب۔ کوشنڈہ۔ براہ پھولپور۔ ضلع اعظم گڑھ۔

۱۸- جناب ڈاکٹر پیر محمد صاحب تکمیلی۔ بیل باغ۔ مالی گاؤں۔ ضلع ناسک (مہاراشٹر)

۱۹- جناب حاجی احسان احمد صاحب صدیقی، ہندوستان ٹیلرنگ ہاؤس، ساکچی جمشید پور۔

۲۰- جناب حاجی محمد کتاب اللہ صاحب محمد عمر رجب روڈ۔ مدن پورہ۔ بمبئی ۸

۲۱- جناب ہاشم علی صاحب پوسٹل کلرک بسٹوپور۔ جمشید پور ۱

۲۲- جناب محمد اعجاز صاحب۔ ہمدرد دواخانہ۔ باقر گنج۔ پٹنہ ۴

۲۳- جناب محمد وکیل الرحمٰن صاحب ۱۹-اے۔ برٹش انڈیا۔ اسٹریٹ کلکتہ۔

۲۴- جناب سیّد شیور الحسن صاحب طوطا بلڈنگ، مہرولی۔ نئی دہلی ۳۰

۲۵- جناب ڈاکٹر جمیل اختر صاحب سیّد ٹولہ۔ استھانواں۔ ضلع نالندہ (بہار)

۲۶- جناب مولانا قمر الحسن صاحب امام تھانہ مسجد۔ بارڈھ۔ ضلع پٹنہ

۲۷- جناب حاجی محمد سراج الدین صاحب بیلچھی شریف براہ استھانواں، ضلع نالندہ

۲۸- جناب سید امتیاز احمد صاحب گولی مار۔ پیر آباد۔ کراچی (پاکستان)

۲۹- جناب حاجی عبدالرشید صاحب رشید ام۔ ماچس والا شکر بازار۔ احمد آباد (گجرات)

۳۰- جناب محمد جمال الدین صاحب، دارالسّلام، بارڈھ، ضلع پٹنہ

۳۱- جناب سرار الحق خاں صاحب، نوادہ، ضلع اعظم گڑھ (حال مقام نزد جامع مسجد، اعظم گڑھ)

Marfat.com

۳۲۔ جناب ڈاکٹر امتیاز احمد صاحب (سابق ام۔پی) گرڈیہہ۔
۳۳۔ جناب میر عالم صاحب موضع بلّو پور۔ ڈاک خانہ سمبے، ضلع نوادہ (بہار)
۳۴۔ جناب ابو صالح محمد متین صاحب، آلبگلہ۔ ڈاک خانہ بنیاد گنج۔ ضلع گیا
۳۵۔ جناب محمد حسین صاحب غوثی مولانا ڈیہہ۔ ڈاکخانہ مختار گنج۔ ضلع نالندہ
۳۶۔ جناب انوار احمد صاحب بھگوتی پور۔ بھروارہ۔ ضلع دربھنگہ۔
۳۷۔ جناب ڈاکٹر نظام الدین صاحب رمنا باغ۔ پٹنہ ۴
۳۸۔ جناب حافظ محمد تسلیم صاحب چندڑیہا۔ ڈاک خانہ اورائی۔ ضلع مظفر پور
۳۹۔ جناب شبیر احمد صاحب قاضی چک۔ ڈاک خانہ رفیع گنج۔ ضلع اورنگ آباد (بہار)
۴۰۔ جناب سید شبیر الدین صاحب آریہ نگر۔ پونچھ روڈ۔ لاہور (پاکستان)
۴۱۔ جناب محمد عالم گیر صاحب پیغمبر پور سنگھوارہ۔ ضلع دربھنگہ
۴۲۔ جناب حاجی غلام کبریا صاحب ۱۰ ریل گیٹ۔ تیج گاؤں ڈھاکہ ۸ (بنگلہ دیش)
۴۳۔ جناب عزیز احمد صاحب جنار دیو۔ چھنڈواڑا۔ (مدھیہ پردیش)
۴۴۔ جناب محمد عبد الجمیل صاحب، قوت الاسلام ہائی اسکول۔ بنگلور
۴۵۔ جناب جلال الدین صاحب، ہری پور۔ مسجد مبینہ۔ براہ بائسی۔ ضلع پورنیہ
۴۶۔ جناب مولوی وکیل الدین صاحب وکیل۔ اگزیبیشن روڈ۔ پٹنہ ۱
۴۷۔ جناب نسیم احمد صاحب۔ درگاہ روڈ۔ پٹنہ ۶
۴۸۔ جناب حفیظ الدین صاحب، ڈرائنگ ٹیچر، جامعہ ملیہ اسلامیہ۔ نئی دہلی ۲۵
۴۹۔ جناب ڈاکٹر شمس الہدیٰ صاحب۔ دُجی ہاؤس۔ رمنہ روڈ۔ پٹنہ ۴

Marfat.com

۲۲۔ حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحبؒ کا تخلّص

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب قدس سرّہٗ کا تخلّص ویسی ہے۔

ویسی، وَیْس سے بنا ہے، جو عربی میں ایک کلمۂ حقارت ہے۔ اِس کے معنی ہیں محتاجی، ارادہ کی ہوئی چیز، چاہی ہوئی چیز، یا نہ چاہی ہوئی چیز۔ ویسی، وَیح کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ وَیح، کلمۂ ترحُّم و توجُّع ہے۔ اور کبھی مدح و افسوس، تعجُّب اور تنبیہہ کے لئے بھی آتا ہے۔

صُراح میں لکھا ہے کہ وَیسی، زبر کے ساتھ ایک ایسا کلمہ ہے، جو بچّوں کے سلسلہ میں محبّت یا نرمی اور بھولے پن کی جگہ پر بولا جاتا ہے۔ ویسی کے معنی محتاجی کے ہوں یا اس چیز کے جس کی انسان کو خواہش ہو یا نہ خواہش ہو۔ چنانچہ بولا جاتا ہے لَقِیَ وَیْسِیًا، یعنی جو چیز وہ چاہتا تھا، وہ اُسے مِل گئی۔[1]

جناب مولانا صوفی عبدالحنان صاحب عبقری نے انشائے جامی کے حوالہ سے "حیات ویسی" میں لکھا ہے کہ مولانا عبدالرحمان جامی رح کے زمانہ میں مولانا

---

[1] وَیْسِیْ بِالْفَتْحِ کَلِمَۃٌ تُسْتَعْمَلُ فِیْ مَوْضِعِ رَأْفَۃٍ وَّاسْتِمْلَاحٍ لِلصَّبِیِّ وَالْوَیْسُ الْفَقْرُ وَمَا یُرِیْدُہُ الْاِنْسَانُ ضِدٌّ تُقَالُ قَدْ لَقِیَ وَیْسِیًا اَیْ لَقِیَ مَا یُرِیْدُ۔

— صراح ابوالفضل محمد بن عمر ص ۲۵۳؛ المنجد۔ اکیسواں ایڈیشن۔ بیروت ۱۹۷۳ء ص ۹۲۲ (شبلی اکیڈمی۔ اعظم گڑھ)۔

Marfat.com

درویش علی وسیی تخلص کے ایک زبردست شاعر تھے چنانچہ انشائے جامی میں مذکور ہے۔

"مولانا درویش علی کہ در صنعت کتابت انگشت نما است و در صناعت نظم و غزل فرد و بے ہمتا، میان اصحاب قلم بہ خوشنویسی مشہور است و بزبان ارباب بیان وسیی مذکور۔" ؎

آنکہ پاک و لطیف می گوید گر قصیدہ و گر غزل وسیی است
در حساب ہنر، اگر دگران بست باشد فی المثل وے سی ست[1]

قیاس غالب است کہ حضرت صوفی سید فتح علی صاحبؒ نے اپنے تخلص میں اس لفظ کو نرمی، محبت اور بھولے پن کے معنی میں استعمال کیا ہے۔

۲۳- دیوان وسیی

حضرت صوفی سید فتح علی صاحب وسیی رح کے انتقال کے تقریباً بارہ سال بعد آپ کا دیوان پہلی بار ۱۸۹۸ء میں مطبع غوثیہ کلکتہ سے شائع ہوا۔ یہ ۲۰۸ صفحات پر مشتمل تھا۔ دوسری بار آپ کا دیوان ۱۹۳۲ء میں مطبع قیومی کان پور سے شائع ہوا۔ جو ۲۳۲ صفحات پر مشتمل تھا[2]۔ حضرت صوفی صاحبؒ کے دیوان کا جو ایڈیشن راقم الحروف کے سامنے ہے وہ تیسری بار ذی قعدہ ۱۳۵۳ھ (فروری ۱۹۳۵ء) میں جناب حاجی

---

[1] حیات وسیی، حصہ اردو، مولانا زین العابدین صاحب اخری ص ۶۲

[2] خط الحاج جناب سید ابوالبشر محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۵ اگست ۱۹۷۵ء۔

Marfat.com



۱۸۔ دیوان کیسبی مطبوعہ ۱۸۹۲ء کا سرورق

عبدالقیوم صاحب تاجر کتب، ۱۶۔ ویلزلی اسکوائر کلکتہ کی فرمائش سے جناب قمرالدین صاحب مالک مطبع کے زیر اہتمام قیومی پریس، کان پور سے شائع ہوا۔ اس کا کاغذ سفید پتلا کمزور، قدرے بادامی رنگ کا ہے۔ راقم الحروف نے یہ کتاب نومبر ۱۹۶۹ء میں کلکتہ سے منگوائی تھی، ممکن ہے کہ شروع میں کاغذ بالکل سفید رہا ہو۔ لیکن چالیس سال قبل طبع ہونے کے باعث اس کا رنگ بدل گیا ہو۔ کتاب کی قیمت ایک روپیہ ۵ اپیسے اور تقطیع $\frac{۹۳}{۴} \times ۶\frac{۱}{۲}$ انچ ہے۔ کل ۲۳۲ صفحات ہیں اور ہر صفحہ میں ۱۹ سطریں ہیں۔

اخیر میں حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ کے بارے میں مولوی عبدالخالق صاحب کے ۵۵ اردو اشعار کے سوا باقی پوری کتاب فارسی میں ہے۔ اس دیوان کو مولوی سید میر حسن ولد مولوی سید محمد سید حسن ابن مولوی سید احسان علی صاحب مرحوم، شاہ پوری، مرشد آبادی نے حضرت ولیسیؒ کے انتقال کے بعد مرتب کیا۔ شاہ پور تھانہ بھرت پور، سب ڈویژن کانڈی ضلع مرشد آباد کی ایک بستی ہے۔ جہاں حضرت ولیسی قدس سرہٗ کی صاحبزادی رابعہ بنگال حضرت بی بی زہراؒ کی شادی ہوئی تھی۔ دیوان کے مرتب مولوی سید محمد میر حسن[1] صاحب حضرت ولیسیؒ کے نواسے مولوی سید

---

[1] دیوان ولیسی کے مرتب مولوی سید میر حسن صاحب شاہ پوری کے پوتے ڈاکٹر سید محمد حسن صاحب ڈھاکہ کالج (بنگلہ دیش) میں اسلامی تاریخ و تمدن کے شعبہ کے صدر اور ڈھاکہ یونی ورسٹی میں اسوشیئیٹ پروفیسر ہیں۔ پاکستان میں ایرانی شہنشاہیت کے ڈھائی ہزار سالانہ جشن کے موقع پر ۲۵ اکتوبر ۱۹۷۱ء کو ڈھاکہ کی اسلامی اکیڈمی کے ایک جلسہ میں انہوں نے اپنا ایک مقالہ پڑھا تھا (بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۲۰ پر)

Marfat.com

احسان احمد کے خاندان کے اور رشتہ میں اُن کے بھائی معلوم ہوتے ہیں۔ کیونکہ حضرت ویسی کے لئے اُنہوں نے 'نانا' کا لفظ استعمال کیا ہے۔ مرتّب کی طرف سے شروع میں دو صفحہ کا مختصر دیباچہ مقفّٰی اور پُر تکلّف فارسی میں عبارت ہے۔ اس مختصر دیباچہ میں ایک جگہ فارسی کا اور دوسری جگہ عربی کا ایک شعر آیا ہے۔

صفحہ ۴ سے صفحہ ۱۸۸ تک کُل ۱۸۵ صفحات میں حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی قدس سرّہٗ کی ردیف وار غزلیں اور قصیدے ہیں۔ درمیان میں صفحہ ۴۴ پر 'ن' کی ردیف میں ۹ اشعار کی ایک غزل جناب امیر حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور صفحہ ۱۸۳ پر ۹ اشعار کی ایک غزل حضرت غوث الاعظم پیرانِ پیر دستگیرؒ کی منقبت میں ہے۔ متفرقات کے بعد بالکل اخیر میں صفحہ ۱۸۲ پر دس اشعار کی ایک دوسری غزل بھی حضرت غوث الأعظم سیّدنا محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ کی منقبت میں ہے۔ یہ غزل غالباً دیوان کے تیسرے ایڈیشن میں شامل کی گئی ہے۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۱۹ کا]

جس میں بنگال کے فارسی شاعروں کے سلسلہ میں حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسیؒ کی خدمات کا اختصار میں جائزہ لیتے ہوئے اِس امر پر مسرت کا اظہار کیا گیا تھا کہ حضرت ویسیؒ کا دیوان اُن کے دادا کا مرتّب کیا ہوا ہے۔ اِس جشن کے موقع پر جناب سیّد محمد جان عالم صاحب ایڈووکیٹ ڈھاکہ نے دیوان ویسی کا ایک نسخہ جناب ڈاکٹر سیّد سجّاد حسین صاحب وائس چانسلر ڈھاکہ یونی ورسٹی کے ذریعہ شہنشاہ ایران کی خدمت میں روانہ کیا تھا ۔۔۔ خط الحاج جناب سیّد محمد بشیر الدین صاحب مدظلّہٗ۔ جدو ناتھ باسک لین۔ ڈھاکہ ۱ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۵ اگست سنہ ۱۹۷۴ء۔

Marfat.com

حضرت پیرانِ دستگیرؒ کی منقبت میں دونوں غزلیں تی کی ردیف میں ہیں۔

دیوان کیسی میں ۱۷۲ نعتیہ غزلیں ہیں اور ان غزلوں کے اشعار کی مجموعی تعداد ۲۰۵۰ ہے۔ شروع سے اخیر تک کُل ۱۷۵ غزلیں ہیں اور غزل کے کل اشعار ۲۰۷۸ ہیں۔ اوسطاً ہر غزل میں ۱۲ اشعار ہیں۔ سب سے زیادہ غزلیں الف کی ردیف میں ہیں۔ الف کی ردیف میں کُل ۳۲ غزلیں اور اُن میں اشعار کی تعداد ۳۹۹ ہے۔ ردیف الف کی ۳۱ غزلیں دیوان کے شروع میں اور ایک غزل بالکل آخری غزل سے پہلے صـ۱۸۵ پر ۵۰ اشعار کی ہے۔ شاید مرتّب نے اس غزل کو عربی الفاظ کے بعض قافیے اعلیٰ، طُوبیٰ، موسیٰ، ہُدیٰ، اعمیٰ، کسریٰ وغیرہ کی وجہ سے ردیف تی میں شامل کیا ہے۔ لیکن اس غزل کو الف کی ردیف میں شمار کرنا مناسب ہے۔

اِس کے بعد ی کی ردیف میں ۲۸ اور د کی ردیف میں ۲۶ غزلیں ہیں۔ د کی ردیف میں کل ۳۰۵ اور ری کی ردیف میں کل ۲۹۹ اشعار ہیں۔ ت اور د کی ردیف میں چودہ چودہ غزلیں اور اشعار کی تعداد بالترتیب ۱۵۸، اور ۱۸۴ ہے۔ لا کی ردیف میں ۱۱ غزلیں ۱۸۱ اشعار اور ن کی ردیف میں ۱۰ غزلیں اور ۱۴۶ اشعار ہیں۔ ل، م اور و کی ردیفوں میں سات سات غزلیں اور بالترتیب ۶۲، ۷۹ اور ۵۸ اشعار ہیں۔ ب کی ردیف میں ۶ غزلیں اور کُل ۱۰۱ اشعار ہیں۔ ش، ط اور ک کی ردیفوں میں دو دو غزلیں اور ث، ج، ز، ص، ض اور ق کی ردیفوں میں صرف ایک ایک غزل ہے۔ ح، خ، ذ، س، ع، غ اور ف کی ردیف کی کوئی غزل

Marfat.com

دیوان میں موجود نہیں ہے۔ دیوان کے مرتب مولوی سید میر حسن صاحب نے اپنے دیباچہ میں اس امر کی طرف اشارہ کیا ہے کہ باوجود کافی تلاش کے ان ردیفوں کی غزلیں دستیاب نہیں ہو سکیں۔

سب سے طویل غزل ۵۶ اشعار کی ردیف ہ کی آخری غزل ہے، جو صـ۱۶۲ سے شروع ہوتی ہے۔ پھر ۵۰ اشعار کی ردیف الف کی وہ غزل ہے جو دیوان کی آخری غزل سے پہلے ہے۔ ۴۵ اشعار کی ایک غزل ب کی ردیف میں اور ۴۴ اشعار کی ایک غزل د کی ردیف میں ہے۔ ۳۶ اور ۳۴ اشعار کی دو غزلیں د کی ردیف میں شامل ہیں۔ ۲۸ اشعار کی ایک غزل ن کی ردیف میں ہے۔

و کی ردیف میں ایک غزل کا صرف ایک شعر نقل ہوا ہے۔ اور ک کی ردیف میں ایک غزل کے تین اشعار ہیں۔ چار اشعار کی چار غزلیں، د، ر، ط اور ل کی ردیفوں میں ہیں۔ پانچ اشعار کی تین غزلیں ت، ر، اور ی کی ردیفوں میں ہیں۔

دیوان ولیسی میں کل ۲۳ نعتیہ قصیدے ہیں اور ان میں اشعار کی مجموعی تعداد ۱۰۶۴ ہے۔ اس طرح ہر قصیدہ میں اوسطاً ۴۶ اشعار ہیں۔ سب سے زیادہ قصیدے ر کی ردیف میں کل بارہ ہیں اور ان میں اشعار کی تعداد ۵۵۱ ہے۔ ان بارہ قصیدوں میں پانچ مسلسل مطلعے ہیں۔ مطلع ثانی دیوان کا طویل ترین قصیدہ ہے۔ اس میں ۱۳۱ اشعار ہیں۔ ان پانچ مسلسل

Marfat.com

قصیدوں میں پہلے دو قصیدے حکیم سنائی کی زمین میں اور پچھلے تین حکیم افضل الدین خاقانی شیرانی کی زمین میں ہیں۔ ر کی ردیف کا آخری دو یعنی گیارہواں اور بارہواں قصیدہ مکمل نہیں ہے۔ اِن دونوں قصیدوں کے چھ اور بارہ اشعار جو مرتب کو مل گئے تھے، پیش کئے گئے ہیں۔ الف کی ردیف میں چار۔ ن اور ہ کی ردیف میں دو دو اور ت، د اور ی کی ردیفوں میں ایک ایک قصیدہ ہے۔

حضرت وسیمی، قدس سرّہٗ نے مولوی محمد شاہ مرحوم کے انتقال پر ت کی ردیف میں جو مرثیہ لکھا ہے، اس قصیدہ میں ۵۱ اشعار ہیں۔ چار تاریخ وفات ہیں۔ ان میں کل ۱۹۳ اشعار ہیں۔ جناب مولانا محمد سعید صاحب عظیم آبادیؒ کے نام جو خط ہے، اس میں کُل ۶۱ اشعار ہیں۔ اس طرح متفرقات کے چھ عنوانات کے تحت کل ۲۰۵ اشعار ہیں۔

دیوان وسیمی کی ۱۷۵ غزلوں، ۲۳ قصیدوں اور ۶ متفرقات میں کُل ۳۳۴۷ اشعار ہیں۔ صـ۷۶ پر ردیف د کی ایک غزل کے تین مصرعے، صـ۱۳۷ پر ردیف ن کے ایک قصیدہ کا ایک مصرعہ اور صـ۱۶۵ پر لا کی ردیف کے ایک نامکمل قصیدہ کا ایک مصرعہ غائب ہے۔ اس طرح دیوان کے پانچ اشعار کے صرف ایک ایک مصرعے ہی پیش کئے جا سکے ہیں۔ چنانچہ دیوان میں مکمل اشعار کی تعداد ۳۳۴۲ ہے۔

اشعار متفرقات کے بعد چھ صفحات میں حضرت صوفی سید فتح علی صاحب وسیمیؒ

Marfat.com

کا شجرۂ طریقہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ، شجرۂ مبارکہ طریقہ عالیہ قادریہ اور شجرۂ طیبہ، مشائخ چشتیہ پیش کیا گیا ہے۔ پھر دو صفحات میں حضرت دلیسیؒ کے خلفا اور مریدین کی فہرست ہے۔ صـ۲۰۹ پر حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندیؒ کی اولاد کا ذکر ہے اور حضرت صوفی صاحبؒ کے صاحبزادے مولانا سید محمد مصطفٰے صاحبؒ اور صاحبزادی حضرت بی بی زہراؓ کا نام اور پتہ درج ہے۔ ۱۲ صفحات میں حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ کے وہ چار خطوط ہیں جو انہوں نے اپنے والد محترم مولانا محمد ثابت صاحبؒ کے نام لکھا تھا۔ اس کے بعد مولانا عبدالحق صاحبؒ کے انتقال کی تاریخ اور حضرت آدم علیہ السلام سے مولانا مرحوم کے پوتے محمد عبدالعلیم ابو احمد صاحب تک کرسی نامہ ہے۔ اس کے بعد سات صفحات میں حضرت صوفی صاحب قدس سرہٗ کے خلیفہ حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ کے بارے میں تین نظمیں ہیں۔ آخری نظم اردو میں ہے۔ صـ۲۳۱ پر حضرات پیران پیر دستگیرؒ کی منقبت میں، حضرت دلیسیؒ کی ایک غزل ہے۔ اور دیوان کے آخری صفحہ ۲۳۲ پر ناشر کا کتابوں کے متعلق اشتہار ہے۔

ختم شد

آئینۂ دلیسیؒ حصہ اوّل

Marfat.com

آئینۂ وہابی

حصّۂ دوم

وہابیا از دین و ایماں ایں قدر دانیم و بس
دین ما عشق محمدؐ، حُبِّ او ایمان ما

Marfat.com

حصّۂ دوم

قوّالِ ارشاد حضرت صوفی سیّد فتح علی ویسیؒ کی شاعری

۱۔ حضرت ویسی قدس سرّہٗ اور عشقِ رسولؐ

اُنیسویں صدی عیسوی میں حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسیؒ کی ایک نامور اور بلند و بالا ہستی گذری ہے۔ بنیادی طور پر وہ ایک شیخ طریقت اور عارفِ کامل تھے۔ اللہ کے بندوں کو اللہ سے ملانا، دِل کو سوزِ محبّت سے آشنا کرنا، رُوح میں عظمت و بالیدگی پیدا کرنا۔ اعلیٰ اخلاق انسانی کے سُوکھے دھاروں کو جاری کرنا، قلب کو منزّہ اور مصفّٰی کر کے روشن اور منوّر کر دینا اور انسان کو انسانِ کامل بنانا اُن کا کام تھا۔ کائنات میں انسانیت کاملہ کا اعلیٰ نمونہ جناب سرورِ دو عالم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کی ذات والا صفات ہے۔ وہی نورِ مجسّم ہیں اور وہی سراجِ منیر جس کی روشنی اور تابانی سے آدم خاکی طاہرِ لاہوتی بن کر عالمِ اسماء و صفات میں پرواز کرتا ہے اور تجلّیاتِ خداوندی سے آشنا ہوتا ہے۔ حضرت ویسیؒ کے عشق کا محور اور ان کی ساری توجّہات کا مرکز ہے۔ صوفی صاحبؒ آشنائے حبیبِ کبریا اور عاشقِ محبوبِ ربُّ العالمین ہیں۔ عشقِ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم اُن کے رگ و پے میں جاری و ساری ہے:

Marfat.com



۱۹ - گنبد خضریٰ

Marfat.com

Marfat.com

اے لعل رواں بخش تو چوں آب روانست (دیوان ص ۵۱) در جان و تنم عشق تو چوں آب روانست

ایک جگہ اور لکھتے ہیں:

چناں بجان و تنم عشق تو بود ساری (ص ۱۵۶) کہ خیزد از گلِ من جائے سبزہ مہر گیاہ

اپنے دیوان کی پہلی ہی غزل میں لکھتے ہیں:

ویسیا از دین و ایماں ایں قدر دانیم و بس (ص ۴) دین ما عشق محمدؐ حُبِّ اُو ایمان ما

پھر ایک دوسری غزل میں لکھتے ہیں:

ہر کسی را رہبری ہر دست را یک دامنی دست ما و دامن احمدؐ بس ایں تدبیر ما

سیّدِ جملہ جمیلاں احمدؐ محبوب حق (ص ۲۶) حُبِّ اُو بس رہبرِ ما عشق او بس پیر ما

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسیؒ، ایک کامیاب شاعر کی حیثیت سے بڑا بلند درجہ رکھتے ہیں۔ لیکن تصوّف و معرفت، رُشد و ہدایت اور عشق و محبّت کی دنیا میں اُن کا جو اعلیٰ مقام ہے، اُس کے مقابلہ شاعری اُن کے لئے کوئی طُرّہ امتیاز نہیں۔ بلکہ خود شاعری کو پُرخلوص، نرم اور لطیف جذبات، عشق صادق کے سوز و گداز، خیالات کی رنگینی، تخیّل کی بلند پروازی اور اُن کے پُرجوش، خوبصورت اور دل آویز انداز بیان سے بڑا اونچا مقام حاصل ہوا ہے اور اُس دور میں جب کہ ہندوستان میں فارسی شاعری کا مذاق ختم ہو رہا تھا۔ ہمارے علمی اور تمدّنی مراکز سے بہت دُور برما کی سرحد پر بنگال میں پیدا ہونے والے ایک فقیر بوریہ نشیں نے اپنے صدق و صفا، اپنے دل درد آشنا اور اپنی رنگین بیانی سے فارسی شاعری کے وقار میں بیش از بیش اضافہ کیا۔

Marfat.com

سُبک ہو چلی تھی ترازوے شعر (میرانیس) مگر میں نے پلّہ گراں کر دیا۔

چودھویں صدی عیسوی کے اخیر میں بنگال کے مسلمان فرماں روا سلطان غیاث الدین اعظم شاہ[1] نے خواجہ شمس الدین حافظ شیرازی[2] کو بنگال کے دارالحکومت گوڑ آنے کی دعوت دی تھی اور خواجہ حافظ شیرازیؒ بادشاہ بنگال کی دین پروری، علم دوستی اور ادب نوازی کا حال سن کر وطن سے روانہ ہوئے۔ لیکن سمندر کے کنارے پہنچنے پر بحری سفر کے خطرات کے پیش نظر

---

[1] سلطان غیاث الدین اعظم ــ صوبہ بہار میں شہر حاجی پور (ضلع ویشالی) اور شمس الدین پور (سمستی پور) کے بانی شمس الدین محمد الیاس (۵۸-۱۳۴۵ء) کا پوتا اور سکندر شاہ اوّل (۸۸-۱۳۵۸ء) کا بیٹا ۱۳۸۹ء سے ۱۴۱۰ء تک بنگال کا حکمران تھا۔ بنگال کے مشہور مذہبی پیشوا حضرت نور قطب عالمؒ (متوفی ۱۴۱۵ء) اس بادشاہ کے ہم سبق اور اس کے زمانہ میں تھے۔ دونوں شیخ حمید الدین ناگوریؒ کے شاگرد تھے۔ غیاث الدین اعظم علم دفن کا شیدائی اور سرپرست تھا۔ اُس نے میتھلی زبان کے شاعر اور کیرت لتا کے مصنف ودّیاپتی ٹھاکر (۱۳۶۰-۱۴۵۰ء) اور بنگال کے سب سے پہلے مسلمان شاعر اور بنگلہ میں یوسف زلیخا کے مصنف شاہ محمد صغیر کی سرپرستی کی تھی۔ اس بادشاہ کے زمانہ میں فارسی، بنگلہ اور میتھلی تینوں زبانوں کے ادب کو ترقی ہوئی۔ امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد ہفتم صـ۲۱۶) مالدہ ضلع گزیٹیر صـ۱۷؛ آب کوثر۔ شیخ محمد اکرام صـ۳۵؛ مسلم بنگالی ادب ڈاکٹر انعام الحق صـ۴۴۔ [2] لسان الغیب خواجہ شمس الدین حافظ شیرازیؒ ۷۱۵ھ یا ۱۳۱۵ء میں پیدا ہوئے اور ۷۹۲ھ یا ۱۳۸۹ء میں شیراز میں انتقال کیا۔

Marfat.com

سفر ملتوی کر دیا اور جو غزل بادشاہ کے لئے روانہ کیا۔ اُس کے چند اشعار یہ ہیں:

ساقی حدیث سرو و گل و لالہ می رود — وین بحث با ثلاثہ غسّالہ می رود
می دہ کہ نوعروس چمن حُسن یافت — کاوازِ ایں زمان ز صفیر دلالہ می رود
شکر شکن شوند ہمہ طوطیانِ ہند — زیں قند پارسی کہ بہ بنگالہ می رود
طی مکاں ببیں و زماں در سلوک شعر — کایں طفل یک شبہ رہ یک سالہ می رود
باد بہار می وزد از بوستان شاہ — ورز الہ باد دہ در قدح لالہ می رود
حافظ ز شوق مجلس سلطان غیاث دیں — خامش مشو کہ کار تو از ناله می رود

(دیوان حافظ۔ قیومی پریس ص ۱۳۵)

اِس واقعہ کے پانچ سو سال کے بعد ایک بُلبُلِ نوا سنج اور ایک طوطیِ شیریں مقال نے اپنی اعلیٰ درجہ کی شاعری سے بنگال میں قند پارسی کا رنگ تازہ کر دیا۔ لیکن فارسی زبان پر قدرت کاملہ کے باوجود خود حضرت وسیعؒ نے اپنے ایک شعر میں یہ بالکل واضح کر دیا ہے کہ نہ وہ ایرانی ہیں اور نہ اُن کو ایران سے کوئی فیض پہنچا ہے۔

من نہ ایرانی مرا نہ فیض از ایران ص ۱۰۱ طبع ما را فیض ایرانی دگر

"ایرانی دگر" کا اشارہ حجاز مقدس کی طرف ہے اور شاعرِ مشرق علامہ اقبالؒ کے ایک شعر سے بھی اِس قسم کے خیال کی وضاحت ہوتی ہے:

کرم اے شہِ عرب و عجم کہ کھڑے ہیں منتظر کرم
وہ گدا کہ تو نے عطا کیا ہے جنہیں دماغِ سکندری

اور خود حضرت وسیعؒ اُسی غزل میں فوراً بعد لکھتے ہیں: ؎

Marfat.com

در ازل ولیسیؔ گرفتہ دامنت ؎ می نہ گیرد ہیچ دامانے دگر

فارسی شاعری میں حضرت ولیسیؒ کا یہ کمال مخزنِ لطف وعطا مولائے یثربؐ کے فیضان کا نتیجہ ہے۔

۲۔ حضرت ولیسیؒ کی غزل گوئی

غزل ایک داخلی صنف شاعری ہے، جو انسان کے تاثراتِ دلی اور واردات قلبی کے اظہار کے لئے نہایت موزوں اور مناسب ہے۔ اور شکل وشباہت اور ہیت کے لحاظ سے اپنی شیرینی اور روانی، نرمی اور لطافت کے لئے مشہور اور بے حد مقبول۔ غزل کی کامیابی اور مقبولیت کا راز حسن وعشق کے لطیف اور دل آویز تجربات حسین ودلفریب اشارہ وکنایہ، ایجاز واختصار اور سازِ دل کو چھو لینے والی نغمگی اور موسیقیت میں پوشیدہ ہے۔ ہماری ہند ایرانی تہذیب کی اعلیٰ ترین خصوصیات کا اظہار اسی صنفِ شاعری کے ذریعہ ہوا ہے اور یہ ہماری تہذیب کا سرمایہ لازوال ہے۔ ہر دور اور ہر زمانہ میں اسے شرف قبولیت حاصل رہا ہے اور آج بھی اسی آب وتاب کے ساتھ مقبول ہے۔

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بھی محبوب ربّ العالمین سے اپنے عشق ومحبت کے اظہار کے لئے اسی صنف شاعری کو پسند فرمایا۔ دیوان ولیسیؔ کی ۱۷۵ غزلوں میں ۱۷۲ غزلیں اور کل قصیدے اور دیوان کے کل ۳۴۷ اشعار میں ۳۲۱۴ اشعار جناب خیر البشر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت میں ہیں۔

تین غزلیں دو بزرگوں کی منقبت میں ہیں اور متفرقات میں بشمول منقبت صرف ۲۳۳ اشعار ہیں۔ رباعی، قطعہ اور مثنوی نہیں لکھا ہے۔ شاعری میں اُن کا موضوع بالکل محدود ہے۔ لیکن اس محدود موضوع پر انہوں نے تین ہزار سے زیادہ اشعار بڑی سادگی اور جوش، کامیابی اور خوبصورتی کے ساتھ لکھا ہے۔ تجربات اور مشاہدات کے نئے نئے گل بوٹے کھلائے ہیں۔ اِن میں کہیں بھی بناوٹ، تکلف، تصنع اور آورد کا شائبہ تک نہیں ہے۔ اِن اشعار میں بڑی تازگی، رعنائی اور دلکشی پائی جاتی ہے۔ شاعر کے تجربہ میں خلوص اور گہرائی ہے۔ زبان و بیان پر بڑی قدرت حاصل ہے۔ شعر کو پسندیدہ اور خوب سے خوب تر بنانے کے لئے جن خارجی محاسن کی ضرورت ہوتی ہے۔ اُس کا احساس ہے اور اُس کے استعمال کی پوری صلاحیت بھی۔ حضرت وسیعی کے یہاں عشق کا تصور بہت ہی اعلیٰ و ارفع، پاکیزہ، نفیس اور لطیف ہے اور کیوں نہ ہو، جب کہ اُن کا محبوب، سیّد دنیا و دیں اور محبوب رب العالمین ہے۔

چہ جانان شاہ خوبانی سراسر نور تابانی — قدم تا سر عجب شانی سراپا صبح خندانی
خلیب انبیار آملہ مدیح اُو خدا آملہ — خطابش مصطفیٰ آمد گدایش شاہ سلطانی ۱۸۱

پھر دوسری جگہ اپنے محبوب کے بارے میں لکھتے ہیں:

شمس الضحیٰ، بدر الدجیٰ، نور الہدیٰ، خیر الوریٰ
بحر الحکم، موضع الکرم، فخر الامم، ہادی السبیل ۱۲۶

حضرت وسیعیؒ کے اشعار کے داخلی اور خارجی محاسن میں بڑا

توازن اور برجستگی ہم آہنگی پائی جاتی ہے۔ صنائع و بدائع کا استعمال اُن کے یہاں نہایت اعتدال کے ساتھ ہوا ہے۔ غزلوں میں نسبتاً کم اور قصیدہ میں اُس صنف شاعری اور اُس کی ہیئت کے لحاظ سے بالکل مناسب۔ الفاظ کا موزوں اور مناسب انتخاب، عربی کی خوبصورت ترکیبوں کا استعمال، الفاظ کا دروبست اور بندش اور ترکیبوں کی چستی اور روانی قابل داد ہے:۔

پادشاہِ ہر دو عالم زبدۂ کون و مکاں — مقتدای جن و انساں شافعِ یوم الجزا
سرو بستانِ نبوت، گلشنِ باغِ ہدیٰ — مقتدائی نوعِ امکاں پیشوائی انبیاء
پادشاہِ عرصۂ ہستی شفیع المذنبین ص۱۱ — بر درت شاہانِ عالم چوں فقیر اندر گدا

اِس سلسلہ کے چند اور اشعار ملاحظہ فرمائیں اور دیکھیں کہ شاعر کے پُرخلوص تجربات کس طرح اشعار کے حسین سانچے میں ڈھل گئے ہیں:

اے طلعت تابانِ تو یا نُورِ حق یا صبح دم — یا مظہرِ فیضِ اتم یا مطلعِ نُورِ قدم
اے رحمۃ اللعالمیں قُرّے سیّد دنیا و دیں — محبوبِ ربِّ خافقین بر چشمِ من بارے قدم
یا ملکِ شکر دہن یا افصحِ شیریں سخن — یا اصبحِ گُل پیرہن یا دارُوئے ہر درد و غم
یا مخزنِ لطف و عطا یا معدنِ صدق و صفا — یا شہسوارِ اصطفا شمس الحرب بدر العجم
یا سرو یا طوبا ستی یا گُلبنِ زیبا ستی — یا جنّۃُ الماوا ستی یا شادی جان در دلم
یا احمدِ بیکتا ستی یا فردِ بے ہمتا ستی ص۱۳۳ — یا در دروح افزا ستی اے سرو بیشت گشتہ خم

چونکہ شاعر کا محبوب کوئی عام انسان نہیں ہے، بلکہ محبوبِ ربّ العالمیں، فخر الموجودات، باعثِ وجودِ جہاں، افضل البشر، سیّد کونین، سرورِ انبیاء رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

Marfat.com

اِس لئے شاعر نے اپنے محبوب کے اعلیٰ ترین منصب، اُن کے درجہ اور اُن کے وقار کا ہر جگہ خیال رکھا ہے۔ پورے دیوان میں ادب و احترام اور عجز و انکسار کی ایک فضا پائی جاتی ہے۔ گرچہ شاعر نے اپنی پہلی غزل میں لکھا ہے:

پادشاہِ کشورِ عشقم جنوں دستورِ من ؎۴ مسندِ ما خاکِ کویش، کوئی ایوانِ ما

لیکن پورے دیوان میں ہر جگہ دیوانگی پر فرزانگی غالب ہے۔ کہیں احساس ربودگی نہیں۔ بلکہ اندازِ سپردگی ہے۔ کہیں بھی شوخی اور مستی کا نام نہیں۔ چنانچہ خود لکھتے ہیں:

دیوانہ نہاں باشم و فرزانہ بظاہر ؎۴۸ در عشق شہ خیل رسل عادتم این ست

حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ولیسیؒ نے اپنے دیوان میں کہیں بھی نعت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور متعلقاتِ نعت کے سوا کسی دوسرے مسئلہ کا کوئی ذکر تک نہیں کیا ہے۔ مسائلِ تصوف اور مقاماتِ معرفت اور کسی فلسفیانہ حقیقت سے قطعی بحث نہیں کی ہے۔ بلکہ ساری توجہ ہادیٔ برحق، سرورِ انبیاء اشرفِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف و توصیف، شوقِ دیدار، آرزوئے شرفِ نیاز اور اتباعِ سنت کی اہمیت پر مرکوز رکھا ہے۔

۳۔ نعت نویسی کی روایت

دنیا کے تمام مسلمانوں کے لئے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت

Marfat.com

جُزوِ ایمان ہے۔ بانیٔ اسلام سے محبّت، شیفتگی اور شیدائیت کے بغیر تکمیل ایمان ممکن نہیں، کیونکہ لا الٰہ الّا اللہ کا دوسرا جُزو محمد رسول اللہ اور مسلمان ہونے کے لئے کلمۂ توحید کے دونوں جُزو پر ایمان و ایقان ضروری ہے۔

در دلِ مسلم مقام مصطفیٰؐ است (علامہ اقبال) آبروئے ما زنامِ مصطفیٰؐ است

صوفیائے کرام اور بزرگانِ دین کی تعلیمات کی بُنیاد ہی عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ہے اور عشقِ رسولؐ کی بدولت ہی تصوّف اور معرفت کے تمام مقامات طے ہوتے ہیں۔ کوئی شخص خواہ کتنا ہی عابد مرتاض اور زاہد شب زندہ دار کیوں نہ ہو، عشقِ رسولؐ کے بغیر نہ اس کی رُوح میں بالیدگی پیدا ہو سکتی ہے اور نہ وہ ناسوت کی منزل سے آگے قدم بڑھا سکتا ہے۔

مسلمان جہاں کہیں بھی ہو، جس حال میں ہو، اپنے دل میں سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبّت ضرور رکھتا ہے۔ مسرّت اور خوشی، غم اور مصیبت میں اُن کو یاد رکھتا ہے۔ نظم و نثر کی کتابوں میں خدا کی حمد کے بعد نعتِ رسولؐ لکھنے کا رواج رہا ہے۔ ہر دَور میں مسلمان شاعروں نے اپنے کلام کے ذریعہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی والہانہ محبّت اور بے پناہ شیفتگی کا اظہار کیا ہے۔ نعت گوئی ہمارے یہاں ایک صنفِ شاعری رہی ہے۔

فارسی کے مشہور و معروف شاعر شیخ شرف الدین سعدیؒ[1] شیرازی

---

[1] شیخ شرف الدین (مصلح) سعدی شیرازیؒ ۵۷۱ھ یا ۱۱۷۵ء میں پیدا ہوئے اور
(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۳۵ پر)

Marfat.com

(سہروردی) رح کا رسالت مآب سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں یہ عربی قطعہ بے حد مشہور ہے:

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ　　کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حُسِنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ　　صَلُّوْ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

باعثِ ایجادِ جہاں حضرت سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں لالہ زارِ عجم کے مردِ حق آگاہ حضرت مولانا جلال الدین رومی[1] رح کے یہ دو اشعار بہت

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۳۴ سا]

۶۹۱ھ = ۱۲۹۲ء میں شیراز میں انتقال کیا۔ والد کا نام شیخ عبداللہ شیرازی تھا۔ شیخ الشیوخ حضرت شہاب الدین سہروردی رح کے خلیفہ تھے۔ کریما، گلستاں، بوستاں ان کی مشہور تصانیف ہیں۔ حضرت زکریا ملتانی رح اور حضرت شہاب الدین پیر جگ جوت رح جیٹھلی ضلع پٹنہ ان کے پیر بھائی ہیں۔ قاموس المشاہیر جلد اوّل صفحہ ۲۹۲؛ آپ کا زمانہ تقریباً ۱۱۹۳ء سے ۱۲۹۱ء ہے۔ المنجد صفحہ ۳۵۵

---

[1] حضرت مولانا جلال الدین رومی رح (مولانائے روم)۔ ۶ ربیع الاوّل ۶۰۴ھ = ۳۰ ستمبر ۱۲۰۷ء کو بلخ (افغانستان) میں پیدا ہوئے اور ۵ جمادی الآخر ۶۷۲ھ = ۱۷ ستمبر ۱۲۷۳ء کو قونیہ (ٹرکی) میں انتقال ہوا۔ حضرت شمس تبریزی رح کے خلیفہ تھے: ؎

مولوی ہرگز نہ شد مولائے روم　　تا غلام شمس تبریزی نہ شد

قاموس المشاہیر جلد اوّل صفحہ ۱۷۴؛ دنیائے اسلام کے مشہور فلسفی گذرے ہیں۔ آپ کی مثنوی مسلمانوں میں حکمت و معرفت کے لحاظ سے بہت مقبول رہی ہے: مثنوئ مولوئ معنوی ٭ ہست قرآں در زبان پہلوی

مقبول اور مشہور ہیں: ؎

گر بنودے نورِ احمدؐ در جہاں — کے شدے پیدا زمین و آسماں

اوست ایجادِ جہاں را واسطہ — درمیان خلق و خالق واسطہ

طوطیٔ ہند حضرت خواجہ ابو الحسن امیر خسروؒ[1] کی مشہور غزل جو رنگ تغزل، نغمگی، روانی، حلاوت، اور شیرینی کے لحاظ سے فرد ہے۔ اُس غزل کے ان چند اشعار کو نعتِ رسولؐ ہی سے منسوب کیا جاتا ہے۔

اے چہرۂ زیبائے تو رشکِ بستانِ آذری

ہر چند وصفت می کنم دُرُستر زاں بالاتری

تو از پری چابک تری، وز برگ گل نازک تری

وز ہر چہ گویم بہتری، حقّا عجائب دلبری

آفاقہا گردیدہ ام، مہر بتاں ورزیدہ ام

بسیار خوباں دیدہ ام، لیکن تو چیزے دیگری

---

[1] حضرت خواجہ ابو الحسن امیر خسروؒ۔ امیر محمد سیف الدین ترک کے بیٹے اور حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کے چہیتے مرید تھے ۶۵۱ھ = ۱۲۵۳ء میں پٹیالی ضلع ایٹہ (یو۔پی) میں پیدا ہوئے اور پیر و مرشد کے انتقال کے چھ ماہ بعد رمضان المبارک ۷۲۵ھ = ستمبر ۱۳۲۵ء میں انتقال کیا۔ مزار دہلی میں حضرت سلطان المشائخؒ کی درگاہ شریف میں ہے۔ ہشت بہشت، قران السّعدین، لیلیٰ مجنوں اور خزائن الفتوح آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔ قاموس المشاہیر جلد اوّل ص ۲۳۳؛ آبِ کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۲۰۸-۱۹۷

ہرگز نیاید در نظر، صورت زردیت خوب تر
شمسی ندانم یا قمر یا زہرہ یا مشتری

اور پھر حضرت خواجہ امیر خسروؒ کی دوسری غزل جس میں رنگِ تغزّل بہت ہے اور جسے چشتیہ بزرگوں کی محفلِ سماع میں قوّال خاص طور پر پڑھتے ہیں:

نمی دانم چہ منزل بود، شب جائی کہ من بودم
بہر سو رقصِ بسمل بود، شب جائے کہ من بودم

پری پیکر نگارے، سرو قدرے، لالہ رخسارے
سراپا آفتِ دل بُود شب جائے کہ من بودم

رقیباں گوش بر آواز، او در ناز و من ترساں
سخن گفتن چہ مشکل بود، شب جائے کہ من بودم

مرا از آتشِ عشق تو دامن سوخت اے خسرو
محمدؐ شمع محفل بود، شب جائے کہ من بودم

نعتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے سلسلہ میں مولانا نور الدین عبد الرحمٰن جامیؒ[1] (نقشبندی) کی اس رباعی کو شیخ شرف الدین سعدیؒ کے قطعہ

---

[1] مولانا نور الدین عبد الرحمٰن جامیؒ — حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ کے خلیفہ تھے۔ ۷ نومبر ۱۴۱۴ء کو ہرات کے پاس قصبہ جام میں پیدا ہوئے۔ اور ۹ نومبر ۱۴۹۲ء کو مدینہ منورہ کے راستہ میں انتقال کیا۔ مثنوی یوسف زلیخا، نفحات الانس اور لوائح جامی اُن کی مشہور کتابیں ہیں۔ "فاموس المشاہیر" جلد اوّل صـ ۱۶۵

Marfat.com

کی طرح بڑی شہرت حاصل ہوئی : ؎

یَا صَاحِبَ الْجَمَالِ وَیَا سَیِّدَ الْبَشَرْ — مِنْ وَجْهِكَ الْمُنِیرِ لَقَدْ نُوِّرَ الْقَمَرْ

لَا یُمْكِنُ الثَّنَاءُ كَمَا كَانَ حَقُّهٗ — بَعْدَ از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

جامیؒ

خاص طور پر اس کا چوتھا مصرعہ تو زبان زد خاص و عام ہے۔ حضرت جامیؒ کی اس رباعی میں بڑا اختصار اور بڑی جامعیت ہے۔ حضرت جامیؒ نے اپنی مشہور تصنیف یوسف زلیخا، میں جو نعت پیش کی ہے۔ اس کا ایک مشہور شعر یہ ہے: ؎

زہجوری برآمد جان عالم — ترحّم یا نبی اللہ ترحّم

اس سلسلہ میں حضرت جامیؒ کے چند اور اشعار بہت مشہور ہیں۔ جن سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات سے کمال عقیدت کا اظہار ہوتا ہے۔

نسیما جانب بطحا گذر کن — ز احوالم محمدؐ را خبر کن

توئی سلطان عالم یا محمدؐ — ز روئے لطف سوئے من نظر کن

ببر این جان شتاقم دران جا — فدائے روضۂ خیر البشرؐ کن

حضرت خواجہ نورالدین عبدالرحمٰن جامیؒ کی طرح حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ولیسی قدس سرہٗ بھی سلسلہ عالیہ نقشبندیہ سے وابستہ ہیں اور بارہ واسطوں سے حضرت ولیسیؒ کا سلسلہ طریقت حضرت جامیؒ کے پیر و مرشد حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ[1]

---

[1] حضرت خواجہ عبید اللہ احرارؒ۔ حضرت خواجہ یعقوب چرخیؒ کے خلیفہ۔ تاشکند کے پاس باغستان
(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۳۹ پر)

Marfat.com

تک پہنچتا ہے۔

تفسیر سواطع الالہام کے مصنّف اور دربار اکبری کے نامور فن کار، ادیب اور شاعر شیخ ابوالفیض فیضی[1] نے دربار رسالت مآب میں اپنی عقیدت کا یوں اظہار کیا ہے:

سلطانِ رسل، ماہِ عجم، شاہ عرب ۔۔۔ سنگِ درِ اُو قبلہ گہہ اہل عرب
از تابشِ قہرِ اُو کہ دشمن سوز است ۔۔۔ گر سنگ شود موم عجب نیست عجب

اور عہد شاہ جہانی کے مشہور شاعر حضرت مرزا جان محمد قدسی[2] کی نعتیہ غزل

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۳۸ کا]

میں مارچ سنہ ۱۵۴۰ء میں پیدا ہوئے اور سمرقند (ترکستان) میں ۲۲ فروری سنہ ۱۶۱۹ء کو انتقال ہوا: ؎

اگر فقر اندر قبائے شاہی آمد ۔۔۔ بہ تدبیر عبید اللّٰہی آمد۔ جامی

قاموس المشاہیر جلد دوم ص۷۸؛ مسالک السالکین مرزا عبدالستار بیگ مطبوعہ فیض عام پریس آگرہ ص۱۲۵-۱۰۴

[1] ملک الشعراء شیخ ابوالفیض فیضی، شیخ مبارک ناگوری کے بیٹے، ۱۵۴۷ء میں پیدا ہوئے اور ۱۵۹۵ء میں آگرہ میں انتقال کیا۔ عہد اکبری کے نامور شاعر اور انشا پرداز گذرے ہیں۔ مثنوی نل دمن۔ اکبرنامہ اور صنعت غیر منقوطہ میں قرآن پاک کی تفسیر سواطع الالہام اُن کی مشہور تصانیف ہیں۔ قاموس المشاہیر جلد دوم ص۱۳۳؛ رود کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص۱۴۸

[2] حضرت مرزا حاجی جان محمد قدسیؒ۔ بادشاہ شاہ جہاں کے درباری شاعر تھے۔ سولہویں صدی عیسوی کے وسط میں ان کو عروج حاصل ہوا۔ ملک الشعراء ابوطالب کلیم کے مدمقابل تھے۔ قدسی کا کشمیر میں سنہ ۱۶۴۶ء میں انتقال ہوا۔ (کلیم نے بھی وہیں سنہ ۱۶۵۱ء میں انتقال کیا) بادشاہ نامہ یا ظفر نامہ میں اسلام پر اسلام خاں مشہدی کی فتوحات کا ذکر کیا ہے۔ کرینٹ اسٹڈیز۔ پٹنہ کالج۔ پروفیسر سید حسن عسکری۔ مارچ سنہ ۱۹۶۰ء ص۷۸۔

Marfat.com

اپنے جوشِ عقیدت اور کیف واثر کے لحاظ سے اپنی مثال آپ ہے۔ اس کے والہانہ انداز سے پڑھنے والا خاص طور پر متاثر ہوتا ہے اور اس کا شمار فارسی کی بہترین نعتیہ غزلوں میں ہوتا ہے:

مرحبا سیّدِ مکی مدنی العربی — دل وجاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی
من بیدل بجمالِ تو عجب حیرانم — اللہ اللہ! چہ جمالست بریں بوالعجبی
چشم رحمت بکشا سوئے من نظر انداز — اے قریشی لقب و ہاشمی و مطلبی
نسبتے نیست بذات تو نبی آدم را — بہتر از آدم و عالم تو چہ عالی نسبی
ما ہمہ تشنہ لبانیم و تو ئی آب حیات — رحم فرما کہ ز حد می گذرد تشنہ لبی
نسبت بہ سگت کردم و بس منفعلم — زاں کہ نسبت بہ سگِ کوئے تو شد بے ادبی
شب معراج عروج تو ز افلاک گذشت — بہ مقامے کہ رسیدی نہ رسید ہیچ نبی
ذات پاک تو دریں ملک عرب کرد ظہور — زاں سبب آمدہ قرآں بہ زبانِ عربی
بہ درِ فیض تو استادہ بہ صد عجز و نیاز — رومی و طوسی و ہندی، حلبی و عربی
عاصیانیم زمانیکی اعمال نہ پرسی — سوئے ما روئے شفاعت بکن از بے سببی

سَیِّدِیْ اَنْتَ حَبِیْبِیْ وَطَبِیْبُ قَلْبِیْ
آمدہ سوئے تو قدسی پئے درماں طلبی

حضرت صوفی سید فتح علی صاحبؒ کے ہم عصر شاعر مرزا اسد اللہ خاں غالبؔ[1]

---

[1] نجم الدولہ، دبیر الملک، نظام جنگ نواب مرزا اسد اللہ خاں غالب ۸ رجب ۱۲۱۲ھ = ۲۷ دسمبر ۱۷۹۷ء
(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۴۱ پر)

Marfat.com

جناب رسالت مآب سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں لکھتے ہیں۔

حق جلوہ گر ز طرزِ بیانِ محمدؐ است — آرائے کلامِ حق بہ زبانِ محمدؐ است
غالبؔ ثنائے خواجہ بہ یزداں گذاشتم — کاں ذاتِ پاک مرتبہ دانِ محمدؐ است

اور عندلیبِ باغِ حجاز، شاعرِ مشرق علامہ اقبالؒ[1]، جو حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب وسیمی قدّس سرّہٗ کی وفات سے نو سال قبل پیدا ہوئے تھے۔ اُن کے کلام میں دردوداز اور سوز و گداز کی جو فراوانی ہے وہ عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا نتیجہ ہے۔ چنانچہ لکھتے ہیں:

می ندانی عشق و مستی از کجا است — ایں شعاعِ آفتابِ مصطفیٰؐ است

کہا جاتا ہے کہ جب بھی شاعرِ مشرق کے سامنے حضور سرکارِ دو عالم

[بقیہ حاشیہ ۱۴۳ کا]

کو آگرہ میں پیدا ہوئے۔ اور ۲ ذی قعدہ ۱۲۸۵ھ = ۱۵ فروری ۱۸۶۹ء کو دہلی میں انتقال ہوا۔ مزار ان کا حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمہ کے قریب ہے۔ والد کا نام عبداللہ بیگ خاں تھا۔ فارسی اور اُردو کے نامور شاعر گذرے ہیں۔ کلیات نظم فارسی، دیوان اُردو، خود ہندی، اُردوئے معلّٰی، گنج آہنگ، قاطع برہان اور دستنبوران کی مشہور تصانیف ہیں۔

---

[1] علامہ سر محمد اقبال ۹ نومبر ۱۸۷۷ء کو سیالکوٹ (پنجاب) کے ایک کشمیری خاندان میں پیدا ہوئے۔ اور ۲۱ اپریل ۱۹۳۸ء کو لاہور میں انتقال کیا۔ مزار شاہی مسجد لاہور کے بیرونی صحن میں ہے بانگ درا، بال جبریل، ضرب کلیم، ارمغانِ حجاز، اسرار خودی اور رموز بے خودی وغیرہ آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔

صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیا جاتا تھا، تو آنکھوں سے دو قطرے آنسو کے ٹپک پڑتے تھے۔

چوں بنام مصطفیٰ خوانم درود — از نجالت آب می گردد وجود

بہ چند اشعار خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ جن میں شاعرِ مشرق نے نہایت ہی خوبصورتی کے ساتھ اس نکتہ کی وضاحت کی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات والا صفات باعثِ ایجادِ عالم ہے اور فلاحِ دارین کا راز ان کی محبت میں پوشیدہ ہے:

نسخہ کونین را دیباچہ اوست — جملہ عالم بندگان و خواجہ اوست
ہر کہ عشق مصطفیٰ سامان اوست — بحر و بر در گوشہ دامان اوست

اور پھر نہایت والہانہ انداز میں اپنے جوشِ عقیدت کا اظہار کرتے ہیں۔ رسالت مآب سرکارِ دو عالم صلی اللہ وسلم کے دربار گہربار میں ایک عاشق صادق کی یہ مناجات ہر مردِ مومن کے دل کی آواز ہے۔

شہسوارا بیک نفس درکش عناں — حرفِ من آساں نیاید بر زباں
گرد تو گردد حریم کائنات — از تو خواہم یک نگاہِ التفات
ذکر و فکر و علم و عرفانم توئی — کشتی و دریا و طوفانم توئی

اور پھر بلبلِ باغِ حجاز اور اسی دانائے راز کی ایک اردو غزل کے چند اشعار جو احترام و عقیدت، جوشِ بیان، ایجاز و اختصار، روانی و ترنم کے لحاظ سے بے نظیر و بے مثل ہیں:

Marfat.com

عجب کیا گر مہ و پروین مرے نخچیر ہو جائیں
کہ برفتراک صاحب دولتے بستم سرِ خود را

وہ دانائے سُبل، ختم الرُسل، مولائے کُل جس نے
غبارِ راہ کو بخشا، فروغِ وادیٔ سینا

نگاہِ عشق و مستی میں وہی اوّل، وہی آخر
وہی قرآں، وہی فرقاں، وہی یٰسیں، وہی طٰہٰ

اور صوفی سید فتح علی بریلوی رحؒ کے ایک دوسرے ہم عصر شاعر فاضل بریلوی جناب مولانا احمد رضا خاں[1] صاحب قادری رحؒ، جو احترامِ نبویؐ کے پیشِ نظر دیارِ حبیبؐ میں قدم رکھ کر چلنا بھی سوئے ادب سمجھتے تھے:

غرب کی زمیں اور قدم رکھ کے چلنا ارے سر کا موقع ہے اُو جانے والے

فاضل بریلوی رحؒ کی ایک نعتیہ غزل کا پہلا مصرع عربی اور فارسی میں اور دوسرا مصرع ہندی میں ہے اور بہت خوب ہے۔ اِس غزل کے چند اشعار یہ ہیں:

---

[1] مولانا احمد رضا خاں صاحب قادری رحؒ۔ محلہ سوداگران (رویل کھنڈ) کے رہنے والے، زبردست عالم اور عاشقِ رسولؐ گزرے ہیں۔ مولوی نقی علی خاں مرحوم کے صاحبزادے اور سید شاہ آل رسول احمدی قادری مارہروی رحؒ کے خلیفہ تھے۔ ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء کو رویل کھنڈ کے صدر مقام بانس بریلی میں انتقال ہوا۔ فقہ اسلامی، مناظرہ اور مباحثہ کی بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔
قاموس المشاہیر، جلد اوّل صـ ۶۶۔

Marfat.com

اَلْبَحْرُ عَلٰی وَالْمَوْجُ طَغٰی ، من بیکس وطوفاں ہوش رُبا

منجدھار میں یہ بگڑی ہے ہوا ، موری نیّا پار لگا جانا

اَنَا فِیْ عَطْشٍ وَسَخَاکَ اَتَمْ ، اَے گیسوئے پاک اے ابرِ کرم

برسن ہارے رِم جھم رِم جھم ، دو بُوند اِدھر بھی گرا جانا

اَلرُّوْحُ فِدَاکَ فَزِدْ حَرَقًا ، یک شعلہ دگر برزن عشقا

موراتن من دھن سب پھونک دیا۔ یہ جان بھی پیارے جلا جانا

اِسی انداز کی ایک نعت ایک بنگالی شاعر نے عربی، فارسی، اُردو اور انگریزی ملی جُلی زبان میں لکھ کر آقائے مدینہ حضور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی عقیدت کا اظہار کیا ہے میرے بچپن میں والد مرحوم[1] کو یہ پوری نعت یاد تھی۔ اس کے صرف تین اشعار میرے حافظہ میں باقی رہ گئے ہیں جو پیش کئے جا رہے ہیں۔

یَا مَنْ لَہٗ رُوْحِیْ فِدَا ، نائی بمن گاہے چرا

ہوئے چھکی آمار خطا ، بخشو تو میرے مہہ لقا

جیوَنّ دھن آمار تُومِی ، جان و تنم را ہمدمی

اے لُک آف لَوْو ڈِیَر ٹُومِیْ ، میری یہی ہے اِلتجا

---

[1] جناب منشی عبدالرشید صاحب قادری مرحوم، چنڈیہا، ڈاک خانہ و تھانہ اورائی۔ ضلع مظفر پور (بہار) پیدائش ۱۸۹۵ء۔ وفات ۱۴ رمضان المبارک ۱۳۸۲ھ = ۱۰ فروری ۱۹۶۳ء۔ شرفِ بیعت جناب مولانا احمد اللہ خاں صاحب قادری پشاوریؒ سے حاصل تھا۔

Marfat.com

ٹوٹنکل ٹوٹنکل لائک اسٹار، داتتن تمہارے آبدار
چندر مُتن بادن تمہار، عارض چوشمس پرھنیا

۴۔ حضرت ولیسی قدس سرہٗ اور نعت رسول ص

حضرت صوفی سید شمع علی صاحبؒ نے اپنا پورا دیوان نعتیہ غزلوں سے مرتب کیا۔ اپنی خصوصیات شاعری کے متعلق دیوان کی پہلی ہی غزل کے ابتدائی اشعار میں وضاحت کردی ہے کہ اُن کا کلام اُن کے واردات قلب کا ترجمان اور اُن کی آرزوں اور تمناؤں کا مرکز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات والا صفات ہے۔

مشرقِ حُبِّ محمدؐ مطلع دیوان ما — مطلع خورشید عشقش سینۂ سوزان ما
در تہہ ہر لفظ پنہاں نالۂ دلہائے سوزناں — وز بُن ہر حرف پیدا آتشِ پنہان ما
ہر غزل آتش کدہ ہر بیت آں یک شعلہ — آتش افروختہ، ہر مصرع دیوان ما
آنکہ او محبوب رحماں دل شہید آں او — وانکہ او مطلوب یزداں آرزوئے جان ما

حضرت صوفی صاحبؒ ایک عاشق صادق اور بلند پایہ شاعر ہیں۔ پھر بھی اُن کو اُس مہرِ منوّر کی نعت گوئی کے سلسلہ میں اپنی بے بضاعتی اور کم مائگی کا احساس ہے۔

ولیسی کجا او نعت حبیب خدا کجا — ذرہ کجا و مدحت مہر منوّرا

لیکن ساتھ ساتھ محبوب ربّ العالمینؐ کی نعت گوئی سے جو عظمت اور بلندی حاصل ہوتی ہے، اُس پر مسرّت و شادمانی اور خوشی و قسمتی پر فخر و ناز بھی ہے:

Marfat.com

در درود مصطفیٰؐ چوں زمزمہ سازیم ما ۲۶ در سعادت با ملائک بیں کہ انبازیم ما
چونکہ حبّ و نعت احمدؐ حرز دل و ورد زبانست با خداوند و ملائک بیں کہ ہمرازیم ما
در ہوائے مصطفیٰؐ چوں بال و پر ما می زنیم در فضائے قرب مولیٰ ہمچو شہبازیم ما
چوں سرایم نعت آں سلطان دیں محبوب حق ۲۷ طالع ما بیں کہ با حق زمزمہ سازیم ما

اور نعت رسولؐ میں رطب اللسانی اور شکر نشانی کے باعث ہی اگر روح الامین اس شاعر رنگیں نوا اور طوطی شیریں مقال کو شہہ شاعران کا خطاب دیں، تو اُن کے لئے بہت بجا اور مناسب ہو۔

ویسی اندر ثنائے تو ہر دم ۷۰ ہمچو طوطی شکر فشاں باشد
ویسی از فیض غمت شد زندہ دل ۱۲۵ ہم بہ فیض نعت تو شکر مقال
ویسی ترا سزد کہ بہ نعت حبیب حق ۷۳ روح الامین خطاب شہ شاعراں دہد

اور فخر موجودات سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت گوئی کے باعث ہی شاعر کو بنگالہ میں، فارسی کے مشہور و معروف قصیدہ نگار شاعر خاقانی کا درجہ حاصل ہوا اور مدیح رسولؐ مشہور صحابی حضرت حسّان ابن ثابتؓ کی مماثلت نصیب ہوئی: ؎

بیمن نعت مدیح تو بود بر ہر کسے ظاہر منم خاقانی[1] دوراں بنگالہ است شروانش
رسید از عالم معنی بگوش دل ندائے خوش ۱۲۰ کہ احمدؐ سرور عالم، تو ویسی حسانش

---

[1] سلطان الشعراء افضل الدین، ابراہیم خاقانی، منوچہر ملک (خاقانی) بادشاہ شروان کے
(بقیہ حاشیہ ص ۴۴۷ پر)

حضرت صوفی صاحب قدس سرہٗ کو جناب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ثناخوانی پر بڑا فخر و ناز ہے۔

اے عندلیب خوش نوا، وے بلبل باغ وفا ص۱۶۳ وے در ثنائے مصطفیٰ حسان[1] بگفتار آمدہ

اے مہ و آفتاب بندۂ تو ص۱۷۶ بندہ ویسی تراست حسانی

اور شاعر کو اپنی ٹیڑھی میڑھی زبان اور کج مج بیان کے باوجود صرف حضرت سید کونین رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت گوئی کی بدولت اوحدی اصفہانی حضرت خواجہ امیر خسروؒ، حضرت حسان ابن ثابتؓ اور شیخ سعدی شیرازی جیسے دنیا کے بلند مرتبہ شاعروں کا درجہ حاصل ہوا۔

[بقیہ حاشیہ ص۴۴۶ کا]

عہد میں نامور شاعر گزرے ہیں۔ ۵۸۲ھ مطابق ۱۱۸۶ء میں تبریز (شمالی مغربی ایران) میں انتقال کیا۔ تحفۃ العراقین ان کی مشہور تصنیف ہے۔ مشہور شاعر ظہیر فاریابی بھی اُن کے پہلو میں دفن ہیں۔ قاموس المشاہیر جلد اول ص۲۱۷؛ خاقانی ۱۱۰۶ء سے ۱۲۰۰ء تک۔ المنجد فی الاعلام۔ ساتواں ایڈیشن ص۲۶۵

---

[1] حضرت حسان ابن ثابت انصاری رضؓ۔ طلوع اسلام سے قبل مدینہ طیبہ میں پیدا ہوئے۔ شاعری میں بڑا نام پیدا کیا۔ رسول پاکؐ کے مدینہ شریف ہجرت کرنے پر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ اسلام لانے کے بعد مسجد نبویؐ میں کھڑے ہو کر شعر سنایا کرتے تھے۔ طویل عمر پا کر حضرت معاویہؓ کے زمانہ خلافت میں ۵۵ھ ۶۷۵ء میں انتقال کیا۔ دیوان آپ کا ہندوستان، طونس اور انگلستان سے شائع ہو چکا ہے۔ (بحوالہ سید شاہ امین احمد صاحب کاظمی۔ صدر شعبہ عربی پٹنہ یونی ورسٹی)۔

Marfat.com

ایں وسیؔ کج مج بیاں از فیض نعتت آمدہ
ہم اوحدیؔ[1]، خسروؔ[2] نوا، حسّاں بیاں، سعدیؔ[3] سخن

حضرت صوفی سیّد فتح صاحب وسیؔ کو اِس بات کا پورا احساس ہے کہ اُنہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کی شان مبارک میں جو نعتیہ قصیدے لکھے ہیں۔ اُن میں اتنی شان و شوکت، عظمت اور بلندی، جاذبیت اور موسیقیت پائی جاتی ہے۔ کہ اگر ابو الفرح خالدی، ملک الشعراء انوری اور عرفی شیرازی جیسے قادر الکلام اور باکمال قصیدہ نگار شاعر زندہ ہوتے تو اُن لوگوں کو بھی اِنہیں حسّان عجم تسلیم کرنے میں ذرا بھی پس و پیش نہیں ہوتا۔ اور قصیدہ نگاری کے میدان میں اپنی گوناگوں خوبیوں

---

[1] اوحدی۔ شیخ اوحدالدین اصفہانی، شیخ اوحدالدین کرمانی رح کے شاگرد تھے۔ حضرت شیخ اوحدالدین کرمانی رح سے حضرت بابا فرید گنج شکر رح نے بھی فیض حاصل کیا تھا۔ اوحدی اصفہانی نے ۷۳۸ھ / ۱۳۳۷ء میں انتقال کیا۔ مزار تبریز کے پاس مراغہ میں ہے۔ حدیقہ سنائی کے جواب میں ایک کتاب 'جام جم' لکھا۔ غزلوں کا ایک دیوان یادگار ہے۔ ہلاکو خاں کا پوتا ارغوں خاں شاہ تاتار کا بڑا مدّاح تھا۔
قاموس المشاہیر جلد اوّل صـ۱۱۲

[2] خسروؔ۔ حضرت خواجہ ابوالحسن امیر خسرو رح۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رح کے چہیتے خلیفہ۔ ۱۳۲۰ء میں دہلی میں انتقال ہوا۔ دیکھئے صـ۴۳۶

[3] سعدیؔ۔ شیخ شرف الدین سعدی شیرازی رح۔ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رح کے خلیفہ، گلستاں اور بوستاں کے مصنف ۱۲۹۲ء میں شیراز میں انتقال کیا۔ دیکھئے صـ۳۴-۴۳۲

Marfat.com

کے باعث صحیح معنوں میں وہ اس خطاب کے مستحق ہیں۔

چوں ایں دو نہار از رخ و زلف تو کنایہ ۔۔۔ زاں خاص نمودہ است خدا ہر دو قسم را

آں بوالفرح[1] و انوری[2] و عرفی شیراز[3] ۔۔۔ دیدندی اگر ایں ہمہ اعجاز قسم را

از حیرت ایں نظم ہمہ یکسرہ گفتی ۔۔۔ حسان عجم و یسی داؤد نغم را

---

[1] ابوالفرح ۔۔۔ ابوالفرح الخالدی، دسویں صدی عیسوی کے نامور شاعر گذرے ہیں۔ ہمدان کے شہزادہ سیف الدولہ کے دربار سے وابستہ تھے اور قصیدہ نگاری کے مشہور ہیں۔ قاموس المشاہیر جلد اوّل ص ۳۴

[2] انوری ۔۔۔ ملک الشعرا شہد الدین انوری، خراسان میں ابی ورد کے رہنے والے، فارسی کے نہایت بلند پایہ اور جلیل القدر شاعر گزرے ہیں۔ سلطان سنجر سلجوقی کے زمانہ میں تھے۔ فارسی قصیدہ نگاروں میں ان کا نام سرفہرست آتا ہے۔ گلستاں میں حضرت شیخ سعدیؒ نے ان کے بہت سے اشعار نقل کئے ہیں۔ ۵۸۷ھ = ۱۱۹۱ء میں انتقال کیا۔ دیوان اور قصائد انوری بہت مشہور ہیں: ؎ در شعر سہ تن پیمبرانند ۔۔۔ ہر چند لا نبی بعدی

ابیات و قصیدہ و غزل را ۔۔۔ فردوس و انوری و خاقانی

قاموس المشاہیر جلد اوّل ص ۱۱۲

[3] عرفی ۔۔۔ جمال الدین عرفی شیرازی۔ دربار اکبری میں ابوالفیض فیضی اور عبدالرحیم خان خاناں کے ہم عصر شاعر۔ ایران سے پہلے دکن آئے۔ پھر آگرہ میں ۱۵۸۹ء میں شاہی دربار سے وابستہ رہے۔ شہزادہ سلیم کے اتالیق رہے۔ ۳۶ سال کی عمر میں ۹۹۹ھ = ۱۵۹۱ء میں لاہور میں انتقال کیا۔

(بقیہ حاشیہ ص ۴۵۰ پر)

Marfat.com

حضرت صوفی صاحبؒ کو نعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے اس قدر شغف اور دلچسپی ہے کہ پوری زندگی اس نیک کام میں مصروف رہنا چاہتے ہیں۔

ولیسیا تا زندہ باشی در جہاں — باش اندر نعت او شکر شکن
ولیسیا وردِ زباں کن روز و شب — شرح وصف آں شہِ خیر القرن
ولیسیا شرک است پیشِ عاشقاں — دل بجز جاناں بچیزے دو مدہ
ولیسیا گر عاشقی کارت بود — در غمِ او ساختن یا سوختن

صـ ۱۳۷

۵۔ اتباعِ سنتِ رسولؐ

اسلام میں وحدانیت اور رسالت کے تصور، اقرار باللسان اور ایمان بالغیب کو اساسی اور بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ شریعت اسلامیہ میں شرک ناقابلِ معافی گناہ ہے۔ اور جناب رسالت مآب سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان کامل اور اُن سے عشق و محبت کے بغیر کوئی شخص مسلمان ہی نہیں ہو سکتا چنانچہ حضرت صوفی صاحبؒ لکھتے ہیں: ؎

مسلماں خوانم آں کس را کہ در دل عشق تو دارد
کسے کز عشق تو خالی ہمی خوانم مسلمانش

صـ ۱۲۱

[بقیہ حاشیہ صـ کا] بہت ذہین اور تیز شاعر تھے۔ غزل اور قصیدہ میں بڑا نام پیدا کیا۔
قاموس المشاہیر جلد دوم صـ ۸۲، ماہ نو کراچی، مئی ۱۹۵۳ء صـ مضمون عابد علی عابد

Marfat.com

شاعرِ مشرق علامہ اقبالؒ نے دینِ اسلام میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اہمیت کو اس طرح واضح کیا ہے۔

بمصطفیٰؐ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست
اگر باو نہ رسیدی تمام بولہبی ست

تمام مشائخِ عظام اور اولیائے کرام کا اس بات پر کامل اتفاق ہے کہ تصوف اور معرفت کی بنیاد عشقِ رسولؐ پر ہے اور عشقِ رسولؐ کا عملی اظہار اتباعِ سنّت کے ذریعہ ہوتا ہے مسلمانوں کے یہاں قرآن حکیم کے ساتھ ساتھ حدیث نبویؐ اور اسوۂ حسنہ کی بڑی اہمیت ہے۔ کلام اللہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا۔ اور جناب رسالت مآبؐ کے ذریعہ مسلمانوں کو ملا۔ کائنات میں احکام خداوندی کو اس کے بالکل صحیح معنی و مفہوم میں اور عین رضائے الٰہی کے مطابق سمجھنے والا اور پھر اُن کو اپنی زندگی میں عملی حیثیت سے پیش کرنے والا اُس ذات والا صفات سے بہتر کون ہو سکتا ہے۔ اس لئے مسلمانوں کے یہاں حدیث نبویؐ کو چراغ نور اور شمع ہدایت کی حیثیت حاصل ہے۔

ناپسندیدہ افعال سے بچ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان اور عمل کے مطابق کام کرنے کا نام سنّت ہے سُنّت کے تین جزو ہیں۔ قول، فعل اور تقریر۔ قول وہ ہے جس کو آپؐ نے فرمایا ہو۔ فعل وہ جو کیا ہو اور آپؐ کے مخصوصات میں سے نہ ہو اور تقریر وہ جو کیا گیا ہو اور آپؐ نے ناپسند نہ فرمایا ہو۔ سُنّت عین مطابق احکام الٰہی ہے۔ اسی کو صراطِ مستقیم کہتے ہیں اور نماز کی ہر رکعت میں اسی صراطِ مستقیم پر

Marfat.com

چلنے کی دعا مانگی جاتی ہے۔ اور جو باتیں اِس صراطِ مستقیم یعنی سُنّت نبوی کے خلاف ہیں۔ وہ گمراہی اور ضلالت کی طرف لے جانے والی ہیں۔ خلاف سنّت عمل کرنے والا اگر ہوا میں اُڑتا ہو۔ پانی پر چلتا ہو، آگ میں ٹہلتا ہو، اُس کے سامنے سونے چاندی کا انبار ہو، پھر بھی وہ گم کردہ راہ ہے اور اُس کا کوئی اعتبار نہیں۔

؎ خلافِ پیمبرؐ کسے رہ گزید — کہ ہرگز بمنزل نہ خواہد رسید

سُنّتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بہ تمام و کمال اور بحزم و احتیاط پیروی بجائے خود ایک بڑی کرامت ہے۔ حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسیؒ ایک شاعر نازک خیال ہونے کے ساتھ ساتھ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجدّدیہ کے ایک بڑے شیخ طریقت اور عارفِ کامل بھی تھے۔ احکامِ شریعت کی پابندی اور سلوک و معرفت کی تعلیم کے سلسلہ میں سنّت رسولؐ کی پیروی کو ہر لمحہ ضروری اور لازمی سمجھتے تھے اور اتّباعِ سُنّتِ نبویؐ کے اعلیٰ ترین نمونہ تھے۔ چنانچہ انہوں نے اپنی نعتیہ غزلوں میں صراطِ مستقیم پر گامزن ہونے اور سنّتِ رسُول کی پیروی کے سلسلہ میں بہت سے اشعار لکھے ہیں۔ اِن میں سے کچھ اشعار پیش کئے جاتے ہیں:

چوں راہ مستقیم بجز سنّت تو نیست — ص۶ — ویسی بجاں گزیدہ رہِ مستقیم را

خامکاری ست ترک سُنّت تو — ص۹ — عقل خندد بخام کاری ما

اگر عشق خدا خواہی بجاں شو پیرو احمدؐ — ص۲۱ — صراط المستقیم این ست و راہِ جملہ کاملہا

چوں بچشم و سر طریق حُبّ اُو ما می رویم — ص۲۷ — بر صراط المستقیم اے دل سبک تازیم ما

چوں صراط المستقیم آمد طریق سُنّتش — از صراط مُستقیمی ایں قدر جاہل چرا

Marfat.com

منحصر شد قرب حق چوں در طریقِ مصطفیٰؐ ص۲۷ از رہِ حق تو بکوری می شوی مائل چرا

کیست احمدؐ سنّتش آمد صراط المستقیم ص۱۱۸ کیست احمدؐ ملّتش از جملہ ملّت استوار

جمالِ دلربائش را پسندِ حق بود مضمر ص۱۳۰ طریقِ سُنّتِ اُو را قبول ایزدی مُدغم

راہِ صواب سُنّت خیر الوریٰ بود ص۱۴۰ برخیز زود و عزم طریقِ صواب کن

اِتّباعِ سنّت کی اہمیّت کے سلسلہ میں کچھ ایسے اشعار بھی ملتے ہیں جن میں حضرتِ صوفی صاحبؒ نے اِس امر پر زور دیا ہے کہ خلافِ سنّت عمل کرنے والے کا دعوائے حُبِّ نبیؐ بالکل غلط ہے۔ بلکہ وہ نائب شیطان دام تزویر پھیلائے ہوا ہے۔

جز طریقِ سُنّتش آنکہ رُو آوردہ اند ص۵۹ پشت طرف حق نمودہ رُو بباطل کردہ اند

مر مرا با دو نمی آید ز روئے اعتقاد ص۱۳۸ ترکِ سنّت کردن و حُبِّ پیمبر داشتن

آنکہ شد از سنّت تو منحرف ص۱۳۰ چشم شفاعت بودش طمع خام

تارکِ سنّتش و دعویٰ حُبّش عجب است ص۶۲ دام گستردن آں نائب شیطاں نگرید

سُنّت او دلیل راہ حق است ص۱۲۶ گمراہ آں کس کہ کرد ترکِ دلیل

بحُبّت مدعی گشتن خلافِ سنّت رفتن ص۱۸ ببدعت معتقد بودن آں گمرہی قطعا

مرشدی کز رہش بود مائل نیست مرشد ز رہزناں باشد

ہر کہ پوید خلاف سنّتِ تو ص۶۷ رہبرش دیو بے گماں باشد

کسے کو منحرف گردد ز راہِ سنّت احمدؐ ص۱۲۱ ہمانا گمرہ کردہ از طریق راست شیطانش

آنکہ او اندر طریقت خلط بدعت می کند ص۱۶۱ در لباس شیخ رہبر کارِ شیطاں ساختہ

Marfat.com

۶ - مدح و توصیفِ رسولؐ

دیوانِ وفیؒ میں حضرت سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف و توصیف میں بہت سے اشعار ہیں۔ شاعر کو اپنے محبوب سے بدرجہ کمال عشق ہے اور وہ طرح طرح سے اپنے محبوب کی خوبیاں بیان کر کے لطف اندوز ہوتا ہے، لیکن کبھی جادۂ اعتدال سے باہر قدم نہیں رکھا ہے۔ رسولِ پاکؐ کو خدا کا شریک نہیں بنایا ہے ؎

نگویم تو شریکِ حق، نمی خوانم ترا مطلق ۱۹ ندانداین بحز احمق نگویم عبدۂ شاہا

کمالِ محبت، جوش اور خلوص کے ساتھ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں اشعار لکھے ہیں اور ہر جگہ شانِ رسولؐ کے احترام کا پورا خیال رکھا ہے۔ اس لحاظ سے حضرتِ وفیؒ کے اشعار میں بڑا توازن پایا جاتا ہے۔ نعتیہ قصیدہ کے چند اشعار ملاحظہ ہوں : ؎

محبوبِ خدا سیدِ کونین محمدؐ ص۱۳ کو قبلہ دیانست عرب را و عجم را

سلطانِ رسل شاہ ملک پادشہِ دیں ص۱۴ کو رحمت حق است مر انواعِ امم را

توئی سلطاں، توئی خاقاں، توئی جاناں، توئی دلبر

منم بندہ، منم چاکر، منم رہرو، منم شیدا

ہمہ لطفی، ہمہ حسنی، ہمہ روحی، ہمہ جانی ص۱۵

ہمہ فیضی، ہمہ رحمی، ہمہ نوری، ز سر تا پا

بیامد در جہاں سایہ، بیامد در جہاں دیگر ص۳۱ بیامد در جہاں ثانی، بیامد در جہاں ہمتا

Marfat.com

یکم جسم لطیفش را، دوم روئے جمیلش را ص۳۲ سہ دیگر نور ذاتش را، چہارم ذات پاکش را

خلیل یار غار او، انیس بیت عدل او رفیق بزم جود او، فدائی آں شہ اعلیٰ

یکم صدیق اکبر شد، دوم فاروق اعظم خواں ص۳۰ سوم نوریں را جامع، چہارم صفدر والا

غلام اوست در رزم و غلام اوست در میداں غلام اوست در عزم و غلام اوست در ہیجا

یکی ہارون رشید آمد دوم الپ ارسلاں باشد ص۳۰ سوم محمود شد غازی، چہارم قیصر والا

چہ سرور سرور عالم، چہ عالم عالم امکاں چہ امکاں جملۂ اکواں ورائی خالق اکبر

جمالش بے مثال آمد، مثالش بے نشاں باشد ص۹۶ بملک دلبری سلطاں حبیب ایزد داور

باسرار ازل دانا، نقوش لوح را خوانا زہی ام مئی ناخوانا، خہے درویش سلطاں فر

محمد مصطفیٰ نامش نجات عاصیاں کامش ص۹۷ بود یزداں ثنا خوانش بخیل انبیا سرور

چہ مصطفیٰ شہ دنیا و دیں رسول اللہ چہ مصطفیٰ سر کونین شاہ بحر و بر

چہ مصطفیٰ کہ ز یٰسین بقامتش خلعت چہ مصطفیٰ کہ ز طٰہٰ ورا بسر افسر

چہ مصطفیٰ کہ بود آئینہ جمال خدا چہ مصطفیٰ کہ بود نور خالق اکبر

چہ مصطفیٰ کہ بود اشرف بنی آدم چہ مصطفیٰ کہ بود از ہمہ ملک بہتر

چہ مصطفیٰ کہ حدیثش بمردہ جاں بخشد چہ مصطفیٰ کہ کلامش ز شہد شیریں تر

چہ مصطفیٰ کہ کمالش ز حد عقل فزوں ص۱۱۴ چہ مصطفیٰ کہ جمالش ز وصف بالاتر

چہ مصطفیٰ کہ مرا ورد او بود درماں چہ مصطفیٰ کہ فراقش مراست زخم جگر

چہ مصطفیٰ کہ مرا یاد او بود راحت چہ مصطفیٰ کہ مرا وصف او بود شکر

Marfat.com

چہ مصطفیٰ ﷺ کہ مرا لغت او بود ہادی — چہ مصطفیٰ ﷺ کہ مرا عشق او بود رہبر

چہ مصطفیٰ ﷺ کہ مرا نام او بود تعویذ — چہ مصطفیٰ ﷺ کہ مرا درد او بود جوہر

چہ مصطفیٰ ﷺ کہ منم در جمال او حیراں ص۱۱۵ چہ مصطفیٰ ﷺ کہ منم در خیال او مدہوش

کیست احمد ﷺ آنکہ حسنش خارج از شرح بیاں

کیست احمد ﷺ آنکہ وصفش خارج از حد شمار

کیست احمد ﷺ آنکہ مرات جمال ذوالجلال

کیست احمد ﷺ آنکہ عشق حق بود او را شعار ص۱۱۸

کیست احمد ﷺ سرمہ چشمش ز ما زاغ البصر

کیست احمد ﷺ آنکہ او برجن و انساں تاجدار ص۱۱۹

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف و توصیف میں حضرت وسیم رح کی غزل کے بھی چند اشعار ملاحظہ ہوں :

عرش عظیم اگرچہ رفیع آمدہ دلے ص۶ رفعت فزود پائی تو عرش عظیم را

کمترین سگان درگہہ تو — زار و خاقان و قیصر و کسریٰ

منفرد ذات تو بعالم شد ص۱۶ در کمال و جمال و جاہ و بہا

شاگردائی درگہہ او ہم نشین آفتاب — نقش نعل مرکبش آمد نگین آفتاب

سید دنیا و دیں، محبوب رب العالمیں ص۳۹ احمد مرسل کہ شد گردش قرین آفتاب

برق آہ قلب من از معجز عشق شما ص۴۰ چوں ید بیضا برآید ز آستین آفتاب

قبلہ مومن و کفار بود کعبہ و دیر — قبلہ دین من آن نقش کف پا باشد

Marfat.com

ہر دو کونین یکے بحر بود بے پایاں ص۶۰ اندراں بحر محمدؐ دُرِ یکتا باشد

وجود پاک تو شد باعثِ وجود جہاں ص۶۰ ظہورِ ذات تو ختم پیمبراں باشد

خمار نشّہ مے نیست حاجتم کہ مرا شراب عشق محمدؐ بکام جان افتاد

من آں کسم بفیض محمدؐ عربی ص۶۱ قدم باوّل منزل بلا مکان افتاد

پادشاہ دو جہاں احمدؐ محبوب خدا ص۶۱ مظہر حُسن اتم رحمت یزداں نگرید

حُبّ شاہِ دلبراں مخصوص جنس خلق نیست

در ازل محبوب حق آں صاحبِ لولاک بود ص۶۳

ہر غبارے کہ از رہش خیزد ص۶۶ در علو شاہ خاوراں باشد

دو گیتی خلعتے آمد سزاوار قد احمدؐ دو عالم پیکرے باشد محمد مصطفیٰ جانش

بہ حُسن خُلق ز خلق جہاں توئی افزوں بحُسن خُلق توئی اشرف آدم

قمر جمال و ملک صورت و فلک منزل ص۱۲۹ خضر لقا و حبیب خدا و نورِ اتم

بجائے دین و ایمانم نشستہ در دلم عشقت

کنوں عشق تو ایمانم غم و مہرت بود رِیم ص۱۳۱

مصطفیٰؐ آں سیّد کُل کز علی و برتری

گرد درگاہش سزد برق کیواں داشتن ص۱۷۰

جمیل و دلبر و انور، لطیف و نازک و مطہر

صبیح و ابلج و از ہر سراپا نورِ رحمانی ص۱۶۶

حبیبِؐ کبریا آمد، جمالِ انبیا آمد ص۱۲۸ کمالِ اولیا آمد چو آنستی

Marfat.com

نباشد کس تو دلبر ممالک دلبری ہمسر
بعظمت شاہ شاہانی بحسن سرّ یزدانی
نخیزد چوں تو جانانی بحسن دلبری یکتا
سراپا لطف رحمانی، سراسر نور تابانی ۱۸۳ھ

۷۔ محبوب کے مظاہر حسن اور رنگ تغزل

غزل ایک داخلی اور تاثراتی شاعری ہے۔ اس میں موضوع اور مضامین کی دنیا محدود ہوتی ہے۔ اس کی عام فضا حسن و عشق کا نہایت لطیف، حسین اور دل آویز رنگ لیے ہوئے ہوتی ہے اور شاعر زیادہ تر اپنے پُر خلوص جذبات، اپنی دلی کیفیات اور اپنے واردات قلب کو نرم و نازک، شُستہ اور شیریں الفاظ میں پیش کرتا ہے۔ وہ جو کچھ کہتا ہے، اس میں کیف و سرور دلدوزی اور دلسوزی کی کیفیت اور شان دلربائی ہوتی ہے اور پڑھنے والا شاعر کے حسین تجربات اور دل نشیں انداز بیان، ترنم اور موسیقیت میں ڈوبے ہوئے لب و لہجہ سے فوراً متاثر ہوتا ہے۔ اور اس ادبی لطافت کی لذت کا فی زیر پا ہوتی ہے۔

مضامین غزل میں محبوب کے سراپا اور اس کے مظاہر حسن کی پیش کش اہمیت رکھتی ہے۔ یہاں شاعر حسین اور دلربا شیوؤں سے خوبصورت اور

Marfat.com

دلفریب استعاروں سے حسن و عشق کا ایک چمن آراستہ کرتا ہے۔ عام طور پر غزل میں محبوب کے قد و قامت، لب و رخسار، چشم و ابرو، زلف و کاکل، رنگ و روغن، نزاکت و لطافت اور شوخی ادا کا ذکر ہوتا ہے۔ حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ولسیؒ نے نعتیہ غزلیں لکھی ہیں۔ رنگ تغزل کے لئے اِن میں سے بعض مضامین کا آنا لازمی تھا۔ لیکن اُن کا شاہ خوباں اور محبوب کوئی عام انسان نہ تھا۔ بلکہ فخر موجودات، افضل البشر، محبوب ربّ العالمین صلی اللہ علیہ وسلم پیش نظر تھے اور جہاں بقول عزّت بخاری :

ادب گاہیست زیر آسماں از عرش بالا تر
نفس گم کردہ می آیند جنید رضؓ و بایزید رضؓ اینجا

اور بقول عرفی شیرازی :

ہزار بار بشویم دہن ز مشک و گلاب
ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبی است

ایسے حال میں شاعر نازک خیال کو رنگ تغزل اور ذات اقدس کے ادب و احترام کے درمیان تلوار کی نازک دھار سے گذرنا پڑا اور وہ عارف کامل اپنے عشق صادق کی بدولت ادب کی اس دشوار گذار وادی اور کٹھن منزل سے بڑی کامیابی سے گذر گیا۔ حضرت ولسیؒ کے دیوان میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ظاہری حسن و خوبصورتی کے متعلق بھی بہت کافی اشعار ہیں۔ اس موضوع پر شاعر نے بعض پوری غزلیں لکھی ہیں۔ کچھ اشعار بطور نمونہ پیش کئے جاتے ہیں۔

کیست احمدؐ زمہر دمہ افزوں
در جمال و کمال و حُسن و وقار

Marfat.com

کیست احمدؐ زسرو گل خوش تر در خط و قامت و بہار و عذار
کیست احمدؐ زبرگ گل ابہی در لب و طلعت و بر و رخسار
کیست احمدؐ بروفدا باد ا ص۵ دولت و عز و مال و خویش و تبار

از لب شیریں و چشم غمزہ زن نرخ بشکن شکر و بادام را
حلقۂ عجبت باعجاز رفت ص۶ جمع باہم کردہ صبح و شام را
ماہ تمام سجدہ روے جمیل تو ص۷ باشد غلام گیسوے تو مشک و عنبر را
قد بیارائی و رخ افروزی سرو جعد کشا ص۸ خوار و بقدر نما سرو و گل و ریحان را

زہی چشم و زہی مژگان زہی روئی و زہی دندان
یکے سحر و دیگر خنجر یکی نور و دیگر لالا ص۱۷

از لولوئی دندان شکنی قیمت لالا ص۲۵ خوں شد جگر از لعل تو نعل یمنی را
خورشید و قمر حور و پری بخدم و ملائک ص۳۵ دریوزہ کنند از رخ تو جلوہ گری را
گفتم کہ شبیہہ قد تو لولوے لالا دریا بہ فغاں آمد و فریاد کہ لالا
ہمرنگ لب لعل تو گل برگ نباشد ص۳۶ ہم چشم دو چشمت نبود نرگس شہلا

اے لب لعل بدخشاں وی بطلعت آفتاب
وی بچشم آہوئی رعنا بگیسو مشک ناب
لعل تو شکر فشاں و آفتاب تر زباں
آہوئی تو جاں شکار و مشک تو در بیع و ناب ص۴۱

چہرۂ زیبائی تو مرآت حق ص۴۲ صبح خوانم یا مہش یا آفتاب

Marfat.com

روی تو خورشید لیکن با کمال دیگر است

حسنت آمد صبح امّا با جمال دیگر ست ص۵۳

شیدائے جمال تو ہمہ حور و ملائک ص۵۶ قربان خرام تو بود تیتر و دراج

دلبری رشک قمر از نور ذات آراستہ ص۵۸ خوبرویان دو عالم را مخجل کردہ اند

آں قامت عنایت بالے بچمن بنما ص۶۵ تا نعرہ زناں قمری از سرو رواں خیزد

چگونہ نرگس شہلا بہ چشم تو برسد ص۶۷ کجا بہ نرگس شہلا چنیں ادا باشد

دو گیتی خلعتے آمد سزاوار قد احمدؐ ص۱۲۰ دو عالم پیکرے باشد محمد مصطفیٰؐ جانش

رموزی دلبری پنہاں بہ چشم دلربائے تو

فنون شاہدی پیدا، ز طرز غمزہ و آتش ص۱۲۱

از کمال از روئے تو دارد جمال — وے ز ذاتت یافتہ ہستی کمال

اے لبت چشمۂ آب حیات ص۱۲۵ وے رخت مرآت حسن ذوالجلال

خراب آں سیہ چشم کہ زخمم می زند ہر آں

غلام آں لب لعلم کہ جاں در تن دہد ہر دم

زہے آں صورت زیبا کہ ایزد را بود محبوب

خہے آں حسن روح افزا کہ از دلہا رباید غم ص۱۳۰

اے فزوں از مہ رخ زیبائے تو — مطلع حسن ازل سیمائے تو

ماہ یا خور یا رخ پر نور تو — سرو یا شمسا دیا بالائے تو

مشک یا دیجور یا گیسوئے تو ص۱۵۰ آب حیواں یا لب گویائے تو

Marfat.com

بر ہلالِ عید چشم ہر کسے دیدۂ من بر ہلال ابروئے تو

تقاضش جاں فزا آمد، نگاہش دلربا آمد
رمغش چوں رغوانستی سخن آب روانستی
حبیبِ کبریا آمد جمالِ انبیا آمد
کمالِ اولیا آمد، چو روح اندر جہانستی ص۱۶۸

سرورِ ہر دو جہانی پادشاہِ انبیا ص۱۷۴ از ازل گشتہ مسلم بر تو شان دلبری

آفتابِ سپہرِ محبوبی ماہ برجِ کمالِ امکانی
بے رخت آفتاب شعلہ نار ص۱۷۶ بے جمالِ تو ماہ پیکانی

چہ جاناں شاہ خوبانی سراسر نور تابانی قدم تا سر عجب شانی سراپا صبح خندانی
بچہرہ بدر تابانی بقد سرو خرامانی ص۱۸۱ ہمہ تن شیرۂ جانی تو گوئی در غلطانی
حبیبِ پاکِ یزدانی ندارد کس چو او شانی ص۱۸۲ بملکِ دل سلیمانی چو قرآں پاک دامانی

۸۔ اے خوشا شہرے کہ آں دلبر درست

عاشقِ صادق کو محبوب کی گلیاں اور اُس کا شہر بھی پیارا ہوتا ہے۔ چنانچہ حضرت وسیمؔ نے بھی مدینۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ایک قصیدہ اور کئی غزلوں میں اپنے اعلیٰ خیالات کا اظہار کیا ہے:

زہی مدینہ سوادش بہشت جاں پرور کہ نازید سوادے چناں خدا دیگر

Marfat.com

دمیدہ سبزہ درو زمرّدِ خوش رنگ — چمیدہ نخل درو ہمچو قامتِ دلبر
فضائی او بزند طعنہ ہا بروضہ خُلد — حصائی او بہ برد نرخ از دُر و گوہر
سواد او بہ طراوت طرب فزا زجناں ص۱۱۲ — فضا او بہ لطافت بہشت جاں پرور

زہی مدینہ و آب لطیفش از گوہر — کہ نا فرید خدا کشوری چناں دیگر
بخاصیت ہمہ خاک رہش بود اکسیر — بمنفعت ہمہ گرد رہش بود عنبر
چہ سرزمیں کہ بود بر زمیں بہشتِ بریں — چہ سرزمیں کہ ندیدہ زماں چناں کشور
چہ سرزمیں کہ ہمہ سنگہاش لعل و عقیق — چہ سرزمیں کہ ہمہ ذرّہ ہاش شمس و قمر
چہ سرزمیں کہ درو تخت گاہ شاہ رسل — چہ سرزمیں کہ درو خیر خلق را بستر
چہ سرزمیں کہ ہمہ نہر او بود تسنیم — چہ سرزمیں کہ ہمہ چشمہ اش بود کوثر
چہ سرزمیں کہ بود بوسہ گاہ شاہ و گدا ص۱۱۳ — چہ سرزمیں کہ بود سجدہ گاہِ جن و بشر
چہ سرزمیں کہ درو مسند حبیب خدا — چہ سرزمیں کہ درو مصطفیٰؐ بود داور
چہ مصطفیٰؐ شہہ دنیا و دیں رسول اللہ ص۱۱۴ — چہ مصطفیٰؐ سر کونین شاہ بحر و بر

۹- آرزوے دیدار جمال جاناں

مضامینِ غزل میں محبوب کے حُسن و جمال کی تعریف و توصیف کی طرح تمنائے ملاقات اور آرزوئے وصال بھی بڑا دلچسپ موضوع ہے۔ ایک عاشق محبوب سے ملنے کی آرزو میں جیتا ہے اور اسی تمنّا میں مرتا ہے اور شاعر اس موضوع پر طرح طرح سے اپنے خیالات کا اظہار کرتا ہے۔ حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی

Marfat.com

قدس سرہٗ ایک ایسے عاشق رسولؐ اور عارف کامل تھے جن کی ایک نگاہ کرم سے دوسروں کو جناب رسالت مآب سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو جاتی تھی۔ نہ معلوم خود کتنی بار، دیدار جمال جاناں سے مشرف ہوئے ہوں گے لیکن پھر بھی ایک سچے عاشق کی طرح کبھی اُن کی سیری نہیں ہوئی اور اُنہوں نے اس دلچسپ دل نواز موضوع پر بہت کافی اشعار بڑے والہانہ انداز سے لکھے ہیں۔ ان اشعار میں دل دوزی اور دل سوزی کی کیفیت ہے۔ ایک انداز دلربائی اور بڑی شان دل آویزی پائی جاتی ہے۔ اکثر جگہ شاعر نے اپنے محبوب کو بڑے ادب و احترام سے براہ راست مخاطب کر کے رنگ تغزل میں جان ڈال دیا ہے۔ اس سلسلہ میں ایک غزل تو دیوان میں ایسی ہے، جس کی مثال نہیں ملتی۔ چند اشعار اُس غزل کے یہ ہیں:

اگر آں شاہ خوبانم نہد بر چشم من پا را — بخاک پائی او بخشم معاً دنیا و عقبیٰ را
دروں سینہ ام ہر دم زند عشقش چناں شعلہ — کہ آہ آتشیں من گدازد سنگ خارا را
صبا بارے بگو از من بآں سلطان خوباں را — کہ بی دیدار روئی تو نخواہم چشم بینا را
بیا اے احمد مرسل بیا اے مظہر رحمت — بحال من نظر فرما بچشم من بنہ پا را
بیا اے درد را درماں بیا اے رافع حرماں ص۱۳ — بنہ بر زخم من مرہم کشا لعل شکر خا را

تغزل کے اس دلچسپ اور خوبصورت موضوع کے کچھ اور اشعار دوسری غزلوں سے پیش کئے جاتے ہیں: ؎

جان من بنما رخ گلفام را — کامراں کن ایں دل ناکام را

Marfat.com

یک زماں از چہرہ پردہ برفگن ص۶ محو فرما ظلمتِ ایّام را

خدا را یا رسول اللہ بحالِ من نظر فرما
دگر بیند در ہجرت ز چشم خوں چکیدن را

بیا باری سبک فرمای بار فرقتِ دوری
دگر پشتم نمی تابد ز بارِ غم خمیدن را ص۷

بجانم رسید بر لب دریاب زود ما را — دردا کہ سوخت ہجرت فریادرس خدا را
خوں می خورم بہ ہجرت رحمی بکن خدا را ص۱۶ — دردا کہ چشم مستت از ما ربود ما را

بیا بیا و بچشم قدم بنہ بارے — نہ بینم از رخ تو با بصر چہ کار مرا
بیا بیا کہ فدائے تو جاں و سر سازم — بغیر وصل تو با جاں و سر چہ کار مرا

از حال دل چہ گویم ای پادشاہِ خوباں — از تاب فرقت تو یک قطرہ خونچکانست
ویسی بجستجویت ای نور پاک یزداں ص۵۲ — چوں ابر اشک ریزاں چوں برق در فغانست

از شوق بدر رویت اے خاتم رسالت — در سینہ داغ پیدا کاہش بدل عیانست
از آتش فراقت اے پادشاہ خوباں ص۵۲ — در سر بخار حرماں در سینہ دل طپانست

جانم ز ہجر آمد بلب، آں شاہ خوباں کے رسد
ایں نالۂ شب گیر ما، یارب بپایاں کے رسد

اے شہسوارِ اصطفا، سر تا بپا رحمِ خدا
بارے بگو اے مصطفیٰؐ، دستم بداماں کے رسد ص۷۳

Marfat.com

بیای آرزوئی من دمی با نہہ بچشم تر
کہ از ہجرت دلم پُرخوں بشوق تو دو چشم تر
بعشق آں شہ خوباں مرا حاصل شدہ اینک
تنِ لاغر، دلِ حیراں، سرِ شیدا، رُخ اصفر ص۹۷
شدہ ویسی، نگر شیدا، بشوق آں شہہ خوباں
نگر گریاں، نگر نالاں، نگر سوزاں، نگر شدر ص۹۸

چند سوزم ز آتش ہجر شعلہ — چند سازم با غم و رنج و ملال
چند داری سوختن بر من روا ص۱۲۵ چند داری خون دل بر من حلال

اے خوش آں روز کہ از آتش ہجراں برہم
پیش تو میرم و از سینہ سوزاں برہم ص۱۳۱
یا رسول اللہ ز ہجرت تا بکے گریاں شوم
اشک خونیں چشم گریاں، برنتابد بیش ازیں
یا رسول اللہ بریں مقتولِ ہجراں کن نظر
قلب ویسی درد ہجراں برنتابد بیش ازیں ص۱۴۵
در ہجر تو بر من گذرد اے شہہ خوباں
یک روز یکے ماہ و یکے ماہ چو سالی ص۱۷۶
اے پادشہہ ہر دو سرا سیّد کونین
ہستم بفراق تو گرفتار و بالی ص۱۷۷

۱۰- اَلقابِ محبوب

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی قُدّسَ سِرّہٗ نے اپنی غزلوں اور قصیدوں میں اپنے محبوب رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلّم کے لئے حسب ذیل الفاظ استعمال کئے ہیں :

آبِ رواں نورِ خدا	احمدِ عرش آشیاں	احمدِ مختار	احمدِ مرسل
اشرفِ بنی آدم	اشرفِ عالم	اصبحِ گل پیرہن	افتخارِ انس و جاں
افتخارِ جہاں	افتخارِ کون و مکاں	افتخارِ ہر زمن	افصحِ شیریں سخن
افضلِ حق	امامِ رُسُل	املحِ شکریں	آئینہ جمالِ خدا
آئینہ جمالِ قدیر	بادشاہِ دلبراں	بادشاہِ ہر دوسرا	باعثِ ایجادِ کُل
باعثِ وجودِ جہاں	بدرالدّجیٰ	بدرالعجم	بشیر و نذیر
بندۂ خاص ایزدِ ستار	بہترِ گُل بہتراں	پادشاہِ دوسرا	پادشاہِ دیں
پادشاہِ عرصۂ ہستی	پادشاہِ ہر دو عالم	پیشوائے انبیاء	تاجدارِ انبیاء
جاں پناہ	جانِ جہاں	جمالِ انبیاء	جوہرِ جاں
حاصلِ ابداعِ عالم	حاکمِ ملکِ کرم	حاملِ وحی	حبیب اللہ
حبیبِ ربِّ رحماں	حبیبِ خدا	حبیبِ داورِ پاک	حبیبِ کبریا
خاتمِ انبیاء	خاتمِ پیغمبراں	خسرو جملہ دلبراں	خسرو ملکِ لقیں
ختم الرُّسُل	خفر لقا	خیر الانام	خلاصہ امکاں
خیر الوریٰ	دُرِ دریائے وقار	راحتِ قلب	رافعِ حرماں
رافعِ جور و فتن	رافعِ جور و ظلم	رہبرِ امیناً	رہبرِ جملہ کاروباں
رہبرِ دیں	رحمتِ عالم	رحمۃ اللعالمیں	رحمتِ یزداں
رسول اللہ			

Marfat.com

رسولِ کریم رشکِ بدر و مشتری رشکِ قمر رہنمائے اوّلین زینۂ کائنات
زینۂ کون و مکاں سالارِ انبیاء سرِّ حق سرورِ اصفیا سرورِ انبیاء
سرورِ عالم سرورِ عرشِ جلال سرورِ کُل سروراں سرورِ ہمہ اخیار سرورِ کُستانِ نبوّت
سلطانِ خوباں سلطانِ دیں سلطان الرُسُل سلطانِ رُسُل سلطانِ عالم
سیّد ابرار سیّد جملہ جمیلاں سیّدِ خوباں سیّد دنیا و دیں سیّد الرُسل
سیّد عالم سیّدِ کُل سیّد کونین سیّد الوریٰ شاہِ انبیا
شاہِ بحر و بر شاہِ دیں شاہِ دلبراں شاہِ رہبراں
شاہِ رُسُل شاہِ رَعنا شاہِ کونین شاہِ ملک شاہ جملہ عاصیاں
شافعِ روزِ شمار شافعِ عاصیاں شاہِ مطلق شافعِ یوم الجزا شفیعِ امم
شفیعِ روزِ جزا شفیعِ المذنبین شمعِ انجمن شمس الضحیٰ شمس العرب
شہہِ ابرار شہہِ جمیلاں شہہِ خوباں شہہِ خوباں عالم شہہِ خیر القرن
شہہِ دنیا و دیں شہہِ مرسل شہہِ ارِ اصطفا شہہِ ارِ انبیا شیریں ادا
ظلِّ حق غیرتِ خورشید فخرِ الامم فخرِ بشر فخرِ زمن
فخرِ عالم فلکِ خرگاہ قبلۂ دیں قمر جمال کاسرِ کفر و شمن
گلبنِ باغِ ہدیٰ گوہرِ بحرِ کمال گل عذار لعلِ بے بہا لعلِ دلنواز
مالکِ ملکِ سروری ماہِ اوجِ برتری محبوبِ خدا محبوبِ خافقین محبوبِ خلّاقِ زمن
محبوبِ ذو المنن محبوبِ ربّ العلمین محبوبِ رحمان محبوبِ رحمانی محبوبِ کردگار
محبوبِ یزداں محمدِ مختار محمدِ عربی مخزنِ لطف و عطا مخدومِ انس و جاں

Marfat.com

مراۃ جمال ذوالجلال مراۃ حسن ذوالجلال مرائت حق مرجع صدق و صفا
مطلع خلق دوعالم مطلع خالق خلق مظہر حسن اتم مظہر رحمت
مظہر فیض اتم معدن صدق و صفا مقتدائے جن و انساں
مقتدائے جن و انساں مقتدائے دو عالم مقصد ایجاد خلق ملک صورت
موج الکرم سبط قرآں مہر اوج دلبری مہتر کل مہتراں
قطب چشم مرداں نور خالق اکبر نور الہدیٰ نور کبریا نیر چرخ جمال
ہادی السبل ہادی گمراہاں یکتائے دو جہاں

۱۱۔ منقبت شاہ اولیاء و غوث الاعظم رح

دیوان ولیسی میں تین غزلیں منقبت کی ہیں۔ پہلی غزل صـ۱۴۴ پر باب مدینۃ العلم، شاہ اولیا جناب امیر حضرت علی کرم[1] اللہ وجہہ کی شان میں ہے۔ سلسلہ عالیہ

---

[1] امیر المومنین سیدنا حضرت ابو الحسن علی کرم اللہ وجہہ، رسول پاکؐ کے حقیقی چچا زاد بھائی اور داماد جمعہ ۱۳ رجب ۲۳ قبل ہجرت ۵۹۱ء میں مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے۔ ۱۰ سال کی عمر میں اسلام قبول کیا۔ حضرت عثمان رضؓ کی شہادت کے بعد ۱۹ ذی الحجہ ۳۵ھ = ۱۷ جون ۶۵۶ء کو چوتھے خلیفہ مقرر ہوئے۔ ۶۳ سال کی عمر میں ۲۱ رمضان المبارک ۴۰ھ = ۲۴ جنوری ۶۶۱ء کو کوفہ میں انتقال ہوا۔ پانچ سال ۹ مہینے تین یوم عہدہ خلافت رہے۔

(بقیہ حاشیہ صـ۴۷۰ پر)

Marfat.com

نقشبندیہ کے سوا تصوف کے تمام سلسلے امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ذریعہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتے ہیں۔ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے مشائخِ عظام کو بھی حضرت خواجہ معروف کرخی[1] کے ذریعہ ایک طرف حضرت خواجہ حسن بصری[2] کے واسطہ سے اور دوسری طرف سیدنا حضرت امام حسن[3] رضؓ اور دوسرے ائمہ اطہار کے واسطہ سے شاہ ولایت، سرور صلحا، امیر المومنین سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۶۹ کا]

مزار مقدس نجف اشرف (عراق) میں ہے۔ قاموس المشاہیر جلد دوم صفحہ ۹۲؛ مسالک السالکین مرزا عبدالستار بیگ۔

[1] ابو محفوظ خواجہ معروف کرخی رح پہلے عیسائی تھے۔ حضرت امام موسیٰ کاظم رح کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے۔ ولی کامل گذرے ہیں۔ ۲ محرم سنہ ۲۰۰ھ = ۱۲ اگست سنہ ۸۱۵ء کو وصال ہوا۔ مزار شریف بغداد کے محلہ کرخ میں ہے۔ قاموس المشاہیر جلد دوم صفحہ ۲۲۲ اور مسالک السالکین مرزا عبدالستار بیگ۔

[2] حضرت خواجہ حسن بصری رح سنہ ۶۴۲ء میں مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے۔ پہلے جواہرات کی تجارت کرتے تھے۔ ۵ رجب سنہ ۱۱۰ھ = ۱۴ اکتوبر سنہ ۷۲۸ء کو وصال ہوا۔ مزار شریف بصرہ سے ۶ میل پر واقع ہے۔ قاموس المشاہیر جلد اوّل صفحہ ۲۰۳؛ مسالک السالکین۔ مرزا عبدالستار بیگ۔

[3] سیدنا حضرت امام حسن رضؓ۔ یکم مارچ سنہ ۶۲۵ء کو مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے۔ سر سے ناف تک حضرت رسالت مآب ﷺ کے مشابہ تھے۔ دس روز کم چھ مہینے خلیفہ رہے۔ ۵ ربیع الاوّل سنہ ۴۹ھ = اپریل سنہ ۶۶۹ء کو وصال ہوا۔ مزار مبارک جنت البقیع مدینہ منورہ میں ہے۔ قاموس المشاہیر جلد اوّل صفحہ ۲۰۲؛ مسالک السالکین۔ مرزا عبدالستار بیگ۔

بڑا فیض پہنچا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تمام صوفیائے کرام جناب امیرؓ سے اپنی غایت محبت اور عقیدت کا اظہار کرتے ہیں۔ چنانچہ حضرت صوفی سید فتح علی صاحب وسیؔ رح نے ۹ اشعار کی ایک غزل جناب امیرؓ کی منقبت میں لکھی ہے۔ اُسی غزل کے چند اشعار یہ ہیں:

اے دل بیا دسوئے نجف رُو شتاب کُن — کحل البصر ز خاک درِ تراب رضؓ کُن
بارے جمالِ خویش نُما پردہ برفگن — شیدائے خود فقیر و شہہ و شیخ و شاب کُن
من مرد جاہ و حشمت و پندار نیستم — با من بجا کپائے سگِ خود خطاب کُن
وسیؔ دوائے درد خود از مرتضیٰ رضؓ بخواہ — یا مرتضیٰ رضؓ دوائے دلِ من شتاب کُن

دو غزلیں قطب العالم غوث الاعظم محبوب سبحانی سیدنا حضرت محی الدین عبدالقادر[1] جیلانی پیرانِ پیر دستگیر رح کی منقبت میں ہیں۔ اولیائے کرام اور

---

[1] حضرت غوث الاعظم سیدنا محی الدین عبدالقادر جیلانی رح باپ کی طرف سے حسنی اور ماں کی طرف سے حسینی سید ہیں۔ جزیرۂ اخضر کے دکھن ضلع جیلان (گیلان) کے گاؤں نائف میں ۲۹ شعبان ۴۷۰ھ = ۱۰۷۸ء کو پیدا ہوئے۔ یہ مقام بغداد سے تین منزل پر ہے۔ والد کا حضرت ابو صالح رح اور والدہ کا نام بی بی فاطمہ رح تھا۔ ۱۸ سال کی عمر میں بغداد آئے اور فقہ حنبلی کے ماہر حضرت ابوسعید مخرمی رح سے خرقۂ خلافت حاصل کیا۔ ۱۱ ربیع الاول ۵۶۱ھ = سوموار ۱۴ فروری ۱۱۶۶ء کو بغداد میں انتقال ہوا ہے اور وہیں مزار مبارک ہے۔ الفتح الربانی۔ فتوح الغیوب۔ بہجۃ الاسرار اور

(بقیہ حاشیہ ص ۴۷۲ پر)

Marfat.com

صوفیائے عظام میں حضرت غوث الاعظمؒ کا بڑا اونچا مقام ہے۔ وہ سلسلہ عالیہ قادریہ کے امام طریقت ہیں اور قبلہ دیں اور کعبۂ ایمان کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اُن کا فیض عام ہے اور دنیائے اسلام میں کسی دوسرے صوفی اور روحانی پیشوا کو وہ مقبولیت اور ہر دلعزیزی حاصل نہ ہو سکی۔ جو حضرات پیران پیر دستگیرؒ کا طرۂ امتیاز ہے۔ حضرت صوفی صاحبؒ نے اپنی دو غزلوں میں اس چشمۂ فیضان نبویؐ اور منبع جود و کرم کو بڑی محبت کے ساتھ خراج عقیدت پیش کیا ہے:

دلم در عشق تو نالاں محی الدین جیلانی
بہ ہجرت چشم من گریاں محی الدین جیلانی

دل و جانم بشوق تو بہر دم زار می نالد
نما آں طلعت تاباں محی الدین جیلانی

بحالِ من نظر فرما، نگر حال زبونِ من
کجائی اے شہہ خوباں محی الدین جیلانی

تو آں محبوب سبحانی کہ بر جن و بشر داری
شرف ای ہادیٔ دوراں محی الدین جیلانی

کمینہ بندہ ات وصفی، تمنا می کند ہر دم
شود بر پائے تو قرباں محی الدین جیلانی ص ۱۸۳

بعشق آں شہہ خوباں محی الدین جیلانی
فدائے تو سرم بادا، محی الدین جیلانی

غلام تو شدم از جاں مرید تو شدم از دل
مرا تو مالک و مولیٰ محی الدین جیلانی

بدریائے غم اُفتادم بیا ای اے دستگیر من
رہای بخش ازیں دریا محی الدین جیلانی

[بقیہ حاشیہ ص ۴۷۱ کا]

دیوان فارسی آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔ قاموس المشاہیر جلد اوّل ص ۶۶؛ مسالک السالکین مرزا عبدالستار بیگ۔ غوث الاعظم۔ مولانا محمد متین بہاری۔

Marfat.com

بشوق شمع رخسارت چو پروانہ ہمی سوزم　　نمی آں صورت زیبا، محی الدین جیلانی

بگفتہ وسیؔ ناداں غزل در وصف تو شاہاں

عطا کن خلعت اعلیٰ، محی الدین جیلانی　　ص ۲۳۱

۱۲۔ متفرقات

حضرت صوفی سید فتح علی صاحب وسیؔ رح نے مولوی محمد شاہؒ کے انتقال پر ۱۵ اشعار کا ایک مرثیہ اور ایک تاریخ وفات لکھا ہے۔ اب تک یہ معلوم نہیں ہو سکا ہے کہ یہ بزرگ کون تھے اور کہاں کے رہنے والے تھے۔ مرثیہ اور تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے دور کے بہت بڑے عالم، شاعر اور منشی، متقی اور پرہیزگار انسان تھے۔ صفر ۱۲۹۹ھ، سوموار کے روز صبح کے وقت (دسمبر ۱۸۸۱ء یا جنوری ۱۸۸۲ء) اُن کا انتقال ہوا۔ اور حضرت وسیؔ رح کو اُن کی موت کا بڑا صدمہ ہوا:

ہیہات اے فلک چہ جفا داشتی روا　　آنکس کہ از حیات نیاسود کم است

یارب چہ زخم بر دل ما چرخ بر زدہ است　　ایں زخم صعب را نہ علاج نہ مرہم است

ایں زخم سخت فوت محمد شہے کہ مرد　　علم و کمال و فضل ز فوتش مسلم است

عالم بگفتگوئے کہ علم از جہاں برفت　　ص ۱۹۰　　زاہد بغم کہ سلسلہ زہد برہم است

اے علم خون گری کہ ترا آبرو نماند　　ص ۱۹۱　　وی فضل اشک ریز کہ ترا اقتدار کم است

Marfat.com

عالم و متقی محمد شاہ — فاضل و کامل و خدا آگاہ
شاعر و منشی و جہان دیدہ — نقل فرمود زیں جہان ناگاہ
زاہد و عابد و خلیق و کریم — واصل و عاشق رسول اللہ
در صفر رفت زیں سرائے غرور — شب دوشنبہ و بوقت پگاہ
ہاتفم دوش گفت اے وصی — خلد آرامگہ محمد شاہ

۱۲۹۹ھ

جناب حکیم حفاظت حسین صاحب عظیم آبادی کی اہلیہ کے انتقال کی تین تاریخیں لکھی ہیں۔ حکیم حفاظت حسین صاحب عظیم آبادی کے حالات ابھی تک پردۂ خفا میں ہیں۔ انیسویں صدی عیسوی کے اخیر میں پٹنہ عظیم آباد کے ایک معزز و محترم سادات خاندان سے اُن کا تعلق تھا۔ فقہ و حدیث کے ماہر اور نہایت پرہیزگار عالم تھے۔ ممکن ہے کہ اُن کا تعلق علمائے صادق پور سے ہو وہ حضرت وصی رح کے بہت عزیز دوستوں میں تھے۔ اُن کی اہلیہ کا سنہ ۱۳۰۰ھ = ۱۸۸۳ء میں انتقال ہوا اور حضرت وصی رح ان کی موت سے بہت متاثر ہوئے:

نام گرامیش حفاظت حسین — آنکہ بود دوست مرا ہمچو جاں
فاضل عالی نسب ذی الکمال — در ہمہ علم آمدہ فخر زماں
داشت یکے بی بی نیکو خصال — رابعۂ وقت میاں زناں

آنکہ نام او حفاظت با حسین — سید عالی نسب فخر زماں

Marfat.com

فاضل و ذی رتبہ و پرہیزگار — ہم حکیم و عالم شیریں زباں
دارد اندر حکمت و فقہ و حدیث — دستگاہ کامل آں ذی عزّ و شاں
داشت خاتونی فرشتہ در خصال — بود اندر ذکر حق فخر زماں
سال فوتش چوں بجستم عقل گفت — "ہجر زوجہ سوختہ"[1] ویسی بخواں

۱۳۰۰ = ۶ - ۱۳۰۶ھ

حضرت ویسی کا ۶۱ اشعار کا ایک خط جناب مولانا محمد سعید[2] صاحب عظیم آبادیؒ

---

[1] "ہجر زوجہ سوختہ" سے ۱۳۰۶ نکلتا ہے۔ اس میں سے زوجہ کی "و" کا چھ عدد خارج کر دینے پر ۱۳۰۰ھ باقی رہتا ہے۔

[2] شمس العلماء مولانا محمد سعید حسرت عظیم آبادیؒ کا والد کی طرف سے سلسلہ نسب حضرت جعفر طیار رضؓ تک اور والدہ کی طرف سے حضرت عبداللہ ابن عباس رضؓ تک پہنچتا ہے "صافی ضمیر" سے تاریخ پیدائش نکلتی ہے۔ ۲۷ ذی قعدہ ۱۲۳۱ھ = اکتوبر ۱۸۱۶ء کو عظیم آباد میں پیدا ہوئے۔ شیخ غلام علی راسخ عظیم آبادی کے مشہور راور صاحب دیوان شاگرد جناب انور علی یاس آروی کے بھلبنجے اور داماد تھے۔ مولانا حسن علی ہاشمیؒ محدث لکھنوی (متوفی ۱۲۵۵ھ = ۱۸۳۹ء) کے شاگرد تھے۔ اور حضرت سید احمد شہید بریلویؒ کے خلیفہ مولانا شاہ نذر محمد صاحب انّاویؒ (متوفی ۱۲۶۱ھ) سے شرف بیعت حاصل تھا۔ ۱۸۸۵ء میں شمس العلماء کا خطاب ملا۔ اور حضرت ویسی رح کے انتقال کے چار ماہ بعد ۴ شعبان ۱۳۰۴ھ [illegible] اپریل

(بقیہ حاشیہ [illegible])

Marfat.com

کے نام ہے۔ یہ خط نامکمل ہے اور مولانا محمد سعید صاحب حسرت عظیم آبادی کے دیوان
نور اس البلاغت پر حضرت دلسی رح کا تبصرہ ہے۔ جس میں شہر پٹنہ اور مولانا محمد سعید
صاحب رح کی بہت تعریف کی ہے۔ شمس العلماء مولانا محمد سعید حسرت عظیم آبادی رح
اٹھارہویں صدی عیسوی کے بڑے صاحب علم و فضل بزرگ گذرے ہیں۔ وہ ایک بلند
پایہ عالم دین اور عربی فارسی کے نہایت ممتاز ادیب کامیاب شاعر تھے۔ مولانا محمد سعید
حضرت رح سنہ ۱۸۱۲ء میں پیدا ہوئے اور حضرت دلسی سنہ ۱۸۲۵ء میں اور دونوں بزرگوں
کا چار مہینے کے وقفہ سے سنہ ۱۳۰۴ھ میں انتقال ہوا۔ حضرت دلسی رح نے دسمبر سنہ ۱۸۸۶ء
میں اور مولانا محمد سعید حسرت رح اپریل سنہ ۱۸۸۷ء میں انتقال کیا۔ حضرت صوفی سید
فتح علی صاحب دلسی رح کو امیر المومنین سید احمد شہید رح کے خلیفہ حضرت صوفی نور محمد
صاحب پھلواری رح سے اور مولانا محمد سعید حسرت رح کو حضرت سید احمد شہید رح کے دوسرے
خلیفہ مولانا نذر محمد صاحب اتاوی سے شرف بیعت حاصل تھا۔ خط سے اندازہ
ہوتا ہے کہ دونوں بزرگوں میں گہرے مراسم تھے۔ چند اشعار اس خط کے ملاحظہ فرمائیں

چنڈا در رسید فصل بہار فرخا ابر گشت گوہر بار

[بقیہ حاشیہ ص ۴۷۵ کا]

سنہ ۱۸۸۷ء کو مغل پورہ، پٹنہ سیٹی میں انتقال ہوا۔ آپ کا دیوان قسطاس البلاغت
مطبوع اور مشہور ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھیں راقم الحروف کا مضمون "شمس العلماء
مولانا محمد سعید حسرت عظیم آبادی"۔ مطبوعہ رسالہ معارف اعظم گڈھ۔ جولائی سنہ ۱۹۶۴ء۔

Marfat.com

عالم از خرّمی شدہ کشمیر — گیتی از فرّخی شدہ فرخار ص۱۹۷

چوں مہ نیم ماہ نیمہ شبی — از سفر باز آمد آں دلدار

داد آواز ولیسیا برخیز — زود تر بخت تو شدہ بیدار

گرم برخاستم رواں رفتم — پیش آں دلبر ملک رخسار .....

گفتم اے رشک ماہ باز نگر — بود تا این زماں کجات قرار

گفت در شہر پٹنہ بودم خوش — دل نشینم شد آں نخجتہ دیار

شہر پٹنہ شنیدۂ فرمود — ہست شہرے ز شہر ہای بہار

گر بہار جہاں بہار بود — شہر پٹنہ بہار راست بہار .....

گفت دیدم در آں یکے طوطی — خوشنوا خوش مقال خوش گفتار ص۱۹۸

کیست آں طوطی رواں از دز — کیست آں جانفزا ز شکر بار .....

آں محمد سعید عالی جاہ — آں محمد سعید طالع یار .....

آں محمد سعید خوش تقریر — آں محمد سعید سحر نگار

آں محمد سعید خوش لہجہ — آں محمد سعید خوش گفتار

خوش دل و خوش مزاج و خوش تقریر — خوش سخن خوش لباس خوش اطوار .....

آں محمد سعید صاحب علم — آں محمد سعید صدر دیار

آں محمد سعید رہبر دیں — آں محمد سعید فیض مدار

آں محمد سعید شیخ زماں — معدن صدق و مخزن اسرار

واصل و کامل و ولی اللہ — عابد و زاہد و سر اخیار ص۱۹۹

Marfat.com

زہد و تقویٰ بذات او نازاں — ورع و عرفاں برو گرفت قرار .....
گفتم اے یار ہیچ داری یاد — شعر تو کز بود یکے زہزار
گفت اینک بگیر دیوانش — تحفہ دلربائے کوتو وار

برگرفتم رواں بخواندم زود
شعر او از کنار تا بہ کنار

۱۳۔ حضرت وسیعیؒ اور اساتذہ فارسی

حضرت صوفی سید فتح علی صاحب وسیعیؒ نے اساتذہ فارسی کے کلام کا گہرا مطالعہ کیا تھا اور اشعار کی ظاہری شکل و شباہت اور ردیف و قافیہ کے سلسلہ میں وہ حضرت خواجہ شمس الدین حافظ شیرازیؒ، حضرت خواجہ امیر خسروؒ اور جمال الدین عرفی شیرازی کی غزلوں سے متاثر ہوئے ہیں۔ حکیم سنائی، انوری اور خاقانی کے قصیدوں کے انداز پر انہوں نے نعتیہ قصیدے لکھے ہیں:

اس میں کوئی شک نہیں کہ غزل گو شاعروں میں رنگ تغزل، حلاوت و شیرینی، رعنائی و دلکشی، جذب و کیف اور شعر شاری و مستی کے لحاظ سے خواجہ حافظؒ کا نام سر فہرست آتا ہے۔ چنانچہ حضرت صوفی سید فتح علی صاحب وسیعیؒ قدس سرہٗ بھی خواجہ حافظؒ سے بہت متاثر ہیں اور اپنی اکثر غزلیں خواجہ حافظؒ کی زمین میں کہی ہیں اور اپنے بہت سے اشعار اُن کے

Marfat.com

قافیہ اور ردیف میں پیش کیا ہے۔ ذیل میں حضرت خواجہ حافظؒ اور حضرت وسیؒ کے دیوان[1] سے ایک ہی زمین کے اشعار پیش کئے جاتے ہیں:

حضرت خواجہ شمس الدین حافظ شیرازیؒ	حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب وسیؒ
ساقیا برخیز و در دہ جام را	جان من بنما رخ گلفام را
خاک بر سر کن غمِ ایّام را صلا	کامراں کن ایں دلِ ناکام را
بادہ در دہ تا چنداں ایں باد غرور	جرعۂ از جام عشقش نوش کن
خاک بر سر نفس نافرجام را	چارہ ساز ایں عقل نافرجام را
گرچہ بدنامیست نزدِ عاقلاں	عاقلاں دانند ما دیوانہ ایم
ما کی خواہیم ننگ و نام را	ننگ را داریم ننگ و نام را
محرم را ز دل شیدائے من	لمعۂ از حسن روئی خود نما
کس نمی بینم ز خاص و عام را	مست و شیدا ساز خاص و عام را
با دل آرامے مرا خاطر خوش است	وسیؔ از خواہی جمال مصطفیٰ
کز دلم یک بارہ برد آرام را صلا	ترک فرما راحت و آرام را

رونق عہد شباب ست دگر بستان را	یار بر بادہ گیسوئی مشک افشاں را
می رسد مژدۂ گل بلبل خوش الحان را	یار برہم مزن ایں سلسلہ دوراں را

---

[1] دیوان حافظ مطبوعہ قیومی پریس کان پور؛ دیوان وسیؔ مطبوعہ قیومی پریس کان پور ۱۹۳۵ء

Marfat.com

خواجہ حافظؒ

اے صبا گر بہ جوانان چمن باز رسی
خدمت ما برسان سرو و گل و ریحاں را ۸

یار مردان خدا باش کہ در کشتی نوح
ہست خاکی کہ بآبی نخرد طوفاں را

ملک آزادگی و کنج قناعت گنجیست
کہ بشمشیر میسّر نہ شود سلطاں را ۹

دل می رود ز دستم صاحبدلاں خدارا
دردا کہ راز پنہاں خواہد شد آشکارا ۳

کشتی شکستگانیم اے باد شرط برخیز
باشد کہ باز بینیم آن یار آشنا را

آسایش دو گیتی تفسیر این دو حرفست
با دوستاں تلطّف، با دشمناں مدارا

آن تلخوش کہ صوفی ام الخبائثش خواند
اشہی لنا وَاحلی من قبلۃ العذارا

حضرت ویسیؒ

قد بیارائی و رخ افروزد و سر جعد کشا
خوار و بے قدر نماند سرو و گل و ریحاں را ۸

جانم رسید بر لب دریاب زود مارا
دردا کہ سوخت ہجرت فریاد رس خدارا

گم گردگان راہیم اے خضر رہبری کن
تا یک نگاہ بینم آن نور کبریارا ۱۶

زایجاد ہر دو گیتی مقصود بود او را
بیند جمال ذاتش بر دوست آشکارا

خون جگر ہمانا خوردن بود عشقت
اشہی لنا وَاحلی من قبلۃ العذارا

Marfat.com

خواجہ حافظ

سرکش مشو کہ چوں شمع از غیرتت بسوزند
دلبر کہ در کفِ او موم ست سنگ خارا

اَلَا یَا اَیُّھَا السَّاقِی اَدِرْ کَاسًا وَّنَاوِلْھَا
کہ عشق آساں نمود اوّل ولی افتاد مشکلہا

شبِ تاریک و بیم موج و گردابے چنیں حائل
کجا دانند حالِ ما سبکسارانِ ساحلہا

بمی سجادہ رنگیں کن گرت پیرِ مغاں گوید
کہ سالک بے خبر نہ بود ز راہ و رسمِ منزلہا

ہمہ کارم ز خود کامی بہ بدنامی کشید آخر
نہاں کی ماند آں رازے کز و سازند محفلہا

اگر آں ترکِ شیرازی بدست آرد دلِ مارا
بخالِ ہندوش بخشم سمرقند و بخارا را

بدم گفتی و خرسندم عفاک اللہ نکو گفتی
جواب تلخ می زیبد لبِ لعلِ شکر خارا را

غزل گفتی و در سفتی بیا و خوش بخواں حافظ
کہ بر نظمِ تو افشانند فلک عقدِ ثریا را

حضرت واصفی

با تابِ حُسن رُویت صبری نماند دل را
وا ندل کہ صبر دارد دل نیست سنگ خارا

سرِ سودائی و جانم سرِ دیوانگی دارد
بعشقِ آں بتِ خوباں مرا پیشہ ست مشکلہا

نشیں بر کشتیِ شرعِ و بر و سالم بریں دریا
وگرنہ می برد موجت نہ بینی ہیچ ساحلہا

بہ انگشتم دمے بنما کہ نظارہ کنم روزے
کہ غوّاصاں نمی یابند گوہر در دریں ویرانہ منزلہا

چو بارم نی بلندیہا نہ پستیہا بسودائش
کہ دیوانہ اش باری شوم مشہور محفلہا

اگر آں شاہ خوبانم نہد بر چشمِ من یارا
بخاکِ پائی او بخشم معاً دنیا و عقبیٰ را

بیا ای دردرا درماں بیا ای رافعِ حرماں
بنہ بر زخمِ من مرہم کشا لعلِ شکر خارا

بہ نعتِ آں شہِ خوباں چہ خوش واصفی غزل گفتی
نثارِ نظمِ تو عاشق کند ہم دین و ہم دنیا را

Marfat.com

خواجہ حافظؒ

دوش از مسجد سوئے میخانہ آمد پیر ما
چیست یارانِ طریقت بعد ازیں تدبیر ما
در خرابات مغاں مانیز ہم منزل شویم
کاین چنیں رفت ست در عہد ازل تدبیر ما

ما مریداں روبسوئے کعبہ چوں آریم چوں
روبسوئے خانۂ خمار دارد پیر ما

بادلِ سنگینت آیا ہیچ در گیرد شبی
آہ آتش بار و سوزِ نالۂ شبگیر ما

مرغِ دل را صید جمعیت بدام افتادہ بود
زلف بکشادی و باز از دست شد نخچیر ما

عقل گر داند کہ دل در بند زلفش چون خوش است
عاقلاں دیوانہ گردند از پئے زنجیر ما

بر در میخانہ خواہم گشت چوں حافظ مقیم
چوں خرابا تی شد ای یارِ طریقت پیر ما

آفتاب از روئے او شد در حجاب
سایہ را باشد حجاب از آفتاب ص۱۴

حضرت ولیؒ

ریخت چشمم لعل و گوہر بر خیال لعل او
در نگاہش گشت بے سنگ ایں ہمہ تدبیر ما

ہر کسی را رہبری ہر دست را یک دامنی
دست او دامن احمدؐ بس ایں تدبیر ما

سیّد جملہ جہیلاں احمدؐ محبوب حق
حُبّ اُو بس رہبر ما عشق او بس پیر ما

دوش جانم سوخت از فریاد بے تاثیر ما
آہ تاثیرے نہ دارد ایں نالۂ شبگیر ما

نالہ و فریاد و زاری می کنم از حد فزوں
تا کہ روزی عزم سازد از پئے نخچیر ما

یا الٰہی قلب مجنونم زنخیر شش باز دار
حُبّ اُو کن بند ما و عشق او زنجیر ما

یا رسول اللہ دلِ ولیؒ ز شرمت پارہ شد
حب تو بر لب بدو در دل بتِ بے پیر ما ۲۶

شد گدائی در گہ او ہمنشین آفتاب
نقش نعل مرکبش آمد نگین آفتاب

خواجہ حافظؒ

حضرت ویسیؒ

۲- سیّد دنیا و دیں محبوب ربّ العالمیں
احمدِ مرسل کہ شد گردش قرینِ آفتاب ص۳۹

خدا چو صورت ابروئی دلربائی تو بست
کشاد کار من اندر کرشمہائی تو بست ص۳۳

۱- تا قضا شمس و قمر در خمِ گیسوئی تو بست
بر دلم کلک قدر نقش خط و روئی تو بست ص۴۴

۲- من نہ امروز گرفتار توام جان مرا
روزِ میثاق قضا در خمِ گیسوئی تو بست

ترسم کہ اشک در غم ما پردہ در شود
دیں راز از سر بمہر بعالم سمر شود ص۹۷

اخفائی راز عشق تو خواہم ولی چہ سود
ہر چند پردہ پیش کنم پردہ در شود

حافظ سر از لحد بدر آر و بپای بوس
گر خاک او بپائی شما پی سپر شود ص۹۷

ویسی چہ کس کہ بر رُخ ما یک نظر کند
ایں فخر بس کہ در رہِ ما پی سپر شود ص۵۷

خوش است خلوت اگر یار یار من باشد
نہ من بسوزم و او شمع انجمن باشد

خدا بصیر و علیم است خوب می داند
کہ تاجدار من آں شمع انجمن باشد

من آں نگین سلیماں بہیچ نستانم
کہ گاہ گاہ در دست اہرمن باشد ص۱۰۵

ز راہ سُنّتش از منحرف بود شیخے
مخوانش شیخ کہ بدتر از اہرمن باشد

بیان شوق چہ حاجت کہ حال آتش دل
تواں شناخت ز سوزیکہ در سخن باشد ص۱۰۶

ہزار چشمۂ آب رواں رواں گردد
دمیکہ آں لب نوشینش در سخن باشد ص۶۵

Marfat.com

خواجہ حافظؒ

چو بر شکست صبا زلف عنبر افشانش
بہر شکستہ کہ پیوستہ تازہ شد جانش

کجاست ہم نفسی تا کہ شرحِ غصّہ دہم
کہ دل چہ می کشد از روزگارِ ہجرانش

بسی شدیم و نشد عشق را کرانہ پدید
تبارک اللہ ازین رہ کہ نیست پایانش

سحر بطرفِ چمن می شنیدم از بلبل
نوائے حافظ خوش لہجۂ غزل خوانش ۲۱

حضرت ولیؒ

مان عنبر فشاں آمد زحد عنبر افشانش
زمیں چو گلستاں آمد ز روئی چوں گلستانش ۱۲۰

ز ہجرانش شدہ تاریک در چشم جہاں یکسر
خدایا صبح ہم دارد شبِ یلدائی ہجرانش ۱۲۱

چو دیدم حُسن رخشانش دلم شد عاشقش ہے ہے
نہادم پا بہ صحرائی کہ پیدا نیست پایانش

رسید از عالمِ معنی بگوشِ دل ندائے خوش
کہ احمدؐ سرورِ عالم توئی ولیؔ حسّانش ۱۲۲

بمژگانش سیہ کردی ہزاراں رخنہ در دینم
بیا کز چشم بیمارت ہزاراں درد برچینم

الا ای ہمنشیں دل کہ یارانت برفت از یاد
مرا روزی مباد آن دم کہ بی یادِ تو بہ نشینم

ز تابِ آتشِ دوری شدم غرقِ عرق چوں گل
بیا ای بادِ شبگیری نسیمی زاں عرق چینم ۲۴۵

جہاں فانی و باقی فدائی شاہدِ ساقی
کہ سلطانی عالم را طفیلِ عشق می بینم ۲۴۶

ز چشم تا شدی غایب جہاں تاریک می بینم
بیا کز خاک پائی تو جواہر سُرمہ در چینم ۱۳۰

نسیم ار بگذری بر درگہش باری بگو از من
جدا ای شہسوارِ من ز تو تا چند بہ نشینم

عبیر و نافہ چینم غبارِ درگہہ احمدؐ
بیا ای بادِ پُوئی از عبیر و نافہ چینم

بدریائی غم افتادم دمے آ دستگیرم شو
وگرنہ ز آتشیں موجش نجات خود نمی بینم ۱۳۱

Marfat.com

خواجه حافظ شیرازی

این چه شوریست که در دور قمر می‌بینم
همه آفاق پر از فتنه و شر می‌بینم

اهل دل را همه شربت ز گلاب و قند است
قوت دانا همه از خون جگر می‌بینم

صبح است ساقیا قدحی پر شراب کن
دور فلک درنگ ندارد شتاب کن

ما مرد زهد و توبه و طاعات نیستیم
با ما بجام بادهٔ صافی خطاب کن

ای لبت آب حیات و ای قدت سرو چمن
ای رخت خورشید خاور ای خطت مشک ختن

رشتهٔ جان من ست آن یا سر موئی بتان
ذرهٔ خورشید یا درج درست آن یا دهن

آفتاب فتح را هر دم طلوعی می‌دهد
از کلاه خسروی رخسار مهه سیمائی تو

گرچه خورشید فلک چشم و چراغ عالم است
روشنائی بخش چشم اوست خاک پائی تو

حضرت وسیمی

این چه حسنیست که افزون ز سحر می‌بینم
پیش او بدر یکی شمع سحر می‌بینم

عشق احمد نه بود کار همین بوالهوسان
خورش عاشق او خون جگر می‌بینم

وسیمی دوائی درد خود از مرتضی بخواه
یا مرتضی دوائی دل من شتاب کن

من مرد جاه و حشمت و پندار نیستم
با من بخاکپای سگ خود خطاب کن

ای پیش ترک مست تو ترکان سپر انداختند
ترک حصاری ترک چین ترک فلک ترک ختن

صد سال بعد از مردنم بر تربتم گر بگذری
یابم روان خیزم دوان بوسم قدم خندان دهن

ای فزون از مهه رخ زیبائی تو
مطلع حسن ازل سیمائی تو

گر قدم رنجه کنی در پرسشم
جان و دل سازم فدائی پائی تو

Marfat.com

خواجہ حافظ

ای قبائی پادشاہی راست بر بالائی تو
زینت تاج و نگیں از گوہرِ والائی تو ص۳۱۱

ملامتگر چہ دریابد ز زار عاشق و معشوق
نہ بیند چشم نابینا خصوص اسرار پنہانی ص۳۸۰

ایں خرقہ کہ من دارم در رہن شراب اولیٰ
ویں دفتر بی معنی غرق مئی ناب اولیٰ

چوں عمر تبہ کردم چندانکہ نگہہ کردم
در گنج خراباتی افتادہ خراب اولیٰ ص۳۳۹

حضرت ویسیؒ

ماہ یا حور یا رُخِ پُر نور تو
سرو یا شمشاد یا بالائے تو ص۱۵۰

نیامد چوں تو جانانی سراپا نور تابانی
بلب چوں لعل رمّانی دوائی درد پنہانی ص۱۸۲

این چشم کہ من دارم گریاں چو سحاب اولیٰ
ہر دانہ غلطانش یاقوت خوشاب اولیٰ ص۱۶۸

آں جا کہ بود لعلت بے قدر بود گوہر
واں جا کہ بود چشمت میخانہ خراب اولیٰ ص۱۶۹

طوطیٔ ہند خواجہ امیر خسرو رح کی مشہور غزل جس کا مطلع ہے:

اے چہرۂ زیبائی تو رشکِ بتانِ آذری
ہر چند وصفت می کنم در حسن زاں بالاتری

اِس زمین میں حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی قدس سرّہٗ نے دس شعر کی یہ غزل لکھی ہے:

نے مہر ماند با رُخت نے زہرہ نے مشتری
ناہید ماند نے قمر با تو کہ آرد ہمسری

مہتاب را ایں خط کجا خور را کجا حسن و ضیا
بالا کجا ناہید را تو از ہمہ بالا تری

ہر کس بقدر فکر و ظن گفتہ بنعت تو سخن
اما محقق شد بمن بعد از خدا تو برتری

روئی تو مہرِ آسماں جعدت شبِ عنبر فشاں — کس دید گاہی در جہاں خود را نقابِ عنبریں

منظورِ حق رخسارِ تو مطلوبِ حق رفتارِ تو — ص۱۸۴ — مقبولِ حق گفتارِ تو واللہ چہ زیبا منظری

خواہم کہ بر پائی شما از دیدہ ریزم لعلہا — تا سرخ رو پیشِ خدا باشم بروزِ داوری

گل چہرۂ غنچہ دہاں سیمیں ذقن، شیریں بیاں — سوری بری، سوسن زباں، عنبر خطی لب شکری

گوشت مثالِ کاف و نوں ابرو و چشمت صاد و نوں — اصنام پیشت سرنگوں شیدائی تو حور و پری

اے خاکِ پایت توتیا تا کے بہجرم سوزیا — جانم بہجرت گوئیا شد کورۂ آہنگری

باری بگو ویسی ما از آہ سوزاں باز آ
از دود آہت بر سما خورشید گشتہ اغبری

عرفی شیرازی کا ایک قصیدہ جس کا مطلع ہے:

اقبالِ کرم می گزد ارباب ہمم را — ہمت نخورد نیشتر لا و نعم لا

اس قصیدہ کی زمین[1] میں حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی رح نے ۵۵ اشعار پر مشتمل ایک نعتیہ قصیدہ لکھا ہے جس کے چند اشعار پیش کئے جاتے ہیں:

راغِ تو بخاری نخرد باغِ ارم را — ص۱۱ — خاکِ تو بگردی نستد مسندِ جم را

آنرا کہ گدائی درت گشت میسر — با خاک برابر بشدہ جاہ و حشم را

تا دستِ تو بکشاد درِ جودِ بعالم — ہیچ آب نماندست دگر مال و درم را

گر ذاتِ تو مقصود نہ بودی نزدودی — حق ز آئینۂ کون و مکاں زنگ عدم را

---

[1] الحاج مولانا صوفی عبدالحنان صاحب عبقری نے بھی حضرت ویسی رح کے اس قصیدہ کے سلسلہ میں عرفی شیرازی کے قصیدہ کا ذکر کیا ہے۔ حیات ویسی۔ مولانا زین العابدین صاحب اختر مدظلہ ص۳۵

مرغ اندر خروش و ماخاموش — طیر آمد بجوش و ما ہشیار
طلب ای طالبان طلعت دوست — طرب اے واصلان حضرت یار
خیز ای عاشقان جمال حبیب — آتشی زن بجان ما ں یکبار
نالۂ برکش از دلِ نالاں — نغمۂ ساز کن رسینۂ زار
ہر یکی را یکی بود دلبر — ہر کسی را کسی بود دلدار
من و شوق جمال مصطفوی — من و سودائے سیّد ابرار
جرعۂ عشق او مرا کافی — خردۂ شوق او مرا در کار
ما مریضیم و روئے او درماں — ما خرابیم و عشق او معمار
یا حبیبی بیا بیا! بارے — رحم کن رحم! بر من بیمار
توئی مقصود من بہر دو جہاں — خود تو میدانی ای شہ ابرار

باز خواں مطلعے دیگر ویسی
کہ سنائی کند روانش نثار

مطلع ثانی یعنی دوسرے قصیدہ کے چند اشعار یہ ہیں :

چند باشی بخواب ہاں بیدار — تا بکے مست آ زبیں ہشیار
صبح نیمود روئے تو در خواب — تو بخوابی و مرغکاں بیدار
ہمچو بلبل بہر گلے مخروش — دل چو پروانہ کن بشمع نثار
پیر گشتیم و آرزوی جواں — کہل گشتیم و کودکی بقرار
از سرِ صدق از جہاں برخیز — در تہہ دل نمائی استغفار

Marfat.com

نیک و بد را حوالہ کن بخدا — ہم توکّل بخالق غفّار
دُور کن از دماغ باد غرور — پاک کن سینہ را ز کبر و عناد
افضل حق و اشرف عالم — شاہ کونین سیّد ابرار
ہادی گمرہان درین عالم — شافع عاصیان بروز شمار
گر تو خواہی فلاح ہر دو جہاں — در تو جوئی نجات آخر کار
دست در دامنِ محمدؐ زن — ورزہش ساز کحل دیدہ غبار
کیست احمدؐ خلاصۂ امکاں — دیدۂ کائنات و فخر تبار
کیست احمدؐ بروفدا بادا — دولت و عزّ و مال و خویش و تبار
آل او کشتی و صحابہ نجوم — ہر دو در بحر و شب خزر شمار
گر سنائی درین زمانہ بگے — میشدی زیں شماط اجر اخوار

نغمہ خواں بطرز خاقانی
ولیسیا خوشتر از دُرِ شہوار

بعد والے تین قصیدے حکیم افضل الدین خاقانی کے اس قصیدہ کی زمین ہیں جس کا مطلع ہے:

الصّبوح الصّبوح کامد کار — انشار انشار کامد یار

چنانچہ حضرت صوفی صاحبؒ نے دوسرے قصیدہ کے مقطع میں واضح کر دیا ہے۔

نغمہ خوان بطرز خاقانی — ولیسیا خوشتر از دُرِ شہوار

تیسرے مطلع کے چند اشعار یہ ہیں:۔

Marfat.com

ذات تو شدہ باعث ایجاد دو عالم
داد ند ز نام تو شرف لوح و قلم را

محبوب خدا سید کونین محمدؐ
کو قبلہ دین است عرب را و عجم را

در لعل تو کردند نہاں چشمہ حیواں
در لفظ تو کردند عیاں فضل و کرم را

با بذل تو آری و بلی جمع نہ گردد ۱۲
جود تو نہ تابد اثر لا و نعم را

بر دیدہ خور خاک درش کحل جواہر ۱۳
بر عرش بریں مرکب آسودہ قدم را

از ہول تو زنار شکستند بہ پراں
وز خوف تو در حین شکستند صنم را

چوں لیل و نہار از رخ و زلف تو کنایہ
زاں خاص نمودہ است خدا ہر دو قسم را

آں بوالفرج و الوری و عرفی شیراز
دیدندی اگر ایں ہمہ اعجاز قسم را

از حیرت ایں نظم ہمہ یکسرہ گفتی
حسان عجم وسیؔ داؤد نغم را

حیات وسیؔ میں جناب مولانا عبدالحنان صاحب عبقری نے حضرت صوفی صاحبؒ کے کلام کا نمونہ پیش کرتے ہوئے لکھا ہے[1] کہ سلطان الہند حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کی ایک نعت جس کا مطلع ہے: پیش از رہ کاستاد فطرت فرش و ایواں ساختہ

پایہ قدرت فراز کون و امکاں ساختہ

اسی زمین میں حضرت صوفی سید فتح علی صاحب وسیؔ قدس سرہٗ نے ۱۴۲ اشعار

---

[1] حیات وسیؔ۔ مولانا زین العابدین صاحب اخزی ص ۳۹

Marfat.com

کا ایک نعتیہ قصیدہ لکھا ہے جس کے چند اشعار یہ ہیں :

ای نقاب از شام برخورشید تاباں ساختہ — صبح را اندر پرندِ شام پنہاں ساختہ
صبح تو در روز با شامِ سیہ باشد قریں — شام تو در شب قراں با مہر رخشاں ساختہ
صبح تو اندر میان شام مہر آرد بروں — شام تو بر مہر رخشاں ماریچیاں ساختہ
شام تو در بوئے دلکش نرخ عنبر می برد — صبح تو در جانفزائی کارِ حیواں ساختہ
جا غبار درگہہ والائے سلطانُ الرُّسُل — از علو و برتری بر فرق کیواں ساختہ
ساخت ایوانی ز امکاں حضرتِ رحمٰن پاک — اندر آں شاہِ دیں را صدر ایواں ساختہ
کے رسد عیسیٰ بدو کو را مقام آمد فلک — ہر کسب آں شاہ دیں بر عرش جولاں ساختہ
گرچہ یزداں خلق کردہ خوبرویاں بے شمار — لیک در خوباں ترا اُو شاہ خوباں ساختہ
آنکہ او اندر طریقت خلط بدعت می کند — در لباس شیخ رہبر کار شیطاں ساختہ

شعر تو بر اہل بدعت ہمچو زخم ذوالفقار
ویسیا شعر ترا حق رجم شیطاں ساختہ

دیوان ویسی میں "س" کی ردیف میں حضرت صوفی صاحبؒ کے پانچ قصیدے مسلسل ہیں۔ ان قصیدوں میں بالترتیب ۴۹، ۱۳۱، ۵۳، ۳۷ اور ۴۶ اشعار ہیں۔ پہلے دو قصیدے حکیم سنائی کے اُس قصیدہ کی زمین میں ہیں جس کا مطلع ہے :

طرب اے عاشقان خوش رفتار — طرب اے شاہدانِ شیریں کار

حضرت صوفی صاحب قُدِّسَ سِرُّہٗ کے پہلے قصیدہ کے چند اشعار ملاحظہ ہوں :

عجب ای والہانِ صورتِ یار — عجب ای صادقانِ عشق نگار

Marfat.com

حبّذا حبّذا رخِ دلدار — فرّخا فرّخا جمال نگار
می برد دل ز کبک از رفتار ص۸۷ — می دہد جاں بطوطی از گفتار
مظہر حُسن سرمدی رویش — مطلع نور ذات آن رخسار
اصطفا مصطفیٰ ص بنامش شد — ارتضیٰ مرتضیٰ رض بدو پندار
حُسن را لعل و دلبری را کان — حلم را کوہ و علم را امطار
جاہ را تاج و تاج را گوہر — ماہ را حُسن و حُسن را اسرار
معجز عیسیٰ از دمش منسوخ — چشمۂ خضر از لبش بیکار
دانش اندر کمال او حیران ص۸۸ — درک در فضل او شدہ بیکار
نور مطلق حبیب یزدانی — بندۂ خاص ایزد ستّار
شد کمالات آن امام رُسُل ص۸۹ — خارج از حد وہم و حصر شمار
بر سر و چشم ویسیٔ مسکیں — یا حبیبی قدم بنہ یکبار
ویسیا و ثناش از تہہ دل — مطلعے خوب تر بکن تکرار

چوتھے مطلع کے چند اشعار ملاحظہ فرمائیں:

مژدہ آورد باد در گلزار — اینک اینک رسید ابر بہار
اینک اینک دمن شدہ مینو ص۹۰ — اینک اینک چمن شدہ فرخار
شاخ گل سبز چون پر طوطی — سرخ غنچہ بشاخ چون منقار
بر سر شاخ طوطیٔ خوش خواں — نغمۂ نعت می کند تکرار
گیتی از فرط خرّمی گوئی — شب میلاد سیّد ابرار

Marfat.com

زبدۂ کائنات رحمتِ حق — حامل وحیٔ احمدِ مختار
داروی درد بیکساں لطفش ص۹۱ — خشم او درد خاطر فجار
سورۂ انتخاب طلعت او — آیت لاجواب آں رخسار
جان بیمار می طپد بے تو — یکدمی آ بہ پرسش بیمار

ولیسیا نغمۂ دگر سر کن
بہ ثنائے محمدؐ مختار ص۹۲

پانچویں مطلع کے چند اشعار یہ ہیں:

البشر و البشر و اولی الابصار — اینک اینک نمود روئی نگار
آں نگاریکہ از نگار و بہار ص۹۲ — مہر را چہر و ماہ را رخسار
با جمالش جمال مہہ داغی — با کمالش کمالِ بیضا عار
کیست احمدؐ خدائے را محبوب — افتخار جہان جہان وقار
سرور انبیاء شفیع امم — دستگیر ہمہ بروز شمار
طوبیٰ از قد او بود ظلّی — جنّت از کوی او بود یک خار
سلسبیل از لبش بود اثرے ص۹۳ — کوثر از لعل او ہمی انگار
شاہد و صادق و بشیر و نذیر — اوّل و خاتم و سر اخیار
زاہد و عابد و حلیم و سعید — رہبر و ہادی و ملیح عذار
قُرب حق گر ترا بود منظور ص۹۴ — قُرب او جوئی تا برآید کار
ولیسی از قیل و قال سودے نہ ص۹۵ — صدق کن پیشہ قیل و قال گذار

Marfat.com

۴۱۔ حضرت صوفی رحؒ اور اُن کی شاعری کے متعلق دوسروں کے خیالات

حضرت صوفی سید فتح علی صاحب دیسی قدس سرہٗ ایک عارف کامل اور سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے ایک بلند پایہ شیخ طریقت ہونے کے ساتھ ساتھ آسمانِ شاعری کے نہایت ہی درخشندہ ستارے کی حیثیت رکھتے تھے۔ وہ ایک عاشق صادق تھے۔ اُن کا کلام، اُن کے کیفیات دلی اور وارداتِ قلبی کا صحیح ترجمان ہے۔ اُن کی شاعری میں خلوص، سوز و گداز اور درد و اثر کی فراوانی ہے۔ اُن کی غزلوں اور قصیدوں میں ان دونوں اصناف شاعری کے تمام محاسن بدرجہ اتم موجود ہیں۔ زبان و بیان پہ اُن کو پوری قدرت حاصل ہے اور پڑھنے والا اُن کے کلام میں عشق و محبت کی گرمی، تاثراتِ قلبی کی پُرجوش اور پُرخلوص ترجمانی اور انداز بیان کی تازگی اور شگفتگی سے گہرے طور پہ متاثر ہوتا ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ ہندوستان میں فارسی شاعری کے اس گوہرِ شب چراغ، لولوئے تابدار، خاقانیٔ بنگال اور حسانِ عجم کی طرف بہت کم لوگوں نے توجہ کیا ہے اور آپ کے حالات اور شاعری کے متعلق بہت کم لکھا گیا ہے۔

امیر الملک نواب سیّد محمد صدّیق حسن[1] خان بہادر مرحوم (متوفی ۱۸۹۰ء)

---

[1] امیر الملک نواب والاجاہ سیّد محمد صدّیق حسن خان بہادر مرحوم — آپ کے والد مولوی سیّد اولاد حسن صاحب قنوجیؒ۔ امیر المومنین سید احمد شہید بریلویؒ کے مرید اور خلیفہ تھے۔ (بقیہ حاشیہ ص ۴۹۵)

نے اپنی کتاب شمع انجمن[1]، میں تمام دوسرے شاعروں کی طرح آپ کا بھی مختصر ذکر کیا ہے۔ اور آپ کے پانچ اشعار نقل کئے ہیں۔ جن میں سے چار دیوان میں موجود ہیں۔ نواب صاحب مرحوم نے آپ کا تخلص دلیسی رح کے بجائے صوفی لکھا ہے، جو غلط ہے۔ نواب صاحب رقمطراز ہیں:

صوفی ـــــ تخلص مولوی فتح علی بنگالی ست سکنہ چاٹگام۔

[بقیہ حاشیہ صـ۴۹۴ کا]

نواب صاحب ۱۲۴۸ھ = ۱۸۳۲ء میں قنوج ضلع فرخ آباد (یو۔پی) میں پیدا ہوئے مفتی صدرالدین خاں دہلوی کے شاگرد تھے۔ علوم تفسیر و حدیث نامور علماء سے حاصل کیا تھا۔ حدیث کی اجازت شیخ عبدالحق محدث بنارسی سے حاصل کی تھی۔ ریاست بھوپال میں ملازم ہوئے اور بتدریج ترقی کرکے عہدۂ وزارت و نیابت پر مامور ہوئے۔ ۷ مئی ۱۸۷۱ء کو نواب شاہ جہاں بیگم والیہ بھوپال (بیوہ) سے عقد ہوا۔ چودہ[14] سال تک ریاست کا انتظام آپ کے اختیار میں رہا۔ ۱۸۸۴ء میں سیاسی، انتظامی اور شخصی شکایات کی بنا پر آپ کو خطابات اور اختیارات سے الگ کر دیا گیا۔ ماثر صدیقی میں آپ کے صاحبزادے نواب محمد علی حسن خاں نے آپ کی ۲۲۲ کتابوں کی فہرست شامل کی ہے۔ اکثر کتابیں مذہبی نوعیت کی ہیں۔ بھوپال، مصر اور قسطنطنیہ (ٹرکی) سے شائع ہوئیں۔ جمادی الآخر ۱۳۰۷ھ = فروری ۱۸۹۰ء میں آپ کا بھوپال میں انتقال ہوا۔ آپ کا علمی کارنامہ حیرت انگیز اور شاندار ہے۔ آپ کا خاندان لکھنؤ میں آباد ہے (قاموس المشاہیر جلد دوم صـ۳۸؛ امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد ہشتم صـ۱۲۸-۱۳۲؛ مونج کوثر۔ شیخ محمد اکرام صـ۵۰-۴۸۔

---

[1] شمع انجمن ۱۲۹۳ھ = ۱۸۷۶ء میں انیس المطابع شاہ جہانی میں طبع ہو کر بھوپال سے

(بقیہ حاشیہ صـ۴۹۶ پر)

Marfat.com

وازبدوِ شعور شہر کلکتہ محل تحصیل وجوہِ معاش وفنون انتعاش او ومقام قیام محلی بفضائل ومخلی از رذائل۔ درمناظر وکلام طَلَقُ اللِسان ودرنظم نعوت سرورِ انبیاء صلعم شیوا بیان۔ از نتائج موزونی اُوست"

برلبت آب زندگانیہا — برلبم جان زتشنہ جانیہا
وصف من پست پیش نخل قدت — ص۲۱ — کردہ ام گو بلند خوانیہا

بگذار بُت خانہ قدم از سر اعجاز — کافتند بسر جملہ بتان بوسہ زنی را
تاچند زنی آتش غم در دلِ صوفی — ص۲۵ — باری بنگہ شاد کُن آن سوختنی را

یوسف باحمدؐ کی رسد، عاقل ازین جا پی برد
آں را زلیخا می خرد، این را خدا شُد مشتری — ص۳

شمع انجمن میں جو اشعار نقل کئے گئے ہیں۔ اُن میں سے پہلا دو شعر، دیوان ویسی کی اٹھارہویں غزل کا مطلع اور تیسرا شعر ہے اور دیوان مطبوعہ ۱۹۳۵ء کے ص۲۱ پر موجود ہے۔ دوسرا دونوں شعر دیوان کی بائیسویں غزل کا پانچواں اور اگیارہوں شعر ہے اور دیوان کے ص۲۵ پر موجود ہے۔ اس غزل میں اگیارہواں شعر مقطع ہے۔ یہاں اس شعر میں ویسی کی جگہ صوفی غلط لکھا گیا ہے۔ آخری یعنی پانچواں شعر دیوان میں موجود

[بقیہ حاشیہ ص۴۹۵ کا]

شائع ہوئی۔ اس میں کُل ۹۷۸ شاعروں کا مختصر ذکر ہے۔ اس کی ایک جلد خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری بانکی پور۔ پٹنہ ۴ میں موجود ہے (تذکرہ فارسی ۹۶۹۲

۱؎ شمع انجمن۔ نواب صدّیق حسن خاں مرحوم۔ بھوپال ۱۲۹۳ھ۔ ص۲۶۸

Marfat.com

نہیں ہے۔

حضرت صوفی سید فتح علی صاحب وسیؔ کے نامور خلیفہ شمس العلماء حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحبؒ کے ایک مرید کلکتہ کے رہنے والے جناب حاجی عبدالغفور صاحب جو سرہند شریف ضلع پٹیالہ (پنجاب) میں آباد ہو گئے تھے۔ اُنہوں نے تصوّف و معرفت پر ایک کتاب "رہنمائے ابرار" لکھی جو غالباً ۱۹۳۵ء یا ۱۹۳۶ء میں اکسپرٹ لیتھو پرنٹنگ پریس لاہور سے شائع ہوئی۔ یہ کتاب بڑی تقطیع کے ۳۳۶ صفحات پر مشتمل ہے اس کتاب کے صـ ۱۶۹ پر مصنّف نے اپنے پیرِ اوّل شمس العلماء حضرت مولانا غلام سلمانی صاحبؒ اور صـ ۱۷۳ پر اپنے پیرِ ثانی حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحبؒ کا ذکر کیا ہے اور صـ ۳۳۳ پر ان دونوں بزرگوں کے پیر و مرشد قطب ارشاد حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب وسیؔ قادری سرہٗ کا ذکر ہے اور دیوان وسیؔ سے کلام کا نمونہ بھی پیش کیا ہے۔ صـ ۳۳۵ پر حضرت صوفی صاحبؒ کے مزار مبارک واقع مانک تلہ کلکتہ ۶ کا خاکہ بھی ہے۔ اِس کتاب "رہنمائے ابرار" کی ایک جلد حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحبؒ کے خلیفہ الحاج الحافظ مولانا سید ابوالبشر محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ کے پاس ڈھاکہ میں موجود ہے اِس کتاب کے آخری صفحہ پر پنسل جالا لائبریری ۳۲ مسجد بڑی لین۔ کلکتہ کی مہر ہے رہنمائے ابرار کے مصنف حاجی عبدالغفور صاحب کے صاحبزادے جناب ابونصر صاحب کلکتہ کارپوریشن کے کاؤنسلر تھے[1]۔ افسوس ہے کہ بعض ناگزیر حالات کے سبب کتاب

---

[1] خط جناب الحاج مولانا سیّد محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ۔ جدونا تھ باسک لین۔ ڈھاکہ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۱ اکتوبر ۱۹۷۵ء۔

Marfat.com

رہنمائے ابرار یا حضرت صوفی صاحبؒ کے متعلق اس کتاب کا ضروری اقتباس نام تحریر ناچیز راقم الحروف کو حاصل نہ ہو سکا۔ اس لئے حضرت صوفی صاحبؒ کے متعلق جناب حاجی عبدالغفور صاحبؒ کے خیالات آئینہ ویسی میں پیش کرنے سے معذور رہا۔

حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب رح فرفرا شریف کے خلیفہ علامہ ڈاکٹر محمد شہید اللہ صاحبؒ (متوفی ۱۹۶۹ء) نے بنگلہ زبان میں اپنے دادا پیر حضرت صوفی سید فتح صاحب ویسی رح کے حالاتِ زندگی، اُن کی شاعری اور اُن کی دینی خدمات کے متعلق ایک مفصل مضمون لکھا تھا۔[1]

حضرت صوفی صاحب قدس سرہٗ کے متعلق پہلی باضابطہ اور مستند کتاب حیات ویسی کے نام سے ممتاز المحدثین جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہٗ نے کلکتہ سے ۱۹۵۵ء میں شائع کیا۔ مولانا اختری مدظلہٗ، حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحبؒ کے خلیفہ مولانا شاہ صوفی احمد علی[2] صاحب حمید جلالی رح کان کھولی شریف گارڈن ریچ کلکتہ ۲۴ کے بڑے داماد اور سجادہ نشین بزرگ ہیں۔ صوفی صاحبؒ کے متعلق حیاتِ ویسی ایک مختصر لیکن قابلِ قدر تصنیف ہے۔[3]

'حیاتِ ویسی' کی ایک تقریظ میں مولانا سعید احمد صاحب اکبرآبادی مدظلہٗ

---

[1] خط جناب الحاج مولانا سید محمد شبیر الدین صاحب مدظلہٗ بجدونا تھ باسک لین ڈھاکہ بنام راقم الحروف مورخہ ۱۱ اکتوبر ۱۹۷۵ء۔

[2] دیکھئے ص ۲۵۶-۲۵۲ [3] دیکھئے ص ۲۵-۲۵۶

Marfat.com

سابق پرنسپل مدرسہ عالیہ کلکتہ و سابق صدر شعبۂ دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ لکھتے ہیں:

"بنگال کی ارضِ نمناک نے جن ارباب علم و فضل اور اصحاب باطن کو پیدا کیا ہے۔ اُن میں جناب حضرت پیر مولانا مولانا صوفی فتح علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو ایک ممتاز مقام حاصل ہے۔ آپ عربی فارسی کے نامور عالم تھے اور فارسی میں شاعری بھی کرتے تھے۔ کلام میں ایک عجیب قسم کی والہانہ شوریدگی و خود ربودگی پائی جاتی ہے۔ ایک ایک شعر حقائق معرفت و تصوّف میں ڈوبا ہوا ہے۔ عشق حقیقی کا سوز و گداز جگہ جگہ نمایاں ہے۔ تصوّف کے مختلف مسائل کو بعض مقامات پر اشعار کے پیرایہ میں اس طرح سمجھایا ہے کہ مسئلہ بالکل صاف ہو جاتا ہے۔ ان معنوی خصوصیات کے علاوہ الفاظ کی شان و شوکت، تراکیب کی چُستی اور بندش کی طرفگی اپنا الگ لطف دیتی ہے۔ آپ کا مجموعۂ کلام "دیوان ویسی" کے نام سے ۱۹۳۵ء میں مطبع قیومی کانپور کی طرف سے شائع ہوا تھا۔ لیکن ضرورت تھی کہ صرف چھاپنے پر قناعت نہ کی جاتی۔ بلکہ اشتہار وغیرہ کے ذریعہ جن حلقوں میں صاحب دیوان علیہ الرحمہ متعارف نہیں ہیں۔ اُن میں بھی ان کو متعارف کرایا جاتا۔ تاکہ اُنہیں محسوس ہوتا کہ ایک خالص ہندی نژاد درویش بھی مولانا عبدالرحمٰن جامی اور حکیم خاقانی کے رنگ میں شاعری کر سکتا ہے[1]۔"

حیات ویسی کی ایک دوسری تقریظ میں انجمن حلقہ ذکر و حفظ القرآن بنگال کے صدر، جناب مولانا شاہ صوفی عبدالحنّان صاحب عبقری مدظلہٗ تحریر

---

[1] حیات ویسی۔ مولانا زین العابدین اختری مدظلہٗ۔ حصہ اُردو ص ۵۳-۵۴

Marfat.com

فرماتے ہیں :

"سیرت صالحین کا مطالعہ کرنا موجب محبت و باعث طاعت ہے ...
..... بنگال کے فلکِ ولایت میں کتنے ستارے اور سیارے ثاقب ہماری نگاہوں سے غائب ہیں۔ جن کے لوائح، سوانح سے ہم بے خبر ہیں۔ لیکن اُن کے فیوض و برکات سے فرد فرد بہرہ ور ہو رہے ہیں۔

سحبان زمان، حسان ثانی، سراج العرفاء، تاج الشعراء، قطب الارشاد، شاہ سید فتح علی ویسی مرشد آبادی قدس اللہ سرہٗ، ہندوستان کے مشائخ کبار و خیار ابرار میں سے ہیں۔ آپ ایک شہرت کبریٰ اور آسمان ارشاد و بنگال کے شعراء تھے۔ آپ کی مقدس سیرت میں عزیزم ممتاز المحدثین مولانا زین العابدین اختری سلمہ العلی نے بڑی محنت و جانفشانی سے یہ رسالہ مرتب کیا ہے، جو فی الحقیقت مخزن عرفاں و معدن احسان ہے[1]"

حیات ویسی کی تیسری تقریظ میں ممتاز المحدثین جناب مولانا امیر الدین احمد ایم۔اے رقمطراز ہیں :-

"..... اس کی اہمیت کو مدنظر رکھ کر میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ مولانا اختری صاحب نے اپنی انتھک کوششوں سے قطب ارشاد حضرت پیر مولانا شاہ صوفی سید فتح علی ویسی رحمۃ اللہ علیہ جیسی مغتنم ہستی کی مختصر سوانح حیات کو عوام کے سامنے بطور یادگار پیش کر دیا ہے۔

---

[1] حیات ویسی۔ مولانا زین العابدین اختری مدظلہٗ۔ حصہ اُردو صـ ۵۶-۵۵

Marfat.com

جس کی کمی اب تک محسوس کی جارہی تھی ۔حضرت قطب الارشاد کی ذات گرامی مغتنمات عالم میں سے تھی ۔آپ تمام بنگال و آسام کے مایہ ناز بزرگ اور موجد طریق وسیہ ہیں ۔جو اب تک تمام بنگال و آسام میں رائج ہے ۔آپ صحیح معنی میں سچے عاشق رسول تھے ۔جس کا زندہ ثبوت دیوان وسیہ بزبان فارسی اب بھی موجود ہے[1] ۔"

حیات وسیہ کی چوتھی تقریظ میں جناب مولانا شاہ خلیل الرحمٰن صاحب عارف سابق ایڈیٹر عصر جدید کلکتہ اور مدینہ بجنور لکھتے ہیں :

"قطب الارشاد حضرت پیر مولانا شاہ صوفی فتح علی وسیہ رحمتہ اللہ علیہ کی ہستی صوبہ بنگال میں ایک برگزیدہ و مقدس ہستی تھی ۔جن کے فیوض و برکات سے بنگال کا گوشہ گوشہ چمک اٹھا اور رشد و ہدایت کی نہروں سے ایک عالم سیراب ہوا اور ہو رہا ہے[2] ۔"

حیات وسیہ کی ایک تقریظ میں ممتاز المحدثین جناب مولانا ابو محفوظ الکریم معصومی بہاری مدظلہ، سینیر مدرس مدرسہ عالیہ کلکتہ رقمطراز ہیں :

"گذشتہ صدی کے ایک عظیم المرتبت صوفی و صاحب طریقت حضرت المتخلص بہ وسیہ کے مختصر حالات ہمارے محترم دوست مولانا زین العابدین اختری صاحب نے سپرد قلم کیا ہے ۔وسیہ کی سوانح حیات پر آئندہ توجہ صرف کرنے والوں کے لئے مولانا کی کوشش ایک مفید تمہید ثابت ہوگی ۔

حضرت وسیہ رح فارسی کے پرگو شاعر تھے ۔اُن کے اشعار میں مشرب صوفیہ کے مضامین پُرزور اسلوب بیان اور حسین و جمیل طرز تعبیر میں ادا ہوئے ہیں ۔ کلام کا مجموعہ زیور طبع سے آراستہ ہے جس کے مطالعہ سے حضرت وسیہ رح کی عظمت دل پر نقش ہو جاتی ہے[3] ۔"

---

[1] حیات وسیہ ۔مولانا زین العابدین اختری مدظلہ ۔حصہ اردو ص ۵۷

[2] حیات وسیہ ۔مولانا زین العابدین اختری مدظلہ، حصہ اردو صفحہ ۵۸

[3] حیات وسیہ ۔ مولانا زین العابدین اختری مدظلہ، حصہ اردو ص ۶۱

Marfat.com

دیوان ویسی کے مرتّب مولوی سیّد میر حسن صاحب شاہ پوری مرحوم کے پوتے ڈاکٹر سیّد محمد حسن صاحب، جو ڈھاکہ کالج (بنگلہ دیش) میں اسلامی تاریخ و تمدّن کے شعبہ کے صدر اور ڈھاکہ یونی ورسٹی میں اسوسیئیٹ پروفیسر ہیں۔ پاکستان میں ایرانی شہنشاہیت کے ڈھائی ہزار سالانہ جشن کے موقع پر ۲۵ اکتوبر ۱۹۷۱ء کو ڈھاکہ کی اسلامی اکیڈمی کے ایک جلسہ میں حضرت صوفی صاحبؒ اور بنگال کے فارسی شاعروں میں ان کی خدمات کا مختصر جائزہ لیتے ہوئے ایک مقالہ پیش کیا تھا۔[1]

۱۵۔ حضرت ویسیؒ کو خراجِ عقیدت

جناب مولانا شاہ خلیل الرحمٰن صاحب نندن پوری نے حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ویسی قدّس سرّہٗ کتاب شمس العارفین میں اِس طرح خراجِ عقیدت پیش کیا ہے:

جلیل مقتدائی فاضلان ست — سبیل پیشوائی کامران ست
فخیم الشّان سبحان زبان است — عظیم الجاہ و فخرِ عالمان ست
خبردار حدیث و علم تفسیر — بلیغ و ناصح و شیرین زبان ست
کرم فرمائی بر حالِ غریباں — معین و دستگیری عاجزان ست
سراجِ بزمِ عرفانِ طریقت — امام حافظانِ و حاجیان ست

---

[1] خط جناب مولانا سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ ڈھاکہ ۱ بنام راقم الحروف مورخہ ۲۵ اگست ۱۹۷۱ء؛ دیکھئے صفحہ ۴۳۰-۴۳۱

Marfat.com

جناب صوفی فتح علی آں
کہ ذاتش صافی و اعلیٰ چناں است[1]

جناب مولانا شاہ صوفی **عبدالحنّان** صاحب عبقری صدر انجمن حلقہ ذکر وحفظ القرآن بنگال، حضرت صوفی صاحبؒ کو اس طرح خراج عقیدت پیش کرتے ہیں:

خورشید صداقت، ماہ ولایت، حضرت ولیسی فتح علیؒ
کیوان کرامت، قطب ہدایت، حضرت ولیسی فتح علیؒ
دریائے حقیقت، دُرِّ لطافت، حضرت ولیسی فتح علیؒ
دانائے رموز شرع و طریقت، حضرت ولیسی فتح علیؒ
آں کنزِ دقائق، دُرجِ معارف، کان فواضل، مرشدِ حق
آبادکن ایں ملک ولایت حضرت ولیسی فتح علیؒ
حمّادِ خدا، مدّاحِ محمدؐ ختمِ رُسُل، حسّانِ عجم
استادِ غزل، سحبانِ بلاغت حضرت ولیسی فتح علیؒ
در نعتِ نبیؐ تحریر نمود، از فیضِ اتم، دیوانِ عجب
تاجِ شعرا، سلطانِ عبارت حضرت ولیسی فتح علیؒ
آں مستِ مئی عشقِ احدی، شیدائے رسول حق و علی
آں بحرِ عنایت و جذبہ الفت حضرت ولیسی فتح علیؒ

---

[1] حیات ولیسیؒ — مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہ، صفحہ اردو ۲۸ - بحوالہ شمس العارفین مطبوعہ رزاقی پریس کان پور ۱۳۱۸ھ صفحہ ۲۲ - مملوکہ جناب مولانا عبدالحنّان صاحب عبقری

Marfat.com

در ماہ ولادت خیر البشر، در سال ہزار و سہ صد و چار

فرمود اجابت دعوتِ جنّت حضرت ولیی فتح علیؒ

آں کیست بملک بنگالہ، شیرازۂ شیراز آوردہ

گو عنبر یا آں نہرِ حلاوت حضرت ولیی فتح علیؒ[1]

۱۶- خاتمۂ کتاب

حضرت مولانا فضل الرحمٰن[2] صاحب گنج مراد آبادیؒ حضرت مولانا محمّد قاسم[3] صاحب نانوتویؒ۔ اور سرسیّد احمد[4] خاںؒ کے معاصرین میں

---

[1] حیات ولیی۔ مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہٗ حضرت اُردو صـ

[2] حضرت مولانا فضل الرحمان صاحب گنج مراد آبادیؒ۔ والد محترم کا اسم گرامی شاہ اہل اللہؒ تھا۔ ملانواں ضلع اُناؤ کے رہنے والے تھے ۱۲۰۸ھ = ۱۷۹۳ء میں پیدا ہوئے۔ ۲۲ صفر ۱۳۱۳ھ ۱۴ اگست ۱۸۹۵ء گنج مراد آباد ضلع اُناؤ (اُتر پردیش) میں انتقال ہوا۔ مولانا شاہ محمد اسحاق صاحب دہلوی سے شرف تلمّذ حاصل تھا۔ حضرت شاہ محمد آفاق رح دہلوی (متوفی ۱۲۵۱ھ) کے خلیفہ تھے۔ مریدوں کا حلقہ بہت وسیع تھا۔ آپ کے خلفا میں حضرت مولانا سید محمد علی صاحب مونگیریؒ (بانیٔ دار العلوم ندوۃ العلما لکھنؤ) بڑے نامور بزرگ ہوئے ہیں۔ قاموس المشاہیر جلد دوم صـ ۱۲۶؛ تذکرہ مولانا فضل الرحمان گنج مراد آبادی رح۔ مولانا سید ابو الحسن علی ندوی مدظلہٗ۔

[3] حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رح (یکے از بانیان دار العلوم دیوبند) والد کا نام شیخ اسد علی تھا۔ ۱۲۴۸ھ = ۱۸۳۲ء میں پیدا ہوئے۔ (بقیہ نمبر ۳ و ۴ صفحہ ۵۰۵ پر)

Marfat.com

حضرت صوفی سیّد **فتح علی** صاحب دیسیؒ بڑا اعلیٰ وارفع، بلند و بالامقام رکھتے تھے۔ اِن چار بزرگوں کا تعلّق امام الہند حضرت شاہ **ولی اللہ** صاحب محدث دہلویؒ کی دینی اور اصلاحی تحریک سے ہے۔ اِن چاروں کے طریق کار میں کچھ فرق ہے۔ لیکن منزل گہہ مقصود ایک ہے۔ انیسویں صدی عیسوی کے دورِ زوال و انتشار میں

[بقیہ حاشیہ ۳، ۴ صفحہ ۵۰۴ کا]

مولانا مملوک علی صاحب نانوتویؒ کے شاگرد اور حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکیؒ (متوفی ۱۳۱۷ھ) کے خلیفہ تھے۔ ۴ رجمادی الاوّل ۱۲۹۷ھ = وسط اپریل ۱۸۸۰ء کو دیوبند ضلع سہارن پور (اُتر پردیش) میں وصال ہوا۔ حجۃ الاسلام۔ آب حیات۔ تقریر دلپذیر، مباحثہ شاہ جہاں پور اور قبلہ نما وغیرہ آپکی مشہور تصانیف ہیں۔ آپ کا قائم کردہ دارالعلوم دیوبند ضلع سہارن پور، ہندوستان کی سب سے بڑی دینی درس گاہ ہے۔ اور اس کا شمار دنیا کے چند بڑے اسلامی مراکز میں ہوتا ہے۔ قاموس المشاہیر۔ نظامی بدایونی جلد دوم ص ۱۹۸، مونج کوثر۔ شیخ محمد اکرام ص ۲۱۸

۵۴ جوادالدولہ عارف جنگ سرسید احمد خاں۔ ۵ رذی الحجہ ۱۲۳۲ھ = ۱۷ اکتوبر ۱۸۱۷ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام محمد متقی تھا۔ تقویٰ سیّد تھے۔ سرکار انگریزی کے محکمہ انصاف میں ملازم رہے۔ ۱۸۷۵ء میں محمڈن اینگلو اورینٹل کالج علی گڑھ میں قائم کیا۔ جو اب مسلم یونیورسٹی کی شکل میں ان کی ایک عظیم یادگار ہے۔ ۲۷ رمارچ ۱۸۹۸ء کو علی گڑھ میں انتقال ہوا۔ آثار الصنادید۔ اسباب بغاوت ہند۔ جام جم۔ سلسلۃ الملوک۔ تفسیر القرآن اور خطبات احمدیہ ان کی مشہور تصانیف ہیں۔ قاموس المشاہیر جلد اوّل ص ۳۱۵؛ (بقیہ حاشیہ نمبر ۴ و اصفحہ ۵۰۶ پر)

Marfat.com

ان بزرگوں کی اعلیٰ خدمات آبِ زر سے لکھے جانے کے لائق ہیں۔

حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحبؒ اور حضرت مولانا فضل الرحمان صاحب گنج مرادآبادی رح میں بڑی مماثلت ہے۔ دونوں بزرگ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجدّدیہ سے وابستہ ہیں۔ دونوں شیخ طریقت، عارف کامل اور عاشق رسولؐ ہیں۔ حضرت صوفی صاحبؒ پر بہت کم لکھا گیا ہے۔ ملک کے مشرقی حصّہ خصوصاً بنگال میں ان کی ذات والا صفات سے احیائے دین کی تحریک کو بڑی تقویت حاصل ہوئی اور سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجدّدیہ کو بہت ترقی ہوئی۔ اُن کا سلسلہ معرفت ملایا سے مصر تک پھیلا

[بقیہ حاشیہ ۴ و ۱ صـ ۵۰۵ کا]

داستان تاریخ اُردو۔ مولانا حامد حسن قادری صـ ۳۱۲-۲۴۹؛ موج کوثر۔ شیخ محمد اکرام صـ ۸۶-۶۲

۱؎ امام الہند حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رح۔ حضرت شاہ عبدالرحیم صاحبؒ کے صاحبزادے اور شیخ فاروقی تھے۔ ۴ شوال ۱۱۱۴ھ = فروری ۱۷۰۳ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ ۶۲ سال کی عمر میں دہلی میں ۱۱۷۶ھ = ۱۷۶۲ء میں انتقال کیا۔ مزار شریف مہدیان میں مولانا آزاد میڈیکل اور دہلی جیل کے پیچھے ہے۔ قرآن پاک کا فارسی میں ترجمہ کیا۔ حجۃ البالغہ، فیوض الحرمین، شفاء القلوب اور انفاس العارفین آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔ مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب رح، مولانا شاہ رفیع الدین صاحبؒ۔ مولانا شاہ عبدالقادر صاحب رح اور مولانا شاہ عبدالغنی صاحب رح آپ کے صاحبزادے تھے۔ امیرالمومنین سیّد احمد شہید رح کے خلیفہ مولانا شاہ اسماعیل شہید رح آپ کے پوتے تھے۔ قاموس المشاہیر جلد دوم صـ ۲۷۹؛ قاموس الاسلام صـ ۹۷۱، موج کوثر۔ شیخ محمد اکرام صـ ۵۶۴-۴۸۷

Marfat.com

ہوا ہے اور لاکھوں مسلمان اُن کے سلسلہ سے وابستہ ہیں۔ اُن کے فیوض و برکات اور ان کے تصرّفات جاری ہیں۔ وہ عاشقِ صادق ہیں اور اُن کا کلام شاعری کی تمام خوبیوں کے ساتھ عشق رسولؐ کا اعلیٰ ترین نمونہ : ؎

ہرگز نہ میرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

Marfat.com

۱۷۔ انتخابِ غزلیات

اب قطب الارشاد حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ولیسیؒ
کی کچھ مکمّل غزلیں پیش کی جاتی ہیں:

غزل

مشرقِ حبِّ محمدؐ مطلع دیوانِ ما — مطلعِ خورشیدِ عشقش سینۂ سوزانِ ما
در تہہِ ہر لفظ پنہاں نالۂ دل سوزِ ما — وز بُنِ ہر حرف پیدا آتشِ پنہانِ ما
ہر غزل آتشکدہ ہر بیت آں یک شعلہ — آتشی برافروختہ ہر مصرعِ دیوانِ ما
پادشاہِ کشورِ عشقم جنون دستورِ من — مسندِ ما خاکِ کویش کوئے او ایوانِ ما
ہر کجا در سینہ ام گل کردہ زخمِ عشقِ او — شد گلستاں آخر ایں دل سینۂ ویرانِ ما
مطلعِ حسنِ ازل آں چہرۂ رخشانِ دوست — مشرقِ نورِ قدم آں طلعتِ جانانِ ما
آنکہ او محبوبِ رحمان دل شہیدِ آں او — آنکہ او مطلوبِ یزداں آرزوئے جانِ ما
خاتمہ بالخیر باشد گر بود بر وقتِ مرگ — بر لبِ زیبات حیراں دیدۂ گریانِ ما
ولیسیا از دین و ایماں این قدر دانیم بس — دین ما عشقِ محمدؐ حبِّ او ایمانِ ما

غزل

جانِ من بنمائے رخِ گلفامِ را — کامراں کن ایں دلِ ناکامِ را

یک زماں از چہرہ پردہ برفگن — محو فرما ظلمتِ ایّام را
صید کُن دلہائے عالم یکسرہ — برکشا یکبار مشکین دام را
تنگہ سرمستِ جمالِ احمدؐم — کی بہ مشت خاک گیرم جام را
جرعۂ از جام عشقش نوش کن — چارہ ساز این عقلِ نافرجام را
عاقلاں دانند ما دیوانہ ایم — ننگ را داریم ننگ و نام را
لمعۂ از حسنِ کرد ئی خود نما — مست و شیدا ساز خاص و عام را
از لبِ شیریں و چشمِ غمزہ زن — نرخ بشکن شکّر و بادام را
حلقۂ حیرت باعجاز رخت — جمع باہم کردہ صبح و شام را

ویسیؔ ار خواہی جمالِ مصطفیٰ ام
ترک فرما راحت و آرام ما ص۶

غزل

تمنّا می کند جانم بہ ہجر دوست مُردن را — دل من ارزد دارد بپایش جان سپردن را
نصیب من ز عشق تو مگر روزِ ازل کردند — رُخ از دردِ فراق تو بخون دیدہ شستن را
نفس ہر دم شمردن کارم از عشقت بود در روز — نصیبم کردہ ہجر تو یلیشب اختر شمردن را
نہ باشد مسکن جانم بجز خاکِ سر کویش — بیارای باد بہر من غبار خاک مسکن را
تنم از بار ہجر تو چناں زار و زبوں گشتہ — کہ جانم ترک میخواہد نمودن خانۂ تن را
فراق تو بود دشوار و آساں آمدہ مُردن — نمودم ترک دشوار و گرفتم پیش مُردن را

Marfat.com

نسیما عرض کن باری حبیب پاک رحماں را
کہ دارد آرزو ویسی نثارت جاں نمودن را

غزل

جانم رسید بر لب دریاب زود مارا
دردا کہ سوخت ہجرت فریاد رس خدارا

خوں می خورم بہ ہجرت رحمی بکن خدارا
دردا کہ چشم مستت از ما ربود مارا

با مدعیِ عشقت پروانہ گفت دلشب
گر صادقی بدہ جاں انجام کن وفا را

با لعلِ شکّرینت شکّر بطعم حنظل
با گرد خاک پایت نے قدر تو تیارا

گم کردگان را ہیم ای خضر رہبری کن ص۱۶
با یک نگاہ بینم آں نورِ کبریارا

خوباں اگرچہ نجم اند ما ہیم و مہر رویت
با آفتاب خواہد کے عاقلی سُہارا

گہہ جاں کشد بہ بیدا گہہ دل کشد بہ صحرا
ہیہات دردِ عشقت دیوانہ کرد مارا

خون جگر ہمانا خوردن بدرد عشقت
اَشْہٰی لَنَا وَاحْلٰی مِنْ قُبْلَۃِ الْعُذَارَا

طوبا آرزویم حرفیست حاصل آں
خواہم زہر دو گیتی دیدار مصطفیٰ را

با تاب حُسن رویت صبری نماند دل را
واندل کہ صبر دارد دل نیست سنگ خارا

زایجاد ہر دو گیتی مقصود بود اُو را
بیند جمالِ ذاتش بر روت آشکارا

مستی ز جام عشقش تقدیر ویسی آمد
اکنوں چہ چارہ جز آنکہ فرماں برد قضارا

Marfat.com

غزل

اگر آں شاہ خوبانم نہد بر چشم من پا را
بخاک پائی او بخشم معاً دنیا و عُقبیٰ را

درون سینہ ام ہر دم زند عشقش چناں شعلہ
کہ آہِ آتشینِ من گدازد سنگ خارا را

چہ شد آں شاہِ خوباں را کہ بر عالم نبخشاید
مگر از حالِ زارِ من خبر نی شاہ رعنا را

صبا باری بگو از من بآں سلطان خوباں را
کہ بی دیدار روئی تو نخواہم چشم بینا را

بیا ای احمدِ مرسل، بیا ای مظہرِ رحمت
بحالِ من نظر فرما بچشم من نیہ پا را

ندارم غیر تو یاور ندارم غیر تو دلبر
توئی قبلہ توئی مرجع توئی فریاد رس ما را

بامید نگاہ تو ز دیدہ اشک می ریزم
خدا را یک نظر فرما کشا آں چشم شہلا را

فغاں از اختر بختم کہ جز غم نیست تاثیرش
کہ از تاثیر ہجراں نا گذارد قلب شیدا را

بیا ای درد را درماں بیا ای رافع حرماں
بنہ بر زخم من مرہم کشا لعلِ شکر خا را

بیا ای لولوی لالا بیا ای لولوت لالا
بیا ای لالاات بالا بیارا سرو بالا را

بہ نعتِ آں شہہ خوباں، چہ خوش ویسی غزل گفتی
نثار نظم تو عاشق کند ہم دین و دنیا را

غزل

چشم تو کند مست غزال تتری را
رفتار تو دیوانہ کند کبک دری را

یک پرتو تو ہوش برد حور و ملک را
یک عکس تو آشفتہ کند جن و پری را

Marfat.com

آن قامتِ رعنا ببر د رونق گلبن — از رنگ ببر د روئی تو گل برگ تری را
اے تاب تو خاموش کند مشعلِ خورشید — بیتاب کند نور تو نور قمری را
آشفته کند خال و خطت حلقه عنبر — قیمت ببر د زلف تو مشک تتری را
از شرم رخت صبح گریباں بزند چاک — شورید گی کنار شور تو مرغ سحری را
رومی و حبش شام و عرب هند و عجم چین — آیند بدرگاه تو دریوزه گری را
خورشید و قمر حور و پری نجم و ملائک — دریوزه کنند از رخ تو جلوه گری را

وبسی چو زدم چنگ بدامان محمد
خود دور نمودیم ز دل دربدری را ص۲۵

غزل

دوش جانم سوخت از فریاد بی تاثیر ما — آه تاثیرے ندارد ایں نالهٔ شبگیر ما
ریخت چشمم لعل و گوهر بهر خیالِ لعل او — در نگاهش گشت بی سنگ ایں همه تدبیر ما
نالہ و فریاد و زاری می کنم از حد فزوں — تا که روزے عزم سازد از پئے نخچیر ما
بعد ازیں سر می نهم در دشت و صحرائے جنوں — کز خرد حل گشتنی نی عقدهٔ تقدیر ما
پیر می گیرند و می گویند پیرم اصل هست — راه بی رهبر چو رفتن باشد از تسخیر ما
هر کسی را رهبری هر دست را یک دامنی — دست ما و دامن احمد بس ایں تدبیر ما
سید جمله جمیلاں احمد محبوب حق — حب او بس بهر ما عشق او بس پیر ما
بهر تعزیر جرائم چند از ما رو کشی — بهر حق میسند ای جاں بیش ازیں تعزیر ما

ای چہ پیش آمد کہ درد غیر او دل می برد — شاید ایں آمد جزائی جرم و ہم تقصیر ما
یا الٰہی قلب مجنونم ز غیرش باز دار — حب او کن بند ما و عشق او زنجیر ما
ہائے ہے یارب چرا ایں نعت دل را می برد — می کند باطل چرا ہر دم ہمہ تدبیر ما
ہائے ہے اغراض ما دل ببرد از یاد نعت — شور جسمم کرد باطل را آں ہمہ تقدیر ما
بت درون پردۂ ما بود و نامت بر زباں — فاش اینک پردۂ ما گشت و ہم تزویر ما

یا رسول اللہ دل ویسی ز شرمت پارہ شد
حب تو بر لب بدو در دل بت بے پیر ما

غزل

گفتم کہ شبیہ قد تو لولوے لالا — دریا بہ فغاں آمد و فریاد کہ لالا
ہم رنگ لب لعل تو گل برگ نہ باشد — ہم چشم دو چشمت نبود نرگس شہلا
بالائے ترا سرو بگفتم غلط افتاد — از سرو سہی تر بود آں قامت بالا
یاقوت مجز و چو لب تو زہد خشاں — بندہ بود آں روی ترا لولوے لالا
از ہر چہ کنم وصف تو نعتت بود افزوں — وز ہر چہ ثنائے تو کنم ذات تو بالا
منزل گہہ گر در رہ تو فرق عطارد — جولاں گہہ اسپ تو بود عرش معلا
از مشک فزوں جعد دل آویز تو در بو — وز شہد بود حرف لب لعل تو اعلیٰ
ہیہات من و نیم نگاہ شہد خوباں — افسوس من و عتبۂ آں حضرت والا
از ماہ بود صورت زیبا بی تو روشن — وز مہر بود طلعت تاباں تو اعلیٰ

Marfat.com

ویسی چہ کنم گر نہ دہم جاں بغم دوست
در سر برود در سر سودائی تو اولیٰ ص۳۶

غزل

شد گدای درگہہ او ہم نشین آفتاب — نقش نعل مرکبش آمد نگین آفتاب
سید دنیا و دیں محبوب رب العلمین — احمد مرسل کہ شد گردش قرین آفتاب
ہر کجا عکس رخش افتد ز تاب ذرہ اش — می چکد خوئے خجالت از جبین آفتاب
گر ذلیل پست شاں یابد ز لطفش یک نظر — می نہد از برتری پا بر ترین آفتاب
ہر سیہ قلبیکہ از نورش بیاید پرتوے — از فروغ دل شود پہلو نشین آفتاب
گر حریص بے نوا بر درگہش ساید جبیں — ص۳۹ خود ز استغنا کشد دست از نگین آفتاب
مست او آلودہ ام الخبائث کے شود — زہرہ گر ساقی بود در سائگین آفتاب
خاکسارانش سر ہمت فرو می نا درند — گرچہ در مہہ باشد آں لعل ثمین آفتاب
برق آہ قلب من از معجز عشق شما — چوں ید بیضا بر آید ز آستین آفتاب

ویسی مسکین تو از پرتو عشق شما
کے شود چوں ماہ تاباں نور چین آفتاب ص۴۰

غزل

اے لعل داں بخش تو چوں آب روانست — در جان و تنم عشق تو چوں آب روانست

جن و ملک و حور و بشر بهر وصالت — دل باخته و نعره زن و جامه دراست
تنها نه منم در غمِ عشق تو پریشان — شیدائے جمالِ رُخ تو جملہ جہانست
آں صورت زیبای تو بستانِ دل آرا — واں قامت رعنای تو شمشاد درانست
از حلقۂ لعل تو رواں چشمۂ حیواں — وز دائرۂ جعد خورشید عیانست
مقصود ز ایجاد جہاں ذات تو آمد — مطلوب وجود تو ازیں کون و مکانست
والا شدۂ حسن تو ہر عابد و زاہد — دیوانۂ عشق رُخِ تو پیر و جوانست

وحشی بغم و درد و فراق ہوسِ تو
آشفتہ و سرگشتہ و نالاں و طپانست ۵۱

غزل

ترکانِ مست چشمت خوں ریز عاشقانست — بنگر کہ تیغ ابرو پیوستہ در میانست
از بہر یک نگاہت ای چشم حسن و خوبی — از سینہ آہ خیزد و ز دیدہ خوں روانست
از حال من چہ پرسی در ہجر تو کہ چون است — دل گشتہ قطرۂ خوں تن گشتہ استخوانست
از شوق بد رویت ای خاتم رسالت — در سینہ داغ پیدا کاہش بدل عیانست
ترک نگاہِ چشمت بستہ کمر بہ یغما — وی دل ربودہ از من امروز فکر جانست
از درد دوری تو بنگر چہ حال دارم — دل ہمچو ارغوانست رُخ ہمچو زعفرانست
از آتشِ فراقت اے شاہِ خوباں — در سر بخار حرماں در سینہ دل طپانست
در ہجر تو چہ گویم چون است حال زارم — شد قلب ہمچو پرکاں تن گشتہ چوں کمانست

Marfat.com

ز آشوب ترک چشمت این است حال جانم گاہی قتیل غمزہ گاہی شہید آنست
ولیسی مپرس حالم کز ہجر خاک پایش
گہہ پائمال حسرت گہہ خاک بر سر انست ص۵۲

غزل

روی تو خود شید لیکن با کمال دیگرست حسنت آمد صبح اما جمال دیگرست
یک وبال جان من آمد تغافل ہائے او التفات او بغیر من وبال دیگرست
آن نہال نی قدش کز خاک بتہا سر کشد از زمین جان بر آمد این نہال دیگرست
انبیا اگرچہ باشد جاہ پیش ذوالجلال یک سر او را پیش حق جاہ و جلال دیگرست
شور و غوغاست ہر کس را بعشق مصطفیٰ
لیک ولیسی را بعشقش صحبت و حال دیگرست ص۵۳

غزل

جان روی تو گر بیند از ہر دو جہان خیزد در خاک رہت یابد از گنج روان خیزد
بر تربت من بالے گر از سر رحم آئی جان بہر قدم بوست تا از خاک روان خیزد
خاک سر کوئی تو گر مسند من باشد دیوانہ دلم یکسر از تخت روان خیزد
در دانۂ اشک من جان آب شدہ ریزد این آن گہر غلطان کز آب روان خیزد
سرگشتۂ عشق تو با خضر نہ پردازد لب تشنہ حرف تو از آب روان خیزد

هر جا که گذاری پا از معجزهٔ حُسنت — زیرِ قدمت جاناں چوں سبزه روان خیزد
دل باختهٔ نعتت ای پادشهِ خوباں — گر شعرِ مرا خواند از آب روان خیزد
محبوب خدا باری بنمائی رخِ خوبت — تا خاطرِ مجنونم از کون و مکان خیزد

دیوانهٔ تو وسیی گر خاک رهت یابد
از مشک و گل و ریحاں ای سرو روان خیزد ص۶۴

غزل

جانم ز هجر آمد بلب آں شاهِ خُوباں کے رسد — این نالهٔ شبگیر ما یارب بپایاں کے رسد
عالم صبا حالی شنو افتاں و خیزاں ہاں برو — حالی بکن عالم باد کا خر بسامان کے رسد
گر آید آں نُور مبیں سازم فدایت جان و دیں — هر چند هستند بس شیریں آخر بجاناں کے رسد
جانم ز درد آمد بجاں زیں درد کے پایم اماں — از حد گذشت ایں درد جاں یارب بدرماں کے رسد
ای شهسوارِ اصطفا مر تا بیارد رحم خدا — باری بگوای مُصطفیٰ دستم بدامان کے رسد

گر نُور دیدهٔ مصطفیٰ خواہی بکن جاں را فدا
وسیی بدست هم چو ما ایں گنج آساں کے رسد ص۷۳

غزل

باز چشمم راست طوفانی دگر — باز اشکم راست طغیانی دگر
باز حُسنش را بہارِ دیگر است — باز چشمم راست نیسانی دگر

باز در دل خارِ غمہا در شکست　　باز حُسنش را گلستانی دگر
باز داغِ دل چو لالہ بر فروخت　　باز در دل خاست بُستانی دگر

شعر وسیی را ملک برخواند و گفت

باز پیدا گشت خاقانی دگر　　ص۱۰۲

غزل

از حُسنِ تو اے دلبر مہتاب بتاب اندر　　وز رشکِ رخت جاناں خورشید سحاب اندر
از آتشِ ہجرِ تو داریم دلِ سوزاں　　ص۱۱۷　　می خیزم و می نالم چو بُو بکباب اندر
در عشق تو اے گلرو دایم شدہ ام سوزاں　　می سوزم و می سازم چوں شمس بتاب اندر

آں وسیی بے ساماں در ہجر تو ای جاناں
بس عاجز و بس حیراں چوں خر بخلاب اندر　　ص۱۱۸

غزل

بہ پیچ و تاب افگندہ جہاں را حسن پیچانش　　درخشاں کرد عالم را دو رخسارِ درخشانش
چو دیدم حسنِ رخشاں دلم شد عاشقش ہر ہر　　نہادم پا بہ صحرائی کہ پیدا نیست پایانش
تو تا در سینہ بنشستی گذشتم از دل و ایماں　　شدم من بندۂ عشق و نہادم سر بفرمانش
جمالش بدر تابندہ شب آمد حلقۂ زلفش　　رُخش خورشید رخشندہ بود مشرق گریبانش
زبہر قتل عشاقش سنان آورد مژگاں　　دو ابروئے سیہ تابش بود شمشیر برّانش

Marfat.com

ز جور چرخ دورانش بدریائی غم افتادم — خداوندا نجاتم ده ز جور چرخ دورانش
چو لعل تو بحرف آید خضر لب تشنه می شاید — نیرزد با کلام تو پشیزی آب حیوانش
اگر ریحان ندیدستی بگرد مهر تابنده — بگرد مهر رخسارش نگر آن خط ریحانش
ندانم چشم فتانش چه طرز دلبری داند — که بینم فتنه گشته یک جهان بر چشم نمکانش
قدش گلبن، زبان سوسن، خطش ریحان، رخش لاله — اگر گوئی بجا باشد ز سر تا پا گلستانش
بهر جا خوئی او افتد بجسم مرده جان آید — مگر ز آب بقا یکسر سرشته پاک یزدانش
دو گیتی خلعتے آمد سزاوار قد احمدؐ — دو عالم پیکرے باشد محمد مصطفیٰؐ جانش
برد زاهد سر کویش مرا بس جنت الماویٰ — ترا بادا مبارک روضهٔ فردوس و حورانش
بیمن نعت مدیح تو بود بر هر کسے ظاهر — منم خاقانی دوران بنگاله است شروانش

رسید از عالم معنی بگوش دل ندائے خوش
که احمدؐ سرور عالم تولیٰ ویسی حسانش

ص ۱۲۰

غزل

دادم شبی اما چه شب صد برق هجران در بغل — صد شام غم در آستین صد صبح خندان در بغل
یا مصطفیٰؐ خیر الوریٰ ز اعجاز حسنت دائما — باشد کف پائی ترا صد بدر تابان در بغل
از مهر رخسار شما دارد دل مجنون ما — مهتاب تابان پیش پا خورشید رخشان در بغل
یا شافع یوم الجزا یوسف نمی ماند ترا — دارد زنخدان شما صد چاه کنعان در بغل
دارم دلی آتش نشین با قلب مجنون هم نشین — جوش جنون در آستین سودائی جانان در بغل

Marfat.com

تا کہ شوم من گامزن در راہت اے گل پیرہن — درد تو باشد زاد من خار مغیلان در بغل

یک حرف زن آں لب کشا بہر دل بیمار ما — کامد لب لعل ترا صد چاہ حیواں در بغل

روز قیامت ہر کسے از گور می آید بروں ۱۲۷ — من نیز خیزم در جنوں صد زخم پیکاں در بغل

روز قیامت ہر کسے امید دارد بر کسے — من چشم دارم بر کسے با چشم حیراں در بغل

ویسی چہ غم روز جزا بینم جمال مصطفیٰ ص

آں روز باشد عید ما با زخم خنداں در بغل ۱۲۸

غزل

ز چشمم تا شدی غایب جہاں تاریک می بینم — بیا کز خاک پائی تو جواہر سرمہ در چینم

فراقت آتش سوزاں غم تو درد بے درماں ۱۳۰ — نصیب از گردش دوراں گہے آنم گہے اینم

بجائے دین و ایمانم نشستہ در دلم عشقت — کنوں عشق تو ایمانم غم و مہرت بود دینم

عبیر و نافۂ چینم غبار درگہ احمد ص — بیار اے باد بوئی از عبیر و نافۂ چینم

ز دور آسماں یارب جدا از دوست افتادم — بخواہ اے داور دوراں ز دور آسماں کینم

نسیم ار بگذری بر درگہش بارے بگو از من — جدا اے شہسوار من ز تو تا چند بنشینم

ز زیر بار سنگینم نجاتم دہ بدیدارے — کہ از کوہ فراق تو بزیر بار سنگینم

بدریائے غم افتادم دمے آ دستگیرم شو — وگرنہ ز آتشیں موجش نجات خود نمی بینم

بمسکینان درگاہت چو فرمائی نظر بارے — بعالم ہم نظر فرما کہ خاک پائے مسکینم

جمال صبح و حسن ماہ تسکینم نمی بخشد — مرا جز دیدان روئے محمد ص نیست تسکینم

بشوق آں شہِ خوباں سراپا گشتہ ام شعلہ — بجنبش ای دیدۂ گریاں بآب اشک تسکینم
صبا بلبل نوا در زد کجائید ای دل افگاراں — کہ آہنگ نوائی در نہاد رقت مسکینم
بیا ساقی مئے احمر کہ در یاد لب لعلش ۱۳۷ — سرشک گریۂ خونیں سراپا کرد رنگینم

غزل

کار عاشق چیست در رہ دل عشق دلبر داشتن — دل بہ دلبر داشتن وز غیر دل برداشتن
یک دلی داری و دلبر ہم یکی می بایدت — زشت باشد چوں زن تجرید دلبر داشتن
با وجودانکہ حسن مصطفیٰ ۱ شد جلوہ گر — کار بوجہل ست در دل مہر دیگر داشتن
ہر کجا خورشید خاور زر فشاں شد بر فلک — اطلبی باشد نظر بر نور اختر داشتن
تا نباشی خاک راہ مصطفیٰ ۲ از جان و دل — کے بہ بخشد سود بر لب نام حیدر داشتن
جز تو از طٰہٰ کہ دارد خلعت زیبا بر بر — جز تو از یٰسین کہ آرد تاج و افسر داشتن
مر مرا باور نمی آمد ز روئے اعتقاد — ترک سنت کردن و حب پیمبر داشتن
جز دو جعد عنبر نیت کس نشنیدہ در جہاں — بر رخ خورشائباں از مشک و از زر داشتن
یا کسی دیدست جز رخسار پر انوار تو — ماہ تاباں را ز عنبر تاج بر داشتن
رہبر آمد در رہ حق سیرت خیر الوریٰ — سیرتش بر خویش لازم گیرد رہبر داشتن
گفتمی خورشید خاور اے شہ مرداں ترا — گر توانستی خوراندر لعل کوثر داشتن

ولیسا در عشق احمد کس نیارد ہمچو تو
خوش بظاہر بودن و در باطن اخگر داشتن ۱۳۸

غزل در منقبت شاہ اولیاء حضرت علی کرم اللہ وجہہ

اے دل بیا و سوئی نجف رہ شتاب کن کحل البصر ز خاک درِ بوتراب کن
یارب بچشم من ز نسیمش رواں بہ بخش قلب مرا ز تاب غمش آفتاب کن
بادے جمال خویش نما پردہ برفگن شیدائی خود فقیر و شہ و شیخ و شاب کن
جعد سیاہ را بہ رخ خویش تاب دہ برقع ز مشک تر برخ ماہتاب کن
مردم ز اضطراب و غم ای شاہ اولیا باری بیا دوائے غم و اضطراب کن
برگیر ذوالفقار و بہ میداں دمے بیا شمشیر را ز خون لئیماں خضاب کن
من مرد جاہ و حشمت و پندار نیستم ۱۴۴ با من بخاکپائے سگِ خود خطاب کن
ہرگز گماں مبر کہ ز عشق تو سر کشم خواہی تو رحم و لطف نما یا عتاب کن

وصیی دوائی درد خود از مرتضیٰ بخواہ
یا مرتضیٰ دوائی دل من شتاب کن ۱۴۵

غزل

ای عیاں حسن ازل از روئے تو وے نہاں خود در شب گیسوئے تو
تو ز ہر سو سوئے حق داری نظر چشم ہر کس از ہمہ سو سوئے تو
خلق می گویند خوش بوئے گل است من مرا خوشتر ز ہر بو بوئے تو
موشگافیہا چو کردم شد عیاں ہر دو عالم قیمتِ یک موئے تو

جوئے خوں از دیدگاں دارم رواں — در فراق قامتِ دلجوئے تو
بر ہلالِ عید چشم ہر کسے — دیدۂ من بر ہلال ابروئے تو
ایکہ گوئی غارت ہوشت کہ کرد — چشم تو رخسار تو بازوئے تو
اے جمال روئے تو منظور حق — بارک اللہ آں جمال روئے تو

چند گوئی از تو دل ویسی کہ برد
صورت تو، سیرت تو، خوئے تو ۱۵۲

غزل

اے دل بدرد ہجرت از جاں طمع بریدہ — وے جاں بشوق رویت دست از جہاں کشیدہ
آنکس کہ دیدہ رویت دیدہ زغیر بربست — از عقل و ہوش رفتہ و ز خانماں بریدہ
تا در میان سینہ درد تو جا نمودہ — جانم درون سینہ از آہ دل طپیدہ
تیر نگاہ چشمت تا بر جگر نشستہ — خوں شد رواں ز دیدہ بر جائے آب دیدہ
مثل و ہمال ذاتت اے نور چشم عالم — نے گوش کس شنیدہ، نے ہیچ دیدہ دیدہ
ایں شکل و ایں شمائل ویں حسن دلربائی — گردوں ندیدہ گاہے با صد ہزار دیدہ
تا اے ہلال ابرو، رو در کشیدن از من — پشتم خمیدہ از غم چوں ابروئی خمیدہ
از جسم تاب بردہ آں جعد ناب دادہ — وز چشم خواب بردہ آں چشم خوبنیدہ
آنی کہ از دو گیتی در صورت و شمائل — ایزد ترا ستودہ، مولیٰ ترا گزیدہ
در حسن و خوبروئی کس نیست با تو ہمسر — حق را توئی ز خوباں محبوب برگزیدہ

Marfat.com

درجائے خویش ماندہ، درماندہ و پریشاں
ویسی بجستجویت، ہرچند در دویدہ ۱۵۷

غزل

ای بحسن و دلبری افزوں ز مہر و مشتری
مشتری برتو خدا دہرت از جاں مشتری

مشتری گشتہ ترا خود خالق ارض و سما
ماہ کنعاں را رسد کے با تو آرد ہمسری

ہمسری خیرہ سری باشد کسے گر با تو کردے
ایکہ در حسن و بہا از جنس امکاں برتری

برتری دارد غبار درگہت بر مہر و ماہ
سرمہ سازد گرد درگاہ تو یابد گر پری

گر پری دیدی ترا بر تو شدی از جاں فدا
ای فدایت انس و جاں بر انس و جانت سروری

سرور ہر دو جہانی پادشاہ انبیار
از ازل گشتہ بر تو شانِ دلبری

دلبرے چوں تو ندیدہ چشم عالم ہیچ گاہ
شاہدے چوں تو نیارد دور چرخ چنبری

چنبر عزت کمند گردن خورشید و ماہ
ماہ خور از جاں کند لیل و نہارت چاکری

چاکرت در جاہ رفعت بر تر آمد بر فلک
ہم گدائی درگہہ تو پادشاہ خاوری

خاور آمد عالم امکاں و ذاتت آفتاب ۱۵۸
ایکہ حسن سرمدی و نور حق را مظہری

مظہر رحمت چو ذاتت شد مقرر از ازل
باز گو ای رحمت حق از چو بر من منگری

منگری ای رحمت حق گر بحال زار من
حال زار من نہ بیند ہیچ روئی بہتری

بہتر مخلوق خالق انبیا ہا آمدند
لیک ای محبوب حق بر انبیا تو بہتری

بہتر آمد در جہاں آنکس کہ از جاں بندہ است
بندۂ درگاہ تو دارد شکوہ سنجری

Marfat.com

سنجر وقتم اگر تاجم شود خاک درت
وصیی دورانم از عشق تو سازد رهبری ص۱۷۵

غزل

از یوسف من داری ای باد خبر چیزی
بر گوئی بمن باری زان خیر بشر چیزی

هر آه جگر سوزم باشد نه شرر چیزی
هر طفل سرشکم من از لخت جگر چیزی

بس سحر و فسون خوانم تا بر سر رحم آئی
هیهات نمی بینم در سحر اثر چیزی

در خرقه زنم آتش زین پس من درسوائی
زان ره که نمی یابم در زهد اثر چیزی

از حال گرفتاران چون شرح دهی پیشش
یادآرد ز حال من ای باد سحر چیزی

گوئی که بخود رحمی تا جان نرود از تن
آری بخورم هر شب از خون جگر چیزی

تا راح نمودستی صبر و خرد و دینم
از حسن ادا چیزی وز طرز نظر چیزی

دانم که بخشائی بر حال دل زارم
از نامهٔ غمناکم خوانی . تو اگر چیزی

مرغان چمن نالان گل جامه دران دیدم
دانم که ز سودائیت دارند بسر چیزی

هر دم غزلی تازه خونم بثنائے تو
بینم چو ترا هر دم در حسن دگر چیزی

وصیی بثنائے تو بر صفحهٔ رخسارش
از خون سرشک خود بنوشته نگر چیزی ص۱۸۰

غزل

بیا مد چون تو جانانی سراپا نور تابانی
بلب چون لعل رمّانی دوای درد پنهانی

نکردہ خالق یکتا نظیرت در جہاں پیدا
بچہرہ رشک بستانی بکاکل عنبر افشانی

نباشد کس تو چو دلبر بملک دلبری ہمسر
بعظمت شاہ شاہانی بحسن سرّ یزدانی

نخیزد چوں تو جانانی بحسن و دلبری یکتا
سراپا لطفِ رحمانی سراسر نور تابانی

نیامد چوں تو یکتائی بزیبائی و رعنائی
بطلعت بدر تابانی بقد سرو خرامانی

نباشد چوں خدو قدرت سرافرازی و رعنائی
یکم گلبن دوم طوبیٰ سہ دیگر صبح خندانی

نباشد چوں رخ و رویت بلطف و تازگی نکسیر
یکم جنت دوم گلشن سوم خورشید افشانی

نیامد چوں درامکانی بدیں حسن خداداری
بمعنی سرّ رحمانی بصورت جوہر جانی

کجا خیزد چو تو دلبر سراپا پاک تر از جاں
حبیب ربّ رحمانی چو حشمت پاک دامانی

نیامد چوں تو ئی ہرگز سراسر غمزدہ جانی
یکم درے، دوم بدرد، سوم لوئے غلطانی

چو ابر دیت کجا خیزد بدیں خوبی و زیبائی
یکم قوس و دوم ہ نو، سوم شمشیر عریانی

نیامد چوں من اے ویسی بشیدائی و رسوائی
یکم مجنوں، دوم وامق، سوم محمود سلطانی

۱۸۲

غزل در منقبت حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رح

دلم در عشق تو نالاں محی الدین جیلانی رح
بہجرت چشم من گریاں محی الدین جیلانی رح

دل و جانم بشوق تو بہر دم زار می نالد
نما آں طلعت تاباں محی الدین جیلانی رح

بحالِ من نظر فرما نگر حالِ زبون مَن
کجائی اے شہِ خوباں محی الدین جیلانی رح

شموسِ اوّلیں گم شد چو شد خورشید تو تاباں
نگردد شمس تو پنہاں محی الدین جیلانی رح

Marfat.com

گذشتہ نوبت آناں کنوں نوبت ترا باشد — مسلّم شد ترا میداں محی الدین جیلانیؒ
توئی آں محبوبِ سبحانی کہ بر حقِ بشر داری — شرف ای ہادیِ دوراں محی الدین جیلانیؒ
محی الدین جیلانیؒ محی الدین جیلانی — ۱۸۳ مرادِ دل زباں ہر آں محی الدین جیلانیؒ
زدم چنگِ بدامانت نہادم سر بفرمانت — غلام تو منم از جاں محی الدین جیلانیؒ
کمینہ بندہ ات ویسی تمنّا می کند ہر دم
شود بر پائے تو قرباں محی الدین جیلانی — ۱۸۴

Marfat.com

کتابیات

سلسلہ وار نمبر	کتاب کا نام	مصنف	مقام اشاعت	سال اشاعت
۱۔	آبِ کوثر	شیخ محمد اکرام	لاہور	۱۹۵۸ء
۲۔	آثار الصنادید	سرسید احمد خاں	دہلی	۱۹۶۵ء
۳۔	اعیانِ وطن	شاہ محمد شعیب	پٹنہ	۱۹۴۷ء
۴۔	آفتابِ شرف	ابو اشرف معصومی مجددی	کلکتہ	۱۹۳۳ء
۵۔	المنجد	فادر لوئیس	بیروت	۱۹۷۳ء
	امپیریل گزیٹیر آف انڈیا			
۶۔	جلد ششم	سکریٹری آف اسٹیٹ فار انڈیا	آکسفورڈ	۱۹۰۸ء
۷۔	جلد ہفتم	//	//	//
۸۔	جلد ہشتم	//	//	//
۹۔	جلد دہم	//	//	//
۱۰۔	جلد سیزدہم	//	//	//
۱۱۔	جلد چہاردہم	//	//	//
۱۲۔	جلد شانزدہم	//	//	//
۱۳۔	جلد ہفدہم	سکریٹری آف اسٹیٹ فار انڈیا	آکسفورڈ	۱۹۰۸ء

Marfat.com

سلسلہ وار نمبر	کتاب کا نام	مصنّف	مقام اشاعت	سال اشاعت
۱۴۔	جلد بست و یکم	سکریٹری آف اسٹیٹ فار انڈیا	اوکسفورڈ	سنہ ۱۹۰۸ء
۱۵۔	جلد بست و دوم	〃	〃	〃
۱۶۔	جلد بست و سوم	〃	〃	〃
۱۷۔	جلد بست و چہارم	سکریٹری آف اسٹیٹ فار انڈیا	اوکسفورڈ	سنہ ۱۹۰۸ء
۱۸۔	ایڈوانس ہسٹری آف انڈیا	آر سی۔ مجمدار ایچ۔ سی۔ رائے چودھری کالی کنکر دت	لندن	سنہ ۱۹۵۱ء

بنگال ڈسٹرکٹ گزیٹیرس :

۱۹۔	ضلع بردوان	جے۔ سی۔ کے۔ پٹرسن	کلکتہ	سنہ ۱۹۱۰ء
۲۰۔	ضلع بیربھوم	ایل۔ ایس۔ ایس اومیلی	کلکتہ	سنہ ۱۹۰۹ء
۲۱۔	ضلع بٹپرا	جے۔ ای ویبسٹر	الہ آباد	سنہ ۱۹۱۰ء
۲۲۔	ضلع جلپائی گوڑی	جان۔ ایف۔ گرڈنگ	الہ آباد	سنہ ۱۹۱۱ء
۲۳۔	ضلع چٹاگانگ	ایل۔ ایس۔ ایس۔ اومیلی	کلکتہ	سنہ ۱۹۰۸ء
۲۴۔	ضلع ڈھاکہ	بی۔ سی۔ ایلن	الہ آباد	سنہ ۱۹۱۲ء
۲۵۔	ضلع دیناج پور	ایف۔ ڈبلو۔ اسٹرونگ	الہ آباد	سنہ ۱۹۱۲ء
۲۶۔	ضلع راج شاہی	ایل۔ ایس۔ ایس۔ اومیلی	کلکتہ	سنہ ۱۹۱۶ء
۲۷۔	ضلع رنگ پور	جے۔ ایل۔ واس	کلکتہ	سنہ ۱۹۱۱ء
۲۸۔	ضلع مالدہ	جی۔ ای۔ لیمبورن	کلکتہ	سنہ ۱۹۱۸ء

Marfat.com

سلسلہ وار نمبر	کتاب کا نام	مصنّف	مقام اشاعت	سال اشاعت
۲۹-	ضلع مدنا پور	ال ۔اس۔اس۔او میلی	کلکتہ	سنہ ۱۹۱۱ء
۳۰-	ضلع مرشدآباد	ال۔اس۔اس او میلی	کلکتہ	سنہ ۱۹۱۴ء
۳۱-	ضلع میمن سنگھ	اف اے۔ پیج سے	کلکتہ	سنہ ۱۹۱۷ء
۳۲-	ضلع ندیا	جے۔اچ۔ای۔گیرٹ	کلکتہ	سنہ ۱۹۱۰ء
۳۳-	ضلع ہوگلی	ال۔اس۔اس۔او میلی، من موہن چکرورتی	کلکتہ	سنہ ۱۹۱۲ء
۳۴-	تاریخ ادب اُردو	رام بابو سکسینا اُردو ترجمہ: مرزا محمد عسکری	لکھنؤ	سنہ ۱۹۲۹ء
۳۵-	تاریخ ادب ہندی	سید ظہیر الدین علوی	الٰہ آباد	سنہ ۱۹۵۳ء
۳۶-	تاریخ اودھ جلد پنجم	نجم الغنی، مولوی	لکھنؤ	سنہ ۱۹۱۹ء
۳۷-	تاریخ سلسلہ فردوسیہ	محمد معین الدین دردائی	بہار شریف	سنہ ۱۹۶۲ء
۳۸-	تاریخ ہند	ایشوری پرساد، ڈاکٹر	الٰہ آباد	سنہ ۱۹۳۵ء
۳۹-	تحفۂ بہار	عبد المتین، مولانا	پٹنہ	
۴۰-	تذکرۃ الصالحین	حبیب اللہ مختار	پٹنہ	سنہ ۱۹۴۸ء سنہ ۳۰-۱۹۲۹ء
۴۱-	تذکرہ مجدد الف ثانی رح	محمد منظور نعمانی، مولانا	لکھنؤ	سنہ ۱۹۷۰ء
۴۲-	تذکرہ مولانا فضل الرحمٰن	ابو الحسن علی ندوی، مولانا سید	لکھنؤ	سنہ ۱۹۵۸ء
۴۳-	تقویم دو ہزار سال	ابو الحسن محی الدین خاں، خواجہ	لکھنؤ	

Marfat.com

سلسلہ وار نمبر	کتاب کا نام	مصنّف	مقام اشاعت	سال اشاعت
	ٹائم ٹیبل			
۴۴۔	ایسٹرن بنگال ریلوے	جنرل منیجر ایسٹرن بنگال ریلوے	چٹاگانگ	سنہ ۱۹۵۴ء
۴۵۔	ایسٹرن ریلوے۔	جنرل منیجر ایسٹرن ریلوے	کلکتہ	سنہ ۱۹۷۱ء
۴۶۔	نارتھ ایسٹرن ریلوے	جنرل منیجر نارتھ ایسٹرن ریلوے	گورکھپور	سنہ ۱۹۷۴ء
۴۷۔	نارتھ ایسٹ فرنٹیئر ریلوے	جنرل منیجر نارتھ ایسٹ فرنٹیئر ریلوے	گوہاٹی	سنہ ۱۹۷۰ء
۴۸۔	ٹورسٹ آسام	محکمہ سیاحت آسام	گوہاٹی	
۴۹۔	حیات دیسی	زین العابدین اختری مولانا	کلکتہ	سنہ ۱۹۵۵ء
۵۰۔	حضرت شاہ جلالی پرتبلارؒ جیونی (بنگلہ)	زین العابدین اختری مولانا	کلکتہ	سنہ ۱۹۷۲ء
۵۱۔	خصائص نعمت	محمد جمیل انصاری مولانا شیخ	کلکتہ	سنہ ۱۹۲۴ء
۵۲۔	دانشانِ تاریخ اُردو	حامد حسن قادری مولانا	آگرہ	سنہ ۱۹۵۷ء
۵۳۔	دیوانِ حافظ	شمس الدین حافظ شیرازی خواجہ	کان پور	
۵۴۔	دیوان دیسی	سید فتح علی حضرت صوفی	کان پور	سنہ ۱۹۳۵ء
۵۵۔	ذکر خیر المعروف صحیفہ محبوب	محبوب عالم، خواجہ	لاہور	سنہ ۱۹۶۶ء
	رپورٹ مردم شماری سنہ ۱۹۴۱ء			
۵۶۔	بنگال	آر۔ اے۔ ٹرُوش	شملہ	سنہ ۱۹۴۲ء
۵۷۔	آسام	کے۔ ڈبلو۔ پی۔ مُرار	شملہ	سنہ ۱۹۴۲ء

سلسلہ وار نمبر	کتاب کا نام	مصنّف	مقام اشاعت	سال اشاعت
۵۸-	ڈسٹرکٹ سنسس ہینڈ بک جلد ۴۹- اعظم گڑھ (یوپی)	پی۔ پی بھٹناگر	الہ آباد	۱۹۶۶ء

رسالے

۵۹-	آج کل	محکمہ اطلاعات، حکومت ہند	دہلی	جنوری ۱۹۶۸ء
۶۰-	آج کل	〃	دہلی	دسمبر ۱۹۶۹ء
۶۱-	آج کل	〃	دہلی	دسمبر ۱۹۷۵ء
۶۲-	ماہ نو	محکمۂ اطلاعات، حکومت پاکستان	کراچی	ستمبر ۱۹۵۳ء
۶۳-	ماہ نو	〃	کراچی	مئی ۱۹۵۷ء
۶۴-	ماہ نو	〃	کراچی	مئی ۱۹۵۹ء
	ماہ نو	〃	کراچی	ستمبر ۱۹۵۹ء
۶۵-	ماہ نو	محکمۂ اطلاعات، حکومت پاکستان	کراچی	اپریل ۱۹۶۱ء
	ماہ نو	〃	کراچی	اکتوبر ۱۹۶۱ء
۶۶-	ماہ نو	〃	کراچی	دسمبر ۱۹۶۲ء
۶۷-	ماہ نو	محکمۂ اطلاعات، حکومت پاکستان	کراچی	اگست ۱۹۶۴ء
۶۸-	معارف	شبلی اکاڈمی، دارالمصنّفین	اعظم گڈھ	جولائی ۱۹۶۴ء
۶۹-	نیا دور	محکمہ اطلاعات، حکومت اتر پردیش	لکھنؤ	اگست ۱۹۷۵ء
۷۰-	نقیب	خانقاہ مجیبیہ۔ پھلواری شریف	پٹنہ	مارچ ۱۹۷۰ء

Marfat.com

سلسلہ وار نمبر	کتاب کا نام	مصنف	مقام اشاعت	سال اشاعت
۷۱-	رود کوثر	شیخ محمد اکرام	لاہور	سنہ ۱۹۵۸ء
۷۲-	روزانہ صدائے عام	سید رضی حیدر، محمد مرغوب	پٹنہ	مئی سنہ ۱۹۵۵ء
۷۳-	سوانح حیات سید عبدالبارؒ شاہ	محمد سعید خاں، مولانا	دہلی	سنہ ۱۹۵۴ء
۷۴-	سوانح حیات حافظ حامد حسن حلویؒ	محمد سعید خاں، مولانا	دہلی	
۷۵-	سید احمد شہید	غلام رسول مہر	لاہور	سنہ ۱۹۵۲ء
۷۶-	سیرۃ الاشرف (حصہ اول)	امیر احمد کاکوروی، الحاج منشی	لکھنؤ	سنہ ۱۳۷۰ھ / ۱۹۵۰-۵۱ء
۷۷-	سیرت مولانا حافظ جون پوریؒ	عبدالباطن، مولانا	ڈھاکہ	سنہ ۱۳۸۹ھ / ۱۹۶۹ء
۷۸-	شیراز ہند-جون پور	سید اقبال احمد	جون پور	سنہ ۱۹۶۳ء
۷۹-	سراج	ابوالفضل محمد عمر		سنہ ۱۹۱۰ء
۸۰-	عینِ جاریہ	سید احمد اللہ، مولانا صوفی شاہ	ڈھاکہ	سنہ ۱۹۶۴ء
۸۱-	فہرست ڈاک خانہ جات (بقاعدہ ایجاد) دو جلد ستمبر سنہ ۱۹۶۹ء	ڈائرکٹر جنرل پوسٹ اینڈ ٹیلی گراف	فرید آباد	سنہ ۱۹۷۲ء
۸۲-	فہرست ڈاکخانہ جات (ضلع وار) اپریل سنہ ۱۹۶۹ء	〃 〃 〃	ناسک	
۸۳-	فہرست آل انڈیا پوسٹل انڈکس کوڈ	〃 〃 〃	ناسک	سنہ ۱۹۷۴ء
۸۴-	فہرست ریلوے اسٹیشن دسمبر سنہ ۱۹۵۹ء	انڈین ریلوے کانفرنس اسوسی ایشن	دہلی	سنہ ۱۹۶۲ء

Marfat.com

سلسلہ وار نمبر	کتاب کا نام	مصنف	مقام اشاعت	سال اشاعت
۸۵-	نیو منیسن انڈین براڈشا ستمبر ۱۹۷۲ء	ڈبلو نیومین کمپنی لمیٹیڈ	کلکتہ	۱۹۷۲ء
۸۶-	قاموس المشاہیر، جلد اوّل	نظامی بدایونی	بدایون	۱۹۲۴ء
۸۷-	قاموس المشاہیر، جلد دوم	نظامی بدایونی	بدایون	۱۹۲۶ء
۸۸-	کرنٹ اسٹڈیز پٹنہ کالج	پرنسپل پٹنہ کالج	پٹنہ	۱۹۶۹ء
۸۹-	کیٹلوگ خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری	محکمہ تعلیمات حکومت بہار	پٹنہ	
۹۰-	کلیاتِ اقبال	علامہ اقبال	لکھنؤ	۱۹۵۳ء
۹۱-	کیفیت العارفین	شاہ عطا حسین گیاوی	گیا	۱۳۵۱ھ ۱۹۳۲-۳۳ء
۹۲-	گم گشتہ حالات اجودھیا (تاریخ پارینہ مدینۃ الاولیاء)	عبدالغفار اودھی، مولوی	لکھنؤ	
۹۳-	لکھنؤ کا دبستان شاعری	ابواللیث صدیقی، ڈاکٹر	علی گڑھ	۱۹۴۴ء
۹۴-	مجدد اعظم رح	محمد حلیم	دہلی	۱۹۵۸ء
۹۵-	مختصر تاریخ ادب اردو	اعجاز حسین، ڈاکٹر	دہلی	۱۹۵۲ء
۹۶-	مزارات اولیائے دہلی	محمد شاہ عالم فریدی، مولوی	دہلی	۱۳۴۶ھ ۱۹۲۷-۲۸ء
۹۷-	مسالک السالکین فی تذکرۃ الواصلین	مرزا عبدالستار بیگ	آگرہ	
۹۸-	مسلم بنگالی ادب (اردو ترجمہ)	انعام الحق، ڈاکٹر	کراچی	۱۹۵۷ء

Marfat.com

سلسلہ وار نمبر	کتاب کا نام	مصنّف	مقام اشاعت	سال اشاعت
۹۹۔	مزار آف مرشد آباد	پورنا چند مجمدار	مرشد آباد	۱۹۰۵ء
۱۰۰۔	مقدمہ سیرۃ النبیؐ	بیگم فاطمہ فضل الرحمٰن	کراچی	۱۹۷۰ء
۱۰۱۔	مکتوبات امام ربّانی (دفتر اوّل حصّہ اوّل)	الجنّۃ العلمیہ	حیدر آباد	
۱۰۲۔	مکتوبات امام ربّانی (دفتر اوّل حصّہ دوم)	الجنّۃ العلمیہ	حیدر آباد	
۱۰۳۔	مکتوبات امام ربّانی (دفتر دوم)	الجنّۃ العلمیہ	حیدر آباد	
۱۰۴۔	موج کوثر	شیخ محمد اکرام	کراچی	۱۹۵۸ء
۱۰۵۔	موڈرن انڈین ہسٹری	سرکار اینڈ دت		

نارتھ ویسٹ فرنٹیر پروِنسیز ڈسٹرکٹ گزیٹیر۔

۱۰۶۔	ضلع ہزارہ	ایچ۔ڈی۔واٹسن	لندن	۱۹۰۷ء
۱۰۷۔	ہسٹری آف بنگال جلد دوم مسلم پیریڈ	سر جدوناتھ سرکار	ڈھاکہ	۱۹۴۸ء
۱۰۸۔	ہسٹری آف چٹاگانگ	سید مرتضیٰ علی	ڈھاکہ	۱۹۶۴ء
۱۰۹۔	ہندی ادب کی تاریخ	محمد حسن، ڈاکٹر	علی گڈھ	۱۹۵۵ء
۱۱۰۔	ہندو پاکستان کے اولیاء	شوکت علی فہمی	دہلی	
۱۱۱۔	ہندوستان ایر بک ۱۹۷۰ء	ایس۔سی۔سرکار	کلکتہ	

Marfat.com

سلسلہ وار نمبر	کتاب کا نام	مصنف	مقام اشاعت	سال اشاعت
	یونائیٹڈ پروونسیز آف آگرہ اینڈ اودھ ڈسٹرکٹ گزیٹیرس۔			
۱۱۲۔	ضلع فیض آباد	اِچ۔ آر۔ نیویل	الہ آباد	سنہ ۱۹۰۵ء
۱۱۳۔	ضلع میرٹھ	اِچ۔ آر۔ نیویل	الہ آباد	سنہ ۱۹۰۴ء
	نقشے:			
۱۱۴۔	امپریل اٹلاس آف انڈیا	سروے جنرل آف انڈیا	ڈہرہ دون	
۱۱۵۔	امپریل گزیٹیر آف انڈیا جلد بست و ششم	سکریٹری آف اسٹیٹ فار انڈیا	اوکسفورڈ	سنہ ۱۹۰۸ء
۱۱۶۔	اوکسفورڈ اسکول اٹلاس	اوکسفورڈ یونی ورسٹی پریس	لنڈن	سنہ ۱۹۷۳ء
۱۱۷۔	روڈ میپ آف انڈیا	سروے جنرل آف انڈیا	ڈہرہ دون	سنہ ۱۹۷۳ء
۱۱۸۔	ریلوے میپ آف انڈیا	سروے جنرل آف انڈیا	ڈہرہ دون	سنہ ۱۹۷۱ء
۱۱۹۔	کلکتہ اینڈ ہوڑہ گائڈ میپ	سروے جنرل آف انڈیا	ڈہرہ دون	سنہ ۱۹۴۳ء
۱۲۰۔	میپ آف کلکتہ	جنرل منیجر ایسٹرن ریلوے	کلکتہ	سنہ ۱۹۵۴ء
۱۲۱۔	میپ کیٹلاگ	سروے جنرل آف انڈیا	کلکتہ	سنہ ۱۹۴۵ء
۱۲۲۔	اسٹیٹ میپ آف ویسٹ بنگال	علی پور ڈرائنگ آفس	کلکتہ	سنہ ۱۹۵۸ء
۱۲۳۔	متعدد ڈگری اور اسٹینڈرڈ شیٹ	سروے جنرل آفس انڈیا	ڈہرہ دون	

خطوط:

ا۔ جناب ابو زاہد جلیل احمد صاحب۔ مکان ۹۲، دھان منڈی۔ ہائکش علاقہ ڈھاکہ (بنگلہ دیش)

Marfat.com

سلسلہ وار نمبر	کتاب کا نام	مصنف	مقام اشاعت	سال اشاعت

۲۔ جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہ۔ خانقاہ کان کھولی شریف گارڈن ریچ کلکتہ ۲۴

۳۔ جناب سید شمس العالم صاحب مقام چندور (میاں پارا) ڈاکخانہ آرام باغ ضلع ہوگلی۔

۴۔ جناب مولوی عبدالباسط صاحب (پوکھریرہ ضلع سیتامڑھی) رام لوچن ملک اسٹریٹ کلکتہ ۷

۵۔ جناب عبدالحلیم صاحب، خانقاہ ہفنیاں۔ ڈاکخانہ ہفنیاں۔ براہ بائسی ضلع پورنیہ۔

۶۔ آنریبل مسٹر جسٹس عبدالرحمٰن چودھری سپریم کورٹ ڈھاکہ (بنگلہ دیش)

۷۔ جناب اخوندکار عبدالرحمٰن صاحب۔ پوسٹ ماسٹر سیج گرام۔ براہ بھرت پور ضلع مرشدآباد

۸۔ جناب مولانا عبدالسلطان صاحب، پوسٹ ماسٹر فرفرا۔ براہ موست۔ ضلع ہوگلی

۹۔ جناب مولوی سید عبدالسلام صاحب وکیل ۲ جدوناتھ باسک لین ڈھاکہ ۱ (بنگلہ دیش)

۱۰۔ جناب مولانا عبدالقادر صاحب (کھاتن) مدرسہ سیتاپور۔ ڈاکخانہ جگت بلبھ پور، ضلع ہگلی۔

۱۱۔ جناب مولوی عبدالکریم صاحب سب پوسٹ ماسٹر۔ بھرت پور ضلع مرشدآباد۔

۱۲۔ جناب سید عبدالمتین صاحب شاہ پوری۔ مقام پناسی۔ ڈاکخانہ بہاراں (براہ کتوا۔ ضلع بردوان)۔ ضلع مرشدآباد۔

۱۳۔ جناب ڈاکٹر عزیز احمد صاحب۔ ایسٹ کوتوالی۔ بھاگل پور ۲

۱۴۔ جناب مولوی قمرالہدیٰ صاحب مقام کہٹہ۔ ڈاکخانہ ماہوب۔ براہ سلاؤ۔ ضلع نالندہ

۱۵۔ جناب ڈاکٹر محمد ابوتراب صاحب (صدر حضرت حمید بنگالی وقف کمیٹی، نور منزل منگل کوٹ۔ ضلع بردوان۔

۱۶۔ مرشدزادہ جناب محمد اسرارالحق خاں صاحب۔ مدظلہ۔ نزد جامع مسجد۔ اعظم گڑھ

Marfat.com

۱۷۔ جناب مولانا محمد اظہار الحق صاحب۔ مدرسہ صوفیہ نوریہ۔ ڈاکخانہ صوفیہ مدرسہ۔ براہ میرسرائے ضلع چٹاگانگ (بنگلہ دیش)

۱۸۔ جناب الحاج مولانا سید ابو البشر محمد بشیر الدین صاحب مدظلہ، ۲ جد ناتھ باسک لین آف مدن موہن باسک روڈ۔ ڈھاکہ ۱ (بنگلہ دیش)

۱۹۔ مرشدزادہ جناب سید محمد جان عالم صاحب مدظلہ ایڈوکیٹ ۲۹۔ دائر اسٹریٹ۔ وری۔ ڈھاکہ ۳ (بنگلہ دیش)

۲۰۔ جناب مولانا سید شاہ محمد رضا صاحب بخاری (خانقاہ سہروردیہ) مقام و ڈاکخانہ حضرت پور۔ براہ دوبراج پور۔ ضلع بیربھوم۔

۲۱۔ جناب مولانا ابو صالح محمد رضوان الکریم صاحب (بندوری) ۲۱ دیدار بخش لین۔ کلکتہ ۶

۲۲۔ ہادی و مرشدنا جناب الحاج الحافظ مولانا محمد سعید خاں صاحب قبلہ ادام اللہ فیوضہ نزد جامع مسجد اعظم گڑھ۔

۲۳۔ جناب محمد عبد العزیز صاحب نزد جامع مسجد برہ پورا۔ بھاگل پور ۱

۲۴۔ مرشدزادہ جناب محمد عضد الدین خاں صاحب مدظلہ۔ ظفر منزل۔ نزد سکندر لاج ڈگی روڈ۔ علی گڑھ۔

۲۵۔ جناب ابو الفتح محمد صفی اللہ صاحب ۱۰ نارتھ بروک ہال روڈ۔ ڈھاکہ ۱ (بنگلہ دیش)

۲۶۔ جناب محمد مصطفیٰ صاحب۔ پوسٹ ماسٹر شاہ پور۔ براہ بھرت پور ضلع مرشد آباد

۲۷۔ جناب مولوی چودھری ملوک چند صاحب ایڈوکیٹ ۶۵ شکر دیگھی (ویسٹ) روڈ۔

۲۸۔ جناب سب پوسٹ ماسٹر صاحب من شیر ہاٹ۔ ضلع ہوڑہ (۷) ۱۴۱۰

۲۹۔ جناب مولانا محمد فرید الدین صاحب عطّار۔ خطیب امین باغ مسجد، شانتی نگر
ڈھاکہ ۱۷ (بنگلہ دیش)

۳۰۔ جناب حاجی نبی محمد صاحب ۷ بی گیس اسٹریٹ۔ راجہ بازار۔ کلکتہ ۹

۳۱۔ مرشدزادہ جناب قاضی نجیب الرحمٰن صاحب مدظلہٗ وکیل ۲۱ دیداربخش
لین۔ کلکتہ ۱۶

۳۲۔ جناب محمد نظام الدین صاحب سفیان۔ مقام و ڈاک خانہ ہِنگاجیہ
ضلع سلہٹ (بنگلہ دیش)

عکس مزارات مبارک و عکس اوراق کتب

مرسلہ

۱۔ جناب سیّد ابوالکلام صاحب۔ بنڈیل شریف۔ ڈاکخانہ بنڈیل جنکشن۔ ضلع ہوگلی
(۱) مزار پُرانوار حضرت سیّد عبدالباری شاہ رح بنڈیل شریف۔ ضلع ہوگلی۔
(۲) خانقاہ بنڈیل شریف۔ ضلع ہوگلی

۲۔ جناب مولانا محمد اظہار الحق صاحب مدرسہ صوفیہ، نوریہ۔ ڈاکخانہ صوفیہ مدرسہ۔ براہ میرسرائے
ضلع چاٹگام۔
(۱) مزار مبارک حضرت صوفی نور محمد صاحب نظام پوری رح (خلیفہ حضرت سیّد احمد شہید رح) ملے پاش ضلع چاٹگام

Marfat.com

۳۔ جناب الحاج مولانا سیّد ابوالبشر محمد بشیر الدین صاحب مدظلّہٗ ۲۰ سبدوناتھ بابو لین۔ رتھ کھولا۔ ڈھاکہ ۱

(۱) مزار مبارک حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح مانک تلہ۔ کلکتہ ۶

(۲) لوح مزار مبارک حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح مانک تلہ۔ کلکتہ ۶

(۳) احادیث الخوانین (تاریخ حمید) صفحہ ۲۷، مطبوعہ کلکتہ سنہ ۱۸۷۱ء

(۴) مزار مبارک حضرت شیخ حمید الدین دانشمند بنگالی رح منگل کوٹ ضلع بردوان

(۵) خلافت نامہ حضرت شیخ حمید الدین دانشمند بنگالی رح۔ منگل کوٹ ضلع بردوان

(۶) سرورق دیوان ویسی۔ مطبوعہ سنہ ۱۸۹۸ء

۴۔ عزت مآب جناب الحاج سیّد ابوالبشر محمود حسین صاحب چیف جسٹس بنگلہ دیش۔ ڈھاکہ

(۱) مزار مبارک حضرت مولانا کرامت علی صاحب جون پوری رح۔ رنگ پور (خلیفہ حضرت سیّد احمد

(۲) مزار مبارک اور مسجد حضرت شاہ احسن اللہ صاحب صدیقی رح۔ موسوری کھولا۔ ضلع ڈھ

۵۔ جناب مولانا ابو صالح محمد رضوان الکریم صاحب ۲۱ دیدار بخش لین۔ کلکتہ

(۱) مرقد انور حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی۔ فرفرا شریف۔ ضلع ہوگلی

(۲) مزار مبارک حضرت مولانا شاہ غلام سلمانی صاحب عباسی رح فرفرا شریف ضلع ہوگلی

۶۔ جناب ڈاکٹر محمد ادریس صاحب ڈنٹسٹ۔ نزد تاج ہوٹل۔ باقر گنج

(۱) گنبد خضریٰ (منقول از عکس رنگین۔ مکہ معظمہ۔ سعودی عرب)

۷۔ منقول از حیات ویسی رح مولفہ جناب مولانا زین العابدین صاحب اختر مدظلہٗ

Marfat.com

خانقاہ کان کھولی شریف۔ گارڈن ریچ۔ کلکتہ ۲۴ صـ۲۵

(۱) دستخط مبارک قطب ارشاد حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب دلیسیؒ (حیات دلیسی حصہ بنگلہ)

(۲) تحریر مبارک قطب ارشاد حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب دلیسی (حیات دلیسی حصہ بنگلہ صـ۲۱۴-۲۱۵)

۸۔ منقول از ہزارہ ضلع گزیٹیر (صوبہ سرحد) مرتبہ ایچ۔ ڈی۔ واٹسن۔ مطبوعہ لندن سنہ ۱۹۰۷ء

(۱) بالاکوٹ ضلع ہزارہ (کنہار ندی اور پل) (دہانہ وادی کاغان۔ ہزارہ گزیٹیر مقابل صـ۲۰۲)

(۲) گڑھی حبیب اللہ خاں۔ ضلع ہزارہ (ہزارہ گزیٹیر مقابل صـ۲۲۶)

۹۔ جناب جمیل احمد خاں صاحب معرفت اُترولہ کولڈ اسٹوریج اینڈ آئس فیکٹری فیض آباد روڈ۔ گونڈہ (۲۷۱۰۰۱)

(۱) مزار مبارک حضرت حافظ حامد حسن صاحب علویؒ فیض آباد۔ روڈ۔ گونڈہ

۱۰۔ جناب بابو اسرار الحق خاں صاحب نزد جامع مسجد۔ اعظم گڈھ (۲۷۶۰۰۱)

۱۔ مزار مبارک حضرت مولانا محمد سعید خاں قدس سرّہٗ منگرانواں۔ ضلع اعظم گڈھ۔

Marfat.com

ضمیمہ

آئینہ ادیبی

۱۔ نواب سیّد محمد صاحب مرحوم (مولانا آزاد)

(یہ سلسلہ فٹ نوٹ ص ۱۲۸ ، ص ۲۰۶ اور ص ۲۶۹-۲۶۸)

خان بہادر نواب سیّد محمد صاحب مرحوم، آئی۔ ایس۔ او (مولانا آزاد) کے متعلق ڈھاکہ گزیٹیر کے جدید ایڈیشن مطبوعہ ۱۹۶۹ء کے ص ۳۴۶ پر لکھا ہے کہ "نواب سیّد محمد آزاد اُردو کے نثر نگار تھے۔ وہ لکھنؤ کے ایک معیاری اور اعلیٰ ادبی ہفتہ اودھ پنچ میں باقاعدہ مضامین لکھتے تھے۔ وہ رسالہ طنز و مزاح کے لئے مشہور تھا۔ اس ہفتہ وار اور اُردو کے دوسرے موقّر رسالوں میں ان کے جو مضامین شائع ہوئے ان کے مجموعوں کو ئی ڈکشنری، لوفر کلب، خیالات آزاد اور نامہ پیام کے نام سے کتابی شکل میں شائع کر دیا گیا ہے۔ نوابی دربار اُن کی حیات میں شائع اور ڈھاکہ میں کئی بار اُس کے کچھ حصّوں کو اسٹیج کیا گیا۔ جس سے اُردو کی مقبولیت اضافہ ہوا۔"

(خط جناب عطاء الرحمٰن صاحب جمیل، سپرنٹنڈنگ انجینئر، ڈھاکہ بحکم جناب موئ ابوالبشر محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ مورخہ ۸ اکتوبر ۱۹۷۵ء)

۲۔ عزّت مآب جناب سیّد ابُوالبشر محمود حسین صاحب مدظلّہٗ چیف جسٹس

(بسلسلہ صـ۱۴۰ - ۱۳۹)

بنگلہ دیش میں جناب اخوند کا مشتاق احمد صاحب کے استعفا دینے اور ہزاکسلنسی مسٹر جسٹس ابو سعادت محمد صائم صاحب بالقابہٖ کے صدر مملکت مقرر ہونے کے بعد عزّت مآب الحاج جناب سیّد ابوالبشر محمود حسین صاحب مدظلّہٗ ۷ر نومبر ۱۹۷۵ء کو بنگلہ دیش سپریم کورٹ کے چیف جسٹس مقرر ہوئے۔ اسی سال حرمین شریفین کی زیارت سے مشرّف ہوئے۔ بنگلہ دیش وفد حج کے سربراہ کی حیثیت سے مکّہ معظّمہ تشریف لے گئے تھے۔ وہاں سے ۲۸ر دسمبر ۱۹۷۵ء کو ڈھاکہ واپس ہوئے۔

(خط جناب عطاء الرحمٰن صاحب جمیل، سپرنٹنڈنگ انجینئر، ڈھاکہ مورخہ ۵ر جنوری ۱۹۷۵ء اور خط جناب الحاج مولانا ابوالبشر سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلّہٗ۔ ڈھاکہ مورخہ ۱۴ر جنوری ۱۹۷۶ء)

۳۔ حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح کے مزار شریف کے کتبے

(بسلسلہ صـ۱۷۸ اور صـ۲۱۷)

جناب مولانا زین العابدین صاحب اخترؔ نے مطلع فرمایا کہ مانک تلہ کلکتہ ۶ میں حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی قدس سرّہٗ کے مزار مبارک پر اُن کے خلیفہ حضرت مولانا محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح نے جو کتبہ لگوایا تھا، وہ صرف فارسی میں تھا۔ بعد میں بنگلہ کتبہ حضرت ویسی رح کے پوتے جناب مولوی سیّد محمد جان عالم صاحب ام۔اے، بی۔ال ایڈووکیٹ ڈھاکہ نے لگوایا۔ بنگلہ اور اُردو کا موجودہ کتبہ عنایت پور ضلع پابنا کے

Marfat.com

خواجہ شاہ صوفی یونس علی صاحب رحؒ اور اُن کی بیگم نے لگوایا تھا۔

(خط ممتاز المحدثین جناب مولانا زین العابدین صاحب اخوندی مدظلہٗ۔ خانقاہ کمان کھولی شریف۔ گارڈن لائچ۔ کلکتہ ۲۴ مورخہ ۱۸ ستمبر ۱۹۷۵ء)

۴۔ جناب امیر الاسلام صاحب شرقی

(بہ سلسلہ فٹ نوٹ صفحہ ۱۷۹)

جناب امیر الاسلام صاحب شرقی مدظلہٗ کے متعلق ڈھاکہ ضلع گزیٹیر کے جدید ایڈیشن مطبوعہ ۱۹۶۹ء مرتبہ جناب ایس۔ ان۔ ایچ۔ رضوی مرحوم) کے صفحہ ۳۵ پر لکھا ہے کہ "جناب امیر الاسلام صاحب شرقی ۱۹۰۳ء میں پیدا ہوئے۔ محکمہ انکم ٹیکس کے ایک ریٹائرڈ سرکاری ملازم ہیں۔ انہوں نے فی البدیہہ قطعہ تاریخ کہنے میں کمال حاصل کیا۔ اور اس حیثیت سے وہ خواجہ محمد افضل متوفی ۱۸۷۵ء جنہیں افضل المورخین کہا جاتا تھا۔ اُن کے سچے جانشین ہیں"۔

(خط جناب عطاء الرحمٰن صاحب جمیل سپرنٹنڈنٹ انجینئر ڈھاکہ۔ بحکم جناب مولانا ابو البشر سید محمد بشیر الدین صاحب مدظلہٗ۔ رتھ کھولا۔ ڈھاکہ ۱۔ مورخہ ۸ اکتوبر ۱۹۷۵ء)۔

۵۔ حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب بیسیؒ کے ایصال ثواب کا سالانہ جلسہ

(بہ سلسلہ صفحہ ۱۸۳)

حسب سابق اس سال بھی اتوار ۲۰ اگہن = ۷ دسمبر ۱۹۷۵ء کو قطب ارشاد حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب بیسیؒ قدس سرہٗ کے ایصال ثواب کا سالانہ جلسہ

Marfat.com

ممتاز المدرّسین جناب مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلہٗ (گوشہ نشین کان کھولی شریف ضلع چوبیس پرگنہ) کے زیر اہتمام دِلّی وال قبرستان مانک تلہ کلکتہ ۶ میں منعقد ہوا۔ بنگال کے مختلف اضلاع سے حضرت صوفی صاحبؒ کے متوسّلین کا شاندار اجتماع ہوا۔ اس سال علاقہ کے غیر مسلم بھی کثیر تعداد میں جلسہ میں شریک ہوئے۔ مولانا اخترؔی صاحب مدظلہٗ کے صاحبزادے جناب مولانا غلام محی الدین صاحب جیلانی، خود مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی اور جناب مولانا محمد بخت بختیاری سجّادہ نشین کان کھولی شریف نے اپنی تقریر سے سامعین کو محظوظ فرمایا۔

۳ر اور ۴ر جنوری ۱۹۷۶ء کو مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلہٗ، مولانا کے ہمراہ مولوی نور حسین صاحب اور مولانائے محترم کے بھتیجوں ڈاکٹر ناظم الدین احمد اور نورالاسلام صاحبان نے خرچ کثیر سے اپنی موجودگی میں دِلّی وال مسجد مانک تلہ کی ضروری مرمت کرا کے آہک پاشی کرائی۔

(خط جناب مولانا زین العابدین صاحب اخترؔی مدظلہٗ۔ کلکتہ ۲۴ مورخہ ۴ر جنوری ۱۹۷۶ء)

۶۔ اولاد امجاد حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب بیسی قدس سرّہٗ

(بسلسلہ سنہ ۱۹۱۰ء اور سنہ ۱۹۲۰ء)

(۱) رابعہ بنگال حضرت سیّدہ زہرا قدس سرہا کے پوتے جناب سیّد عبدالمتین صاحب شاہ پوری مدظلہٗ کے صاحبزادے کا نام سیّد فرید القادر نہیں بلکہ سیّد

کردار ہے (ص ۱۹۳)۔ (خط جناب سید عبدالسلام صاحب ؒ جدوناتھ باسک لین، ڈھاکہ ۱ مورخہ ۲۶ ستمبر ۱۹۷۵ء بحوالہ جناب سید عبدالمتین صاحب مدظلہ)

(۲) بی بی سیدہ زہرا قدس سرہا کی پوتی سید حلیمہ بانو کے شوہر جناب فیض احمد صاحب مدظلہ "حق للہ" کیان پور۔ محمد پور۔ ڈھاکہ ۷ میں رہتے ہیں وہ جوان صالح اور حضرت صوفی سید فتح علی صاحب ؒ بسیی رح کے نور باطنی کے سچے طالب ہیں۔

(خط جناب مولانا ابوالبشر سید محمد بشیر الدین صاحب ڈھاکہ ۱ مورخہ یکم نومبر ۱۹۷۵ء۔ مرسلہ جناب فیض احمد صاحب مدظلہ ڈھاکہ ۷)

۷۔ حضرت صوفی سید فتح علی صاحب اویسی ؒ کے خلفا اور مریدین

(یہ سلسلہ ص ۲۰۰، ص ۲۱۵ اور ص ۲۱۶)

(۱) سلسلہ وار نمبر ۱، مولوی احمد علی صاحب فریدپوری ؒ۔ آپ ۱۲۶۳ بنگلہ فصلی = ۱۸۵۶ء میں پیدا ہوئے۔ اور ۲ اگہن ۱۳۲۶ بنگلہ فصلی = وسط نومبر ۱۹۱۹ء کو انتقال فرمایا۔ اپنے علاقہ میں شاہ جان شریف ؒ کے نام سے مشہور ہیں مزار آپ کا دربار اولیار، شورشر، دائرہ شریف۔ ڈاکخانہ چنڈی پور (براہ نریا) ضلع فریدپور میں ہے۔ سالانہ عرس ۲ اگہن اور ۲۰ ماگھ کو ہوتا ہے۔ نور حق گنج نور، شجرہ طریقہ مجددی، سفینہ سفر مدینہ، سر حق جامع نور، مطلع العلوم، لطائف شریف شافیہ اور عینین وغیرہ آپ کی تصانیف ہیں۔ یہ کتابیں بنگلہ اور ہندی میں ہیں۔ دائرہ

شورِ شتر کے موجودہ سجّادہ نشین جناب شاہ نورجلال صاحب مدظلہٗ ہیں (خط جناب مولانا سیّد ابوالبشر محمد بشیرالدین صاحب مدظلہٗ، ڈھاکہ ۱ مورخہ ۳ ستمبر ۱۹۷۵ء)

(۲) سلسلہ وار نمبر ۲۰، جناب سیّد واجد علی صاحب مہدی باغ کلکتہ:۔ آپ کے خلیفہ خواجہ شاہ صوفی یونس علی صاحب عنایت پور ضلع پابنا (ص ۲۱۷) کے بڑے صاحبزادے اور خلیفہ جناب حسام الدین رح کا ستمبر ۱۹۷۵ء کے پہلے ہفتہ میں انتقال ہوا۔ ۵ ستمبر کو ریڈیو بنگلہ دیش سے آپ کے وفات کی خبر نشر کی گئی۔ حضرت صوفی سیّد فتح علی صاحب ویسی رح کی صاحبزادی رابعہ بنگال حضرت بی بی سیّدہ زہرا قدس سرہا کے پوتے جناب سیّد عبدالمتین صاحب شاہ پوری مدظلہ (ص ۱۹۰) مولانا حسّام الدین رح کے فاتحہ میں شریک ہوئے

(خط جناب سیّد عبدالسّلام صاحب وکیل، ۲ جدوناتھ ناتھ بارمک لین۔ ڈھاکہ ۱ مورخہ ۶ ستمبر ۱۹۷۵ء۔)

۸ آرام باغ ضلع ہوگلی

(بسلسلہ فٹ نوٹ ص ۲۱۱ و ص ۲۱۲)

آرام باغ میں ایک ممتاز عالم دین مولانا سیّد عبدالسّلام صاحب رح گذرے ہیں۔ آپ سلطان الواعظین کے نام سے مشہور تھے۔ عربی، فارسی اور اردو ادب پر عبور کامل حاصل تھا۔ اہل زبان کی طرح فارسی اور اردو میں تحریر و تقریر کی صلاحیت رکھتے تھے۔ نہایت فصیح البیان مقرر تھے۔ مثنوی مولانا رومؒ، دیوان حافظ اور دیوان ویسی رح کے

اشعار بکثرت یاد تھے۔ چشمہ فیض کے نام سے ایک قابل قدر کتاب تصنیف فرماکر قوم پر بڑا احسان کیا۔

(خط جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہٗ۔ گارڈن ریچ۔ کلکتہ ۲۴ مورخہ ۸ نومبر ۱۹۷۵ء)۔

۹۔ فُرفُرا شریف کا سالانہ جلسہ

(یہ سلسلہ ص ۲۴۵)

جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری تحریر فرماتے ہیں کہ فُرفُرا شریف ضلع ہوگلی میں ایصال ثواب کا سالانہ جلسہ انگریزی تاریخ کے حساب سے ۵ر۔ ۶ر۔ اور ۷ مارچ کو نہیں، بلکہ ہر سال ۲۱ر۔ ۲۲ر۔ اور ۲۳ر پھاگن بنگلہ فصلی کو منعقد ہوتا ہے۔ (خط جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہٗ۔ کلکتہ ۲۴۔ مورخہ ۲۹ اکتوبر ۱۹۷۵ء) سالانہ جلسہ کے انعقاد کی انگریزی تاریخیں جناب مولانا عبدالسلطان صاحب سابق مدرس مدرسہ فتحیہ فُرفُرا شریف ضلع ہوگلی نے تحریر فرمایا تھا (خط مورخہ ۶ اگست ۱۹۷۴ء)۔ انگریزی اور بنگلہ فصلی تاریخوں میں کوئی خاص فرق نہیں ہے۔ بنگلہ فصلی پھاگن کی ۲۱ر۔ ۲۲ر۔ اور ۲۳ر تاریخیں عموماً ۴ر۔ ۵ر۔ اور ۶ مارچ کو ہوتی ہیں۔ اور کبھی کبھی ۵ر۔ ۶ر۔ اور ۷ مارچ کو بھی، جیسے ۱۹۳۷ء، ۱۹۳۹ء، ۱۹۷۴ء اور ۱۹۷۵ء میں۔

۱۰۔ مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقیؒ کے خلفا اور مریدین

(یہ سلسلہ ص ۲۴۷، ص ۲۴۹، ص ۲۵۰ اور ص ۲۸۸

(۱) جناب مولانا شاہ صوفی رُوح الامین صاحبؒ بشیرہاٹ (ص ۲۴۷، ص ۲۵۰)۔

Marfat.com

حضرت مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح کی جو سوانح حیات بنگلہ زبان میں اُن کے خلیفہ مولانا روح الامین صاحب نے شائع کیا تھا اس میں ۴۵۹ صفحات ہیں۔ حضرت مولانا محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح کی سوانح حیات کے سلسلہ میں یہ کتاب نقش اوّل کی حیثیت رکھتی ہے۔ فُرفُرا شریف ضلع ہوگلی (دیکھئے ص ۲۳۶) کے بارے میں مولانا نے تحریر فرمایا ہے کہ فُرفُرا شریف میں ایک مقام شہید گنج کے نام سے مشہور ہے۔ وہاں مسلمان فوجی شہید ہوئے تھے۔ دوسری جگہ صوفی جنگل کہلاتی ہے۔ وہاں صوفی سپاہی سکونت پذیر رہتے۔

(خط جناب مولانا زین العابدین صاحب خزی کلکتہ ۲۴، مورخہ ۴ دسمبر ۱۹۷۵ء)

(۲) ص ۲۴۹ مولانا عبدالعزیز صاحب کنک پوری رح:۔

مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح کے ایک نامور خلیفہ مولانا عبدالعزیز صاحب کنک پوری رح تھے۔ آپ ضلع ہوگلی کے ہری پال تھانہ میں وہاں سے چند میل کے فاصلہ پر کنک پور گاؤں میں پیدا ہوئے۔ ہندوستان کے بہت سے مشہور مدرسوں خصوصاً مدرسہ سہارن پور میں تعلیم حاصل کی۔ بڑے جیّد عالم اور عارف کامل تھے۔ طبیعت میں سخاوت اور فیاضی کا مادّہ بہت تھا، کتب بینی اور خدمتِ خلق میں مصروف رہتے تھے۔ مولانا کے ذاتی کتب خانہ میں حدیث، تفسیر، فقہ، اصول فقہ، بلاغت اور تصوّف کی بہت ساری کتابیں موجود ہیں۔ زیادہ تر کتابیں عربی اور فارسی میں ہیں۔ مولانا عبدالعزیز صاحب کنک پوری رح کے صاحبزادے ممتاز المحدّثین جناب مولانا ہدایت اللہ صاحب مدظلہٗ بہت ہی لائق و فائق عالم دین ہیں۔

Marfat.com

(خط جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہ، کلکتہ ۲۴ مورخہ ۸ نومبر ۱۹۷۵ء)

(۳) مولانا شاہ محمد ابوبکر صاحب صدیقی رح کے مریدوں میں (ص ۲۸۸) ایک بزرگ اور جید عالم مولانا شاہ صوفی محمد ایوب صاحب مدظلہ ہیں۔ ضلع ہوگلی کے جنوبی حصہ میں دان کونی اسٹیشن کے پاس متھورڈانگہ میرگلہ میں پیدا ہوئے۔ گارڈن ریچ ضلع چوبیس پرگنہ (کلکتہ ۲۴) کے پالچوڑ میں آپ کی شادی ہوئی۔ بڑی محنت اور جانفشانی سے آپنے تعلیم حاصل کی اور مدرسہ عالیہ کلکتہ سے ممتاز المحدثین کی سند حاصل کی۔ نہایت فصیح البیان مقرر ہیں۔ اپنی تقریروں میں اکثر دیوان وسیع کے اشعار پڑھتے ہیں۔ ابھی حیات ہیں۔ لیکن کافی ضعیف ہو چکے ہیں۔

(خط جناب مولانا زین العابدین صاحب اختری مدظلہ۔ کلکتہ ۲۴۔ مورخہ ۳ جنوری ۱۹۷۶ء)

۱۱- اولاد امجاد حضرت حامد حسن صاحب علوی قدس سرہٗ

(بہ سلسلہ ص ۳۵۵)

حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی قدس سرہٗ کے چھوٹے پوتے عبدالسبحان صاحب کی شادی اعلیٰ حضرت مولانا محمد سعید خان صاحب قبلہ ادام اللہ فیوضہٗ کے مشورہ سے بحری آباد ضلع غازی پور کے حافظ ذکی اشرف صاحب فاروقی کی چھوٹی صاحبزادی سے ہوئی ہے۔ بحری آباد کے فاروقی خاندان کا تعلق ولید پور ضلع اعظم گڑھ (فوٹ نوٹ ص ۳۷۲) سے ہے۔

حضرت حافظ حامد حسن صاحب علویؒ کی سب سے چھوٹی پوتی بی بی رضیہ سلطانہ کی شادی

Marfat.com

بڈو پور تھانہ شاہ گنج ضلع جون میں ہوئی ہے۔

(بحوالہ جناب مولانا عبدالوہاب صاحب اصلاحی کوہنڈہ، بمقام منگرانواں شریف ضلع اعظم گڈھ ۲ر فروری ۱۹۷۶ء)

۱۲۔ جناب بابو محمد اسرار الحق خاں صاحب مدفیوضہٗ

(بسلسلہ فٹ نوٹ ص۳۶۷ اور ص۴۰۴)

(۱) اعلیٰ حضرت قبلہ عالم مولانا محمد سعید خاں صاحب قدس سرہٗ کے بڑے نواسے محترم المقام جناب بابو محمد اسرار الحق خاں صاحب مدظلہٗ اس سال حج بیت اللہ کو تشریف لے گئے تھے۔ وہاں سے ۲۶ر جنوری ۱۹۷۶ء کو اعظم گڈھ واپس آئے۔ سفر حج پر روانگی سے قبل عرب مسجد، مدن پورہ بمبئی ۸ میں ایک آدمی اور اس مبارک و مسعود سفر سے واپسی کے بعد اس مسجد میں ۱۳ آدمی موصوف کے دست حق پرست پر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ ان میں سے اکثر مراٹھی نوجوان ہیں۔

(خط جناب بابو محمد اسرار الحق خان صاحب مدظلہٗ۔ جامع مسجد اعظم گڈھ۔ مورخہ ۲۸ر جنوری ۱۹۷۶ء)۔

(۲) بابو محمد اسرار الحق خاں صاحب مدفیوضہٗ نے ایل۔ ایل۔ بی کا فائنل امتحان دیدیا ہے۔ امتحان کا ریزلٹ جلد ہی شائع ہونے کی امید ہے۔

(۳) آپ کے صاحبزادے بابو کاشف اسرار ۲۰ر مارچ ۱۹۷۵ء کو اپنی ننھیال میں پیدا ہوئے ان کا نام اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ نے رکھا۔ (منگرانواں شریف ضلع اعظم گڈھ۔ ۵ر فروری ۱۹۷۶ء)

Marfat.com

۱۳- جناب مولانا مخلص الرحمٰن صاحبؒ - ڈھاکہ

(بہ سلسلہ ص ۴۱۴)

اعلیٰ حضرت قبلہ عالم الحاج مولانا محمد سعید خاں صاحب قدس سرہٗ کے خلیفہ جناب مولانا مخلص الرحمٰن صاحبؒ۔ اسلام مشن ۱ ریل گیٹ، تیج گاؤں، ڈھاکہ ۸ (بنگلہ دیش) نے یکم اگست ۱۹۷۵ء کو دوپہر کے وقت ڈھاکہ میں انتقال فرمایا۔

(خط جناب سید عبدالسلام صاحب وکیل۔ جدوناتھ باسک لین۔ ڈھاکہ ۱ مورخہ ۵ اگست ۱۹۷۵ء)

جناب مولانا مخلص الرحمٰن صاحبؒ تھانہ رام گنج ضلع نواکھالی کے رہنے والے تھے۔ مشرقی بنگال میں آپ کی مساعی جمیلہ سے حضرت صوفی سید فتح علی صاحبؒ کے سلسلہ کو بڑی ترقی حاصل ہوئی۔ جناب حاجی غلام مولیٰ اور جناب حاجی غلام کبریا دونوں آپ کے بھتیجے ہیں اور ان دونوں کو اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ سے شرف بیعت حاصل ہے۔

۱۴- معذرت

(بہ سلسلۂ فہرست مریدین اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ ص ۴۱۶-۴۱۳)

ناچیز راقم السطور کو نہایت ہی افسوس ہے کہ فریضۂ حج کی ادائیگی کے سلسلہ میں محترم المقام جناب اسرار الحق خاں صاحب مدفیوضہٗ کی اعظم گڈھ میں غیر موجودگی، ذرائع تحقیق کی بعض وقتی ناگزیر دشواریوں اور بعض غلط فہمیوں کی بنا پر ہادینا و مرشدنا حضرت مولانا محمد سعید خاں صاحب

Marfat.com

قبلہ قدس سرہٗ کے مریدین کی فہرست میں بعض ایسے تربیتی متوسلین اور معتقدین کے نام بھی شامل ہو گئے ہیں، جن کو اعلیٰ حضرت قبلہ عالمؒ سے شرف بیعت حاصل نہیں ہے۔ اِن میں سے بعض حضرات ایسے ہیں، جن کو اعلیٰ حضرت قبلہ عالم ادام اللہ فیوضہٗ کے پیر و مرشد حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی قدس سرہٗ، اُن کے کسی خلیفہ یا سلسلہ کے کسی صاحب اجازت سے شرف بیعت حاصل ہے اور بعض کو یہ شرف ابھی حاصل نہیں ہو سکا ہے۔

کتاب کا یہ حصّہ چھپتے ہی بطور نمونہ اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کی خدمت بابرکت میں سنیچر ۲۴ جنوری کو روانہ کیا گیا، جو اعظم گڑھ میں ۲۶ کو موصول ہوا۔ اُسی روز جناب بابو محمد اسرار الحق خان مدظلہٗ سفر حج سے اعظم گڑھ واپس آئے۔ اعلیٰ حضرت قبلہ عالمؒ نے کتاب کے اس حصّہ کا مطالعہ فرمانے کے بعد ۹ ایسے ناموں کی نشاندہی کی جن کو حضور قبلہ قدس سرہٗ سے شرف بیعت حاصل نہیں ہے اور ناچیز کو مطلع کرنے کا حکم دیا۔ اسرار بابو نے ۲۸ جنوری کو مجھے خط لکھا، جو جمعہ ۳۰ جنوری ۱۹۷۶ء کو ملا۔

چونکہ اصولی طور پر صوفیائے کرام کے یہاں اس بات کی بڑی اہمیت ہے اور بیعت کے سلسلے میں اس ضابطہ کی بڑی سختی سے پابندی کی جاتی ہے۔ اس لئے حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رحؒ کے سلسلہ سے وابستہ ہونے کے باوجود، کتاب کو اس قسم کی اصولی غلطی سے پاک رکھنے اور کسی قسم کی غلط فہمی کے احتمال سے فہرست مریدین کی تصحیح ضروری اور لازمی ہو گئی۔

جناب ڈاکٹر امتیاز احمد گریڈیہہ (۳۱۲) اور جناب محمد عبد الجمیل صاحب بنگلور (۴۴۴) کو اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ سے شرف بیعت حاصل نہیں ہے۔ جناب عبد الجمیل صاحب

Marfat.com

بنگلور اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرّہٗ کے خلیفہ جناب مولانا آزاد رسول صاحب مدظلہٗ نئی دہلی (ر۱) کے متوسلین میں ہیں۔ جناب سیّد امتیاز احمد صاحب کراچی (ر۲۸) کو بھی اعلیٰ حضرت قبلہ رح نے ان لوگوں میں شامل کیا تھا، جن کو حضور قبلہ قدس سرّہٗ سے شرف بیعت حاصل نہیں ہے لیکن محترم المقام مرشد زادہ جناب عضد الدین خاں صاحب مدفیوضہٗ نے راقم السطور کو یکم فروری ۱۹۷۶ء کو منگرانواں شریف میں بتلایا کہ جناب سیّد امتیاز احمد صاحب کراچی کو اعلیٰ حضرت قبلہ قدس سرہٗ سے شرف بیعت حاصل ہے۔

جناب سید محمد مجیب الرحمٰن صاحب جمشید پور (سلسلہ وار نمبر ۲) کو حضرت حافظ حامد حسن صاحب علوی رح کے خلیفہ جناب حکیم سید شاہ محمد احسن صاحب الہ آبادی رح (ر۳ ص۳۶۸) سے؛ جناب عبدالحلیم صاحب سفیدیان ضلع پورنیہ (ر۳) کو اپنے والد محترم اور حضرت علوی رح کے خلیفہ جناب صوفی عبدالستار صاحب رح (ر۱۲ ص۳۶۹) سے؛ جناب حاجی محمد اسحاق صاحب عید مرحوم، مالی گاؤں ضلع ناسک (ر۷) کو حضرت علوی رح کے خلیفہ جناب مولانا عبدالرؤف صاحب رح سنوضلع اعظم گڑھ (ر۹ ص۳۶۸) سے؛ جناب مولوی مصباح الدین صاحب مرحوم جلال پور ضلع فیض آباد (ر۱۱) کو حضرت علوی رح کے خلیفہ جناب محی الدین خاں صاحب جمعدار مرحوم بربریا ضلع اعظم گڑھ (ر۷ ص۳۶۸) سے؛ جناب مولوی عبدالوہاب صاحب اصلاحی، کوہنڈہ ضلع اعظم گڑھ (ر۱۷) کو حضرت علوی رح کے خلیفہ مولوی عبدالسلام صاحب گرام پارا ضلع اکیاب (برما) (ر۲۵ ص۳۶۹) سے اور جناب حاجی محمد کتاب اللہ صاحب مدن پورہ بمبئی ۸ (ر۲۰) کو اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرّہٗ کے خلیفہ جناب مولوی عبدالحکیم صاحب بخش پور ضلع اعظم گڈھ (ر۶) سے شرف بیعت حاصل ہے۔

Marfat.com

۱۵۔ شیخ طریقت غوث زماں ماویٰ دنیا و مرشدنا الحاج الحافظ حضرت مولانا محمد سعید خاں صاحب قبلہ قدس سرہٗ کا انتقال پُر ملال

اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کو کبھی کبھی ریاحی درد کا دورہ ہوتا تھا۔ اور ایسے موقعوں پر پائے مبارک میں انگوٹھے کے پاس تکلیف بڑھ جاتی تھی۔ اس سلسلہ میں کئی بار اعظم گڑھ اور پٹنہ میں جانچ پڑتال بھی ہوئی اور دوائیں تجویز کی گئیں۔ کبھی کبھی دوائیں زیر استعمال بھی رہتی تھیں۔ لیکن دواؤں کی طرف زیادہ توجہ نہ تھی اور کسی خاص دوا کو طویل عرصہ تک استعمال کرنا پسند نہیں فرماتے تھے۔ ستمبر ۱۹۷۳ء کے بعد اعلیٰ حضرت قبلہ نے کوئی سفر نہیں کیا اور اعظم گڑھ سے باہر تشریف نہیں لے گئے۔

اوائل نومبر ۱۹۷۵ء میں بھی ریاحی درد کا دورہ ہوا تھا۔ لیکن پٹنہ میں کسی ذریعہ سے اس کی خبر نہیں ہو سکی اور نہ اعلیٰ حضرت قبلہ نے اپنے کسی خط میں اس بات کا ذکر فرمایا۔ بعد میں یہ خبر جناب عبدالحلیم صاحب ہفنیان ضلع پورنیہ کے خط سے معلوم ہوئی۔ نومبر میں اعلیٰ حضرت قبلہ نے اس ناچیز غلام کو پانچ خطوط لکھے۔ لیکن پانچوں خط میں تحریر فرمایا کہ "الحمد اللہ بخیریت ہوں"۔

عام طور پر مہینے میں حضور قبلہ قدس سرہٗ کے چھ سات خطوط ملتے تھے۔ لیکن خلاف توقع دسمبر ۱۹۷۵ء میں کوئی خط نہیں ملا۔ سخت اضطراب، پریشانی اور بے چینی کی کیفیت تھی۔

Marfat.com

لیکن بقرعید کے موقع پر جناب اعجاز احمد صاحب پٹنہ سے اعظم گڑھ گئے اور خدمت عالی میں حاضر ہوئے۔ اعظم گڑھ سے اُن کی واپسی کے بعد اعلیٰ حضرت قبلہ کی خیر و عافیت معلوم کر کے خوشی ہوئی اور اضطراب دُور ہوا۔ لیکن جنوری میں بھی خط بہت کم آیا۔ ۶ر جنوری کو خط کے ذریعہ مطلع فرمایا کہ "الحمد اللہ بخیریت ہوں۔ بُک پوسٹ مل گیا۔ صحّت ٹھیک ہے"۔ ۱۹ر جنوری کو تحریر فرمایا کہ "الحمد اللہ بخیریت ہوں، ممکن ہے کہ اسرار اعظم گڑھ ۲۵ر تک آجائیں۔ بمبئی سے ۱۶ر کو تار آیا کہ بخیریت پہنچ گئے ہیں۔" آخری خط جو ۲۵ر جنوری کو روانہ کیا اس میں تحریر فرمایا کہ "الحمد اللہ بخیریت ہوں۔ کل ۲۶ر کو اسرار اعظم گڑھ پہنچ رہے ہیں۔"

میری ہدایت پر میرے ایک عزیز بھائی نے جناب بابو محمد اسرار الحق خاں صاحب محترم سے عرب مسجد۔ مدن پورہ۔ بمبئی ۸ میں ملاقات کر کے مجھے مطلع کیا کہ اسرار بابو ۳۰ر تک اعظم گڑھ روانہ ہو رہے ہیں۔ لیکن جب اعظم گڑھ سے محمد ریاض صاحب موزے والے بمبئی پہنچے اور اُن سے اسرار بابو محترم نے اعلیٰ حضرت قبلہ عالم کی خیر و عافیت دریافت کیا۔ ریاض صاحب نے بتلایا کہ اعلیٰ حضرت فرما رہے تھے کہ "اسرار آجاتے تو آرام سے سو جاتا"۔ اسرار بابو بمبئی میں کچھ اور قیام کرنا چاہتے تھے۔ لیکن اعلیٰ حضرت قبلہ عالم کی زبان مبارک سے "آرام سے سو جاتے" کے الفاظ معلوم کر کے فوراً اعظم گڑھ روانہ ہوئے۔ اور وہاں ۲۶ر جنوری کو پہنچے۔

آئینہ ویسی کے صـ ۳۸۵ سے صـ ۴۸۰ تک ۹۶ صفحات طبع ہونے کے بعد ۲۴ر جنوری کو اعلیٰ حضرت قبلہ کی خدمت میں روانہ کئے گئے تھے، جو خدمت عالی میں ۲۶ر کو موصول ہوئے۔

اس کو مطالعہ فرما کر مسرّت اور شادمانی کا اظہار فرمایا اور ۲۸ جنوری کو اسرار بابو کو بتلایا کہ مریدوں کی فہرست میں ۹ ایسے آدمیوں کے نام شامل ہو گئے ہیں۔ جن کو اعلیٰ حضرت قبلہ سے شرف بیعت نہیں ہے اور ہدایت کی کہ ناچیز راقم السّطور کو اس سلسلہ میں مطلع کیا جائے۔ چنانچہ اسرار بابو نے اس ناچیز غلام کو ۲۸ کو خط لکھا، جو ۳۰ جنوری کو ملا۔

اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرّہٗ کو جمعرات ۲۹ جنوری تک کوئی تکلیف نہ تھی۔ لیکن جمعہ ۲۷ محرم الحرام ۱۳۹۶ھ = ۳۰ جنوری ۱۹۷۶ء کو صبح ۸ بجے طبیعت کی خرابی کا حال بتلایا۔ ریاحی درد کے باعث جسم کے بالائی حصّہ میں سر مبارک تک سخت تکلیف تھی۔ کئی بار اسرار بابو سے تیل مالش کرایا۔ اسی درمیان میں قے ہوئی۔ جس سے کچھ سکون ہوا۔ مولانا اسلم جیراج پوری مرحوم کے صاحبزادے جناب ڈاکٹر محمد معظّم صاحب نے آکر دیکھا۔ دوا تجویز کی۔ لیکن ریاحی درد کی جو دوا قبل سے زیر استعمال رہتی تھی اس کی ایک خوراک کھایا۔ ساڑھے دس بجے سوئف کھایا۔ گیارہ بجے اگربتّی اور لوبان جلانے کو کہا۔ اندازہ ہے کہ اسی وقت سے فرشتوں اور روحانین کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا۔ جمعہ کے بعد غسل کمرے میں کئی بار ہاتھ پھیلاتے تھے اور سینہ مبارک تک لاتے تھے۔ اس درمیان میں بار بار کمرہ بند کرنے کا حکم دیا اور بار بار اسرار کو اپنے پاس بلاتے رہے۔ کمرہ میں ایک دو بار حضرت عالیہ مدظلہا بھی تفتیش حال کے لئے تشریف لے گئی تھیں۔ عصر کے وقت تک یہی حال رہا۔ چار بجے جب جامع مسجد میں مؤذن نے اذان پکارا اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ختم کر کے اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ پر پہنچا کہ روح پاک حسبِ عنصری سے پرواز کر گئی۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن۔

مشرقی ٹونس کی وادی میں روح آباد کچھوچھہ شریف ضلع فیض آباد میں ایک
غوثِ وقت حضرت مخدوم سید اشرف جہانگیر سمنانی رحمۃ اللہ علیہ نے ۲۸ محرم الحرام
۸۰۸ھ = ۲۶ جولائی ۱۴۰۵ء کو انتقال فرمایا تھا اور اسّی سال بعد اسی ندی کی وادی
میں کچھوچھہ شریف سے ۳۷ میل (۶۰ کیلومیٹر) کے فاصلہ پر اعظم گڑھ میں ۲۷ محرم الحرام
۱۳۹۶ھ = ۳۰ جنوری ۱۹۷۶ء کو ایک دوسرے غوث وقت حضرت مولانا محمد
سعید خاں صاحب قبلہ قدس سرہٗ کا انتقال ہوا۔ ٹونس ندی تو کتنی خوش نصیب
ہے کہ صرف پچاس میل (۸۰ کیلومیٹر) کے فاصلہ پر تیسری وادی میں دو غوثِ
وقت آرام فرما ہیں۔

مرشد زادہ محترم المقام جناب محمد عضد الدین خان صاحب مدظلہ کو
علی گڑھ بذریعہ ٹیلی فون ٹرنک کال ساڑھے پانچ بجے شام میں اعلیٰ حضرت قبلہ
عالم قدس سرہٗ کے انتقال پر ملال کی خبر دی گئی۔ وہ فوراً اسٹیشن آئے اور ٹرین
کے متعلق معلومات حاصل کر کے مکان گئے اور پھر فوراً اسٹیشن جا کر ڈبی کلس اکسپریس
سے روانہ ہوئے۔ صبح بنارس پہنچے اور ۳۱ جنوری کو صبح ۸ بجے اعظم گڑھ پہنچ گئے
جناب مرشد زادہ صاحب محترم کے اعظم گڑھ پہنچتے ہی تقاضائے بشریت
تحت گھر میں کہرام مچ گیا۔ تمام لوگ علی حضرت قبلہ عالم کے انتقال کے صدمہ سے بے
ہو کر رونے لگے۔ حضور قبلہ قدس سرہٗ کے چھوٹے بھائی جناب مولوی محمد مسعود
صاحب وکیل ام۔ ال۔ اے، جو بڑی جرأت اور ہمت کے انسان ہیں اور جنہیں اس
قبلہ کے انتقال کے بعد گذشتہ شام کو اعظم گڑھ جیل سے تین روز کے لئے پیرول

Marfat.com

کیا گیا تھا۔ وہ مرشد زادہ محترم کو دیکھتے ہی پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ لیکن جس طرح ۳۰ ستمبر ۱۹۵۹ء کو شیخ طریقت حضرت حامد حسن صاحب علویؒ کے انتقال کے موقع پر خداوند قدوس نے اعلیٰ حضرت قبلہ عالم میں صبر و سکون کی جو غیر معمولی صلاحیت پیدا کر دی تھی، صبر کی وہی بے پناہ طاقت ۳۱ جنوری کو جناب مرشد زادہ صاحب محترم کو بخش دی اور انہوں نے کمال صبر و رضا کے ساتھ سب کو خاموش کیا۔ سب کی ڈھارس بندھائی اور تجہیز و تکفین کے کاموں میں مصروف ہو گئے۔

ٹیلی فون کے سلسلہ میں بھی ایک عجیب بات یہ ہوئی کہ علی گڑھ میں پہلے مرشد زادہ صاحب محترم کے ٹیلی فون کا نمبر ۱۵۱۸ تھا۔ کچھ دنوں قبل یہ نمبر ۴۵۱۸ ہو گیا۔ اس سال بقرعید کے موقع پر جب مرشد زادہ صاحب اعظم گڑھ تشریف لائے تو اعلیٰ حضرت قبلہ قدس سرہٗ نے ان سے ٹیلی فون نمبر کی تبدیلی کے بارے میں دریافت فرمایا اور دو تین بار اس نمبر کو دہرایا۔ اور بعد میں اسے نوٹ کر دیا۔ چنانچہ انتقال پُر ملال کے بعد اس نئے نمبر سے رابطہ قائم کیا گیا۔ بغیر کسی انتظار اور دشواری کے علی گڑھ سے ٹیلی فون کا رابطہ فوراً قائم ہوا اور مرشد زادہ محترم کو جلد سے جلد اس جاں دشمن جانکاہ کی اطلاع ہو گئی اور وہ بغیر کسی تاخیر کے اعظم گڑھ روانہ ہوئے۔

بزرڑیل شریف ضلع ہوگلی کلکتہ۔ ڈھاکہ۔ پٹنہ۔ گیا۔ جمشید پور۔ رفیع گنج ضلع اورنگ آباد کے متوسلین کو بذریعہ اکسپریس ٹیلی گرام خبر کی گئی۔ اعظم گڑھ تار آفس والوں نے یقین دلایا کہ دو گھنٹے کے اندر ہر جگہ تار مل جائے گا۔ لیکن کہیں بھی تار پندرہ گھنٹے سے قبل نہیں مل سکا کاش اعلیٰ حضرت قبلہ عالم کے انتقال پُر ملال کی خبر کا یہ اکسپریس ٹیلی گرام

دس گھنٹے کے اندر بھی مل سکتا، تو اکثر و بیشتر متوسلین کو نماز جنازہ میں شرکت کی سعادت حاصل ہو جاتی۔

کچھ دنوں سے اعلیٰ حضرت قبلہ عالم زیادہ تر شمالی رُخ والے اُس کمرہ میں رہتے تھے۔ جہاں بچے پڑھتے ہیں اور صرف رات کو سونے کے وقت پچھمی رُخ والے کمرہ میں تشریف لیجاتے تھے۔ اسی شمالی رُخ والے کمرہ میں آپ کا وصال ہوا اور وہیں سامنے صحن میں آپ کو غسل دلایا گیا۔ غسل دلانے میں اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کے دونوں صاحبزادے بابو محمد ظفر الدین خان، بابو محمد عضد الدین خاں، آپ کے نواسے بابو محمد اسرار الحق خاں آپکے چھوٹے بھائی جناب مولوی محمد مسعود خاں صاحب وکیل اور جناب خدا یار خاں شامل تھے۔ جناب معین الجبار خاں صاحب جو ان باتوں کا کافی تجربہ رکھتے ہیں، غسل دلاتے وقت ضروری ہدایات دے رہے تھے۔ اعلیٰ حضرت قبلہ عالم کے جسد اطہر میں حسب سابق نرمی اور لچک موجود تھی۔ چہرۂ مبارک پر آثار مسرت و شادمانی اور لبوں پر وصال جاناں کے تبسم کی دیدنی۔

غسل دلانے کے بعد میت کو کچھ دیر اُسی کمرہ میں جہاں انتقال ہوا تھا اُسی جگہ ایک چٹائی پر رکھا۔ پھر جامع مسجد لائے۔ جامع مسجد کے بیرونی حصہ والی عمارت میں دس بج کر ۳۵ منٹ پر نماز جنازہ ہوئی۔ شہر کے ہزاروں آدمی نماز جنازہ میں شریک ہوئے۔ مرشد زادہ جناب محمد عضد الدین صاحب محترم نے نماز جنازہ پڑھائی۔

جسد اطہر کو ایک ٹرک پر رکھ کر ساڑھے بارہ بجے دن میں منگرانواں لائے۔ منگرانواں اور اطراف کے لوگ یہاں منتظر تھے۔ منگرانواں میں چار بجکر ۴۵ منٹ پر پھر نماز جنازہ ہوئی۔ اعلیٰ حضرت قبلہ کے آبائی وطن نوناری کے پاس بکھرا علاقہ پھولپور کے

جناب حافظ عبدالرحمٰن صاحب مدظلہٗ، جنہوں نے اعلیٰ حضرت قبلہ عالم کو قرآن پاک حفظ کرایا تھا، نماز جنازہ پڑھائی۔ ۵ بجے شام میں جناب محمد اظہار الحق صاحب، مرشد زادہ محمد عضد الدین خاص صاحب، بابو محمد اسرار الحق خاں اور جناب محمد حنیف صاحب اعظم گڈھ نے جسد اطہر کو قبر میں اُتارا اور ۵ ½ بجے مملکت سلوک و عرفان کے تاجدار، ہزاروں دلوں پر حکومت کرنے والے شہنشاہ عالی جاہ، دُنیائے اسلام کے اُس عظیم رُوحانی پیشوا اور تلقین و ارشاد کے اُس آفتاب عالم تاب کی لاش مبارک کو سپرد خاک کرنے کا کام مکمل ہوا۔ جس نے گذشتہ ۳۵ سال سے اللہ کے بندوں کو اللہ سے ملانے کے لئے کبھی آرام نہیں کیا تھا اور جس کی کوششوں سے ہزاروں دل سوز محبت سے آشنا ہو کر نور عرفان سے جگمگا اُٹھے تھے۔ آخر عشرہ رمضان المبارک ۱۳۲۵ھ = اوائل نومبر ۱۹۰۷ء کی پیدائش تھی انتقال کے وقت عمر شریف قمری سال کے مطابق ۷۰ سال ۴ ماہ کی اور شمسی سال کے مطابق ۶۸ سال دو ماہ تقریباً ۲۵ یوم کی تھی۔

اسرار بابو کی طرف سے اعلیٰ حضرت قبلہ عالم کے انتقال پُر ملال کا اکسپریس تار جو اعظم گڈھ سے ۳۰ جنوری کو ۵ ½ بجے شام میں روانہ کیا گیا تھا۔ ناچیز راقم السطور کو ۳۱ جنوری ۱۹۷۶ء کو ۹ ½ بجے صبح ملا۔ اس حادثہ فاجعہ کی خبر کے لئے تیار نہ تھا۔ دل پر جو گذری، اُس کا بیان ممکن نہیں۔ اہلیہ رونے لگیں۔ بچے سوگوار ہو گئے۔ فوراً تیار ہوا۔ ڈاکٹر شمس الدین صاحب کے یہاں خبر کیا۔ باقر گنج جا کر ڈاکٹر محمد ادریس صاحب کے یہاں اطلاع دیا۔ پھر ہمدرد دواخانہ جا کر اعجاز احمد صاحب سے ملا۔ دس بجے کے بعد پچھم جانے والی سب سے پہلی ٹرین اپر انڈیا اکسپریس تھی۔ اُس سے اعظم گڈھ روانہ ہونے کا فیصلہ کیا گیا۔

Marfat.com

کالج آیا، فرصت کی درخواست دی اور انتہائی ضبط کے باوجود بادیدۂ گریاں پرنسپل سے ملا۔ گھر آیا، سوا گیارہ بجے روانہ ہوا، اسٹیشن آیا اور ڈاکٹر محمد ادریس صاحب، اُن کی اہلیہ، اُن کی دو چھوٹی بچیوں، اعجاز احمد صاحب، عزیزی محمد شمیم کلاتھ مرچنٹ اور عزیزی شمس الہدیٰ استھانوی کے ساتھ ۱۲ بجکر ۵۰ منٹ پر اعظم گڈھ روانہ ہوا۔ چھ بجے بنارس پہنچا۔ نماز مغرب کے بعد ٹیکسی سے روانہ ہوا۔ ½ ۸ بجے پرندا بازار میں دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ ½ ۵ بجے شام کو منگرانواں میں جسد اطہر کی تدفین کا کام مکمل ہوا۔ آخری دیدار کی سعادت نصیب نہیں ہوئی۔ تار غیر معمولی تاخیر سے ملنے کے باعث اس طرح کا خطرہ موجود تھا۔ پھر روانگی سے قبل پٹنہ میں جناب مرشد زادہ صاحب محترم کا وہ خط ساڑھے دس بجے دن میں مل گیا تھا، جو موصوف نے علی گڑھ سے روانگی کے بعد ٹرین ہی میں تحریر فرما کر ٹاٹا نگر جانے والے جناب قمر صاحب کے حوالہ کیا تھا کہ پٹنہ میں وہ خط اعجاز صاحب، ڈاکٹر محمد ادریس صاحب یا ناچیز راقم الحروف کو پہنچا دیا جائے۔ خط میں لکھا تھا کہ ظہر کے وقت تک باہر سے آنے والوں کا اعظم گڈھ میں انتظار کیا جائے گا۔ پرندا بازار سے ٹیکسی منگرانواں کی طرف موڑ دی گئی اور پونے نو بجے شب میں مرشد زادہ جناب ظفر الدین خاں صاحب کے دولت کدہ پر پہنچے۔ ظفر الدین بابو کو بالکل خموش، سراپا غم و اندوہ پایا۔ اعلیٰ حضرت کے برادر عزیز محترمی جناب مولوی محمد مسعود خاں صاحب وکیل ام۔ ال۔ ال۔ بے موجود تھے۔

نماز عشا پڑھ کر سو گئے۔ صبح نماز کے بعد منگرانواں گاؤں سے اُتر سڑک کے کنارے اپنے آقا کے مزار شریف پر دربار عالی میں حاضر ہوئے۔ فاتحہ پڑھا۔ بیٹھ

گئے۔ تسلیم محبت کی خطر بیزیاں یاد آنے لگیں۔ کثرتِ جنون و ملال سے عالم بے خودی میں صبر و ضبط کا بند ٹوٹ گیا۔ قلب و جگر سے آہ و بکا، نالہ و فریاد اور آنکھوں سے سیلاب اشک جاری ہوا: ؎

جاں زتن بُردی و در جانی ہنوز — دردہا دادی و درمانی ہنوز
آشکارا سینہ ام بشگافتی — ہم چناں در سینہ پنہانی ہنوز
ملک دل کردی خراب از تیغ ناز — ویدراں ویرانہ سلطانی ہنوز

تقریباً ایک گھنٹہ بے خودی کی یہ کیفیت طاری رہی۔ آخر اعجاز احمد صاحب نے سنبھالا اور سہارا دیا۔ پھر مکان پر واپس آیا۔ کچھ دیر بعد اعظم گڑھ سے مرشد زادہ جناب عضد الدین خاں صاحب اور محمد اسرار الحق خاں صاحب آگئے۔ ان دونوں سے ملا اور اعلیٰ حضرت قبلہ عالم کی علالت، انتقال پُر ملال اور جسد اطہر کی تدفین وغیرہ کے سلسلہ میں مفصل معلومات حاصل ہوئیں۔

۱۶۔ اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کا مزار پُر انوار

منگرانواں[1] سے تقریباً تین فرلانگ (۶۶۰ گز) کے فاصلہ پر جانب شمال پختہ سڑک کے کنارے متصل اُتر پوتے دو بیگھہ رقبہ کا اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ اور ان کے برادر عزیزی مولوی محمد مسعود خاں صاحب محترم کے نام کا ایک چک[1] ہے۔ اس چک

---

[1] موضع منگرانواں رائے پور۔ پتہ دیال پور، پرگنہ نظام آباد۔ تحصیل صدر ضلع اعظم گڑھ۔ یو۔ پی۔ کے جس قطعہ اراضی میں اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کا مزار مبارک ہے۔ اس میں ۱۳۴۲ھ کے کشت دار سرو

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۶۴ پر)

کے شمالی مغربی گوشہ میں اعلیٰ حضرت قبلہ کی قبر تیار کی جارہی تھی۔ لیکن منگرانواں پہنچنے پر مرشدزادہ جناب محمد عضدالدین صاحب محترم نے مزار مبارک کے پاس مسجد اور خانقاہ وغیرہ کی ضروریات کا خیال رکھتے ہوئے اس قطعہ اراضی میں قدرے شمال مشرق کی طرف قبر مبارک تیار کرائی اور وہیں دفن ہوئے۔

اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کا مزار پُر انوار آپ کے وطن موضع منگرانواں کے حدود اور اس موضع کے شمالی حصّہ میں ۲۵ درجہ ۵۵ دقیقہ ۲۱ ثانیہ شمالی عرض البلد اور ۸۳ درجہ ۳ دقیقہ ۲۱ ثانیہ مشرقی طول البلد اور بنارس اعظم گڈھ روڈ پر واقع بر ندرا بازار شہ راہا سے جنوب مشرق میں مینہ نگر اور کمہاریا کو جانے والی پختہ سڑک پر بر ندرا بازار سے ۱ر۳ کیلو میٹر یعنی ۳۳۹۰ گز کے فاصلہ پر واقع ہے (منگرانواں، اس کے محل وقوع اور ذرائع آمدورفت کے لئے ص۴۰۰ سے ص۴۰۳ تک ملاحظہ فرمائیں) مزار مبارک کے سامنے سے ۱۱۰ گز پچھم دائیں طرف

[بقیہ حاشیہ ص۵۶۳ کا]

کے مطابق چار سروے پلاٹ شامل ہیں۔ پختہ سڑک کے کنارے پچھم کی طرف سے تین چھوٹے چھوٹے پلاٹ ۵۳۱۷، ۵۳۱۸، اور ۵۳۱۹ ہیں اور ان تینوں کے اُتر ایک بڑا پلاٹ ۵۳۲۰ ہے لیکن اب ان پلاٹوں کی درمیانی حدیں باقی نہیں ہیں اور پورا کھیت ایک پلاٹ ہے۔ ۱۹۴۲ء کے سروے کے مطابق پلاٹ نمبر ۵۳۲۰ کے اُتر عبدالصمد صاحب مرحوم کی اہلیہ بی بی صابرہ خاتون کے تین پلاٹ ۵۳۲۱، ۵۳۲۲، اور ۵۳۲۳ ہیں۔ ۵۳۲۱ پورب میں اور ۵۳۲۳ پچھم میں ہے۔ تینوں پلاٹوں کی درمیانی حدیں اب بھی موجود ہیں۔ پلاٹ نمبر ۵۳۲۱ اور ۵۳۲۲ کی درمیانی میڑھ دکھن میں جس مقام پلینٹ نمبر ۵۳۲۰ کی شمالی میڑھ سے ملتی ہے اس مقام اتصال کے ٹھیک سامنے

(بقیہ حاشیہ ص۵۶۵ پر)

Marfat.com

تین کیلومیٹر کا پتّھر نصب ہے، جہاں سے کمہریا ۱۹ کیلومیٹر اور تروا ۲۶ کیلومیٹر پورب ہے۔ مزار مبارک کے سامنے سے ۱۳۰ گز پورب بائیں طرف دو میل کا کھمبا ہے۔ تین کیلومیٹر کے سنگی نشان سے سو میٹر (۱۱۰ گز) پورب سڑک کے وسطی حصّہ سے مزار مبارک کی مسجد کی جنوبی دیوار اور اس کا دروازہ ۱۱۰ فٹ اور خاص مزار مبارک ۱۵۰ فٹ اُتّر ہے۔

جس قطعہ اراضی میں مزار مبارک واقع ہے۔ اس کے جنوبی مشرقی گوشہ میں سڑک پر منگرانواں موضع کا بس اسٹینڈ ہے۔ بس اسٹینڈ کا نشان سڑک کے شمالی

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۶۴ کا]

پلاٹ نمبر ۵۳۲۰ میں پندرہ فٹ دکھن اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کا مزار مبارک ہے۔

جس قطعہ اراضی میں اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرّہٗ کا مزار مبارک واقع ہے سنہ ۱۹۶۲ء کے نئے سروے کے مطابق وہ چک ۲۲۴۷ اور ۲۲۴۸ دو سروے پلاٹ پر مشتمل ہے۔ ۲۲۴۷ کا رقبہ ۶۴۰ کڑی یعنی ۶۴ ڈِسمل اور ۲۲۴۸ جو قدرے چھوٹا اور شمالی مشرقی گوشہ میں ہے۔ اس کا رقبہ ۴۲۹ کڑی یعنی ۴۳ ڈِسمل ہے۔ پورے چک کا مجموعی رقبہ ۱۰۶۹ کڑی یعنی ایک ایکڑ ۷ ڈِسمل ہے، جو اس علاقہ کے پونے دو بیگھ کے برابر ہے۔ چک کے دکھّن پختہ سڑک ہے جس کا سروے پلاٹ نمبر ۲۲۲۴ ہے اور چک کے اُتّر اور پچھّم مسماۃ بی بی صابرہ خاتون کا چک ہے، جس کا نمبر ۲۲۴۰ اور رقبہ ۱۵ ایکڑ ۳۶ ڈِسمل ہے۔

جس قطعہ اراضی میں اعلیٰ حضرت قبلہ قدس سرّہٗ کا مزار مبارک واقع ہے وہ چک اُتّر میں ۳ جریب ۹۰ کڑی۔ پورب میں دو جریب ۷۰ کڑی۔ دکھّن میں ۴ جریب ۲۰ کڑی اور پچھم

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۶۸ پر)

Marfat.com

Marfat.com



۱۶-

نقشہ
شمالی حصّہ موضع منگرانوالاں ضلع اعظم گڑھ

پیمانہ

ایک انچ = ۲۲۰ گز



۱۷- مزار مبارک اور مسجد
حضرت مولانا محمد سعید خاں صاحب رح
پیمانہ: ایک انچ = ۲۴ گز یا ۷۲ فٹ

Marfat.com

کنارے کے درخت نمبر ۹ میں لگا ہوا ہے اور مزار مبارک اسی کنارے کے درخت نمبر ۶ اور ۷ کے درمیانی علاقہ کے سامنے ہے۔ بس اسٹینڈ کا سائن بورڈ ہندی میں ہے اور اس پر لکھا ہوا ہے۔ اتر پردیش راجیہ سڑک پری وہن نگم فیز اسٹاپ منگرانواں اعظم گڑھ۔ اس بس اسٹینڈ کے سامنے سے کنکر کی ایک اچھی سڑک دکھن میں گاؤں کو جاتی ہے۔ جس میں تقریباً ڈیڑھ فرلانگ (۳۳۰ گز) کے فاصلہ پر بائیں طرف ایک تالاب ہے اور تالاب کے شمالی کنارے پر پختہ سڑک کے سامنے مدرسہ ہے اور مدرسہ سے پورب جونیر ہائی اسکول ہے۔ یہ دونوں ادارے اعلیٰ حضرت کے برادر عزیز مولوی محمد مسعود خان صاحب وکیل ایم۔ ایل۔ اے کی کوششوں سے قائم ہوئے ہیں۔ کنکر والی سڑک کے پورب مدرسہ اور پختہ سڑک کے درمیان والی پوری زمین مدرسہ اور اسکول کی ہے۔

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۶۵ کا]

میں دو جریب ۱۰ کڑی ہے۔ اس طرح پورے حلقہ کی پیمائش ۱۱ جریب ۹۰ کڑی کے برابر ہے۔ فیتہ سے پیمائش کرنے میں اتر میں ۲۵۷ فٹ۔ پورب میں ۷۶ فٹ۔ دکھن میں ۲۷۴ فٹ اور پچھم میں ۱۳۲ فٹ ہے۔ یعنی پورے حلقہ کی پیمائش ۸۳۹ فٹ ہے۔ رقبہ ۴۰۸۸۷ مربع فٹ یا ۴۳۴۵ مربع گز ہے۔

تتبہ دیال پور پرگنہ نظام آباد میں ۱۸ انچ کا معیاری ہاتھ تسلیم کیا جاتا ہے اور ایک لٹھ ساڑھے چار ہاتھ یعنی ۶ فٹ ۹ انچ اور جریب کی دس کڑیوں کے برابر ہوتا ہے۔ ایک جریب میں ۱۰۰ کڑیاں ہوتی ہیں۔ ہر کڑی کی لمبائی ۸ انچ اور پوری جریب کی لمبائی ۶۶ فٹ ۸ انچ ہوتی ہے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۶۹ پر)

Marfat.com

اعلیٰ حضرت قبلہ کے مزار مبارک کے سامنے سے سوا دو فرلانگ (۵۴۵ گز) پچھم سے ایک دوسری سڑک بھی دکھن کی طرف گاؤں کو جاتی ہے۔ برندا بازار کی طرف سے آنے پر گاؤں میں جانے کے لئے پہلے یہی سڑک ملتی ہے۔ گاؤں کے قریب اس سڑک پر عیدگاہ اور قبرستان ہے۔ مدرسہ کے پاس تالاب کے سامنے دونوں سڑکوں کو ملا دیا گیا ہے۔ منگرانواں کالس اسٹینڈ پہلے اس سڑک پر تھا۔ لیکن بعد میں پورب والی سڑک کے مقام اتصال کے پاس منتقل کر دیا گیا

اعلیٰ حضرت قبلہ عالم کے مزار مبارک والے قطعہ اراضی کے اتر اور پچھم دونوں طرف عبدالصمد صاحب مرحوم کی بیوہ مسماۃ بی بی صابرہ خاتون کا چک ہے۔ جس میں دھان کی فصل ہوتی ہے اور اس چک کے اتر محکمہ تحفظ مویشیان کے مرکز کے ڈاکٹر انچارج کا مکان بنایا گیا ہے۔ بس اسٹینڈ کے پاس سے چک بندی نقشہ کے مطابق وہاں تک ایک سڑک بھی بنائی جائے گی۔ مزار مبارک والے چک کے دکھن پختہ سڑک ہے اور پورب میں چک بندی والی نئی سڑک کے بعد جناب عبدالرزاق صاحب کی کھلیان اور ان کا ٹیوب ویل ہے۔ یہیں ایک کمرہ میں تحفظ مویشیان کا مرکز ہے۔ سڑک کے دونوں طرف چائے کی ایک ایک دکان ہے۔ جنوبی دکان کے مالک

[بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۶۸ کا]

اس علاقہ کے سروے کی اصطلاحات میں کڑی کا لفظ ایک قسم کے رقبہ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس معنی میں ۲۸ کڑی کا ایک بسوہ اور ۵۶۰ کڑی کا ایک بیگھہ ہوتا ہے۔ دس کڑی کا ایک ڈسمل اور ایک ہزار کڑی کا ایک ایکڑ ہوتا ہے۔

Marfat.com

بدرالدین صاحب نے عبدالرزاق صاحب کے ٹیوب ویل سے کچھ پورب اپنا مکان بھی بنوالیا ہے اور وہ باہر سے آنے جانے والوں کے لئے کھانا بھی تیار کرنے کا خیال رکھتے ہیں۔ سڑک کے اُتر کھلیان میں عبدالوافی صاحب کی چائے کی دکان ہے۔

اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کا مزار مبارک چک کے شمالی مغربی گوشہ سے ۱۵۰ فٹ پورب قدرے دکھن، شمالی مشرقی گوشہ سے ۹۵ فٹ پچھم قدرے دکھن جنوبی مشرقی گوشہ سے ۷۰ فٹ شمال مغرب کی طرف چک کی شمالی میڑھ سے پندرہ فٹ دکھن اور سڑک کے کنارے جنوبی میڑھ سے ۱۳۰ فٹ کے فاصلہ پر واقع ہے چونکہ مزار شریف دھان کے کھیت میں ہے جو قدرے نشیب ہے۔ اس لئے مزار مبارک کے چاروں طرف تقریباً ڈھائی فٹ زمین چھوڑ کر ۶ فٹ کی گہرائی سے دس انچ موٹی ایک پختہ دیوار بنائی گئی ہے۔ تاکہ برسات میں کھیت کے پانی سے مزار شریف کو نقصان نہ پہنچے۔ سیمنٹ اور بالو پر تیار کی گئی اس پختہ دیوار کی بیرونی حد ۱۶½ فٹ لمبی اور ۱۲½ فٹ چوڑی ہے اور پورا حلقہ ۵۸ فٹ ہے۔ اس پختہ حفاظتی دیوار کے اندر اب مزار شریف کا خام حصہ ۱۴ فٹ دس انچ لمبا اور دس فٹ دس انچ چوڑا ہے اور اس کا رقبہ تقریباً ۱۶۱ مربع فٹ ہے۔ "یہی ہے تربت شاہ ولیؒ" سے اسکی تاریخ نکلتی ہے۔[1]

مزار پُر انوار کو تقریباً دو سو مربع گز کے ایک احاطہ میں محفوظ کر لیا گیا ہے۔ اُتر میں ۱۴ فٹ۔ پورب میں ۱۲ فٹ۔ دکھن میں دس فٹ اور پچھم میں ۱۵ فٹ زمین چھوڑ کر احاطہ تعمیر کیا گیا ہے۔ اس احاطہ کی شمالی دیوار چک کی شمالی میڑھ پر سے گذر

---

[1] قطعہ تاریخ از پروفیسر محمد ذکی الحق صاحب بہار نیشنل کالج۔ پٹنہ ۴ مطبوعہ روزنامہ صدائے عام پٹنہ

Marfat.com



۲۱- مزار پُرانوار حضرت مولانا محمد سعید خاں صاحبؒ منگرانواں شریف ضلع اعظم گڈھ

Marfat.com

احاطہ کی یہ ۶ فٹ اونچی اور ۱۰ انچ موٹی پختہ دیوار مٹی کے گارے پر تیار کی گئی ہے۔ اس دیوار کو اندر اور باہر دونوں طرف سے سمنٹ بالو سے پلاسٹر کر دیا جائے گا۔ احاطہ اندر سے اتر میں ۴۸ فٹ ۵ انچ، پورب میں ۴۳ فٹ، ۳ انچ، دکھن میں ۴۲ فٹ ۹ انچ اور پچھم میں ۴۴ فٹ، ۳ انچ ہے۔ دس انچ موٹی دیوار کو شامل کر کے باہر سے احاطہ کی اوسط لمبائی ۴۷ فٹ، ۴ انچ اور اوسط چوڑائی ۴۰ فٹ ایک انچ ہے۔ اس کا اندرونی رقبہ ۱۷۶۸ مربع فٹ یا ۱۹۹ مربع گز ہے۔ مزار شریف کے احاطہ میں جانے کا راستہ اس کی جنوبی دیوار میں مشرقی گوشہ کے قریب ہے۔

مزار شریف کے احاطہ کی مغربی دیوار قطعہ اراضی کے شمالی مغربی گوشہ سے ۱۳۲ فٹ ۷ انچ اور مشرقی دیوار شمالی مشرقی گوشہ سے ۴۷ فٹ چار انچ کے فاصلہ پر ہے۔ احاطہ کے اندر گل پھول لگائے جائیں گے اور کوئی چھوٹا سایہ دار درخت بھی لگانے کی تجویز ہے۔

مزار پر انوار کے احاطہ سے متصل دکھن جنوبی دیوار سے ملحق ۴۴ فٹ ۵ انچ لمبے اور ۳۰ فٹ چوڑے مسجد کا احاطہ ہے۔ اس احاطہ میں پچھم کی طرف ۲۸ فٹ ۹ انچ لمبی اور ۱۵ فٹ چوڑے حصہ یعنی ۴۳۱ مربع فٹ یا ۴۸ مربع گز کے رقبہ پر فوری اور وقتی طور پر ایک چھپر ڈال دیا گیا ہے۔ تاکہ منوسلین اور دوسرے نمازیوں کو دھوپ، گرمی اور بارش سے تکلیف نہ ہو۔ مسجد کا دروازہ اس احاطہ کی جنوبی دیوار میں مشرقی گوشہ کے پاس ہے اور اسی گوشہ میں پائپ لگوا دیا گیا ہے مزار شریف کے احاطہ میں جانے کا راستہ مسجد کے احاطہ کے اندر ہو کر رکھا گیا ہے۔

Marfat.com

اتوار یکم فروری ۱۹۷۶ء کو مزار شریف کے پاس ۶ گز کی گہرائی سے ایک پختہ حفاظتی دیوار بنانے کا فیصلہ کیا گیا اور نماز ظہر کے بعد اُس حفاظتی دیوار کی بنیاد کی کھودائی کا کام شروع ہوا۔ مولوی محمد مسعود خان صاحب وکیل کے مشورے پر اس کی گہرائی ساڑھے چھ فٹ کر دی گئی۔ سوموار ۲ فروری کو دن بھر کھودائی کا کام ہوتا رہا۔ منگل ۳ فروری ۱۹۷۶ء کو دس بجکر ۳۵ منٹ پر مرشد زادہ جناب محمد عضد الدین صاحب محترم نے اس پختہ حفاظتی دیوار کی خشت بنیاد رکھا اور تیزی میں کام شروع ہوا۔ مزدوروں کے علاوہ اعلیٰحضرت قبلہ عالم کے غلاموں نے عاشقانہ اور والہانہ انداز سے کام شروع کر دیا۔ بدھ ۴ فروری کو احاطہ کی تعمیر شروع ہوئی۔ سب سے پہلے اتر کی پھر پچھم کی دیوار بنائی گئی۔ جمعرات ۵ فروری کو حفاظتی دیوار کو مکمل کر لیا گیا اور اس کی بنیاد کے پاس خالی جگہوں کو بڑی احتیاط سے مٹی سے بھر دیا گیا۔ ہلکی بارش ہوئی، باران رحمت کا نزول ہوا۔ اُسی روز احاطہ کی مشرقی دیوار کا کام شروع ہوا۔ جمعہ ۶ فروری کو مشرقی دیوار کو مکمل کیا گیا۔

اعلیٰحضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کے انتقال کے ایک ہفتہ یعنی ۱۶۸ گھنٹے بعد جمعہ ۵ صفر المظفر ۱۳۹۶ھ مطابق ۶ فروری ۱۹۷۶ء کو ٹھیک چار بجے شام میں محترم المقام مرشد زادہ جناب محمد عضد الدین خاں صاحب نے مسجد کی مغربی دیوار کے لئے تین کدال مٹی کھودا، تین کدال بابو محمد سراج الحق خاں صاحب اور پھر دوسرے متوسلین نے۔ کعبہ شریف کا رخ بتلانے والے ایک عربی قطب نما کی مدد سے کعبہ شریف سے ۱۱ درجہ کے زاویہ پر مسجد کی بنیاد تیار کی گئی اور اعلیٰحضرت قبلہ عالم کے جسد اطہر کی تدفین کے ٹھیک

Marfat.com

۱۴۴ گھنٹے بعد جمعہ کو ۵ بجکر ۳۵ منٹ پر جناب مرشد زادہ صاحب محترم نے مسجد کی بنیاد کی پانچ اینٹیں رکھیں۔ رات میں چند ذمہ دار حضرات نے شمالی قطب کی مدد سے بھی مسجد کے رُخ کو اچھی طرح جانچ لیا۔

سنیچر ۶ر فروری کو مسجد کی مغربی دیوار کا بڑا حصہ تیار ہو گیا اور پھر مزار مبارک کے احاطہ کی جنوبی اور مسجد اور اس کے احاطہ کی شمالی دیوار کی تعمیر کا کام شروع ہوا۔ اسی دیوار میں مزار شریف کے احاطہ میں دروازہ کا کواڑ لگایا گیا۔ اعلیٰ حضرت کا یہ ناچیز اور کمترین غلام ملازمت کی پابندیوں کے باعث اتوار ۸ر فروری کو دس بجے جناب ڈاکٹر محمد ادریس صاحب، جناب حبیب الدین صاحب ہیسوی۔ جناب حاجی محمد علیسیٰ صاحب جمشید پور اور حاجی محمد منیر صاحب فیع گنج کے ساتھ با دیدۂ گریاں منگراواں سے روانہ ہوا۔ روانگی کے وقت جناب ڈاکٹر محمد ادریس صاحب جناب مرشد زادہ صاحب محترم کے پاس پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔

جناب مرشد زادہ صاحب محترم نے مزید تین دنوں قیام فرمایا۔ مسجد اور اس کے احاطہ کی مشرقی اور جنوبی دیوار کو مکمل کرایا۔ جنوبی دیوار میں دروازہ اور جنوبی مشرقی گوشہ میں پائپ لگوایا۔ منگل ۱۰ر فروری کو مسجد پر چھپر ڈال دیا گیا۔ اور نماز ظہر اس چھپر کے نیچے ادا کر کے علی گڑھ روانہ ہوئے۔ ۱۱ر فروری کی صبح کو وہاں پہنچے ۱۴ر فروری کو علی گڈھ سے اس ناچیز غلام کے نام خط روانہ کیا اور منگراؤں شریف سے اپنی روانگی کے تین دنوں قبل کے حالات سے مطلع فرمایا۔

Marfat.com

منگراواں میں اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کے جسد اطہر کی تدفین کے بعد اس قطعہ اراضی میں جہاں مزار شریف واقع ہے۔ پہلی بار مغرب کی نماز باجماعت سنیچر ۱۳ر جنوری ۱۹۷۶ء کو ہوئی تھی۔ دربار عالی میں متوسلین کی آمد کے بعد اتوار یکم فروری ۱۹۷۶ء کو مزار شریف سے کچھ دکھن جہاں اب مسجد کا بیرونی صحن ہے۔ ظہر کے وقت سے نماز باجماعت کا آغاز ہوا عصر کے وقت نماز پڑھنے کی جگہ کھیت کو کچھ ہموار کر لیا گیا۔ ظہر، عصر اور مغرب کی نمازیں جناب مرشد زادہ صاحب محترم کی امامت میں ہونے لگیں۔ اس میں تمام متوسلین حاضر رہتے تھے۔ مرشد زادہ جناب محمد عضد الدین خان محترم اور بابو محمد اسرار الحق خان صاحب نماز مغرب کے اعظم گڈھ چلے جاتے تھے اور صبح میں چاشت کے قبل آجاتے تھے۔ شدید سردی اور دو روز ہوا و ٹ پڑنے کے باوجود بھی کچھ عاشقان جان باز نے راتوں کو بھی اسی رحمت آباد میں قیام کیا عشا اور فجر کی نمازیں باجماعت پڑھیں اور ذکر و فکر کا جو سلسلہ اس عاشق صادق کی ابدی آرامگاہ کے پاس یکم فروری کو شروع ہوا تھا اسے جاری رکھا۔ قاضی حبیب الرفیع گنج اورنگ آباد کے جناب حاجی ولی محمد صاحب چہ یکم فروری کو ۹ بجے دن میں منگراواں پہنچے تھے اور وہاں سے ۱۳ر فروری کو مکان واپس ہوئے۔ بارہ دنوں کے قیام کے دوران ۶ر فروری کو نماز جمعہ کے سوا دن رات اپنے آقا کے دربار عالی میں حاضر رہے ان کا کھانا بھی وہیں بھیجا جاتا رہا۔

مزار شریف والے قطعہ اراضی سے متصل پورب جناب عبدالرزاق صاحب کی کھیتیاں اور ان کا ٹیوب ویل ہے۔ منگل ۱۰ر فروری کو دربار کی مسجد میں نل لگنے سے قبل پانی کی ساری ضروریات ان کے ٹیوب ویل سے پوری ہوتی رہی۔ اس سلسلہ میں

Marfat.com

ان کے صاحبزادے جناب عبدالخالق صاحب نے بھی بڑی محبت کا ثبوت دیا۔ منگرانواں کے مقامی متوسّلین میں جناب حاجی شیخ بدرالدین صاحب نمبردار۔ جناب حاجی حکیم الدین صاحب اور جناب عبدالجبار صاحب برابر حاضر رہے اور جوش و خروش کے ساتھ تمام ضروری خدمات انجام دیتے رہے۔

اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرّہٗ کے متوسّلین میں بعض مقامات کے احباب کو اکسپریس تار سے اور بعض مقامات کے لوگوں کو اخبار "صدائے عام" پٹنہ کی یکم فروری ۱۹۷۶ء میں شائع ہونے والی خبر سے اعلیٰ حضرت کے انتقال پُرملال کا حال معلوم ہوا اور جس سے جتنا جلد ہو سکا غم و اندوہ سے نڈھال پروانہ وار اپنے آقا کے دربار میں پہنچنے کی کوشش کی۔ شروع میں روزانہ دس بارہ آدمی آتے تھے اور پانچ چھ واپس جاتے تھے۔ روزانہ دسترخوان پر تیس بتیس آدمی موجود رہتے تھے اور چالیس کے قریب نماز با جماعت میں شریک ہوتے تھے۔

سنیچر ۳۱ جنوری کی صبح کو جناب مرشدزادہ صاحب محترم علی گڑھ سے، اُسی روز رات کو ۹ بجے پٹنہ سے ناچیز راقم السّطور، ڈاکٹر محمد ادریس صاحب، اُن کی اہلیہ اور دو بچوں اعجاز احمد صاحب، شمس الہدیٰ استھانوی اور محمد شمیم صاحب کلاتھ مرچنٹ کے ساتھ پہنچا۔ یکم فروری کو ۹ بجے دن میں قاضی چک ضلع اورنگ آباد سے حاجی ولی محمد صاحب، ماسٹر بشیر احمد اور انوار احمد صاحب۔ پٹنہ سے ڈاکٹر شمس الہدیٰ صاحب۔ جمشید پور سے محمد اعجاز صاحب۔ بنڈیل شریف ضلع ہوگلی سے ریاض احمد صاحب عرف چنّو بابو۔ محرم علی صاحب، جناب سعید اختر صاحب اور کلکتہ سے

Marfat.com

جناب عبدالرشید صاحب (گوپال بابو) محمد ایوب صاحب۔ محمد سلیم صاحب، اعجاز الحق صاحب اور محمد قاسم صاحب اور کوہنڈہ ضلع اعظم گڑھ سے مولانا عبدالوہاب صاحب اصلاحی آئے۔ سوموار ۲ فروری کو جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی سے حفیظ الدین صاحب میرٹھی اور دھنباد سے بابو نشاط عالم صاحب آئے۔ منگل ۳ فروری کو گیا سے سید محمد شمیم صاحب، بہار شریف سے حاجی محمد آفاق خاں صاحب۔ استھانواں ضلع نالندہ سے شمیم احمد صاحب جمشید پور سے حاجی محمد شیرانی صاحب حاجی محمد احسان صاحب حاجی محمد منیر صاحب، محمد معین صاحب۔ عالم گیر صاحب، محمد ہاشم صاحب اور محمد حلیب صاحب (قاضی چک) آئے۔ بدھ ۴ فروری کو پٹنہ سے مظفر اقبال صاحب آلبگلہ گیا سے سید محفوظ الحق صاحب سید ابو صالح متین صاحب سید مظہر حسنین صاحب، بھوسنڈ ضلع گیا سے محمد قاسم انصاری صاحب جمشید پور سے نثار اللہ صاحب، حاجی نثار صاحب اور عبدالکریم صاحب بہار شریف سے محمد زین الدین صاحب اور ابوالحسن صاحب جمعرات ۵ فروری کو ڈھاکہ سے جناب حاجی غلام مولیٰ صاحب بخش پور ضلع اعظم گڑھ سے مولانا عبدالحکیم صاحب مدظلہ۔ جمعہ ۶ فروری کو ڈہری اون سون سے جناب حسیب الدین صاحب جمشید پور سے انوار احمد صاحب پہنچے ان کے علاوہ مبارک پور۔ اعظم گڈھ۔ جون پور اور جمشید پور وغیرہ سے بہت سارے متوسلین آتے رہے، جن کے نام یاد نہیں رہ سکے جمشید پور کے حاجی محمد عیسیٰ صاحب اور محمد یوسف صاحب ۲۷ جنوری کو اعظم گڑھ آگئے تھے اور اعلیٰ حضرت قبلہ عالم کے انتقال کے روز موجود تھے۔

اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ نے انتقال سے ۲۲ گھنٹے قبل جمعرات

۲۹ جنوری ۱۹۷۶ء کو ان چار خوش نصیبوں کو بیعت سے مشرف فرمایا۔ ان چاروں کو اعلیٰ حضرت قبلہ کے آخری مرید ہونے کا شرف حاصل ہوا۔

۱۔ جناب محمد شاہد صاحب کلرک شبلی نیشنل کالج، اعظم گڑھ

۲۔ جناب جان محمد صاحب (ٹیلر ماسٹر) محلہ دل سنگار۔ اعظم گڑھ۔

۳۔ جناب محمد یوسف صاحب ڈاٹا نگر حبیب پور۔

۴۔ جناب محمد ظہیر الدین صاحب نمبر ۵، بی۔ پارک سرکس۔ کلکتہ ۱۷

ان چاروں کو مرید کرنے کے بعد اعلیٰ حضرت نے ارشاد فرمایا تھا کہ آج کسی بیعت کو شرف قبول محمد ظہیر الدین کی وجہ سے حاصل ہوا ہے۔ محمد ظہیر الدین صاحب نے تعمیرات کے کاموں میں بڑی محنت کی اور مہمانوں کی بہت خدمت کی۔

منگل ۱۰ فروری کو ڈھاکہ سے حاجی غلام کبریا صاحب اور جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی سے مولانا آزاد رسول صاحب مدظلہ۔ بھوپال سے مولانا شریف الحسن صاحب کچھ احباب کے ساتھ۔ مالی گاؤں ضلع ناسک سے چار اور ڈاٹا نگر حبیب پور سے چھ آدمی پہنچے تھے۔

اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کے مزار مبارک کے گرد حفاظتی دیوار، احاطہ کی چہار دیواری۔ مسجد اور اس کی چہار دیواری اور پانی کے نل وغیرہ کی تعمیر پر مرشد زادہ محترم المقام جناب محمد عضد الدین خاں صاحب نے تقریباً ساڑھے چار ہزار روپیہ خرچ کیا۔ تعمیرات کے کاموں میں اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کے مریدین اور متوسلین نے بڑے خلوص، جوش اور انہماک کے ساتھ حصہ لیا۔ بوڑھے اور جوان کا فرق مٹ گیا تھا اس کار خیر کے انجام دینے کے سلسلہ میں جوش و محبت اور اظہار عقیدت کے عملی مظاہرہ

میں ہر شخص دوسرے پر سبقت لے جانا چاہتا تھا۔ اعلیٰ حضرت کے غلاموں پر ایک والہانہ کیفیت طاری تھی۔ شمع کے گرد پروانوں کا ہجوم اور اُن کی بے قراری کا منظر قابل دید تھا۔ ع

اے آتشِ فراقت دلہا کباب کردہ

اخیر جون ۱۹۷۵ء سے آخیر دسمبر ۱۹۷۵ء تک اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ نے قرآن پاک کا ساڑھے سترہ پارہ ٹیپ رکارڈ کرا دیا، جو محفوظ ہے۔ اس ٹیپ رکاڈ کی تین کاپیاں موجود ہیں۔ ایک کاپی اعظم گڑھ میں۔ دوسری علی گڑھ میں اور تیسری شبلی نیشنل اسکول کے ماسٹر عین القضاۃ صاحب کے پاس ہے۔

بدھ ۴ فروری کو جناب مرشد زادہ صاحب محترم اعظم گڑھ سے ٹیپ رکارڈ لائے اور نماز ظہر کے بعد اُس ٹیپ رکارڈ سے تقریباً دس منٹ تک قرآن شریف کا کچھ حصہ سنوایا۔ اعلیٰ حضرت قبلہ عالم قدس سرہٗ کی آواز مبارک سننے کے بعد مریدین اور متوسلین میں اضطراب، بیقراری اور بے چینی کی کیفیت پیدا ہوئی۔ گریہ وزاری، آہ و بکا کا آغاز ہوا۔ چنانچہ نازک حالات کے پیش نظر جناب مرشد زادہ محترم نے ٹیپ رکارڈ بند کر دیا۔ :-

سوزِ عاشق اس مجلس میں عشق کا مارا جانے ہے
پوچھو ٹک پروانے سے وہ حال ہمارا جانے ہے

Marfat.com

۱۷۔ چند ضروری پتے

۱۔ الحاج جناب سید محمد جان عالم صاحب ایڈووکیٹ ۲۹ وائر اسٹریٹ
وری ۔ ڈھاکہ ۳ (بنگلہ دیش)

۲۔ جناب سید ابوالکلام صاحب ۔خانقاہ نبڈیل شریف۔ ڈاکخانہ نبڈیل
جنکشن۔ ضلع ہوگلی پن ۷۱۲۱۲۳

۳۔ مرشدزادہ جناب محمد ظفر الدین خاں صاحب مدظلہ۔ منگرانواں ۔
براہ محمد نپور۔ ضلع اعظم گڑھ ۔ پن ۲۷۶۲۰۵

۴۔ مرشدزادہ محترم المقام جناب محمد عضد الدین خاں صاحب مدظلہ
ظفر منزل۔ نزد سکندر لاج ۔ ڈگی روڈ۔ علی گڑھ ۶ پن ۲۰۲۰۰۱
ٹیلیفون ۴۵۱۸

۵۔ جناب بابو محمد اسرار الحق خاں صاحب مدظلہ۔ نزد جامع مسجد۔ علی گڑھ اعظم گڑھ
پن ۲۷۶۰۰۱۔

دمِ عارف نسیمِ صبحدم ہے
اِسی سے رشکِ معنی میں نَم ہے
اگر کوئی شعیب آئے میسّر
شبانی سے کلیمی دو قدم ہے

(حکیم الامّت علّامہ اقبالؒ)

ملنے کا پتہ

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن ۔ یونی ورسیٹی فلیٹ ۔ لا کالج کمپاؤنڈ پٹنہ ۶

Marfat.com

آئینۂ وَیسی

یعنی

اِسلام آباد چَاٹگام کے مُسلمانوں کی مذہبی اور علمی تاریخ،
حسّان عجم، داؤد نغم، قُطب ارشاد حضرت صُوفی سیّد فتح علی صاحب
وَیسی چَاٹگامی ثُمّ مرشد آبادی قدّس سرّہٗ، اُن کے والد محترم
پیر و مرشد خلفاء اور متوسّلین کے حالات اور کارنامے اور ان
کی شاعری کا مفصّل تنقیدی جَائزہ

محمد مُطیعُ الرحمٰن

Marfat.com